# مثنوی مولوی معنوی

رحمہ اللہ تعالیٰ

# فہرست عنوانات

مقدمہ از صـ۱ تا صـ۹      قطعۂ تاریخ صـ۱۰


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بشنو از نے الخ | ۳۱ | در تحریض متابعت ولی مرشد | ۷۳ | منازعت کردن امرا در ولی عہدی | ۹۹ |
| حکایت بادشاہ و عاشق شدن او | ۳۵ | بیان حسد وزیر | ۷۵ | تعظیم نعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم | ۱۰۲ |
| ظاہر شدن عجز حکیماں از معالجۂ کنیزک | ۳۷ | فہم کردن حاذقان نصاریٰ مکر وزیر را | ۷۵ | حکایت بادشاہ جہود دیگر | ۱۰۳ |
| درخواستن توفیق از خداوند | ۳۹ | پیغام شاہ پنہانی | ۷۶ | آتش کردن بادشاہ جہود | ۱۰۵ |
| ملاقات بادشاہ باآں ولی | ۴۱ | بیان دوازدہ امیر سبط از نصاریٰ | ۷۷ | آوردن بادشاہ جہود زنے را با طفل | ۱۰۷ |
| بردن بادشاہ آں طبیب بر سر کنیزک | ۴۲ | تخلیط وزیر در احکام انجیل | ۷۸ | اندر جستن مردماں خویش را در آتش | ۱۰۹ |
| خلوت طلبیدن آں ولی از بادشاہ | ۴۶ | بیان آنکہ اختلاف صور در روش ست | ۸۱ | کژ ماندن دہان | ۱۱۰ |
| دریافتن آں ولی رنج کنیزک | ۵۰ | دربیان خساست وزیر | ۸۳ | عتاب کردن آتش را بادشاہ جہود | ۱۱۱ |
| فرستادن بادشاہ رسولاں بسمرقند | ۵۰ | مکر کردن وزیر | ۸۵ | جواب دادن آتش | ۱۱۲ |
| دربیان آنکہ کشتن و زہر دادن زرگر را | ۵۴ | شک کردن وزیر مریدان خود را | ۸۷ | قصہ باد در عہد ہودؑ | ۱۱۳ |
| حکایت بقال و طوطی | ۵۶ | مکرر کردن مریداں باوزیر | ۸۸ | طنز و انکار کردن بادشاہ جہود | ۱۱۵ |
| فرق میان محقق و مدعی | ۶۲ | جواب گفتن وزیر کہ خلوت نشکنم | ۸۹ | برجستن آتش بجہل گبر | ۱۱۵ |
| داستان آں بادشاہ جہود | ۶۳ | لابہ کردن مریداں مر وزیر را | ۹۰ | بیان توکل و ترک جہد | ۱۱۷ |
| حکایت وزیر بادشاہ و مکر او | ۶۴ | نومید کردن وزیر مریداں را | ۹۴ | جواب شیر نخچیران را | ۱۱۸ |
| تلبیس اندیشیدن وزیر با نصاریٰ | ۶۶ | ولی عہد ساختن وزیر ہر یک امیر | ۹۴ | ترجیح نخچیران توکل را | ۱۱۸ |
| قبول کردن نصاریٰ مکر وزیر را | ۶۷ | کشتن وزیر خویش را | ۹۵ | ترجیح نہادن شیر جہد را | ۱۱۹ |
| جمع آمدن نصاریٰ | ۶۸ | طلب کردن امت عیسیٰ کہ ولی عہد کدام | ۹۶ | ترجیح نہادن نخچیران توکل را | ۱۱۹ |
| در تمثیل عارف و حال او | ۷۰ | دربیان آنکہ جملہ پیغمبراں حق اند | ۹۷ | دیگر بار بیان کردن شیر جہد را | ۱۲۰ |
| سوال کردن خلیفہ بغداد از لیلیٰ | ۷۲ | دربیان کلموا الناس علیٰ قدر عقولہم | ۹۸ | باز ترجیح نہادن نخچیران توکل را | ۱۲۱ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نگریستن عزرائیلؑ | ۱۲۳ | پرسیدن شیر از سببِ واپس ماندن | ۱۵۵ | رجوع بحکایت خواجہ تاجر | ۲۰۲ |
| باز ترجیح نہادن شیر جہد را | ۱۲۴ | نظر کردن شیر در چاہ | ۱۵۶ | افگندن خواجہ طوطی مردہ را | ۲۰۳ |
| مقرر شدن ترجیح جہد | ۱۲۶ | مژدہ بردن خرگوش | ۱۵۹ | وداع کردن خواجہ را | ۲۰۴ |
| انکار کردن نخچیران بر خرگوش | ۱۲۷ | جمع شدن نخچیران | ۱۶۱ | مضرت تعظیم خلق | ۲۰۵ |
| جواب گفتن خرگوش نخچیران را | ۱۲۸ | پند دادن خرگوش نخچیران را | ۱۶۲ | تفسیر ما شاء اللہ کان | ۲۰۷ |
| اعتراض نخچیران | ۱۲۸ | تفسیر رجعنا من الجہاد الاصغر | ۱۶۳ | تفسیر قول سنائیؒ | ۲۱۰ |
| باز جواب دادن خرگوش | ۱۲۹ | آمدن رسول قیصر روم | ۱۶۵ | داستان پیر چنگی | ۲۱۱ |
| ذکر دانش خرگوش | ۱۳۰ | یافتن رسول امیر المومنین عمرؓ را | ۱۶۷ | بیان حدیث من کان للہ | ۲۱۳ |
| باز جستن نخچیران از خرگوش | ۱۳۱ | بیدار شدن امیر المومنین<br>سخن گفتن عمرؓ | ۱۶۸<br>۱۶۸ | در بیان حدیث ان لربکم | ۲۱۵ |
| پوشیدہ داشتن خرگوش | ۱۳۲ | سوال کردن از امیر المومنین | ۱۶۹ | سوال فرمودن عائشہؓ از حضرت | ۲۲۰ |
| نقض مکر خرگوش با شیر | ۱۳۲ | اضافت کردن آدمؑ آن زلت را بخویش | ۱۷۲ | تفسیر بیت سنائیؒ | ۲۲۳ |
| زیافت تاویل مگس | ۱۳۵ | تمثیل | ۱۷۴ | در معنی حدیث اغتنموا برد الربیع | ۲۲۴ |
| قصہ مگس اندیشہ کردن حقیقت دریا | ۱۳۶ | تفسیر ھو معکم | ۱۷۵ | پرسیدن صدیقہؓ از مصطفیٰ ﷺ | ۲۲۶ |
| رنجیدن شیر از دیر آمدن خرگوش | ۱۳۶ | سوال کردن رسول روم از عمرؓ | ۱۷۶ | بقیہ قصہ مرد پیر چنگی | ۲۲۷ |
| ہم در بیان مکر خرگوش | ۱۳۸ | بیان من اراد ان یجلس مع اللہ | ۱۷۷ | در خواب گفتن ہاتف بہ عمرؓ | ۲۲۹ |
| رسیدن خرگوش بہ شیر | ۱۴۱ | قصہ بازرگان | ۱۷۹ | نالیدن استوانہ حنانہ | ۲۳۰ |
| عذر گفتن خرگوش | ۱۴۲ | قصہ اجتماع طیور | ۱۸۱ | اظہار معجزہ محمد مصطفیٰ ﷺ | ۲۳۴ |
| جواب گفتن شیر خرگوش را | ۱۴۴ | دیدن خواجہ طوطیان ہندوستان را | ۱۸۲ | بقیہ قصہ مطرب چنگی | ۲۳۵ |
| قصہ ہدہد سلیمانؑ | ۱۴۶ | تفسیر قول شیخ فرید الدینؒ | ۱۸۴ | گردانیدن عمرؓ نظر او را از مقام گریہ | ۲۳۸ |
| طعنہ زدن زاغ | ۱۴۸ | تعظیم ساحران مر موسیٰؑ را | ۱۸۵ | تفسیر دعای آن دو فرشتہ | ۲۴۱ |
| جواب گفتن ہدہد | ۱۴۸ | باز گفتن بازرگان با طوطی | ۱۸۸ | قربان کردن سرداران عرب | ۲۴۲ |
| قصہ آدم علیہ السلام | ۱۴۹ | شنیدن آن طوطی حرکت طوطیان | ۱۹۱ | قصہ آن خلیفہ کہ در کرم از حاتم گزشتہ بود | ۲۴۳ |
| پا واپس کشیدن خرگوش | ۱۵۲ | تفسیر قول حکیم سنائیؒ | ۱۹۷ | قصہ اعرابی درویش | ۲۴۳ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مغرور شدن مریدان | ۲۴۵ | سپردن عرب هدیه را | ۲۹۷ | بقیه قصه هاروت و ماروت | ۳۴۶ |
| نادر افتد کز مریدے | ۲۴۷ | حکایت ماجرائے نحوی | ۲۹۹ | بعیادت رفتن کر | ۳۴۷ |
| صبر فرمودن اعرابی زن خود | ۲۴۷ | قبول کردن خلیفه هدیه را | ۳۰۰ | در آنکه کسیکه در مقابل نص قیاس کرد | ۳۵۰ |
| نصیحت کردن زن شوهر را | ۲۵۰ | در شرف و صفت پیر | ۳۰۷ | در بیان آنکه حال خود و مستی خود | ۳۵۳ |
| نصیحت کردن مرد زن را | ۲۵۲ | وصیت کردن رسول خدا | ۳۱۰ | مرتب کردن دمیان دنبیان | ۳۵۶ |
| در بیان آنکه جنبیدن هر کس | ۲۵۴ | قصه کبودی زدن قزوینی | ۳۱۲ | پرسیدن پیغمبر زید را | ۳۵۹ |
| مراعات کردن زن شوهر را | ۲۵۷ | رفتن گرگ و روباه | ۳۱۵ | جواب زید رض | ۳۶۱ |
| در بیان این خبر انهن یغلبن | ۲۶۱ | امتحان کردن شیر گرگ را | ۳۱۸ | متهم کردن غلامان | ۳۶۶ |
| تسلیم کردن مرد خود را | ۲۶۱ | قصه آنکه در یارے بکوفت | ۳۱۹ | بقیه قصه زید رض | ۳۶۱ |
| در بیان آنکه موسیٰ و فرعون هر دو مسخر اند | ۲۶۲ | | | حکایت | ۳۶۹ |
| سبب حرمان اشقیا | ۲۶۵ | پشیمان شدن آن گوینده | ۳۱۹ | گفتن پیغمبر مر زید را | ۳۷۲ |
| حقیر دیدن خصم دیده حس | ۲۶۸ | خواندن آن یار یار خود را | ۳۲۱ | رجوع بحکایت زید رض | ۳۷۴ |
| در معنی آیت مرج البحرین | ۲۷۳ | زور در کشیدن | ۳۲۲ | آتش افتادن در شهر | ۳۷۸ |
| در بیان آمد آنچه ولی کند | ۲۷۷ | ادب کردن شیر گرگ را | ۳۲۴ | قصه خیو انداختن | ۳۷۹ |
| مخلص ماجرائے عرب | ۲۷۸ | حکایت در فضیلت آخر زمانیان | ۳۲۵ | سوال کردن از امیر المومنین رض | ۳۸۲ |
| دل نهادن مرد عرب | ۲۸۱ | تهدید کردن نوح ع | ۳۲۵ | جواب دادن امیر المومنین رض | ۳۸۵ |
| تعیین کردن زن طریق طلب روزی | ۲۸۴ | نشاندن بادشاهان صوفیان را | ۳۲۸ | گفتن حضرت رسالت بگوش رکابدار | ۳۹۰ |
| هدیه بردن عرب سبوے آب | ۲۸۶ | آشنائے که از سفر بدیدن یوسف آمد | ۳۲۹ | تعجب کردن آدم ع | ۳۹۴ |
| در نمد دوختن عرب سبوے آب | ۲۸۷ | طلب کردن یوسف ع ارمغان | ۳۳۰ | بازگشتن بحکایت امیر المومنین رض | ۳۹۶ |
| در بیان آنکه گدا عاشق کرم است | ۲۸۹ | گفتن مهمان یوسف علیه السلام را | ۳۳۲ | افتادن رکابدار در پای امیر المومنین رض | ۳۹۸ |
| فرق میان آنکه درویش است بخدا | ۲۹۰ | مرتد شدن کاتب وحی | ۳۳۵ | فتح طلبیدن پیغمبر ع | ۳۹۹ |
| پیش آمدن نقیبان | ۲۹۳ | دعا کردن بلعم باعور | ۳۴۱ | گفتن امیر المومنین رض با قرین خود | ۴۰۲ |
| در بیان آنکه عاشق دنیا | ۲۹۵ | اعتماد کردن هاروت ماروت | ۳۴۴ | خاتمه | ۴۰۳ |

# INTRODUCTION

HAVING translated into Urdu the two well-known works of Sa'di, the *Diwan* of Hafiz and several other Persian prose-works, and having received encouragement from my readers, I have embarked on a task more difficult to accomplish: translating the *opus* of Maulana Jalal al-Din Rumi. My long and sustained efforts are beginning to yield result with this volume which gives the text of the First Book of the *Mathnawi* along with Urdu translation.

Translating the *Mathnawi* is difficult not only because of its volume—there being about 26,000 couplets—but also because of the subtlety of thought involved. No doubt Urdu translations of the *Mathnawi*, both in prose and verse, exist, but they hardly fulfil the aim I have in view: to present the thoughts of Rumi in a simple, direct, lucid style in the modern idiom, without resort to long explanations and annotations. If I have succeeded in my aim in the present volume, I shall try to publish the remaining volumes in due course.

A work that has inspired generation after generation and cast deep and wide influence for seven hundred years, the *Mathnawi* stands today as one of the most outstanding products of Muslim mystical thought. Dictated by Maulana Jalal al-Din Rumi, who was born in Balkh in 604/1207, during the last decade of his life to his pupil Husam al-Din Hasan, the *Mathnawi* is an encycolpaedia of metaphysics, besides being a great mystical and didactic poem. Mataphysical questions have been beautifully answered, often at great length, in the form of stories and parables. Coming at the end of Rumi's life (d. 672/1273), it enshrines the wisdom gained by him during more than half a century of study and esoteric experience.

Rumi's father, Baha al-Din Walad, being a man of learning and a *sufi* himself, Rumi's first acquaintance with *sufism* must have come from his father. The flight of the family from Balkh, because of the threat of the Mongolian invasion, to Qonya in Turkey by way of important Islamic centres provided Rumi the opportunity of studying other streams of mystical thought. After the death of his father in 628/1230, he became a disciple of Burhan al-Din Muhaqqiq Tirmidhi who paved the way for Rumi's transformation which took place on his meeting the great mystic Shams al-Din Tabrizi in 642/1244. It was Shams al-Din Tabrizi who disclosed to his newest and most promising disciple the mysteries of divine love which is the stepping-stone and a recurring theme of the *Mathnawi*.

The *Mathnawi* sings not only of love which is the essence of creation but deals with a great many questions that we have often asked in our loneliness—questions about our identity, our free will, our place in the world, and the nature of the world itself. People in the aeons to come, as in the aeons past, will continue to ask these questions, and as long as these questions are asked a book like the *Mathnawi* will continue to be a vade-mecum. The *Mathnawi* has been it for so many decades in Muslim countries where Persian is understood, and promises to continue to enlighten many more people who, inspite of the so-called knowledge explosion, are still far from any clearer understanding of the metaphysical problems. I say 'so-called knowledge explosion', because real knowledge according to Islam consists in understanding the eternal truths. And since these eternal truths are sought by men everywhere, the *Mathnawi* has a universal appeal, to which its numerous translations in English and other languages testify.

I hope the present volume will serve to kindle interest in Rumi's teachings in a wider circle and help a better understanding of the problems man has perenially faced. If it does that, my efforts will not have been wasted.

SAJJAD HUSAIN

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مقدمہ

## دفترِ اوّل کی اشاعت

جس وقت میں نے مثنوی کی اشاعت کا ارادہ کیا تھا خود بھی مذبذب تھا اور احباب بھی مختلف الرائے تھے۔ کچھ احباب ہمت بندھاتے تھے تو کچھ احباب مخلصانہ طور پر اس اقدام کی مخالفت کرتے تھے لیکن میں نے خدا پر بھروسہ کر کے عواقب و انجام سے قطع نظر کی اور اشاعت کے کاموں میں لگ گیا۔ جب دفترِ اوّل مکمل ہوا تو سوچا کہ اس کا اجرا کسی جلسہ میں کرایا جائے۔ میں اس فکر میں لگا ہوا تھا کہ بعض احباب نے توجہ دلائی کہ اس سال جبکہ مولانائے رومؒ کی سات سَو سالہ یادگار منائی جارہی ہے اور دیگر ممالک میں اس سلسلہ میں بہت سے اجتماعات ہو رہے ہیں ہندوستان میں بھی اس طرح کی تقریب منانی چاہیئے اور اسی میں دفترِ اوّل کے اجرا کی رسم ادا کی جائے۔ میں نے یہ خیال جناب پروفیسر سید نور الحسن صاحب وزیرِ تعلیم حکومت ہند کے سامنے ظاہر کیا تو موصوف نے اس کو پسند فرمایا اور اپنے ہاتھوں دفترِ اوّل کا اجرا کرنا منظور کر لیا۔ چنانچہ ۲۸ مارچ ۱۹۷۴ء کو غالب اکیڈمی بستی نظام الدین میں جناب حکیم عبد الحمید صاحب صدر غالب اکیڈمی کی زیرِ صدارت جشن ۷۰۰ سو سالہ مولانائے رومؒ کے عنوان سے ایک کامیاب اجتماع ہوا جس میں جناب کوکب دری زاد لطفہٗ کا مجھے بھرپور تعاون حاصل رہا اور جناب مسعود حسن خاں صاحب وائس چانسلر جامعہ ملیہ نے ایک علمی مقالہ پڑھا جناب فتح اللہ صاحب مجتبائی کلچرل کونسلر ایرانی ایمبیسی دہلی نے مولانا رومؒ اور مثنوی پر ایک فاضلانہ تقریر کی اور جناب محمد اعظم کامران نے اپنے دلنواز نغمہ سے مولانا رومؒ کی ایک غزل سنائی۔ دہلی کے اکثر علم دوست احباب اس میں شریک ہوئے، بقول بعض احباب کے یہ اجتماع دہلی کے دانشوروں اور اہلِ علم کا ایک قابلِ ذکر اجتماع تھا۔ دہلی کے انگریزی ہندی اور اردو اخبارات نیز آل انڈیا ریڈیو دہلی اور ٹیلی ویژن نے اس اجتماع اور مثنوی کے دفترِ اوّل کے اجرا اور اس کی پسندیدگی پر خوب خوب خبریں شائع کیں۔ محکمہ ٹیلی ویژن نے تو صرف اسی اجتماع کو رونما کرنے پر بس نہ کی بلکہ میری اور مثنوی کی مستقل فلم تیار کر کے اس کو مختلف اسٹیشنوں سے مختلف اوقات میں دکھایا۔ اس کے بعد سے آج تک شاید ہی اردو کا کوئی موقر اخبار یا رسالہ ایسا ہو گا جس نے دفترِ اوّل پر سیر حاصل تبصرہ نہ کیا ہو اور مثنوی شریف کے پورے دفتروں کی تکمیل کا اصرار نہ کیا ہو میں

خدا کی جناب کا کس طرح شکریہ ادا کروں کہ اُس کی ذات بے پایاں سے اُس کی قبولیت وہم وگمان سے بھی زیادہ ہوئی۔ ملک کے اہل علم نے بذریعہ خطوط اُس کی تعریف وتوصیف کی اور ملک کے ہر ہر گوشہ سے اس کی مانگ شروع ہوگئی۔ میں نے اُس کی اشاعت کے بعد فوراً ہی دفتر دوم پر کام شروع کر دیا۔ آج جبکہ میں یہ مقدمہ سپرد قلم کر رہا ہوں یہ دفتر دوم اس قابل ہوگیا ہے کہ اُس کی طباعت شروع کرا سکوں اور قریبی عرصہ میں اہل علم کی خدمت میں پیش کر سکوں۔ دفتر اول کی اشاعت کے بعد سے بقیہ دفتروں کی اشاعت وتکمیل کے لئے جو سہولتیں میسر آرہی ہیں اُن کا تفصیلی ذکر تو طول ہے البتہ اس سلسلہ میں اگر میں پروفیسر سید نورالحسن صاحب وزیر تعلیم اور وزارت تعلیم ہند کا ذکر نہ کروں تو بڑی ناسپاس گذاری ہوگی۔ میں موصوف اور اُن کی وزارت کا انتہائی شکر گذار ہوں کہ موصوف نے دفتر اول کی بڑی تعداد میں خریداری کرا کر دیگر دفاتر کی اشاعت کو آسان بنا دیا اور صرف یہی نہیں بلکہ بقیہ دفتروں کی اشاعت کے لئے ایک گراں قدر مالی امانت دینا بھی منظور کر لیا ہے۔ خدا کے فضل وکرم سے دفتر دوم تو عنقریب ہی سامنے آجائیگا۔ اب میں نے تیسرے دفتر پر کام شروع کر دیا ہے اور بفضلہ تعالیٰ اُس کو نصف کے قریب لکھ چکا ہوں۔ اب جبکہ بقیہ دفتروں کی اشاعت کی مالی مشکلات سے میں بے نیاز ہو چکا ہوں ناظرین سے استدعا ہے وہ دعا فرمائیں رب العزت مجھے وہ طاقت بھی عطا فرمادے کہ میں قلمی اعتبار سے اس خدمت کی جلد از جلد تکمیل کر سکوں گو میں ستر سال میں پہنچ گیا ہوں اور اپنی عمر کی دو مدیں منزل طے کر رہا ہوں۔ قوائے جسمانی بھی انحطاط پذیر ہیں لیکن مولانا کے کرم سے پر امید ہوں کہ وہ اس ناکارہ کو وہ طاقت عطا فرمادے گا جس سے میں اپنی اس تمنا کو پورا کر سکوں گا۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْز۔

## مولانائے رومؒ اور مثنوی

دفتر اول کے مقدمہ میں مولانا کے حالات اور مثنوی کے بارے میں کچھ معروضات کی گئی ہیں اس کی اشاعت کے بعد ماہ مئی، جون، جولائی ۱۹۷۵ء کے رسالہ "جامعہ" کے شماروں میں اسی موضوع پر مسز انیماری شمیل پروفیسر ہارورڈ یونیورسٹی کے مقالہ کا ترجمہ از سید ضیاء الحسن صاحب ندوی نظروں سے گذرا اُس میں بعض جدید معلومات تھیں۔ موصوفہ وہ مستشرق خاتون ہیں جو مولانائے رومؒ پر ایک سند تسلیم کی جاتی ہیں۔ وہ امسال ماہ ستمبر میں ہندوستان بھی آئیں اور مجھے بھی اُن سے ملنے اور اس موضوع پر معلومات حاصل کرنے کا موقع ملا۔ مناسب سمجھا گیا کہ اس کی تلخیص واقتباس دفتر دوم کے اس مقدمہ میں بشکریہ رسالہ جامعہ ہدیۂ ناظرین کردوں۔ اب مطالعہ کرنے والوں سے گذارش ہے کہ اس تلخیص اور غیرہ تب اقتباس کو دفتر اول کے مقدمہ کے مضمون کے ساتھ ملا کر مطالعہ کریں تاکہ پوری افادیت حاصل ہو سکے۔

---

مولانا جلال الدین رومیؒ [illegible] میں بلخ میں پیدا ہوئے جو آج کل مملکت افغانستان کے زیر نگیں ہے۔ اس تاریخ ولادت پر مورخین واقف تھی ہے لیکن مولانا کی کتاب [illegible]

عبارت سے پتہ چلتا ہے کہ مولانا خوارزم شاہ کے سمرقند کے محاصرہ کے جو کہ ۱۲۱۲ء میں ہوا تھا چشم دید واقعات بیان کر رہے ہیں اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مولانا کی پیدائش یقیناً اس سے کم از کم دس بارہ سال قبل ہو چکی تھی۔

بلخ اِس دور میں علمی و دینی مرکز تھا، قدیم زمانے میں یہ شہر بدھ مذہب کا بھی مرکز رہ چکا تھا ہو سکتا ہے کہ تصوف کے قدیم رجحانات میں جھلکنے والے بعض بودھ افکار اسی شہر کی دین ہوں۔ حضرت ابراہیم بن ادھم اسی شہر کی پیداوار ہیں۔ دنیا سے اُن کی بیزاری گوتم بودھ کے زہد و ترکِ دنیا سے بہت ملتی جلتی ہے۔ مولانائے روم نے بچپن میں فلسفی مفکر امام فخر الدین رازی کا زمانہ بھی پایا تھا۔ امام رازی کو سلطان خوارزم کے دربار میں بہت رسوخ تھا اور سلطان کو صوفیوں کے خلاف کر دینے میں اُن کا بہت بڑا حصہ تھا۔ ۱۲۰۹ء میں صوفی مجد الدین بغدادی کے نہر جیحون میں ڈوب کر جان دیدینے کا سبب بھی یہی بنے تھے۔ مولانائے روم کے والد شیخ بہاؤالدین ولد سے بھی امام کے تعلقات اچھے نہ تھے۔ مولانائے روم بھی دینی معاملات میں عقل و فلسفہ کی مداخلت کو ناپسند کرتے تھے۔ اِن کے دوست اور شیخ شمس الدین تبریزی تو امام فخر الدین رازی کو "الکافر الاحمر" سرخ کافر کے لقب سے یاد کرتے تھے۔ مولانائے رومی کا یہ شعر

گر باستدلال کارِ دیں بُدے ۔۔۔ فخرِ رازی رازدارِ دیں بُدے

اگر دین کا معاملہ دلیل بازی پر موقوف ہوتا ۔۔۔ تو فخر الدین رازی دین کے رازدار ہوتے

بھی ان حالات کی غمازی کرتا ہے۔

شیخ بہاؤالدین ولد کے بلخ چھوڑنے کی بنیاد امام رازی کی عداوت کو قرار دینا صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ امام رازی کی وفات سنہ ۱۲۰۹ء میں ہو گئی تھی جبکہ شیخ بہاؤالدین نے بلخ ۱۲۱۲ء میں چھوڑا ہے۔

شیخ بہاؤالدین سنہ ۱۲۲۲ء میں وسطِ روم میں پہنچے۔ یہاں سے مولانا جلال الدین کے نام کے ساتھ رومی کی نسبت شروع ہوئی۔ ایک عرصہ تک شیخ بہاؤالدین "لارندا" میں مقیم رہے۔ مولانائے روم کی والدہ کی یہاں ہی وفات ہوئی۔ لوگ آج بھی اُس قبر اور مسجد کی زیارت کو جاتے ہیں جو مولانا نے اُن کی یادگار میں بنائی تھی مولانائے روم نے یہاں ہی جوہر نامی ایک سمرقندی دوشیزہ سے شادی کی جس سے اُن کے عزیز ترین بیٹے سلطان ولد پیدا ہوئے جو آگے چل کر مولانائے روم کے خلیفہ دوم اور مولانا کے بہترین سوانح نگار اور اُن کی کتابوں کے شارح بنے۔ سلطان علاؤالدین کیقباد نے شیخ بہاؤالدین ولد کو قرمان (لارندا) میں بُلوا لیا تھا۔ قرمان، قونیہ سے نوّے کلو میٹر جنوب مشرق میں واقع ہے۔ سلطان علاؤالدین نے قلعہ کے قریب ایک ٹیلہ پر ایک عالیشان مسجد تعمیر کرائی، قونیہ اُس دور میں پُر رونق مدرسوں اور مسجدوں سے آباد تھا شیخ بہاؤالدین ولد اور اُن کے خاندان کے آجانے سے اس کی رونق دو بالا ہو گئی۔ ۲۲ جنوری سنہ ۱۲۳۱ء کو شیخ بہاؤالدین اس دارِ فانی سے رخصت ہو گئے۔

شیخ بہاؤالدین کی وفات کے چند سال بعد اُن کے شاگرد رشید برہان الدین محقق ترمذی بھی قونیہ پہنچ گئے۔ مولانا روم نے

انہی سے علوم لدنی، حکمت الہامی اور صوفیانہ زندگی کے رموز و اسرار کی معرفت حاصل کی اور پھر انہی کے حکم کی تعمیل میں آپ شام تشریف لے گئے اور وہاں شیخ اکبر محی الدین ابن عربی، شیخ سعد الدین حموی، شیخ اوحد الدین کرمانی کے حلقے کے بڑے بڑے صوفیوں سے آپ نے ملاقاتیں کیں۔ ہو سکتا ہے کہ ممتاز صوفی شمس الدین تبریزی سے پہلی ملاقات آپ کی یہاں ہی ہوئی ہو۔

برہان الدین محقق ۱۲۴۰ء میں قونیہ چھوڑ کر قیصریہ چلے گئے اور وہاں ہی ان کی وفات ہوئی اور آج بھی ان کی قبر کی زیارت کے لئے لوگ دور دراز علاقوں سے آتے ہیں۔

منگول نے ۱۲۴۳ء میں روم کے علاقہ پر قبضہ کر لیا، اناطولیہ بھی ان کے قبضہ میں آ گیا قیصریہ بھی جلد ہی منگول کی لوٹ مار کی نذر ہو گیا۔ انہی حالات میں قونیہ پر منگول کا تسلط ہو چکا تھا، اس رات اسی تاریکی کے باوجود مولانائے رومؒ نے شمس دوام کو اپنے سامنے درخشاں دیکھ لیا تھا۔ جنوری ۱۲۴۴ء کے اواخر میں مولانا کی شمس الدین تبریزی سے ملاقات قونیہ میں ہوئی۔ مولانائے رومؒ اور شمس الدین تبریزی کی پہلی ملاقات کے بارے میں بہت سی روایتیں ہیں ان میں سب سے زیادہ قرین قیاس وہی روایت ہے جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور بایزید بسطامی کے فرق مراتب کے سلسلہ میں باہمی گفتگو کی ہے، اس ملاقات کے بعد دونوں بزرگ ایک دوسرے سے ایسے وابستہ ہوئے کہ چھ ماہ تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہوئے۔ صلاح الدین زرکوب کی دوکان تھی اور اس پر ان دونوں کی مجلس اس طور پر ہوتی تھی کہ نہ کھانے پینے کی فکر ہوتی نہ ضروریاتِ زندگی کی خبر، پورے چھ ماہ اسی عالم میں گذر گئے، یہ شمس الدین تبریزی کون تھے جو مولانائے رومؒ کی زندگی میں اس قدر انقلاب کا سبب بنے ان کے صحیح واقعات تو پردۂ خفا میں ہیں لیکن اس قدر ضرور معلوم ہے کہ ان کی سخت تنقید سے اس دور کے صوفیا میں سے کوئی بھی نہ بچ سکا۔ شام و عراق کے بڑے بڑے مشائخ سے شمس الدین نے ملاقاتیں کیں۔ ان کی ملاقاتوں کا سب سے زیادہ دلچسپ تذکرہ وہ ہے جو اوحد الدین کرمانی کی ملاقات کے دوران پیش آیا۔ اوحد الدین کرمانی ان صوفیوں میں سے تھے جو مخلوق کی صورتوں میں خالق کا جمال دیکھتے اور اس کی پرستش کرتے تھے، انسانی شباب میں انہیں جمالِ خداوندی نظر آتا تھا۔ ایک مرتبہ اوحد الدین نے شمس الدین سے کہا کہ میں چاند کو اس وقت دیکھتا ہوں جبکہ وہ پانی کے پیالے میں عکس ریز ہوتا ہے، شمس الدینؒ نے فوراً ٹوکا اور کہا کہ اگر تمہاری گردن میں کبھی نہیں ہے تو تم اس کو آسمان پر ہی کیوں نہیں دیکھتے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شمس الدین کی ملاقات محی الدین عربی سے بھی ہوئی ہے۔ شیخ اکبر کے تصنیفی اور علمی شہ پارے اور ان کے خیالات و افکار بھی شمس الدین کی نگاہِ تنقید سے نہیں بچ سکے ہیں۔ شمس الدینؒ ابن عربی کو نوآموز و خام کار سمجھتے تھے۔ وہ مولانائے رومؒ کو موتی سے تشبیہ دیتے تھے تو شیخ محی الدین عربی کو کنکریوں سے۔ شمس الدین صوفیا کے کس سلسلہ سے تعلق رکھتے تھے یہ ابھی تک واضح نہیں ہو سکا ہے۔ ان کا دعویٰ تو یہ ہے کہ انہیں خواب میں براہِ راست آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم

سے خرقۂ تصوف حاصل کرنے کا شرف حاصل ہے۔ ہمیں گولپنارلی
عبدالباقی کی اس رائے سے اتفاق ہے کہ وہ عملاً قلندر اور ایک
جہاں گشت درویش تھے شمس الدین کے بعض جملے اور عبارتیں بھی اس کی
تصدیق کرتی ہیں جن میں وہ قلندریت کی مدح سرائی کرتے ہیں۔ اُن کا اپنے بارے میں دعویٰ تھا کہ وہ
عاشقیت ہی سے نہیں بلکہ معشوقیت کے مقام سے بھی آگے نکل گئے تھے۔ وہ تمام مراحل طے کر کے
قطب المعشوقین کے مقام پر سرفراز تھے۔

سخت حیرت ہے کہ شمس الدین کی چندماہ کی صحبت سے مولانائے رومؒ نے تمام سماجی ذمہ داریوں
بلکہ فرائض اور واجبات کو بھی بالائے طاق رکھ دیا تھا اسی بنیاد پر مولاناؒ کے متعلقین میں غیض و غضب کی وہ
آگ بھڑکی کہ شمس الدین کو قونیہ چھوڑنا پڑا۔ اس جدائی کا مولانائے رومؒ پر یہ اثر پڑا کہ اُن کو اپنا غم
ہلکا کرنے کے لئے رقص و سرود اور نغمۂ موسیقی کی پناہ لینی پڑی۔ ایک عرصہ کے بعد مولاناؒ کو پتہ چلا کہ شمس الدین
شام کے مرغزاروں میں فروکش ہیں تو مولاناؒ نے اپنے بیٹے سلطان ولد کو اُن کو واپس لانے کے لئے روانہ
کیا شمس الدین واپس آئے تو مولاناؒ پر سرور و انبساط کا عالم طاری ہوا، دونوں کی ملاقات ہوئی تو یہ تمیز کرنا
مشکل تھا کہ اُن میں طالب کون ہے اور مطلوب کون ہے۔ مولاناؒ نے اُن کو قونیہ کا پابند کرنے کے لئے کیمیا
نامی ایک دوشیزہ سے اُن کی شادی کرادی اور پھر دونوں میں ہفتوں بلکہ کئی کئی ماہ مسلسل رُوحانی اور وجدانی
گفتگو میں گزرنے لگے۔ یہ بات پھر مولاناؒ کے عقیدتمندوں پر گراں گذرنے لگی جس سے اُنکے اندر پھر شمس الدین
کے خلاف غم و غصے کے جذبات بھڑک اُٹھے۔ اسی دوران ۶۴۵ھ میں "کیمیا" کا انتقال ہو گیا تو پھر شمس الدین
قونیہ سے ایسے غائب ہوئے کہ ڈھونڈنے سے بھی کبھی نہ ملے۔ شمس الدین کی اس رُوپوشی کے بارے میں
متضاد کہانیاں ملتی ہیں۔ بعض روایات بتاتی ہیں کہ شمس الدین قونیہ سے نامعلوم مقام کی طرف رُخصت ہوئے
"افلاکی" صراحت کرتے ہیں کہ اُن کو مولاناؒ کے صاحبزادے فخرالعلماء علاؤالدین ولد کی دشمنی کی وجہ سے
قتل کر دیا گیا لیکن یہ بات بھی بعید از قیاس ہے کہ ایسے محترم خانوادے کا کوئی فرد قتلِ عمد جیسے معیوب اور
ذلیل جرم کا ارتکاب کرے یا کرائے۔

بہرحال کہا جاتا ہے کہ ۵ دسمبر ۱۲۴۷ء کی رات تھی دونوں بزرگ شب کے آخری حصّہ تک باہمی
گفتگو میں محو تھے کہ کوئی شخص شمس الدین کو باہر بلا کر اُن پر پے در پے قاتلانہ حملے کرنے لگا اور اُن کو قتل
کر کے قریب کے ایک اندھے کنوئیں میں ڈال دیا۔ یہ کنواں آج تک موجود ہے جس کی نشاندہی کی جاتی
ہے صبح کو مولاناؒ کے بڑے صاحبزادے سلطان ولد کو خبر ملی تو اُنھوں نے اُن کی نعش کو کنوئیں سے
نکال کر ایک قبر میں دفن کر دیا۔ اب یہی شمس الدین کی آخری آرامگاہ ہے جس پر ایک یادگاری تختی
لگادی گئی ہے۔ حال ہی میں جو کھدائی کی گئی ہے اُس سے ایک بڑی
قبر کا سراغ ملتا ہے جس کا تعلق عہدِ سلجوقی سے معلوم ہوتا ہے۔ مولاناؒ
میوزیم کے ڈائرکٹر سید محمد اوندر، افلاکی کے اس بیان کی تائید

کرتے ہیں۔ مولانائے رومؒ سے اس جانگسل واقعہ کو پوشیدہ رکھا گیا لیکن پھر بھی مولاناؒ کے بعض اشعار بتاتے ہیں کہ ان کو اس سانحہ کا علم ہوگیا تھا۔ بعض لوگوں نے ان سے کہا کہ شمس الدین دیارِ شام میں مقیم ہیں تو مولاناؒ وہاں پہنچ گئے اور کہتے تھے کہ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اس نے شمس الدین کو دیکھا ہے تو اس سے پوچھو کہ اس فردوس بریں کا راستہ کدھر ہے؟ اس کے بعد مولاناؒ کے اشعار میں شمس الدین کی ایسی چھاپ نظر آتی ہے کہ ان کو ہر طرف شمس الدین ہی کا جلوہ نظر آتا ہے۔ ایک غزل میں کہتے ہیں

تنہا میں ہی شمس الدین شمس الدین نہیں گاتا رہتا ہوں بلکہ آدھر بطخیں اور سارس تالابوں میں اور بلبلیں پر بلبلیں چمن زاروں میں وارفتگی کے عالم میں نغمہ سرا ہیں، ادھر میں سرِشام گنگناتا ہوں۔

شمس الدین کانِ جواہر، شمس الدین روز و شب، شمس الدین شام و سحر، شمس الدین جامِ جم، شمس الدین بحرِ بیکراں، شمس الدین دمِ عیسیٰ، شمس الدین یدِ بیضا، شمس الدین جمالِ یوسف۔

مولاناؒ کو اگرچہ جلد ہی شمس الدین کی وفات کا علم ہوگیا تھا لیکن اس کا اعتراف و اقرار ان پر سخت گراں تھا۔

اس کے بعد بھی شمس الدین تبریزی کی شخصیت کے بارے میں بہت سے حالات معرضِ خفا میں ہیں حتیٰ کہ بعض محققین ان کے بارے میں اس درجہ مشکوک ہیں کہ وہ سرے سے اس جیسی شخصیت کے وجود ہی کا انکار کرتے ہیں لیکن وہ عظیم کلاہِ درویشی جو قونیہ میوزیم میں آج بھی موجود ہے اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ اس جیسی شخصیت ایک زمانہ میں موجود تھی، آنکھوں نے اس کو دیکھا ہے اور اس کے نقوش آج بھی تازہ ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں مولانائے رومؒ اور شمس تبریزی کی باہمی انوکھی ملاقاتیں، باہمی شیفتگی اور یہ ربط صوفیائے اسلام میں کسی دوسری جگہ نظر نہیں آتا ہے۔

بعض لوگ شمس الدین تبریزی کو سقراط سے تشبیہ دیتے ہیں جس نے اپنے پیچھے تحریری شکل میں کچھ نہ چھوڑا لیکن افلاطون جیسا شاگرد چھوڑا جو اس کی عظمت کا سبب بنا۔ اسی طرح مولاناؒ ایک چراغ کے مانند تھے اور شمس الدین وہ چنگاری تھے جو اس چراغ کو روشن کر گئی۔

شمس الدین تبریزی کی جدائی کے بعد مولاناؒ کی روح، الہام و کشف کے ایک نئے سرچشمہ سے مانوس ہونے لگی۔ وہ ایک روز قونیہ میں صرافہ کے بازار سے گذر رہے تھے وہاں صلاح الدین زرکوب کی دکان پر زرکوبی کی کھٹ کھٹ کی آواز ایک دلکش نغمہ کی طرح مولاناؒ کے کان میں پڑی اور مولاناؒ بے اختیار رقص کرنے لگے۔ تھوڑی دیر بعد صلاح الدین زرکوب بھی اس رقصِ مستانہ میں شریک ہوگئے۔ اس طرح کچھ دیر دونوں سرِ بازار رقص کرتے رہے پھر صلاح الدین تو اپنی دکان کے کاموں میں لگ گئے اور مولاناؒ گھنٹوں اسی عالم میں رقصاں رہے۔ صلاح الدینؒ زرکوب مولانا برہان الدین محقق سے فیض یافتہ تھے از بد و تقشف میں

شیخ و مرشد کی بولتی تصویر تھے۔ اِسی بنا پر شیخ محقق نے باوجود اُن کی ناخواندگی کے اُن کو اپنا روحانی وارث اور اکلوتا خلیفہ قرار دیا تھا۔ شمس الدین تبریزی کے بعد مولاناؒ کو پھر صلاح الدین زرکوب کی صحبتوں میں وہی پُرانا کیف و سرور حاصل ہونے لگا، صحبتوں کا سلسلہ طویل ہونے لگا۔ بالآخر اس اتحاد و شیفتگی کا یہ نتیجہ ہوا کہ مولاناؒ نے اپنے صاحبزادے سلطان ولد کی شادی صلاح الدین زرکوب کی بیٹی فاطمہ سے کر دی۔ ایک وقت آیا کہ صلاح الدین بیمار ہوئے۔ مولاناؒ اُن کی تیمارداری میں اِس قدر منہمک اور مصروف ہوئے کہ اپنے معمولات سے بھی غافل ہے اور بہت ہی کم صلاح الدین سے جدا ہوتے تھے۔ جب وہ وقت آیا کہ صلاح الدین زرکوب اِس دُنیا سے رخصت ہوئے اور اُن کی روح عالمِ ارواح کے تصرفات سے لطف اندوز ہونے لگی تو مولاناؒ تدفین سے فارغ ہو کر گھر واپس آئے۔ مولاناؒ نے اُن کا جو مرثیہ لکھا اُسمیں تحریر فرمایا:-

اے وہ شخص جو زمین و آسمان کو چھوڑ جانے والے پر کبھی روتا تھا تیرے عہدِ زریں کی یاد میں ہوش و حواس اشکبار ہیں اور روح کرب زدہ اور غمگسار ہے، اب کوئی نہیں جو تیری جگہ لے سکے مکان و لامکان تیرا ماتم کر رہے ہیں، جبرئیل امین کے پر تیرے غم میں پیلے پڑ گئے ہیں، اولیاء و انبیاء سب کی آنکھیں نم ہیں۔ اے صلاح الدین تم ایک بلند پرواز برق رفتار طائر تھے تم کیا اُڑے کہ وہ شاخ ہی اُڑ گئی جس سے کبھی تم تیر کی مانند اُڑتے تھے۔

یہ بتا دینا بھی مناسب ہے کہ مولاناؒ صوفیانہ جذب و کیف اور رقص و سرود میں منہمک رہنے کے باوجود عین اسی وجدانی کیفیت کے دوران بھی صحیح شرعی رائے یا فتویٰ دینے سے کبھی قاصر نہ رہے۔ سپہ سالار نے جنھیں برسوں مولاناؒ کی خدمت کا موقع ملا ہے، نماز اور اس کے آداب سے ان کے شغف اور ان کی طویل روزہ کشی کا ذکر تفصیل سے کیا ہے۔

مولاناؒ کا حُسنِ سلوک حُسنِ معاشرت اور شریعت کی غیر معمولی پابندی ہی لوگوں کو اُن کے در تک کھینچتی تھی مولاناؒ کے دروازے خواص اور مالداروں سے زیادہ عوام اور غریبوں کے لئے کھلے رہتے تھے۔ مولاناؒ کے معتقدین میں جہاں مردوں کے انبوہ در انبوہ نظر آتے ہیں وہاں معتقد عورتوں کی بھی ایک بڑی تعداد ہے۔ سلطان غیاث الدین کی بیگم جو قونیہ سے قیصریہ چلی گئی تھیں، جب مولاناؒ کی جدائی برداشت نہ کر سکیں تو انھوں نے ایک بار لیلینی آرٹسٹ سے مولاناؒ کی تصویر بنوائی جس کو وہ اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھتی تھیں۔ خود مولاناؒ کی پوتی سلطان ولد کی صاحبزادی ایک عرصہ تک کامیابی کے ساتھ طریقِ مولویت کی نشر و اشاعت کرتی رہیں مولاناؒ کی دوسری بیوی کرا خاتون کو بھی وہ روحانی مقام حاصل تھا کہ مولاناؒ ان کو "سارہ" ثانی اور "مریم زمانہ" کے الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔

تیسری شخصیت جو مولاناؒ کے جذب و کشش کا محور بنی وہ حسام الدین چلپی کی شخصیت ہے۔ حسام الدین بن حسن اخی ترک قونیہ کی سوسائٹی میں درمیانی طبقہ سے تعلق رکھتے تھے۔ حسام الدین

مولاناؒ کی زندگی میں اچانک نمایاں نہیں ہوئے تھے بلکہ وہ برسوں پہلے سے اُن کی صحبت میں رہتے آئے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ شمس الدین تبریزی نے اُن کو ہونہاری کی حالت میں دیکھا تھا تو اُن پر اپنی پوری توجہ مبذول کی تھی۔ حسام الدین اس قدر روشن ضمیر تھے کہ وہ دوستوں اور محبت کرنیوالوں کی تکلیف کو خود بخود اس طرح محسوس کر لیا کرتے تھے جیسے کہ وہ تکلیفیں خود اُن کے روح اور جسم میں پائی جاتی ہوں۔ وہ تصوف اور سلوک کے اعلیٰ مدارج پر فائز تھے۔ مولاناؒ نے اُن کو اپنے بعض خطوط میں "جنیدِ عصر" سے تعبیر فرمایا ہے اور کہتے تھے کہ وہ مجھ سے باپ اور بیٹے کی مانند قریب ہیں اور مجھے وہ نورِ عین کی طرح عزیز ہیں۔ مولاناؒ کے الہامی افکار اور اُن کی حکمت و تعلیمات کی تشریح اور تفسیر کا سہرا حسام الدین ہی کے سر پر ہے جنھوں نے مولاناؒ کے صوفیانہ فلسفہ اور حکمت کو اصل صورت میں محفوظ کر دیا اور مولاناؒ کی تحریروں کو اُن کے عقیدتمندوں اور مریدوں نے یکجا کر دیا۔ مولاناؒ نے انہی کی فرمائش پر اپنا روحانی سرمایہ جس کو مثنوی معنوی کہا جاتا ہے اُن کو املا کرایا۔ چند برس تک حسام الدین مولاناؒ کے ساتھ رہے۔ مولاناؒ کی زبان سے جو شعر نکلتا وہ اُس کو قلمبند کر لیتے۔ سفر ہو یا گھر، حمام ہو یا بازار، محفلِ سماع ہو یا خلوت خانہ، سایہ کی طرح مولاناؒ کے ساتھ رہتے تھے۔

مثنوی کی ابتدا کی تاریخ متعین کرنا تو دشوار ہے لیکن بقول عبدالباقی کے دفترِ اوّل کی بعض حکایتوں سے پتہ چلتا ہے کہ اُس وقت تک بغداد میں عباسی حکومت قائم تھی۔ ۱۲۵۸ء میں جب تاتاریوں نے مستعصم باللہ عباسی خلیفہ کو قتل کیا اُس وقت دفترِ اوّل کا املا مکمل ہوا تھا۔ دفترِ اوّل کی تکمیل کے بعد حسام الدین کی بیوی کا انتقال ہو گیا تو مولاناؒ کے اشعار کا الہامی سلسلہ جاری نہ رہ سکا اور کافی تاخیر سے دفترِ دوم شروع کیا۔ مولاناؒ جب مرض الموت میں مبتلا ہو گئے تب ہی مثنوی کے املا کا سلسلہ ختم ہوا۔

۱۲۷۳ء کے موسمِ خزاں میں مولاناؒ کی نقاہت بڑھ گئی۔ طبیب مرض کی تشخیص میں ناکام ہو گئے۔ طبیب نے بہرحال یہ محسوس کر لیا کہ مولاناؒ کے پھیپھڑے میں پانی اُتر آیا ہے۔ ۱۷ دسمبر ۱۲۷۳ء کی شام ایک پُرملال شام تھی جس میں مولاناؒ ہمیشہ کے لئے اِس دارِ فانی سے رخصت ہو کر اپنے حقیقی محبوب سے جا ملے۔ اُن کی وفات سے صرف انسان ہی نہیں بلکہ حیوانات بھی متاثر ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ مولاناؒ کی بلّی نے بھی اُن کی وفات کے بعد کھانا پینا ترک کر دیا تھا اور ٹھیک ایک ہفتہ کے بعد وہ اپنی زندگی کی بساط لپیٹ کر چل دی جس کو مولاناؒ کی اہلیہ نے مولاناؒ کے پہلو میں دفن کرا دیا۔

## مولانائے رومؒ کی احادیث و تفسیر اور سِیَرِ صحابہ

اِس موضوع پر میں دفترِ اوّل کے مقدمہ میں کچھ باتیں لکھ چکا ہوں۔ اِس سلسلہ میں آیات کی تفسیر سے متعلق حضرت مولانا عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے رسالہ "غایۃ المقال" میں تحریر فرمایا ہے کہ حضرات صوفیہ بعض آیات کی ایسی تفسیر کرتے ہیں جس پر کوئی نقل شاہد نہیں ہوتی ہے اِس پر بعض جہلاء اُن کو کفر کی طرف منسوب کرنے لگتے ہیں لیکن یہ درست نہیں ہے کیونکہ اُن کی

مراد حقیقی تفسیر نہیں ہوتی ہے بلکہ صرف ایک اشارہ مقصود ہوتا ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "التفرقۃ بین الاسلام والزندقہ" میں تحریر فرمایا ہے کہ بعض اصحاب غلبۂ ظن سے بلا دلیل کسی آیت کی تاویل کرنے لگتے ہیں اُن پر کفر کا فتویٰ صادر کرنے میں عجلت سے کام نہ لینا چاہیئے بلکہ غور کرنا چاہیئے اگر اُن کی تفسیر و تاویل اصولی عقائد سے متعلق نہیں ہے تو اُن کی کسی طرح سے تکفیر جائز نہ ہوگی اور ایسی تاویل کے قائل کو مُبتدع اور کافر نہیں کہا جاسکتا ہے۔ جہاں تک احادیث اور سیرِ انبیاء و صحابہ کی بحث ہے اِس کے متعلق بھی میں دفترِ اوّل کے مقدمہ میں کچھ عرض کر چکا ہوں۔ مولانا نے دفترِ دوم میں "سجدہ کردنِ یحییٰ مسیح در شکمِ مادر یک دگر را" کے ماتحت جو کلام فرمایا ہے اُس میں حضرت مسیح اور حضرت یحییٰ کے ماؤں کے پیٹ میں ایک دوسرے کو سجدہ کرنے پر معترضین کے اعتراضات نقل کئے ہیں اور پھر فرمایا ہے :-

ایں بداند آنکہ اہلِ خاطرست — غائب از آفاق اُو را حاضرست
اِس بات کو وہی سمجھ سکتا ہے جو صاحبِ دل ہے — آفاق سے غائب (چیز) اُس کے لئے حاضر ہے

پیشِ مریمؑ حاضر آمد در نظر — مادرِ یحییٰؑ کہ دورست از بصر
حضرت مریمؑ کی نگاہوں کے سامنے آگئی — حضرت یحییٰؑ کی ماں جو نگاہ سے دُور تھی

اور پھر فرمایا :-

ور ندیدش نز بروں و نز دروں — از حکایت گیر معنیٰ اے زبوں
اور اگر مریمؑ نے اُنکو ظاہری اور باطنی طور پر نہیں دیکھا ہو — اے ناقص! اِس حکایت سے معنیٰ اخذ کرلے

نے چناں افسانہا بشنیدۂ — ہمچو شیں بر نقشِ آں چسپیدۂ
کیا تو نے ایسے افسانے نہیں سُنے ہیں — تو اُن کے نقش پر شین کی طرح چپکا ہوا ہے

اور پھر فرمایا کہ کلیلہ و دمنہ اور گل و بلبل کے افسانے تم سنتے ہو اور ایسے نتائج اخذ کرتے ہو اسی طرح مثنوی کے قصص اور حکایات کو سمجھو لو اور اُن سے صحیح نتائج اخذ کرلو۔

مولانا کا یہ فرمانا بالکل صحیح ہے کہ بعض بزرگوں نے افسانوی قصوں سے بہترین نتائج نکالے ہیں۔ شیخ فریدالدین عطار نے "منطق الطیر" لکھی اور پرندوں کی زبانی مسائل کو سمجھایا۔ کلیلہ و دمنہ بھی حکمت و دانائی سے لبریز بہترین کتاب سمجھی گئی ہے لیکن اِس فرق کو بہرحال نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ افسانوں کو حدیث اور سیرِ صحابہ کرکے پیش کرنے کی جو مضرتیں ہیں وہ اُن کی افادیت سے زیادہ ہیں۔ اِس سلسلہ میں مَیں نے دفترِ اوّل کے مقدمہ میں جو معروضات پیش کی ہیں وہ بہر حال مثنوی شریف کے مطالعہ میں پیشِ نظر رہنی چاہئیں۔

# دفترِ دوم کی تصوف کی چند اصطلاحیں

**فتوح** ۔ عبادات میں کشادگی اور علوم و معارف کا ورود و حصول ہونا۔ **فتح** ۔ بندہ پر ذاتِ احدیت کی تجلیات کا نزول شروع ہو جانا۔ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ میں اس مقام کی طرف بھی اشارہ ہے۔ **حسِ خفاش** انسان کے مادی حواس ظاہرہ اور حواس باطنہ۔ **حسِ دُرپاش** ۔ روحانی حواس۔ **مراقبہ** ۔ غیر اللہ سے توجہ ہٹا کر حضورِ دل کے ساتھ خدا کی طرف متوجہ ہونا۔ **حضور** ۔ یارِ معیتِ حق تعالٰے۔ **ظاہر** ۔ صوفیہ کی اصطلاح میں حقیقت کو کہتے ہیں۔ **مظہر** ۔ صورت اور مراۃ کو کہتے ہیں۔ مثلاً کوئی شخص آئینہ میں اپنی صورت دیکھتا ہے تو وہ شخص ظاہر ہے اور صورت و آئینہ مظہر ہے۔ **روح** ۔ صوفیہ کی اصطلاح میں صورت نوعیہ کو کہتے ہیں۔ **روحِ اعظم** ۔ انواع کی صورِ نوعیہ کے علاوہ جن کو ارواح کہا جاتا ہے صوفیہ ایک اور روح مانتے ہیں جو ذاتِ باری کے سب سے پہلے صدور میں آئی ہے اور وہ تمام ارواح کی مربی ہے اُس کو روحِ اعظم کہا جاتا ہے اور یہی روحِ اعظم روحِ محمدی ہے جیسا کہ حدیث اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ (سب سے پہلے اللہ نے میرا نور پیدا فرمایا ہے) میں مذکور ہے۔ **لاہوت** ۔ ذاتِ باری بلا لحاظ اسمار و صفات۔ **جبروت** ۔ مرتبہ صفاتِ باری تعالیٰ۔ **ملکوت** ۔ مرتبہ اسمائے باری تعالٰے۔ **حظیرۃ قدس** ۔ وہ مقام ہے جس میں ملاءِ اعلیٰ اور روحِ اعظم کے انوار کا باہمی تداخل ہوتا ہے۔ **ملاءِ اعلیٰ** افضل ملائکہ کی جماعت۔ **علم الیقین** ۔ وہ علم ہے جو کسی سچے خبر دینے والے کی خبر سے حاصل ہو جیسے کسی سچے انسان کے کہنے سے آگ کے جلانے کا علم — **عین الیقین** ۔ وہ علم ہے جو خود اپنی آنکھ کے دیکھنے سے حاصل ہو مثلاً آگ کے جلانے کا علم جبکہ آگ سے کسی چیز کو جلتے ہوئے اپنی آنکھ سے دیکھا۔ **حق الیقین** ۔ وہ علم ہے جو اپنی ذات پر تجربہ کرنے سے حاصل ہو جیسا کہ آگ کے جلانے کا علم جبکہ خود آگ نے اس کو جلا یا ہو۔ **قطب الاقطاب غوثِ اعظم** ۔ وہ ولی ہوتا ہے جو تمام عوالم پر فرمانروا ہوتا ہے اور بقائے عالم کا سلسلہ اُس کی بقا سے قائم رہتا ہے اور دوسرے تمام اولیاء اُس کے تابع ہوتے ہیں۔ شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ نے فتوحاتِ مکیہ میں فرمایا ہے کہ اُن قطبوں میں سے بعض کو خلافتِ باطنہ کے ساتھ خلافتِ ظاہری بھی حاصل ہوتی ہے جیسے کہ خلفائے اربعہ، امام حسن، حضرت امیر معاویہ، حضرت عمر بن عبد العزیز۔ اور بعض کو محض خلافتِ باطنی حاصل ہوتی ہے جیسے شیخ احمد سبتی، حضرت بایزید بسطامی وغیرہ۔ مولانا بحر العلوم نے فرمایا ہے قطبِ حقیقی اور غوثِ ازلی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ مبارک ہے۔ دنیا کے دیگر اقطاب اِس روحِ پاک کے خلیفہ ہیں اور اُن اقطاب میں سے بعض کو حکمِ عظیم حاصل ہے اور یہ مقام شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو حاصل تھا۔

مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ "کلیدِ مثنوی" میں تحریر فرماتے ہیں

کہ سالک پر ابتدا ئً حق تعالیٰ کے افعال کا ظہور ہوتا ہے اُس کو تجلیِ افعال کہتے ہیں پھر صفات کا ظہور ہوتا ہے اُس کو تجلیِ صفات کہتے ہیں۔ پھر ذاتِ بحت کا اُس کو تجلیِ ذات کہا جاتا ہے۔

## شخصیتیں

**واصل بن عطا**۔ یہ معتزلہ کے فرقہ کا بانی ہے بہت ذہین شخص تھا لیکن اس کے عقائد فلسفۂ یونان سے متاثر تھے۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس میں اس نے بحث شروع کی اور دعویٰ کیا کہ کبیرہ گناہ کا مرتکب نہ مومن ہے نہ کافر بلکہ بین بین ہے۔ اس پر حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اعتزل عنا یعنی وہ ہم (اہل سنت والجماعت) سے کنارہ کش ہو گیا۔ اس وقت سے اس کو اور اس کے ہم عقیدہ لوگوں کو معتزلی کہا جانے لگا۔

**سکندر ذوالقرنین**۔ یہ ایک خدا پرست اور برگزیدہ بادشاہ تھا جس کا قصہ قرآن پاک میں مذکور ہے۔ آبِ حیات کی جستجو اور اس سے محرومی کا قصہ بھی اسی کی طرف منسوب ہے۔ یہ سکندر اعظم (جس کو سکندر رومی بھی کہتے ہیں) کے علاوہ شخصیت ہے۔ سکندر رومی شاہِ یونان تھا جس نے دارا شاہِ ایران کو شکست دی تھی۔ یہ سکندر ذوالقرنین سے صدیوں بعد گذرا ہے۔

**نمرود**۔ یہ کافر بادشاہ تھا جو خدائی کا مدعی بنا تھا جس کی سزا میں قدرت نے ایک مچھر اس پر مسلط کر دیا تھا جو اس کے دماغ میں گھس گیا تھا جس کی کلبلاہٹ اور اذیت رسانی اس وقت تک ختم نہ ہوتی تھی جب تک کہ نمرود کے سر پر جوتے کی دس پندرہ ضربیں نہ پڑیں۔

**خضر**۔ حضرت خضر کے نسب اور خاندان اور حالات سے متعلق مستند روایات بہت کم ملتی ہیں۔ بہرحال اس قدر ثابت ہے کہ حضرت موسیٰ نے ان سے ملاقات کی تھی اور وہ علم لدنی اور تکوینیات کے بہت بڑے عالم تھے۔ تفسیر خازن میں مذکور ہے کہ اکثر علماء اس بات کے قائل ہیں کہ وہ زندہ جاویدہ شخصیت ہیں اور اہلِ معرفت اور صوفیاء اس عقیدہ پر متفق ہیں۔

**جرجیس**۔ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک حواری کے شاگرد تھے فلسطین میں رہتے تھے۔ اس دور میں موصل کا بادشاہ بہت بڑا ظالم تھا جو لوگوں کو بت پرستی پر مجبور کرتا تھا انھوں نے اس کو نصیحت کی تو اس نے ان کے قتل کے احکام جاری کر دیے۔ یہ متعدد بار قتل کئے گئے لیکن قدرتِ الٰہی ہر بار ان کو زندہ کر دیتی تھی۔ اس معجزے سے بہت سے لوگ ان کے پیرو ہو گئے لیکن سرکشوں کی سرکشی ختم نہیں ہوئی اور بالآخر وہ انہی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

**سامری**۔ بنی اسرائیل میں ایک شخص گذرا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جس وقت کوہ طور پر گئے تو اس نے قوم میں شرارت پیدا کر دی۔ ایک گئوسالہ بنا کر قوم کو اس کی پرستش پر لگا دیا۔ جس سے حضرت موسیٰ بہت برہم ہوئے اور اس کو بد دعائیں دیں جس سے وہ تباہ و برباد ہو گیا۔

**برصیصا**۔ بنی اسرائیل میں سے ایک عیسائی راہب کا نام ہے جو بہت بڑا عبادت گذار تھا۔ ستر سال تک عبادتِ الٰہی میں مصروف رہا لیکن شیطان نے آخر اس پر غلبہ حاصل کیا اس کو ابتداءً عملیات سکھائے جس سے اس کی بہت شہرت ہوئی۔ شاہِ وقت کی ایک لڑکی اس کے پاس دعا کرانے آئی تو اس سے زنا کر بیٹھا،

شہزادی حاملہ ہو گئی تو اس کو قتل کر ڈالا، جس کی پاداش میں اسے بحالتِ کفر کی
حالت میں قتل کر دیا گیا۔

**امام محمد بن عسکری** رحمۃ اللہ علیہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں اور یہ اثنا عشری شیعہ صاحبان کے بارھویں امام ہیں اور ان کے عقیدے کے مطابق انہی کو حضرت خضر کی طرح عمرِ جاوید دی گئی ہے اور وہ اس وقت سُر من رای مقام کے ایک غار میں زیرِ زمین ہیں۔ قیامت کے قریب ان کا ظہور ہوگا اور ان صاحبان کے نزدیک وہی مہدی موعود ہیں جو قیامت کے قریب ظاہر ہو کر دنیا سے ظلم و فساد کو مٹائیں گے۔ اہلِ سنت ان کی وفات کے قائل ہیں اور مہدی موعود بھی ان کو نہیں کہتے ہیں بلکہ مہدی موعود محمد بن عبداللہ کو مانتے ہیں جو حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی نسل سے ہوں گے اور قیامت کے قریب ان کا ظہور ہوگا۔

**بلعم بن باعور**۔ بنی اسرائیل یا قومِ عمالقہ میں سے ایک بہت بڑا زاہد و عابد اور مستجاب الدعوات شخص تھا شیطان نے اس کو اغوا کیا تو وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مخالف ہو گیا جس کی پاداش میں اس کی تمام برکتیں سلب ہو گئیں اور کفر کی حالت میں اس کی موت ہوئی۔

**عوج بن عنق**۔ قومِ عمالقہ میں سے ایک کافر شخص کا نام ہے۔ جس کے قد اور عمر کے بارے میں مبالغہ آمیز قصے منقول ہیں۔ قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر مظہری میں اس کے حالات نقل کرنے کے بعد تحریر فرمایا ہے کہ اس کے حالات بغوی نے بہت مبالغہ آمیز لکھے ہیں جن کو کسی طرح عقل قبول نہیں کرتی ہے اور محدثین بھی ان کا انکار کرتے ہیں۔ اس وقت قوم جبابرہ میں سے ایک بڑے قد اور بڑی طاقت کا آدمی تھا اور یہ قوم بہت قد آور ہیبت ناک تھی۔

**ابو عامر راہب**۔ یہ مدینہ کا رہنے والا تھا اس نے آنحضور کی ہجرت سے قبل مسیحیت اختیار کر لی تھی اور توریت و انجیل کا کافی مطالعہ کر لیا تھا۔ آنحضور کی ہجرت سے قبل نبی آخر الزماں کی بشارتیں لوگوں کو سناتا تھا لیکن آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے بعد اس کو حسد و رشک پیدا ہو گیا اور آنحضور کی مخالفت کرنے لگا۔ آنحضور نے اس کو فہمائش کی مگر کوئی اثر نہ ہوا۔ جنگِ بدر کی فتح کے بعد یہ مدینہ طیبہ سے بھاگ کر مکہ معظمہ میں جا بسا اور قریش کو آنحضور کے خلاف بھڑکاتا رہا جنگِ احد میں قریش کے ساتھ مسلمانوں پر حملہ آور ہوا اور اسی نے مسلمانوں پر سب سے پہلا تیر چلایا۔ پھر جب مکہ فتح ہو گیا تو یہ بھاگ کر ہرقل شہنشاہِ روم کے دربار میں پہنچ گیا اور وہاں بیٹھ کر مسلمانوں اور آنحضور کے خلاف سازشیں کرنے لگا۔ منافقوں نے قبا میں مسجدِ ضرار اسی کے مشورے سے بنائی تھی اور اس کا ارادہ تھا کہ اس کو بلا کر اس مسجد میں بٹھائیں اور مسلمانوں میں تفرقہ پیدا کر دیں۔ آنحضور نے اس سازش کو کامیاب نہ ہونے دیا اور یہ نامراد نا کامی کی حالت میں مدینہ نہ پہنچ سکا اور اسی حالت میں روم میں مرا۔

**جعفر طرار**۔ یہ ایک بہت بڑا حیلہ ساز اور چالاک شخص تھا جیب تراشی میں بھی ماہر تھا۔ اس نے خود مصنوعی پر بھی بنوائے تھے جن کے ذریعہ

بندروں کی طرح اچھل کود کیا کرتا تھا۔

## مذہبی فرقے

**مشبہہ**۔ وہ فرقہ ہے جو خدا کو مخلوقات اور ممکنات سے تشبیہ دیتا ہے۔ حضرت مولانا اشرف علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کلید مثنوی میں فرمایا ہے کہ بعض کامل مشبہ ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو ممکنات کی مخصوص صفات کو بھی حضرت حق تعالیٰ کیلئے ثابت کرتے ہیں جیسے شکل وصورت اور مکان اور جسم وغیرہ۔ پھر ان کامل مشبہ میں باہمی اختلاف ہے۔ حق تعالیٰ کے لئے کوئی ایک شکل ثابت کرتا ہے تو دوسرا کوئی دوسری شکل ثابت کرتا ہے۔

**منزھہ**۔ یہ وہ فرقہ ہے جو حضرت حق تعالیٰ کو ممکنات کی صفات سے پاک وخالی مانتا ہے۔ اس میں بھی ایک کامل منزہ ہیں یہ لوگ وہ ہیں جو ممکنات کے ساتھ مختص اور غیر مختص جملہ صفات سے حضرت حق کو پاک مانتے ہیں حتیٰ کہ صفت علم سے بھی۔ **جامعۃ بین التشبیہ والتنزیہ**۔ یہ وہ جماعت ہے جو اللہ تعالیٰ سے اُن صفات کی تو نفی کرتی ہے جو ممکن کے لئے مخصوص ہیں لیکن وہ صفات جو ممکن کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں اُن کو اللہ کے لئے ثابت کرتی ہے پھر اُن میں بھی دو گروہ ہیں۔ ایک گروہ وہ ہے جو نفس صفات کی نفی کرتا ہے مگر صفات کے آثار اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کرتا ہے اور اُن آثار کا منشا ذات باری تعالیٰ کو بتاتا ہے۔ مثلاً وہ کہتا ہے کہ خدا علیم ہے لیکن صفت علم اُس کے لئے ثابت نہیں ہے بلکہ انکشاف کا منشا اُس کی ذات ہے۔ اسی طرح وہ قدیر ہے لیکن صفت قدرت اُس کے لئے ثابت نہیں۔ قدرت کے جو آثار ہیں اُن کا منشا بھی اُس کی ذات ہے۔ یہ گروہ معتزلہ کا ہے۔ دوسرا گروہ وہ ہے جو صفات کو بھی ثابت کرتا ہے۔ پھر اس دوسرے گروہ میں بھی دو گروہ ہو گئے ہیں۔ ایک تو وہ گروہ ہے جو ان نصوص کی تاویل کرتا ہے۔ جن میں اللہ کے لئے صفت استواء، صفت بطش، صفت ضحک، ید، وجہ وغیرہ آیا ہے یہ گروہ متکلمین کا ہے۔ دوسرا وہ گروہ ہے جو ایسی آیتوں کی کوئی تاویل نہیں کرتا لیکن یہ ضرور کہتا ہے کہ ان صفات کے وہ معنی نہیں ہیں جن معنی کے اعتبار سے یہ ممکنات کے لئے بولی جاتی ہیں اور ان صفات کی حقیقت کو اللہ کے علم کی طرف مفوض کرتا ہے۔ یہ گروہ محدثین کا ہے۔

**معتزلہ**۔ یہ فرقہ واصل ابن عطا کا پیرو ہے۔ اس کی بہت سی شاخیں ہیں جن کے عقائد یہ ہیں قرآن مخلوق ہے۔ بندہ اپنے افعال کا خالق ہے۔ تقدیر کا عقیدہ غلط ہے۔ کبیرہ گناہ کرنے والا مومن نہیں ہے۔ خدا کی صفات نہیں ہیں۔

**دہریہ**۔ وہ فرقہ ہے جو خدا کو نہیں مانتا ہے اور کہتا ہے کہ عالم کا کاروبار بغیر کسی متصرف کے خود چل رہا ہے اور اسی طرح قدیم سے چلا آرہا ہے۔ چونکہ یہ فرقہ دہر اور زمانے کو متصرف مانتا ہے اس لئے اس کو دہریہ کہا گیا ہے۔

**ثنویہ**۔ یہ فرقہ دو خداؤں کا قائل ہے۔ ایک کو یزداں کہتا ہے جو خالق خیر ہے دوسرے کو اہرمن کہتا ہے جو خالق شر ہے

**فرقہ اباحیہ**۔ یہ فرقہ اس بات کا قائل ہے کہ اگر انسان

قلب کا تصفیہ ہو جائے تو پھر اس کے لئے ہر کام جائز ہے۔
پھر اس کے لئے شریعت کے اوامر اور نواہی یکساں ہیں۔
اس سے کسی کبیرہ گناہ کا بھی مواخذہ نہ ہوگا۔

**جبریہ** ۔ اس فرقے کے عقائد ہیں کہ بندہ اپنے افعال میں مجبورِ محض ہے۔ اس فرقے کے انتہا پسند بندے کی طرف افعال کی نسبت کرنے کو ایسا ہی مانتے ہیں جیسا کہ جمادات کی طرف کسی عمل کی نسبت کی جائے۔

**قدریہ** ۔ یہ فرقہ تقدیر کا منکر ہے اور بندہ کو اپنے افعال پر قادرِ مطلق مانتا ہے۔

**سوفسطائیہ** ۔ یہ فرقہ توہم پرست فلاسفہ کے ایک گروہ کا پیرو ہے۔ یہ فلاسفہ اشیاء کی حقیقت کے منکر ہیں ان کی کئی شاخیں ہیں۔

**عنادیہ** ۔ یہ فرقہ اشیاء کی حقیقت کا منکر ہے اور کہتا ہے کہ جن کو حقیقتیں سمجھا جاتا ہے وہ محض وہم اور خیالات ہیں۔

**عندیہ** ۔ یہ فرقہ بھی اشیاء کی حقیقت واقعیہ کا منکر ہے اور کہتا ہے کہ جس چیز کی جو حقیقت فرض کر لی جائے وہی اس کی حقیقت ہے۔ جوہر کو اگر جوہر فرض کر لیا جائے تو وہ جوہر ہے اگر اس کو عرض فرض کر لیا جائے تو وہ عرض ہے۔

**لاادریہ** ۔ اس فرقہ کا عقیدہ ہے کہ کسی چیز کے وجود کا علم ممکن ہے نہ عدم کا۔ بلکہ ہر چیز کا عدم و وجود مشکوک ہے اور یہ شکوک بھی مشکوک ہی ہے۔

سجاد حسین
۱۰ محرم الحرام ۱۳۹۶ھ
یکم فروری ۱۹۷۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مُدّتے ایں مثنوی تاخیر شُد
ایک مدت کی اِس مثنوی میں تاخیر ہوئی
مُہلتے بایست تا خوں شیر شُد
مُہلت درکار ہے تاکہ خون ، دودھ ہے

تا نزاید بختِ تو فرزندِ نو
جب تک تیرا نصیب نیا بچہ نہ جنے
خوں نگردد شیرِ شیریں خوش شنو
خون شیریں دودھ نہیں بنتا، خوب سُن لے

چوں ضیاء الحق حُسام الدیں عناں
جب ضیاء الحق حسام الدین نے باگ
باز گردانید ز اوجِ آسماں
آسمان کی بلندی سے موڑی

چوں بمعراجِ حقائق رفتہ بُود
چونکہ وہ حقائق کی معراج میں پہنچے ہوئے تھے
بے بہارش غنچہا نشگفتہ بُود
اُن کی بہار کے بغیر غنچے نہ کھلے تھے

چوں ز دریا سوئے ساحل باز گشت
جب وہ دریا سے کنارے کی طرف واپس آئے
چنگِ شعرِ مثنوی باساز گشت
مثنوی کے اشعار کی سارنگی باساز بن گئی

مثنوی کہ صیقلِ ارواح بُود
وہ مثنوی جو روحوں کے لئے صیقل تھی
باز گشتش روزِ استفتاح بُود
اُن کی واپسی (مثنوی کیلئے) روزِ استفتاح ہوئی

مطلعِ تاریخِ ایں سودا و سُود
اس سودے اور نفع کی تاریخ کا مطلع
سالِ ہجرت شش صد و شصت و دو بُود
جو ۶۶۲ ہجری کا سال تھا

لہ [illegible] مثنوی کا دوسرا دفتر [illegible] سے شروع ہوا [illegible] جیسے ہو [illegible] الدین جو مثنوی کی تحریر کا باعث تھے [illegible] کے انتقال [illegible] پریشانیاں [illegible] ہوئیں [illegible] کی بے اطمینانی [illegible] سے [illegible] کے مضامین کو ذہن [illegible] اس پر یہ ہے کہ [illegible] دودھ [illegible] میں آتا ہے [illegible] مثنوی [illegible] معراج [illegible] آسمانی [illegible] کی سیر جو [illegible] علیہ وسلم کو [illegible] تھی [illegible] روحانی [illegible] روحانی مضامین عالیہ جن [illegible] میں بیان ہے [illegible] عالم ملکوت [illegible] کو [illegible] عالم ناسوت [illegible] اشعار [illegible] مضامین [illegible] یعنی [illegible] یعنی علوم و معارف کا [illegible] جو دروازہ بند ہو گیا تھا اس کا کھولنا رجب کی پندرہ تاریخ [illegible] رحمت خداوندی کے دروازے کھلنے میں اور خانہ کعبہ کا دروازہ زائرین کے لئے کھول دیا جاتا ہے۔ مطلع تاریخ وہ شعر یا عبارت جس کے حروف سے ابجدی حساب سے تاریخ نکلتی ہے۔ سودا یعنی تجارت، سود یعنی نفع۔

بلبلے[1] زینجا برفت و بازگشت — بہرِ صیدِ ایں معانی بازگشت
بلبل اس جگہ سے گئی اور واپس لوٹی — ان معانی کے شکار کے لئے باز بن گئی

ساعدِ شہ مسکنِ ایں باز باد — تا ابد بر خلق ایں در باز باد
(خدا کرے) اس باز کا ٹھکانا شاہ کی کلائی ہو — قیامت تک مخلوق پر یہ دروازہ کھلا رہے

آفتِ ایں در ہوا و شہوت است — ورنہ اینجا شربت اندر شربت است
اس دروازہ کی آفت خواہشِ نفسانی اور شہوت ہے — ورنہ یہاں پر شربت ہی شربت ہے

ایں دہاں بربند تا بینی عیاں — چشم بندِ آں جہاں حلق و دہاں
اس منہ کو بند رکھ تاکہ تو (اسرار و معارف) کو آنکھ سے دیکھے — اُس جہان (آخرت) کیلئے منہ اور حلق آنکھوں کی پٹی ہیں

اے دہاں[2] تو خود دہانہ دوزخی — وے جہاں تو بر مثالِ برزخی
اے منہ! تو دوزخ کا دہانہ ہے — اور اے دنیا! تو برزخ جیسی ہے

نورِ باقی پہلوئے دنیائے دوں — شیرِ صافی پہلوئے جوہائے خوں
ناچیز دنیا کے پہلو میں باقی (رہنے والا) نور ہے — خون کی نہروں کے پہلو میں صاف دودھ ہے

چوں درو گامے زنی بے احتیاط — شیرِ تو خوں می شود از اختلاط
اگر تو اس میں ایک قدم بغیر احتیاط کے رکھے گا — خلط ملط ہو کر تیرا دودھ خون بن جائیگا

یک قدم زد آدمؑ اندر ذوقِ نفس — شد فراقِ صدرِ جنت طوقِ نفس
نفسانی خوشی میں آدمؑ نے ایک قدم رکھا — (تو) جنت کے صدر (مقام) کی جدائی گلے کا ہار بنگئی

ہمچو دیو از وے فرشتہ می گریخت — بہرِ نانِ چند آبِ چشم ریخت
فرشتہ اُن سے ایسا بھاگتا تھا جیسا کہ شیطان — چند روٹیوں کی وجہ سے کس قدر آنسو بہائے

گرچہ[3] یک مو بد گنہ کو جستہ بود — لیک آں مو در دو دیدہ رستہ بود
اگرچہ وہ گناہ جو انہوں نے کیا بال برابر تھا — لیکن وہ بال (گویا) دونوں آنکھوں میں اُگا تھا

بود آدمؑ دیدۂ نورِ قدیم — موئے در دیدہ بود کوہِ عظیم
آدمؑ تو قدیم نور کی آنکھ تھے — (لیکن) آنکھ میں بال بڑا پہاڑ ہوتا ہے

---

ذوق۔ یعنی جنت سے جُدائی ہوگئی۔ دیو۔ آدمؑ سے شیطان متنفر تھا اب فرشتے بھاگنے لگے۔
بہرِ نان۔ یعنی گیہوں کے لئے۔
[3] گرچہ حضرت آدمؑ کی خطا معمولی تھی لیکن "نزدیکاں را بیش بود حیرانی" کی رُو سے اُن پر عتاب ہوگیا
بود آدمؑ۔ معمولی خطا حضرت آدمؑ کے اعتبار سے بڑی سمجھی گئی جیسا کہ آنکھ جیسی شفاف چیز میں معمولی بال بھی بڑا پہاڑ بن جاتا ہے۔

[1] بلبلے یعنی مولانا حسام الدین جو کہ مضامین عالیہ کا شکار نہیں کر سکے تھے۔ زینجا یعنی عالم ناسوت۔ برفت۔ یعنی عالم ملکوت میں گئے۔ بازگشت۔ واپس ہوئے۔ بازِ شاہی یعنی مولانا حسام الدین مضامین عالیہ کا شکار کرنے کے قابل ہو گئے۔ این در یعنی مضامین عالیہ کے فیضان کا دروازہ جو مثنوی کے ذریعہ کھلا ہے۔ آفت۔ [illegible] بند [illegible] شہوت نفس سے [illegible]۔ ایں دہاں یعنی حلق اور زبان کی لذتوں سے دست کش ہو جا۔ شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں ؎
اندروں از طعام خالی دار
تا درو نورِ معرفت بینی
[illegible] یعنی معلوم اور [illegible] اسرارِ معرفت سے مانع ہیں
[2] اے دہاں۔ اگر انسان حرام لقمہ کھاتا ہے تو دوزخ میں پہنچ جاتا ہے۔ برزخ۔ دو چیزوں کے درمیان آڑ دنیاوی زندگی جنتی اور دوزخی زندگی کے درمیان ہے اس میں جنت اور جہنم دونوں کے آثار ہیں۔ نورِ باقی۔ ابدی روشنی، ہدایت۔ شیرِ صافی یعنی اعمال صالحہ۔ جوہائے خوں یعنی معاصی۔ گام۔ قدم۔ احتیاط۔ بچاؤ۔ شیرِ تو یعنی نیکی بُرائی سے مل جائیگی۔ ذوقِ نفس۔ خلود کے شوق میں ممنوعہ درخت سے کھایا

گر دراںؒ دم او بکردے مشورت — در پشیمانی نگفتے معذرت
اگر وہ اُس وقت مشورہ کر لیتے — (تو) شرمندگی میں معذرت نہ کرتے

زانکہ با عقلے چو عقلے جفت شد — مانع بد فعلی و بد گفت شد
اسلئے کہ ایک عقل جب دوسری عقل کی شریک بنی — تو بُرے کام اور بُری بات سے مانع ہوئی

نفس با نفسِ دگر چوں یار شد — عقلِ جزوی عاطل و بیکار شد
ایک نفس جب دوسرے نفس کا یار بنا — ناقص عقل معطل اور بے کار ہوئی

گر ز تنہائی چو ناہیدے شوی — زیرِ ظلِ یار خورشیدے شوی
اگر تو تنہائی میں زہرہ جیسا بنے گا — یار (رہبر) کے سایہ میں آفتاب بنے گا

رو بجو یارِ خدائے را تو زود — چوں چناں کردی خدا یارِ تو بود
جا، خدا کے دوست کی جلد تلاش کیلے — جب تونے ایسا کر لیا تو خدا تیرا دوست ہے

آنکہ در خلوت نظر بر دوختست — آخر آں را ہم ز یار آموختست
جس نے خلوت کو مطمحِ نظر بنا لیا ہے — آخر اُس (خلوت پسندی) کو بھی یار سے سیکھا ہے

خلوت از اغیار باید نے ز یار — پوستیں بہرِ دے آمد نے بہار
گوشہ نشینی غیروں سے چاہئے نہ کہ یار سے — پوستین ماگھ کے مہینہ کیلئے ہے، نہ کہ موسمِ بہار کیلئے

عقل با عقلِ دگر دوتا شود — نور افزوں گشت و رہ پیدا شود
عقل، دوسری عقل کے ساتھ مل کر دوگنی ہو جاتی ہے — روشنی بڑھ جاتی ہے اور راستہ نمایاں ہو جاتا ہے

نفس با نفسِ دگر دوتا شود — ظلمت افزوں گشت و رہ پنہاں شود
نفس، نفس کے ساتھ مل کر دوگنا ہو جاتا ہے — اندھیرا بڑھ جاتا ہے اور راستہ چھپ جاتا ہے

یار چشمِ تست اے مردِ شکار — از خس و خاشاک اُو را پاک دار
اے شکاری! یار تیری آنکھ ہے — کوڑے کرکٹ سے اُس کو محفوظ رکھ

ہیں بجاروبِ زباں گردے مکن — چشم را از خس رہ آوردے مکن
خبردار! زبان کی جھاڑو سے گرد نہ اُڑا — آنکھ کو تنکے کا تحفہ نہ دے

چونکہ مومنؒ آئینہ مومن بود — روئے اُو ز آلودگی ایمن بود
جبکہ مومن، مومن کا آئینہ ہوتا ہے — اُس کا چہرہ آلودگی سے محفوظ رہنا چاہئے

ؒ مومن۔ حدیث شریف میں ہے۔ "المؤمن مرآۃ المؤمن" یعنی جس طرح آئینہ عیب کی دیتا ہے اور اُس کو مشہور نہیں کرتا ہے۔ اسی طرح ایک مومن کو دوسرے مومن کے ساتھ معاملہ کرنا چاہیے۔ ایمن۔ محفوظ۔

ؒ گر دراں۔ گناہ سے بچ جانے کی ترکیب یہ ہے کہ اہلِ علم سے مشورہ کر لیا جائے۔ عقلے یعنی مشورہ کرنے والے کی عقل اور صاحبِ معرفت کی عقل۔ نفس۔ یعنی امارہ نفس۔ عقلِ جزوی۔ ناقص عقل لہذا بُری صحبت سے بچنا ضروری ہے۔ ناہید۔ زہرہ ستارہ یار۔ پیر کی صحبت تنہائی کی عبادت سے زیادہ فیض رساں ہے۔ زود۔ اہل اللہ کی صحبت اللہ کے قرب کا سبب ہے۔ خلوت۔ تنہائی۔ نظر بر دوختن۔ کسی کو مطمحِ نظر بنا لینا۔ یار یعنی خلوت پسندی کے فوائد کسی شیخ کی صحبت میں ہی سیکھے ہیں لہذا صحبت مفید ہوئی۔ اغیار۔ بیگانے۔ پوستین۔ بال دار کھال کا لباس دے۔ ماگھ کا مہینہ جس میں سخت سردی پڑتی ہے۔
ؒ بہار یعنی پھاگن کا مہینہ، ہر خلوت میں فضیلت نہیں ہے۔ اغیار سے خلوت مفید ہے یار کے ساتھ صحبت مفید ہے۔ دوتا۔ دوگونہ۔ نور افزوں گشت۔ شیخ کی صحبت نور افزا ہے اُس سے خلوت اختیار کرنا مفید نہیں ہے۔ نفس۔ بُرے ساتھی سے خلوت مفید ہے۔ یار۔ جبکہ صحبتِ شیخ ضروری ہے تو اُس کے آداب کا لحاظ رکھنا بھی ضروری ہے۔ مردِ شکار۔ شکاری۔ ہیں۔ شیخ کی شان میں بدگوئی نہ ہونی چاہیئے۔ پاک دار۔ شیخ راہِ ہدایت دکھاتا ہے لہذا، آنکھ کا کام دیتا ہے

یار آئینہ ست جاں را در حزن[1] — در رخ آئینہ اے جاں دم مزن
غم میں، یار جان کا آئینہ ہے — اے پیارے! آئینہ پر پھونک نہ مار

تا نپوشد روئے خود را از دمت — دم فرو بردن بباید ہر دمت
تاکہ تیری پھونک سے وہ اپنا منہ نہ چھپالے — ہر وقت تجھے سانس گھونٹے رہنا چاہیئے

کم ز خاکی! چونکہ خاکے یار یافت — از بہارے صد ہزار انوار یافت
کیا تو مٹی سے بھی کم ہے؟ جب مٹی نے یار کو پالیا — ایک بہار سے لاکھوں کلیاں حاصل کرلیں

آں[2] درختے کو شود با یار جفت — از ہوای خوش ز سر تا پا شگفت
وہ درخت جو یار کا ساتھی بنا — عمدہ ہوا سے سر سے پیر تک کھل گیا

در خزاں چوں دید او یار خلاف — در کشید او زود سر زیر لحاف
خزاں کے موسم میں جب اس نے مخالف ساتھی کو دیکھا — اس نے فوراً سر لحاف کے نیچے کرلیا

گفت یار بد بلا آشفتن ست — چونکہ او آمد طریقم خفتن ست
اس نے کہا، بُرا ساتھی مصیبت ہے — جب وہ آگیا تو میرا شیوہ سوجانا ہے

پس بخسپم باشم از اصحاب کہف — بہ ز دقیانوس باشد خواب کہف
پس میں سوجاتا ہوں اصحاب کہف میں سے ہوجاتا ہوں — غار میں سونا، دقیانوس (کی صحبت) سے بہتر ہے

یقظہ[3] شاں مصروف دقیانوس بود — خواب شاں سرمایۂ ناموس بود
اُن کی بیداری دقیانوس پر صرف ہوتی تھی — ان کا سوجانا عزت کا سرمایہ تھا

خواب بیداری ست چوں با دانش ست — وائے بیدارے کہ با ناداں نشست
جو نیند عقلمندی سے ہے، وہ بیداری ہے — اس بیدار پر افسوس ہے جو ناداں کے ساتھ بیٹھا

چونکہ زاغاں خیمہ بر گلشن زدند — بلبلاں پنہاں شدند و تن زدند
چونکہ کوؤں نے باغ میں ڈیرے ڈال دیئے — بلبلیں چھپ گئیں اور چپ ہوگئیں

زانکہ بے گلزار بلبل خامش ست — غیبت خورشید بیداری کش ست
جس طرح کہ بغیر چمن کے بلبل چپ ہے — سورج کا غروب بیداری ختم کردینے والا ہے

---

[1] حزن۔ غم یعنی حالت انقباض۔ دم زدن پھونک مارنا، پھونک سے آئینہ دھندلا ہوجاتا ہے۔ ہر دمت یعنی کسی وقت بھی شیخ کے سامنے اف زنی نہ کرنی چاہیئے۔ خاک۔ جب زمین اپنے یار موسم بہار سے ہم صحبت ہوتی ہے تو طرح طرح کے پھول اُگا دیتی ہے مرید کو بھی شیخ کی صحبت سے اسی طرح کا استفادہ کرنا چاہیئے۔ انوار۔ جمع نور یعنی غنچہ وکلی۔

[2] آں۔ موسم بہار درخت کیلئے یار موافق ہے اسکی صحبت سے درخت شگفتہ ہوجاتا ہے اسی طرح پیر کی صحبت باعث شگفتگی ہوتی ہے۔ در خزاں۔ موسم خزاں درختوں کے لئے یار ناموافق ہے درخت اُس کی صحبت پسند نہیں کرتے ہیں لہٰذا سوجاتے ہیں یعنی بدصحبت سے خلوت میں سوجانا بہتر ہے۔ اصحاب کہف۔ ان کا پورا قصہ دفتر اول میں گذر چکا ہے اُن کے دور میں دقیانوس ظالم بادشاہ تھا یہ بزرگ لوگ اس سے جدا ہوکر غار کی تنہائی میں جاکر سو گئے تھے۔

[3] یقظہ۔ بیداری۔ مصروف۔ زیر استعمال۔ ناموس۔ عزت۔ خواب۔ وہ سونا جو بہتر مقصد کے پیش نظر ہو اُس بیداری سے بہتر ہے جس میں بُرے لوگوں کی صحبت ملے۔ دانش۔ عقل۔ وائے بیدارے۔ افسوس ہے۔ ناداں۔ عقل سے خالی۔ زاغاں۔ زاغ کی جمع ہے۔ کوا یعنی نا اہل لوگ۔ خیمہ زدن۔ مقیم ہوجانا۔ بلبلاں یعنی اہل حق۔ تن زدن۔ خاموش ہوجانا۔ گلزار، گلشن یعنی حق کے طالب لوگ۔ غیبت خورشید۔ سورج کے غروب کرجانے سے بیداری کے جھنجھٹ ختم ہوجاتے ہیں۔ اِسی طرح طالبین کے غائب ہوجانے سے شیخ پر خاموشی طاری ہوجاتی ہے۔

آفتابؔ ار ترک ایں گلشن کند — تا کہ تحت الارض را روشن کند
سورج اگر اس چمن کو چھوڑتا ہے — تو اس لئے کہ زمین کے نچلے حصہ کو روشن کرے

ق
آفتابِ معرفت را نقل نیست — مشرقِ او غیرِ جان و عقل نیست
معرفتِ (خداوندی) کے سورج (پیر) کیلئے منتقل ہونا (نہیں) — اس کی مشرق صرف روح اور عقل ہے

خاصہ خورشیدِ کمالِ کاں سریست — روز و شب کردارِ او روشنگریست
خصوصاً وہ آفتابِ کمال جو اس جانب کا ہے — اس کا کام دن رات روشن کرنا ہے

مطلعِ شمس آی گر اسکندری — بعد ازاں ہر جا روی نیکوفری
اگر تو سکندر ہے تو سورج کے طلوع ہونیکی جگہ پر آ — اس کے بعد جہاں جائے گا نیک بخت ہوگا

بعد ازاں ہر جا روی مشرق بود — شرقہا بر مغربت عاشق شود
اس کے بعد تو جہاں جائے گا مشرق ہوگی — مشرقیں تیری مغرب پر عاشق ہونگی

حسِ خفاشت سوئے مغرب دواں — حسِ دُرپاشت سوئے مشرق رواں
تیری چمگادڑ والی حس مغرب کی طرف دوڑنے والی ہے — تیری موتی برسانے والی حس مشرق کی جانب رواں ہے

راہِ حس راہِ خران ست اے سوار — اے خراں را تو مزاحم شرم دار
اے سوار! حس کا راستہ گدھوں کا راستہ ہے — تو گدھوں سے بھڑتا ہے، شرم کر

پنج حسے ہست جُز ایں پنج حس — آں چو زرِ سرخ وایں حسہا چو مس
ان پانچ حواس کے علاوہ پانچ حس اور ہیں — وہ سرخ سونے کی طرح ہیں اور یہ حواس تانبے کیطرح ہیں

اندراں بازار کاہلِ محشر اند — حسِ مس را چوں حسِ زر کے خرند
جس بازار میں اہلِ محشر ہیں — تانبے کے حس کو سونے کے حس کی طرح کب خریدتے ہیں؟

حسِ ابداں قوتِ ظلمت می خورد — حسِ جاں از آفتابے می چرد
بدنوں کی حس ظلمت سے روزی حاصل کرتی ہے — روح کی حس آفتاب سے غذا حاصل کرتی ہے

اے ببردہ رختِ حسہا سوئے غیب — دست چوں موسیٰ برون آور ز جیب
اے (وہ ذات) جو حس کے سامان کو غیب کیطرف لے — موسیٰؑ کی طرح ہاتھ کو گریبان سے باہر نکال

اے صفاتت آفتابِ معرفت — وآفتابِ چرخ بندِ یک صفت
اے وہ کہ تیری صفات پہچان کے لئے سورج ہیں — اور آسمان کا سورج ایک صفت کا پابند ہے

---

میں لطائف ستہ کی قیمت اٹھے گی۔ قوت۔ روزی۔ حسِ جاں۔ لطائف۔ آفتاب یعنی ذاتِ باری۔ **ک** آے یہاں سے مولانا نے مناجات شروع کردی ہے۔ دست چوں موسیٰ۔ حضرت موسیٰ کا یدِ بیضا تاریکی کو دور کردیتا تھا۔ برآں آفتاب کہ تیری تجلی نورِ ہدایت جہل کی تاریکی کو دور کردے۔ صفاتت۔ صفاتِ خداوندی ذات کی معرفت کا ذریعہ ہیں۔ آفتابِ چرخ۔ سورج بھی صفتِ باری کا مظہر ہے۔

لہ آفتاب۔ سورج کو فیض رسانی کیلئے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا پڑتا ہے۔ زمین کی فوقانی سطح سے منتقل ہوکر زمین کی تحتانی سطح کے باشندوں کو نور پہنچاتا ہے لیکن شیخ اپنی جگہ رہتا ہے اور زمین کے ہر حصہ کے باشندوں کو فیض پہنچاتا ہے۔ آفتابِ معرفت۔ شیخِ کامل۔ مشرق۔ سورج کے طلوع کرنے کی جگہ جہاں شیخ کی توجہ سے روح اور عقل روشنی حاصل کرتی ہے۔ خورشیدِ کمال۔ اللہ تعالیٰ۔ آں سر۔ اُس جانب یعنی ذاتِ باری عالمِ امکان سے ورا ہے۔ روشنگری۔ روشنی پہنچانا۔ اسکندری۔ سکندر ذوالقرنین کا واقعہ قرآن پاک میں مذکور ہے، یہ نیک بادشاہ تھا اور اس نے مشرق سے مغرب تک اپنی سلطنت کو وسیع کردیا تھا۔ مطلعِ شمس۔ اہل اللہ۔ نیکوفر۔ باقبال۔ مشرق۔ یعنی مطلعِ انوار۔ مغربت یعنی تیرے وہ حالات جن میں انوار کی کمی ہوگی اس پر مشرقیں قربان ہوں گی۔
**ٹ** حسِ خفاشت۔ حواسِ خمسہ ظاہرہ مادی چیزوں کا ادراک کرتے ہیں اور وہ ظلمت کے طالب ہیں۔ حسِ دُرپاش۔ انسان کے لطائفِ ستہ قلب، روح، نفس، سِر، خفی، اخفیٰ مراد ہیں جنکے انکشافات پر معرفتِ حق مبنی ہے۔ آں چو زر۔ مادی حواس لطائف کے مقابلہ میں تکے ہیں۔ بازار۔ آخرت کے بازار

گاہ خورشید و گہے دریا شوی ¹ | گاہ کوہِ قاف و گہ عنقا شوی
تو کبھی سورج اور کبھی دریا (میں متجلی) ہوتا ہے | کبھی کوہِ قاف (میں) اور کبھی عنقا (کی طرح بے نشان) ہوتا ہے

تو نہ این باشی نہ آں در ذاتِ خویش | اے فزوں از وہمہا و ز بیش بیش
اپنی ذات میں تو نہ یہ ہے نہ وہ ہے | اے وہ ذات جو وہموں سے آگے ہے اور آگے سے بھی آگے ہے

روح ² با علم ست و با عقل ست یار | روح را با تازی و ترکی چہ کار
روح علم اور عقل کی ساتھی ہے | روح کو ترکی یا عربی سے کیا واسطہ!

از توائے بے نقش با چندیں صور | ہم مشبہ ہم موحد خیرہ سر
اے بے نقش! اتنے مظاہر کے ہوتے ہوئے تیری وجہ سے | اہلِ تشبیہ بھی اور اہلِ توحید بھی حیران ہیں

گہ مشبہ را موحد می کنی | گہ موحد را بصورت رہزنی
تو کبھی اہلِ تشبیہ کو اہلِ توحید بنا دیتا ہے | کبھی اہلِ توحید کا صورت کی وجہ سے رہزن ہوتا ہے

گہ ترا گوید ز مستی بوالحسن | یا صغیر السن یا رطب البدن
کبھی مستی میں ابوالحسن تجھے کہتا ہے | اے کم عمر! اے نازک بدن!

گاہ ³ نقشِ خویش ویراں می کند | از پئے تنزیہ جاناں می کند
کبھی وہ اپنے نقش کو مٹاتا ہے | تنزیہ کے لئے اپنی جان کھوتا ہے

چشمِ حس را ہست مذہب اعتزال | دیدہ عقل ست سنی در وصال
حس کی آنکھ کا مذہب اعتزال ہے | وصل کے معاملہ میں عقل کی آنکھ سنی ہے

سخرۂ حس اند اہلِ اعتزال | خویش را سنی نمایند از ضلال
حس کے پابند معتزلی ہیں | غلطی سے اپنے آپ کو سنی ظاہر کرتے ہیں

ہر کہ در حس ماند او معتزلی ست | گرچہ گوید سنیم از جاہلی ست
جو حس میں (پھنسا) رہا وہ معتزلی ہے | اگرچہ وہ کہے "میں سنی ہوں" نادانی ہے

ہر کہ از حسِ خدا دید آیتے | در برِ حق ہست بہرِ طاعتے
جس نے حسِ خداوندی کے ذریعہ کوئی نشانی دیکھ لی | وہ اطاعت کیلئے اللہ (تعالیٰ) کی جناب میں ہے

ہر کہ بیروں شد ز حس سنی وے ست | اہلِ بینش چشمِ عقلِ خویش بست
جو شخص حس سے بالاتر ہو گیا وہ سنی ہے | اہلِ نظر نے اپنی عقل کی آنکھ بند کر لی ہے

---

سنی تو حقیقتاً وہ ہے جو باطنی بصیرت پیدا کرے اور دیدارِ حق کر سکے۔ حسِ خدا۔ حسِ باطن۔ آیت۔ نشانی۔ بر۔ پیش۔ جناب۔ بہرِ طاعتے۔ اللہ کی کسی شان میں اللہ کے جمال کا مشاہدہ کرنا مستقل عبادت ہے۔ اہلِ بینش۔ صاحبِ نظر عقل و حواس سے کام نہیں لیتا ہے وہ بصیرتِ قلبی سے کام لیتا ہے۔

¹ گاہ خورشید۔ یہ تمام چیزیں مظاہرِ قدرت ہیں۔ تو نہ۔ مظاہرِ قدرت عینِ ذاتِ باری نہیں ہیں اُس کی ذات وہم سے بھی وراء الوراء ہے۔

² روح۔ روح اگرچہ مادی بدن میں متصرف ہے لیکن مادی اثر سے منزہ ہے۔ مشبہ۔ وہ لوگ جو خدا کو مخلوقات سے تشبیہ دیتے ہیں۔ موحد۔ وہ لوگ جو خدا کو ذات و صفات میں یکتا مانتے ہیں۔ خیرہ سر۔ حیران یعنی دونوں گروہوں میں سے اُس کی حقیقت تک کوئی نہیں پہنچ سکا۔ گہ مشبہ۔ مشبہ حیران ہو کر تنزیہ کا قائل ہو جاتا ہے اور موحد بیچارہ کبھی موحد حیران ہو کر تشبیہ کا قائل ہو جاتا ہے۔ ابوالحسن۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کنیت ہے مراد عارفِ کامل ہے جو کسی بچہ میں جلوہ دیکھ کر مشبہ کے الفاظ بول جاتا ہے۔ صغیر السن۔ کم عمر۔ رطب البدن۔ نازک بدن۔

³ گاہ۔ موحد غلبۂ تنزیہ میں اپنے وجود کو ہی معدوم سمجھنے لگتا ہے اور صرف ذاتِ واحد کو موجود مانتا ہے۔ چشمِ حس۔ ظاہری آنکھ۔ مذہبِ اعتزال۔ معتزلہ کا عقیدہ کہ حشر میں بھی دیدارِ خدا ناممکن ہے۔ دیدۂ عقل۔ باطنی بصیرت کا تقاضہ ہے کہ دیدارِ حق ہو گا یہ اہلِ سنت والجماعت کا عقیدہ ہے۔ سخرۂ حس۔ جو سُنی محض حسِ ظاہری رکھتے ہیں وہ بھی حقیقتاً معتزلی ہیں آنکھ کبھی دیدارِ حق سے مشرف نہ ہوگا

گر بدیدے حسِ ؎۱ حیواں شاہ را — پس بدیدے گاؤ و خر اللہ را
اگر حیوانی حس، شاہ کو دیکھ سکتی — تو گاؤ اور خر (بھی)، اللہ تعالیٰ کو دیکھ لیتے

گر نبودے حسِ دیگر مر ترا — جز حسِ حیوان بیروں از ہوا
اگر دوسری حس تیرے لئے مخصوص نہ ہوتی — حیوانی حس کے علاوہ خواہشِ نفسانی سے بالاتر

پس بنی آدمؑ مکرّم کے بُدے — کے بہ حسِ مشترک محرم شدے
تو بنی آدمؑ مکرّم کب ہوتے؟ — مشترک حس کی وجہ سے محرم (راز) کب ہوتے؟

نامصوّر ؎۲ یا مُصوّر گفتنت — باطل آمد بے ز صورت رَفتنت
تیرا (خدا کو) باصورت یا بے صورت کہنا — بے کار ہے جب تک کہ تو صورت سے نہ گزر جائے

نامصوّر یا مُصوّر پیشِ اوست — کو ہمہ مغزست بیروں شد ز پوست
باصورت یا بے صورت تو اُس کے سامنے ہے — جو مجسّم مغز ہے، چھلکے سے بالا ہے

گر تو کوری نیست بر اعمیٰ حَرج — ورنہ رَو کالصّبرُ مفتاحُ الفرج
اگر تو اندھا ہے تو اندھے پر کوئی گناہ نہیں — ورنہ جا "صبر کرنا کشادگی کی کنجی ہے"

پردہائے دیدہ را داروئے صبر — ہم بسوزد ہم بسازد شرحِ صدر
(ظاہری) آنکھ کے پردوں کو داروئے صبر — جلا بھی دیتی ہے اور شرحِ صدر بھی کر دیتی ہے

آئینۂ ؎۳ دل چوں شود صافی و پاک — نقشہا بینی بروں از آب و خاک
دل کا آئینہ جب صاف و پاک ہو جائے گا — تو آب و خاک سے بالاتر نقش دیکھے گا

ہم بہ بینی نقش و ہم نقاش را — فرشِ دولت را و ہم فرّاش را
نقش بھی دیکھے گا اور نقاش کو بھی — دولت کے فرش کو اور نیز فرش کرنے والے کو

چوں خلیل آمد خیالِ یارِ من — صورتش بُت معنیِ اُو بُت شکن
میرے یار کا خیال خلیل (اللہ) کی طرح ثابت ہوا — اُس کا ظاہر بُت اور اُس کی حقیقت بُت شکن ہے

شکر یزداں را کہ چوں اُو شد پدید — در خیالِ اُو خیالِ حق رسید
خدا کا شکر ہے کہ وہ جب ظاہر ہوا — اُس کے تصور میں اللہ تعالیٰ کا تصور حاصل ہوا

شکرِ مُعطی را کہ چوں اُو در رسید — در خیالش جاں خیالِ خود بدید
داتا کا شکر ہے کہ جب وہ خیال میں آیا — اُس کے خیال میں جان نے اپنا خیال دیکھا

---

نے اللہ تعالیٰ کے تصور تک پہنچا دیا۔ چوں او۔ تصورِ شیخ یعنی شیخ کے تصور کے ذریعہ میں اپنے نفس کی حقیقت معلوم ہوگئی اور اُس کے ذریعہ معرفت خداوندی حاصل ہوئی۔ مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ "جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اُس نے خدا کو پہچان لیا"

؎۱ حسِ حیواں۔ ظاہری حس۔ شاہ۔ اللہ تعالیٰ۔ حسِ دیگر۔ حسِ باطنی۔ بیروں از ہوا۔ ہوا و ہوس سے بالاتر۔ مکرّم۔ قرآن میں ہے لَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ "اور البتہ ہم نے بنی آدم کو عزت دی"۔ حسِ مشترک یعنی وہ حواس جو حیوان اور انسان میں مشترک ہیں۔ محرم۔ رازدار۔
؎۲ نامصوّر یعنی خدا کا باصورت ہونا یا صورت سے منزہ ہونا اُس شخص کیلئے متحقق ہے جو مجاہدہ کر کے سراپا مغز بن گیا ہو۔ کوری۔ کور ہستی۔ اعمیٰ۔ نابینا۔ حرج۔ تنگی۔ گناہ۔ ورنہ۔ اگر استعداد ہی مفقود ہے تو مجبوری ہے ورنہ صبر سے مجاہدات کروگے تو یہ مقام حاصل ہو جائے گا۔ بسوزد۔ یعنی صبر آنکھوں کے پردے ہٹا دے گا۔
؎۳ آئینۂ دل۔ بغیر اضافت کے پڑھا جائے۔ آب و خاک۔ عالمِ ناسوت۔ نقش یعنی مخلوق۔ نقاش یعنی خالق۔ فرشِ دولت۔ دربار۔ فرّاش یعنی اللہ تعالیٰ۔ خلیل۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ۔ خیالِ یار۔ تصورِ شیخ۔ حضرت ابراہیمؑ نے ستارے کو دیکھ کر ھٰذَا رَبِّیْ "یہ میرا رب ہے" کہا یہ ایک تدبیر تھا جو بظاہر بُت پرستی تھی لیکن دراصل اُس کا اثبات اس کے ابطال کیلئے تھا جو بُت شکنی تھی۔ اسی طرح تصورِ شیخ بظاہر بُت پرستی ہے لیکن چونکہ وہ اللہ تک پہنچاتا ہے اسلئے حقیقتاً وہ بُت شکنی ہے۔ شکر یزداں۔ تصورِ شیخ

خاکِ درگاہت دلم را می فریفت[1] | خاک بر وے کو ز خاکت می شگیفت
تیری درگاہ کی خاک نے میرے دل کو فریفتہ کر لیا | اُس پر خاک جس نے تیری خاک سے بے نیازی کی

گفتم ار خوبم پذیرد ایں ازو | ورنہ خود خندید بر من زشت رُو
میں نے کہا اگر میں اچھا ہوں تو وہ (اللہ) اِس (خوبی) کو اُس دل سے قبول کرے گا | ورنہ مجھ بد صورت پر ہنس دے گا

چارہ آں باشد کہ خود را بنگریم | در خورِ آنیم و یا نادر خوریم
تدبیر یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو دیکھیں | ہم اُس کے لائق ہیں یا نالائق ہیں

اُو جمیل ست و یُحِبُّ للجمال | کے جوانِ نو گزیند پیرہ زال
وہ حسین ہے اور حُسن کو پسند کرتا ہے | بوڑھی عورت کو نوجوان کب قبول کرتا ہے؟

طَیّبات از بہرِ کہ لِلطَّیِّبیں | خوب خوبی را کند جذب ایں یقیں
پاکیزہ عورتیں کس کے لئے ہیں؟ پاک مَردوں کے لئے | اچھا، اچھائی کو جذب کرتا ہے یہ یقینی بات ہے

خوب خوبی را کند جذب[2] ایں بداں | طیّبات و طیّبین بر وے بخواں
اچھا، اچھائی کو جذب کرتا ہے، سمجھ لے | طیّبات اور طیّبین اُس پر پڑھ دے

در ہر آں چیزے کہ تو ناظر شوی | می کُند با جنس سَیر اے معنوی
تو جس چیز کو بھی دیکھے گا | اے معنی شناس! وہ اپنی ہم جنس کیساتھ ملتی ہے

در جہاں ہر چیز چیزے جذب کرد | گرم گرمی را کشید و سرد سرد
دنیا میں ہر ایک چیز نے ایک چیز کو جذب کیا ہے | گرم نے گرمی کو کھینچا اور سرد نے سردی کو

قِسمِ[3] باطل باطلاں را می کشند | باقیاں از باقیاں ہم سرخوشند
باطل قِسم باطلوں کو کھینچتی ہے | باقی رہنے والے باقی رہنے والوں سے خوش ہیں

ناریاں مر ناریاں را جاذب اند | نوریاں مر نوریاں را طالب اند
جہنمی جہنمیوں کو کھینچنے والے ہیں | نوری، نوریوں کے طالب ہیں

صاف را ہم صافیاں راغب شوند | دُرد را ہم تیرگاں جاذب بوند
صاف لوگ صاف کی طرف راغب ہوتے ہیں | بد باطن، تلچھٹ کو حاصل کرتے ہیں

زنگ را ہم زنگیاں باشند یار | روم را با رومیاں افتاد کار
حبشی کے حبشی دوست ہوتے ہیں | رومی کا، رومیوں سے واسطہ ہے

چشم چوں بستی تُرا جاں کندنیست | چشم را از نورِ روزن صبر نیست
تو نے جب آنکھ بند کی، تجھے بیقراری ہے | آنکھ روزن کے نُور سے صبر نہیں کر سکتی ہے

[1] فریفتن۔ عاشق بنانا۔ شگیفتن۔ بے نیاز ہونا۔ ازو۔ از دل۔ زشت رو۔ بد صورت۔ چارہ۔ تدبیر۔ در خور۔ لائق۔ پیرہ زال۔ بوڑھی عورت۔ ایں یقیں۔ یہ یقینی بات ہے۔

[2] جذب۔ کشش۔ طیّبات۔ قرآن پاک میں ہے۔ اَلطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ "پاک عورتیں پاک مَردوں کے لئے ہیں"۔ ناظر۔ دیکھنے والا۔ اے معنوی۔ اے حقیقت بیں۔

[3] قسم۔ فرقہ، گروہ۔ باقیان۔ اہلِ ہدایت۔ ناریاں۔ جہنمی۔ نوریاں۔ جنتی۔ صافیاں۔ صاف باطن۔ تیرگاں۔ سیاہ باطن۔ زنگ۔ حبشی۔ روم۔ رومی۔ جاں کندنی۔ گھبراہٹ۔ روزن۔ روشندان۔

چشم چوں بستی ترا تاسہ گرفت ... نورِ چشم از نورِ روزن می شگفت
جب تو نے آنکھ بند کی تجھے گھبراہٹ نے پکڑا ... آنکھ کا نور روزن کے نور سے کھلتا ہے

تاسہٴ تو جذبِ نورِ چشم بود ... تا بہ پیوندد بہ نورِ روز زود
تیری بیقراری آنکھ کے نور کا جذبہ تھی ... تاکہ جلد، دن کی روشنی سے وابستہ ہو جا

چشم باز ار تاسہ گیرد مر ترا ... دانکہ چشمِ دل بہ بستی بر گشا
کھلی ہوئی آنکھ، اگر تجھے بیقرار کرے ... سمجھ لے کہ تو نے دل کی آنکھ بند کی ہے کھول لے

آں تقاضائے دو چشمِ دل شناس ... کو ہمی جوید ضیائے بیقیاس
سمجھ لے یہ دل کی دونوں آنکھوں کا تقاضہ تھا ... کیونکہ وہ بے اندازہ روشنی چاہتی ہیں

چوں فراقِ آں دو نورِ بے ثبات ... تاسہ آوردت کشادی چشمہات
جبکہ دو ناپائدار نوروں کی جدائی نے ... تجھے بیقرار کر دیا، تو نے اپنی آنکھیں کھولدیں

چوں فراقِ آں دو نورِ پائدار ... تاسہ چوں آرد مر آں را پاس دار
تو دو پائدار نوروں کی جدائی ... کیسی بے قراری پیدا کرے گی، اس کا خیال رکھ

او چو می خواند مرا من بنگرم ... لائق جذبم و یا بد پیکرم
وہ جب مجھے بلاتا ہے میں غور کرتا ہوں ... میں کشش کے قابل ہوں یا بدصورت ہوں

گر لطیفے زشت را در پے کند ... تسخرے باشد کہ او بر وے کند
اگر کوئی خوبصورت، بدصورت کا پیچھا کرے ... یہ ایک مذاق ہوتا ہے جو وہ اس سے کرتا ہے

کے ببینم روئے خود را اے عجب ... تا چہ رنگم ہمچو روزم یا چو شب ق
تعجب ہے میں اپنا چہرہ کب دیکھتا ہوں، ... جو یہ کہوں کہ میں کس رنگ کا ہوں دن کی طرح ہوں یا رات کی مانند

نقشِ جانِ خویش می جستم بسے ... ہیچ می ننمود نقشم از کسے
میں نے اپنی جان کا نقش بہت تلاش کیا ... لیکن، میرا نقش کسی سے رونما نہ ہوا

گفتم آخر آئینہ از بہر چیست ... تا بداند ہر کسے کہ جنس کیست
میں نے کہا آخر آئینہ کس لئے ہوتا ہے ... اسی لئے کہ ہر شخص یہ جان لے کہ وہ کس جنس کا ہے

آئینہ آہن برائے پوستہاست ... آئینہ سیمائے جاں سنگیں بہاست
لوہے کا آئینہ جسموں کے لئے ہے ... جان کے چہرے کا آئینہ بہت قیمتی ہے

آئینہ جاں نیست اِلّا روئے یار ... روئے آں یارے کہ باشد زاں دیار
جان کا آئینہ، یار کے چہرے کے علاوہ نہیں ہے ... اس یار کا چہرہ جو اس دیار (عالم ملکوت) کا ہو

لے تاسہ۔ بیقراری۔ نورِ چشم۔ آنکھ کا نور بیرونی نور کا طالب ہے ورنہ گھبراہٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ چشمِ باز۔ آنکھ کھلی ہوئی ہونے پر اگر گھبراہٹ طاری ہو تو سمجھ لے کہ یہ اضطراب دل کی آنکھ بند ہونے کی وجہ سے ہے۔
ٹہ آں تقاضائے۔ دل کی گھبراہٹ، دل کی آنکھیں بند ہونے کی وجہ سے ہوتی جو لا انتہا نور کا مشاہدہ چاہتی ہیں۔ دو نور۔ یعنی دل کی آنکھ کا نور اور لامحدود نور۔ بد پیکر۔ بدصورت۔ گر لطیفے۔ جب یہ طے ہے کہ ہم جنس ہم جنس کا طالب ہوتا ہے تو اگر حسین کسی بدصورت کا طالب بنتا ہے تو وہ محض مذاق کے لئے ہوتا ہے۔
ٹہ اے عجب اس کا تعلق اگلے شعر کے دوسرے مصرع سے ہے۔ ہمچو روز یعنی منور۔ چو شب یعنی سیاہ باطن۔ نقشِ جان۔ شیخ کے ذریعہ مرید کی حقیقی تصویر سامنے آجاتی ہے یعنی میں نے ایسا شیخ تلاش کیا جس کی وجہ سے مجھ پر اپنی حقیقت واضح ہو جائے۔ گفتم۔ آئینہ جس دیکھ کر اپنی خوبصورتی و بدصورتی پہچان لی جاتی ہے۔ آئینہ سیمائے جاں جس آئینہ میں باطن کی خوبصورتی و بدصورتی نظر آتی ہے وہ مرشد شیخ ہے جو بہت قیمتی چیز ہے۔ روئے یار۔ شیخ کی صحبت میں اپنے نقائص نظر آجاتے ہیں۔ آں دیار یعنی وہ شیخ جس کا تعلق عالم ملکوت سے ہو۔

گفتم اے دل آئینۂ کُلّی بجُو — رَو بدریا کار بر ناید ز جُو

میں نے کہا اے دل! مکمل آئینہ تلاش کر — دریا پر جا، نہر سے کام نہ چلے گا

زیں طلب بندہ بکوئے تو رسید — دردِ مریم را بخُرما بُن کشید

اس طلب کی وجہ سے خادم تیرے کوچہ میں پہنچا — مریم کو دردِ کھجور کے درخت کی طرف لے گیا

دیدۂ تو چوں دلم را دیدہ شد — صد دلِ نادیدہ غرقِ دیدہ شد

تیرا نور جب میرے دل کا نور بن گیا — سینکڑوں نہ دیکھے ہوئے دل دیکھے ہوئے میں سما گئے

آئینہ کُلّی برآوردم زِ دود — دیدم اندر آئینہ نقشِ تو بود

میں نے دھوئیں سے مکمل آئینہ نکالا — میں نے دیکھا آئینہ میں تیرا نقش تھا

آئینہ کُلّی ترُا دیدم اَبد — دیدم اندر چشمِ تو من نقشِ خود

میں نے تجھے ہمیشہ مکمل آئینہ سمجھا — میں نے تیری آنکھوں میں اپنا نقش دیکھا

گفتم آخر خویش را من یافتم — در دو چشمش راہِ روشن یافتم

میں نے کہا بالآخر میں نے اپنے آپ کو پا لیا — اُس کی دونوں آنکھوں میں روشن راستہ پا لیا

گفت وہمم کاں خیالِ تُست ہاں — ذاتِ خود را از خیالِ خود بداں

میرے وہم نے کہا کہ یہ تیرا خیال ہے خبردار! — اپنی ذات کو اپنا خیال سمجھ

نقشِ من از چشمِ تو آواز داد — کہ منم تو تو منی در اتحاد

میرے نقش نے تیری آنکھ میں سے آواز دی — کہ میں تو ہوں، تو میں ہے، یگانگت میں

کاندریں چشمِ مُنیرِ بے زوال — از حقائق راہ کے یابد خیال

اس روشن، حقائق سے بے زوال آنکھ میں — خیال راستہ کب پا سکتا ہے؟

در دو چشمِ غیرِ من تو نقشِ خود — گر بینی آں خیالے دان و ردّ

میرے علاوہ کسی کی دونوں آنکھوں میں یہ نقش — اگر تو دیکھے تو اسکو (محض) خیال اور قابلِ رد سمجھ

زانکہ سُرمہ نیستی در می کشد — بادہ از تصویرِ شیطاں می چشد

اس لئے کہ وہ نیستی کا سُرمہ لگاتا ہے — اور شیطان کی تصویر سے شراب پیتا ہے

چشمِ او خانہ خیالست و عدم — نیستہا را ہست بیند لاجرم

اُس کی آنکھ عدم اور خیال کا گھر ہے — لامحالہ وہ معدوم کو موجود دیکھتا ہے

---

چلنس ہوئی ہے زبان شیطانی تصور سے ہوتا ہے۔ خانۂ خیال یعنی اُس کی آنکھ میں غیر حقیقی چیزیں گھر کئے ہوئے ہیں۔

٥١ آئینۂ کُلّی۔ یعنی شیخِ کامل تھا۔ یعنی شیخِ کامل جُو۔ نہر یعنی ناقص پیر۔ مریم۔ حضرت عیسیٰؑ کی والدہ۔ خرما بُن۔ کھجور کا درخت حضرت مریمؑ کو درد زہ کا اضطراب کھجور کے سائے پھل اور ٹھنڈے پانی اور بچہ کے دیدار سے رفع ہوا تھا۔ صد دلِ نادیدہ۔ میرا دل جو بے معرفت ہونے میں سو دلوں کی برابر تھا۔ برآوردم زِ دود۔ یعنی میں نے نورِ مطلق کو تعینات کے دھوئیں سے جُدا کیا تو اُس میں تیرا نقش محسوس کیا۔ آئینۂ کُلّی۔ مکمل آئینہ۔ اَبد۔ ہمیشہ۔ چشمِ تو۔ دل کا دیدۂ بصیرت۔

٥٢ گفتم۔ شیخ کے آئینۂ دل میں اپنی صورت دیکھ کر اطمینان ہو گیا اور اُس کی وجہ سے مجھے راہِ ہدایت حاصل ہوئی۔ خیال۔ خیالی بات۔ ہاں۔ تنبیہ کا کلمہ ہے۔ ذات۔ نقش الامری صورت۔ نقش۔ میری صورت نے بتایا کہ یہ صورت واقعی ہے محض خیالی نہیں ہے۔

٥٣ کاندریں چشم۔ یعنی میرے نقش نے یہ بھی کہا کہ شیخ کی چشمِ دل میں جو کہ ہمیشہ حقائق سے وابستہ ہے کوئی غیر واقعی خیالی چیز نہیں سما سکتی۔ در دو چشمِ غیر۔ ناقص کی چشمِ دل میں غیر حقیقی چیز نمودار ہو سکتی ہے نیستی۔ عالمِ فانی۔ بادہ۔ شراب۔ تصویر۔ تخیل۔ می چشد۔ چونکہ وہ ناقص ہے اور اُس کی چشمِ بصیرت عالمِ سفلی میں

چشمِ من چوں سُرمہ دید از ذوالجلال — خانۂ ہستی ست نے خانۂ خیال
میری آنکھ نے جبکہ جلال والے (اللہ) کا سُرمہ دیکھا ہے — وہ موجود کا خانہ ہے، نہ کہ خیال کا

تا یکے مُو باشد از ہستیِ تو — در خیالت گُم شود مستیِ تو
جب تک تیری ہستی کا ایک بال بھی رہے گا — تیری ہستی تیرے خیال میں گم ہو جائے گی

تا یکے مُو باشد از تو پیشِ چشم — در خیالت گوہرے باشد چو یشم
جب تک تیرا ایک بال بھی آنکھ کے سامنے ہوگا — تیرے خیال میں موتی، سنگ یشب ہوگا

یشم را آنگہ شناسی از گُہر — کز خیالِ خود کُنی کُلّی گذر
تو یشم (پتھر) اور موتی میں اُس وقت تمیز کرسکیگا — جب اپنے خیال سے بالکلیہ گذر جائے گا

یک حکایت بشنوائے گوہر شناس — تا بدانی تو عیاں را از قیاس
اے موتی کو پہچاننے والے! ایک حکایت سن لے — تاکہ تو مشاہدہ کو قیاس سے (جدا) جان لے

## ہلال پنداشتنِ آں شخص خیال را در عہدِ امیر المومنین عمر رض

امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک شخص کا خیال کو چاند سمجھ لینا

ماہِ روزہ گشت در عہدِ عُمر رض — بر سرِ کوہے دویدند آں نفر
(حضرت) عمر رض کے زمانے میں رمضان آیا — سب پہاڑ کی چوٹی پر گئے

تا ہلالِ روزہ را گیرند فال — آں یکے گفت اے عُمر رض اینک ہلال
تاکہ روزے کے چاند سے (نیک) فال لیں — ایک شخص بولا اے عمر رض! چاند یہ ہے

چوں عمر رض بر آسماں مہ را ندید — گفت کایں مہ از خیالِ تو دمید
جب (حضرت) عمر رض نے آسمان پر چاند نہ دیکھا — فرمایا یہ چاند تیرے خیال سے چمکا ہے

ورنہ من بیناترم افلاک را — چوں نمی بینم ہلالِ پاک را
ورنہ میں تو آسمانوں کو زیادہ دیکھنے والا ہوں — پاک چاند کو کیوں نہ دیکھ لوں گا؟

گفت تر کُن دست و بر ابرو بمال — آنگہاں تو بر نگر سُوئے ہلال
فرمایا ہاتھ تر کر اور ابرو پر مل — پھر تو چاند کی طرف دیکھ

چونکہ اُو تر کرد ابرو مہ ندید — گفت اے شہ نیست مہ شد ناپدید
جب اس نے ابرو تر کرلی چاند کو نہ دیکھا — بولا اے شاہ! چاند نہیں ہے، وہ غائب ہو گیا

گفت آرے مُوئے ابرو شد کماں — سُوئے تو افگند تیرے از گماں
فرمایا ہاں ابرو کا بال کمان بن گیا — اس نے تیری جانب گمان کا تیر چلا دیا

ف ۱ ذوالجلال۔ اللہ تعالےٰ کے تصور کے ساتھ باطل جمع نہیں ہوسکتا۔ تا یکے مُو۔ یعنی جب تک عالم ناسوت سے ادنیٰ تعلق رہے گا ہستیِ تو۔ عالم وجد۔ یشم۔ ایک کم قیمت پتھر ہے۔ کلی گذر۔ فنا کے بعد حقائق منکشف ہوں گے۔ عیاں۔ مشاہدہ۔ قیاس۔ تخمینی بات۔

ف ۲ ماہ روزہ۔ رمضان شریف۔ نفر۔ جماعت۔ فال نیک شگون۔ از خیالِ تو یعنی تیرا چاند محض خیالی ہے۔

ف ۳ بیناتر۔ حضرت عمر رض کی نگاہ اُس سے زیادہ تیز تھی یا حضرت عمر رض کا اپنے کشف کی طرف اشارہ تھا۔

چوں یکے مُو کژ شد از ابروئے اُو
جب اُس کی ابرو کا ایک بال ٹیڑھا ہوا

شکلِ ماہے نو نمود آں موئے اُو
اُس کے اُس بال نے نئے چاند کی شکل نمودار کر دی

چوں یکے مُو کژ شد اورا راہ[۱] زد
جب ایک بال ٹیڑھا ہوا اُس نے گمراہ کر دیا

تا بدعویٰ لافِ دیدِ ماہ زد
یہاں تک کہ دعوے کیا تو چاند دیکھنے کی ڈینگ ماری

موئے کژ چوں پردۂ گردوں بُود
ٹیڑھا بال جب آسمان کا پردہ بن گیا

چوں ہمہ اَجزات کژ شد چوں بُوَد
جب تیرے تمام اجزا ٹیڑھے ہو جائیں تو کیا ہوگا؟

راست کُن اَجزات را از راستاں
سچوں کے ذریعہ اپنے اجزا سیدھے کر لے

سَر مکش اے راست رَو زاں آستاں
اے سیدھا چلنے والے اُس چوکھٹ سے سَر نہ ہٹا

ہم ترازو را ترازو راست کرد
ترازو ہی ترازو کو برابر کرتی ہے

ہم ترازو را ترازو کاست کرد
ترازو ہی ترازو کو کم کر دیتی ہے

ہر کہ با ناراستاں ہم سنگ شد
جو گمراہوں کے ساتھ تُلا

در کمی اُفتاد و عقلش دنگ شد
کمی میں مبتلا ہوا اور اُس کی عقل ماری گئی

رَو اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّار[۲] باش
جا، کفار پر بھاری پڑ

خاک بر دلداریِ اَغیار پاش
بیگانوں کی دلداری پر خاک ڈال

بر سرِ اغیار چوں شمشیر باش
بیگانوں کے سَر پر تلوار بن

ہیں مکُن روباہ بازی شیر باش
خبردار! مکاری نہ کر، شیر بن

تا ز غیرت از تو یاراں نگسلند
تاکہ غیرت کی وجہ سے تجھ سے یار نہ کٹ جائیں

زانکہ آں خاراں عدوِ ایں گُلند
اِسلئے کہ وہ کانٹے (اغیار) اِس گلستان (دوست) کے دشمن ہیں

آتش[۳] اندر زن بگرگاں چوں سپند
کالے دانہ کی طرح اُن بھیڑیوں (اغیار) میں آگ لگا دے

زانکہ ایں گرگاں عدوِ یوسف اند
کیونکہ یہ بھیڑیئے یوسف (محبوبِ حقیقی) کے دشمن ہیں

جانِ بابا گویدت ابلیس ہیں
خبردار! شیطان تجھے جانِ پدر کہے گا

تا بہ دَم بفریبدت دیوِ لعیں
تاکہ لعین شیطان تجھے فریب میں پھنسا لے

ایں چنیں تلبیس با بابات کرد
شیطان نے تیرے آبا (حضرت آدمؑ) سے ایسی

آدمے را ایں سیہ رُخ مات کرد
حضرت آدمؑ کو اُس سیاہ رُو نے ہرا دیا

بر سرِ شطرنج چُست ایں غراب
یہ کوا شطرنج پر چُست ہو کر بیٹھا ہے

تو مبیں بازی بچشمِ نیم خواب
تو بازی کو اونگھتی آنکھ سے نہ دیکھ

---

۱ھ راہ زد۔ گمراہ کر دیا۔ لاف۔ بیہودہ دعویٰ۔ اجزات۔ اجزائے تو۔ راستاں۔ عارفین۔ سرمکش۔ سرو گردانی نہ کر۔ ترازو۔ یعنی ترازو کا باٹ۔ کاست۔ کم۔ ہم سنگ شدن۔ برابر تُلنا۔ دنگ شدن حیران ہونا۔

۲ھ اشدّاء۔ شدید کی جمع ہے سخت۔ اغیار۔ غیر کی جمع ہے۔ پاش۔ چھڑک۔ روباہ بازی۔ مکاری۔ تا ز غیرت غیروں سے جُڑنا اپنوں سے کٹنا ہے۔ یاراں یعنی اللہ سے بیگانے گُل۔ ذاتِ خداوندی۔

۳ھ آتش زدن۔ برباد کرنا۔ گرگاں یعنی اللہ کے دشمن۔ سپند۔ کالا دانہ جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور نظرِ بد کے دفع کرنے کیلئے اُسکو جلایا جاتا ہے۔ یوسف یعنی محبوبِ حقیقی، حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے اپنے باپ حضرت یعقوبؑ سے کہا تھا کہ یوسفؑ کو بھیڑیئے نے کھا لیا، اگرچہ یہ غلط تھا مولانا نے اُن کے قول کے مطابق بھیڑیئے اور حضرت یوسفؑ کی دشمنی کو ذکر کر دیا ہے۔ جانِ بابا۔ نورِ نظر لاڈلا بیٹا۔ دَم۔ فریب۔ بابات۔ بابائے تو۔ مات۔ شاہِ شطرنج کو مقید کر دینا جس شطرنجی کا شاہ مقید ہو جائے وہ ہار جاتا ہے۔ لہٰذا "مات کردن" مطلقاً ہرا دینے کے معنیٰ میں مستعمل ہو جاتا ہے۔

زانکہ فرزین[۱] بند ہا داند بسے  ۔۔۔  کہ بگیرد در گلویت چوں خسے
اس لئے کہ وہ فرزین کے بہت گھراؤ جانتا ہے  ۔۔۔  تاکہ تیرے گلے میں تنکے کی طرح پھنس جائے

در گلو ماند خسِ او سالہا  ۔۔۔  چیست آں خس مہرِ جاہ و مالہا
اُس (شیطان) کا تنکا گلے میں سالہا رہتا ہے  ۔۔۔  وہ تنکا کیا ہے؟ رُتبہ اور مال کی محبت

مال خس باشد چو ہست آں بے ثبات  ۔۔۔  در گلویت مانعِ آبِ حیات
مال چونکہ فانی ہے، وہ تنکا ہے  ۔۔۔  تیرے گلے میں وہ آبِ حیات سے مانع ہے

گر برد مالت عدوّے پُرفنے  ۔۔۔  رہزنے را بُردہ باشد رہزنے
اگر کوئی چالاک دشمن تیرا مال لے جائے  ۔۔۔  ایک ڈاکو، دوسرے ڈاکو کا مال لے گیا

## دزدیدنِ مارگیرے مارے را از مارگیرے دیگر
ایک سنپیرے کا دوسرے سنپیرے کے سانپ کو چُرانا

دزدکے[۲] از مارگیرے مار بُرد  ۔۔۔  زابلہی آں را غنیمت می شمرد
ایک چور، ایک سنپیرے کا سانپ لے گیا  ۔۔۔  بیوقوفی سے اُس کو (مال) غنیمت سمجھ رہا تھا

وارہید آں مارگیر از زخمِ مار  ۔۔۔  مار کُشت آں دزد را بس زار زار
وہ سنپیرا، سانپ کے زخم سے بچ گیا  ۔۔۔  سانپ نے اُس چور کو بُری طرح مار ڈالا

مارگیرش دید پس بشناختش  ۔۔۔  گفت از جاں مارِ من پرداختش
سنپیرے نے اُس کو دیکھا تو پہچان گیا  ۔۔۔  بولا، اُس کو میرے سانپ نے بے جان کیا ہے

در دُعا می خواستے جانم ازو  ۔۔۔  کش بیابم، مار بستانم ازو
دعا میں میری جان اُس کو طلب کرتی تھی  ۔۔۔  کہ میں اُس کو پکڑ لوں، سانپ اُس سے لے لوں

شکرِ حق را کاں دُعا مردود[۳] شد  ۔۔۔  من زیاں پنداشتم آں سود شد
اللہ (تعالیٰ) کا شکر ہے کہ وہ دعا مردود ہو گئی  ۔۔۔  میں نے نقصان سمجھا تھا وہ نفع ہوئی

بس دُعا ہا کاں زیانست و ہلاک  ۔۔۔  از کرم می نشنود یزدانِ پاک
بہت سی دعائیں جو نقصان اور ہلاکت ہیں  ۔۔۔  اللہ پاک اُن کو کرم کی وجہ سے قبول نہیں کرتا ہے

مُصلح ست و مصلحت را داند او  ۔۔۔  کاں دعا را باز می گرداند او
وہ مُصلح ہے اور مصلحت کو جانتا ہے  ۔۔۔  کہ اُس دعا کو وہ لوٹا دیتا ہے

واں دُعا گوینده شاکی می شود  ۔۔۔  مے برد ظنِ بد و آں بد بُود
دعا کرنے والا شاکی ہوتا ہے  ۔۔۔  بُرا گمان کرتا ہے اور یہ بدگمانی بُری ہوتی ہے

---

۱ فرزین۔ شطرنج کے مُہرہ میں بمنزلہ وزیر کے ہوتا ہے جو دو رُخی چال چل سکتا ہے اس کے گھر جانے سے مات دیدینا آسان ہو جاتا ہے۔ فرزین بند ایسی چال کو کہا جاتا ہے جس میں فرزین گھر جائے۔ خس۔ گھاس کا تنکا۔ مہر۔ محبت۔ جاہ۔ مرتبہ۔ بے ثبات۔ ناپائیدار۔ آبِ حیات۔ وہ پانی جس سے ابدی زندگی حاصل ہو جاتی ہے۔ پُرفن۔ مکار۔ رہزنے۔ مال بھی راہزن ہے گمراہ کر دیتا ہے۔

۲ دزدک۔ کمینہ چور۔ مارگیر۔ سنپیرا۔ وارہید۔ نجات پا گیا۔ زخمِ مار۔ سانپ کا ڈسنا۔ زار۔ بُری حالت۔ پرداخت۔ خالی کر دیا۔ در دعا۔ یعنی سانپ کے مل جانے کی دعا کرتا تھا۔ کش۔ کہ اش۔

۳ مردود۔ نامقبول۔ زیاں۔ نقصان۔ سود۔ فائدہ۔ مُصلح۔ بہتری کرنے والا۔ بازگردانیدن۔ لوٹا دینا۔ شاکی۔ شکوہ کرنے والا۔ بد بود۔ یعنی بدگمانی بُری ہوتی ہے۔

می نداند کہ بلائے خویش خواست — وز کرم حق آں بدٌ ونا وردِ راست
وہ نہیں سمجھتا کہ اُس نے اپنی مصیبت کی دُعا کی ہے — اور خدا نے کرم کر کے اُس کو قبول نہیں کیا ہے

## التماس کردنِ ہمراہ عیسیٰ علیہ السلام بزندہ کردنِ استخوانہا از عیسیٰ علیہ السلام

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھی کا اُن سے ہڈیوں کو زندہ کر دینے کی درخواست کرنا

گشت با عیسیٰؑ یکے اَبلہ رفیق — استخوانہا دید در گورِ عمیق
ایک بیوقوف حضرت عیسیٰؑ کا سفر کا ساتھی بن گیا — اُس نے ایک گہری قبر میں ہڈیاں دیکھیں

گفت اے ہمراہ نامِ آں سَنیؑ — کہ بداں تو مُردہ زندہ می کُنی
کہنے لگا کہ اے ساتھی! اُس بلند ذات کا نام — جس کے ذریعہ تم مُردے کو زندہ کرتے ہو

مر مرا آموز تا احساں کُنم — استخوانہا را بداں با جاں کُنم
مجھے سکھا دو، تاکہ میں اچھا کام کروں — اُس کے ذریعہ ہڈیوں کو جاندار بنا دوں

گفت خامُش کُن کہ آں کارِ تو نیست — لائقِ اَنفاس وگفتارِ تو نیست
فرمایا چُپ رہ کہ وہ تیرا کام نہیں ہے — تیرے سانسوں اور گفتار کے لائق نہیں ہے

کاں نفَس خواہد زباراں پاک تر — وز فرشتہ در روِش چالاک تر
وہ نام ایسا سانس چاہتا ہے جو بارش سے زیادہ پاک ہو — اور رفتار میں فرشتے سے زیادہ تیز ہو

عمرہا بایست تا دَم پاک شُد — تا امینِ مخزنِ افلاک شُد
عمریں چاہئیں تاکہ سانس پاک ہو — اور آسمانوں کے خزانے کا امین بنے

خود گرفتی ایں عصا در دستِ راست — دست را دستانِ موسیٰ از کجاست
یہ لاٹھی تو نے داہنے ہاتھ میں پکڑلی ہے — ہاتھ میں موسیٰ کا اعجاز کہاں ہے،

گفت گر من نیستم اسرار خواں — ہم تو برخواں نام را بر استخواں
وہ بولا اگر میں اسرار کے پڑھنے کے قابل نہیں ہوں — (تو) آپ ہی ہڈیوں پر نام پڑھ دیجئے

گفت عیسیٰؑ یارب ایں اسرار چیست — میلِ ایں اَبلہ دریں گفتار چیست
حضرت عیسیٰؑ نے کہا اے خدا! یہ کیا راز ہے؟ — اِس بیوقوف کا میلان اِس گفتگو کی طرف کیوں ہے؟

چوں غمِ خود نیست ایں بیمار را — چوں غمِ جاں نیست ایں مُردار را
اِس بیمار کو اپنا غم کیوں نہیں ہے؟ — اس مُردے کو (اپنی) جان کا غم کیوں نہیں ہے؟

---

۵۱ بَد و۔ بُرا۔ نا ورد۔ نیاورد۔ راست۔ مقبول۔ لہٰذا راضی برضاءِ الٰہی رہنا چاہئے۔ اللہ تعالےٰ تمہاری دعا قبول بھی نہ کرے تو یہی سمجھنا چاہئے کہ بھلائی اِسی میں تھی۔ التماس کردن۔ اِس حکایت کا منشا بھی یہی ہے کہ انسان ایک بات کی خواہش کرتا ہے لیکن اُس کی بھلائی اُس میں نہیں ہوتی ہے۔ اَبلہ۔ بیوقوف۔ گور۔ قبر۔ بعض نسخوں میں گوئے ہے جو گڑھے کے معنیٰ میں ہے۔

۵۲ سَنی۔ بلند۔ احسان۔ اچھا کام کرنا۔ باجان۔ جاندار۔ خامُش کُن۔ چُپ ہو جا۔ اَنفاس۔ نفَس کی جمع، سانس۔ عصا۔ لاٹھی۔ راست۔ دایاں۔ دستاں۔ افسوں، اعجاز۔

۵۳ اسرار۔ راز۔ نام۔ اسم اعظم۔ چوں۔ دوسرے کے لئے الم اعظم کا خواہاں ہے۔

مُردهٔ[۱] خود را رہا کردست اُو — مُردهٔ بیگانہ را جوید رَفو
اُس نے اپنے مُردے کو چھوڑا ہے — غیر کے مُردے کی بھلائی چاہتا ہے

گفت حق اِدبار اگر ادبار جوست — خار روئیدن جزائے کشتِ اوست
اللہ تعالیٰ نے فرمایا بدبخت ہے اگر بدبختی کا جویاں ہے — اُس کی کھیتی کا نتیجہ کانٹوں کا اُگنا ہے

آنکہ تخمِ خار را کارد در جہاں — ہاں وہاں اورا مجو در گلستاں
جس شخص نے دنیا میں کانٹے کا بیج بویا — خبردار، خبردار! اُس کو گلستاں میں تلاش کر

گر گُلے گیرد بکف خارے شود — در سُوئے یارے رود مارے شود
اگر وہ ہاتھ میں پھول لے گا تو وہ کانٹا بنجائیگا — اگر دوست کی طرف جائیگا تو سانپ بنجائیگا

کیمیائے زہرِ مارست آں شقی — بر خلافِ کیمیائے مُتّقی
وہ بدبخت سانپ کے زہر (کی طرح) کی کیمیا ہے — مُتّقی کی کیمیا کے برخلاف

ہیں مکُن بر قول و فعلش اعتمید[۲] — کو ندارد میوهٔ مانندِ بید
خبردار! اُس کے قول و فعل پر بھروسہ نہ کر — وہ (درخت) بید کی طرح پھل نہیں رکھتا ہے

## اندرز کردنِ صوفی خادم را در تیمار داشتِ بہیمہ وَلاحَول گفتنِ آں خادم

صوفی کا خادم کو جانور کی خبرگیری کرنے کی نصیحت کرنا اور اُس خادم کا لاحول پڑھنا

صوفیئے می گشت در دورِ اُفق — تا شبے در خانقاہے شد قنق
ایک صوفی دنیا کے اطراف میں گشت کرتا تھا — ایک رات ایک خانقاہ میں مہمان ہو گیا

یک بہیمہ داشت در آخُر بہ بست — اُو بصدرِ صُفّہ با یاراں نشست
اُس کا ایک چوپایہ (سواری کا) تھا جس کو اصطبل میں باندھا — وہ دوستوں کے ساتھ چبوترے کے صدر مقام پر بیٹھ گیا

پس مُراقب گشت با یارانِ خویش — دفترے باشد حضورِ یار بیش
پھر اپنے دوستوں کے ساتھ مراقبہ کرنے لگا — یار کی صحبت بہت بڑا دفتر ہوتی ہے

دفترِ صوفی سَواد[۳] و حرف نیست — جُز دلِ اسپید ہمچوں برف نیست
صوفی کا دفتر سیاہی اور حرف نہیں ہے — برف کی طرح سفید دل کے سوا کچھ نہیں ہے

زادِ دانشمند آثارِ قلم — زادِ صوفی چیست انوارِ قدم
عقلمند کا توشہ قلم کے نشانات ہیں — صوفی کا توشہ کیا ہے، اللہ (تعالیٰ) کے انوار

---

۱ مُردہ خود یعنی اپنی مُردہ رُوح۔ رَفو۔ سلائی، اِصلاح۔ اِدبار۔ بدبختی، مبالغۃً بدبخت کے معنی میں بولا گیا ہے۔ کشت۔ کھیتی۔ کارد۔ کاشتن بمعنی بونا کا مضارع ہے۔ مارے شود۔ دوست کی صحبت ہلاکت کا سبب بنجائیگی۔ کیمیا۔ وہ فن ہے جس کے ذریعہ چیزوں کی ماہیت بدلتے ہیں، تانبے کو سونا بنا دیتے ہیں۔ شقی یعنی شقی سانپ کے زہر کی طرح کی کیمیا ہے جو زندہ کو مردہ کر دیتا ہے۔ مُتّقی۔ یعنی مُتّقی شخص بُرے کی ماہیت تبدیل کر کے اُن کو بھلا بنا دیتا ہے۔

۲ اعتمید۔ اعتماد کا امالہ ہے، بھروسہ۔ بید۔ بے ثمر درخت ہے۔ اندرز۔ نصیحت۔ بہیمہ۔ چوپایہ یعنی سواری کا جانور۔ دورِ اُفق۔ اطرافِ عالم۔ قنق۔ ترکی لفظ ہے بمعنی مہمان۔ آخُر۔ اصطبل۔ صدر۔ صدر مقام۔ صُفّہ۔ چبوترہ۔ مراقب۔ مراقبہ کرنے والا یعنی ماسوا اللہ سے توجہ ہٹا کر خدا کی طرف متوجہ ہونے والا۔ حضورِ یار۔ معیتِ حق۔ بیش۔ اکثر، بیشتر۔

۳ سَواد۔ سیاہی۔ اسپید۔ سفید۔ زاد۔ توشہ۔ آثارِ قلم یعنی نوشتۂ قلم۔ انوارِ قدم۔ انوارِ الٰہی۔

ہمچو صیّادے سُوئے اِشکار شُد ــــ گامِ آہو دید و بر آثار شد
شکاری کی طرح جو شکار کے پیچھے لگا ــــ ہرن کے قدم دیکھے اور نشانِ قدم پر چل پڑا

چند گاہش گامِ آہو در خورست ــــ بعد ازاں خود نافِ آہو رہبرست
اُس کو کچھ دیر ہرن کے قدموں کی ضرورت ہے ــــ اُس کے بعد خود ہرن کا نافہ اُس کا رہنما ہے

چونکہ شُکرِ گام کرد و رہ بُرید ــــ لاجرم زاں گام در کامے رسید
چونکہ اُس نے نشانِ قدم کی قدر کی اور راستہ طے کیا ــــ لامحالہ اُس قدم سے مقصد تک پہنچ گیا

رفتنِ یک منزلے بر بُوئے ناف ــــ بہتر از صد منزلِ گام و طواف
نافہ کی خوشبو پر ایک منزل چلنا ــــ چکر کی سَو منزلوں سے بہتر ہے

آں دلے کو مَطلعِ مہتابہاست ــــ بہرِ عارف فُتِّحَتْ ابوابُہاست
وہ دل جو بہت سے سورجوں کا مشرق ہے ــــ عارف کے لئے فُتِّحَتْ اَبْوَابُہا کا مصداق ہے

با تو دیوارست و با ایشاں درست ــــ با تو سنگ و با عزیزاں گوہرست
(وہ دل) تیرے لئے دیوار اور اُن کیلئے دروازہ ہے ــــ تیرے لئے پتھر اور پیاروں کے لئے موتی ہے

آنچہ تو در آئینہ بینی عیاں ــــ پیر اندر خشت بیند پیش ازاں
تو جو کچھ آئینہ میں مشاہدہ کرتا ہے ــــ پیر لوہے کے ٹکڑے میں اُس سے پہلے دیکھ لیتا ہے

پیر ایشانند کایں عالم نبود ــــ جانِ ایشاں بود در دریائے جود
وہ اُس وقت سے پیر ہیں جبکہ یہ جہان نہ تھا ــــ اُن کی روحیں دریائے حق میں تھیں

پیش ازیں تن عمرہا بگذاشتند ــــ پیشتر از کشت بر برداشتند
اِس جسم سے پہلے انہوں نے عمریں گزاری ہیں ــــ انہوں نے کھیتی سے پہلے ہی پھل چُنے ہیں

پیشتر از نقش جاں پذرفتہ اند ــــ پیشتر از بحر دُرہا سُفتہ اند
وہ جسم سے پہلے جان حاصل کر چکے ہیں ــــ دریا سے پہلے ہی وہ موتی پرو چکے ہیں

## مشورت کردن خدائے تعالیٰ با فرشتگان در ایجادِ خلق
مخلوق کے پیدا کرنے میں اللہ تعالیٰ کا فرشتوں سے مشورہ کرنا

---

لہ صیاد شکاری۔ اِشکار۔ شکار۔ گام یعنی نشانِ قدم۔ آثار۔ اثر کی جمع ہے نشانِ قدم۔ چندگاہ کچھ دیر۔ سالک ابتداءً تجلیاتِ افعال کا مشاہدہ کرتا ہے پھر فرطِ شوق میں مطلوبِ حقیقی کے منازلِ قرب طے کرنے لگتا ہے پھر منجانب اللہ جذب کشش ہوتی ہے تو منازل کی دشواریاں کم ہونے لگتی ہیں اور تجلی صفاتی اور تجلی ذاتی ہو جاتی ہے سلوک کا تعلق سالک کی ذاتی سعی اور کوشش سے ہے اس میں غلطی کا امکان ہے جذب منجانب اللہ ہے لہٰذا اس میں شیطانی مداخلت ممکن نہیں ہے اسی وجہ سے مجرد سالک سے مجذوب سالک بدرجہا افضل ہے۔ بوئے ناف۔ نافۂ ہرن کی خوشبو یعنی منجانب اللہ جذب۔ بہتر کسی بزرگ نے کہا ہے جَذْبَۃٌ مِّنْ جَذَبَاتِ الرَّحْمٰنِ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَۃِ الثَّقَلَیْنِ اللہ کی جانب سے ایک کشش جن اور انس کی عبادت سے بڑھ کر ہے۔ ؎ آں دلے۔ پہلے کہا تھا صوفی کیلئے اُس کا دل دفتر ہے۔ اب کہتے ہیں کہ اُس دل کے ذریعہ معارف کے دروازے کھلتے ہیں فُتِّحَتْ اَبْوَابُہَا۔ قرآن پاک میں فرمایا ہے کہ جنتیوں کے لئے جنت کے دروازے پہلے سے کھولے جائینگے۔ شعر میں ضرورت کی وجہ سے فُتِّحَتْ کی پہلی تا کو مشدد اور ابوابُہا کی دوسری با کو ساکن پڑھنا پڑیگا۔ با تو۔ عامی انسان دفترِ دل سے کچھ نہیں پڑھ سکتا لہٰذا اُس کے لئے بمنزلہ دیوار کے ہے۔ عزیزاں۔ گرامی قدر لوگ۔ خشت۔ مراد وہ لوہے کا ٹکڑا ہے جس کو صیقل کرکے آئینہ بنایا جاتا تھا۔
؎ ایں عالم۔ عالمِ ناسوت۔ اولیاء کی روحیں عالمِ ارواح میں وہ سب کچھ حاصل کرتی ہیں جو عوام کو عالمِ ناسوت میں آنے کے بعد حاصل ہوگا۔ کشت۔ عالمِ ناسوت کے اعمالِ صالحہ۔ بر۔ پھل یعنی اجر۔ نقش۔ یعنی جسم عنصری۔ بحر۔ یعنی عالمِ ناسوت۔ دُر۔ یعنی اعمالِ صالحہ کے نتائج۔

مشورت می رفت ۵۱ در ایجادِ خلق — جانِ شاں در بحرِ قدرت تا بحلق

مخلوق کے پیدا کرنے میں مشورہ ہو رہا تھا — اُن کی روح گلے گلے تک قدرت کے سمندر میں ڈوبی ہوئی تھی

چوں ملائک مانعِ آں می شدند — بر ملائک خفیہ خنبک می زدند

جب فرشتے اُس کے لئے مانع بنے — اُنھوں نے فرشتوں پر چپکے سے تالی پیٹی

مُطّلع بر نقشِ ہر چہ ہست شد — پیش ازاں کیں نقشِ گِل پابست شد

وہ ہر اُس چیز سے باخبر تھے جو وجود میں آئی — اُس سے پہلے کہ یہ صورت مٹی کی پابند ہو

پیشتر ز افلاک کیواں دیدہ اند — پیشتر از دانہا ناں دیدہ اند

اُنھوں نے آسمانوں سے پہلے زحل کو دیکھا ہے — اُنھوں نے دانوں سے پہلے روٹی دیکھی ہے

بے دماغ و دل پُر از فکرت بُدند — بے سپاہ و جنگ بر نُصرت زدند

وہ دماغ اور دل کے بغیر غور و فکر سے پُر تھے — اُنھوں نے بغیر لشکر اور جنگ کے (شیطان پر) فتح حاصل

آں ۵۲ عیاں نسبت بایشاں فکرت ست — ورنہ خود نسبت بدُوراں رویت ست

وہ مشاہدہ اُن کے اعتبار سے (بمنزل) فکر کے ہے — ورنہ دور روالوں کے اعتبار سے، جو دجود کے بعد مشاہدہ ہوگا)

فکرت از ماضی و مُستقبل بود — چوں ازیں دو رست مُشکل حل شود

فکر (کا تعلق) ماضی اور مستقبل سے ہوتا ہے — جبکہ اُن کا فکر اِس (ماضی و مستقبل) سے متعلق نہیں مسئلہ حل ہو

دیدہ چوں بے کیف ہر با کیف را — دیدہ پیش از کاں صحیح و زیف را

چونکہ اُنھوں نے ہر باکیف کو بے کیف دیکھ لیا ہے — اُنھوں نے کان (کے دجوں) سے پہلے ہی کھرے کھوٹے

۵۳ پیشتر از خلقتِ انگورہا — خوردہ میہا و نمودہ شورہا

انگوروں کی پیداوار سے پہلے ہی — اُنھوں نے شرابیں پی لی ہیں، مستیاں دکھائی ہیں

در تموزِ گرم می بینند دے — در شعاعِ شمس می بینند فے

وہ ساون میں، ماگھ کو دیکھتے ہیں — وہ سورج کی شعاع میں سایہ دیکھتے ہیں

در دلِ انگور مے را دیدہ اند — در فنائے محض شیٔ را دیدہ اند

اُنھوں نے انگور کے دل میں شراب کو دیکھا ہے — اُنھوں نے عدمِ محض میں وجود کو دیکھا ہے

رُوح از انگور مے را دیدہ است — رُوح از معدوم شیٔ را دیدہ است

روح نے انگور کے اندر شراب کو دیکھا ہے — رُوح نے معدوم سے موجود کو دیکھا ہے

---

سے پہلے ہی وہ اُن کی کیفیات حاصل کر چکے تھے۔ تموز۔ ماگھ، ساون کے بعد آتا ہے۔ شعاعِ سورج ڈھلے سایہ نمودار ہوتا ہے۔

۵۱ می رفت۔ می آمد۔ ایجاد۔ آفرینش۔ تا بحلق یعنی غریق۔ مانع۔ فرشتوں نے ایجادِ انسان اور اُس کی خلافت کے خلاف مشورہ دیا تھا۔ خنبک زدن۔ تالی بجانا۔ چونکہ اولیا کی ارواح کو مصالح کا علم تھا لہٰذا فرشتوں کی رائے پر ازراہِ بے تکلفی ہنسی اُڑائی۔ نقش۔ جسمِ عنصری۔ کیواں۔ زحل ستارہ بلندی میں مشہور ہے۔ پیشتر یعنی اعمال کے نتائج کا اُن کو علم تھا۔ بے دماغ۔ اُن کا ازل میں قوتِ علمیہ حاصل تھی۔ بے سپاہ۔ اُن کو ازل میں نصرت حاصل تھی۔

۵۲ آں عیاں۔ عالمِ ناسوت کی خلق سے قبل جو کچھ اُس کی چیزوں کا مشاہدہ اولیاء کو ہوا وہ اُن کے علوم میں بمنزلہ فکر کے ہے جس کے ذریعہ ادنیٰ درجہ کا علم حاصل ہوتا ہے۔ عوام کو بھی مشاہدہ اگر حاصل ہوگا تو بمنزلہ رویت کہلاتا ہے جس کے ذریعہ اعلیٰ درجہ کا علم حاصل ہوتا ہے اسلئے کہ عوام کے علوم میں اِس سے زیادہ اعلیٰ کوئی علم نہیں ہے۔ دُوراں۔ وہ لوگ جو تجلیِ حق سے دُور ہیں۔ فکرت۔ فکر کا تعلق ماضی اور مستقبل سے ہوتا ہے حل شود۔ چونکہ اولیاء کے سامنے سب حاضر ہے لہٰذا اُن کا فکر فکر نہیں ہے بلکہ مشاہدہ ہے۔ بے کیف۔ وہ حقائق جو مادی نہیں ہیں۔ ذاتِ باری زیف۔ کھوٹا۔

۵۳ پیشتر۔ ممکنات کے وجود

آسماں در دورِ ایشاں جرعہ نوش — آفتاب از جودِ شاں زربفت پوش
آسمان ان کے دَور (جام) میں شراب نوش ہے — سورج ان کی سخاوت سے زربفت پوش ہے

چوں از ایشاں مجتمع بینی دُو یار — ہم یکے باشند و ہم شش صد ہزار
جب تو اُن میں سے دُو یاروں کو اکٹھا دیکھے — وہ ایک ہوں گے اور چھ لاکھ (بھی)

بر مثالِ موجہا اعدادِ شاں — در عدد آوردہ باشد بادِ شاں
اُن کی شمار موجوں جیسی ہے — جن کو ہوا گنتی میں لے آئی ہے

مُفترق شد آفتابِ جانہا — در درونِ روزنِ ابدانہا
روحوں کا سورج جدا جدا ہو گیا ہے — جسموں کے سُوراخوں میں

چوں نظر در قُرص داری خود یکیست — آنکہ شد محجوبِ ابداں در شکیست
جب تو سورج کی ٹکیہ کو دیکھے تو وہ ایک ہے — جو بدنوں کے حجاب میں ہے وہ شک میں ہے

تفرقہ در رُوحِ حیوانی بُود — نفسِ واحد رُوحِ انسانی بود
تعدد، حیوانی روح میں ہوتا ہے — انسانی روح ایک جان ہوتی ہے

روحِ انسانی کنفسِ واحدست — روحِ حیوانی سِفالِ جامدست
انسانی روح ایک نفس کی طرح ہے — حیوانی روح جامد ٹھیکرا ہے

گفت حق رَشَّ عَلَیۡهِمۡ نُوۡرَهٗ — مُفترق ہرگز نہ گردد نورِ اُو
اللہ (تعالیٰ) نے فرمایا اُن پر اپنا نور چھڑک دیا ہے — اُس کا نور متعدد نہیں ہو سکتا ہے

عقلِ جزو از رمزِ ایں آگاہ نیست — واقفِ ایں سِر بجز اللہ نیست
ناقص عقل اِس راز سے آشنا نہیں ہے — اِس راز سے اللہ کے علاوہ کوئی واقف نہیں ہے

عقل را اندر چنیں سودا چہ کار — کرِّ مادر زاد را سرنا چہ کار
اِس معاملے میں عقل کا کیا کام؟ — پیدائشی بہرے کو شہنائی سے کیا واسطہ؟

یک زماں بگذار اے ہمرہ ملال — تا بگویم وصفِ خالے زاں جمال
اے ساتھی تھوڑی دیر کیلئے ملال کو چھوڑ دے — تاکہ میں بتا سکوں اُس حُسن کے ایک تِل کی تعریف کروں

در بیاں ناید جمالِ حالِ اُو — ہر دُو عالَم چیست عکسِ خالِ اُو
اُس کی خوبی کا حُسن بیان نہیں کیا جا سکتا — دونوں جہان کیا ہیں؟ اُس کے تِل کا عکس

چونکہ من از خالِ خوبش دم زنم — نطق می خواہد کہ بشگافد تنم
جب میں اُس کے حسین تِل کا بیان کرتا ہوں — گویائی چاہتی ہے کہ میرے جسم کو پھاڑ ڈالے

---

لہ جرعہ گھونٹ۔ زربفت۔ ایک قسم کا ریشمین سنہرا کپڑا۔ چوں از ایشان۔ رُوحِ مطہر میں سب کا اشتراک ہے لہٰذا تمام اولیا حقیقت میں متحد اور ایک ہیں۔ ہزار شش صد ہزار تشخص کے اعتبار سے اُن میں دوئی ہے اور باطنی قوت کے اعتبار سے وہ دونا کر مقام تھا لاکھ کے ہیں۔ بر مثال موج۔ موجوں کا تعدد ہوا کی وجہ سے ہے ورنہ حقیقت میں سب سمندر ہیں۔ مفترق سورج کا تعدد مختلف روزنوں کی وجہ سے ہے ورنہ حقیقت میں وہ ایک ہے۔

ٹہ روحِ حیوانی۔ اُس کا خاصہ زندگی اور شہوت ہے جو تفرقہ کا سبب ہے۔ روحِ انسانی۔ تعدد کے باوجود حقیقت میں متحد ہے۔ نورِ او۔ خدا کے نور میں تفرقہ ممکن نہیں ہے۔

تہ عقلِ جزو: ناقص عقل عام انسانی عقل۔ رمز۔ اشارہ بھید کی بات۔ کر۔ بہرا۔ مادر زاد۔ پیدائشی۔ سرنا۔ شہنائی۔ خال۔ تِل، مُراد روحِ اعظم ہے۔ بشگافد تنم۔ جوش کے اظہار کے لیے صرف زبان کافی نہیں ہوتی بدن پھٹ پڑنا چاہتا ہے۔

چون کنم لب را کشادن نیست راہ — فکرتے کُن تا نماید رہ اِلٰہ
میں کیا کروں لب کشائی کا موقع نہیں ہے — تدبیر کر تاکہ خدا رہنمائی کردے

ہمچو مورے اندریں خرمن خوشم — تا فزوں از خویش بارے میکشم
اس ڈھیر میں میں چیونٹی کی طرح خوش ہوں — اپنی طاقت سے زیادہ بوجھ اٹھا رہا ہوں

## بستہ شدنِ تقریرِ معنیِ حکایت بسببِ میلِ مُستمع باستماعِ صورتِ ظاہرِ حکایت وغیرآں

حکایت کے معنی کی تقریر کا بند ہو جانا چونکہ سننے والے کا رجحان حکایت کے ظاہر کی طرف ہے وغیرہ

کے گذارد آنکہ رشکِ روشنی ست — تا بگویم آنچہ فرض و گفتنی ست
(اسرار کی) وہ جو غیرت رشک (کرنیوالی ذات) کب موقع دیتی ہے؟ — کہ میں فرض اور کہنے کی بات کہوں

بحر کف پیش آرد و سدے کند — جر کند وز بعدِ جر مدے کند
سمندر سامنے جھاگ لے آتا ہے اور بندش کر دیتا ہے — کھینچ کرتا ہے اور کھینچ کے بعد ڈھیل دے دیتا ہے

ایں زماں بشنو چہ مانع شد مگر — مُستمع را رفت دل جائے دگر
اب سن کہ مانع کیا پیش آیا، شاید — سننے والے کا دل دوسری جگہ پہنچ گیا

خاطرش شد سوئے صوفیِ قُنُق — اندراں سودا فرو شد تا عُنُق
اس کا دل مہمان صوفی کی طرف چلا گیا — اس معاملہ میں وہ گردن تک ڈوب گیا

لازم آمد باز رفتن زیں مقال — سُوئے آں افسانہ بہرِ وصفِ حال
اس گفتگو سے پلٹنا ضروری ہو گیا — اس افسانہ کی طرف، حال بیان کرنے کیلئے

صوفیِ صورت مپندار اے عزیز — ہمچو طفلاں تا کے از جوز و مویز
اے عزیز! ظاہری صوفی نہ سمجھنا — بچوں کی طرح اخروٹ اور منقی سے کب تک دلچسپی؟

جسمِ ما جوز و مویز ست اے پسر — گر تو مردی زیں دو چیز اندر گذر
اے بیٹا! ہمارا جسم اخروٹ اور منقی ہے — اگر تو مرد ہے تو ان دونوں چیزوں سے گزر جا

ور تو اندر نگذری اکرامِ حق — بگذراند مر ترا از نُہ طبق
اگر تو خود نہ گذر سکے گا تو اللہ (تعالیٰ) کا کرم — تجھے نو آسمانوں سے گزار دے گا

بشنو اکنوں صورتِ افسانہ را — لیک ہیں از کہ جدا کن دانہ را
اب افسانہ کی صورت سن لے — لیکن خبردار! بھس سے غلہ کو جدا کر لینا

---

۱؎ مور۔ چیونٹی۔ خرمن۔ انبار۔ فزوں۔ زیادہ۔ بار۔ بوجھ۔ رشکِ روشنی۔ اللہ تعالیٰ جو اسرار کے افشاء سے روکتا ہے۔ بحر۔ سمندر۔ کف۔ جھاگ۔ سد۔ روک۔ جر۔ کھینچنا۔ مد۔ پھیلانا۔ مستمع۔ سننے والا۔

۲؎ خاطر۔ طبیعت، دل۔ قنق۔ ترکی لفظ ہے مہمان۔ عنق۔ گردن۔ مقال۔ بات چیت۔ صوفیِ صورت۔ ظاہری صوفی۔ جوز۔ اخروٹ۔ مویز۔ منقی۔ جسم۔ مادی جسم کی مشغولیت طفلانہ حرکت ہے۔

۳؎ ور تو۔ اگر انسان ذاتی کوشش سے روح کے منازل طے نہیں کر پاتا ہے تو خدا کی مدد شاملِ حال ہو جاتی ہے۔ نُہ طبق۔ نو آسمان یعنی عالمِ اعلیٰ۔ دانہ را۔ یعنی تمثیل کی روح کو سمجھ لے۔

## التزام کردنِ خادم تعہدِ بہیمہ را و تخلف نمودن

خادم کا چوپائے کی نگرانی اپنے ذمہ لینا اور وعدہ خلافی کرنا

حلقۂ آں صوفیانِ مُستفید[۱] | چونکہ در وجد و طرب آخر رسید
استفادہ کرنے والے صوفیوں کا حلقہ | جب وجد اور طرب میں ختم ہوا

خواں بیاوردند بہرِ میہماں | از بہیمہ یاد آورد آں زماں
وہ مہمان کے لئے خوان لائے | تب اُس نے چوپائے کو یاد کیا

گفت خادم را کہ در آخُر برو | راست کُن بہرِ بہیمہ کاہ و جو
خادم سے کہا اصطبل میں جا | چوپائے کے لئے گھاس اور جو تیار کر

گفت لاحول ایں چہ افزوں گفتن ست | از قدیم ایں کارہا کارِ من ست
اُس نے کہا لاحول یہ کیا زیادہ کہنے کی بات ہے | یہ کام تو میرے ہمیشہ کے کام ہیں

گفت تر کُن آں جوش را از نخست[۲] | کاں خرک پیرست و دنداناں سست
اُس نے کہا اُس کے جو کو پہلے بھگو لینا | کیونکہ گدھا بوڑھا ہے اور اُسکے دانت کمزور ہیں

گفت لاحول ایں چہ می گوئی مہا | از من آموزند ایں ترتیب ہا
اُس نے کہا لاحول یہ جناب کیا فرماتے ہیں! | یہ باتیں لوگ مجھ سے سیکھتے ہیں

گفت پالانش فرونہ پیش پیش | دارُوئے منبل بنہ بر پُشتِ ریش
اُس نے کہا اُس کا فوراً پالان اُتار دے | زخمی کمر پر منبل دوا مل دینا

گفت لاحول آخر ایں حکمت گذار | جنسِ تو مہمانم آمد صد ہزار
اُس نے کہا لاحول اِس حکمت کو رہنے دے | تجھ جیسے ہزاروں مہمان میرے یہاں آئے ہیں

جملہ راضی[۳] رفتہ اند از پیشِ ما | ہست مہماں جانِ ما و خویشِ ما
ہمارے پاس سے سب خوش گئے ہیں | مہمان تو ہمارا اپنا اور جان ہے

گفت آبش دہ ولیکن شیر گرم | گفت لاحول از توام بگرفت شرم
اُس نے کہا اُس کو پانی پلا دے لیکن نیم گرم | اُس نے کہا لاحول میں تو تجھ سے شرمندہ ہو رہا ہوں

گفت اندر جَو تو کمتر کاہ کُن | گفت لاحول ایں سخن کوتاہ کُن
اُس نے کہا جو میں گھاس کم ملانا | اُس نے کہا لاحول، بات مختصر کر

گفت جایش از سنگ و پشک روب | ور بود تر ریز بروے خاکِ خشک
اُس نے کہا اُس کا تھان کنکر اور لید سے صاف کر دینا | اگر گیلا ہو خشک مٹی ڈال دینا

---

۱؎ مُستفید۔ فائدہ حاصل کرنے والا۔ وجد کیفیت وجدیہ جو صوفیا پر طاری ہوتی ہے۔ خوان۔ کھانے کی سینی۔ بہیمہ۔ چوپایہ یعنی صوفی کا گدھا۔ آخُر۔ اصطبل۔ کاہ۔ گھاس۔ افزوں گفتن۔ زیادہ کہنا۔

۲؎ نخست۔ ابتدا۔ خرک۔ معمولی گدھا۔ مہا۔ بزرگ۔ پالان۔ گدھے کا چارجامہ۔ منبل۔ ایک دوا کا نام ہے جو زخموں پر لگائی جاتی ہے۔ ریش۔ زخم، زخمی۔ صد ہزار۔ لاکھ۔

۳؎ راضی۔ چونکہ میں نے عمدہ خدمات انجام دی ہیں۔ شیر گرم۔ نیم گرم۔ شرم۔ آپ کی غیر ضروری باتوں سے شرمندہ ہو رہا ہوں۔ پُشک۔ مینگنی، لید۔

گفت لاحول اے پدر لاحول کن ۔۔۔ بارسول اہل کمتر کن سخن
اُس نے کہا لاحول، اے باوا! لاحول پڑھ ۔۔۔ لائق قاصد سے بات کم کر

گفت پستان شانہ پشت خر بخار ۔۔۔ گفت لاحول اے پدر شرمے بدا
اُس نے کہا کھریرا لے، گدھے کی کمر پر پھیر دے ۔۔۔ اُس نے کہا لاحول اے باوا! شرم کر

گفت دُم افسار را کوتہ بہ بند ۔۔۔ تا ز غلطیدن نیفتند اُو بہ بند
اُس نے کہا پچھاڑی چھوٹی کر کے باندھ ۔۔۔ تاکہ لوٹنے میں اُس میں نہ پھنس جائے

گفت لاحول اے پدر چندیں منال ۔۔۔ بہر خر چندیں مرو اندر جوال
اُس نے کہا لاحول اے باوا! اس قدر نہ رو ۔۔۔ گدھے کے لئے اِس قدر پریشان نہ ہو

گفت بر پشتش فگن جُل زود تر ۔۔۔ زانکہ شب سرماست اے کانِ ہنر
اُس نے کہا کہ اُس کی کمر پر جلد جُھول ڈال دے ۔۔۔ اے ہنرمند! چونکہ سردی کی رات ہے

گفت لاحول اے پدر چندیں مگو ۔۔۔ استخواں در شیر چوں نبود مجو
اُس نے کہا لاحول اے باوا! اِس قدر باتیں نہ کر ۔۔۔ دودھ میں ہڈی نہیں ہوتی ہے تلاش نہ کر

من ز تو اُستاترم در فنِ خود ۔۔۔ میہماں آید مرا از نیک و بد
میں اپنے فن میں تجھ سے زیادہ اُستاد ہوں ۔۔۔ میرے پاس اچھے اور بُرے مہمان آتے رہتے ہیں

لائقِ ہر میہماں خدمت کنم ۔۔۔ من ز خدمت چوں گل و چوں سوسنم
میں مہمان کے مناسب خدمت کرتا ہوں ۔۔۔ میں خدمت ہی کی وجہ سے پھول اور سوسن کی طرح ہوں

خادم ایں گفت و میاں را بست چُست ۔۔۔ گفت رفتم کاہ و جو آرم نخست
خادم نے یہ کہا اور کس کر کمر باندھی ۔۔۔ بولا، جاتا ہوں پہلے گھاس اور جو لاؤں

رفت وز آخر نکرد اُو ہیچ یاد ۔۔۔ خوابِ خرگوشے بداں صوفی فتاد
وہ چلا گیا اور اصطبل کی کوئی بات یاد نہ رکھی ۔۔۔ اُس صوفی کو غفلت کی نیند آگئی

رفت خادم جانبِ اوباش چند ۔۔۔ کرد بر اندرز صوفی ریشخند
خادم چند آواروں کے پاس پہنچا ۔۔۔ صوفی کی نصیحت کی مذاق اڑائی

صوفی از رہ ماندہ بود و شد دراز ۔۔۔ خوابہا می دید با چشم فراز
صوفی راستہ کا تھکا ہوا تھا، لیٹ گیا ۔۔۔ بند آنکھوں سے خوابیں دیکھ رہا تھا

کاں خرش در چنگ گرگے ماندہ بود ۔۔۔ پارہا از پشت و رانش می ربود
کہ وہ گدھا ایک بھیڑیے کے پنجے میں ہے ۔۔۔ وہ اُس کی کمر اور ران کے ٹکڑے اُتار رہا ہے

---

لہ رسولِ اہل۔ سمجھدار قاصد۔ شانہ۔ یعنی کھریرا۔ دُمِ افسار۔ پچھاڑی۔ غلطیدن۔ لوٹنا۔ منال۔ نہ رُو۔ جوال۔ صاحبِ غیاث نے معنی بورا جس میں غلہ یا گھاس بھر کر گھوڑے گدھے پر لادا جاتا ہے نیز بمعنی جسم لکھا ہے۔ بعض شارحین نے در جوال رفتن کے معنی دھوکا کھانا اور پریشان ہونا لکھا ہے ہم نے اسی اعتبار سے ترجمہ کر دیا ہے۔

ٹہ جُل۔ جھول۔ استخوان۔ دودھ میں ہڈی ڈھونڈنا فضول کام ہے۔ اُستا۔ استاد۔ سوسن۔ آسمانی رنگ کا ایک خوشبودار پھول ہے۔ خوابِ خرگوش۔ کچھوے اور خرگوش کی دوڑ کی بازی کے مشہور قصہ کی طرف اشارہ ہے یعنی خوابِ غفلت۔

تہ اوباش۔ فارسی میں مفرد سمجھا جاتا ہے، کمینہ، آوارہ۔ ریشخند۔ مذاق، دل لگی۔ شد دراز۔ لمبے پیر کر کے سو گیا۔ بعض نسخوں میں شب دراز ہے یعنی شب دراز بود۔

گفت لاحول ایں چہ مالیخولیاست[1] — اے عجب آں خادمِ مشفق کجاست
بولا، لاحول، یہ کیا دیوانگی ہے؟ — ہائے تعجب! وہ مہربان نوکر کہاں ہے؟

باز میدید آں خرش در راہرو — گہ بچاہے می فتاد و گہ بہ گو
پھر اُس نے دیکھا کہ اُس کا وہ گدھا راستہ چلتے میں — کبھی کنوئیں میں گرتا تھا، کبھی گڑھے میں

گوناگوں می دید ناخوش واقعہ — فاتحہ می خواند با اَلْقَارِعَہ
قسم قسم کے ناخوشگوار واقعات دیکھتا تھا — سورۃ الحمد مع سورۃ القارعۃ کے پڑھتا تھا

گفت چارہ چیست یاراں خستہ اند — رفتہ اند و جملہا در بستہ اند
اُس نے کہا تدبیر کیا ہو دوست تھکے ہوئے ہیں — سب چلے گئے ہیں اور دروازہ بند کر لیا ہے؟

باز می گفت اے عجب آں خادمک — نے کہ با ما گشت ہم نان و نمک
پھر کہتا ہائے تعجب، وہ نالائق نوکر — کیا ہمارا ہم پیالہ و ہم نوالہ نہیں بنا ہے

من نکردم با وے اِلّا لطف و لیں — او چرا با من کند برعکس کیں
میں نے تو اُس کے ساتھ نرمی اور خوش اخلاقی برتی — وہ کیوں برعکس کینہ کرتا ہے؟

ہر عداوت را سبب باید سند — ورنہ جنسیت وفا تلقیں کند
دشمنی کی بنا کے لئے کوئی سبب ہونا چاہیے — ورنہ ہم جنس ہونا، وفاداری سکھاتا ہے

باز می گفت[2] آدمؑ با لطف و جود — کے براں ابلیس جورے کردہ بود
پھر کہتا کہ مہربانی اور کرم کرنے والے آدمؑ نے — کب اُس شیطان پر ظلم کیا تھا؟

آدمی مر مار و کژدم را چہ کرد — کو ہمیخواہند او را مرگ و درد
آدمی نے سانپ اور بچھو کے ساتھ کیا کیا ہے؟ — کہ وہ اُس کی تکلیف اور موت کے خواہاں ہیں

گرگ را خود خاصیت بدریدنست — ایں حسد در خلق آخر روشن ست
بھیڑیئے کی اپنی خاصیت پھاڑ ڈالنا ہے — مخلوق میں یہ حسد کرنا کھلا ہوا ہے

باز میگفت ایں گمانِ بد خطاست — بر برادر ایں چنیں ظنم چراست
پھر کہتا یہ بدگمانی بُری ہے — بھائی کے بارے میں یہ میرا گمان کیوں ہے؟

باز گفتے حزم سوءُ الظنِ تست — ہر کہ بدظن نیست کے ماند درست
پھر کہتا بدگمانی تیری پختہ کاری ہے — جو بدظن نہیں ہے وہ کب بچتا ہے؟

صوفی اندر وسوسہ و آں خرچناں — کہ چناں[3] بادا جزائے دشمناں
صوفی وسوسوں میں، اور وہ گدھا اس حال میں — کہ دشمنوں کی یہ سزا ہو

---

[1] مالیخولیا۔ جنون کی ایک قسم ہے۔ گو۔ گڑھا۔ گوناگوں۔ قسم قسم۔ فاتحہ۔ سورۃ الحمد، القارعۃ۔ یہ دونوں سورتیں مصیبت کے دفع کرنے کے لئے پڑھی جاتی ہیں۔ خستہ۔ تھکا ماندہ۔ خادمک۔ کاف تحقیر کا ہے۔ لطف۔ مہربانی۔ لین۔ نرمی۔ کین۔ کینہ دری۔ سند۔ ٹیک، بنیاد۔ جنسیت۔ ہم جنس ہونا۔ تلقین۔ پڑھانا، سکھانا۔

[2] باز می گفت۔ پہلے سوچا کہ بدی کرنے کا کوئی سبب ہوتا ہے، پھر خیال آیا کہ بُرائی کرنے والے بلاوجہ بھی بُرائی کرتے ہیں۔ جور۔ ظلم۔ کژدم۔ بچھو۔ شعر
نیشِ عقرب نہ از پئے کین است
مقتضائے طبیعتش این است
حسد۔ اپنے ذاتی حسد کی وجہ سے انسان دوسرے کے ساتھ بلاوجہ بُرائی کرتا ہے۔ برادر۔ یعنی خادم۔ سوءُ الظن۔ بدگمانی۔ حزم۔ پختہ کاری، احتیاط۔

[3] کہ چناں۔ گدھا ایسی مصیبت میں مبتلا تھا کہ دشمن کو نصیب ہو۔

آں خرِ مسکیں میانِ خاک و سنگ — کژ شدہ پالاں دریدہ پالہنگ[1]
وہ بیچارہ گدھا پتھر اور مٹی میں — پالان ٹیڑھا اور باگ ڈور شکستہ

خستہ از رہ جملۂ شب بے علف — گاہ در جاں کندن و گہ در تلف
راستہ کا تھکا ماندہ، تمام رات بغیر گھاس کے — کبھی جاں کنی میں، اور کبھی ہلاکت میں

خر ہمہ شب ذکر می کرد اے الٰہ — جَو رہا کردم کم از یکمشت کاہ
گدھا تمام رات کہتا تھا، اے خدا! — میں نے جَو چھوڑے، ایک مٹھی گھاس ہی مل جائے

بازبانِ حال می گفت اے شیوخ — رحمتے کُن سوختم زیں خامِ شوخ
زبان حال سے کہتا تھا، اے بزرگو! — رحم کرو میں اِس ناتجربہ کار بے شرم کے ہاتھوں جل گیا

انچہ آں خر دید از رنج و عذاب — مُرغِ خاکی بیند اندر سیلِ آب
جو رنج اور عذاب اُس گدھے نے دیکھا — خشکی کا پرند پانی کے بہاؤ میں دیکھتا ہے

بس بہ پہلو گشت آں شب تا سحر — آں خرِ بیچارہ از جوع البقر[2]
رات سے صبح تک بہت پہلو بدلتا رہا — وہ بیچارہ گدھا، بھوک کی شدت سے

نالہ می کرد از فراقِ کاہ و جَو — مُستمند از اشتیاقِ کاہ و جَو
گھاس اور جَو کی جدائی میں روتا تھا — گھاس اور جَو کے شوق میں غمزدہ تھا

ہمچنیں در محنت و در درد و سوز — نالہا می کرد آں شب تا بروز
درد و سوزش اور تکلیف میں اِسی طرح — اُس رات (میں) دن تک روتا رہا

روز شد خادم بیامد بامداد[3] — زود پالاں جُست بر پشتش نہاد
دن ہوا، خادم صبح کو آیا — بہت جلد اُس کی کمر پر پالان کس دیا

خرفروشانہ دو سہ زخمش بزد — کرد با خر آنچہ زاں سگ می سزد
گدھے بیچنے والوں کی طرح دو تین چوٹیں لگائیں — گدھے سے وہ کیا جو کتّے کے لائق ہوتا ہے

خر جہندہ گشت از تیزیِ نیش — کو زباں تا خر بگوید حالِ خویش
چوٹ کی تیزی سے گدھا کودنے لگا — زبان کہاں تھی کہ گدھا اپنی حالت بتاتا!

## گمان بُردنِ کاروانیاں کہ بہیمۂ صوفی رنجور ست

قافلہ والوں کا گمان کرنا کہ صوفی کا گدھا بیمار ہے

چونکہ صوفی بر نشست و شد رواں — خر بُرو افتادن آمد در زماں
جب صوفی بیٹھا، اور روانہ ہوا — اُس وقت گدھا مُنہ کے بل گرنے لگا

---

[1] پالہنگ۔ باگ ڈور۔ علف۔ گھاس چارہ۔ جاں کندن۔ نزع، جان نکلنا۔ تلف۔ ہلاکت۔ ذکر یعنی گدھا دعا کرتا تھا کہ جَو نہ سہی ایک مٹھی گھاس ہی مل جائے۔ خام یعنی ناتجربہ کار مالک جس نے خادم پر بھروسہ کر لیا تھا۔ شوخ شریر۔ مرغ خاکی خشکی کا پرندہ۔ سیل۔ بہاؤ۔

[2] جوع البقر۔ بیل کی سی بھوک، ایک مرض ہے جب انسان اُس میں مبتلا ہو جاتا ہے ہر وقت کھاتا ہے کسی وقت بھوک بند نہیں ہوتی۔ مستمند۔ رنجیدہ۔

[3] بامداد۔ صبح۔ زخم۔ چوٹ۔ بزد۔ تاکہ وہ تیز چلنے لگے۔ آنچہ یعنی مارنا، ڈانٹنا۔ جہندہ۔ کودنے والا۔ نیش۔ یعنی ڈنڈے کی چوٹ، پچھہ۔ یعنی گدھا۔ رنجور۔ بیمار۔ برو افتادن۔ مُنھ کے بل گرنا۔

ہر زمانش خلقؔ می برداشتند — جملہ رنجورش ہمی پنداشتند
ہر موقع پر لوگ [illegible] کو اٹھا دیتے — سب ہی نے اس کو بیمار سمجھا

آن یکے گوشش ہمی پیچید سخت — واں دگر در زیرِ گامش جُست لخت
کوئی اس [illegible] سختی سے مروڑتا — کوئی دوسرا [illegible] قدم کے نیچے کنکر تلاش کرتا

واں دگر در نعلِ او می جست سنگ — واں دگر در چشمِ او می دید رنگ
کوئی اس کے نعل میں پتھر ڈھونڈتا — کوئی اس کی آنکھ کی رنگت دیکھتا

باز می گفتند اے شیخ این ز چیست — وی ہمی گفتی کہ شکر این خر قویست
پھر کہتے اے شیخ اس کو کیا ہوا ہے! — [illegible] تھا کہ (خدا کا) شکر ہے یہ گدھا مضبوط ہے

گفت آن خر کو بشب لاحول خورد — جز بدیں شیوہ نداند راہ بُرد
اس نے کہا وہ گدھا جس نے رات کو لاحول کھائی ہو — اس طریقہ کے علاوہ راستہ طے نہیں کر سکتا ہے

چونکہ قُوتِ خر بشب لاحول بود — شب مسبّح بود و روز اندر سجود
چونکہ رات کو گدھے کی خوراک لاحول تھی — رات کو تسبیح خواں تھا اور دن میں سجدہ میں ہے

چوں ندارد کس غمِ تو ممتحن — خویش کارِ خویش باید ساختن
اے مُبتلا! جب کسی کو تیری فکر نہ ہو — اپنا کام خود کر لینا چاہیے

آدمی خوارند اغلب مردماں — از سلام علیکِ شاں کم جُو اماں
اکثر لوگ مردم خور ہیں — اُن کی سلام علیک سے مطمئن نہ ہو

خانۂ دیو ست دلہائے ہمہ — کم پذیر از دیوِ مردم دمدمہ
سب کے دل شیطان کا مسکن ہیں — انسانی شیطان سے فریب نہ کھا

از دمِ دیو آنکہ او لاحول خورد — ہمچو آں خر در سر آید در نبرد
جو شیطان کے افسوں سے دھوکا کھا گیا — معرکہ میں وہ گدھے کی طرح سر کے بل گریگا

ہر کہ در دنیا خورد تلبیسِ دیو — وز عدوے دوست روئے تعظیم ریو
جو دنیا میں شیطان کا دھوکا کھاتا ہے — اور دوست نما دشمن سے تعظیم پر پھولتا اور فریب کھاتا ہو

ق
در رہِ اسلام بر پولِ صراط — در سر آید ہمچو آں خر از خباط
اسلامی طریقہ کے مطابق پل صراط پر — حماقت کی وجہ سے اُس گدھے کی طرح سر کے بل گریگا

عشوہائے یارِ بد منیوش ہیں — دام بیں ایمن مرو تو بر زمیں
خبردار! شریر دوست کے نخرے نہ سہہ — جال کو دیکھ زمین پر بے پروا ہو کر نہ چل

ل خلق لوگ۔ پنداشتند [illegible] کے کرنے سے اس کو [illegible] سمجھنے لگے۔ گام۔ قدم۔ [illegible] یعنی کوئی سخت [illegible]۔ چشم اگ۔ جانور کی آنکھوں کے رنگ سے بیماری کی [illegible] جاتی ہے۔ [illegible] کیا سبب [illegible]۔ [illegible] لاحول خورد یعنی [illegible] نے [illegible] کے بجائے خادم کی لاحول کھائی ہے۔ شیوہ طریقہ۔ راہ بردن چلنا۔ مسبّح تسبیح پڑھنے والا۔ سجود منہ کے بل گرنے کو سجدے سے تعبیر کیا ہے۔
ت ممتحن۔ مبتلائے آزمائش۔ آدمی خوار مردم خور۔ اغلب۔ اکثر۔ کم نفی کے معنیٰ میں ہے۔ دیو شیطان۔ دیو مردم شیطان صفت انسان۔ دمدمہ فریب۔ لاحول خوردن۔ دھوکے میں آجانا۔ در سر آمدن۔ سر کے بل گرنا۔
ث تلبیس فریب۔ ریو۔ مکر۔ پول پُل۔ خباط دیوانگی جنون۔ عشوہ۔ ناز و انداز فریب۔ منیوش۔ نہ سن۔ دام۔ جال۔ ایمن مطمئن۔

صد ہزار ابلیس لاحول[1] آر بیں
لاحول پڑھنے والے لاکھوں شیطانوں کو مدنظر رکھ

آدما ابلیس را در مار بیں
اے آدمؑ شیطان کو سانپ میں دیکھ

دم دہد گوید ترا اے جانِ دوست
دھوکا دے گا تجھے اے جانِ دوست کہے گا

تا چو قصابے کشد از گوشت پوست
تاکہ قصاب کی طرح گوشت سے کھال کھینچ لے

دم دہد تا پوستت بیروں کشد
وہ فریب دے گا تاکہ تیری کھال کھینچ لے

وائے آں کز دشمناں افیوں چشد
اُس پر افسوس ہے جو دشمنوں سے افیون کھائے

سر نہد بر پائے تو قصاب وار
قصائی کی طرح تیرے پیر پر سر رکھتا ہے

دم دہد تا ریزدت خوں زار زار
فریب دیتا ہے تاکہ خوب تیرا خون بہالے

ہمچو شیراں صیدِ خود را خویش کن
شیر کی طرح اپنے لئے خود شکار کر

ترکِ عشوہ اجنبی و خویش کن
اپنے اور غیر کے مکر سے بچ

ہمچو خادم داں مراعاتِ خساں
کمینوں کی رُو رعایت خادم جیسی سمجھ

بیکسی بہتر ز عشوہ ناکساں
نالائقوں کی ناز برداری کرنے سے بیکسی بہتر ہے

در زمینِ مردماں خانہ مکن
دوسروں کی زمین میں گھر نہ بنا

کارِ خود[2] کن کارِ بیگانہ مکن
اپنے کام میں لگ جا بیگانے کے کام کو چھوڑ

کیست بیگانہ تنِ خاکیِ تو
بیگانہ کون ہے تیرا خاکی جسم ہے

کز برائے اوست غمناکیِ تو
جس کے لئے تو فکرمند ہے

تا تو تن را چرب و شیریں می دہی
جب تک تو جسم کو تر اور میٹھے (لقمے) دیتا ہے

جوہرِ جاں را نہ بینی فربہی
روح کے جوہر میں تو موٹاپا نہ پائے گا

گر میانِ مشک تن را جا شود
اگر جسم کی جگہ مشک میں (بھی) ہو گی

روزِ مردن گندِ اُو پیدا شود
موت کے دن اُس میں بدبو پیدا ہو جائیگی

مشک[3] را بر تن مزن بر دل بمال
مشک کو جسم پر نہ مل، دل پر مل

مشک چہ بود نامِ پاکِ ذوالجلال
مشک کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کا اسم گرامی ہے

آں منافق مشک بر تن می نہد
منافق جسم پر مشک ملتا ہے

روح را در قعرِ گلخن می نہد
روح کو بھٹی میں جھونکتا ہے

بر زباں نامِ حق و در جانِ اُو
زبان پر اللہ تعالیٰ کا نام اور اس کی روح میں

گندہا از کفرِ بے ایمانِ اُو
بے ایمان کفر کی گندگیاں ہیں

---

[1] لاحول آر۔ یعنی لاحول پڑھنے والے۔ آدما۔ اے آدمؑ۔ ابلیس در مار۔ مشہور ہے کہ جنت میں حضرت آدمؑ کو دھوکا دینے کیلئے شیطان سانپ کے پیٹ میں چھپ کر گیا تھا۔ جانِ دوست۔ دھوکا دینے کے لئے جانِ من کہتا ہے اور محبت کا اظہار کرتا ہے۔ دم دہد۔ دھوکا دیتا ہے۔ افیوں چشیدن کسی کی باتوں سے دھوکا کھا جانا۔ زار زار۔ بُری طرح۔ عشوہ۔ ناز و انداز۔ خادم۔ یعنی خانقاہ والا خادم جو آنے والوں کی رعایتیں۔ خساں۔ کمینے لوگ۔ ناکس۔ نالائق۔

[2] کارِ خود۔ تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔ کیست۔ لوگ بیگانہ صرف غیر آدمی کو سمجھتے ہیں لیکن جسمِ خاکی بھی بیگانہ ہے جو ساتھ نہ دیگا۔ تا تو تن۔ تن پروری بھی بیگانے کے کام میں لگنا ہے۔ جوہرِ جاں۔ تن پروری سے روح کمزور ہوتی ہے۔ گر میان۔ گل سڑ جانے والی چیز کی نگہداشت زیادہ مناسب نہیں ہے۔

[3] مشک۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے روح معطر ہوتی ہے۔ قعر۔ گہرائی۔ گلخن۔ بھٹی۔ دوزخ۔ بر زباں۔ منافق بظاہر خدا کا نام لیتا ہے لیکن اُس کے دل میں گندگی ہے۔

ذکرِ[۱] با او ہمچو سبزہ گلخن ست
اُس کا ذکر (دفکر) کوڑی کے سبزہ کی طرح ہے
بر سرِ مبرز گلست و سوسن ست
پاخانہ پر پھول اور سوسن ہے

آں نبات آنجا یقین عاریت ست
وہ سبزہ اُس جگہ پر یقیناً عارضی ہے
جائے آں گل مجلس ست و عشرت ست
اُس پھول کی جگہ مجلس اور (مقام) عشرت ہے

طیّبات آمد برائے طیّبین
اچھی چیزیں اچھوں کے لئے ہیں
لِلْخَبِیْثَاتِ الْخَبِیْثِیْن ست ہیں
ہاں، بُرائیاں بُروں کے لئے ہیں

کیں مدار آنہا کہ از کیں گمرہند
کینہ وری نہ کر وہ لوگ جو کینہ کی وجہ سے گمراہ ہیں
گورِ شاں پہلوئے کیں داراں نہند
ان کی قبر کینہ وروں کے پہلو میں بنائینگے

اصلِ کینہ دوزخ[۲] ست و کینِ تو
کینہ کی اصل دوزخ ہے اور تیرا کینہ
جزوِ آں کل ست و خصمِ دینِ تو
اُس کُل کا جُز ہے اور تیرے دین کا دشمن ہے

چوں تو جزوِ دوزخی پس ہوش دار
چونکہ تو دوزخ کا جُز ہے، لہٰذا سمجھ لے
جزو سوئے کلِ خود گیرد قرار
جُز اپنے کُل کی جانب ہی قرار پکڑتا ہے

ور تو جزوِ جنّتی اے نامدار
اے ناموَر! اگر تو جنّت کا جُز ہے
عیشِ تو باشد ز جنّت پائدار
تیری زندگی جنّت کی وجہ سے پائیدار ہوگی

تلخ با تلخاں یقیں ملحق شود
یقیناً کڑوا، کڑوؤں کے ساتھ مل جاتا ہے
کے دمِ باطل قرینِ حق شود
باطل بات، حق (بات) کیساتھ کب مل سکتی ہے؟

اے برادر[۳] تو ہمیں اندیشۂ
اے بھائی! تو فقط غور (دفکر) ہے
ما بقی تو استخوان و ریشۂ
باقی تو ہڈیاں اور رگیں ہیں

گر گل ست اندیشۂ تو گلشنی
اگر تیرا فکر پھول ہے تو تو گلزار ہے
ور بود خارے تو ہیمہ گلخنی
اور اگر کانٹا ہے تو تو بھٹی کا ایندھن ہے

گر گلابی بر سر و جیبت زنند
اگر تو گلاب ہے تو سر اور گریبان پر ملینگے
ور تو چوں بولی بروں ت افگنند
اگر تو پیشاب ہے تو تجھے باہر پھینک دینگے

طبلہا در پیشِ عطاراں بیں
عطار کے سامنے ڈبیوں کو دیکھ
جنس را با جنسِ خود کردہ قریں
جنس کو جنس کے ساتھ ملا رکھا ہے

جِنسہا با جنسہا آمیختہ
ہم جنسوں کو ہم جنسوں میں ملائے ہوئے ہے
زیں تجانس زینتے انگیختہ
اس جنسی مناسبت سے رونق بڑھائی ہے

[۱] ذکر۔ ذکرِ خداوندی کا مقام منافق نہیں ہے۔ گلخن یعنی کوڑی۔ مبرز۔ بیت الخلاء۔ سوسن مشہور خوشبودار پھول ہے۔ نبات۔ اُگنے والی چیز۔ عاریت مانگی ہوئی چیز۔ عشرت۔ عیش و راحت۔ کیں مدار۔ کینہ وری نہ کر، یہ پاکیزہ بننے کی ترکیب ہے۔

[۲] دوزخ۔ شعر
کینہ دل کا اک بڑا آزار ہے
کینہ کیا ہے اک عذاب النار ہے
خصم۔ دشمن، حدیث شریف میں ہے کینہ ور جنّت میں نہ جائیگا۔ جُزو دوزخی جبکہ کینہ کی اصل دوزخ ہے تو کینہ ور دوزخ کا جزو ہے۔

[۳] اے برادر۔ جنّتی اور دوزخی ہونے کا مدار خیالات اور اعتقادات پر ہے اور یہی انسان کی خصوصیت ہے ورنہ گوشت و پوست تو دیگر حیوانات میں بھی ہے۔ گل۔ اعمالِ صالحہ۔ خار یعنی بُرے اعمال۔ گلابی۔ نیک کاموں کی وجہ سے اگر تو بمنزلہ گلاب کے ہے۔ بول پیشاب۔ طبلہ۔ ڈبیہ۔ ڈبیہ۔ عطار۔ عطر فروش۔ قرین۔ ساتھی۔ تجانس۔ دو چیزوں کا ہم جنس ہونا۔

تو رہائی جو ز ناجنساں بجد[1] — صحبت ناجنس گورست و لحد

تو کوشش کرکے ناجنسوں سے رہائی حاصل کرلے — ناجنس کی صحبت قبر اور لحد ہے

گر در آمیزند عود و شکرش — بر گزینید یک بیک از دیگرش

اگر اس کی شکر اور عود گڈمڈ ہو جائیں — ایک کو دوسرے سے چھانٹ لے گا

طبلہا بشکست و جانہا ریختند — نیک و بد در ہمدگر آمیختند

ڈبیں ٹوٹیں اور روحیں بہہ پڑیں — اچھی اور بری آپس میں مل گئیں

حق فرستاد انبیاء را با ورق — تا گزید ایں دانہا را بر طبق

اللہ (تعالیٰ) نے انبیاء کو کتابیں دیکر بھیجا — یہاں تک کہ ان دانوں کو (مختلف) طبق پر چن لیا

حق فرستاد انبیاء را بہر دیں — تا جدا گردد ز ایشاں کفر و دیں

اللہ (تعالیٰ) نے انبیاء کو اسلئے بھیجا ہے — تاکہ ان کی وجہ سے کفر اور دین جدا ہو جائے

مؤمن و کافر مسلمان و جہود — پیش از ایشاں جملہ یکساں می نمود

مؤمن اور کافر، مسلمان اور یہودی — ان سے پہلے سب یکساں نظر آتے تھے

پیش از ایشاں ما ہمہ یکساں بدیم — کس ندانستہ کہ ما نیک و بدیم

ان سے پہلے ہم سب یکساں تھے — کوئی نہیں جانتا تھا کہ ہم نیک ہیں یا برے

قلب[2] و نیکو در جہاں بودے رواں — چوں جہاں شب بود و ما چوں شبرواں

کھوٹا اور کھرا دنیا میں چالو تھا — چونکہ دنیا رات تھی اور ہم رات کے مسافروں کی طرح تھے

تا بر آمد آفتاب انبیاء — گفت اے غش دور شو صافی بیا

یہاں تک کہ نبیوں کا آفتاب طلوع ہوا — اس نے کہا اے کھوٹ تو دور ہو اور اے اصلی تو آ

چشم داند فرق کردن رنگ را — چشم داند لعل را و سنگ را

آنکھ رنگ میں فرق کرنا جانتی ہے — آنکھ لعل اور پتھر کو جانتی ہے

چشم داند گوہر و خاشاک را — چشم را زاں می خلد خاشاکہا

آنکھ موتی اور تنکے کو جانتی ہے — اسی لئے آنکھ میں تنکا کھٹکتا ہے

دشمن روزند ایں قلابگاں[3] — عاشق روزند آں زر ہائے کاں

یہ کھوٹے سکے ڈھالنے والے دن کے دشمن ہیں — کان کے سونے، دن کے عاشق ہیں

زانکہ روزست آئینہ تعریف را — تا ببیند اشرفے تشریف را

اس لئے کہ دن پہچاننے کا آئینہ ہے — تاکہ اشرف بلند رتبے کو دیکھ لے



---

[1] جد۔ کوشش۔ صحبت ناجنس۔ شعر
یا ہمارا بس ایں قدر زنداں
کہ بود ہم طویلۂ رنداں
عود۔ اگر۔ طبلہا۔ یعنی عالم ارواح میں نیک و بد روحیں جداگانہ تھیں عالم ناسوت میں نیک و بد مل جل گئے۔ ورق۔ یعنی آسمانی صحیفے۔ طبق بعض شارحین نے معنی مطابقت لکھا ہے۔ بعض نے طباق کے معنی میں لیا ہے۔ ایشاں۔ انبیاء۔ مؤمن۔ یہ تقسیم انبیاء کی بعثت کے بعد ہوئی ہیں۔

[2] قلب۔ کھوٹا سکہ۔ رواں۔ رائج۔ شب رواں۔ رات کے مسافروں میں باہمی امتیاز نہیں ہوتا ہے۔ غش۔ کھوٹ۔ صافی۔ خالص۔ چشم داند۔ انبیاء بمنزلہ آنکھ کے ہیں جو اچھے برے کو پہچان لیتے ہیں۔ می خلد۔ آنکھ کو تنکا اسی لئے ستاتا ہے کہ وہ اسکی قدر گھٹا دیتی ہے۔

[3] قلابگاں۔ کھوٹا سکہ بنانے والے، یہ لوگ اندھیرے سے اپنا کام چلاتے ہیں۔ زرہائے۔ چونکہ وہ خالص ہے اور دن میں اس کی قدر بڑھتی ہے۔ اشرفے۔ زیادہ شریف۔ بعض نسخوں میں اشرفی ہے جو کہ ایک سونے کا سکہ ہے۔ تشریف۔ اعلیٰ منزلت۔ بلند مرتبہ۔

حق قیامت[1] را لقب زاں روز کرد — روز بنماید جمالِ سُرخ و زرد

(اللہ تعالیٰ) نے قیامت کا لقب اسی وجہ سے دن بنایا ہے کہ دن سُرخ اور زرد کا حُسن دکھا دیتا ہے

پس حقیقت روز سِرِّ اولیاست — روز پیشِ مہرِ شاں چوں سایہ‌ہاست

پس (اصل) روز (قیامت) کی حقیقت اولیاء کا باطن ہے — اُنکے چاند کے مقابلہ میں دن سایوں کی طرح ہے

عکسِ رازِ مردِ حق[2] دانید روز — عکسِ ستاریش شامِ چشم دوز

دن کو مردِ حق کے باطن کا عکس سمجھو — آنکھ کو بند کر دینے والی شام اُسکی ستاری کا عکس ہے

زاں سبب فرمود یزداں والضحیٰ — والضحیٰ نورِ ضمیرِ مصطفیٰؐ

اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے (قسم ہے) ضحیٰ کی فرمایا — اور ضحیٰ مصطفیٰؐ کے دل کا نور ہے

قولِ دیگر کایں ضحیٰ را خواست دوست — ہم برائے آنکہ ایں ہم عکسِ اوست

دوسرا قول یہ ہے کہ یہ چاشت کا وقت دوست (خدا) — وہ بھی اسلیئے کہ یہ چاشت کا وقت اُنکے (دل کے نور) کا عکس ہے

ورنہ بر فانی قسم گفتن خطاست — خود فنا چہ لائق گفتِ خداست

ورنہ فانی چیز پر قسم کھانے کو کہنا غلطی ہے — کیا فنا (کا ذکر) اللہ تعالیٰ کے قول کے مناسب ہے؟

از خلیلے لا اُحِبُّ الآفِلِین — پس فنا چوں خواست ربُّ العالَمِین

جیسی (اللہ نے) فرمایا میں غروب کر جانیوالوں کو پسند — تو فانی کو رب العالمین نے کیسے پسند فرما لیا؟

لا اُحِبُّ الآفِلِیں گفت آں خلیل — کے فنا خواہد ازیں ربِّ جلیل

میں غروب کر جانیوالوں کو پسند نہیں کرتا خلیل نے فرمایا — ربِّ جلیل فنا کو کب پسند کرے گا؟

باز واللیل ست ستاریِ او — واں تنِ خاکیِ زنگاریِ او

پھر واللیل آنحضورؐ کی ستاری ہے — اور آپ کا زنگاری، خاکی جسم ہے

آفتابش[3] چوں برآمد زاں فلک — با شبِ تن گفت ہیں ما ودّعک

اُن (آنحضورؐ) کا آفتاب (اللہ تعالیٰ) جب فلک — جسم کی رات کو فرمایا خبردار! اُسنے تمہیں چھوڑا نہیں ہے

وصل پیدا گشت از عینِ بلا — زاں حلاوت شد عبارت ما قلیٰ

خود ابتلاء سے وصل پیدا ہو گیا — اُس نے کینہ دری نہیں کی کی تعبیر شیرینی ہوئی

---

تش - آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ فلک - یعنی آسمانِ الوہیت۔ شبِ تن - رات کی طرح جسم بھی نور کے لئے ساتر ہے۔ ما ودّعک - کس خدا نے تجھے چھوڑا نہیں ہے۔ عینِ بلا - آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہود نے روح کی حقیقت کا سوال کیا آنحضورؐ نے بتانے کا وعدہ کیا لیکن ان شاء اللہ کہنا بھول گئے۔ اس پر بطور تنبیہ کچھ دن کیلئے وحی منقطع ہو گئی اور پھر سورۂ والضحیٰ نازل ہوئی جسمیں فرمایا گیا خدا نے تمہیں چھوڑا نہیں ہے یعنی تمھیں وصال حاصل ہے۔ ہذا انھیں ابتلاء سے وصل کی بشارت ملی۔

[1] قیامت قرآن میں قیامت کو دن بتایا گیا ہے حقیقت۔ صوفیاء کی اصطلاح میں ظاہر کو حقیقت اور مظاہر کو صورت کہا جاتا ہے۔ تمام کائنات اسمائے الٰہی کا مظہر ہے اور اسماء الٰہی ظاہر حقیقت ہیں اور تمام کائنات میں انسان مظہر اتم ہے قیامت کے دن کی حقیقت اولیاء کا باطن ہے چونکہ وہ اسم مُقسط کا مظہر ہے تو کھوٹے کھرے کو جُدا کرنے کا مظہر قیامت کا دن ہے اور اُس کی حقیقت اولیاء کا باطن ہے۔

[2] مردِ حق۔ اولیاء کے قلوب میں کھرے کھوٹے کو جدا کر دینے کی صلاحیت ہے اور پردہ پوشی کی بھی۔ لہٰذا دن اور رات اُن کے قلوب کا عکس ہیں۔ والضحیٰ۔ مولانا فرماتے ہیں کہ اس سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک کا نور مراد ہے جس کی قسم خدا نے کھائی ہے۔ اگر دوسرے مفسرین کے قول کے مطابق ضحیٰ کے معنی چاشت کے وقت کے لئے جائیں تب بھی اُس کی قسم اسی بنیاد پر ہے کہ وہ نورِ مصطفوی کا مظہر ہے ورنہ محض چاشت کا وقت ایک فانی چیز ہے جو خدا کی قسم کی لائق نہیں ہے۔ واللیل۔ خدا نے جو رات کی قسم کھائی ہے اُس سے آنحضورؐ کی ستاری اور جسد عنصری مراد ہے جس میں نور پنہاں ہے۔

[3] آفتاب ذات [illegible]

هر عبارت خود نشانِ حالتیست — حال چوں دست و عبارت آلتیست

ہر عبارت ایک حالت کی علامت ہے — حال بمنزلہ ہاتھ کے اور عبارت بمنزلہ آلہ کے ہے

آلتِ زرگر بدستِ کفش گر — ہمچو دانہ کشت کردہ ریگ در

سنار کا اوزار موچی کے ہاتھ میں — ایسا ہی ہے جیسے ریتے میں بویا ہوا دانہ

وآلتِ اسکاف پیشِ برزگر — پیشِ سگ کہ استخواں در پیشِ خر

اور موچی کا اوزار کاشتکار کے سامنے — کتے کے سامنے گھاس اور گدھے کے سامنے ہڈی ڈالنا ہے

بود اَنَا الْحَق در لبِ منصور نور — بود اَنَا الله در لبِ فرعون زور

انا الحق منصور کے لب پر نور تھا — میں خدا ہوں فرعون کے لب پر جھوٹ تھا

شد عصا اندر کفِ موسیٰؑ گوا — شد عصا اندر کفِ ساحر ہبا

لاٹھی موسیٰؑ کے ہاتھ میں گواہ بنی — جادوگر کے ہاتھ میں لاٹھی بیکار ہوئی

زیں سبب عیسیٰؑ بداں ہمراہِ خود — در نیاموزید آں اسمِ احد

اسی وجہ سے حضرت عیسیٰؑ نے اپنے ساتھی کو — اللہ کا نام (اسم اعظم) نہیں سکھایا

کو نداند نقص بر آلت نہد — سنگ بر گِل زن تو آتش کے جہد

کیونکہ وہ (اپنا) نقص نہ سمجھے گا آلہ پر (الزام) دھرے گا — تو چقماق کو مٹی پر رگڑ شعلہ کب دے گا؟

دست و آلت ہمچو سنگ و آہن ست — جفت باید جفت شرطِ زادن ست

ہاتھ اور آلہ چقماق اور لوہے کی طرح ہے — جوڑا چاہیئے جننے کے لیے جوڑا شرط ہے

آنکہ بے جفت ست و بے آلت یکیست — در عدد شک ست و آں یک بے شکیست

جو (ذات خدا) بے جوڑے کے اور بے آلے کے ہے وہ ایک — اس کے چند ہونے میں شک ہے اور اس کا ایک ہونا بے شک ہے

آنکہ دو گفت و سہ گفت و بیش ازیں — متفق باشند در واحد یقیں

جنھوں نے (سکو) دو کہا اور تین کہا اور اس سے زیادہ کہا — یقیناً وہ ایک (کے وجود) میں متفق ہیں

احولی چوں دفع شد یکساں شوند — آں دو سہ گویاں یکے گویاں شوند

بھینگاپن جب جاتا رہا یکساں ہو جائیں گے — دو تین کہنے والے ایک کہنے والے ہو جائیں گے

گر یکے گوئی تو در میدانِ او — گرد بر میگرد از چوگانِ او

اگر تو (خدا کو) ایک کہتا ہے تو اس کے میدان میں — اس کے بلّے پر چکر کاٹ

---

در عدد۔ چند خدا ہونا ثابت نہیں ہے۔ دو گفت۔ چند خداؤں کے ماننے والے بھی ایک خدا کے تو قائل ہوئے۔ احولی۔ بھینگاپن جس کی وجہ سے ایک کے چند نظر آتے ہیں۔ گر یکے۔ موحد کے لئے ضروری ہے کہ جس کا تابع فرمان بنے۔

لہ ہر عبارت۔ عبارت کے ذریعہ کسی حالت کو بیان کیا جاتا ہے۔ ان دونوں کی وہی نسبت ہے جو ہاتھ اور کاریگر کے اوزار کی ہے۔ اگر ہاتھ اور اوزار میں مناسبت ہے تو کام ٹھیک ہوگا ورنہ غلط۔ اسی طرح عبارت اگر حال کے مطابق ہوگی تو صحیح ہے ورنہ غلط ہے۔ آلتِ زرگر۔ ہر آلہ ہر ہاتھ میں کام نہیں کرتا ہے ہاتھ اور آلہ میں تناسب ضروری ہے۔ پیشِ سگ۔ کتا گھاس نہیں کھا سکتا نہ گدھا ہڈی چبا سکتا ہے۔ خر۔ گدھا گھاس کھا سکتا ہے۔ زیر۔ ہڈی منصور حلاج نے اپنے آپ کو فنا کر کے انا الحق کہا تھا عبارت اور حال میں مطابقت تھی۔ فرعون نے خدائی کے دعویٰ کے لئے کہا جو جھوٹ تھا عبارت اور حال میں مطابقت نہ تھی۔ سے عصا۔ حضرت موسیٰؑ کے ہاتھ میں لاٹھی لکڑی تھی لیکن جو معجزہ ہونے کی وجہ سے رسالت کی گواہ بنی۔ آلہ اور ہاتھ میں مناسبت تھی۔ ساحر۔ جادوگر تھے اور ان کی لاٹھیاں بیکار ہو گئیں۔ زیں سبب۔ جب تو کام کا نہ ہو تو اوزار کام نہ کرے گا کیونکہ اپنا قصور نہ سمجھے گا اسم اعظم کو غلط کہے گا۔ سنگ۔ یعنی چقماق۔ جفت۔ جوڑے سے بچہ پیدا ہوتا ہے۔

سے آنکہ۔ بچہ پیدا ہونے کیلئے جوڑا اور ہاتھ آلہ ہونا ضروری ہے لیکن یہ انسانوں کیلئے ہے خدا جوڑے اور آلے سے پاک ہے

گوئی[1] آنگہ راست و بے نقصاں شود ‌ ‌ ‌ کو ز زخمِ دستِ شہ رقصاں شود
گیند اُس وقت صحیح اور بے عیب ہوتی ہے ‌ ‌ ‌ جبکہ وہ بادشاہ کے ہاتھ کی ضرب سے ناچے

گوش[2] دار اے احول اینہا را بہوش ‌ ‌ ‌ دارُوئے دیدہ بکش از راہِ گوش
اے بھینگے! اِس کو ہوش سے سُن لے ‌ ‌ ‌ کان کے راستے سے آنکھ کی دوا لگا لے

پس کلامِ پاک در دلہائے کور ‌ ‌ ‌ می نپاید می رود تا اصلِ نور
بہت سے پاک کلام ہیں جو اندھے دلوں میں ‌ ‌ ‌ نہیں ٹھہرتے ہیں، اصلِ نور کی طرف چلے جاتے ہیں

واں فسونِ دیو در دلہائے کژ ‌ ‌ ‌ می رود چوں کفشِ کژ در پائے کژ
شیطان کے منتر ٹیڑھے دلوں میں ‌ ‌ ‌ اُتر جاتے ہیں جیسے ٹیڑھی جوتی ٹیڑھے پیر میں

گرچہ حکمت را بہ تکرار آوری ‌ ‌ ‌ چوں تو نا اہلی شود از تو بری
اگرچہ دانائی کی باتوں کو تو دُہرائے ‌ ‌ ‌ جبکہ تو نا اہل ہے، وہ تجھ سے علیحدہ رہیگی

ورچہ[3] بنویسی نشانش می کنی ‌ ‌ ‌ ورچہ می لافی بیانش می کنی
اگرچہ تو لکھ لے، اُس کی پہچان بنا لے ‌ ‌ ‌ اگرچہ تو ڈینگے مارے اُس کو بیان کرے

اُو ز تو رُو در کشد اے پُر ستیز ‌ ‌ ‌ بندہا را بگسلد بہرِ گریز
اے جھگڑالو! وہ باتیں، تجھ سے مُنہ پھیر لیں گی ‌ ‌ ‌ بھاگنے کے لئے پھندے توڑیں گی

ورنہ خوانی و ببیند سوزِ تو ‌ ‌ ‌ علم باشد مُرغِ دست آموزِ تو
اگر تو علمِ ظاہری نہ پڑھے اور وہ (خدا) تیرے شوق کو دیکھے ‌ ‌ ‌ علم تیرے ہاتھ کا پلا ہوا پرندہ ہوگا

اُو نپاید پیشِ ہر نا اوستا ‌ ‌ ‌ ہمچو بازِ شہ بخانہ رُوستا
وہ بے اُستادے کے پاس نہیں ٹھہرتا ہے ‌ ‌ ‌ جیسے کہ شاہی باز دیہاتی کے گھر میں

## یافتنِ بادشاہ بازِ گم کردہ را بخانۂ پیرزن
بادشاہ کا گم شدہ باز کو بوڑھی عورت کے گھر میں پا لینا

علم آں بازیست کو از شہ گریخت ‌ ‌ ‌ گندہ[4] پیر از جہل پیشش کاہ ریخت
علم، وہ باز ہے جو بادشاہ سے بھاگا ‌ ‌ ‌ بوڑھی نے نادانی سے اُسکے سامنے گھاس ڈالا

علم بازے داں کہ او از شہ گریخت ‌ ‌ ‌ سوئے آں کمپیر کو می آرد بیخت
علم کو وہ باز سمجھ جو بادشاہ سے بھاگا ‌ ‌ ‌ اُس بوڑھی کے پاس جو آٹا چھانتی تھی

تاکہ تُتماجے پزد اولاد را ‌ ‌ ‌ دید آں بازِ خوشِ خوش زاد را
تاکہ بچوں کے لئے حریرہ پکائے ‌ ‌ ‌ اُس نے اُس خوبصورت عمدہ نسل کے باز کو دیکھا

---

[1] گوئی۔ صیح گیند ہی ہے جو بلّے کی مار کے مطابق حرکت کرے۔ مُوحّد کو بھی چوگانِ قضا کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔
[2] گوش۔ نصیحت سُن کر صحیح عقیدہ قائم کر لے۔ بس نصیحت اسی پر اثر کرتی ہے جو دل کا اندھا نہ ہو۔ فسون۔ شیطانی باتوں کو بھی دل قبول کرتا ہے جو کہ وہ باتیں بھی ٹیڑھی ہیں۔ گرچہ حکمت۔ علم سیکھنے کے لئے مناسبت شرط ہے۔
[3] ورچہ۔ علم حاصل کرنے کی سب تدبیریں کرے۔ لافی۔ لافیدن۔ شیخی بگھارنا۔ رُو کشیدن۔ مُنہ موڑنا۔ پُر ستیز۔ جھگڑالو۔ ورنہ خوانی۔ حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا معارف کا سرچشمہ ہے۔ نپاید۔ پائیدار نہیں ہوتا۔ رُوستا۔ دیہاتی۔
[4] گندہ پیر۔ بوڑھی۔ جہل۔ یعنی باز کی خوراک سے ناواقفیت۔ کمپیر۔ بوڑھی۔ می آرد بیخت۔ آرد می بیخت۔ تُتماج۔ حریرہ۔ خوش خوش۔ خوبصورت۔ خوش زاد۔ عالی نسل والا۔

پایکش[1] بست و پرش کوتاہ کرد | ناخنش ببرید و قوتش کاہ کرد
اُس کے نازک پیر باندھے اور اُس کے پر کاٹے | اُسکے ناخن چھانٹے اور اُس کو گھاس کا چارہ دیا

گفت نا اہلاں نکردندت بساز | پر فزود از حد و ناخن شد دراز
بولی، نااہلوں نے تجھے درست نہ کیا | پَر حد سے بڑھ گئے، اور ناخن لمبے ہو گئے

دستِ ہر نااہل بیمارت کند | سوئے مادر آ کہ تیمارت کند
ہر نااہل کا ہاتھ تجھے بیمار کر دے گا | ماں کے پاس آ، تاکہ تیری خبر گیری کرے

مہرِ جاہل را چنیں داں اے رفیق | کژ رود جاہل ہمیشہ در طریق
اے دوست! جاہل کی محبت کو ایسا ہی سمجھ | جاہل راستہ میں ہمیشہ ٹیڑھا چلتا ہے

جاہل ار با تو نماید ہمدلی | عاقبت زخمت زند از جاہلی
جاہل اگر تجھ سے ہمدردی ظاہر کرے | نادانی سے آخر کار تجھے زخمی کر دے گا

روز شہ در جستجو[2] بیگاہ شد | سوئے آں کمپیر و آں خرگاہ شد
بادشاہ کا دن تلاش میں بیکار گیا | بالآخر اُس بڑھیا اور اُسکے خیمہ کی طرف روانہ ہوا

دید ناگہ باز را در دود و گرد | شہ برو بگریست زار و نوحہ کرد
اچانک باز کو دھوئیں اور غبار میں دیکھا | بادشاہ اس پر رو پڑا اور نوحہ کرنے لگا

گفت ہر چند ایں جزائے کارِ تست | کہ نباشی در وفائے ما درست
بولا، درحقیقت تیرے کام کی یہی سزا ہے | کیونکہ تو ہماری وفاداری پر قائم نہ رہا

چوں کنی از خلد در دوزخ فرار | غافل از لَا یَسْتَوِی اَصْحَابُ النَّار
تو جنت سے دوزخ میں ٹھکانا کیوں کرتا ہے؟ | لَا یَسْتَوِی اَصْحَابُ النَّار سے غافل

ایں سزائے آنکہ از شاہِ خبیر[3] | خیرہ بگریزد بخانہ گندہ پیر
یہی اُس کی سزا ہے جو جانکار بادشاہ سے | شوخی سے بھاگ کر بوڑھی عورت کے گھر جائے

گندہ پیرِ جاہل ایں دنیا دنی ست | ہر کہ مائل شد بدو خوار و غبی ست
جاہل، بوڑھی یہ کمینی دنیا ہے | جو اُس کی طرف جھکا، ذلیل اور بیوقوف ہے

ہست دنیا جاہل و جاہل پرست | عاقل آں باشد کزیں جاہل برست
دنیا جاہل اور جاہل پرست ہے | عقلمند وہ ہے جو اُس جاہل سے نجات پائے

ہر کہ با جاہل بود ہمراز باز | آں رسد با او کہ با آں شاہ باز
جو جاہل کا ہمراز ہوگا بالآخر | اُس کو وہ ملے گا جو اُس شاہباز کو

---

[1] پایکش۔ پایک۔ ش کاف تصغیر کے لئے ہے۔ کوتاہ کرد۔ کاٹ کر چھوٹے کر دئے۔ قوت۔ خوراک۔ کاہ۔ گھاس۔ ساز۔ ساخت پرداخت۔ دست۔ نااہل کے ہاتھوں بُری گت بنتی ہے۔ مادر۔ بڑھیا نے محبت میں اپنے آپ کو باز کی ماں کہا ہے۔ تہر۔ شعر۔ بود محبت ناداں بلا کہ یوسف کے مرب سرائے زلیخا تمام زندان ست

[2] در جستجو۔ باز کے ڈھونڈنے میں۔ بیگاہ۔ ضائع، بیکار۔ خرگاہ۔ خیمہ۔ دود۔ بڑھیا کے چولہے کا دھواں۔ کژ۔ یعنی بے وفائی۔ لَا یَسْتَوِی۔ قرآن پاک میں ہے "دوزخی اور بہشتی برابر نہیں ہو سکتے ہیں بہشتی نجات پانے والے ہیں"۔

[3] خبیر۔ باخبر، حق شناس۔ گندہ پیر۔ بوڑھی عورت۔ دنی۔ کمینہ۔ بدو۔ باو۔ غبی۔ کند ذہن۔ جاہل پرست۔ دنیا جاہلوں کی زیادہ قدرداں ہے۔ باز۔ پھر، بالآخر۔

باز می مالید پر بر دستِ شاہ
باز، بادشاہ کے ہاتھ پر بازو ملتا تھا
بے زباں می گفت من کردم گناہ
بغیر زبان کے کہتا تھا کہ میں نے خطا کی

پس کجا زارد کجا نالد لئیم
کمینہ کہاں زاری کرے، کہاں روئے؟
گر تو نپذیری بجز نیک اے کریم
اے کریم! اگر تو نیک کے علاوہ کسی کی (دعا) قبول نہیں کرتا ہے

سر کجا بنہد ظلومِ شرمسار
ظالم، شرمندہ سر کہاں جھکائے؟
جز بدرگاہِ تو اے آمرزگار
تیری درگاہ کے سوا اے بخشنے والے!

لطفِ شہ جاں را جنایت جو کند
شاہ کی مہربانی، جان کو گناہ پر آمادہ کر دیتی ہے
زانکہ شہ ہر زشت را نیکو کند
کیونکہ شاہ ہر برائی کو بھلائی کر دیتا ہے

رو مکن زشتی کہ نیکیہائے ما
گناہ کا رخ نہ کر، کیونکہ ہماری نیکیاں (بھی)
زشت آید پیش آں زیبائے ما
اس ہمارے محبوب کے سامنے بری (نظر آتی) ہیں

خدمتِ خود را سزا پنداشتی
تو نے اپنی عبادت کو اچھا سمجھا
تو لوائے جرم ازاں افراشتی
اسلئے تو نے گنہگاری کا جھنڈا بلند کر دیا

چوں ترا ذکر و دعا دستور شد
چونکہ تجھے ذکر اور دعا کی عادت ہو گئی ہے
زاں دعا کردن دلت مغرور شد
اس دعا سے تیرا دل مغرور ہو گیا ہے

ہم سخن دیدی تو خود را با خدا
تو نے اپنے آپ کو خدا سے ہمکلام سمجھا
اے بسا کو زیں گماں افتد جدا
بہت سے لوگ اسی گمان کی وجہ سے دور جا پڑے ہیں

گرچہ با تو شہ نشیند بر زمیں
اگرچہ بادشاہ تیرے ساتھ زمین پر بیٹھ جائے
خویشتن بشناس و نیکوتر نشیں
اپنے آپ کو پہچان، اور سلیقے سے بیٹھ

باز گفت اے شہ پشیماں می شوم
باز نے کہا، اے شاہ! میں شرمندہ ہوں
توبہ کردم نو مسلماں می شوم
میں نے توبہ کی، از سرِ نو مسلمان ہوتا ہوں

آنکہ تو مستش کنی و شیر گیر
جس کو تو مست اور نیم مست کرے
گر ز مستی کژ رود عذرش پذیر
اگر مستی کی وجہ سے ٹیڑھا چلے تو اس کا عذر قبول فرما

گرچہ ناخن رفت چوں باشی مرا
اگرچہ ناخن جاتے رہے (لیکن) جب تو میرا ہوگا
برکنم من پرچمِ خورشید را
میں سورج کا جھنڈا اکھاڑ دوں گا

ورچہ پرہم رفت چوں بنوازیم
اگرچہ میرے پر جاتے رہے (لیکن) جب تو مجھے نوازے
چرخ بازی کم کند در بازیم
آسمان مجھ سے گردش میں بازی نہیں لے سکتا

---

بے زباں یعنی زبانِ حال۔ زارد۔ زاریدن کا فعل مضارع ہے۔ لئیم۔ کمینہ گنہگار۔ ظلوم۔ بہت ظلم کرنے والا۔ جنایت جو۔ خطا کار۔ نیکو کند۔ برائیوں کو بھلائیوں میں بدل دیتا ہے۔ لیکن خدا کی رحمت کے بھروسے پر گناہ کرنا مناسب نہیں ہے۔ نیکیہائے ما۔ ہماری نیکیاں محبوب کے شایانِ شان نہیں ہیں۔
خدمت۔ یعنی عبادت۔ سزا۔ یعنی خدا تعالیٰ کے لائق۔ لوا۔ جھنڈا۔ جرم۔ گناہ۔ مغرور شد۔ ہماری دعا قبولیت کے لائق کہاں ہے۔ زیں گماں۔ عبادت کا گھمنڈ ہلاکت کا سبب ہے۔
گرچہ۔ بڑے کی بے تکلفی سے انسان کو گستاخ نہ ہونا چاہیے۔ باز۔ یہاں سے پھر باز کی گفتگو ہے۔ نو مسلماں۔ از سر نو فرمانبردار۔ شیر گیر۔ نیم مست جو اپنی گفتار و رفتار پر قابو رکھتا ہو۔ کژ۔ کج۔ ناخن رفت۔ بڑھیا نے ناخن تراش دیئے تھے۔

گر مرا بخشیم کُہ را بر کنم | گردہی کِلکم عَلمہا بشکنم
اگر تو مجھے پٹکا باندھ دے پہاڑ کو اکھاڑ دوں | اگر تو مجھے قلم کا پورا دیدے میں جھنڈے گرادوں

آخر از پشہ نہ کم باشد تنم | مُلکِ نمرودی بپر برہم زنم
آخر میرا جسم مچھر سے کم نہ ہوگا | نمرودی سلطنت کو پَر سے زیر وزبر کر دوں

در ضعیفی تو مرا بابیل گیر | ہر یکے خصمِ مرا چوں پیل گیر
کمزوری میں مجھے ابابیل سمجھ | میرے ہر مقابل کو ہاتھی جیسا سمجھ

قدرِ فُندق افگنم بُندق خریق | بُندقم در فعل صد چوں منجنیق
فندق کی بقدر پھاڑنے والا غلہ پھینکوں گا | میرا غلہ کام میں سو گوپھنوں کی طرح ہوگا

گرچہ سنگم ہست مقدارِ نخود | لیک در ہیجا نہ سَر ماند نہ خود
اگرچہ میرا پتھر چنے کی بقدر ہے | لیکن جنگ میں نہ سر بچے گا نہ خود

رفت موسیٰؑ در وغا با یک عصاش | زد بر آں فرعون و بر شمشیرہاش
موسیٰؑ جنگ میں ایک لاٹھی لے کر گئے | اُس کو فرعون اور اُس کی تلواروں پر چلایا

ہر رسولے یک تنہ کاں در زدست | بر ہمہ آفاق تنہا بر زدست
ہر پیغمبر تنہا جو اس جنگ میں داخل ہوا ہے | تمام جہان پر تنہا غالب آیا ہے

نوحؑ چوں شمشیر در خواہید ازو | موجِ طوفاں کرد حق شمشیرِ او
نوحؑ نے جب اُس (اللہ) سے تلوار چاہی | اللہ تعالیٰ نے طوفان کی موج کو اُن کی تلوار بنادیا

احمدا خود کیست اِسپاہِ زمیں | ماہ بیں بر چرخ و بشگافش جبیں
اے احمدؐ! یہ زمین کے سپاہی کیا ہیں؟ | آسمان پر چاند کو دیکھ اور اُس کی پیشانی چیر دے

تا بداند سَعد و نحسِ بے خبر | دورِ دورِ تست نے دورِ قمر
تاکہ نیک بخت اور جاہل بدبخت جان لے | یہ تیرا دَور دَورہ ہے نہ کہ قمر کا

دورِ تست ایرا کہ موسیٰؑ کلیم | آرزو می بُرد زیں دورت مقیم[۹]
یہ تیرا دور ہے اسی لئے موسیٰؑ کلیم (اللہ) | تیرے اس دَور میں مقیم ہونے کی آرزو کرتے تھے

چونکہ موسیٰؑ رونقِ دورِ تو دید | کاندرو صبحِ تجلّی می دمید
چونکہ موسیٰؑ نے تیرے دور کی رونق دیکھی | کہ اُس میں تجلّی کی صبح چمکتی ہے

گفت یارب ایں چہ دورِ رحمت ست | آں گذشت از رحمت اینجا رویت ست
کہا اے خدا یہ کیسا رحمت کا دور ہے؟ | وہ تو رحمت سے بھی بڑھ گیا اس جگہ تو دیدار ہے

---

لے کہ۔ پٹکا۔ بخشیم۔ بخش مرا۔ کلک۔ قلم کا پورا۔ قلم۔ جھنڈا۔ پشہ۔ مچھر۔ نمرود ایک ظالم بادشاہ تھا جو خدائی کا مدعی تھا، ایک مچھر اُسکی ناک میں گھس گیا جو اُسکی ہلاکت کا سبب بنا۔ بابیل۔ ابرہہ نے خانہ کعبہ کو ڈھانے کے لئے ہاتھیوں کے لشکر سے حملہ کیا، چھوٹے چھوٹے پرندوں کے جھرمٹ نے اُس لشکر پر حملہ کیا، اور معمولی کنکریاں اپنے پنجوں کے ذریعہ اُن پر گرا کر اُن کو ہلاک کر دیا۔ خصم۔ مقابل دشمن۔ پیل۔ ہاتھی۔ فندق۔ عناب کی وضع کا ایک پھل ہے، چھوٹی گیند۔ بندق۔ غلہ۔ خریق۔ پھاڑنے والا۔ نخود۔ چنا۔ ہیجا۔ جنگ۔ خود۔ لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں اوڑھی جاتی ہے۔

شہ موسیٰؑ۔ ساحروں کے مقابلہ میں حضرت موسیٰ عصا لیکر گئے تھے۔ وغا۔ جنگ۔ یک تنہ۔ تنہا۔ دَر۔ دروازہ۔ زد۔ داخل ہوا۔ تاراج کیا۔ نوحؑ۔ حضرت نوحؑ کے طوفان کی موجوں نے وہ کام کیا جو تلواریں کرتی ہیں۔ احمدا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے۔ اِسپاہ۔ سپاہ۔ ماہ۔ آنحضورؐ سے شق القمر کا معجزہ ظاہر ہوا۔ نے دورِ قمر۔ ستاروں اور چاند کی پرستش کا زمانہ ختم ہوگیا ہے۔

۹ مقیم۔ ابونعیمؒ نے کتاب حلیہ میں ایک حدیث نقل کی ہے جسمیں حضرت موسیٰؑ کی اس تمنا

غوطہ خور موسیا اندر بحار ۔۔۔ وز میان دور احمدؐ سر برآر
اے موسیٰ! سمندروں کے اندر غوطہ لگا ۔۔۔ اور احمدؐ کے دور کے درمیان سر ابھار دے

گفت یا موسیٰ بداں بنمودمت ۔۔۔ راہ آں خلوت بداں بکشودمت
اللہ نے فرمایا اے موسیٰ اسی لئے میں نے تمہیں دکھایا ہے ۔۔۔ اس خلوت کا راستہ تم پر اسی لئے کھولا ہے

گر[۱] تو زاں دوری دریں دورے کلیم ۔۔۔ پا بکش زیرا دراز است ایں گلیم
اے کلیم! اگرچہ تو اس دور سے دور ہے لیکن اسی میں ۔۔۔ پیر پھیلا دے اس لئے کہ یہ کمبلی دراز ہے

من کریمم ناں نمایم بندہ را ۔۔۔ تا بگریاند طمع آں زندہ را
میں کریم ہوں بندہ کو روٹی دکھا دیتا ہوں ۔۔۔ تاکہ اس زندہ کو لالچ رلا دے

بینیِ طفلے بمالد مادرے ۔۔۔ تا شود بیدار وا جوید خورے
ماں بچے کی ناک ملتی ہے ۔۔۔ تاکہ جاگ جائے اور کھانا مانگے

کو گرسنہ خفتہ باشد بے خبر ۔۔۔ واں دو پستاں می چکد از مہر در
کہ وہ بھوکا بے خبر سویا ہوا ہوتا ہے ۔۔۔ اور دونوں پستان محبت سے دودھ ٹپکاتے ہیں

کُنْتُ[۲] کَنْزًا رَحْمَةً مَّخْفِیَّةً ۔۔۔ فَابْتَعَثْتُ اُمَّةً مَّهْدِیَّةً
میں رحمت کا ایک چھپا ہوا خزانہ تھا ۔۔۔ تو میں نے ایک ہدایت یافتہ امت پیدا کی

ہر کراماتے کہ میجوئی بجاں ۔۔۔ او نمودت تا طمع کردی دراں
جن عطاؤں کو تو جان و دل سے چاہتا ہے ۔۔۔ اس نے وہ تجھے دکھا دیں تاکہ تو ان کا لالچ کرے

چند بت بشکست احمدؐ در جہاں ۔۔۔ تا کہ یارب گوی گشتند امتاں
احمدؐ نے دنیا میں چند بت توڑے ۔۔۔ تو امتیں یارب کہنے والی بن گئیں

گر نبودے کوشش احمدؐ تو ہم ۔۔۔ می پرستیدی چو اجدادت صنم
اگر احمدؐ کی کوشش نہ ہوتی تو بھی اے مخاطب ۔۔۔ اپنے باپ دادا کی طرح بت پوجتا

ایں سرت وارست[۳] از سجدہ صنم ۔۔۔ تا بدانی حق او را بر امم
تیرا یہ سر بت کو سجدہ کرنے سے بچ گیا ۔۔۔ خبردار امتوں پر ان کے حق کو سمجھ لے

گر بگوئی شکر ایں رستن بگو ۔۔۔ کز بت باطن ہمت برہاند او
اگر تو اس کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہے تو ذکر کر ۔۔۔ تاکہ اندرونی بت سے بھی تجھے چھٹکارا دلا دے

مر سرت را چوں رہانید از بتاں ۔۔۔ ہم بداں قوت تو دل را وا رہاں
جس طرح اس نے تیرے سر کو بتوں سے آزاد کرایا ۔۔۔ اسی طاقت کے ذریعہ سے تو دل کو بت پرستی سے آزاد کر

---

۱ گر تو۔ اگرچہ تم زمانہ دور احمدیؐ سے دور ہے لیکن تو اس سے تمتع اور لطف اٹھا سکتا ہے گلیم۔ چادر یعنی منصوبہ کا زمانہ۔ من کریم۔ میں بندہ چاہتا ہوں اور بندوں کو نعمتوں کی جھلک دکھا دیتا ہوں تاکہ وہ اُن کی خواہش میں گریہ وزاری کریں اور دریائے رحمت جوش میں آجائے۔ حضرت موسیٰ کو دور احمدیؐ کی جھلک اسی لئے دکھائی گئی۔ ماں سوئے ہوئے بچے کو بیدار کرتی ہے تاکہ وہ روئے اور پستان سے دودھ جوش مار کر نکلے اور وہ اُس کو پلائے۔

۲ کنت۔ حدیث شریف ہے۔ کُنْتُ کَنْزًا مَّخْفِیًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ۔ میں چھپا ہوا خزانہ تھا میں نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں تو میں نے مخلوق کو پیدا کیا۔ اُمَّةً مَّهْدِیَّةً ہدایت یافتہ اُمت یعنی اُمت محمدی جس کو معرفت ذات و صفات کا پورا علم عطا کیا گیا ہے۔ حضور آنحضورؐ کی بعثت بھی انہی عطیات میں سے ہے جس کی نمائش کی وجہ سے اشرف مخلوقات نے اپنا مقام پایا ورنہ اپنے سے ادنیٰ کے سامنے سربسجود تھا۔

۳ وارست۔ بچ گیا۔ تو [illegible] اس کا شکریہ [illegible] کو سب نے گا اور نفسانی باطنی بت سے بھی [illegible] قوت [illegible]

سرِ زشکرِ دیں ازاں برتافتی ۔۔ کز پدر میراث ارزاں یافتی

دین کے شکر سے تونے اِس لئے منہ موڑا ہے ۔۔ کہ تونے باپ سے سستی میراث پائی ہے

مردِ میراثی چہ داند قدرِ مال ۔۔ رُستمے جاں کند مجّاں یافت زال

وراثت پانے والا انسان مال کی قدر کیا جانے؟ ۔۔ رستم نے جان کھپائی، بوڑھی نے مفت حاصل کرلیا

چوں بگریانم بجوشد رحمتم ۔۔ آں خروشندہ نیوشد نعمتم

جب میں رُلاتا ہوں میری رحمت جوش مارتی ہے ۔۔ وہ رونے والا سُن لیتا ہے "میں نعمت ہوں"

گر نخواہم داد خود ننمایمش ۔۔ چونش کردم بستہ دل بکشایمش

اگر میں دینا نہ چاہوں تو اس کو نہ دکھاؤں ۔۔ جب میں اُسکو تنگدل بناتا ہوں تو اُس کا دل کشادہ کر دیتا ہوں

رحمتم موقوفِ آں خوش گریہ ہاست ۔۔ بعد ازاں از بحرِ رحمت موج خاست

میری رحمت خوب رونے پر موقوف ہے ۔۔ اُس کے بعد رحمت کے دریا سے موج اُٹھی ہے

تا نگرید طفل کے جوشد لبن ۔۔ تا نگرید ابر کے خندد چمن

جب تک بچہ نہ روئے دودھ کب جوش مارتا ہے؟ ۔۔ جب تک ابر نہ روئے چمن کب ہنستا ہے؟

## حلوا خریدنِ شیخ احمد خضرویہ از جہتِ غریماں بالہامِ حق تعالےٰ

اللہ تعالےٰ کے الہام سے شیخ احمد خضرویہ کا قرض خواہوں کے لئے حلوا خریدنا

بود شیخے دائماً اُو وام دار ۔۔ از جوانمردیکہ بود اُو نامدار

ایک شیخ ہمیشہ قرض دار رہتے تھے ۔۔ اُس سخاوت کی وجہ سے جس میں وہ مشہور تھے

دہ ہزاراں وام کردے از مِہاں ۔۔ خرج کردے بر فقیرانِ جہاں

وہ مالداروں سے ہزاروں قرض لیتے تھے ۔۔ دنیا بھر کے فقیروں پر خرچ کر دیتے تھے

ہم بوام اُو خانقاہے ساختہ ۔۔ جان و مال و خانقہ در باختہ

اُنھوں نے قرض ہی سے خانقاہ بنائی تھی ۔۔ گھر بار اور خانقاہ (قرض میں) کھو چکے تھے

احمدِ خضرویہؒ بودے نامِ اُو ۔۔ خدمتِ عشاق بودے کامِ اُو

اُن کا نام احمد خضرویہؒ تھا ۔۔ (خدا کے) عاشقوں کی خدمت اُن کا کام تھا

وام او را حق زہر جا می گذارد ۔۔ کرد حق بہرِ خلیلؑ از ریگ آرد

اللہ (تعالےٰ) اُن کے قرض کہیں نہ کہیں سے ادا کر دیتا تھا ۔۔ خدا (تعالےٰ) نے (حضرت) ابراہیمؑ کیلئے ریت سے آٹا کر دیا

نہ ملا تو دالیسی پر شرمندگی سے بچنے کے لئے اُس نے اونٹ پر ریت لاد لیا۔ جب گھر واپس آیا تو حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا گیہوں کی بجائے آٹا لے آئے ہو۔ جب اُس خادم نے دیکھا تو وہ ریت نہ تھا بلکہ آٹا تھا۔

لہ سرِ۔ یعنی مسلمان کو نعمتِ اسلام کی قدر نہیں ہے۔ انسان جس قدر ذاتی کمائی کی قدر کرتا ہے میراثِ پدر کی اتنی قدر نہیں کرتا۔ میراثی۔ جس کو ورثہ میں مال مل گیا ہو۔ رستم۔ یعنی کمانے والا بہادری اور محنت سے مال کماتا ہے وارث اُس کو اُڑا ڈالتے ہیں۔ زال۔ یعنی وارث۔ چوں۔ یہاں سے پھر پہلے مضمون کو شروع کیا ہے کہ گریہ وزاری سے میری رحمت کو جوش آتا ہے۔ نعمتم۔ یعنی نعمتِ خداوندی پکارتی ہے کہ میں موجود ہوں۔ گر نخواہم۔ جس کو دینا مقصود نہیں ہوتا ہے اُسکو نعمت کی جھلک بھی نہیں دکھاتا ہوں۔ چونش۔ جب وہ شوق کی وجہ سے دل گرفتہ ہوتا ہے تو اُسکو دیکر خوش کر دیتا ہوں۔

لہ تا نگرید۔ اس سنت اللہ کا مشاہدہ کائنات میں کرلو۔ بچہ کے رونے سے ماں کے پستان میں دودھ جوش مارتا ہے ابر کے رونے اور پانی برسانے سے باغ شگفتہ ہوتا ہے۔ حلوا خریدن۔ اس قصہ کا مقصد بھی گریہ کی فضیلت اور اُس پر نعمتوں کے نزول کا بیان ہے خضرویہ۔ فارسی والے یا پر زبر اور ہ کو ساکن کرکے پڑھتے ہیں۔ وام۔ قرض۔ جوانمردی۔ سخاوت۔

لہ ریگ آرد۔ مشہور ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے خادم کو مہمانوں کی خاطر گیہوں قرض لینے بھیجا وہاں اُس کو قرض

گفت پیغمبر کہ در بازارہا
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ بازاروں میں
دو فرشتہ می کنند از دل دُعا[1]
دو فرشتے دل سے دُعا کرتے ہیں

کاے خدا تو مُنفِقاں را دِہ خَلَف
کہ اے خدا تو خرچ کرنے والوں کو عوض دیدے
وے خدا تو مُمسِکاں را دہ تلَف
اے خدا تو بخیلوں کو ہلاکت دیدے

خاصہ آں مُنفِق کہ جاں اِنفاق کرد
خصوصاً وہ خرچ کرنے والا جس نے جان خرچ کی
حلقِ خود قُربانیِ خلّاق کرد
اپنے گلے کو اللہ (تعالیٰ) کی قربانی بنایا

حلق پیش آورد اسماعیلؑ وار
(حضرت) اسماعیلؑ کی طرح اُس نے گلا پیش کر دیا
کارد بر حلقش نیارد کردگار
خدا اُس کے گلے پر چھُری نہ چلائے گا

پس شہیداں زندہ زیں رُویند خوش
پس شہید اسی لئے زندہ اور خوش ہیں
تو بداں قالب بمنگر گبر وش
تو اُنکے (خاکی) قالب کو کافر کی طرح نہ دیکھ

چوں خلف دادستشاں جانِ بقا
چونکہ انکو (اللہ تعالیٰ نے) باقی رہنے والی جان عوض
جانِ ایمن از غم و رنج و شقا
وہ جان جو غم اور رنج اور بدبختی سے محفوظ ہے

شیخ وامی[2] سالہا ایں کار کرد
قرض لینے والے شیخ نے سالوں یہ کام کیا
می ستدمی داد ہمچوں پا مُرد
مستقل مزاج کی طرح لیتے دیتے رہے

تخمہا می کاشت تا روزِ اجل
مرنے کے دن تک (نیکیوں کی) تخم ریزی کرتے رہے
تا بُوَد روزِ اجل میرِ اجل
تاکہ موت کے دن بڑے سردار بنیں

چونکہ عمرِ شیخ در آخر رسید
جب شیخ کی آخری عمر آ گئی
در وجودِ خود نشانِ مرگ دید
اُنھوں نے اپنے جسم میں موت کے آثار دیکھے

وام خواہاں گردِ اُو بنشستہ جمع
قرض خواہ اُن کے گرد جمع ہو کر بیٹھ گئے
شیخ بر خود خوش گدازاں ہمچو شمع
شیخ شمع کی طرح اپنے آپ میں پگھل رہے تھے

وام خواہاں گشتہ نومید و تُرش
قرض خواہ نا امید اور ناراض تھے
دردِ دلہا یار شد با دردِ شُش
دلوں کا درد پھیپھڑے کے درد کا ساتھی ہوگیا تھا

شیخ گفت ایں بدگماناں[3] را نگر
شیخ نے فرمایا ان بدگمانوں کو دیکھ
نیست حق را چار صد دینارِ زر
(کیا) اللہ کے پاس سونے کی چار سو اشرفیاں نہیں ہیں

کودکے حلوا ز بیروں بانگ زد
ایک لڑکے نے باہر سے حلوے کی آواز لگائی
لافِ حلوا بر اُمیدِ دانگ زد
پیسے کی امید پر حلوے کی تعریف کی

[1] دُعا یعنی فرشتے دعا دیتے ہیں۔ مُنفِق یعنی اللہ کے لئے خرچ کرنے والے۔ خلف یعنی خرچ کا بدلہ۔ مُمسِک۔ بخیل۔ تلف۔ ہلاکت۔ حلق۔ حلقوم۔ خلاق۔ اللہ تعالیٰ۔ اسماعیلؑ۔ حضرت ابراہیمؑ کی خواب کے مطابق حضرت اسماعیلؑ اپنے آپ کو ذبح کرانے پر آمادہ ہو گئے تھے۔ قالب۔ شہداء کو اُخروی حیاتِ ابدی ملی ہے اُن کے جسمِ خاکی کو دیکھ کر جو اِس کا منکر بنتا ہے۔ جانِ بقا۔ باقی رہنے والی جان۔

[2] وامی۔ قرض لینے کا عادی۔ پامرد۔ مستقل مزاج۔ اجل۔ موت کا وقت۔ میرِ اجل۔ بزرگ۔ نشان۔ علامت۔ شمع۔ شیخ شمع کی طرح پگھل رہے تھے۔ تُرش۔ بدمزاج۔ شُش۔ پھیپھڑا۔ جو دلوں کا درد کے ساتھ پھیپھڑے کے درد کا بھی اضافہ ہوگیا۔

[3] بدگماناں۔ قرض خواہ جو قرض کی ادائیگی میں بدگمان تھے۔ چار صد۔ شیخ کے ذمہ چار سو اشرفیوں کا قرض تھا۔ دینار۔ سونے کا ایک سکہ ہے جس کا وزن مثقال کی برابر یعنی ساڑھے چار ماشے کا ہوتا ہے۔ لاف۔ شیخی بگھارنا۔ دانگ۔ چھ رتی کا ہوتا ہے۔

شیخ اشارت کرد خادم را بسر[1] — کہ برو آں جملہ حلوا را بخر
شیخ نے خادم کو سر سے اشارہ کیا — کہ جا تمام حلوا خرید لے

تا غریماں چونکہ آں حلوا خورند — یک زمانے تلخ در من ننگرند
کیونکہ قرض خواہ جب وہ حلوا کھا لیں گے — تھوڑی دیر تلخی نظر سے مجھے نہ دیکھیں گے

درزماں[2] خادم بروں آمد زدر — تا خرد آں جملہ حلوا زاں پسر
فوراً خادم دروازے سے باہر آیا — تاکہ سارا حلوا لڑکے سے خرید لے

گفت اورا جملہ حلوا بچند — گفت کودک نیم دینار است و اند
خادم نے اس سے پوچھا سب حلوا کتنے کا ہے؟ — لڑکے نے کہا کہ آدھے دینار سے کچھ زائد کا ہے

گفت نے از صوفیاں افزوں مجو — نیم دینارت دہم افزوں مگو
اس نے کہا صوفیوں سے زیادہ نہ مانگ — تجھے آدھا دینار دوں گا زیادہ نہ بول

او طبق بنہاد اندر پیش شیخ — تو ببیں اسرار سر اندیش شیخ
اس نے اندر جاکر طباق شیخ کے سامنے رکھ دیا — اب، تو راز کو سوچنے والے شیخ کے اسرار کو دیکھ

کرد اشارت با غریماں کیں نوال[3] — نک تبرک خوش خورید ایں را حلال
شیخ نے قرضخواہوں کو اشارہ کیا کہ یہ عطا ہے — یہ تبرک ہے اس کو حلال سمجھ کر خوب کھاؤ

بہر فرماں جملگی حلقہ زدند — خوش ہمی خوردند حلوائے چو قند
حکم کے مطابق سب نے حلقہ بنا لیا — قند جیسے حلوے کو خوب کھایا

چوں طبق خالی شد آں کودک ستد — گفت دینارم بدہ اے پر خرد
جب طباق خالی ہو گیا اس لڑکے نے اٹھا لیا — بولا، اے دانشمند میرا دینار دے

شیخ گفتا از کجا آرم درم — وام دارم میروم سوئے عدم
شیخ نے فرمایا، درہم کہاں سے لاؤں — میں مقروض ہوں، ملک عدم کی طرف جا رہا ہوں

کودک از غم زد طبق را بر زمیں — نالہ و گریہ برآورد و حنین
لڑکے نے غم کے مارے طباق زمین پر پٹخ دیا — رونا اور چیخنا شروع کر دیا

بانگ می کرد و فغان و ہائے ہائے — کاے مرا اشکستہ بودے ہر دو پائے
شور کرتا اور روتا اور ہائے ہائے کرتا تھا — کہ میرے دونوں پاؤں ٹوٹ گئے ہوتے

کاشکے من گرد گلخن گشتمے — بر در ایں خانقاہ نگذشتمے
کاش میں بھٹی کے گرد ہی چکر لگاتا — اس خانقاہ کے دروازے سے نہ گزرتا

[1] بسر۔ سر سے اشارہ کیا، بولنے کی طاقت نہ رہی تھی۔ غریماں۔ غریم کی جمع ہے، قرضخواہ۔ تلخ یعنی غصہ۔

[2] درزماں۔ فوراً۔ بچند۔ کس قیمت کا ہے۔ اند۔ مبہم عدد کے لئے بولا جاتا ہے جس کا اطلاق ایک سے نو تک ہوتا ہے۔ افزوں مگو۔ زیادہ نہ بول۔ اسرار۔ سر کی جمع ہے، راز۔ سر اندیش۔ راز کو سوچنے والا۔

[3] نوال۔ عطیہ۔ نک۔ اینک کی تخفیف ہے یعنی اینست واکنوں۔ درم۔ درہم، ایک سکہ ہے جس کا وزن ساڑھے تین ماشے کا ہوتا ہے۔ حنین۔ رونا چلانا۔ گلخن۔ بھٹی یعنی حلوا پکانے کی بھٹی۔

صوفیانِ طبل[1] خوارِ لقمہ جُو — سگ دلان ہمچو گربہ روئے شو
پیٹو صوفی، لقمہ ڈھونڈنے والے — کتوں کا دل رکھنے والے بلی کی طرح منہ دھونے والے

از غریوِ کودک آنجا خیر و شر — گرد آمد گشت بر کودک حشر
لڑکے کے شور و غل سے اس جگہ بھلے اور برے — جمع ہو گئے، لڑکے پر بھیڑ لگ گئی

پیشِ شیخ آمد کہ اے شیخ درشت[2] — تو یقیں داں کہ مرا اُستاد کُشت
شیخ کے سامنے آیا کہ اے سنگدل شیخ! — تو یقین کر لے کہ استاد نے مجھے مار ہی ڈالا

گر روم من پیشِ اُو دستِ تہی — اُو مرا بکُشد اجازت میدہی
اگر میں اس کے سامنے خالی ہاتھ جاؤں — وہ مجھے مار ڈالے گا، تو روا رکھتا ہے؟

واں غریماں ہم بانکار و جحود — رُو بشیخ آوردہ کایں بازی چہ بود
قرضخواہ بھی تردید اور انکار کے ساتھ — شیخ کی طرف متوجہ ہوئے کہ یہ کیا تماشہ تھا!

مالِ ما خوردی مظالم می بری — از چہ بود ایں ظلمِ دیگر برسری
ہمارا مال مارا، حقوق لے جا رہا ہے — علاوہ ازیں یہ کیا ظلم تھا؟

تا نمازِ دیگر آں کودک گریست — شیخ دیدہ بست و در وے ننگریست
عصر کی نماز تک وہ لڑکا روتا رہا — شیخ نے آنکھیں بند کر لیں اور اس کی طرف دیکھا بھی نہیں

شیخ فارغ از جفا و از خلاف — در کشیدہ روی چوں مہ در لحاف
شیخ ظلم اور جھگڑے سے فارغ البال تھے — چاند جیسا چہرہ لحاف میں چھپائے ہوئے تھے

با ازل خوش با ابد خوش شاد کام — فارغ از تشنیع و طعنِ خاص و عام
ازل (مقدر) سے خوش، ابد (آخرت) سے خوش، مسرور — خاص و عام کے لعن طعن سے بے نیاز تھے

آنکہ[3] جاں در روئے اُو خندد چو قند — از ترش روئیِ خلقش چہ گزند
جس کی جان اس کے سامنے قند کی طرح (میٹھی) مسکراتی — اس کو مخلوق کی بدمزاجی سے کیا نقصان؟

آنکہ جاں بوسہ دہد بر چشمِ اُو — کے خورد غم از فلک و ز خشمِ اُو
جس کی آنکھوں پر جان بوسہ دے — وہ آسمان اور اس کے غصہ کا غم کب کرتا ہے؟

در شبِ مہتاب مہ را بر سماک — از سگاں و عوعوِ ایشاں چہ باک
چاندنی رات میں چاند کو سماک پر — کتوں اور ان کے بھونکنے سے کیا خوف؟

سگ وظیفہ خود بجا می آورد — مہ وظیفہ خود برُخ می گسترد
کتا اپنا کام کر رہا ہے — چاند اپنا کام (روشنی) رُخ پر ڈال رہا ہے

---

[1] طبل خوار۔ طبل، ڈھول یعنی کھا کر ڈھول سا پیٹ پھلانے والے۔ گربہ۔ بلی اپنا زہد دکھانے کے لئے اپنا منہ اپنے لعاب سے صاف کرتی رہتی ہے۔ غریو۔ شور و غل۔ خیر و شر۔ بھلے برے لوگ۔ حشر۔ مجمع۔

[2] درشت۔ یعنی سنگدل۔ استا۔ استاد۔ کُشت۔ ار ڈالے گا۔ دستِ تہی۔ خالی ہاتھ۔ جحود۔ دیدہ و دانستہ انکار۔ بازی۔ تماشہ۔ مظالم۔ حقوق، مطالبات۔ برسری۔ علاوہ۔ نمازِ دیگر۔ نمازِ اول ظہر، دوسری نمازِ عصر۔ دیدہ۔ آنکھ۔ فارغ۔ خالی۔ جفا۔ ظلم۔ خلاف۔ لڑائی جھگڑا۔ ازل۔ یعنی مقدر۔ ابد۔ یعنی انجام۔ تشنیع۔ لعنت ملامت کرنا۔

[3] آنکہ۔ جس کی روح اس کے سامنے مسکرائے کسی کا منہ بنانا اس کے لئے مُضر نہیں ہے۔ شبِ مہتاب۔ چاندنی رات۔ سماک۔ قمر کی منزلوں میں سے چودھویں منزل ہے۔ عوعو۔ کتوں کے بھونکنے کی آواز۔ وظیفہ۔ معمول۔

کارِکِ خود می گذارد ہر کسے | آب نگذارد صفا بہرِ خسے
ہر شخص اپنا کام کرتا ہے | تنکے کی وجہ سے پانی اپنی صفائی نہیں چھوڑتا ہے

خس خسانہ می رود بر روئے آب | آبِ صافی می رود بے اضطراب
تنکا کمینوں کی طرح پانی کے اوپر جا رہا ہے | صاف پانی بغیر پریشانی کے بہہ رہا ہے

مصطفیٰ مہ می شگافد نیم شب | ژاژ می خاید ز کینہ بولہب
حضرت مصطفیٰ آدھی رات چاند کو شق کر رہے ہیں | کینہ کی وجہ سے ابولہب بکواس کر رہا ہے

آں مسیحا مُردہ زندہ می کُند | واں جہود از خشم سُبلت می کَند
حضرت عیسیٰ مُردے کو زندہ کر رہے ہیں | یہودی غصہ میں اپنی مونچھیں نوچ رہے ہیں

بانگِ سگ ہرگز رسد در گوشِ ماہ | خاصہ ماہے کو بوَد خاصِ الٰہ
کتّوں کی آواز کبھی چاند کے کان میں پہنچی ہے؟ | خصوصاً وہ چاند جو اللہ تعالیٰ کا مخصوص ہو

مے خورد شہ بر لبِ جُو تا سحر | در سماع از بانگِ چغزاں بیخبر
بادشاہ نہر کے کنارے صبح تک مے نوشی کرتا ہے | گانے میں مینڈکوں کی آواز سے بے خبر

ہم شدے توزیعِ کودک دانگ چند | ہمتِ شیخ آں سخا را کرد بند
لڑکے کے چند پیسے چندہ بھی ہو سکتے تھے | شیخ کی باطنی توجہ نے اُس سخاوت کو روکدیا

تا کسے ندہد بکودک ہیچ چیز | قوّتِ پیراں ازیں بیش ست نیز
تاکہ کوئی شخص لڑکے کو کچھ نہ دے | بزرگوں کی قوت اِس سے بھی بڑھ کر ہے

شُد نمازِ دیگر آمد خادمے | یک طبق بر کف زپیشِ حاتمے
عصر کی نماز ختم ہوئی تو ایک خادم آیا | ایک طباق ہاتھوں پر رکھے کسی سخی کے پاس سے

صاحبِ مالے و حالے پیشِ پیر | ہدیہ بفرستاد کز وے بُد خبیر
ایک صاحبِ مال و حال نے پیر کی خدمت میں | ہدیہ بھیجا کیونکہ وہ اُس کی حالت سے باخبر تھا

چار صد دینار بر گوشہ طبق | نیم دینارے دگر اندر ورق
طباق کے کنارے پر چار سو دینار | آدھا دینار اور، کاغذ میں

خادم آمد شیخ را اکرام کرد | واں طبق بنہاد پیشِ شیخ فرد
خادم آیا، شیخ کی تعظیم کی | اور اُس طبق کو یگانۂ زمانہ شیخ کے سامنے رکھدیا

چوں طبق را از غطا بکشود زود | خلق دیدند آں کرامت بے جحود
جب فوراً عطیہ کے طباق کو کھولا | لوگوں نے وہ کرامت اقرار کے ساتھ دیکھی

---

لہ کارک: معمولی کام حقیر۔ خس خسانہ: کمینوں کی طرح۔ اضطراب: پریشانی، دریا کا جوش۔ مصطفےٰ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ شق القمر کی طرف اشارہ ہے۔ ژاژ خاییدن: بکواس کرنا۔ ابولہب: آنحضور کا چچا جو آپ کی دشمنی میں مشہور ہے۔ مسیحا: حضرت عیسیٰ جن کا معجزہ مردے کو زندہ کرنا تھا۔ جہود: یہودی لوگ۔ سُبلت: مونچھ۔ مے خورد: شراب می نوشند، بر لبِ جو: دریا کے کنارے شراب نوشی فرید کشف کا سبب ہوتی ہے۔

سے توزیع: تقسیم چندہ مراد ہے۔ آں سخا: لوگوں کے چندہ دینے میں شیخ کی باطنی توجہ مانع بنی۔ کودک یعنی حلوا بیچنے والا لڑکا۔ قوت: باوجود دوسرے قرضخواہوں کے لڑکے کے قرض کی ادائیگی دوسروں سے پسند نہ کی اسلئے کہ بزرگوں کی قوت باطنی کے مقابلہ میں یہ سب قرض ہیچ تھا۔

سے نماز دیگر: عصر کی نماز، اوّل نماز ظہر کی کہلاتی ہے چونکہ فرضیت نماز کے بعد امامت جبرئیل میں پہلی نماز ظہر کی ادا ہوئی ہے۔ حاتم: یعنی سخی۔ بُد خبیر: وہ سخی شیخ کے مقروض ہونے سے واقف تھا۔ نیم دینار: جس کا حلوا خرید اتھا۔ فرد: یگانۂ زمانہ۔ کرامت: بزرگوں سے جو بات عیبی نظام کے ماتحت عام سنت اللہ کے خلاف ظاہر ہو وہ کرامت کہلاتی ہے۔

آہ وافغاں از ہمہ برخاست زود — کاے سر[1] شیخان و شاہاں ایں چہ بود
فوراً سب کی آہ و فغاں بلند ہوئی — کہ اے بزرگوں اور بادشاہوں کے سردار یہ کیا تھا!

ایں چہ سرّست ایں چہ سلطانیست باز — اے خداوند خداوندانِ راز
یہ کیا راز ہے؟ اور یہ کیسی سلطنت ہی ہے؟ — اے راز داروں کے آقا!

ما ندانستیم مارا عفو کن — بس پراگندہ کہ رفت از ما سخن
ہم نہ سمجھے، ہمیں معاف کر دیجئے — وہ بہت بیہودہ باتیں جو ہم سے ہوئیں

ما کہ کورانہ عصاہا می زنیم — لاجرم قندیلہا را بشکنیم
ہم جو اندھا دھند لاٹھی گھماتے ہیں — یقیناً قندیلوں کو توڑ دیتے ہیں

ما چو کراں ناشنیدہ یک خطاب — ہرزہ گویاں از قیاسِ خود جواب
ہم بہروں کی طرح ہیں ایک بات سنے بغیر — اپنے اندازے سے بیہودہ جواب دیتے ہیں

ما ز موسیٰؑ پند نگرفتیم کو — گشت از انکارِ خضرے زرد رو
ہم نے (حضرت) موسیٰؑ کے واقعہ سے نصیحت حاصل نہ کی — (حضرت) خضرؑ پر اعتراض کرکے شرمندہ ہوئے

با چناں چشمے[2] کہ بالا می شتافت — نورِ چشمش آسماں را می شگافت
ایسی آنکھوں کے ذریعہ جو عالمِ بالا کی طرف جاتی تھیں — اُن کی آنکھوں کا نور آسمان کو چاک کرتا تھا

کردہ با چشمت تعصب موسیا — از حماقت چشمِ موشِ آسیا
اے موسیٰ! شیخ نے فرمایا تیری آنکھوں کے ساتھ تعصب — حماقت کیوجہ سے چکی کے چوہے جیسی آنکھ نے

شیخ فرمود آں ہمہ انکار و قال — من بحل کردم شمارا آں جدال
شیخ نے فرمایا وہ سب انکار اور گفتگو — وہ لڑائی جھگڑا میں نے تمہیں معاف کر دیا ہے

سرّ آں ایں بود کز حق خواستم — لاجرم بنمود راہِ راستم
اس کا راز یہ تھا کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی — لامحالہ اس نے سیدھا راستہ مجھے دکھا دیا

گفت[3] ایں دینار اگرچہ اندکست — لیک موقوفِ غریوِ کودکست
اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ اگرچہ تھوڑے سے دینار ہیں — لیکن بچہ کے رونے پر موقوف ہیں

تا نگرید کودکِ حلوا فروش — بحرِ بخشش در نمی آید بجوش
جب تک حلوہ فروش کا بچہ نہ روئے — بخشش کا دریا جوش میں نہ آئے گا

اے برادر طفل طفلِ چشمِ تست — کامِ خود موقوفِ زاری داں نخست
اے بھائی! بچہ تیری آنکھ ہے — پہلے اپنے مقصد کو رونے پر موقوف سمجھ لے

[1] سَر: سردار۔ سِرّ: راز۔ خداوند: آقا۔ قندیلہا: یعنی بزرگوں کے روشن دل۔ ما چو کراں: اکثر ایسا ہی ہوتا ہے کہ عوام بزرگوں کی بات کی تہ تک نہیں پہنچتے ہیں اور اپنے قیاس سے اُلٹی سیدھی باتیں بنانے لگتے ہیں۔ جیسے حضرت موسیٰؑ حضرت خضرؑ کے کاموں کی تہ تک نہ پہنچے تھے اور اعتراض کرکے شرمندہ ہوئے تھے۔

[2] با چناں چشمے: دریا کی چشمِ بصیرت آسمانوں کو پار کر جاتی ہے۔ تعصب: بے حمایت۔ موسیا یعنی شیخ نصر دید۔ موش: چوہا۔ آسیا: چکی۔ انکار یعنی زور زور بیہودہ باتیں جو ان لوگوں نے کی تھیں۔ بحل کردم: میں نے معاف کر دیں۔ جدال: لڑائی جھگڑا۔

[3] گفت: یعنی میری دعا پر اللہ نے فرمایا۔ غرض تو شور و غل۔ اے برادر: مولانا نصیحت فرماتے ہیں کہ جس طرح بخشش کا دروازہ حلوا فروش بچے کے رونے سے کھلا اسی طرح تو بھی اپنے معاملہ کو سمجھ۔

کامِ خود موقوفِ زاریِ دل ست ۔۔۔ بے تضرعؔ[1] کامیابی مشکل ست
اپنا مقصد دل کے رونے پر موقوف ہے ۔۔۔ گڑگڑائے بغیر کامیابی مشکل ہے

گر ہمی خواہی کہ مشکل حل شود ۔۔۔ خارِ محرومی بگل مبدل شود
اگر تو چاہتا ہے کہ مشکل حل ہو جائے ۔۔۔ محرومی کا کانٹا پھول میں بدل جائے

گر ہمی خواہی کہ آں خلعت رسد ۔۔۔ پس بگریاں طفلِ دیدہ بر جسد
اگر تو چاہتا ہے کہ وہ پوشاک تجھے مل جائے ۔۔۔ تو آنکھ کے بچے کو جسم (کی ضرورت) پر رُلا

## ترسانیدنِ شخصے زاہدے را کم گری تا کور نہ شوی

ایک شخص کا ایک زاہد کو ڈرانا کہ کم رونا کر تو اندھا نہ ہو جائے

زاہدے را گفت یارے در عمل ۔۔۔ کم گری تا چشم را ناید خلل
عمل (تصوف) کے ایک ساتھی نے ایک زاہد سے کہا ۔۔۔ کم رویا کر تاکہ آنکھ کو نقصان نہ پہنچے

گفت زاہد از دو بیروں نیست حال ۔۔۔ چشم بیند یا نہ بیند آں جمال
زاہد نے کہا حال دو صورتوں سے خالی نہیں ہے ۔۔۔ اس حُسن کو آنکھیں دیکھیں گی یا نہ دیکھیں گی

گر بہ بیند نورِ حق خود چہ غم[2] ست ۔۔۔ در وصالِ حق دو دیدہ کے کم ست
اگر وہ اللہ (تعالیٰ) کے نور کو دیکھ لیں گی تو پھر کیا غم ہے ۔۔۔ اللہ (تعالیٰ) کے وصال میں دو آنکھیں کیا کم ہیں

ور نہ خواہد دید از حق نور و ضو ۔۔۔ ایں چنیں چشمِ شقی گو کور شو
اور اگر وہ اللہ (تعالیٰ) کے نور اور روشنی کو نہ دیکھ سکیں گی ۔۔۔ تو کہہ دو ایسی آنکھیں اندھی ہو جائیں

غم مخور از دیدہ کاں عیسیٰؑ ترا ست ۔۔۔ چپ مرو تا بخشدت دو چشمِ راست
آنکھوں کی فکر نہ کر، عیسیٰ (خدا) تیرا ہے ۔۔۔ ٹیڑھا نہ چل تاکہ وہ تجھے صحیح آنکھیں بخش دے

عیسیِ روحِ تو با تو حاضر ست ۔۔۔ نصرت از وے خواہ کو خوش ناصر ست
تیری روح کا عیسیٰ (خدا) تیرے پاس موجود ہے ۔۔۔ مدد اس سے مانگ کہ وہ بہترین مددگار ہے

لیک بیگارِ تنِ پُر استخواں ۔۔۔ بر دلِ عیسیٰ منہ تو ہر زماں
لیکن ہڈیوں بھرے جسم کی بیگار ۔۔۔ کسی وقت (بھی)، عیسیٰ (خدا) کے دل پر نہ رکھ

ہمچو آں ابلہؔ[3] کہ اندر داستاں ۔۔۔ ذکرِ او کردیم بہرِ راستاں
اس بیوقوف کی طرح جس کا قصہ میں ۔۔۔ اہلِ حق کے لئے ہم نے اس کا ذکر کیا ہے

زندگیِ تن مجو از عیسیت ۔۔۔ کامِ فرعونی مخواہ از موسیت
اپنے عیسیٰ (خدا) سے جسم کی زندگی کا طالب نہ بن ۔۔۔ اپنے موسیٰ (خدا) سے فرعونی مقصد نہ چاہ

---

[1] تضرع ۔ عاجزی، گڑگڑانا۔ خارِ محرومی یعنی مصیبتیں نعمتوں میں تبدیل ہو جائیں۔ خلعت۔ شاہی لباس۔ یار در عمل۔ یارِ طریقت، ہم مشرب۔ گری۔ گریستن سے صیغہ امر ہے۔ خلل نقصان۔ گفت یعنی زاہد نے جواب میں کہا میں اللہ کی یاد میں رو کر آنکھیں خراب کر رہا ہوں تو اب دو صورتیں ہیں یا تو اس رونے کے نتیجہ میں میری آنکھیں برباد ہونگی اور مجھے دیدارِ حق میسر آجائیگا۔ تو پھر مجھے ان جسمانی آنکھوں کی بربادی کی کوئی پروا نہیں اور اگر دیدارِ حق میسر نہ آئے تو پھر ایسی آنکھوں کا برباد ہو جانا ہی بہتر ہے جو دیدارِ حق سے محروم ہوں۔

[2] چہ غم۔ یعنی جسمانی آنکھوں کی بربادی کا کوئی رنج نہیں ہے۔ دو دیدہ۔ جو آنکھیں دیدارِ حق کیلئے ملیں گی عیسیٰؑ یعنی وہ خدا جو مُردوں کو زندہ کر دیتا ہے۔ چپ مرو۔ کجروی نہ اختیار کر۔ راست۔ درست۔ عیسیِ روح۔ یعنی اللہ تعالیٰ جو روحوں کو زندہ کر دیتا ہے نصرت۔ مدد۔ بے گار۔ بے مزدوری کا کام۔ بر دلِ عیسیٰ یعنی اللہ تعالیٰ سے رُوح کی زندگی چاہو۔

[3] ابلہ۔ حضرت عیسیٰؑ کا وہ بیوقوف ساتھی جس نے ہڈیوں کو زندہ کرنے پر اصرار کیا۔ کامِ فرعونی یعنی تن پروری لذاتِ جسمانی۔ موسیٰ یعنی اللہ تعالیٰ۔

بردلِ خود کم نہ اندیشۂ معاش[۱] | عیش کم ناید تو بر درگاہ باش

اپنے دل پر معاش کی فکر کم کر | معاش کم نہ رہے گی تو دربار میں حاضر رہ

ایں بدن خرگاہ آمد رُوح را | یا مثالِ کشتی مر نوحؑ را

یہ جسم روح کا خیمہ ہے | یا کشتی جیسے ہے۔ نوحؑ کے لئے

تُرک چوں باشد بیابد خرگہے | خاصہ چوں باشد عزیز درگہے

پس ہی جب (ملازم) ہوتا ہے اسکو خیمہ ملجاتا ہے | خصوصاً جبکہ وہ دربار میں باعزت ہو

## تمامی قصہ زندہ شدن استخوانہا بدُعائے عیسیٰ علیہ السلام

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دُعا سے ہڈیوں کے زندہ ہوجانے کے قصہ کی تکمیل

چونکہ عیسیٰؑ دید آں اَبلہ رفیق | جز کہ استیزہ نمیداند طریق

جب حضرت عیسیٰؑ نے اُس بیوقوف ساتھی کو دیکھا | کہ جھگڑے کے سوا کوئی طریقہ نہیں جانتا ہے

می نگیرد پند را از اَبلہی | بُخل می پندارد اُو از گمرہی

بیوقوفی کی وجہ سے نصیحت قبول نہیں کرتا ہے | نادانی کی وجہ سے (اسمِ اعظم نہ پڑھنے کو) بخل سمجھتا ہے

خواند عیسیٰؑ نامِ حق[۲] بر استخواں | از برائے التماسِ آں جواں

حضرت عیسیٰؑ نے ہڈیوں پر اسمِ اعظم پڑھ دیا | اُس جوان کے اصرار کی وجہ سے

حُکمِ یزداں از پئے انجامِ مرد | صورتِ آں استخواں را زندہ کرد

اللہ تعالیٰ کے حکم نے (اُس) انسان کے انجام کیلئے | اُن ہڈیوں کے ڈھانچہ کو زندہ کر دیا

از میاں بر جست یک شیرِ سیاہ | پنجہ زد کرد نقشش را تباہ

درمیان سے ایک کالا شیر کودا | اُس (شیر) نے پنجہ مارا اور اُس کے نقش کو مٹا دیا

کلّہ اش بر کند و مغزش ریخت زود | ہمچو جوزے کاندرے مغزے نبود

کھوپڑی اُکھاڑ دی اور جلد اُس کا بھیجا بکھیر دیا | اُس اخروٹ کی طرح جس میں گری نہ تھی

گر وُرا مغزے بُدے زاشکستنش | خود نبودے نقص اِلّا بر تنش

اگر اُس میں گودا ہوتا، اُس کے ٹوٹنے سے | محض اُس کے جسم کو نقصان پہنچتا

گفت[۳] عیسیٰؑ چوں شتابش کوفتی | گفت زاں رُو کہ تو زو آشوفتی

حضرت عیسیٰؑ نے اُس (شیر) سے فرمایا تونے اسقدر جلد | اُس نے کہا اِس لئے کہ تم اُس سے پریشان ہوئے

گفت عیسیٰؑ چوں نخوردی خونِ مرد | گفت در قسمت نبودم رزق خود

حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا تونے اُسکا خون کیوں نہ پیا | اُس نے کہا میری قسمت میں یہ روزی نہ تھی

---

[۱] معاش یعنی جسمانی زندگی۔ انگار۔ درگاہ یعنی بارگاہ و دربار۔ خرگاہ خیمہ یعنی اصل روح ہے اور جسم محض اُس کی قیام گاہ ہے۔ کشتی۔ اس نوح کی ذات تھی اور کشتی محض اُن کی نشست گاہ تھی۔ ترک یعنی اگر تم اللہ تعالیٰ کے وفادار سپاہی بن گئے تو وہ خود تمہارا بندوبست فرمائے گا۔ عزیز۔ عزت والا۔ استیزہ۔ لڑائی جھگڑا۔ احمق۔ رفیق۔ پند یعنی حضرت عیسیٰ کی نصیحت۔ بخل۔ حضرت عیسیٰ کے اسمِ اعظم نہ پڑھنے کو اُن کے بخل پر محمول کر رہا تھا۔

[۲] نامِ حق یعنی اسمِ اعظم۔ جواں۔ یعنی حضرت عیسیٰ کا بیوقوف ساتھی۔ از میاں۔ یعنی گڑھے کے اندر سے یا غار۔ شیرِ سیاہ۔ کالا شیر۔ خوفناک شیر۔ نقش یعنی ہستی۔ ہمچو یعنی کھوپڑی خالی اخروٹ کی طرح رہ گئی۔ مغزے بُدے یعنی عقل ہوتی۔

[۳] گفت عیسیٰ۔ حضرت عیسیٰ نے شیر سے کہا۔ آشوفتی۔ اُس نے بے حساب کرکے حضرت عیسیٰ کو پریشان کیا تھا۔ در قسمت۔ شیر ابھی مقدر روزی کا کہ بھی موت مرا تھا۔

اے بسا<sup></sup>کس ہمچو آں شیرِ ژیاں ۱ — صیدِ خود ناخوردہ رفتہ از جہاں

اے (مخاطب) بہت سے لوگ اُس غضبناک شیر کی طرح — دنیا سے اپنا شکار بغیر کھائے چلے گئے

قسمتش کاہے نہ و حرصش چو کوہ — جستہ بے وجہے وجوہ از ہر گروہ

اُنکی قسمت میں ایک تنکا نہیں اور اُنکی حرص پہاڑ جیسی — ہر گروہ سے بے طریقہ آمدنیوں کا جویاں ہے

جمع کردہ مال و رفتہ سوئے گور — دشمناں در ماتمِ اُو کردہ سُور

مال کو جمع کیا اور قبر میں چلا گیا — دشمنوں نے اُس کے ماتم میں جشن منایا

اے میسّر کردہ بر ما در جہاں — سُخرہ و بیگار ما را وارہاں

اے (رب ذات) تو نے دنیا کو ہمارے لئے آسان کردیا ہے — فرمانبرداری اور بیگار سے ہمیں نجات دے

طُعمہ بنمودہ بما و آں بودہ شست — آنچناں بنما بما آں را کہ ہست

ہمیں چارہ نظر آیا اور وہ مچھلی کا کانٹا تھا — ہمیں اُسی طرح دکھا دے جس طرح سے وہ ہے

گفت آں شیر اے مسیحا ایں شکار — بود خالص از برائے اعتبار

اُس شیر نے کہا: اے مسیحا! یہ شکار — محض عبرت کے لئے تھا

گر مرا روزی بُدے اندر جہاں — خود چہ کارستے مرا با مُردگاں ۲

اگر دنیا میں میرا رزق ہوتا — میرا مُردوں سے کیا واسطہ ہوتا؟

ایں سزائے آنکہ یابد آبِ صاف — ہمچو خر در جُو بمیزد از گزاف

یہ اُس کی سزا ہے جو صاف پانی پائے — بیہودگی سے گدھے کی طرح اُس میں پیشاب کردے

گر بداند قیمتِ آں جوئے خر — اُو بجائے پا نہد در جوئے سر

اگر گدھا اُس نہر کی قدر و قیمت جانتا — وہ نہر میں پیر کی جگہ سر رکھتا

او بیابد آنچناں پیغمبرے — میرِ آبِ زندگانی پرورے

وہ ایسا پیغمبر پائے — جو زندگی کے پرورش کرنے والے پانی (آبِ حیات) کا سردار ہے

چوں نمیرد پیشِ اُو از امرِ کُن ۳ — اے امیرِ آب ما را زندہ کن

(لفظِ) کُن کے حکم سے جس کے سامنے جان کیوں (نہ) — اے آبِ حیات کے سردار ہمیں زندہ کردے

ہیں سگِ ایں نفس را زندہ مخواہ — کُو عدوِ جانِ تُست از دیرگاہ

خبردار! اپنے نفس کتے کی زندگی نہ چاہو — کیونکہ وہ مدت سے تیری جان کا دشمن ہے

خاک بر سر استخوانے را کہ آں — مانعِ ایں سگ بُوَد از صیدِ جاں

اُن ہڈیوں پر خاک ... جو کہ — اس کتے کو جان کا شکار کرنے سے روکیں

---

۱ اے بسا کس۔ یہاں سے مولانا نے نصیحت شروع کی ہے۔ کاہ۔ تنکا معمولی مال۔ کوہ۔ پہاڑ بڑی چیز۔ بے وجہ۔ ناموزوں۔ وجوہ۔ آمدنیاں۔ گور۔ قبر۔ سُور۔ کھیل نشاط جشن مسرت۔ سُخرہ۔ بیگار۔ بغیر اُجرت کی مزدوری۔ طُعمہ۔ خوراک۔ شست۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ خالص۔ محض۔ اعتبار۔ عبرت پکڑنا یعنی تاکہ وہ لوگ عبرت حاصل کریں جو بزرگوں کو ناحاصل سوال کرکے پریشان کرتے ہیں۔

۲ مُردگاں۔ یعنی میں مرکر مُردوں میں شامل نہ ہوتا۔ میزد۔ میزیدن یعنی پیشاب کرنا یہ فعل مضارع ہے۔ گزاف۔ بیہودگی۔ اس میں حضرت عیسیٰ کی ذات ... پیغمبرانہ جو بمنزلہ صاف ... کے تھے ان کے ... کو نہ پہچانا ... [illegible] ... کی طرح ... کا غلط استعمال کیا۔

۳ امرِ کُن یعنی خدائی حکم۔ میرِ آب یعنی آبِ حیات کے سردار۔ عدو۔ حدیث میں آیا ہے ... [illegible] ... روحانی کمالات۔

سگ[51] نہ بر استخواں چوں عاشقی
تو کتا نہیں ہے ہڈیوں پر کیوں عاشق ہے؟
دیوچہ وار از چہ برخوں عاشقی
جونک کی طرح خون پر تو کس وجہ سے عاشق ہے؟

آں چہ چشم ست آنکہ بینائیش نیست
وہ بھی کیا آنکھ ہے جس میں بینائی نہیں ہے
ز امتحانہا جز کہ رسوائیش نیست
امتحانوں میں رسوائی کے سوا اس کیلئے کچھ نہیں ہے

سہو باشد ظنہا را گاہ گاہ
گمانوں میں کبھی کبھی بھول ہوتی ہے
اینچہ ظن ست اینکہ کور آمد براہ
یہ کیا گمان ہے جو راستہ سے اندھا ہوا!

کردۂ بر دیگراں نوحہ گری
تو دوسروں پر رویا ہے
مدتے بنشیں و بر خود می گری
کچھ عرصہ بیٹھ اور اپنے اوپر رو

ز ابرِ گریاں شاخ سبز و تر شود
رونے والے ابر سے شاخ سبز و تازہ بنتی ہے
زانکہ شمع از گریہ روشن تر شود
جیسا کہ شمع، رونے سے اور زیادہ روشن ہو جاتی ہے

ہر کجا نوحہ کنند آنجا نشیں
جہاں نوحہ کریں وہاں بیٹھ
زانکہ تو اولیٰ تری اندر حنیں
کیونکہ رونا تیرے لئے زیادہ بہتر ہے

زانکہ ایشاں[52] در فراق فانی اند
کیونکہ وہ فنا ہونے والے (مُردے) کے فراق میں (مبتلا) ہیں
غافل از لعلِ بقائے کانی اند
بقا کی کان کے لعل سے غافل ہیں

زانکہ بر دل نقشِ تقلید ست بند
کیونکہ دل پر تقلید کا نقش رکاوٹ ہے
رو بآب چشم بندش را برند
جا، آنسوؤں سے اُس رکاوٹ کو صاف کر دے

زانکہ تقلید آفت ہر نیکویست
کیونکہ تقلید ہر نیکی کی تباہی ہے
کہ بود تقلید گر کوہ قوی ست
تقلید اگر مضبوط پہاڑ بھی ہے تو وہ تنکا ہے

گر ضریرے[53] لمترست و تیز خشم
اگر کوئی اندھا موٹا اور غصیل ہے
گوشت پارہ اش داں کہ اُو را نیست چشم
اُسے گوشت کا ٹکڑا سمجھ کیونکہ اُس کے آنکھ نہیں ہے

گر سخن گوید ز مُو باریک تر
گو وہ بال سے زیادہ باریک بات کہے
آں سرش را زاں سخن نبود خبر
اُس کے دماغ کو اُس بات کا پتہ نہیں ہے

مستیِ دارد ز گفتِ خود و لیک
اپنی گفتگو سے مست ہے لیکن
از برِ مے تا بمے راہست نیک
مے سے شراب تک بڑا لمبا راستہ ہے

ضریر۔ اندھا۔ لمتر۔ موٹا۔ تیز خشم۔ غضبناک۔ سخن یعنی باریک نکتے۔ سرش۔ جب تک حال نہ ہو قال بیکار ہے۔ از بر مے۔ میں نے لفظ بر کو زیادہ مان کر ترجمہ کیا ہے۔ مے۔ یعنی عشق حقیقی۔ مے۔ یعنی ظاہری کلام۔

[51] سگ نہ۔ انسانی جسم ہڈیوں اور خون کا مجموعہ ہے۔ ہڈی کتے کی خوراک ہے اور خون جونک کی خوراک ہے۔ دیوچہ۔ جونک دیک۔ آں چہ۔ اگر تمہاری نگاہ میں چھلکے اور مغز میں کوئی فرق نہیں تو تمہاری آنکھیں بیکار ہیں امتحان کے وقت رسوا ہوں گی۔ سہو۔ انسان لذتِ جسمانی اور اُخروی نعمتوں میں فرق نہیں کر سکتا ہے تو قابلِ معافی بھول نہیں ہے۔ تو اندھا پن ہے۔ بر دیگراں یعنی دوسروں کے عیب۔ بر خود یعنی اپنے مصائب پر رونا چاہیے۔ ز ابر گریاں۔ جس طرح بارش سے نباتات کا فروغ ہے اسی طرح اپنے مصائب پر رونے سے روح کا فروغ ہوتا ہے۔ از گریہ۔ موم پگھل کر آنسوؤں کی صورت میں ٹپکتا ہے۔ نوحہ۔ مُردے پر رونا۔ حنیں۔ رونا چلانا۔

[52] ایشاں۔ مُردے پر رونے والے۔ فانی یعنی مرنے والا انسان۔ لعل کانی۔ معدنی لعل یعنی ابدی زندگی۔ زانکہ نوحہ اسلئے ممنوع ہے کہ وہ دیکھا دیکھی کا رونا ہے جس رکاوٹ کو پُرخلوص رونے سے ختم کر دو۔ برند۔ صاف کر دے۔ نیکویست یعنی نیکی کا ستر دن ہے امر کا صیغہ ہے۔ تقلید یعنی اندھا دھند کسی کی پیروی کرنا۔ کہ تو۔ تقلیدی کام خواہ بڑا ہو اس کی کوئی بھی حقیقت نہیں ہے۔

[53] ضریر۔ نابینا۔ لمتر۔ موٹا۔

ہمچو جُو نیست اُو نہ آبے میخورد
اُس کی مثال نہر کی سی ہے جو پانی نہیں پیتی
آب از وے بر آب خوراں بگذرد
اُس کا پانی پانی پینے والوں تک چلا جاتا ہے

آب در جُوزاں نمی گیرد قرار
پانی اس وجہ سے نہر میں نہیں ٹھہرتا
زانکہ آں جُو نیست تشنہ و آب خوا
کہ وہ نہر پیاسی اور پانی پینے والی نہیں ہے

ہمچو نائے نالہ و زاری کُند
جیسے کہ بانسری نالہ و زاری کرتی ہے
لیک بیگارِ خریدارے کُند
لیکن وہ خریدار کی بیگار کرتی ہے

نوحہ گر باشد مُقلِّد در حدیث
نوحہ گر بات میں مُقلِّد ہوتا ہے
جُز طمع نبُود مرادِ آں خبیث
اُس خبیث کا لالچ کے علاوہ کوئی مقصد نہیں ہے

نوحہ گر گوید حدیثِ سوزناک
نوحہ گر دردناک بات کہتا ہے
لیک کو سوزِ دل و دامانِ چاک
لیکن دل کی جلن اور پھٹا ہوا دامن کہاں ہے؟

از مُقلِّد تا مُحقِّق فرقہاست
مُقلِّد اور مُحقِّق میں بہت فرق ہے
کیں چو داؤد ست و آں دیگر صداست
یہ داؤدؑ کی طرح ہے اور وہ صدائے بازگشت ہے

منبعِ گفتارِ ایں سوزے بُود
اِس کی بات کا سرچشمہ سوز ہوتا ہے
واں مُقلِّد کُہنہ آموزے بُود
اور وہ مُقلِّد کہنہ آموز ہوتا ہے

ہیں مشو غرّہ بداں گفتِ حزیں
اُس غمناک بات سے دھوکے میں نہ پڑنا
بار بر گاو ست بر گردوں حنیں
بوجھ بیلوں پر ہے گاڑی میں چوں چوں ہے

ہم مُقلِّد نیست محروم از ثواب
مُقلِّد بھی ثواب سے محروم نہیں ہے
نوحہ گر را مُزد باشد در حساب
نوحہ گر کی مزدوری بھی حساب میں لگتی ہے

کافر و مومن خدا گویند و لیک
کافر و مومن (دونوں) خدا کہتے ہیں، لیکن
درمیانِ ہر دو فرقے ہست نیک
دونوں میں بہت فرق ہے

آں گدا گوید خدا از بہرِ ناں
بھکاری (یا) خدا روٹی کے لئے کہتا ہے
مُتّقی گوید خدا از عینِ جاں
مُتّقی (دل و) جان سے خدا کہتا ہے

اَللہ اَللہ می زنی از بہرِ ناں
تو روٹی کے لئے خدا اللہ کی ضرب لگاتا ہے
بے طمع پیش آ و اللہ را بخواں
لالچ کے بغیر آگے بڑھ اور اللہ اللہ کہہ

گر بدانستے گدا از گفتِ خویش
اگر بھکاری بھی بات کی قدر جانتا
پیشِ چشمِ او نہ کم ماندے نہ بیش
اُس کی نظر میں (دنیا کا) کم و بیش نہ رہتا

۵۱ ہمچو: یعنی واعظ بے عمل اور مقلد بے بصر کی مثال نہر اور بانسری کی سی ہے، نہر خود نفع نہیں اٹھاتی بانسری کے دل میں سوز نہیں ہے۔

۵۲ نوحہ گر: وہ عورت یا مرد جو اجرت پر رونے کا پیشہ کرے۔ مُقلِّد: نوحہ گروں میں سے ایک کچھ کہتا ہے دوسرے اسی کو دہراتے ہیں۔ حدیث: یعنی نوحہ گر۔ مُحقِّق: وہ شخص جو اپنی تحقیق سے بات کی تہ تک پہنچے۔ داؤد: مشہور نبی ہیں جن کا لحن و لہجہ بڑا پُراثر تھا، انسانوں کے علاوہ حیوانات تک وجد کرنے لگتے تھے۔ صدا: آواز بازگشت۔

۵۳ غرّہ: مغرور، دھوکے میں پڑا ہوا۔ حزیں: غمناک۔ گردوں: گاڑی، چھکڑا۔ مُقلِّد: اچھے کام کی تقلید بھی باعثِ ثواب ہے۔ مُزد: مزدوری۔ در حساب: طے شدہ۔ خدا گویند: خدا کا نام لیتے ہیں یا خدا کے قائل ہیں۔ بہرِ ناں: روٹی کمانے کے لئے۔ عینِ جاں: یعنی تہ دل۔ گفتِ خویش: یعنی اللہ کا نام۔

سالہا گوید خدا آں نان خواہ[1] — ہمچو خر مصحف کشد از بہرِ کاہ
روٹی مانگنے والا سالوں (یا) خدا کہتا ہے — گدھے کی طرح گھاس کے لیے قرآن اٹھاتا ہے

گر بدل در تافتے گفتِ لبش — ذرہ ذرہ گشتہ بودے قالبش
اگر اس کے ہونٹ کی بات دل پر چمکتی — تو اس کا جسم ذرہ ذرہ ہو جاتا

نامِ دیوے رہ بُرد در ساحری — تو بنامِ حق پشیزے می بری
جادوگری میں شیطان کا نام کام کرتا ہے — تو اللہ کے نام کے ذریعہ دمڑی حاصل کرتا ہے

## خاریدن روستائی در تاریکی شیر را بہ ظنِ آنکہ گاؤ ست

ایک دیہاتی کا شیر کو سہلانا اس خیال سے کہ وہ گائے ہے

روستائی[2] گاؤ در آخُر ببست — شیر گاوش خورد و بر جایش نشست
ایک دیہاتی نے گائے کو سال میں باندھ دیا — شیر نے اس کی گائے کھالی اور اس کی جگہ بیٹھ گیا

روستائی شد در آخُر سوئے گاؤ — گاؤ را می جُست شب آں کنجکاؤ
دیہاتی سال میں گائے کے پاس گیا — وہ تلاش کنندہ رات میں گائے کو ڈھونڈتا تھا

دست می مالید بر اعضائے شیر — پشت و پہلو گاہ بالا گاہ زیر
شیر کے اعضاء پر ہاتھ پھیرتا تھا — کمر اور کروٹ پر، کبھی اوپر، کبھی نیچے

گفت شیر ار روشنی افزوں[3] بدے — بر دریدے زہرہ اش و دل خوں شدے
شیر نے کہا اگر روشنی تیز ہوتی — اُس کا پتا پھٹ جاتا، اُس کا دل خون ہو جاتا

ایں چنیں گستاخ زاں می خاردم — کو دریں شب گاؤ می پنداردم
اس طرح نڈر ہو کر مجھے سہلا رہا ہے — کیونکہ وہ رات میں مجھے گائے سمجھ رہا ہے

حق ہمی گوید کہ اے مغرورِ کور — نے ز نامم پارہ پارہ گشت طور
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے دھوکے میں مبتلا اندھے — کیا میرے نام سے (کوہ) طور ریزہ ریزہ نہیں ہوا

کہ لَوْ اَنْزَلْنَا کِتَابًا لِلْجَبَلْ — لَانْصَدَعَ ثُمَّ انْقَطَعَ ثُمَّ ارْتَحَلْ
کہ اگر ہم (اپنی) کتاب پہاڑ پر اتارتے — تو وہ پھٹ جاتا پھر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا پھر چل دیتا

از من ار کوہِ اُحد واقف بُدے — پارہ گشتے و دلش پُر خوں شدے
اگر اُحد پہاڑ مجھ سے واقف ہوتا — ٹکڑے ہو جاتا اور اس کا دل پُرخون ہو جاتا

از پدر و ز مادر ایں بشنیدۂ — لاجرم غافل ازیں پیچیدۂ
تو نے ماں باپ سے یہ سنا ہے — لامحالہ تو غفلت سے اس میں لگا ہوا ہے

---

[1] نان خواہ: روٹی کا طالب۔ ہمچو خر: قرآن میں فرمایا گیا ہے ان لوگوں کی مثال جو تورات کے حامل بنائے گئے اور پھر انھوں نے اس پر عمل نہ کیا گدھے کی سی ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں۔ قالبش: اس کا جسم یعنی نام کی تجلی سے ... پارہ پارہ ہو جاتا۔ نام دیو: عملیات میں جادوگر شیطان کے نام سے کام لینے میں پیچیدہ ہوتے ہیں۔

[2] روستائی: دیہاتی۔ آخُر: جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ کنج کاؤ: کونے کونے کو کھودنے والا، کنج: گوشہ، کاؤ: کاویدن سے بنا ہے، کھودنے والا۔

[3] افزوں: رات کی تاریکی کی وجہ سے وہ شیر کو گائے سمجھ کر اس پر ہاتھ پھیر رہا تھا۔ زہرہ: پتہ۔ [illegible] حق ہمی گوید: جس طرح سے ناواقفیت کی وجہ سے شیر پر ہاتھ پھیرنے کے باوجود اس دیہاتی کا دل شق نہ ہوا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی کما حقہ معرفت نہ ہونے سے اُس کے نام کا تحمل ہو جاتا ہے ورنہ کوہ طور کی طرح جسم انسانی پارہ پارہ ہو جائے۔ قرآن پاک میں ہے اگر ہم اس قرآن کو ایک پہاڑ پر نازل کرتے تو تم اسکو دیکھتے کہ اللہ کے خوف سے جھک جاتا پھٹ جاتا۔ اُحد: مدینہ منورہ کا مشہور پہاڑ ہے۔ [illegible]

گر تو بے تقلید ازیں واقف شوی — بے نشاں از لطف چوں ہاتف[1] شوی
اگر بغیر تقلید کے تو اس سے واقف ہو جائے — ہاتف کی طرح حذاقت کی وجہ سے بے نشان ہو جائے

بشنو ایں قصہ پئے تہدید را — تا بدانی آفت تقلید را
تنبیہ کے لئے یہ قصہ سن لے — تاکہ تو تقلید کی ہلاکت کو سمجھ لے

## فروختن صوفیاں بہیمۂ صوفی مسافر را جہت سماع

سماع کی خاطر صوفیوں کا ایک مسافر صوفی کی سواری کو بیچ ڈالنا

صوفیئے در خانقاہ از رہ رسید — مرکب خود برد و در آخر کشید
ایک صوفی سفر کے راستے سے ایک خانقاہ میں پہنچا — اپنی سواری کو لے گیا اور اصطبل میں باندھ دیا

آبکش داد و علف از دست خویش — نے چو آں صوفی کہ ما گفتیم پیش
اپنے ہاتھ سے اس کو تھوڑا سا پانی اور چارہ دیا — اس صوفی کی طرح نہیں جس کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

احتیاطش کرد از سہو و خباط — چوں قضا آید چہ سود ست احتیاط
اس صوفی نے اس (سواری) کی بھول دیوانگی سے احتیاط کی — جب قضا آتی ہے تو احتیاط سے کیا فائدہ؟

صوفیاں درویش بودند و فقیر — کَادَ فَقْرٌ اَنْ یَکُنْ کُفْرًا کَبِیْر
صوفی درویش اور فقیر تھے — قریب ہے کہ فقر بڑا کفر بن جائے

اے تونگر تو کہ سیری[2] ہیں مخند — بر کژی آں فقیر دردمند
اے مالدار تو کہ پیٹ بھرا ہے، نہ ہنس — اس دکھی فقیر کی کج روی پر

از سر تقصیر آں صوفی رمہ — خر فروشی در گرفتند آں ہمہ
اس صوفی گروہ نے غلط کاری سے — سب نے خر فروشی شروع کر دی

کز ضرورت ہست مرداری مباح — بس فسادے کز ضرورت شد صلاح
کیونکہ ضرورت کی وجہ سے مردار جائز ہے — بہت سی خرابیاں ہیں جو ضرورت میں جائز ہو جاتی ہیں

ہم دراں دم آں خرک[3] بفروختند — لوت آوردند و شمع افروختند
فوراً ہی انھوں نے وہ گدھا بیچ دی — مزیدار کھانا لائے اور شمع روشن کی

ولولہ افتاد اندر خانقہ — کامشباں لوت و سماع ست و ولہ
خانقاہ میں غل مچ گیا — کہ آج رات لذیذ کھانا ہے، سماع ہے مستی ہے

چند ازیں صبر و ازیں سہ روزہ چند — چند ازیں زنبیل و زیں دریوزہ چند
کب تک یہ صبر اور کب تک تینوں دن کا فاقہ — کہاں تک یہ کشکول اور کہاں تک بھیک

---

۱ ہاتف۔ وہ فرشتہ جس کی آواز سنائی دے اور نظر نہ آئے۔ تہدید۔ دھمکی، تنبیہ۔ فروختن۔ اس قصہ کا مقصد یہ ہے کہ کسی سنائی بات کو رٹ لینا اور حقیقت پر غور نہ کرنا بہت مضر ہوتا ہے۔ مرکب یعنی گدھا۔ آبکش۔ تھوڑا پانی کے۔ پہلے جس صوفی کا ذکر گذرا ہے اس نے خود اپنے گدھے کو چارہ پانی نہ دیا تھا خادم پر بھروسہ کر لیا تھا۔ سہو۔ بھول۔ خباط۔ خبط، دیوانگی۔ کاد الفقر۔ حدیث میں ہے قریب ہے کہ افلاس کفر بن جائے یعنی مفلس کا ایمان ڈگمگا جاتا ہے۔

۲ سیری۔ پیٹ بھرا۔ کژی۔ کجروی۔ رمہ۔ بکریوں کا ریوڑ، یہاں صوفیوں کا گروہ مراد ہے۔ خر فروشی یعنی انھوں نے اس مسافر کے گدھے کے بیچنے کا معاملہ کر ڈالا۔ کز ضرورت۔ شرعی اصول ہے کہ مجبوریاں ممنوعات کو جائز کر دیتی ہیں۔ بس۔ ضرورت کے وقت مردار کھانا جائز ہے۔

۳ خرک۔ معمولی گدھا۔ لوت۔ لذیذ کھانا۔ سماع سننا یعنی قوالی سننا۔ ولہ۔ مستی، جوش عشق۔ سہ روزہ۔ اس میں یا نسبت کی ہے اور اس کا موصوف محذوف ہے یعنی فاقہ۔ زنبیل۔ چمڑے کا تھیلا جس میں فقراء اپنے کھانے کی چیزیں رکھتے ہیں۔ دریوزہ۔ بھیک مانگنا۔

ماہم از خلقیم جاں داریم ما — دولت امشب میہماں داریم ما
ہم بھی مخلوق ہیں، ہم بھی جان رکھتے ہیں — آج رات دولت ہماری مہمان ہے

تخم[۱] باطل را ازاں می کاشتند — کانکہ آں جاں نیست جاں پنداشتند
باطل کا بیج انھوں نے اس لئے بویا — کہ جو جان نہیں ہے اس کو انھوں نے جان سمجھا

واں مسافر نیز از راہِ دراز — خستہ بود و دید آں اقبال وناز
وہ صوفی مسافر، طویل راستہ کی وجہ سے — تھکا ہوا تھا اور اس نے توجہ اور مہربانی دیکھی

صوفیانش یک بیک نواختند — نرد خدمتہاش خوش می باختند
ایک ایک صوفی نے اس کو نوازا — اس کی خدمتگذاری کی اچھی چالیں چل رہے تھے

آں یکے پایش ہمی مالید و دست — واں یکے پرسیدش از جا نشست
ایک اس کے ہاتھ پیر دبا رہا تھا — ایک اس کی نشست گاہ کو دریافت کرتا تھا

واں یکے افشاند گرد از رختِ او — واں یکے بوسید دستش را و رو
ایک اس کے سامان کی گرد کو جھاڑتا تھا — دوسرا اس کے ہاتھ اور منہ کو چومتا تھا

گفت چوں می دید میلان شاں بوے — گر طرب امشب نخواہم کرد کے
جب اس نے ان کو جھکاؤ اپنی طرف دیکھا تو کہا — اگر آج عیش و طرب نہ کروں گا تو کب کروں گا؟

لوت خوردند و سماع آغاز کرد — خانقہ تا سقف شد پر دُود[۲] و گرد
سب نے کھانا کھایا اور سماع شروع ہوا — خانقاہ چھت تک دھوئیں اور گرد سے بھر گئی

دودِ مطبخ، گردِ آں پا کوفتن — ز اشتیاق و وجدِ جاں آشوفتن
دھواں مطبخ کا، گرد رقص کی — شوق اور وجد کی وجہ سے جان کا پریشان ہونا

گاہ دست افشاں قدم می کوفتند — گہ بسجدہ[۳] صفہ را می روفتند
کبھی بھاؤ دکھاتے ہوئے رقص کرتے تھے — کبھی سجدوں سے چبوترہ پر جھاڑو دیتے تھے

دیر یابد صوفی آز از روزگار — زاں سبب صوفی بود بسیار خوار
صوفی زمانہ سے مراد دیر میں پاتا ہے — اسی لئے صوفی پرخور ہوتا ہے

جز[۴] مگر آں صوفی کز نورِ حق — سیر خورد و فارغ ست از ننگ و دق
مگر سوائے اس صوفی کے جو اللہ کے نور سے — پیٹ بھرا ہوا اور ذلت دریوزہ سے بے نیاز ہو

از ہزاراں اندکے زیں صوفی اند — باقیاں در دولتِ آں می زیند
ہزاروں میں بہت تھوڑے ایسے صوفی ہیں — باقی ان کی بدولت جیتے ہیں

[۱] تخم باطل یعنی برے اعمال کہ انھوں نے نفس اَمّارہ کو روح سمجھ کر اس کی پرورش شروع کر دی۔ اقبال متوجہ ہونا۔ ناز۔ مہربانی۔ یک بیک۔ بالتصال کے بعد دیگرے جیسے در بدر۔ نواختن۔ نوازنا۔ نرد باختن۔ چال چلنا، دھوکہ دینا۔ پرسید یعنی کہ بیٹھنے کی جگہ نشست کے بارے میں پوچھتا تھا یا قیام گاہ کو پوچھتا تھا۔ رخت۔ سامان۔ گفت یعنی مسافر صوفی نے دل میں کہا۔ میلان۔ توجہ۔ طرب۔ مستی۔ وجد میں رقص کرنا۔

[۲] دُود۔ دھواں یعنی مطبخ کا دھواں۔ گرد۔ یعنی رقص کی۔ پاکوفتن۔ رقص کرنا۔ دست افشاندن۔ ہاتھ چلاتے ہوئے یعنی بھاؤ کرتے ہوئے۔

[۳] بسجدہ یعنی سجدہ ریز ہو کر چبوترے پر پیشانی گھستے تھے گویا کہ پیشانیوں سے چبوترے پر جھاڑو دے رہے ہیں۔ آز۔ حرص، مقصد۔ زاں سبب۔ بھوکا زیادہ کھاتا ہے۔

[۴] جز۔ یعنی حقیقی صوفی کسی حالت میں بھی بے خود نہیں ہوتا ہے۔ ننگ۔ یعنی بھیک مانگنے کی ذلت۔ دق۔ کوٹنا یعنی دروازہ کھٹکھٹانا۔ در دولت۔ بدولت یعنی حقیقی صوفیہ کے بدولت کھا لیتے ہیں۔

چوں سماع آمد ز اوّل تا کرانؒ — مُطرب آغازید یک ضَربِ گراں
جب سماع (کا سامان) اوّل تا آخر ہو گیا — گویے نے ایک مؤثر گت شروع کی

خَر برفت خَر برفت آغاز کرد — زیں حرارہ جملہ را انباز کرد
گدھا چلا گیا گدھا چلا گیا کی بحث کو شروع کیا — اِس گرمی نے سب کو (دُھن میں) شریک کر دیا

زیں حرارہ پائے کوباں تا سحر — کف زناں خَر رفت و خَر رفت اے پسر
اِس گرم جوشی میں صبح تک رقص کرتے ہوئے — تالیاں بجاتے ہوئے اے لڑکے گدھا چلا گیا گدھا چلا گیا

از رہِ تقلیدِ آں صوفی ہمیں — خَر برفت آغاز کرد اندر حنیں
بطور تقلید کے (مسافر) صوفی نے بھی یہی — روتے ہوئے گدھا چلا گیا (گانا) شروع کر دیا

چوں گذشت آں نوش و جوش و آں سماع — روز گشت و جملہ گفتند الوداع
جب وہ کھانا پینا اور جوش اور سماع ختم ہوا — دن نکل آیا اور سب رخصت ہو گئے

خانقہ خالی شد و صوفی بماند — گرد از رخت آں مسافر می فشاند
خانقاہ خالی ہو گئی اور مسافر صوفی رہ گیا — وہ (صوفی) مسافر سامان سے گرد جھاڑنے لگا

رخت از حجرہ بروں آورد او — تا بخر بندد آں ہمراہ جو
اُس نے حجرے سے سامان باہر نکالا — تاکہ ساتھیوں کو تلاش کرنے والا (صوفی) گدھے پر

تا رسد در ہمرہاں خوش می شتافت — رفت در آخُر خرِ خود را نیافت
بہت جلدی کر رہا تھا کہ ساتھیوں سے جا ملے — اصطبل میں گیا (تو) اپنا گدھا نہ پایا

گفت آں خادم بآبش بردہ است — زانکہ خر دوش آب کمتر خوردہ است
دل میں کہا کہ خادم اُس کو پانی پلانے لے گیا ہے — اِس لیے کہ گدھے نے کل رات پانی کم پیا تھا

خادم آمد گفت صوفی خر کجاست — گفت خادم ریش بیں جنگے بخاست
خادم آیا (تو) صوفی نے کہا گدھا کہاں ہے؟ — خادم نے کہا اپنی داڑھی کا خیال کر (اس پر دونوں میں) جھگڑا

گفت من خر را بتو بسپردہ ام — من ترا بر خر مؤکّل کردہ ام
(صوفی نے) کہا میں نے گدھا تیرے سپرد کیا ہے — میں نے تجھے گدھے کا محافظ بنایا ہے

بحث با توجیہ کن حجت میار — وانچہ من بسپردمت واپس بیار
معقول بات کر، حجت بازی نہ کر — جو میں نے تیرے سپرد کیا ہے، واپس دے

از تو خواہم آنچہ من دادم بتو — باز دہ آنچہ کہ بسپردم بتو
جو میں نے تجھے دیا ہے تجھ سے لینا چاہتا ہوں — جو میں نے تیرے سپرد کیا ہے، واپس کر

لے کراں۔ کنارہ، آخری حد۔ مُطرب۔ گویا، قوال۔ ضربِ گراں بھاری چوٹ، ایسی گت جو بے چین کر دے۔ حرارہ۔ گرمی۔ انباز۔ شریک کار۔ پا کوبیدن۔ رقص کرنا۔ کف زناں۔ تالیاں بجاتے ہوئے۔ تقلید۔ دیکھا دیکھی۔ حنین۔ آہ و بکا۔ الوداع۔ رخصت کرنا۔

لے ہمرہاں۔ یعنی سفر کے وہ ساتھی جو پہلے روانہ ہو گئے تھے۔ دوش۔ گزشتہ رات، گذشتہ دن کے معنی صحیح نہیں ہیں۔

لے ریش بیں یعنی اپنی داڑھی کا خیال کر اور مجھ سے غلط سوال نہ کر۔ موکل۔ وکیل، محافظ۔ بحث۔ گفتگو۔ توجیہ۔ دلیل پیش کرنا۔ حجت۔ دلیل۔

گفت ۱ پیغمبر کہ دستت ہرچہ بُرد — بایدش در عاقبت واپس سپرد

پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہاتھ جو کچھ لے — اُس کو آخر میں واپس کرنا چاہیے

ور نہ از سرکشی راضی بدیں — نک من و تو خانۂ قاضی دیں

اور اگر سرکشی سے تو اس پر راضی نہیں ہے — ابھی میں ہوں اور تو ہے اور شریعت کے قاضی کا گھر ہے

گفت من مغلوب بودم صوفیاں — حملہ آوردند و بودم بیمِ جاں

خادم نے کہا میں مجبور تھا، صوفیوں نے — حملہ کر دیا، اور مجھے جان کا خوف تھا

تو جگر ۲ بندے میانِ گربگاں — اندر اندازی و جوئی زاں نشاں

تو کلیجہ کو بلیوں میں — پھینکتا ہے اور اُس کا نشان ڈھونڈتا ہے

درمیانِ صد گُرسنہ گردۂ — پیشِ صد سگ گربۂ پژمردۂ

سَو بھوکوں میں ایک روٹی — مری بلی سَو کتوں کے سامنے

گفت گیرم کز تو ظلماً بستدند — قاصدِ خونِ من مسکیں شدند

صوفی نے کہا مانتا ہوں تجھ سے ناحق چھین لیے — مجھ غریب کے خون کے درپے ہوئے

تو نیائی و نگوئی مر مرا — کاں خرت را می برند اے بینوا

تو نہیں آتا اور مجھ سے نہیں کہتا ہے — کہ اے مُفلس! وہ تیرا گدھا لے جا رہے ہیں

تا خر ۳ از ہرکہ بُرد من واخرم — ور نہ توزیعے کنند ایشاں زرم

تاکہ جس نے گدھا لیا میں اس سے واپس لے لیتا — ورنہ وہ چندہ کرکے میری قیمت دیدیتے

صد تدارک بود چوں حاضر بُدند — ایں زماں ہر یک باقلیمے شدند

جب وہ تھے تو سَو بندوبست ہو سکتے تھے — اب تو ہر ایک، ایک مُلک کو روانہ ہو گیا

من کرا گیرم کرا قاضی برم — ایں قضا خود از تو بر آمد سرم

میں کس کو پکڑوں، کس کو قاضی کے پاس لیجاؤں! — یہ مصیبت تیری وجہ سے میرے سر پر آئی ہے

چوں نیائی و نگوئی کاے غریب — پیش آمد ایں چنیں ظلمِ مُہیب

تو کیوں نہ آیا اور نہیں کہا کہ اے بے وطن — ایسا خوفناک ظلم پیش آیا ہے

گفت واللہ آمدم من بارہا — تا ترا واقف کنم زیں کارہا

خادم نے کہا خدا کی قسم میں کئی بار آیا — تاکہ تجھے ان کارناموں سے واقف کروں

تو ہمی گفتی کہ خر رفت اے پسر — از ہمہ گویندگاں با ذوق تر

تو کہتا تھا اے بیٹا، گدھا چلا گیا — سب کہنے والوں سے زیادہ ذوق سے

۱ گفت۔ حدیث میں ہے۔ عَلَى الْيَدِ مَا اَخَذَتْ ہاتھ جو کچھ لے اس کا ادا کرنا ضروری ہے۔ ورنہ۔ یعنی اور اگر۔ راضی۔ مغلوب۔ مجبور۔ بیمِ جان۔ جان کا خوف۔

۲ جگر بند۔ جگر پھیپھڑے اور دل کا مجموعہ۔ گربگان۔ گربہ کی جمع یعنی بلی۔ صوفی گرسنہ۔ بھوکا۔ گردہ۔ روٹی، ٹکیہ، خمیرہ۔ گیرم۔ میں مانتا ہوں۔

۳ واخرم۔ میں واپس لیتا۔ توزیع۔ تقسیم، چندہ۔ زر یعنی گدھے کی قیمت۔ تدارک۔ فوت شدہ چیز کو حاصل کر لینا۔ اقلیم۔ ملک، ولایت۔ قضا۔ مصیبت یعنی گدھے کا بک جانا۔ غریب۔ مسافر، بے وطن۔ مُہیب۔ خوفناک۔ کارہا یعنی صوفیوں کے کارنامے۔ باذوق تر یعنی سارے صوفیوں سے بھی زیادہ ذوق سے کہتا تھا۔

بازمی گشتم کہ او خود واقف ست ۔۔۔ زیں قضا راضیست مردِ عارفست[1]
میں واپس ہوتا تھا کہ وہ تو واقف ہے ۔۔۔ اس قضا پر راضی ہے عارف انسان ہے

گفت آں را جملہ می گفتند خوش ۔۔۔ مر مرا ہم ذوق آمد گفتنش
صوفی نے کہا وہ سب نکو ذوق سے کہتے تھے ۔۔۔ ان کے کہنے سے یہ کہنے میں مجھے بھی ذوق پیدا ہوگیا

مر مرا تقلیدِ شاں بر باد داد ۔۔۔ کہ دو صد لعنت بر آں تقلید باد
مجھے ان کی تقلید نے برباد کیا ۔۔۔ ایسی تقلید پر دو سو لعنتیں ہوں

خاصہ تقلیدِ چنیں بے حاصلاں ۔۔۔ کابرو را ریختند از بہرِ ناں
خصوصاً ایسے بیہودہ لوگوں کی تقلید ۔۔۔ جنھوں نے روٹی کی خاطر آبرو لٹا دی

عکسِ ذوقِ آں جماعت می زدے ۔۔۔ ویں دلم از عکس ذوقیں می شدے
اس جماعت کے ذوق کا عکس پڑ رہا تھا ۔۔۔ میرا دل عکس سے صاحبِ ذوق بن رہا تھا

عکس چنداں باید از یارانِ خوش ۔۔۔ کہ شوی از بحرِ بے عکس[2] آب کش
اچھے دوستوں کا عکس اس قدر ضروری ہے ۔۔۔ کہ تو بے عکس سمندر سے سیراب ہو

عکس کاول زد تو آں تقلید داں ۔۔۔ چوں پیاپے شد بود تحقیق آں
شروع میں جو عکس پڑے تو اس کو تقلید سمجھ ۔۔۔ جب پے در پے ہو تو وہ تحقیق ہوگی

تا نشد تحقیق از یاراں مبر ۔۔۔ از صدف مگسل نگشتہ قطرہ دُر
جب تک تحقیق کا درجہ حاصل نہ ہو دوستوں سے نہ کٹ ۔۔۔ جب تک قطرہ موتی نہ بنے سیپ سے جدا نہ ہو

صاف خواہی چشمِ عقل و سمع را ۔۔۔ بر دراں تو پردہائے طمع را
اگر تو عقل کی آنکھ اور کان کو صاف رکھنا چاہتا ہے ۔۔۔ تو لالچ کے پردوں کو چاک کر دے

زانکہ[3] آں تقلیدِ صوفی از طمع ۔۔۔ عقلِ او بربست از نور و لمع
اسی لئے کہ لالچ کی وجہ سے اس صوفی کی تقلید نے ۔۔۔ اس کی عقل کو نور و چمک سے روک دیا

زانکہ صوفی را طمع بردش ز راہ ۔۔۔ ماند در خسران و شد کارش تباہ
کیونکہ صوفی کو لالچ نے گمراہ کیا ۔۔۔ ٹوٹے میں پڑ گیا اس کا کام برباد ہوگیا

طمعِ لوت و طمعِ آں ذوقِ سماع ۔۔۔ مانع آمد عقلِ او را ز اطلاع
مزیدار کھانے کا لالچ اور سماع کے ذوق کا لالچ ۔۔۔ اس کی عقل کے لئے خبر ہونے سے مانع بنا

گر طمع در آئینہ برخاستے ۔۔۔ در نفاق آں آئینہ چوں ماستے
اگر لالچ آئینہ میں پیدا ہو جائے ۔۔۔ نفاق میں وہ آئینہ بھی ہم جیسا ہو جائے

[1] مردِ عارف۔ باخدا انسان۔ تقلید یعنی اندھا دھند بغیر سوچے سمجھے پیروی کرنا۔ بہر ناں۔ یعنی شکم پُری کے لئے ان صوفیوں نے خیانت کی۔ عکس یعنی ان لوگوں کے ذوق نے میرے اندر بھی ذوق پیدا کر دیا۔ یارانِ خوش۔ اچھے دوست یعنی مُرشدینِ کاملین یہ اچھی تقلید کا بیان ہے۔

[2] بحرِ بے عکس۔ ذاتِ ہمتا، اللہ تعالیٰ عکس کاول سالک ابتداءً مُرشدِ کامل کی تقلید کرتا ہے اور کمال حاصل ہو جانے پر یہ مقلد محقق بن جاتا ہے۔ تبھی منقطع نہ ہو تاکہ وہ شیخِ کامل تربیت کرتا ہے۔ صدف۔ سیپ یعنی شیخ۔ دُر۔ موتی۔ صاف خواہی۔ شیخ سے مستفیض ہونے کے لئے بُرے اخلاق کا ترک ضروری ہے۔

[3] زانکہ۔ اس لئے کہ۔ طمع۔ لالچ۔ سمع۔ چمک۔ اطلاع۔ یعنی صوفیوں کی سازش کی خبر۔ آئینہ۔ آئینہ حقیقتِ حال کو صحیح طور پیش کرتا ہے۔ لہٰذا وہ صاف گوئی میں ضرب المثل ہے

گر ترازو را طمع بودے بمال — راست کے گفتے ترازو وصف حال
اگر ترازو کو مال کا لالچ ہوتا — (تو) ترازو سچی حالت کب بتاتی؟

گفت گیرم از طمع قارون شوی — آخر الامر اندریں ہاموں شوی
ترازو نے کہا میں مانتی ہوں لالچ سے تو قارون بن جائیگا — انجام کار اسی جنگل (قبرستان) میں پہنچے گا

ہر نبی می گفت با قوم از صفا — من نخواہم مزد پیغام از شما
ہر نبی اپنی قوم سے اخلاص سے کہتا تھا — میں تم سے پیغام (رسانی) کی مزدوری نہیں چاہتا ہوں

من دلیلم حق شمارا مشتری — داد حق دلالیم ہر دو سری
میں راہ نما ہوں اور تمہارا خریدار اللہ (تعالیٰ) ہے — اللہ (تعالیٰ) نے مجھے دونوں طرف کی دلالی دیدی ہے

ہست مزد کار مر دلال را — مزد باید داد تا گوید سزا
ہر دلال کی اجرت ہوتی ہے — اجرت دینی چاہیئے تاکہ وہ ٹھیک بات کہے

چیست مزد کار من دیدار یار — گرچہ خود بوبکر بخشد چل ہزار
میرے کام کی اجرت کیا ہے؟ یار کا دیدار — اگرچہ ابوبکرؓ خود چالیس ہزار دے دیں

چل ہزار او نباشد مزد من — کے بود شبہ شبہ دُر عدن
اُن کے چالیس ہزار میری مزدوری نہیں ہوسکتے — پیتل، عدن کے موتی کی طرح کب ہوتا ہے؟

یک حکایت گویمت بشنو بہوش — تا بدانی کیں طمع شد بند گوش
میں تجھے ایک قصہ سناتا ہوں ہوش سے سن لے — تاکہ تو سمجھ جائے کہ یہ لالچ کان کی ڈاٹ ہے

ہر کرا باشد طمع اُلکن شود — با طمع کے چشم دل روشن شود
جس میں لالچ ہوتا ہے وہ گونگا ہوجاتا ہے — لالچ کے ہوتے ہوئے دل کی آنکھ کب روشن ہوتی ہے

پیش چشم اُو خیال جاہ و زر — ہمچناں باشد کہ موی اندر بصر
اُس کی آنکھ کے سامنے رتبے اور مال کا خیال — ایسا ہوتا ہے کہ جیسا کہ آنکھ میں بال

جز مگر مستے کہ از حق پُر بود — گرچہ بدہی گنجہا اُو حُر بود
اں سوائے اُس مست کے کہ جو حق سے بھرا ہو — اگرچہ تو اُس کو خزانے بخشدے وہ آزاد رہتا ہے

ہر کہ از دیدار برخوردار شد — ایں جہاں در چشم اُو مُردار شد
جو دیدار خداوندی سے بہرہ ور ہوگیا — یہ دنیا اُس کی نظر میں مُردار ہوگئی

لیک آں صوفی زمستی دور بود — لاجرم از حرص خود بے نور بود
لیکن وہ صوفی مستی سے دور تھا — لامحالہ اپنے لالچ کی وجہ سے بے نور تھا

---

ترازو۔ ترازو بھی کم و بیش کو صحیح صحیح بتا دیتی ہے۔ قارون۔ حضرت موسیٰؑ کے زمانہ کا مشہور مالدار بخیل ہے۔ ہاموں جنگل یعنی قبرستان جہاں مالدار و فقیر یکساں ہیں۔ ہر نبی۔ حضرت نوحؑ، حضرت ہودؑ وغیرہ سب نے قوم سے یہی کہا تھا۔ دلیل۔ راستہ بتلانے والا۔ مشتری۔ خریدار۔ ہر دو سری۔ دونوں جانب، دلال دونوں جانب سے دلالی وصول کرتا ہے۔ سزا۔ مناسب، دلال کو دلالی ملجاتی ہے تو ٹھکانے کی بات کرتا ہے۔ مزد من یعنی یہ آنحضورؐ نے فرمایا۔ بوبکرؓ حضرت ابوبکرؓ نے حضورؐ پر اپنی تمام دولت صرف کردی۔ بعض روایات میں ہے کہ جس وقت وہ مسلمان ہوئے اُن کی ملکیت میں چالیس ہزار دینار تھے۔ شبہ۔ شین کے زیر کے ساتھ یعنی مثل اور شین کے زبر کے ساتھ یعنی پیتل۔ بند گوش۔ یعنی لالچ میں پڑکر انسان کسی نصیحت کو سنا نہیں کرتا ہے۔ اُلکن۔ گونگا یعنی لالچی آدمی صحیح بات کہنے پر قادر نہیں رہتا۔ چشم۔ مال و جاہ کا لالچ انسان کو بے بصیرت بنا دیتا ہے۔ حُر بود۔ جو حق سے سرمست ہوتا ہے کسی لالچ کو قبول نہیں کرتا ہے۔ مردار۔ حدیث شریف میں ہے کہ دنیا مردار ہے۔

صد حکایت بشنود مدہوشِ حرص … در نیاید نکتۂ در گوشِ حرص

حرص سے مدہوش سو قصے سنتا ہے … لیکن حریص کے کان میں ایک نکتہ بھی نہیں آتا ہے

## تعریف[1] کردن منادیان قاضی مفلس را گردِ شہر

قاضی کے اعلانچیوں کی شہر کے چاروں طرف ایک مفلس کی تشہیر کرنا

بود شخصے مفلسے بے خان[2] و ماں … ماند در زندان و بندِ بے اماں

ایک شخص مفلس اور خانہ خراب تھا … جو قید خانہ اور بے اماں قید میں تھا

لقمۂ زندانیاں خوردے گزاف … بر دلِ خلق از طمع چوں کوہِ قاف

خواہ مخواہ قیدیوں کا کھانا کھا جاتا … لالچ کی وجہ سے وہ لوگوں کے دلوں پر کوہ قاف کی طرح بھاری تھا

زہرہ نے کس را کہ او لقمہ خورد … زانکہ آں لقمہ ربا چابک برد

کسی کا پتّہ نہ تھا کہ وہ لقمہ کھائے … کیونکہ وہ لقمہ اچک لینے والا فوراً (اُڑا) لے جائے گا

ہر کہ دور از رحمتِ رحماں بود … او گدا چشم است گر سلطاں بود

جو رحمان کی رحمت سے دور ہو … اگرچہ وہ بادشاہ ہو اس کی آنکھ بھکاری کی ہے

مر مروت را نہادہ زیرِ پا … گشت زندان[3] دوزخے زاں ناں ربا

اس نے مروت کو پامال کر رکھا تھا … اس روٹی اچکنے سے قید خانہ دوزخ بن گیا تھا

گر گریزی بر امیدِ راحتے … زاں طرف ہم پیشت آید آفتے

اگر تو راحت کی تمنا میں بھاگے گا … اس طرف سے بھی تیرے سامنے کوئی مصیبت آئیگی

ہیچ کنجے بے دد[4] و بے دام نیست … جز بخلوتگاہِ حق آرام نیست

کوئی گوشہ درندے اور جرندے کے بغیر نہیں ہے … حق کی خلوت گاہ کے سوا کہیں راحت نہیں ہے

کنجِ زندانِ جہانِ ناگزیر … نیست بے پامزد و بے دق الحصیر

دنیا کے جبری قید خانہ کا گوشہ … محنت اور بھاگ دوڑ سے خالی نہیں ہے

واللہ ار سوراخِ موشے در روی … مبتلائے گربہ چنگالے شوی

خدا کی قسم اگر تو کسی چوہے کے سوراخ میں جائیگا … کسی بلی کے پنجے میں پھنسے گا

آدمی[5] را فربہی ہست از خیال … گر خیالاتش بود صاحب جمال

خیالات کی وجہ سے آدمی کی فربہی ہے … اگر اس کے تصورات حسین ہوں

ور خیالاتش نماید ناخوشے … می گدازد ہمچو موم آتشے

اگر اس کے خیالات ناخوشگواری ظاہر کریں … آگ (پر) کے موم کی طرح پگھل جائے گا

---

[1] تعریف کردن، تشہیر کرنا۔ خان و مان، خان، خانہ مان، گھر سامان، یعنی بے گھر بے در۔ گزاف، بیہودہ۔ کوہ قاف، دنیا کا مشہور پہاڑ ہے۔ زہرہ، ہمّت۔ چابک، تیزی، جلدی۔ گدا چشم، فقیر کی آنکھ والا، لالچی۔

[2] دد، درندہ۔ دام، چرندہ۔ زندانِ جہان، پہلے رسمی قید خانہ کے مصائب کا ذکر تھا اب دنیا جو ایک مومن کا قید خانہ ہے اسکے مصائب کا ذکر ہے۔ ناگزیر، دنیوی زندگی میں اس جہان سے چھٹکارا نہیں ہے۔ پامزد، محنت، مزدوری۔ دق الحصیر، دق، کوٹنا حصیر بوریا، جو کہ بیٹھ کر دستکاری کا کام کرنے سے نیچے کا بوریا جلد ٹوٹ جاتا ہے۔ لہٰذا اس کے معنی محنت مشقت کے آتے ہیں۔

[3] آدمی، پہلے اشعار میں انسان کے خارجی مصائب میں مبتلا ہونے کا بیان تھا۔ اب ان اشعار میں اُن مصائب کا ذکر ہے جن کے اسباب خود انسان کے اندر ہیں۔ صاحب جمال، اچھے خیالات انسان کی تر و تازگی کا سبب ہیں۔ ناخوشے، اگر انسانی خیالات کوئی ناخوشگوار تصور بندھا دیتے ہیں تو انسان موم کی طرح پگھل جاتا ہے۔

از جمالِ یوسفؑ اخواں بس نفور — لیک اندر دیدۂ یعقوبؑ نور

یوسف (علیہ السلام) کے حُسن سے بھائی سخت نافر — لیکن وہ یعقوب (علیہ السلام) کے نورِ چشم تھے

از خیالِ بد مرا اُو را زشت دید — چشمِ فرع و چشمِ اصلی ناپدید

(بھائیوں نے) بُرے خیال کی وجہ سے اُن کو بدشکل دیکھا — یہ ظاہری آنکھ تھی اور اصل آنکھ ناپید تھی

چشمِ ظاہر سایۂ آں چشم داں — ہر چہ آں بیند بگردد ایں بداں

ظاہری آنکھ کو اُس آنکھ کا پرتو سمجھ — جو وہ (دل کی آنکھ) دیکھے گی یہ اسی طرف گھوم جائے گی

سایۂ اصل ست فرع اما کجا — سایہ با خورشید دارد پا بجا

فرع، اصل کا سایہ ہے، لیکن کب — ٹھہرتا ہے سایہ سورج کے سامنے؟

تو مکانی اصلِ تو در لامکاں — ایں دُکاں بربند و بکشا آں دُکاں

تو مکانی ہے، تیری اصل لامکان میں ہے — یہ دکان بند کر دے وہ دکان کھول لے

شش جہت مگریز زیرا در جہات — ششدرست و ششدرہ مات ست مات

چاروں طرف بھاگ اس لئے کہ تمام جانبوں میں — پھنسانے کی جگہ ہے اور پھنس جانے کیلئے ہار ہی ہار ہے

ایں سخن را نیست حدّ زندانیاں — مضطر اند از دستِ آں خر قلتباں

اس بات کی حد نہیں ہے، قیدی — اس دیّوث، گدھے سے پریشان ہیں

## شکایت کردنِ اہلِ زنداں پیشِ وکیلِ قاضی از دستِ آں مفلس

قیدیوں کا اُس مفلس کی قاضی کے وکیل سے شکایت کرنا

با وکیلِ قاضیِ ادراک مند — اہلِ زنداں در شکایت آمدند

عقلمند قاضی کے وکیل سے — قیدی شکایت کرنے لگے

کہ سلامِ ما بقاضی بر کنوں — باز گو آزارِ ما زیں مردِ دوں

کہ اب ہمارا سلام قاضی کو پہنچا — پھر اُس کمینہ انسان سے جو تکلیف ہمیں پہنچ رہی ہے وہ کہہ

کاندریں زنداں بماند او مستمر — یاوہ تاز و طبل خوارست و مُضر

وہ ہمیشہ اِس قید خانہ میں رہتا ہے — فضول گشت کرنے والا پُرخور اور تکلیف دہ ہے

مردِ زندانی نیابد لقمہ — ور بصد حیلت کشاید طعمہ

قیدی کو (اوّل تو) روٹی ملتی نہیں ہے — اگر سَو تدبیروں سے وہ کھانا کھولتا ہے

در زماں پیش آید آں دوزخ گلو — حجتش اینکہ خدا گفتہ کلو

وہ جہنم (جیسے) حلق والا فوراً آجاتا ہے — اُس کی دلیل یہ ہوتی ہے کہ خدا نے فرمایا ہے کھاؤ

ؔ۱ ترجمہ: اپنے باپ حضرت یعقوبؑ کے نورِ نظر تھے اور آنکھ اُن کے بھائی بُرا سمجھتے تھے۔ از خیال۔ چونکہ اُن کے بھائیوں کے خیالات بُرے تھے اُن کو یوسف بُرے نظر آئے۔ چشمِ اصل۔ دل کی آنکھ۔ چشمِ ظاہر۔ جسم کی آنکھ۔ آں چشم۔ دل کی آنکھ۔ ہر کہ۔ جسمانی آنکھ دل کی آنکھ کے تابع ہے۔ اصل یعنی دل کی آنکھ۔ فرع یعنی جسمانی آنکھ۔

ؔ۲ تو مکانی۔ انسان میں اصل روح ہے اور اس کا مسکن عالمِ بالا ہے لہٰذا انسان کو عالمِ ارواح کے کاروبار میں لگنا چاہیے۔ ششش جہت۔ چھ جانبیں، دائیں، بائیں، آگے، پیچھے، اوپر، نیچے۔ ششدر۔ وہ جگہ جس سے رہائی مشکل ہو۔ وہ چھ خانے جس میں نرد کا مہرہ پھنس کر مشکل سے بچتا ہے۔ ششدرہ۔ نرد کا وہ مہرہ جو ششدر میں پھنس جائے۔ مات۔ شاہِ شطرنج کا گرفتار ہو جانا جس کی وجہ سے بازی میں ہار ہو جاتی ہے۔

ؔ۳ بر۔ بُردن سے امر کا صیغہ ہے۔ آزار۔ تکلیف۔ دوں۔ کمینہ۔ مستمر۔ ہمیشہ۔ یاوہ تاز۔ بیکار پھرنے والا، آوارہ گرد۔ طبل خوار۔ کھا کر پیٹ کو ڈھول کی طرح بنا لینے والا۔ طعمہ۔ خوراک۔ دوزخ گلو۔ وہ شخص جس کا ہر وقت کھانا اٹھے ہوا ہی رکھا ہو۔

چوں مگس حاضر شود بر ہر طعام ۔۔۔ از وقاحتؔ[1] بے صلاح و بے سلام

ہر کھانے پر مکھی کی طرح گرتا ہے ۔۔۔ بے شرمی سے بغیر بلائے اور بغیر سلام کے

پیشِ او نہ بیچ ست لوت و قسمتِ کس ۔۔۔ کر کند خود را اگر گوئیش بس

اس کے لئے ساٹھ آدمیوں کا کھانا کچھ بھی نہیں ہے ۔۔۔ اگر اس کو بس کہو تو اپنے آپ کو بہرا بنالیتا ہے

زیں چنیں قحطِ سہ سالہ داد داد ۔۔۔ ظلِّ مولانا ابد پاینده باد

اس تین سالہ قحط سے فریاد ہے فریاد ہے ۔۔۔ جناب کا سایہ ہمیشہ قائم رہے

گو ز زنداں تا رود ایں گاو میش ۔۔۔ یا وظیفہ کن ز وقفے لقمہ ایش

حکم دیجئے کہ یہ بھینسا قید خانہ سے چلا جائے ۔۔۔ یا اس کے کھانے کا کسی وقف سے ظیفہ مقرر کر دیجئے

اے ز تو خوش ہم ذکورؔ[2] و ہم اناث ۔۔۔ داد کن اَلْمُسْتَغَاثُ اَلْمُسْتَغَاثُ

اے وہ کہ تجھ سے سب مرد و زن راضی ہیں ۔۔۔ انصاف کیجئے المدد المدد

سوئے قاضی شد وکیلِ با نمک ۔۔۔ گفت با قاضی شکایت یک بیک

خوش مزاج وکیل، قاضی کے پاس گیا ۔۔۔ ایک ایک کرکے قاضی سے شکایتیں کردیں

خواند از زنداں ورا قاضی بہ پیش ۔۔۔ پس تفحص کرد از اعیانِ خویش

قاضی نے اس کو قید خانہ سے اپنے سامنے بلایا ۔۔۔ اور اپنے لوگوں سے تحقیق کی

گشت ثابت پیشِ قاضی آں ہمہ ۔۔۔ کہ نمودند از شکایت آں رمہ

وہ سب کچھ قاضی کے سامنے ثابت ہو گیا ۔۔۔ جو شکایت میں اس جماعت نے ظاہر کیا تھا

گفت قاضی خیز زیں زنداں برو ۔۔۔ سوئے خانہ مردہ ریگؔ[3] خویش شو

قاضی نے کہا اٹھ اس قید خانہ سے تو چلا جا ۔۔۔ اپنے موروثی گھر کی جانب روانہ ہو

گفت خان و مانِ من احسانِ تست ۔۔۔ ہمچو کافر جنتم زندانِ تست

اس نے کہا میرا گھر بار تو تیرا احسان ہے ۔۔۔ کافر کی طرح میری جنت تیرا قید خانہ ہے

گر ز زندانم برانی تو برد ۔۔۔ خود بمیرم من ز درویشی و کد

اگر تو دھکے دے کر مجھے قید خانہ سے نکال دیگا ۔۔۔ میں مفلسی اور مشقت سے مر جاؤں گا

ہمچو ابلیسے کہ می گفت اے سلام ۔۔۔ رَبِّ اَنْظِرْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَام

شیطان کی طرح کہ کہتا تھا اے خدا ۔۔۔ مجھے قیامت تک مہلت دیدے

کاندریں زندانِ دنیا من خوشم ۔۔۔ تا کہ دشمن زادگاں را می کشم

کہ اس دنیا کے قید خانہ میں میں خوش ہوں ۔۔۔ تاکہ دشمن کی اولاد کو ہلاک کروں

---

[1] وقاحت ۔ بے شرمی ۔ صلح ۔ نیکی ۔ کھانے کیلئے بلانا ۔ کر کند یعنی اگر اسے کھانا کھانے سے روکو تو بہرا بن جاتا ہے ۔ قحطِ سہ سالہ ۔ وہ پیٹو شاید تین سال سے جیل خانہ میں تھا ۔ گاو میش بھینس ۔

[2] ذکور ۔ ذکر کی جمع ، مرد ۔ اناث ۔ انثیٰ کی جمع ، عورت ۔ المستغاث ۔ وہ شخص جس سے مدد مانگی جائے ۔ بانمک ۔ خوش مزاج ، بامذاق ۔ یک بیک ۔ ایک ایک ۔ تفحص ۔ جستجو ۔ اعیان ۔ سردار ۔ رمہ ۔ جماعت ، گروہ ۔

[3] مردہ ریگ ۔ موروثی چیز ۔ ہمچو ۔ حدیث میں ہے "دنیا مومن کا قید خانہ اور کافر کی جنت ہے" کد ۔ محنت ، مشقت ۔ ربِّ ۔ قرآن پاک میں شیطان کا مقولہ مذکور ہے "اے میرے پروردگار مجھے روزِ قیامت تک مہلت دے" ۔ دشمن زادگان ۔ بنی آدم ، حضرت آدمؑ سے شیطان کی دشمنی ہے ۔

ہر کہ اُو را قُوتِ[1] ایمانے بود
جس کے پاس ایمان کی روزی ہو
وز برائے زادِ رَہ نانے بود
اور توشہ کے لئے روٹی ہو

می ستانم گہ بمکر و گہ بریو
(اس سے) کبھی مکر سے کبھی دھوکے سے چھین لونگا
تا بر آرند از پشیمانی غریو
تاکہ شرمندگی سے چیخنے لگے

گہ بدرویشی کُنم تہدیدِ شاں
کبھی اُن کو افلاس سے ڈراؤں
گہ بزلف و خال بندم دیدِ شاں
کبھی اُن کی نگاہ زُلف اور تل میں پھنساؤں

قُوتِ[2] ایمانی دریں زنداں کم ست
اِس قید خانہ میں ایمان کی روزی کم ہے
وانکہ ہست از قصدِ ایں سگ در خم ست
جو ہے وہ اس کتے کی وجہ سے (پیچ و) خم میں ہے

از نماز و صوم و صد بیچارگی
نماز اور روزہ اور سو قسم کے عجز سے
قُوتِ ذوق آید بُرد یکبارگی
ذوق میسر آتا ہے، جس کو وہ ایکدم لے بھاگتا ہے

اَسْتَعِیْذُ اللّٰہَ مِنْ شَیْطَانِہٖ
میں اللہ سے اُس کے شیطان سے پناہ چاہتا ہوں
قَدْ هَلَكْنَا آہ مِنْ طُغْيَانِہٖ
آہ، ہم اس کی سرکشی سے ہلاک ہوگئے ہیں

یک سگ ست و در ہزاراں می رود
ایک کُتا ہے اور ہزاروں میں گھس جاتا ہے
ہر کہ در وے رفت اُو آں می شود
جس میں وہ گھستا ہے وہ وہی بن جاتا ہے

ہر[3] کہ سردت کرد میداں کو در وست
جو تجھے (اللہ کی عبادت میں) سُست بنائے سمجھ لے
دیو پنہاں گشت اندر زیرِ پوست
کھال کے اندر شیطان چھپا ہے

چوں نیاید صورت آید در خیال
جب (اپنی) صورت میں نہ آئے تو تصور میں آ جائیگا
تا کشاند آں خیالت در وبال
تاکہ وہ تصور تجھے وبال میں ڈال دے

از خیالاتِ تو می آید بلا
تیرے خیالات سے مصیبت آتی ہے
چوں خیالت فاسد آمد جا بجا
چونکہ تیرا خیال ہر جگہ فاسد ہوتا ہے

گہ خیالِ فرجہ و گاہے دُکاں
کبھی کشادگی کا خیال اور کبھی دُکان (کا خیال)
گہ خیالِ علم و گاہے خان و ماں
کبھی علم کا خیال اور کبھی گھر در (کا خیال)

گہ خیالِ کسب و سوداگری
کبھی پیشے اور سوداگری کا خیال
گہ خیالِ تاجری و داوری
کبھی تاجر ہونے اور عہدہ کا خیال

گہ خیالِ نقرہ و فرزند و زن
کبھی زر اور اولاد اور بیوی کا خیال
گہ خیالِ بوالفضول و بوالحزن
کبھی بکواسی اور غمزدہ کا خیال

---

[1] قوت۔ خوراک۔ رَہ۔ یعنی راہِ آخرت۔ نانے۔ یعنی کوئی نیک عمل۔ می ستانم۔ یعنی میں اس کی زادِ رہ چھین لیتا ہوں۔ ریو۔ مکر و فریب۔ غریو۔ شور و غل۔ گہ بدرویشی۔ قرآن پاک میں ہے "شیطان تمہیں افلاس کے احتمال میں مبتلا کر دیتا ہے اور تم کو بے حیائی کی ترغیب دیتا ہے"۔

[2] قُوت۔ اس دنیا کے قید خانہ میں مومن اور شیطان کی وہی صورت ہے جو دوسرے قیدیوں کی تھی اور اس چیٹو مفلس کی تھی۔ از نماز۔ عبادات سے جو روزی حاصل ہوتی ہے اُس کو شیطان اُڑا دیتا ہے۔ یک سگ۔ یعنی ایک ہے اُس کی ذریت بہت سے شیاطین ہیں۔ شیطانی اثر سے انسان بھی شیطان بن جاتا ہے۔

[3] ہر کہ۔ ہر وہ چیز جو انسان کی عبادت کی سرگرمیوں کو سرد کر دے اُس میں شیطانی اثر سمجھو۔ چوں۔ شیطان کی تباہ کاری کے لئے اُس کا مجسم ہو کر سامنے آنا ضروری نہیں ہے وہ انسانی خیالات میں خباثت ڈال دیتا ہے جو تباہی کا سبب بن جاتے ہیں۔ از خیالات۔ انسان کی تباہی اُس کے فاسد خیالات سے ہوتی ہے۔ گہ خیال۔ ان تمام چیزوں میں فاسد خیالات کی آمیزش کا سبب ہے۔ بوالفضول۔ بیہودہ۔ بوالحزن۔ غمگین۔

ہر کہ اُو را قُوتِ[1] ایمانے بود — وز برائے زادِ رہ نانے بود
جس کے پاس ایمان کی روزی ہو — اور توشہ کے لئے روٹی ہو

می ستانم گہ بمکر و گہ بریو — تا برآرند از پشیمانی غریو
اُس سے، کبھی مکر سے کبھی دھوکے سے چھین لونگا — تاکہ شرمندگی سے چیخنے لگے

گہ بدرویشی کُنم تہدیدِ شاں — گہ بزلف و خال بندم دیدِ شاں
کبھی اُن کو افلاس سے ڈراؤں — کبھی اُن کی نگاہ زُلف اور تل میں پھنساؤں

قُوتِ[2] ایمانی دریں زنداں کم ست — وانکہ ہست از قصدِ ایں سگ در خم ست
اِس تیرہ خانہ میں ایمان کی روزی کم ہے — جو ہے وہ اِس کتے کی وجہ سے پیچ و خم میں ہے

از نماز و صوم و صد بیچارگی — قُوتِ ذوق آید برد یکبارگی
نماز اور روزہ اور سو قسم کے عجز سے — ذوق میسّر آتا ہے جس کو وہ ایکدم لے بھاگتا ہے

اَسْتَعِیْذُ اللّٰہَ مِنْ شَیْطَانِہٖ — قَدْ ھَلَکْنَا آہ مِنْ طُغْیَانِہٖ
میں اللہ سے اُس کے شیطان سے پناہ چاہتا ہوں — آہ ہم اس کی سرکشی سے ہلاک ہو گئے ہیں

یک سگ ست و در ہزاراں می رود — ہر کہ درو ے رفت اُو آں می شود
ایک کتا ہے اور ہزاروں میں گھس جاتا ہے — جس میں وہ گھستا ہے وہ وہی بن جاتا ہے

ہر کہ سردت[3] کرد میداں کو دروست — دیو پنہاں گشت اندر زیر پوست
جو تجھے (اللہ کی عبادت میں) سُست بنائے سمجھ لے — کھال کے اندر شیطان چھپا ہے

چوں نیابد صورت آید در خیال — تا کشاند آں خیالت در وبال
جب (اپنی) صورت میں نہ آئے تو تصور میں آ جائیگا — تاکہ وہ تصور تجھے وبال میں ڈال دے

از خیالاتِ تو می آید بلا — چوں خیالت فاسد آمد جابجا
تیرے خیالات سے مصیبت آتی ہے — جونکہ تیرا خیال ہر جگہ فاسد ہوتا ہے

گہ خیالِ فرجہ و گاہے دکاں — گہ خیالِ علم و گاہے خان و ماں
کبھی کشادگی کا خیال اور کبھی دکان کا خیال — کبھی علم کا خیال اور کبھی گھر در کا خیال

گہ خیالِ کسب و سوداگری — گہ خیالِ تاجری و داوری
کبھی پیشے اور سوداگری کا خیال — کبھی تاجر ہونے اور عہدہ کا خیال

گہ خیالِ نقرہ و فرزند و زن — گہ خیالِ بوالفضول و بوالحزن
کبھی زر اور اولاد اور بیوی کا خیال — کبھی بکواسی اور غمزدہ کا خیال

---

[1] قُوت۔ خوراک۔ راہ یعنی راہِ آخرت۔ آنے یعنی کوئی نیک عمل۔ می ستانم یعنی میں اُس کی زادِ رہ چھین لیتا ہوں۔ ریو۔ مکر و فریب۔ قرآن شریف میں "الشیطان یعدکم الفقر" قرآن پاک میں ہے "شیطان تمہیں افلاس کے احتمال میں مبتلا کر دیتا ہے اور تم کو بے حیائی کی ترغیب دیتا ہے"

[2] قُوت۔ اِس دنیا کے قید خانہ میں مؤمن کو شیطان کی وہی صورت ہے جو دوسرے قیدیوں کی تھی اور اس چیٹو مفلس کی تھی۔ از نماز۔ عبادات سے جو روزی حاصل ہوتی ہے اُس کو شیطان اُڑا دیتا ہے۔ یک سگ۔ یعنی ایک ہے اُس کی ذریت بہت ہے شیاطین ہیں۔ شیطانی اثر سے انسان بھی شیطان بن جاتا ہے۔

[3] ہر کہ۔ ہر وہ چیز جو انسان کی عبادت کی سرگرمیوں کو سرد کر دے اُس میں شیطانی اثر سمجھو۔ چوں۔ شیطان کی تباہ کاری کے لئے اُس کا مجسم ہو کر سامنے آنا ضروری نہیں ہے وہ انسانی خیالات میں خباثت بو دیتا ہے جو تباہی کا سبب بنجاتے ہیں۔ از خیالات۔ انسان کی تباہی اُس کے فاسد خیالات سے ہوتی ہے۔ گہ خیال۔ ان تمام چیزوں میں فاسد خیالات کی آمیزش تباہی کا سبب ہے۔ بوالفضول۔ بیہودہ۔ بوالحزن۔ غمگین۔

گہ خیالِ آسیا و باغ و راغ | گہ خیالِ میغ و ماغ و لیغ و لاغ
کبھی چکی اور باغ اور جنگل کا خیال | کبھی ابر اور گہر اور بدلی اور شوخی کا خیال

گہ خیالِ آشتی و جنگہا | گہ خیالِ نامہا و ننگہا
کبھی صلح اور لڑائیوں کا خیال | کبھی نام آوریوں اور ذلتوں کا خیال

گہ خیالِ کالہ و گاہے قماش | گہ خیالِ مفرش و گاہے فراش
کبھی سامان کا خیال کبھی عمدہ چیزوں کا | کبھی فرش بچھانے کی جگہ کا خیال اور کبھی فرش کا

ہیں برون کن از سر ایں تخییلہا | ہیں برو از دل چنیں بدحیلہا
خبردار! ان خیالات کو سر سے نکال دے | خبردار! ان بُری تدبیروں کو دل سے نکال دے

ہاں بگو لاحولہا در ہر زماں | از زبان تنہا نہ بل از عینِ جاں
خبردار! ہر وقت لاحول پڑھ | صرف زبان ہی سے نہیں بلکہ دل سے

## تتمۂ قصۂ آں مُفلس
اُس مفلس کے قصہ کا بقیہ

گفت قاضی مُفلسی را وانما | گفت اینک اہلِ زندانت گواہ
قاضی نے کہا، مُفلسی کو ثابت کر | اُس نے کہا یہ قیدی آپ کے سامنے گواہ ہیں

گفت ایشاں مُتّہم باشند چوں | می گریزند از تو می گریند خوں
قاضی نے کہا وہ متہم ہوں گے کیونکہ | وہ تجھ سے گریزاں ہیں تیری وجہ سے خون کے آنسو بہا رہے ہیں

وز تو می خواہند تا ہم وارہند | زیں غرض باطل گواہی می دہند
وہ چاہتے ہیں کہ تجھ سے چھٹکارا حاصل کریں | اس وجہ سے غلط گواہی دیں گے

جملہ اہلِ محکمہ گفتند ما | ہم بر ادبار و بر افلاسش گوا
محکمہ کے سب لوگوں نے کہا کہ ہم | بھی اُس کی نحوست اور مفلسی کے گواہ ہیں

ہر کرا پُرسید قاضی حالِ اُو | گفت مولا دست زیں مُفلس بشو
قاضی نے جس سے بھی اُس کا حال پوچھا | اُس نے کہا جناب! اس سے دستبردار ہو جائیں

گفت قاضی کش بگردانید فاش | گردِ شہر ایں مفلس ست وہم قلاش
قاضی نے کہا اُس کو علی الاعلان گھماؤ | شہر کے چاروں طرف کہ یہ مفلس اور کنگال ہے

کُو بکو اُو را منادیہا کنید | طبلِ افلاسش عیاں ہر جا زنید
کوچہ بکوچہ اُس کے بارے میں اعلانات کردو | علی الاعلان اسکے افلاس کا ہر جگہ ڈھول پیٹو

لہ آسیا۔ چکی۔ راغ جنگل۔ میغ۔ بدل۔ ماغ۔ گہر غبار۔ لیغ۔ بدل۔ لاغ شوخی کھیل۔ کالہ۔ سامان۔ قماش۔ ریشمین کپڑا گھر کا سازوسامان۔ مفرش۔ فرش بچھنے کی جگہ۔

سے انسان کے نفسانی خیالات کے دفعیہ کی یہی صورت ہے کہ انسان دل وجان سے لاحول پڑھتا رہے۔ وانما اگر مفلس کا افلاس ثابت ہو جاتا ہے تو اس کو قید نہیں رکھا جا سکتا ہے۔ گواہ یعنی قیدی افلاس ثابت کریں گے۔

سے متہم۔ اگر گواہی میں گواہ کی غرض ثابت ہو جاتی ہے تو اس کی گواہی معتبر نہیں رہتی ہے۔ غرض۔ صاحب غرض کی گواہی معتبر نہیں ہوتی۔ کش۔ اس کو۔ قلاش۔ مفلس کنگال۔

تاکسے نسیہ نبفروشد بدو | قرض ندہد ہیچکس اورا تسو
تاکہ کوئی اُس کے ہاتھ اُدھار نہ بیچے | کوئی اُس کو آدھا حبہ بھی قرض نہ دے

ہرکہ دعوی آردش اینجا بفن | پیش زندانش نخواہم کرد من
جو کوئی اُس پر اس جگہ چالاکی سے دعویٰ کریگا | اُس کو میں قید میں نہ ڈالوں گا

پیش من افلاس او ثابت شدست | نقد و کالا نیستش چیزے بدست
میرے روبرو اُس کا افلاس ثابت ہوگیا ہے | نقد اور جنس کچھ اُس کے پاس نہیں ہے

آدمی در حبس دنیا زاں بود | تا بود کافلاس او ثابت شود
انسان دنیا کے قیدخانہ میں اسی وجہ سے ہوتا ہے | تاکہ اُس کا افلاس ثابت ہو جائے

مفلسی دیو را یزدان ما | ہم منادی کرد در قرآن ما
ہمارے خدا نے شیطان کی مفلسی کا | بھی ہمارے قرآن میں اعلان کردیا ہے

کو دغا و مفلس ست و بدسخن | ہیچ با او شرکت و سودا مکن
کہ وہ (مجسم) دغا اور مفلس اور بدکلام ہے | تو کبھی اُس کے ساتھ شرکت اور معاملہ نہ کر

ور کنی او را بہانہ آوری | مفلس ست او صرفہ از دم بری
اگر تو کرے گا تو اُسکے لئے بہانہ مہیا کرے گا | وہ مفلس ہے اُس سے ڈگری وصول نہ کریگا

حاضر آوردند چوں فتنہ فروخت | اشترے کردی کہ ہیزم می فروخت
جب فتنہ روشن ہوگیا (لوگ) لائے | ایک کُردی کا اونٹ جو ایندھن بیچتا تھا

کرد بیچارہ بسے فریاد کرد | ہم موکل را بدانگے شاد کرد
بیچارے کُردی نے بہت فریاد کی | سپاہی کو بھی ایک دانگ دے کر خوش کیا

اشترش بردند از ہنگام چاشت | تا شب و افغان او سودے نداشت
چاشت کے وقت سے اُس کا اونٹ لے گئے | رات تک کے لئے اور اُس کا رونا دھونا مفید نہ ہوا

بر شتر بنشست آں قحط گراں | صاحب اشتر پے اشتر دواں
وہ بھاری قحط اونٹ پر بیٹھ گیا | اونٹ والا، اونٹ کے پیچھے دوڑ رہا تھا

سو بسو و کو بکو می تاختند | تا ہمہ شہرش عیاں بشناختند
ہر ہر جانب اور کوچہ بکوچہ دوڑتے تھے | یہانتک کہ تمام شہر نے اُسکو نمایاں طور پر پہچان لیا

پیش ہر حمام و ہر بازار گہ | کردہ مردم جملہ در شکلش نگہ
ہر حمام اور ہر بازار کے سامنے | سب لوگوں نے اُسکی صورت پر نگاہ ڈالی

لے نسیہ- ادھار- نقد- چاندی سونا کا وزن ... جگہ ... قید ہے لیکن جب اُس کا افلاس ثابت ہوجائے تو پھر قید نہیں کیا جاسکتا۔

ئے کالا- سامان- آدمی انسان کو دنیا کی قید میں قدرت نے اسی لئے مقید کیا ہے تاکہ اُس کا افلاس و ناداری ثابت ہوجائے۔ مفلسی- اللہ تعالیٰ نے شیطان کی مفلسی کا اسی لئے اعلان کیا ہے تاکہ کوئی اُس سے کسی قسم کا معاملہ نہ کرے جیسا کہ ... مفلس کے ... یعنی زر ڈگری۔

ئے حاضر آوردند- جب ... مفلس کا اعلان ... شہر میں اور مفلس کو سارے شہر میں گھمایا تھا۔ کردی- ایک صحرا نشین قوم ہے۔ ہیزم- ایندھن- موکل- کارندہ- دانگ- چھٹا ... کے وزن کا سکہ ... یعنی سب ہی کو ایک ... دے کر خوش کیا ... تاکہ اُس کا اونٹ چھوڑ دے ... یعنی وہ مفلس ... سب کو بھوکا مارتا ... سخت کرنے ... تک کو پکھ۔

ده[1] منادیگر بلند آوازیاں | ترک و کرد و رومیان و تازیاں
دس بلند آواز منادی کرنے والے | ترک، اور کرد، اور رومی، اور عرب

جملگاں آوازہا برداشتہ | کایں ہمہ تخم جفاہا کاشتہ
سب چیختے تھے | کہ اس نے سب بدمعاملگیوں کا بیج بویا ہے

مفلس ست و ایں ندارد ہیچ چیز | تا کس او را قرض ندہد یک پشیز
یہ مفلس ہے اس کے پاس کچھ نہیں ہے | ہرگز اس کو کوئی ایک دمڑی قرض نہ دے

ظاہر و باطن ندارد حبۂ | مفلسے قلبے دغائے دبۂ
کھلا ڈھکا اس کے پاس ایک حبہ نہیں ہے | مفلس ہے کھوٹا ہے دغا باز ہے مٹی کا ڈھیر ہے

بینوائے بدادائے[2] بے وفا | ناں ربائے زرگدائے بے حیا
مفلس ہے، نادہند ہے، بے وفا ہے | روٹی کا اچکا ہے پکا بھکاری ہے بے شرم ہے

ہاں و ہاں با او حریفی کم کنید | چونکہ گاز آرد گرہ محکم زنید
خبردار! خبردار! اس کے ساتھ معاملہ نہ کرنا | چونکہ قینچی رکھتا ہے اسلئے مضبوط گرہ لگالو

ور بحکم آرید ایں پژمردہ را | من نخواہم کرد زنداں مردہ را
اس موئے کو اگر تم عدالت میں لاؤ گے | میں مردے کو قید نہ کروں گا

خوش دم ست و آں گلوش بس فراخ | با شعار نو دثار شاخ شاخ
بہت بنا ہوا باتونی ہے اس کا حلق بہت پھیلا ہوا ہے | اوپر کا لباس نیا ہے اندرونی تار تار ہے

گر بپوشد[3] بہر مکر آں جامہ را | عاریہ است آں تا فریبد عامہ را
اگر مکاری کے لئے وہ کوئی کپڑا پہنے | وہ مانگا ہوا ہے تاکہ عوام کو فریب دے

حرف حکمت بر زبان ناحکیم | حلہائے عاریت داں اے سلیم
نادان کی زبان پر دانائی کی بات | اے عزیز! مانگی ہوئی پوشاک سمجھ

گرچہ دزدے حلۂ پوشیدہ است | دست تو چوں گیرد آں بریدہ دست
اگرچہ ایک چور نے پوشاک پہن لی ہے | (مصافحہ میں) وہ تیرا ہاتھ کیسے پکڑے کٹے ہوئے ہاتھ والا

چوں شبانگہ از شتر آمد بزیر | کرد گفتش منزلم دور ست و دیر
رات کو جب وہ مفلس اونٹ سے نیچے اترا | کردی نے اس سے کہا میرا مکان دور ہے اور دیر ہوگئی

بر نشستی اشترم را از پگاہ | جو رہا کردم کم از اخراج کاہ
تو صبح سے میرے اونٹ پر بیٹھا ہے | جو میں نے چھوڑے کم از کم گھاس کا خرچہ دے

[1] دہ۔ دس آدمی مختلف زبانوں میں منادی کر رہے تھے۔ پشیز۔ تانبے کا سکہ پیسہ، دھیلا۔ حبہ۔ دانہ، رتی بھر چاندی کا سکہ۔ قلب۔ کھوٹا۔ دبہ۔ دال کے زیر کے ساتھ، مٹی کا ڈھیر دال کے فتحہ کے ساتھ کپی۔

[2] بدادا۔ نادہند، بدمعاملہ۔ تر۔ بڑا۔ حریفی۔ معاملہ۔ چونکہ۔ یہ گرہ کٹ ہے، جیب کی حفاظت رکھو۔ محکم یعنی محکم قبضا۔ خوش دم۔ چرب زبان باتونی۔ شعار۔ اوپری لباس۔ دثار۔ اندرونی لباس، یعنی بظاہر بھلا معلوم ہوتا ہے لیکن باطن برا شخص ہے۔

[3] گر بپوشد۔ مانگ کر اچھا لباس پہن کر لوگوں کو دھوکا دیتا ہے۔ حرف حکمت بیوقوف شخص دانائی کی بات کہتا ہے تو وہ بھی کسی اور کی کہی ہوئی ہوتی ہے۔ گرچہ۔ چور کا عموماً ہاتھ کٹا ہوا ہوتا ہے اگر وہ چھپانے کے لئے دراز آستین قمیص بھی پہن لے تو مصافحہ کے وقت راز کھل جاتا ہے، یہی بیوقوف کا حال ہے۔ شبانگہ۔ رات کے وقت۔ آمد یعنی وہ مفلس۔ پگاہ۔ صبح۔ رہا کردم۔ میں نے جو معاف کئے۔

گفت تا اکنوں چہ میکردیم پس — ہوشِ توکو نیست اندر خانہ کس[1]

(مُفلس نے) کہا ہم نے اب تک کیا کیا ہے؟ — تیرے ہوش کہاں ہیں؟ بے وقوف!

چرخِ اِفلاسم شنید اے پُرطمع — تو نہ بشنیدی بگوشِ بے لمع

اے لالچی! میرے افلاس (کی بات) آسمان نے سُن لی — پھوٹے کان سے تونے نہ سُنی

طبلِ[2] اِفلاسم بچرخ سابعہ — رفت و تو نشنیدۂ ایں واقعہ

میرے افلاس کا ڈھنڈورا ساتویں آسمان تک — پہنچ گیا اور تونے یہ واقعہ نہ سُنا

گوشِ تو پُربودہ است از طمعِ خام — پس طمع کرمی کُند گوش اے غلام

تیرا کان بیہودہ لالچ سے پُر ہے — اے لڑکے! لالچ کان کو بہرا بنا دیتا ہے

تا کلوخ و سنگ بشنید ایں بیاں — مُفلس ست و مُفلس ست ایں قلتباں

یہ بیان اینٹ اور پتھر تک نے سُن لیا — (کہ) یہ دیّوث مُفلس ہے مُفلس ہے

تا بشب گفتند و در صاحبِ شتر — بر نزد کو از طمع پُر بود و پُر

وہ (منادی کرنیوالے) رات تک کہتے رہے اور اونٹ والے پر اثر نہ کیا کیونکہ وہ لالچ سے بھرپور تھا

ہست بر سمع و بصر مُہرِ خدا — در حُجب بس صورت ست و بس صدا

کان اور آنکھ پر خدا کی مُہر ہے — بہت سی صورتیں اور بہت سی آوازیں پردوں میں ہیں

آنچہ[3] اُو خواہد رساند آں بہ چشم — از جمال و از کمال و از کرشم

جس کو وہ چاہتا ہے آنکھ تک پہنچا دیتا ہے — (یعنی) حُسن اور کمال اور کرشمہ (کو)

وانچہ اُو خواہد رساند آں بگوش — از سماع و از بشارت وز خروش

جس کو وہ چاہتا ہے کان تک پہنچا دیتا ہے — (یعنی) قوّالی اور خوشخبری اور شور (کو)

گرچہ تو ہستی کنوں غافل ازاں — وقتِ حاجت حق کند آنرا عیاں

اگرچہ تو اب اُس سے غافل ہے — ضرورت کے وقت اللہ تعالیٰ اُنکو ظاہر کردیگا

گفت پیغمبرؐ کہ یزدانِ مجیدؒ — از پئے ہر درد درماں آفرید

پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے — ہر درد کا علاج پیدا فرمایا ہے

گرچہ درماں جوئی و گوئی بجاں — کاے خدا درمانِ کارِ من رساں

اگر چہ تو علاج تلاش کرے اور دل سے کہے — کہ اے خدا میرے کام کا علاج کردے

لیک زاں درماں نبینی رنگ و بو — بہرِ دردِ خویش بے فرمانِ اُو

لیکن تو اس علاج کا رنگ و بو نہیں دیکھے گا — اُس کے حکم کے بغیر اپنے درد کے لئے

---

[1] تو کجا نیست اندر خانہ کس۔ گھر میں کوئی لائق آدمی نہیں ہے۔ یہ محاورہ اُس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جس پر کوئی نصیحت اثر نہ کرے۔ چرخ۔ آسمان۔ لمع۔ نور، روشنی۔ قوتِ سماعت مراد ہے۔

[2] طبل۔ ڈھول۔ سابع۔ ساتواں۔ طمعِ خام۔ بیہودہ لالچ۔ کر۔ بہرا۔ قلتباں۔ دیوث، بھڑوا۔ حُجب۔ حجاب کی جمع ہے، پردہ۔ بس۔ بہت۔

[3] آنچہ۔ تمام تاثیرات اللہ تعالےٰ کی اجازت پر موقوف ہیں۔ کرشم۔ ناز و انداز۔ بگوش۔ آنکھ، کان وغیرہ اپنا کام جب کرتے ہیں جب خدا چاہتا ہے۔ وقت۔ قیامت کے روز سب باتیں عیاں ہوجائیں گی۔ درماں آفرید۔ حدیث شریف میں ہے خدا نے جو بیماری پیدا کی ہے اُس کی دوا بھی پیدا کی ہے۔ لہٰذا حق و باطل میں امتیاز نہ کرسکنے کے مرض کی بھی دوا ضرور ہے۔ لیکن۔ اس مرض کی دوا بھی تائیدِ خداوندی حاصل ہو سکے گی۔

چشم را اے چارہ جو در لامکاں[1]
اے علاج کی جستجو کرنیوالے آنکھ کو لامکان میں لا

ہیں بنہ چوں چشم کشتہ سوئے جاں
لگائے رکھ جس طرح مقتول کی آنکھ جان کیطرف لگی رہتی ہے

کون پر چارہ است ونے بیحت چارہ ئے
دنیا علاج سے پر ہے اور تیرے لئے کوئی علاج نہیں ہے

تا کہ نکشاید خدایت روزنے
جب تک خدا تیرے لئے راہ نہ کھول دے

ایں جہاں از بے جہت پیدا شدست
یہ جہان بلے جہت (خدا) سے پیدا ہوا ہے

کز بے جائے جہاں را جا شدست
لامکاں (خدا کی قدرت) سے دنیا کو (عالمِ وجود میں) جگہ ملی

باز گرد از ہست سوئے نیستی
ہستی سے نیستی کی طرف لوٹ

گر توا ز جاں طالب مولیستی
اگر تو (دل و) جان سے مولا کا طالب ہے

جائے دخل ست ایں عدم از وے مرم
یہ نیستی آمدنی کی جگہ ہے اس سے گریز کر

جائے خرج ست ایں وجود بیش و کم
یہ گھٹنے بڑھنے والا وجود خرچ کی جگہ ہے

کارگاہِ صُنع حق چوں نیستی ست
اللہ (تعالیٰ) کی کاریگری کا محل نیستی ہے

جز معطّل در جہانِ ہست کیست
عالمِ ہستی میں بیکار کے علاوہ کچھ نہیں ہے

## فی المناجات

اے خدائے پاک بے انباز[2] و یار
اے خدائے پاک جو لاشریک اور مددگار سے مستغنی ہے

دست گیر و جرم ما را در گذار
دست گیری فرما اور ہماری خطا سے درگذر فرما

یاد دہ ما را سخنہائے رقیق
ہمیں رقت آمیز باتیں سکھا دے

کہ ترا رحم آورد آں اے رفیق
اے مہربان! جو تیرے رحم کا سبب بنیں

ہم دعا از تو اجابت ہم زتو
دعا (کی توفیق) بھی تیری جانب سے ہے اور قبولیت بھی

ایمنی از تو مہابت ہم زتو
اطمینان تیری طرف سے ہے ڈر بھی تجھی سے ہے

گر خطا گفتیم اصلاحش تو کن
اگر ہم غلط بات کہیں تو تو اس کی اصلاح کر دے

مصلحی تو اے تو سلطانِ سخن
اے کہ تو کلام کا بادشاہ ہے تو ہی اصلاح کرنیوالا ہے

کیمیا[3] داری کہ تبدیلش کنی
تیرے پاس کیمیا ہے تو اس کو تبدیل کر سکتا ہے

گرچہ جوئے خوں بود نیلش کنی
اگر خون کی نہر ہو تو اسکو دریائے نیل بنا دیتا ہے

ایں چنیں میناگریہا کارِ تست
ایسی میناکاری تیرا کام ہے

ایں چنیں اکسیرہا اسرارِ تست
ایسی کیمیائیں تیرے بھید ہیں

---

[1] لامکاں۔ عالمِ ملکوت۔ چوں چشم کشتہ۔ مقتول کی آنکھیں عموماً کھلی رہ جاتی ہیں گویا وہ اپنی جان کو دیکھ رہا ہو۔ تو بھی درد کے علاج کے لئے عالم ملکوت پر نظر رکھ۔ ایں جہاں۔ یہ عالم کون و مکان کو ذات بے جہت اور لامکان نے پیدا کیا ہے تو اسی کی طرف نظر رکھ اور جہت و مکان سے نگاہ ہٹا لے۔ عدم یعنی لامکان عالم ملکوت۔ مرم۔ رمیدن سے نہی کا صیغہ ہے۔ کارگاہ۔ اللہ تعالیٰ نیست سے ہست کرتا ہے تو اس کی ایجاد کا تعلق نیستی سے ہے لہٰذا اپنے آپ کو نیست بنا لے۔

[2] انباز۔ شریک، ساتھی، یار، مددگار۔ ہم دعا۔ خدا ہی ایسی دعا کی توفیق عطا فرماتا ہے جس کو وہ قبول کرلے۔ ایمنی۔ خدا کی نظرِ عنایت سے اطمینان ہے اور اس کی قہاریت سے ڈر ہے۔ گر خطا۔ دعا میں اگر کوئی غلط بات نکلے تو اس کی اصلاح فرما دے۔

[3] کیمیا۔ جس طرح کیمیا تانبے کو سونا بنا دیتی ہے اللہ تعالیٰ بھی سیئات کو حسنات میں تبدیل کر دیتا ہے۔ میناگری۔ کسی چیز میں نگینے جڑنا یعنی خطا کو صواب بنا دینا۔ اکسیرہا یعنی گناہوں کو نیکیاں بنا دینا۔

آب را و خاک را برہم زدی — ز آب و گل نقش تن آدم زدی
تو نے پانی اور مٹی کو ملایا — پانی اور مٹی سے آدمؑ کے جسم کی صورت بنا دی

نسبتش دادی بجفت و خال و عم — با ہزار اندیشۂ شادی و غم
پھر تو نے اُسکے ساتھ شوہر اور ماموں اور چچا ہونے کی — مع ہزاروں شادی اور غمی کے خیالات کے

باز بعضے را رہائی دادہ — زیں غم و شادی جُدائی دادہ
پھر تو نے بعض کو چھٹکارا دے دیا — اُس غم اور خوشی سے جدا کر دیا

بُردہ از خویش و پیوند و سرشت — کردہ در چشم اُو ہر خوب زشت
اُس کو اپنے دوستوں عزیزوں اور سرشت سے نکال لیا — اُس کی نظر میں ہر اچھا لگنے والی چیز کو بُرا بنا دیا

ہر چہ محسوس ست اُو رد می کند — وانچہ ناپیداست مسند می کند
وہ ہر محسوس چیز کو رد کر دیتا ہے — جو غیر محسوس ہے اُس کو سہارا بناتا ہے

عشقِ اُو پیدا و معشوقش نہاں — یار بیروں فتنۂ اُو در جہاں
اُس کا عشق ظاہر ہے اور اُس کا معشوق پوشیدہ ہے — یار (ذات سے) باہر ہے جہان میں اُسکا فتنہ ہے

ہیں رہا کن عشقہائے صورتی — نیست بر صورت نہ بر روئے ستی
خبردار! صورت کے عشقوں کو چھوڑ دو — وہ (عشق) بیوی کے چہرہ اور صورت پر نہیں ہے

آنچہ معشوقست صورت نیست آں — خواہ عشقِ اینجہاں خواہ آنجہاں
جس سے عشق ہے وہ صورت نہیں ہے — خواہ اس جہان (عالم ناسوت) کا عشق ہو یا اُس جہان کا

آنچہ بر صورت تو عاشق گشتۂ — چوں بروں شد جاں چرایش ہشتۂ
جس کی صورت پر تو عاشق ہو رہا ہے — جب (نکل) جان نکل گئی تو اُسکو کیوں چھوڑا ہے

صورتش برجاست ایں سیری ز چیست — عاشقا واجو کہ معشوق تو کیست
اُس کی صورت موجود ہے یہ جی بھر جانا کیوں ہے؟ — اے عاشق ڈھونڈ کہ تیرا معشوق کون ہے؟

آنچہ محسوس ست گر معشوقہ است — عاشقستے ہر کہ اُو را حس ہست
اگر محسوس چیز ہی معشوق ہے — تو جس میں بھی حس ہے وہ عاشق ہوتا

چوں وفا آں عشق افزوں می کند — کے وفا صورت دگرگوں می کند
جب وفاداری عشق کو بڑھاتی ہے — (تو) وفا صورت میں کب تغیر کرتی ہے؟

---

صورت کو تو وہ بھی دیکھتے ہیں۔ چوں وفا۔ یہ صورت کے معشوق نہ ہونے کی تیسری دلیل ہے معشوق کی وفا سے عشق میں اضافہ ہوتا ہے حالانکہ صورت وہی ہے جس سے معلوم ہوا کہ عشق کا تعلق صورت سے نہیں ہے۔

لہ آب۔ جب اللہ تعالیٰ پانی اور مٹی سے اشرف المخلوقات بنا دیتا ہے تو برائیوں کو بھلائیوں میں تبدیل کرنا معمولی بات ہے۔ نسبتش یعنی آب و گل میں نسبتیں بھی پیدا فرمائیں اور اُس کو ایسا ذی حس بنا دیا کہ اُس میں غم و شادی کے جذبات ہیں۔ باز۔ پھر انہی انسانوں میں سے بعض کو تمام دنیا سے بے نیاز کر کے اپنا بنا لیا۔ پیوند تعلقات۔ سرشت۔ بناوٹ، خمیر۔ ہر خوب۔ یعنی وہ چیزیں جو خدا سے غافل بنائیں۔ محسوس یعنی دنیاوی چیزیں۔ ناپیدا یعنی حواس ظاہر سے غیر محسوس۔ اللہ تعالیٰ جسکو وہ اسکی چیز معتمد علیہ۔ بیروں۔ یعنی دنیا و عقل سے باہر۔ فتنہ۔ یعنی جس کے عشق میں جہان مبتلا ہے۔

سے ہیں۔ پہلے اشعار میں عشق حقیقی کا ذکر تھا اب عشق مجازی سے پرہیز کرنے کی ہدایت ہے۔ اینجہاں یعنی عالمِ ناسوت کا عشق۔ آنجہاں یعنی عالم ملکوت کا عشق۔ آنچہ۔ اگر معشوق در اصل صورت ہے تو مر جانے کے بعد بھی تو وہ صورت باقی ہے اب اُس سے عشق کیوں نہیں ہے یہ صورت کے معشوق نہ ہونے کی پہلی دلیل ہے۔

سے محسوس۔ صورت کے معشوق نہ ہونے کی دوسری دلیل ہے یعنی صورت جس کا حواس سے ادراک ہوتا ہے اگر وہی معشوق ہے تو جانوروں کو بھی اُس سے عشق ہونا چاہئے تھا کیونکہ

پرتوِ خورشید بر دیوار تافت — تابشِ عاریتے دیوار یافت

آفتاب کا عکس دیوار پر پڑا — (تو) عارضی چمک دیوار نے حاصل کر لی

بر کلوخے دل چہ بندی اے سلیم — وا طلب اصلی کہ او تابد مقیم

اے سادہ لوح! ڈھیلے سے کیا دل لگاتا ہے — اصل کو طلب کر جو ہمیشہ چمکتا ہے

اے کہ تو ہم عاشقی بر عقلِ خویش — خویش بر صورت پرستاں دیدہ بیش

اے وہ کہ تو بھی (اپنے زعم میں) اس پر عاشق ہے — اپنے آپ کو صورت پرستوں سے زیادہ (افضل) سمجھتا ہے

پرتوِ عقل ست آں بر حسِ تو — عاریت میداں ذہبِ برمسِ تو

تیرے (اس) احساس پر عقل کا سایہ پڑ گیا ہے — اپنے تانبے پر سونے کو عارضی سمجھ

چوں زر اندودست خوبی در بشر — ورنہ چوں شد شاہدِ تو پیرِ خر

انسان کا حسن ملمع کی طرح کا ہے — ورنہ تیرا معشوق بوڑھے گدھے کی طرح کیوں ہوا؟

چوں فرشتہ بود ہمچوں دیو شد — کاں ملاحت اندرو عاریہ بد

فرشتہ جیسا تھا بھوت جیسا بن گیا — کیونکہ اس میں حسن عارضی تھا

اندک اندک می ستاند آں جمال — اندک اندک خشک می گردد نہال

اللہ تعالیٰ اس حسن کو تھوڑا تھوڑا واپس لیتا رہتا ہے — آہستہ آہستہ (ہرا بھرا) پودا خشک ہو جاتا ہے

رو نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ بخواں — دل طلب کن دل مَنِہ بر استخواں

جا نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ کو پڑھ — دل کی طلب کر، ہڈی سے دل نہ لگا

کاں جمالِ دل جمالِ باقی ست — دو لبش از آبِ حیواں ساقی ست

کیونکہ دل کا حسن باقی رہنے والا حسن ہے — اس کے دونوں ہونٹ آبِ حیات کے ساقی ہیں

خود ہم او آب ست و ہم ساقی و مست — ہر سہ یک شد چوں طلسمِ تو شکست

خود وہی پانی ہے وہی پلانے والا ہے اور مست ہے — جب تیرا طلسم ٹوٹا تینوں ایک ہو گئے

آں یکے را تو ندانی از قیاس — بندگی کن ژاژ کم خا ناشناس

تو اکیلے (خدا) کو عقل سے نہ سمجھے گا — اے جاہل! عبادت کر، بکواس نہ کر

معنیِ تو صورت ست و عاریہ — بر مناسب شادی و بر قافیہ

تیری اصل (بھی) صورت (ہی) ہے اور عارضی ہے — متناسب (اعضا) اور موزونیت پر تو خوش ہے

---

منشو دید دو واحد تن نظر آتا ہے۔ یکے یعنی ذات احد۔ قیاس یعنی عقل دلائل۔ بندگی یعنی ذات خدا وندی کو مجاہدہ کے ذریعہ پہچانا جا سکتا ہے۔ ژاژ۔ ایک گھوڑی اور غذا رگڑ ہے جسکو اونٹ بھی نہیں کھا سکتا ہے اس سے ژاژ خائیدن یعنی بکواس کرنا بنا ہے۔ معنی تو یعنی جسکو تو حقیقت سمجھ کر عاشق ہوا ہے وہ بھی ظاہر ہے اور غیر عشق

لے خورشید یعنی اللہ تعالیٰ اصل جمال حق ہے اور ممکنات پر اس کا پرتو ہے لہذا اس سے عشق کا تعلق ہے۔ جب یہ حال ہے تو پھر عشق اصل ہی سے کرنا چاہیے۔ کلوخ یعنی جس پر اصل جمال کا پرتو پڑا ہے۔ اے کہ تو۔ بعض لوگ مجازی معشوق کو معشوقِ حقیقی کا مظہر قرار دے کر اس سے عشق کرتے ہیں اور اپنے آپ کو صورت پرستوں سے افضل سمجھتے ہیں یہ بعض ان کے عقل ڈھکوسلے ہیں اور یہ ان کی ملمع سازی ہے عقلی دلائل کے زور سے حقیقت نہیں بدلتی ہے۔

لے زر اندود۔ ملمع کیا ہوا۔ شاہد معشوق یعنی حسین معشوق جو بڑھاپے میں بوڑھے گدھے جیسا نظر آنے لگتا ہے اندک اندک۔ اللہ تعالیٰ اپنے جمال کو انسان سے واپس لے لیتا ہے اور سرسبز شاداب چیز جھاڑ بن جاتی ہے

لے نُعَمِّرْهُ۔ قرآن پاک میں ہے۔ وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ "اور جس کو ہم بڑی عمر دیتے ہیں اسکو بناوٹ میں گھٹاتے ہیں"۔ دل۔ یعنی اللہ تعالیٰ۔ استخواں یعنی ممکنات۔ جمالِ دل۔ اللہ تعالیٰ کا حسن۔ دو لبش۔ اس کے دونوں ہونٹ۔ بعض نسخوں میں دو دستش ہے یعنی اس کا عشق۔ خود ہم او۔ جب انسان کی خودی ہٹ جاتی ہے تو تمام ممکنات میں

آں بود معنی کہ بستاند تُرا
اصل تو وہ معنی ہے جو تیری خودی کو ختم کر دے

بے نیاز از نقش گرداند تُرا
تجھے صورت سے بے نیاز بنا دے

نبود آں معنی کہ کور و کر کند
اصل وہ نہیں ہے جو اندھا اور بہرا بنائے

مر تُرا بر نقش عاشق تر کند
تجھے صورت پر زیادہ عاشق کر دے

کور را قسمت خیالِ غم فزاست
اندھے کا حصہ غم بڑھانے والے خیالات ہیں

بہرۂ چشم ایں خیالاتِ فناست
(ظاہری) آنکھ کا حصہ فانی خیالات ہیں

حرفِ قرآں را ضریراں معدنند
اندھے قرآن کے حروف کی کان ہیں

خر نہ بینند و بپالاں بر زنند
گدھے کو نہیں دیکھتے ہیں اور پالان کو لوٹتے ہیں

چوں تو بینائی پئے خر رو کہ جست
اگر تو بینا ہے، گدھے کا پیچھا کر جو کہ کود گیا

چند ازیں پالاں گری اے تن پرست
اے تن پرست! یہ پالان گری کب تک؟

خر چو ہست آید یقیں پالاں تُرا
جب گدھا ہے تو تجھے پالان یقیناً مل جائے گا

کم نگردد ناں چو باشد جاں تُرا
جب تک تیری جان ہے رزق ناپید نہ ہوگا

خر چو باشد کم نیاید اے عمو
اے چچا! جب گدھا ہوگا پالان کی کمی نہ ہوگی

خود بہ پشتش رو نہد پالانِ او
خود بخود اس کی کمر پر اس کا پالان آ جائے گا

پشتِ خر دکانِ مال و مکسب است
گدھے کی کمر مال اور کمائی کی جگہ ہے

جانِ تو سرمایۂ صد قالب است
تیری جان سو قالبوں کا سرمایہ ہے

خر برہنہ بر نشیں اے بوالفضول
اے بوالفضول! ننگی پشت والے گدھے پر چڑھ جا

خر برہنہ نے کہ راکب شد رسول
کیا ننگی پشت والے گدھے پر رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سوار

النبی قد رکب معروریا
نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ننگی پشت (گدھے) پر سوار ہوئے

والنبی قیل سافر ماشیا
کہا گیا ہے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے پیدل سفر کیا

بلکہ آں شہ ہم پیادہ رفتہ است
بلکہ وہ شاہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پیدل بھی چلے ہیں

بارِ ایں وآں بسے بذرفتہ است
اِس کا اور اُس کا بوجھ بہت اٹھایا ہے

شد خرِ نفسِ تو بریخش بہ بند
تیرا خرِ نفس رسی سے نکل گیا اس کو کھونٹے سے باندھ

چند بگریزد ز کار و بارِ چند
تو کاروبار سے کب تک گریز کرے گا؟

بارِ صبر و شکر او را بُردنیست
صبر و شکر کا بوجھ اس کو اٹھانا ہے

خواہ در صد سال خواہی سی و بیست
خواہ سو سال میں خواہ تیس اور بیس سال میں

۵۱ آں بود حقیقت کا عشق انسان کی خودی مٹاتا ہے اور صورت پرستی سے بے نیاز بنا دیتا ہے۔ کور و کر یعنی حقیقت سے۔ کور را یعنی حقیقت بینی سے محروم شخص۔

۵۲ ضریر۔ اندھا۔ معدن۔ کان۔ خر نہ بینند چشم بصیرت کے اندھے حقیقت کو چھوڑ کر مجاز پر فریفتہ ہیں۔ چوں تو بینائی صاحب بصیرت کو اصل مقصود کے درپے ہونا چاہیئے فروعات میں نہ پھنسنا چاہیئے۔ خر چو ہست جب مقصود حاصل ہو جاتا ہے تو اس کے لوازم بھی میسر ہو جاتے ہیں۔ پشت خر ایک چیز ایک چیز کے اعتبار سے مقصود بالذات ہوتی ہے اور دوسری چیز کے اعتبار سے وہ اصلی مقصد نہیں ہوتی ہے گدھا پالان کے اعتبار سے مقصود ہے لیکن کمائی کے اعتبار سے اصل مقصد نہیں ہے بلکہ گدھے سے کما کر کھانا اصل مقصد ہے۔

۵۳ خر برہنہ۔ اصل مقصد سے سروکار رکھنا چاہیئے خواہ فروع نہ حاصل ہوں اگر پالان نہ بھی ہو تو گدھے پر سوار ہو جانا چاہیئے اور اگر گدھا بھی نہ ہو تو منزل تک پیدل ہی چلنا چاہیئے۔ شد خرِ نفس نفسِ امارہ کو قابو میں رکھنا چاہیئے اور مشکل جدوجہد کی وجہ سے مجاہدات سے باز نہ رہنا چاہیئے۔ بارِ صبر۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے فرائض انجام دینے ہیں۔

ہیچ وازر وزرِ غیرے بر نداشت | ہیچکس ندرود تا چیزے نکاشت
کسی بوجھ اٹھانے والے نے دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھایا | کسی نے نہ کاٹا جب تک کہ کچھ نہ بویا

طمعِ خام ست آں مخور خامؔ اے پسر | خام خوردن علت آرد در بشر
خام لالچ ہے اے صاحبزادے! تو کچا نہ کھا | کچا کھانا انسان میں بیماری پیدا کر دیتا ہے

کاں فلانے یافت گنجے ناگہاں | من ہم آں خواہم چرا جوئم کاں
کہ فلانے نے اچانک خزانہ پا لیا | میں بھی ایسا ہی چاہتا ہوں دکان کی جستجو کیوں کروں؟

کارِ بخت ست آں و آں ہم نادر ست | کسبؔ باید کرد تا تن قادر ست
یہ مقدر کی بات ہے اور وہ بھی بہت نادر ہے | جب تک بدن میں جان ہے کمائی کرنی چاہیے

کسبؔ کردن گنج را مانع کے ست | پا مکش از کار آں خود در پے ست
کمائی خزانہ کے لئے کب رکاوٹ ہے؟ | کام سے قدم نہ ہٹا وہ (تیرے) پیچھے ہے

تا نگردی تو گرفتارِ اگر | کہ اگر ایں کردمے یا آں دگر
تو اگر مگر میں ہرگز نہ پھنس | کہ اگر میں یہ کرتا یا وہ کرتا

کز اگر گفتن رسولِ با وفاق | منع کرد و گفت ہست آں از نفاق
کیونکہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر کہنے سے | منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ وہ نفاق ہے

کاں منافق در اگر گفتن بمُرد | وز اگر گفتن بجز حسرت نبُرد
کیونکہ منافق اگر مگر میں ہی مر گیا | اور اگر مگر کہنے سے سوائے افسوس کے کچھ حاصل نہ کیا

اے بسا کس مُردہ در لوکتؔ و مگر | از نہالِ عاقبت ناخوردہ بر
بہت سے انسان شاید کہ ہوتا اور اگر میں مر گئے | آخرت کے درخت کا پھل چکھے بغیر

ور نمی یابی تو نقصانِ اگر | ایں مثل بشنو کہ دریابی مگر
اگر تو "اگر مگر" کے نقصان کو نہیں سمجھا | تو یہ قصہ سن لے شاید تو سمجھ جائے

---

## حکایت در معنی ایں بیت اگر را با مگر ہم جفت کردند ازیشاں بچہ آمد کاشکے نام

اس شعر کے معنی سے متعلق قصہ جنہوں نے اگر اور مگر کی شادی کر دی ان سے کاشکے نام کا بچہ پیدا ہوا

---

یک غریبے خانہ می جُست از شتاب | دوستے بُردش سوئے خانہ خراب
ایک مسافر جلدی میں گھر تلاش کر رہا تھا | ایک دوست اس کو گرے ہوئے گھر میں لے گیا

---

لہ وازر، بوجھ اٹھانے والا۔ وزر، بوجھ۔ ہیچکس بغیر محنت کے کوئی پھل نہیں ملتا ہے۔
طمع خام، بے بنیاد لالچ۔ خام، کچا۔ علت، بیماری۔ کاں فلانے، یہ بے بنیاد لالچ ہے۔ کسب باید، شیخ چلی کی باتوں سے کچھ حاصل نہیں ہوتا ہے جب تک انسان میں طاقت ہے کام کرنا چاہیے۔

ٹہ کسب کردن، انسان جس چیز خزانے کے ملنے میں پڑا ہے، کما کر کما تا اس کے پیچھے لگ رہا ہے، اگر ملنا ہے تو وہ بھی خود مل جائیگا۔ تا نگردی، اگر مگر میں پھنسنا کسب و عمل سے مانع ہوتا ہے اور اس سے سوائے افسوس کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ کز اگر، حدیث یقین کے منافی ہے اور یقین میں ایمان ہے لہٰذا اگر مگر میں پھنسا ہوا انسان مومن نہیں ہے۔ منع کرد، حضور نے فرمایا ان لو تفتح عمل الشیطان۔ اگر مگر کا خیال شیطانی کام کا دروازہ کھولتا ہے۔

تہ لوکت، یہ لوکان کا مخفف ہے جس کے معنی شاید کہ، یہ جملہ حسرت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اگر یعنی غلط اگر کہنے کا نقصان۔ اگر با مگر، اگر و مگر کا نکاح کیا اس سے کاشکے بچہ پیدا ہوا، خانہ خراب، ڈھیہ ہوا گھر۔

گفت اُو ایں را اگر سقفے بُدے
اُس (دوست) نے کہا کہ اگر (اس گھر پر) چھت ہوتی

پہلوئے من مر ترا مسکن شُدے
میرے پڑوس میں تیرے رہنے کی جگہ ہوتی

ہم عیالِ[۱] تو بیاسودے اگر
تیرے بال بچوں کو بھی آرام ملتا، اگر

درمیانہ داشتے حجرہ دگر
دوسرا حجرہ درمیان میں ہوتا

ور رسیدے میہماں روزے ترا
اگر کسی روز تیرا مہمان آ جاتا

ہم بیاسودے اگر بودیت جا
وہ بھی آرام پاتا اگر تجھے جگہ مل جاتی

کاشکے معمور بودے ایں سرا
کاش یہ مکان آباد ہوتا

خانۂ تو بودے ایں معمورِ ما
تو ہمارا یہ آباد گھر تیرا گھر ہوتا

گفت آرے پہلوئے یاراں خوش ست
(مسافر نے) کہا بیشک دوستوں کا پڑوس اچھا ہے

لیک اے جاں در اگر نتواں نشست
لیکن اے جان (من)، "اگر" میں سکونت نہیں ہو سکتی ہے

ایں ہمہ عالم طلبگارِ خوش اند
یہ تمام جہان اچھائی کا طلبگار ہے

وز خوشِ تزویر اندر آتش اند
لیکن بناوٹی اچھائی سے آگ میں ہیں

طالبِ زر گشتہ جملہ پیر و خام
تمام بوڑھے اور نوجوان سونے کے طلبگار ہیں

لیک قلب از زر ندانند چشمِ عام
لیکن عام آنکھ (کھرے) سونے کو کھوٹے سے نہیں پہچانتی ہے

پرتوے[۲] بر قلب زد خالص ببیں
دیکھ خالص نے کھوٹے کو چمکا دیا ہے

بے محک زر را مکن از ظن گزیں
بغیر کسوٹی کے (محض) اندازے سے سونا نہ لے

گر محک داری گزیں کن ورنہ رَو
اگر تو کسوٹی رکھتا ہے لے ورنہ جا

نزدِ دانا خویشتن را کن گرو
اپنے آپ کو کسی دانا کے سپرد کر دے

پس محک[۳] باید میانِ جانِ خویش
کسوٹی اپنے اندر ہونی چاہیئے

ور نداری رہ مرو تنہا بہ پیش
اگر تیرے پاس نہیں ہے تو تنہا آگے نہ بڑھ

بانگِ غولاں ہست بانگِ آشنا
چھلاووں کی آواز دوست کی آواز ہے

آشنائے کو کشد سوئے فنا
(لیکن) ایسا دوست جو ہلاکت کی طرف کھینچتا ہے

بانگ می دارد کہاں اے کارواں
وہ (چھلاوا) پکارتا ہے کہ خبردار اے قافلے!

سوئے من آئید نک راہ و نشاں
میری جانب آؤ یہ راستہ اور نشان (منزل) ہے

نام ہر یک می برد غول اے فلاں
(چھلاوا) ہر ایک کا نام پکارتا ہے اے فلانے!

تا کند آں خواجہ را از آفلاں
تاکہ اُن صاحب کو ہلاک شدگان میں (شامل) کر دے

---

[۱] عیال۔ بال بچے۔ معمور۔ آباد۔ آرے۔ ہاں۔ در اگر۔ اگر مگر کا جو خیالی مکان ہے اُس میں رہائش نہیں ہو سکتی ہے۔ ایں ہمہ عالم۔ سب یہ چاہتے ہیں کہ آخرت کی کامیابی حاصل ہو لیکن شیطان اُن کو گمراہ کر دیتا ہے اور وہ آتشِ حسرت میں جلتے ہیں جیسا کہ اس مسافر کے ساتھ اُس دوست نے کیا۔ طالبِ زر۔ ہر انسان نیک عمل چاہتا ہے لیکن شیطان نے جو ملمع سازی کی وہ نہیں پہچان سکتا ہے۔

[۲] پرتوے۔ شیطان بُرے اعمال کو مزین کر کے دکھا دیتا ہے اگر کوئی ایسا صاحبِ باطن ہو کہ خود اس فریب کو سمجھ سکے تو امتیاز کر کے عمل کرے ورنہ اپنے آپ کو کسی شیخِ کامل کے سپرد کر دے تاکہ وہ شیطانی اور رحمانی عمل میں امتیاز کر دے۔

[۳] محک۔ کسوٹی یعنی بُرے بھلے میں تمیز کرنے کا نورِ فراست۔ غولاں۔ چھلاوے جو مسافر کو راستہ سے بھٹکا دیتے ہیں۔ آشنا۔ دوست۔ نک۔ یک، اینست۔ نشاں۔ یعنی نشانِ منزل۔ آفلاں۔ آفل کی جمع ہے، غائب ہونے والا۔

چوں رسد آنجا بہ بیند گرگ و شیر — عمر ضائع راہ دور و روز دیر
تو جب اس جگہ پہنچتا ہے بھیڑیا اور شیر دیکھتا ہو — عمر برباد (ہوئی) راستہ دور (رہ گیا) اور دن بے وقت (ہو گیا)

چہ[1] بود آں بانگِ غول اے نیکخو — مال خواہم جاہ خواہم آبرو
اے نیک مزاج! چھلاوے کی آواز کیا ہوتی ہے؟ — مال چاہتا ہوں مرتبہ چاہتا ہوں آبرو (چاہتا ہوں)

اندرونِ خویش ایں آوازہا — منع کُن تا کشف گردد رازہا
اپنے اندر سے ان آوازوں کو — روک دے تاکہ راز کھلیں

ذکرِ حق کُن بانگِ غولاں را بسوز — چشم چوں نرگس ازیں کرگس بدوز
اللہ کا ذکر کر، چھلاووں کی آواز کو پھونک دے — نرگس جیسی آنکھ اس گدھ سے بند کر لے

صبحِ کاذب را ز صادق وا شناس — رنگِ مے را باز داں از رنگِ کاس
صبح صادق کو صبح کاذب سے پہچان — شراب کے رنگ کو پیالہ کے رنگ سے علیحدہ کر

تا بود کز دیدگانِ[2] ہفت رنگ — دیدۂ پیدا کند صبر و درنگ
ہو سکتا ہے کہ سات پردوں والی آنکھوں کی بجائے — صبر اور استقلال ایک آنکھ پیدا کر دے

رنگہا بینی بجُز ایں رنگہا — گوہراں بینی بجائے سنگہا
ان رنگوں کے علاوہ تو اور رنگ دیکھے — سنگریزوں کی بجائے تو موتی دیکھے

گوہرے چہ بلکہ دریائے شوی — آفتابِ چرخ پیمائی شوی
موتی کیا بلکہ تو دریا بن جائے — آسمان کو طے کرنے والا سورج بن جائے

کارکُن در کارگاہ باشد نہاں — تو برو در کارگہ بینش عیاں
کاریگر، کارخانہ میں چھپا ہوتا ہے — تو جا، کارخانہ میں اس کا مشاہدہ کر لے

کار[3] چوں بر کارکُن پردہ تنید — کارکُن بر کارگہ باشد پدید
کام نے جبکہ کارکن پر پردہ ڈال رکھا ہے — کاریگر کارخانہ میں رونما ہو گا

خارجِ ایں کار نتوانیش دید — منتظر در کارگہ آید پدید
کام سے علیحدہ تو اس کو نہ دیکھ سکے گا — جس کا انتظار ہے وہ کارخانہ میں ظاہر ہو گا

کارگہ چوں جائے باشِ عامل ست — آں کہ بیروں ست ازو غافل ست
جبکہ کارخانہ کاریگر کا ٹھکانا ہے — جو اس (کارخانہ) سے باہر ہے وہ اس سے غافل ہے

---

کے لیے پردہ پوشش ہے تو اب اس کو کارگاہِ عالم ہی میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کارگہ کاریگر کا رخانہ میں ہوتا ہے اس کو باہر تلاش کرنا بے وقوفی ہے۔

---

[1] چہ بود۔ چھلاوے کی آواز انسان کے اپنے اندرونی جذبات ہیں جو مال اور جاہ اور آبرو سے متعلق ہیں۔ رازہا۔ یعنی حقیقت کے اسرار۔ چشم چوں نرگس۔ نرگس کی آنکھ بے نور اور حسین ہونے میں ضرب المثل ہے یہاں دونوں معنی مراد لئے جا سکتے ہیں۔ کرگس۔ گدھ مردہ خوری میں مشہور ہے۔ صبح۔ آسمان کے مشرقی کنارے پر پہلے سفیدی آتی ہے وہ صبح کاذب کہلاتی ہے اس لئے کہ اس کے بعد پھر تاریکی ہوتی ہے اس تاریکی کے بعد جو سفیدی ہو صبح صادق کہا جاتا ہے جو دراصل صبح ہے یعنی اصل کو عارضی چیز سے علیحدہ کر لینے کی استعداد پیدا کر۔

[2] دیدگانِ ہفت رنگ۔ انسان کی آنکھ میں سات پردے ہیں جن کو ہفت رنگ کہا گیا۔ دیدہ۔ یعنی صبر و استقلال دل کی آنکھ کھول دے گا۔ رنگہا۔ جب قلب کی آنکھ کھل جائیگی تو اس پر حقیقت واضح ہو جائیگی۔ گوہرے۔ یعنی صرف گوہر کو دیکھنا ہی نہیں بلکہ تو ایسا سمندر بن جائیگا جس میں موتی پیدا ہوتے ہیں اور عالم بالا کی سیر کرنے لگے گا۔ کارکن۔ اللہ تعالیٰ کو اس کی مصنوعات و مخلوقات میں دیکھا جا سکتا ہے مصنوع سے صانع کے وجود پر استدلال کیا جاتا ہے۔

[3] کار۔ یعنی صنعت اس

**پس درآدر کارگہ یعنی عدم**[1] — **تا بہ بینی صُنع و صانع را بہم**

لہٰذا کارخانہ یعنی عدم میں آ — تاکہ تو کام اور کاریگر کو اکٹھا دیکھے

**کارگہ چوں جائے روشن دیدگیست** — **پس برونِ کارگہ پوشیدگیست**

کارخانہ چونکہ کھلے طور پر دیکھنے کی جگہ ہے — پس کارخانہ کے باہر پوشیدگی ہے

**رُو بہ ہستی داشت فرعونِ عنود**[2] — **لاجرم از کارگاہش کور بود**

سرکش فرعون (اپنے) وجود کی طرف متوجہ ہوا — لامحالہ اُس کے کارخانہ سے اندھا تھا

**لاجرم میخواست تبدیلِ قدر** — **تا قضا را باز گرداند ز در**

یقیناً وہ تقدیر کو بدلنا چاہتا تھا — تاکہ اللہ (تعالیٰ) کے فیصلہ کو دروازہ سے اُلٹا لوٹا دے

**خود قضا بر سُبلت آں حیلہ مند** — **زیرِ لب می کرد ہر دم ریشخند**

فیصلہ (خداوندی) اُس حیلہ گر کی مونچھوں پر — ہر وقت زیر لب مسکرا رہا تھا

**صد ہزاراں طفل کُشت اُو بے گناہ** — **تا بگردد حُکم و تقدیرِ اِلٰہ**

اُس نے لاکھوں معصوم بچے قتل کر ڈالے — تاکہ (اللہ تعالیٰ کا) فیصلہ اور تقدیر ٹل جائے

**تاکہ موسیٰؑ نبی ناید بروں** — **کرد در گردن ہزاراں ظلم و خوں**

تاکہ موسیٰؑ نبی ظاہر نہ ہوں — اُس نے (اپنی) گردن پر ہزاروں ظلم اور خون لئے

**آں ہمہ خوں کرد و موسیٰؑ زادہ شُد** — **وز برائے قہرِ اُو آمادہ شُد**

اُس نے بہت کشت و خون کیا اور موسیٰؑ پیدا ہو گئے — اور اُس کی سرکوبی کے لئے آمادہ ہو گئے

**گر بدیدے کارگاہِ لایزال** — **دست و پایش خشک گشتے ز احتیال**

اگر وہ (خدائے) لایزال کا کارخانہ دیکھ لیتا — حیلہ گری سے اُس کے ہاتھ پیر خشک ہو جاتے

**اندرونِ خانہ اش موسیٰؑ معاف** — **وز بروں می کُشت طفلاں را گزاف**

اُس کے گھر میں موسیٰؑ آرام سے تھے — وہ باہر خواہ مخواہ بچوں کو قتل کر رہا تھا

**ہمچو صاحب نفس کو تن پرورد**[3] — **بر دگر کس ظنِّ حقدے می بَرد**

نفسانی (انسان) کی طرح جو تن پروری کرے — دوسرے پر دشمنی کا گمان کرے

**کایں عدُو و آں حسود و دشمن ست** — **خود حسود و دشمنِ اُو آں تن ست**

کہ یہ دشمن، اور وہ حاسد اور مخالف ہے — (حالانکہ) اُس کا حاسد اور دشمن خود وہ جسم ہے

---

[1] یعنی عدم۔ اپنے وجود اور ہستی کو فنا کرنے کے بعد ہی وجود واحد کا مشاہدہ ہو سکتا ہے۔ کارگہ۔ کارخانہ عالم ہستی کو ختم کر کے مشاہدۂ حق کرنے کا مقام ہے۔ جب تک انسان اپنی ہستی کا قائل ہے وہ مشاہدہ سے محروم ہے۔

[2] فرعون۔ فرعون اپنی ہستی کی طرف متوجہ تھا لہٰذا وہ کارگاہِ عدم سے اندھا تھا۔ تبدیل قدر۔ مقدر یہ ہو چکا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام اُس کی سلطنت کو زیر و زبر کر دیں گے۔ سُبلت۔ مونچھ۔ بر سُبلت کے خندیدن کے معنیٰ ہیں کسی کو بنظر حقارت دیکھنا۔ ریشخند۔ مذاق اُڑانا۔ طفل۔ بنی اسرائیل کے نومولود لڑکوں کو قتل کرا دیتا تھا۔ تاکہ موسیٰؑ۔ فرعون کو اُس کی ایک خواب کی تعبیر میں بتایا گیا تھا کہ بنی اسرائیل کا کوئی لڑکا اُس کی سلطنت کے زوال کا سبب بنے گا۔ کارگاہِ لایزال۔ اللہ تعالیٰ کا کارخانۂ قدرت۔ احتیال تقضائے الٰہی سے بچنے کے لئے بنی اسرائیل کے لڑکوں کا قتل۔ اندرونِ خانہ حضرت موسیٰؑ کی پرورش فرعون کے گھر میں ہو رہی تھی اور باہر اُس نے قتل عام کا بازار گرم کر رکھا تھا۔

[3] ہمچو صاحب نفس۔ جو انسان تن پروری کر رہا ہے اور دوسروں پر دشمنی کا گمان کر رہا ہے اُس کی مثال فرعون کی سی ہے کہ اصل دشمن روح تن کو پال رہا تھا اور بے قصور بچوں کو قتل کرا رہا تھا۔ آں تن ست۔ تن پروری روح کی موت کا سبب ہے تو اصل دشمن انسان کا تن ہے۔

اُو[1] چو موسیٰ و تنش فرعونِ اُو — اُو بہ بروں می دود کہ کو عدو؟
وہ موسیٰ کی طرح ہے اور اُس کا جسم اُسکا فرعون ہے — وہ باہر بھاگا پھرتا ہے، کہ دشمن کہاں ہے؟

نفس اندر خانۂ تن نازنیں — بر دگر کس دست می خاید بکیں
نفس جسم کے گھر میں نازوں میں پل رہا ہے — وہ دوسروں پر کینہ سے ہاتھ چبا رہا ہے

## ملامت کردنِ مردم شخصے را کہ مادر را کُشت بہ تہمت
لوگوں کا ایک شخص کو ملامت کرنا جس نے ماں کو تہمت کی وجہ سے قتل کر ڈالا

آں یکے از خشم مادر را بکُشت — ہم بزخمِ خنجر و ہم زخمِ مُشت
ایک شخص نے غصہ میں ماں کو مار ڈالا — خنجر کے زخم اور مکّوں کی مار سے

آں یکے گفتش کہ از بدگوہری — یاد ناوردی تو حقِ مادری
ایک شخص نے اُس سے کہا کہ بدذاتی کی وجہ سے — تونے ماں کا حق یاد نہ کیا

ہے چرا کُشتی ورا اے زشت رُو — می نگوئی اُو چہ کرد آخر بتو
افسوس! اے بدرو تونے اُسکو کیوں مار ڈالا؟ — کیوں نہیں بولتا؟ آخر اُسنے تیرے ساتھ کیا کیا تھا؟

ہیچ کس کُشتست مادر اے عنود — می نگوئی کو چہ کرد آخر چہ بُود
اے سرکش! کسی نے ماں کو بھی قتل کیا ہے؟ — کیوں نہیں بولتا کہ اُسنے کیا کیا؟ آخر کیا بات تھی؟

گفت کارے[2] کرد کان عارِ ویست — کُشتمش کاں خاک ستّارِ ویست
اُس نے کہا، اُس نے وہ کام کیا جو اُسکے لئے عار تھا — میں نے اُسکو قتل کردیا کیونکہ مٹی ہی اُسکی پردہ پوشی کرنیوالی ہے

مُتّہم شد با یکے زاں کُشتمش — غرقِ خوں در خاکِ گور آغشتمش
وہ ایک کیساتھ مُتّہم ہوئی اسلیئے میں نے اُسکو قتل کردیا — خون میں نہلا کر میں نے قبر کی مٹی میں اُسکو ملا دیا

گفت آں کس را بکش اے محتشم — گفت پس ہر روز مردے را کُشم
اُس نے کہا، ارے بھلے اُس شخص کو قتل کر — اُسنے کہا تو پھر ہر روز ایک مرد کو قتل کروں

کُشتم اُو را رستم از خونہائے خلق — نائے اُو بُرّم بہ است از نائے خلق
میں نے اُس کو قتل کردیا، لوگوں کے خون سے چھٹکارا ہے — اُس کا گلا کاٹوں یہ اُس سے بہتر ہے کہ لوگوں کا گلا

نفسِ[3] تُست آں مادرِ بدخاصیت — کہ فسادِ اُوست در ہر ناحیت
وہ بدعادت ماں تیرا نفس ہے — کہ ہر جانب اسی کا فساد ہے

ہیں بکُش اُو را کہ بہرِ آں دنی — ہر دمے قصدِ عزیزے می کُنی
آگاہ! اُسی کو قتل کر اُس کمینے کی وجہ سے — تو ہر وقت کسی عزیز کی جان لینے کا قصد کرتا ہے

---

[1] اُو۔ یعنی اُس کی روح۔ نفس اندرتن۔ یعنی نفسِ امّارہ۔ نازنین۔ نازوں سے پلا ہوا۔ ملامت کردن۔ اس حکایت کا منشا یہ ہے کہ بُرائی کی جڑ کو ختم کرنا چاہیئے نفسِ امّارہ ہی سب بُرائیوں کی جڑ ہے۔ زخمِ مشت۔ گھونسوں کی چوٹ۔ بدگوہری۔ اس میں یار کو مصدری اور خطاب کے لئے مان کر دو طرح ترجمہ کیا جاسکتا ہے۔ عنود۔ سرکش۔

[2] کارے۔ یعنی وہ ایک اجنبی سے ملوّث تھی۔ خاک۔ یعنی قبر کی مٹی ہی اُس کی پردہ پوشی ہے۔ آں کس۔ یعنی جس کے ساتھ وہ مُتّہم ہوئی تھی۔ خونہائے خلق۔ یعنی آج جس سے مُتّہم ہے اُس کو قتل کروں کل کو کسی دوسرے سے مُتّہم ہو تو اُس کو قتل کروں۔

[3] نفس۔ انسان کی تمام بُرائیاں نفسِ امّارہ کی وجہ سے ہیں۔ ناحیت۔ گوشہ۔ جانب۔ آں دنی۔ کمینہ نفس۔

از پئے این دنیائے خوش بر تست تنگ
اسی کی وجہ سے یہ بھلی دنیا تجھ پر تنگ ہے
از پئے او باحق و باخلق جنگ
اسی کی لئے اللہ (تعالیٰ) اور مخلوق سے جنگ ہے

نفس کشتی باز رستی ز اعتذار
(اگر) تو نے نفس کو مڈالا عذر خواہی سے چھوٹ جائیگا
کس ترا دشمن نماند در دیار
دنیا میں تیرا کوئی دشمن نہ رہے گا

گر اشکال آرد کسے بر گفت ما
اگر ہماری بات پر کوئی اشکال (اعتراض) کرے
از برائے انبیا و اولیا
انبیاء اور اولیاء کی وجہ سے

کانبیا را نے کہ نفس کشتہ بود
کہ نبیوں کا نفس کیا مرا ہوا نہ تھا
پس چرا شاں دشمناں بود و حسود
تو اُن کے حاسد اور دشمن کیوں تھے؟

گوش نہ تو اے طلبگار صواب
اے بھلی بات کے طالب! کان دھر
بشنو ایں اشکال و شبہت را جواب
اِس اشکال اور شبہ کا جواب سُن لے

دشمن خود بودہ اند آں منکراں
وہ منکر خود اپنے دشمن تھے
زخم بر خود می زدند ایشاں چناں
اس طرح وہ اپنے ہی کو زخمی کر رہے تھے

دشمن آں باشد کہ قصد جاں کند
دشمن تو وہ ہوتا ہے جو جان (لینے) کا ارادہ کرے
دشمن آں نبود کہ خود جاں می کند
دشمن وہ نہیں ہوتا جو خود دم توڑ دے

نیست خفاشک عدو آفتاب
چمگادڑ، سورج کی دشمن نہیں ہے
او عدو خویش آمد در حجاب
وہ در پردہ اپنی ہی دشمن ہے

تابش خورشید او را می کشد
سورج کا نور اُس کو مارے ڈالتا ہے
رنج او خورشید ہرگز کے کشد
اُس کی تکلیف سورج کب برداشت کرتا ہے؟

دشمن آں باشد کزو آید عذاب
دشمن وہ ہوتا ہے جس سے تکلیف پہنچے
مانع آید لعل را از آفتاب
لعل کے لئے آفتاب سے مانع بنے

مانع خویشند جملہ کافراں
تمام کافر اپنے لئے روک ہیں
از شعاع جوہر پیغمبراں
پیغمبروں کے گوہر کی شعاع سے

کے حجاب چشم آں فرد خلق
لوگ اس یکتا کی آنکھ کا حجاب کب ہیں،
چشم خود را کور و کژ کردند خلق
لوگوں نے اپنی آنکھ کو اندھا اور اپنے آپ کو بھینگا بنا لیا ہے

چوں غلام ہندوی کو کیں کشد
ہندوستانی غلام کی طرح کہ وہ کینہ رکھتا ہے
از ستیز خواجہ خود را می کشد
آقا کی دشمنی میں اپنے آپ کو مار ڈالتا ہے

لہ از دے۔ اِس نفس کی وجہ سے۔ اِعتذار۔ عذر خواہی ایک دوسرے سے دشمنی کرتا ہے اور پھر اُس کو معذرت بھی کرنی پڑتی ہے، جب دشمنی ختم ہو جائیگی تو معذرت کی ضرورت نہ رہیگی۔ کانبیا۔ یہ اِشکال کی وضاحت ہے کہ انبیاء اور اولیاء نے تو اپنے نفس امارہ کو مار دیا تھا پھر اُنسے دشمنی اور حسد کیوں تھا۔

لہ دشمن خود۔ جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ انبیاء و اولیاء کے دشمن اُنکے دشمن نہ تھے بلکہ اپنے دشمن تھے کیونکہ دشمنی کے نقصانات خود اُن کو پہنچتے تھے قصد جاں یعنی روح اور اُس کے مراتب کو نقصان پہنچائے۔ می کند خود مخالفوں کی روح تباہ ہوئی خفاشک۔ ذلیل چمگادڑ خود ہی آفتاب کے نور سے محروم ہے اُس کے نور میں خلل انداز نہیں ہے۔ عذاب یعنی دشمن تو وہ ہے جس کی دشمنی سے منافع کو نقصان پہنچے جیسے لعل آفتاب سے فیض حاصل کرتا ہے

سہ کے حجاب۔ اپنے زمانہ کے یکتا کے ساتھ دشمنوں کی دشمنی اُنکی آنکھ کا حجاب نہیں بن سکتی ہے بلکہ دشمن خود اپنے آپ کو اندھا اور بہرہ بنا لیتے ہیں کیں۔ کینہ۔ ستیز لڑائی جھگڑا۔

سرنگوں می افتد از بامِ سرا — تا زیانے کردہ باشد خواجہؒ را
کوٹھے پر سے اوندھا گر جاتا ہے — تاکہ آقا کو نقصان پہنچائے

گر شود بیمار دشمن با طبیب — ور کند کودک عداوت با ادیب
اگر بیمار، طبیب کا دشمن ہو جائے — اگر بچہ اُستاد سے عداوت کرے

در حقیقت دشمنِ جانِ خودند — راہِ عقل و جانِ خود را خود زدند
درحقیقت وہ خود اپنی جان کے دشمن ہیں — اپنی عقل اور جان کا راستہ خود کاٹتے ہیں

گازرے[2] گر خشم گیرد ز آفتاب — ماہیے گر خشم می گیرد ز آب
دھوبی اگر سورج پر غصہ کرے — مچھلی اگر پانی سے دشمنی کرتی ہے

ق

تو نگو بنگر کرا دارد زیاں — عاقبت کہ بُود سیاہ اختر ازاں
تو غور کر، نقصان کس کا ہے — آخر کار اُس سے زیادہ بدنصیب کون ہوگا!

گر ترا حق آفریند زشت رُو — ہاں مشو ہم زشت رو ہم زشت خُو
اگر تجھے اللہ (تعالیٰ) نے بدصورت پیدا کیا ہے — خبردار، بدصورت اور بدعادت نہ بن

ور بود کفشت مرو در سنگلاخ — ور دو شاخستت مشو تو چار شاخ
اگر تیرے پاس جوتا ہے تو پتھریلی زمین میں چل — اگر تیرے دو شاخیں ہیں چار شاخوں والا نہ بن

تو حسودی[3] کز فلاں من کمترم — می فزاید کمتری در اخترم
تو اس پر حاسد ہے کہ میں فلاں سے کم ہوں — وہ میرے نصیب میں کمتری بڑھا رہا ہے

خود حسد نقصان و عیبِ دیگرست — بلکہ از جملہ بدیہا بدترست
خود حسد ایک دوسرا عیب اور نقصان ہے — بلکہ تمام برائیوں سے بُرا ہے

آں بلیس از ننگ و عارِ کمتری — خویشتن افگند در صد ابتری
شیطان نے کمتری کی ذلّت اور عار سے — اپنے آپ کو سینکڑوں تباہیوں میں پھنسا دیا

از حسد می خواست تا بالا بُود — خود چہ بالا بلکہ خوں پالا بُود
اُس نے حسد کی وجہ سے چاہا کہ اُونچا بنے — اُونچا تو کیا بنتا، بلکہ خون آلود ہو گیا

آں ابوجہل از محمدؐ ننگ داشت — وز حسد خود را ببالا می فراشت
ابوجہل کو محمدؐ سے ذلّت محسوس ہوئی — اور حسد کی وجہ سے وہ اپنے آپ کو اونچا کرتا

بُوالحکم نامش بُد و بُوجہل شد — اے بسا اہل از حسد نا اہل شد
اس کا نام بُوالحکم تھا، بُوجہل ہو گیا — بہت سے لوگ حسد کی وجہ سے نا اہل بنے

---

[1] خواجہ را۔ خواجہ کو نقصان کیا پہنچتا، دشمنی میں خود اُس نے اپنے آپ کو ہلاک کر لیا۔ راہِ عقل۔ نہ عقل کی تکمیل ہوگی۔ نہ جان کی بالیدگی ہوگی۔

[2] گازر۔ دھوبی کو کپڑے سکھانے کیلئے دھوپ کی ضرورت ہے۔ ماہیے۔ مچھلی کو اپنی زندگی کے لئے پانی کی ضرورت ہے۔ سیاہ اختر۔ بدنصیب۔ گر ترا۔ ایک عیب ہے تو تمہیں اضافہ نہ کرنا چاہیے۔ انبیا اور اولیاء کے دشمنوں میں جہل تو تھا ہی دشمنی کر کے اور اپنے آپ کو تباہ کر لیا۔ ور بود۔ پیادہ پا جوتے پہن کر چلنا ایک حیثیت ہے۔ اُس کو پتھریلی زمین میں چل کر دوگنا نہ کر۔ شاخ سینگ یعنی مکروا مشو یعنی اپنی مصیبت میں اضافہ نہ کر۔

[3] تو حسودی۔ حسد کی بنیاد دوسرے کے مال و جاہ کی زیادتی ہے۔ حاسد کا مال تو کم ہی ہوتا ہے حسد کر کے وہ مصائب میں اضافہ کرتا ہے۔ ابلیس شیطان نے حضرت آدمؑ پر حسد کیا اور سو مصیبتوں میں اپنے آپ کو پھنسا دیا۔ از حسد۔ حسد کی وجہ سے بلند ہی تو کیا ہلتی تباہ ہو گیا۔ بوجہل۔ آنحضورؐ کے چچا عمرو بن ہشام کو ابوالحکم کہا جاتا تھا وہ سب کے فیصلے کرتا تھا حسد میں مبتلا ہو تو ابوجہل یعنی نادان قرار پایا۔

من ندیدم در جہانِ جستجو ‏‏— ہیچ اہلیت بہ از خوئے[۱] نکو
میں نے تگ و دو کی دنیا میں نہیں دیکھی — کوئی اہلیت نیک عادت سے بہتر

انبیا را واسطہ زاں کرد حق — تا پدید آید حسد ہا در فلق
اللہ (تعالیٰ) نے انبیاء کا واسطہ اسی سے بنایا ہے — تاکہ حسد روشنی میں نمایاں ہو جائے

در گذر از فضل و ز چستی و فن — کار خدمت دارد و خلقِ حسن
بڑائی اور چالاکی اور ہنر سے درگزر کر — خدمت اور اچھے اخلاق کام کے ہیں

[۲]زانکہ کس را از خدا عارے نبود — حاسدِ حق ہیچ دیّارے نبود
اس لئے کہ خدا سے تو کسی کو عار نہ تھی — کوئی باشندہ اللہ (تعالیٰ) کا حاسد نہ تھا

آں کسے کش مثلِ خود پنداشتے — زاں سبب با او حسد برداشتے
جس شخص کو تو اپنا جیسا سمجھتا ہے — اس سے اسی وجہ سے تو حسد کرتا ہے

چوں مقرر شد بزرگیِ رسولؐ — پس حسد ناید کسے را از قبول
جب رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی بڑائی طے ہو گئی — تو کسی (مومن) کو ماننے میں حسد نہیں آتا

پس[۳] بہر دورے ولیِ قائم ست — تا قیامت آزمائش دائم ست
ہر زمانے میں ایک ولی قائم ہے — قیامت تک دائمی آزمائش ہے

ہر کرا خوئے نکو باشد برست — ہر کسے کو شیشہ دل باشد شکست
جس کی اچھی عادت ہو گی وہ نجات پا گیا — جس کا دل شیشے کا ہو گا وہ ٹوٹ گیا

پس امامِ حیِّ قائم آں ولی ست — خواہ از نسلِ عمرؓ خواہ از علیؓ ست
زندہ اور قائم امام وہ ولی ہے — خواہ (حضرت) عمرؓ کی نسل سے ہو یا حضرت علیؓ کی

مہدی و ہادی ویست اے راہ جو — ہم نہان و ہم نشستہ پیشِ رو
اے نیک بخت! مہدی اور ہادی وہی ہے — چھپا ہوا بھی ہے اور سامنے بیٹھا ہوا بھی ہے

او چو نور ست و خرد جبرئیلِ او — آں ولیِ کم از و قندیلِ او
وہ نور کی طرح ہے اور عقل اس کا جبرئیلؑ ہے — اس سے کم درجہ کا، ولی اس کا قندیل ہے

---

امامِ حیِّ و قائم ہے مہدی بھی وہی ہے اور ہادی بھی وہی ہے، اس کی یہ خوبیاں مخفی ہوتی ہیں اور وہ لوگوں کی نگاہوں کے سامنے ہوتا ہے۔ شیعہ صاحبان کے عقیدہ کے مطابق وہ لوگوں کی نگاہوں سے سُرّ من رآی کے غار میں پوشیدہ ہیں۔ خرد جبرئیلِ او۔ اس کی عقل اس کے لئے منجانب اللہ پیغام رساں ہے۔ قندیلِ او۔ دوسرے اولیا، اس کے ہی نور سے فیض پہنچتے ہیں۔

---

۱ خوئے نیکو۔ نیک خصلت ہونا سب سے بڑی خوبی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے اور بندوں کے درمیان انبیا کو واسطہ اسی لئے بنایا ہے تاکہ حاسدوں کا مخلصوں سے امتیاز ہو جائے کار خدمت گذاری اور خوش خلقی ہی کام کی چیزیں ہیں۔

۲ زانکہ۔ اگر اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو واسطہ نہ بنایا تو حاسدوں کا حسد ظاہر نہ ہوتا اللہ کو کوئی بھی اپنے برابر کو تصور کر کے حسد نہ کرتا۔ آپ کسے۔ انسان کی خصلت یہ بھی ہے کہ وہ دوسرے کو اپنے برابر کا سمجھتا ہے پھر اس کی بڑائی پر حسد کرتا ہے۔

۳ پس۔ رسولوں کا سلسلہ ختم ہو جانے سے حاسدوں کے حسد کے اظہار کا موقع ختم نہیں ہوا اب اولیا، اللہ کی ذات بھی حاسدوں کو پرکھنے کی کسوٹی ہے۔ ولیِ قائم۔ قطب الاقطاب جو تمام عالم پر فرمانروا ہوتا ہے اور تمام عالم اس کی بقا سے ہے۔ برست۔ اچھی عادت والے اس کا اتباع کر کے نجات حاصل کرتے ہیں تنک مزاج محروم رہتے ہیں۔ امامِ حیِّ و قائم۔ شیعہ حضرات بارھویں امام محمد مہدیؑ کو زندہ اور قائم مانتے ہیں چونکہ اُن کے نزدیک امام صرف اہلِ بیت میں سے ہی ہو سکتا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں کہ اس کے لئے نسل کی کوئی خصوصیت نہیں ہے ہر دور کا قطب الاقطاب

واٰنکہ زیں قندیل کم مشکوٰۃ ماست — نور را در مرتبہ ترتیبہاست
اور جو اس قندیل سے کم (درجہ کا) ہے وہ ہمارا طاقچہ ہے — مرتبہ میں نور کی ترتیبیں ہیں

زانکہ ہفصد پردہ دارد نورِ حق — پردہائے نور داں چندیں طبق
اسلئے کہ اللہ (تعالیٰ) کا نور سات سو پردے رکھتا ہے — تو ان مراتب کو نور کے پردے سمجھ

از پسِ ہر پردہ قومے را مقام — صف صف اند ایں پردہاشاں تا امام
ہر پردے کے پیچھے ایک جماعت کا مقام ہے — ان کے یہ پردے امام تک صف بصف ہیں

اہلِ صفِ آخریں از ضعفِ خویش — چشمِ شاں طاقت ندارد نورِ بیش
آخری صف والے، اپنی کمزوری کی وجہ سے — انکی آنکھ زیادہ چمک کی طاقت نہیں رکھتی ہے

واں صفِ پیش از ضعیفیِ بصر — تاب نارد از شعاعِ بیش تر
اگلی صف نگاہ کی کمزوری کی وجہ سے — زیادہ چمک کی طاقت نہیں رکھتی ہے

روشنی کو حیاتِ اوّل ست — رنج جان و فتنۂ ایں احول ست
وہ روشنی جو پہلی (صف) کی زندگی ہے — اِس کمزور آنکھ والے کی جان کیلئے مصیبت و آفت ہے

احولیہا اندک اندک کم شود — چوں ز ہفصد بگذرد او یم شود
اس کی کمزوری تھوڑی تھوڑی کم ہوتی ہے — جب سات سو پردوں سے گزر جاتا ہے تو دریا میں وہ ہوں ہو جاتا ہے

آتشے کاصلاحِ آہن یا زرست — کے صلاحِ آبی و سیبِ ترست
وہ آنچ جو لوہے یا سونے کی (باعث) اصلاح ہے — تازہ سیب اور بہی کی (باعث) اصلاح کب ہے؟

سیب و آبی خامیِ دارد خفیف — نے چو آہن تابشے خواہد لطیف
سیب اور بہی تھوڑا سا کچاپن رکھتے ہیں — لوہے جیسا نہیں، (اسلئے) ہلکی گرمی چاہتے ہیں

لیکن آہن را لطیف آں شعلہاست — کو جذوبِ تابشِ آں اژدہاست
لیکن لوہے کے لئے وہ شعلے ہلکے ہیں — کیونکہ وہ گرمی کے اُن اژدہوں کو خوب جذب کرنے والا ہے

ہست آں آہن فقیرِ سخت کش — زیرِ پتک و آتش ست او سرخ و خوش
سختی کو برداشت کرنے والا درویش وہ لوہا ہے — ہتھوڑے اور آگ کے نیچے وہ سرخ اور خوش ہے

حاجبِ آتش بود بے واسطہ — در دلِ آتش رود بے رابطہ
وہ بلا واسطہ آگ کی روک بنتا ہے — بغیر کسی ذریعہ آگ کے درمیان گھس جاتا ہے

---

شعلے: فقیر سخت کش۔ وہ درویش جو مجاہدات کی بھٹی میں تپتا ہے اس کی مثال لوہے کی طرح ہے۔
حاجب۔ وہ اُس آگ کو براہِ راست بدن پر لے لیتا ہے۔

ل تا آنکہ قطب الاقطاب نور ہے جو اولیاء انہیں سے مستفید ہیں وہ بمنزلہ قندیلوں کے ہیں مگر بزرگ جو ان اولیاء سے کم ہیں ان کی مثال طاقچہ کی سی ہے جو قندیل سے منور ہوتا ہے۔ ہفصد یعنی بہت طبق یعنی اولیاء کے طبقات۔ ز پس۔ اولیاء کے مختلف طبقات ہیں جو قطب الاقطاب پر جاکر ختم ہو جاتے ہیں۔

ل اہلِ صف۔ آخری صف والے زیادہ تجلی کے متحمل نہیں ہو سکتے ہیں۔ صفِ پیش یعنی آخری صف سے اگلی صف والے شعاع۔ یعنی نورِ خداوندی حیاتِ اول یعنی وہ تجلی جو صفِ اوّل کے لئے باعثِ حیات ہے۔ احول بھینگا، کمزور نگاہ والا۔ احولیہا۔ وہ بھی تیسرے درجہ کے اولیاء بھی مجاہدات کے ذریعہ ترقی کرکے درحجابات طے کرکے عارف کامل بن جاتے ہیں۔ او یم۔ میں وہ ہوں، وحدت کی طرف اشارہ ہے۔

ل آتشے یعنی جس طرح محسوسات میں ہر آگ کو ہر چیز برداشت نہیں کر سکتی اسی طرح ہر تجلی کا ہر شخص متحمل نہیں ہو سکتا ہے۔ اگر وہ آنچ جو لوہے جیسے مفید ہے سبزی پر ڈال دی جائے تو وہ جل کر خاک ہو جائیگی۔ آبی۔ بہی۔ شعلہا۔ جو سخت آنچ لوہے کیلئے درکار ہے لوہے کے لئے وہی لطیف ہے۔ اژدہا یعنی

بے حجابے آب و فرزندانِ آب[1] — پختگی ز آتش نیابند و خطاب
پانی اور پانی کی پیداوار بغیر آڑ کے — آگ سے نہیں پکتی ہے اور نام نہیں پاتی ہے

واسطہ دیگے بُود یا تابہ — ہمچو پا را در روِش پا تابہ
دیگ کا واسطہ ہو یا توے کا — جس طرح چلنے میں پیر کے لئے جوتا

یا مکانے درمیاں تا آں ہوا — میشود سوزاں و می آرد نما
یا درمیان میں الگ جگہ ہو تاکہ وہ ہوا — گرم ہو، اور بڑھائے

پس فقیر آنست کو بے واسطہ — شعلہا را با وجودش رابطہ ست
درویش وہ ہے جو بغیر واسطے کے ہے — شعلوں کو اس کی وجود سے تعلق ہے

پس دلِ عالم ویست ایرا کہ تن — می رسد از واسطہ ایں دل بفن
وہ درویش عالم کیلئے (بمنزلہ) دل ہے کیونکہ جسم — اِسی دل کے واسطے سے فن (ہنر) تک پہنچتا ہے

دل نباشد تن چہ داند گفتگو — دل نہ جوید تن چہ داند جستجو
اگر دل نہ ہو جسم گفتگو کیا جانے؟ — دل جستجو نہ کرے تو جسم جستجو کرنا کیا جانے؟

پس نظرگاہِ شعاع آں آہن ست — پس نظرگاہِ خدا دل نے تن ست
لہٰذا شعلے کا منظورِ نظر، لوہا ہے — خدا کا منظورِ نظر دل ہے، نہ کہ جسم

باز ایں دلہائے جزوی چوں تن ست — با دلِ صاحبدلے کو معدن ست
پھر یہ جزوی دل جسم کی طرح ہیں — صاحبِ دل کے دل کے مقابلے میں جو کان ہے

بس مثال و شرح خواہد ایں کلام[2] — لیک ترسم تا نہ لغزد فہمِ عام
یہ کلام بہت سی مثالیں اور شرح چاہتا ہے — لیکن میں ڈرتا ہوں کہ عوام کی سمجھ لغزش نہ کھا جائے

تا نہ گردد نیکویِ ما بدی — ایں کہ گفتم ہم نہ بُد جز بیخودی
تاکہ ہماری نیکی، بدی نہ بن جائے — یہ بھی جو کچھ میں نے کہہ دیا سوائے بیخودی کے (نہ) تھا

پائے کژ را کفشِ کژ بہتر بود — مر گدا را دستگہ بر در بود
ٹیڑھے پیر کے لئے ٹیڑھا جوتا بہتر ہوتا ہے — گداگر کی جگہ دروازے پر ہوتی ہے

## امتحانِ بادشاہ بآں دو غلام کہ نو خریدہ بود[3]

بادشاہ کا ان دو غلاموں کا امتحان کرنا جن کو نیا خریدا تھا

بادشاہے دو غلام ارزاں خرید — تا یکے زاں دو سخن گفت و شنید
ایک بادشاہ نے دو سستے غلام خریدے — ان دونوں میں سے ایک سے بات بھی اور سنی

---

[1] فرزندانِ آب۔ پانی کی پیداوار، خطاب یعنی ان کو نام روٹی، پلاؤ وغیرہ نہیں کہا جاتا۔ تابہ۔ توا، آٹا جب توے کے واسطے سے آگ پر پکے گا تب اس کو روٹی کہا جائیگا۔ پاتابہ۔ جوتا۔ نما۔ گرم ہوا سے درخت وغیرہ نشو ونما پاتے ہیں۔ پس فقیر۔ عارف کامل براہ راست کسبِ فیض کرتا ہے۔ ویست۔ قطب الاقطاب عالم کے لئے بمنزلہ دل کے ہے۔ دل نباشد۔ جسم کے سارے کمالات دل کی وجہ سے ہیں۔ نظرگاہِ خدا دل، خدا کا منظورِ نظر قطب الاقطاب ہوتا ہے۔ دلہائے جزوی یعنی اس دور کے دیگر اولیاء۔ با دل صاحب دلے۔ قطب الاقطاب دیگر اولیاء کو فیض پہنچاتا ہے۔

[2] ایں کلام۔ اولیاء کے مراتب کی وضاحت کے لئے مفصل کلام درکار ہے جس کا مآل وحدت الوجود کا مسئلہ ہے جو عوام کی سمجھ سے بالاتر ہے۔ تا نہ گردد۔ نیکی برباد گناہ لازم کا مصداق نہ ہو جائے۔ پائے کژ۔ عوام کے ذہن کے مطابق عوام سے بات کرنی چاہیئے، باریک مسائل ان کے سامنے بیان کرنا مناسب نہیں ہے۔ مر گدا را۔ فقیر دروازے پر سے بھیک مانگے گا تو کچھ مل جائیگا گھر میں گھسے گا تو گت بن جائے گی۔

[3] امتحان پہلے کہا گیا تھا کہ فہم کے مناسب حال اس سے بات

یا فتش زیرک دل و شیریں جواب — از لبِ[1] شکر چہ زاید شکر آب
اُس نے اُس کو ذہین اور شیریں جواب پایا — حسین ہونٹوں سے کیا ٹپکتا ہے؟ شربت

آدمی مخفیست در زیرِ زباں — ایں زباں پردہ است بر درگاہِ جاں
انسان زبان میں پوشیدہ ہے — یہ زبان جان کے دربار کا پردہ ہے

چونکہ بادے پردہ را درہم کشید — سِرِّ صحنِ خانہ شُد بر ما پدید
جب ہوا نے پردہ ہٹا دیا — گھر کے صحن کا راز ہم پر کُھل گیا

کاندراں خانہ گہر[2] یا گندم ست — گنجِ زر یا جملہ مار و کژدم ست
کہ اُس گھر میں موتی ہیں، یا گیہوں — سونے کا خزانہ ہے یا سب سانپ اور بچھو ہیں

یا درو گنجست و مارے بر کراں — زانکہ نبود گنجِ زر بے پاسباں
یا اُس میں خزانہ ہے اور کنارے پر سانپ ہے — اِسلئے کہ سونے کا خزانہ محافظ کے بغیر نہیں ہوتا ہے

بے تأمّل اُو سخن گفتے چناں — کز پسِ پانصد تأمّل دیگراں
وہ بے تأمّل ایسی باتیں کرتا — جو دوسرے پانچسو بار غور کر کے کرتے

گفتے در باطنش دریاستے — جملہ دُر یا گوہر گویاستے
گویا اُس کے اندر ایک دریا ہے — جو موتی ہی موتی ہے یا وہ (غلام) بولتا موتی ہے

نورِ ہر گوہر کز و تاباں شُدے — حق و باطل را ازاں فرقاں شُدے
[3] یہ موتی (بات) کا نور جو اُس سے چمکتا — حق اور باطل اُس سے الگ الگ ہو جاتا

نورِ فرقاں فرق کردے بہرِ ما — ذرّہ ذرّہ حق و باطل را جُدا
قرآن کا نور ہمارے لئے جدا کر دیتا — حق اور باطل کے ذرّے ذرّے کو علیحدہ

نورِ گوہر نورِ چشمِ ما شُدے — ہم سوال و ہم جوابِ ما بُدے
موتی کا نور ہماری آنکھ کا نور ہو جاتا — ہمارا سوال بھی ہمارا جواب بھی ہو جاتا

چشم کژ کردی دو دیدی قرصِ ماہ — چوں سوال ست ایں نظر در اشتباہ
تو نے آنکھ کو ٹیڑھا کر لیا، چاند کی ٹکیا کو دو دیکھا — اِشتباہ کے معاملہ میں یہ ٹیڑھی نظر سوال (اعتراض) ہے

راست گرداں چشم را در ماہتاب — تا یکے بینی تو مہ را اینک جواب
چاند (کو دیکھنے) میں اپنی آنکھ سیدھی کر لے — تاکہ تو چاند کو ایک دیکھے، یہ جواب ہے

---

قرآن میں … خیرہ … بھینگے کو صحیح حقیقت نظر نہیں آتی ہے۔ لہٰذا یہ جواب ہے … کہ تو اپنی نظر کو صحیح کرلے قرآن کی فرقانیت واضح ہو جائے گی۔

[1] لب شکر شیریں دہن
زیر زباں عربی کا مشہور … ہے۔ المرءُ مخبوٌّ تحت … آدمی اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے چونکہ جب آدمی بول پڑا تو زبان کا پردہ ہٹ گیا۔
صحن خانہ یعنی انسان کا باطن۔

[2] گہر یعنی اچھی خصلتیں۔ گندم یعنی معمولی خصلتیں۔ مار، کژدم یعنی بُری خصلتیں۔ یا آں … یعنی اُس میں اچھی اور بُری دونوں خصلتیں ہیں۔ زانکہ … عموماً اچھوں میں بھی کوئی … کوئی عیب ہوتا ہی ہے۔
… وہ برجستہ ایسی بات … سینکڑوں بار … سوچ کر بھی نہ کہہ سکتے … چمکنے والا … الگ الگ نظر آتا

[3] نور فرقان پہلے اشعار میں مولانا نے اُس غلام کی باتوں کے بارے میں فرمایا کہ اُس سے حق و باطل میں تمیز ہو جاتا تھا اس پر شبہ ہوا کہ یہ صفت تو قرآن میں بھی نہیں ہے ورنہ دنیا میں کوئی گمراہ نہ رہتا۔ ان اشعار میں مولانا نے اس شبہ کا جواب دیا ہے کہ بیشک قرآن میں اپنی جگہ یہی خوبی ہے لیکن دیکھنے والے کی آنکھ کی کمی … میں آڑے آجاتی ہے۔ فرقان کلام اللہ کا نام ہے چونکہ وہ حق و باطل میں امتیاز پیدا کر دیتا ہے۔ گوہر یعنی قرآن کی … سوال جو … پیدا ہوتا اُس کا جواب ہو۔

فکرتت را راست کن نیکو نگر
اپنی فکر کو سیدھا کر لے، اچھی طرح دیکھ

ہست[۵۱] ہم نور و شعاعِ آں گہر
وہ بھی اسی موتی کا نور اور شعاع ہے

ہر جوابے کاں ز گوش آید بدل
جو جواب کان کے ذریعہ سے دل میں پہنچتا ہے

چشم گفت از من شنو آں را بہل
چشم (بصیرت) کہتی ہے مجھ سے سُن، اُس کو چھوڑ

گوش دلّالست و چشم اہلِ وصال
کان (تو) دلّال ہے اور چشم (بصیرت خود) صاحبِ وصال ہے

چشم صاحبِ حال و گوش اصحابِ قال
چشم (بصیرت) صاحبِ حال ہے اور کان زبانی بات کرنے والوں میں سے ہے

در شنیدِ[۵۲] گوش تبدیلِ صفات
کان سے سننے میں صفات کی تبدیلی ہے

در عیانِ دیدہا تبدیلِ ذات
مشاہدوں سے ذات کی تبدیلی ہے

ز آتش ار علمت یقیں شد از سخن
بلاشبہ اگر آگ کا تجھے علم الیقین ہو گیا ہے

پختگی جو در یقیں منزل مکن
یقین میں پختگی طلب کر، ٹھکانہ نہ کر

تا نسوزی نیست آں عین الیقیں
جب تک آگ تجھے جلا نہ دے عین الیقین نہیں ہے

ایں یقیں خواہی در آتش نشیں
تو یہ یقین چاہتا ہے، تو آگ میں بیٹھ

گوش چوں ناقد بود دیدہ شود
کان اگر پرکھنے والا ہو تو چشم (بصیرت) بن جاتا ہے

ورنہ قُل در گوش پیچیدہ شود
ورنہ بات کان میں لپٹ (کر رہ) جاتی ہے

ایں سخن پایاں ندارد باز گرد
یہ بات انتہا نہیں رکھتی ہے، واپس لوٹ

تا کہ شہ با آں غلامانش چہ کرد
دیکھ، بادشاہ نے اپنے غلاموں سے کیا کیا

## رواں کردن بادشاہ یکے را ازاں دو غلام وازیں دیگر حال پرسیدن

بادشاہ کا اُن دو غلاموں میں سے ایک کو روانہ کر دینا اور دوسرے سے حالات دریافت کرنا

آں غلامک[۵۳] را چو دید اہلِ ذکا
جب اُس (شاہ) نے اُس پیارے غلام کو ذہین سمجھا

آں دگر را کرد اشارت کہ بیا
دوسرے کو اشارہ کیا کہ آجا

کافِ رحمت گفتمش تصغیر نیست
میں نے (غلامک میں) کاف محبت کیلئے بولا ہے تحقیر کا نہیں

جَد چو گوید طفلکم تحقیر نیست
دادا جب میرا بچونگڑا کہتا ہے تو تحقیر نہیں ہے

چوں بیامد آں دوم در پیشِ شاہ
جب وہ دوسرا بادشاہ کے سامنے آیا

بود اُو گندہ دہاں دنداں سیاہ
وہ گندہ دہن اور کالے دانتوں والا تھا

---

لگایا جاتا ہے اُس کو چھوٹا کر کے ظاہر کرنا ہوتا ہے۔ اب یہ چھوٹا ظاہر کرنا کبھی اُس چیز کی ذلت ظاہر کرنے کے لئے ہوتا ہے) بندے اور پیار کے اظہار کے لئے۔

[۵۱] ہست: صحیح فکر خدا کی دین ہے۔ گہر: یعنی ذاتِ باری۔ ہر جوابے: کسی شبہ کا حقیقی جواب صحیح فکر سے حاصل ہوتا ہے۔ دوسروں کا جواب سُن لینے سے تسلی نہیں ہوتا ہے۔ گوش: سنی سنائی بات اور صحیح فکر سے حاصل شدہ بات میں وہی نسبت ہے جو ایک دلال اور محبوب میں ہے۔ صاحبِ حال: جو کسی کیفیت میں خود مبتلا ہو۔ اصحابِ قال: وہ لوگ جنھوں نے اُس کیفیت کو لوگوں سے سُنا ہو۔

[۵۲] در شنید: کسی بُری بات کے نتیجہ کو سُن کر انسان اُس سے پرہیز کرتا ہے جس میں یہ ممکن ہوتا ہے کہ اُس بُرائی کو پھر کر بیٹھے لیکن انجام بد میں مبتلا ہو کر ایسی نصیحت حاصل ہوتی ہے کہ اُس بُرائی کا ارتکاب ممکن نہیں رہتا ہے۔ یقین: آگ کے جلا دینے کی اگر کوئی مخبرِ صادق خبر دے اُس سے جو یقین آگ کے جلانے پر پیدا ہوا وہ علم الیقین ہے۔ کسی کو آگ میں جلتے دیکھ کر جو اُس کے جلانے پر یقین حاصل ہو وہ عین الیقین ہے، خود انسان کو آگ میں جلنے سے جو آگ کے جلانے پر یقین حاصل ہو وہ حق الیقین ہے۔ گوش: کان کو اگر کمال حاصل ہو جاتا ہے تو وہ بھی آنکھ کا کام کرنے لگتا ہے اور سننا بھی دیکھنے کے قائم مقام بن جاتا ہے۔

[۵۳] غلامک: اس میں کاف تصغیر کا ہے یعنی جس میں یہ

گرچہ شہ ناخوش شد از گفتار اُو — جستجوئے کرد ہم ز اسرار[1] اُو

(بادشاہ اگرچہ اُس کی گفتگو سے (مُنہ کی بدبو کی) ناخوش ہوا — (تاہم) اُس کے بھیدوں کی جستجو کی

گفت با ایں شکل و گندہ دہاں — دور بنشیں مرکب ایں سو تر مراں

اُس (بادشاہ) نے کہا اِس شکل و مُنہ کی بدبو ہوتے ہوئے — ہٹ کر بیٹھو، سواری اِس جانب زیادہ نہ بڑھا

کہ تو زاہلِ نامہ و رُقعہ بُدی — نے جلیس و یار و ہم بقعہ بُدی

کیونکہ تو نامہ و پیام کے لائق ہے — نہ کہ ہم نشین اور ہم مجلس دوست ہونے کے

تا علاجِ آں دہانِ تو کنیم — تو حبیب و ما طبیب پُر فنیم

جبتک کہ ہم تیرے مُنہ کا علاج کریں — تو پیارا ہے اور ہم ہُنرمند طبیب ہیں

بہرِ کیکے نو گلیمے سوختن — نیست لائق از تو دیدہ دوختن

ایک پسّو کی وجہ سے نئی گدڑی کو جلانا (مناسب نہیں) — (اِسی طرح) تجھ سے آنکھیں بند کر لینا مناسب نہیں ہے

لیک قابل تر بُدی زاں یارِ خود — نزدِ ما آ کہ تو بہ زاں یارِ بد

لیکن تو اپنے دوست سے زیادہ قابل ہے — ہمارے پاس آ جا کیونکہ تو اُس بُرے دوست سے بہتر ہے

باہمہ بنشیں دو سہ دستاں بگو — تا بہ بینم صورتِ عقلت نِکو

سب کچھ ہوتے ہوئے بیٹھ جا دو تین قصّے سُنا — تاکہ میں تیری عقل کی حالت اچھی طرح دیکھ لوں

آں ذکی[2] را پس فرستاد اُو بکار — سُوئے حمّامے کہ رو خود را بخار

پھر اُس ذہین کو اُس نے کام کیلئے بھیج دیا — حمّام کی جانب کہ جا اپنے آپ کو مَل دَل

ویں دگر را گفت تو چہ زیرکی — صد غلامی در حقیقت نے یکی

اُس دوسرے سے کہا تو کتنا سمجھدار ہے — درحقیقت تو سَو غلام (کی برابر) ہے نہ کہ ایک کے

آں نہ کاں خواجہ تاشِ تو نمود — از تو مارا سرد کرد آں حسود

تو ایسا نہیں ہے جیسا کہ تیرے ساتھی نے ظاہر کیا ہے — اُس حاسد نے ہمیں تجھ سے برگشتہ کیا ہے

گفت کو دزد و کژ است و کژ نشیں — حیز و نامرد و چناں است و چنیں

اُس نے کہا ہے کہ وہ تو چور و بدچلن ہے اور بد صحبت ہے — کم ہمت (ہے) اور نامرد ہے) اور ایسا ہے اور ویسا ہے

گفت[3] پیوستہ بُدست او راست گو — راست گوئے من ندیدستم چو اُو

اُس نے کہا، وہ ہمیشہ سے سچا ہے — اُس جیسا سچا میں نے نہیں دیکھا

راستی و نیک خوئی و حیا — حِلم و دینداری و احسان و سخا

سچائی، اور نیک خصلتی اور شرم — بُردباری، اور دینداری اور احسان اور سخاوت

ق



[1] اسرار۔ بھید۔ مرکب یعنی تو دور بیٹھ لیکن پاس قدر دُور نہیں کہ بات ہی نہ سُن سکے۔ تو۔ چونکہ تو گندہ دہن ہے اس لئے تو ہم مجلس تو نہ بنے گا لیکن تجھ سے نامہ و پیام کا کام لیا جائیگا یا تجھ سے آمنے سامنے بات نہ کی جائیگی بلکہ نامہ و پیام کے ذریعہ تجھ سے کام لیا جائیگا۔ بہر کیکے۔ جس طرح ایک پسّو کی وجہ سے گدڑی جلا دینا حماقت ہے اسی طرح محض گندہ دہنی کی وجہ سے تجھ سے جدائی مناسب نہیں ہے۔ لیک۔ چونکہ راز معلوم کرنا تھا اس لئے اس طرح کی گفتگو شروع کی۔ یار بد یعنی دوسرا غلام۔ باہمہ۔ یعنی گندہ دہنی وغیرہ کے ہوتے ہوئے۔ دستاں۔ داستاں۔

[2] ذکی۔ ذہین، روشن طبع۔ بخار یعنی بدن ملکر غسل کرے۔ زیرکی۔ زیرک ہستی۔ غلامی۔ غلام ہستی یکی۔ یک ہستی خواجہ تاش۔ آقا شریک۔ سرد کردن۔ برگشتہ بنانا۔ کژ۔ ٹیڑھا بدچلن۔ کژ نشین۔ آوارہ بد صحبت۔ حیز۔ مخنث، نامرد۔

[3] گفت یعنی مخاطب بد صورت غلام نے جواب میں کہا۔ بُدست۔ بودہ است۔ راستی۔ سچائی۔ حیا۔ شرم۔ حِلم۔ بُردباری۔

راستی[1] گوئی در نہادش خلقت است — ہر چہ گوید من نگویم تہمت است
(اور) سچائی اس کے مزاج میں پیدائشی ہے — وہ جو کچھ کہتا ہے میں نہیں کہتا ہوں کہ (وہ) تہمت ہے

کژ ندانم آں نکو اندیش را — متہم دارم وجودِ خویش را
میں اس نیک خیال کو ٹیڑھا نہیں سمجھتا ہوں — اپنے آپ کو ملزم ٹھہراتا ہوں

باشد او در من بہ بیند عیبہا — من نہ بینم در وجودِ خود شہا
ہو سکتا ہے کہ وہ مجھ میں عیبوں کو دیکھتا ہو — اے بادشاہ! میں اپنے اندر نہیں دیکھتا ہوں

ہر کسے گر عیبِ خود دیدے زپیش — کے بُدے فارغ وے از اصلاحِ خویش
ہر شخص اگر پیشگی اپنا عیب دیکھ لیتا — اپنی اصلاح سے کب فارغ ہوتا؟

غافل اند ایں خلق از خود اے پدر — لاجرم گویند عیبِ ہمدگر
اے بابا! یہ لوگ اپنے آپ سے غافل ہیں — لامحالہ ایک دوسرے کے عیب بیان کرتے ہیں

من نہ بینم روئے خود را اے شمن[2] — من بہ بینم روئے تو تو در روئے من
اے صورت پرست! میں اپنا چہرہ نہیں دیکھتا ہوں — میں تیرا چہرہ دیکھتا ہوں تو میرا چہرہ

آں کسے کو او بہ بیند روئے خویش — نورِ او از نورِ خلقاں ست بیش
جو شخص اپنا چہرہ دیکھتا ہے — اس کا نور لوگوں کے نور سے بڑھا ہوا ہے

گر بمیرد نورِ او باقی بُود — زاں کہ دیدش دیدِ خلاقی بُود
اگر وہ مر بھی جائے اس کا نور باقی رہتا ہے — کیونکہ اس کی نظر خدائی نظر ہوتی ہے

نورِ حسی نبود آں نورے کہ او — روئے خود محسوس بیند پیشِ رو
وہ نورِ حسی نہیں ہوتا جو کہ وہ — اپنے چہرے کو آمنے سامنے محسوس کرے

گفت[3] تو ہم عیبِ او گو مو بمو — آنچناں کہ گفت او از عیبِ تو
(اس نے کہا) تو بھی اس کے عیب ایک ایک کر کے کہہ دے — جس طرح اس نے تیرے عیب کہے ہیں

تا بدانم کہ تو غمخوارِ منی — کدخدائے مملکت یارِ منی
تاکہ میں سمجھ جاؤں کہ تو میرا غمخوار ہے — سلطنت کا منتظم اور میرا دوست ہے

گفت اے شہ من بگویم عیبہاش — گرچہ ہست او مرا خوش خواجہ تاش
اس غلام نے کہا اے شاہ! میں اس کے عیب — گرچہ وہ میرا اچھا ساتھی ہے

عیبِ او مہر و وفا و مردمی — خوئے او صدق و ذکا و ہمدمی
اس کا عیب محبت اور وفاداری اور انسانیت ہے — نیک خصلت سچائی اور ذہانت اور ہمدردی ہے

---

[1] راستی گوئی۔ سچ بولنا۔ نہاد۔ طبیعت۔ ہر چہ گوید۔ وہ جو کچھ بھی میرے بارے میں کہتا ہے۔ متہم۔ تہمت رسی، بدنام۔ باشد۔ ہو سکتا ہے، ممکن ہے۔ شہا۔ اے شاہ۔ ہر کسے۔ یہ مولانا کا مقولہ ہے۔ بُدے۔ ہوتے۔ لاجرم۔ لامحالہ۔

[2] شمن۔ بت پرست، عابد۔ روئے۔ منہ یعنی عیب۔ خلقاں۔ مخلوق۔ باقی بود۔ خدائی نور باقی رہنے والا ہے۔ روئے خود۔ اپنے عیوب اس کو ایسے صاف نظر آتے ہیں جیسا کہ دوسرے کے۔

[3] گفت۔ یعنی بادشاہ نے اسے ابھار کر دوسرے غلام کی بابت پوچھا۔ کدخدا۔ مہتمم، منتظم۔ مملکت۔ سلطنت۔ عیبِ او۔ یہ اس طریقہ پر تعریف ہے جو بظاہر عیب جوئی ہے۔ مردمی۔ انسانیت۔ ذکا۔ ذہانت۔ ہمدمی۔ غمخواری۔

کمترین عیبش جوانمردی و داد ؎۱ — آں جوانمردی کہ جاں راہم بداد
اُس کا سب سے چھوٹا عیب سخاوت اور بخشش ہے — ایسی سخاوت جو جان بھی بخش دے

صد ہزاراں جاں خدا کردہ پدید — چہ جوانمردی بود کاں را ندید
خدا نے لاکھوں جانیں پیدا فرمائی ہیں — جس نے ان کو نہ دیکھا اُس (جان) کی سخاوت کیا ہوگی

ور بدیدے ؎۲ کے بجاں بخلش بُدے — بہر یک جاں کے چنیں غمگیں شدے
اگر اُن جانوں کو، دیکھ لیتا (اپنی) جان پر کب بخل کرتا؟ — (اپنی) ایک جان کی وجہ سے کب ایسا غمگین ہوتا؟

بر لبِ جُو بخلِ آب آں را بود — کو ز جُوئے آب نابینا بود
نہر کے کنارے پر پانی کا بخل اُس میں ہوگا — جو نہر کے پانی سے اندھا ہوگا

گفت پیغمبر کہ ہر کس از یقیں — داند او پاداشِ خود در یومِ دیں
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا ہے کہ جو شخص یقینی طور پر — قیامت کے دن کے اپنے بدلے کو جان لے گا

ق

ہر یکے را دہ عوض می آیدش — ہر زماں جُودے دگرگوں زایدش
کہ اُس کو ایک کے بدلے میں دس ملیں گے — اُس سے ہر وقت نئی قسم کی سخاوت صادر ہوگی

جُود جملہ از عوضہا دیدن ست — پس عوض دیدن ضدِ ترسیدن ست
سب کی سخاوت بدلوں کو دیکھ لینے کی وجہ سے ہے — بدلے کو دیکھ لینا (فقر سے) ڈرنے کی ضد ہے

بخل ؎۳ نادیدن بود اعواض را — شاد دارد دیدِ دُر غوّاص را
بدلوں کو نہ دیکھنا بخل کا سبب ہوتا ہے — موتی کی دید غوطہ خور کو خوش رکھتی ہے

پس بعالم ہیچکس نبود بخیل — زانکہ کس چیزے نبازد بے بدیل
(اگر بدلے کی دید ہر شخص کو حاصل ہوجائے) تو دنیا میں کوئی — اس لئے کہ بدلے کے بغیر کوئی کچھ نہیں دیتا ہے

پس سخا از چشم آمد نے ز دست — دید دارد کار جز بینا نرست
تو سخاوت کا تعلق آنکھ سے ہوا نہ کہ ہاتھ سے — معاملہ دیکھنے پر ٹھہرا دیکھ لینے والے کے سوا کسی نے نجات حاصل کی

عیب دیگر آنکہ خود بیں نیست اُو — ہست در ہستی خود او عیب جو
(اُس غلام میں) دوسرا عیب ہے کہ وہ خود بیں نہیں ہے — وہ اپنے اندر عیوب کو تلاش کرنے والا ہے

عیب گوی و عیب جوی خود بُدست — باہمہ نیکو و با خود بد بُدست
وہ خود اپنا عیب گو اور عیب جو ہے — سب کیساتھ بھلا اور اپنے لئے بُرا ہے

---

؎۱ جوانمردی۔ شجاعت، سخاوت۔ داد بخشش۔ آں جوانمردی۔ سخاوت کا انتہائی درجہ ہے کہ اپنی جان بھی ضرورت مند کو دیدے۔ صد ہزاراں۔ اِس شعر کا ایک مطلب تو وہ ہے جو ترجمہ سے ظاہر ہے کہ جان دینے اور شہادت کا شوق اُس شخص کو ہوگا جس کے مدنظر وہ جانیں ہوں گی جو اُس ایک جان کو اللہ کے راستہ میں فنا دینے سے حاصل ہونگی دوسرا مطلب بعض صاحبان نے یہ لکھا کہ بدلے میں جو جانیں ملیں گی وہ مدنظر نہ ہوں بلکہ صرف مولیٰ کی رضا مدنظر ہو تو اس صورت میں دوسرے مصرع کا ترجمہ یہ ہوگا۔ وہ سخاوت کیا ہی اعلیٰ ہے جس میں بدلے کی جانیں پیشِ نظر نہ ہوں۔ اِن دونوں مطلبوں کے اعتبار سے آئندہ چند شعروں کا مطلب بیان کرنا ہوگا۔

؎۲ ور بدیدے۔ اگر ایک جان کے بدلے میں بہت سی ابدی جانیں مل جانے کا یقین ہو تو جان دینے میں کوئی بھی بخل نہ کرے۔ بر لبِ جُو۔ نہر کے کنارے پانی پر وہی بخل کرے گا جو نہر کا پانی نہ دیکھ رہا ہو۔ پاداش۔ جزاء، بدلہ۔ یوم دین۔ بدلہ کا دن، روزِ قیامت ہے کے۔ حدیث شریف ہے کُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ بِعَشْرَةِ اَمْثَالِهَا۔ انسانوں کو ہر عمل کا بدلہ دس گنا ملیگا [illegible]

؎ شدہ ان فقرے ڈر کر سخاوت سے رک رہے ہے۔ ؎۳ بخل۔ انسان بخل جب ہی کرتا ہے جب آخرت کے بدلوں پر اسکو یقین نہ ہو۔ اعواض عوض کی جمع ہے بمعنی بدلہ۔ غوّاص۔ غوطہ خور۔ از چشم۔ بدلہ پر یقین سخاوت کا سبب ہے۔ نے ز دست۔ ہاتھ [illegible] کا ہے [illegible]

گفت شہ جلدی مکن در مدحِ یار — مدحِ[۵۱] خود در ضمنِ مدحِ اُو میار

بادشاہ نے کہا دوست کی تعریف میں جلدی نہ کر — اُس کی تعریف کے ضمن میں خودستائی نہ کر

زانکہ من در امتحاں آرم ورا — شرمساری آیدت در ماجرا

اِس لئے کہ میں اُس کو آزماؤں گا — (اِس) قصہ میں تجھے شرمندگی ہوگی

## قسمِ غلام در صدق و وفائے یارِ خود از طہارتِ ظنِّ خود نزدیکِ شاہ

بادشاہ کے سامنے غلام کا اپنے دوست کی سچائی اور وفاداری کی اپنے گمان اور پاکیزگی کی وجہ سے قسم کھانا

گفت[۵۲] لے واللّٰہِ باللّٰہِ العظیم — مَالِکِ المُلکِ وَ رَحمٰن و رَحِیم

اُس (غلام) نے کہا نہیں خدا کی قسم اُس خدا کی قسم جو بزرگ ہے — سلطنت کا مالک ہے اور مہربان ہے اور رحم والا ہے

آں خدائے کہ فرستاد انبیا — نے بحاجت بل بفضل و کبریا

وہ خدا جس نے نبی بھیجے — مجبوری سے نہیں بلکہ اپنی بڑائی اور فضل سے

آں خداوندیکہ از خاکِ ذلیل — آفرید اُو شہسوارانِ جلیل

وہ خدا جس نے حقیر شئی سے — بڑے بڑے (روحانی) شہسوار پیدا فرمائے

پاک شاں کرد از مزاجِ خاکیاں — بگذرانید از تگِ افلاکیاں

اُن کو خاکیوں کے مزاج سے پاک کردیا — آسمان والوں کی دوڑ سے آگے کردیا

برگرفت از نار و نورِ صاف ساخت — وانگہ او بر جملہ انوار تاخت

آگ سے اُن کو علیحدہ کردیا اور صاف نور بنایا — تب وہ (نور) تمام نوروں سے بازی لے گیا

آں سنا[۵۳] برقے کہ بر ارواح تافت — تا کہ آدمؑ معرفت زاں نور یافت

وہ روشن برق جو روحوں پر چمکی — یہاں تک کہ (حضرت) آدمؑ نے اُس نور سے معرفت پائی

آں کز آدمؑ رُست و دستِ شیثؑ چید — پس خلیفہ اش کرد آدمؑ کاں بدید

وہ نور کہ (حضرت) آدمؑ سے پھوٹا اور اُسکو (حضرت) شیثؑ نے چنا — جب اُس رونما کو (حضرت) آدمؑ نے دیکھا تو اُن (حضرت) شیثؑ ...

نوحؑ از آں گوہر چو برخوردار شد — در ہوائے بحرِ جاں دُربار شد

جب حضرت نوحؑ اُس موتی (نور) سے نفع اندوز ہوئے — جان کے سمندر کے شوق سے موتی برسانے لگے

جانِ ابراہیمؑ از آں انوارِ زفت — بے حذر در شعلہائے نار رفت

(یہی) عالیشان نوروں کی وجہ سے (حضرت) ابراہیمؑ کی جان — بے جھجک آگ کے شعلوں میں گھس گئی

۵۱ مدحِ خود۔ انسان بسا اوقات دوسروں کی تعریف اِس لئے کرتا ہے کہ لوگ اُسکی نیکی کے قائل ہوجائیں۔ ماجری جو ہوا واقعہ۔

۵۲ نے یعنی جو میں تعریف کرتا ہوں غلط نہیں ہے۔ واللّٰہ۔ یہاں سے قسم شروع ہوتی ہے اور سینتالیس شعروں تک قسم کا ہی مضمون ہے اور اڑتالیسویں شعر "کہ در صفاتِ خواجہ تاش" جوابِ قسم ہے۔ نے بحاجت یعنی خدا انبیا کو بھیجنے میں مجبور نہ تھا بلکہ انبیا کی رسالت بھی اُس کا کرم ہے۔ شہسواراں یعنی انبیا اور اولیا۔ خاکیاں عنصری مخلوق۔ تگ۔ رفتار۔ افلاکیاں آسمانی مخلوق۔ نار۔ آگ بُرے اخلاق۔ تاخت۔ چڑھ دوڑا۔

۵۳ سنا۔ روشنی، حدیث شریف میں ہے کہ ازل میں اللہ تعالیٰ نے تمام روحوں کو جمع کرکے اُن پر نور برسایا جس پر وہ نور پڑ گیا وہ ہدایت پاگیا جس پر نہ پڑا وہ گمراہ ہوگیا۔ معرفت۔ خدائی عرفان۔ شیثؑ حضرت آدمؑ کے صاحبزادے ہیں جو حضرت آدمؑ کے بعد نبی ہوئے اور حضرت آدمؑ نے اپنی زندگی میں اُن کو اپنا جانشین بنایا۔ نوحؑ حضرت آدمؑ کی وفات کے ایک سو چالیس سال بعد حضرت نوحؑ کی ولادت ہوئی جوان ہوتے ہی رسول بنا دیئے گئے۔ ابراہیمؑ نمرود کا زمانہ تھا جس وقت حضرت ابراہیمؑ سینتیس سال کے تھے اُنکو نمرود نے آگ میں جلا دینا چاہا۔

چونکہ اسمٰعیلؑ در جویش فتاد — پیشِ دشنۂ آبدارش سر نہاد

چونکہ (حضرت) اسماعیلؑ اُس (نور) کی نہر میں گُھسے — اور اُس کے تیز خنجر کے سامنے سر رکھ دیا

جانِ داؤدؑ از شعاعش گرم شد — آہن اندر دستِ بافش نرم شد

(حضرت) داؤدؑ کی جان اُس (نور) کی شعاع سے گرم ہوئی — لوہا اُن کے بُننے والے ہاتھ میں نرم ہو گیا

چوں سلیمانؑ بُد وصالش را رضیع — دیو گشتش بندہ فرمان و مطیع

چونکہ (حضرت) سلیمانؑ اُس (نور) کے وصال سے شیر خوار تھے — دیو (اور پری) اُن کے حکم کے غلام اور فرمانبردار ہو گئے

در قضا یعقوبؑ چوں بنہاد سر — چشم روشن کرد از بوئے پسر

(حضرت) یعقوبؑ نے جب (نور کے تحت) خدائی حکم کے آگے (سر رکھا) — تو بیٹے کی خوشبو سے آنکھوں کو روشن کیا

یوسفِؑ مہ رو چو دید آں آفتاب — شد چناں بیدار در تعبیرِ خواب

چاند کے ٹکڑے جیسے (حضرت) یوسفؑ نے جب اُس نور کا [illegible] — تو خواب کی تعبیر دینے میں بہت بیدار مغز ہو گئے

چوں عصا از دستِ موسیٰؑ آب خورد — مُلکتِ فرعون را یک لقمہ کرد

جب لاٹھی (حضرت) موسیٰؑ کے ہاتھ سے سیراب ہوئی — فرعون کی سلطنت کو ایک لقمہ بنا لیا

جانِ جرجیسؑ از فرش چوں راز یافت — ہفت نوبت جاں فشاند و باز یافت

(حضرت) جرجیسؑ کی جان نے جب اُس (نور) کی عظمت — سات مرتبہ جان نثار کی اور پھر پا لی

چونکہ زکریا ز عشقش دم زدے — کرد در جوفِ درختش جاں فدے

(حضرت) زکریاؑ نے (اُس نور کی وجہ سے) اُس کے عشق کا دم بھرا — اُس کے درخت کے بیچ میں جان قربان کر دی

چونکہ یونسؑ جرعہ زاں جام یافت — در درونِ ماہی او آرام یافت

چونکہ (حضرت) یونسؑ نے اُس (نور کے) جام سے ایک — مچھلی کے (پیٹ کے) اندر انہوں نے آرام کیا

چونکہ یحییٰ مست گشت از ذوقِ او — سر بطشتِ زر نہاد از شوقِ او

چونکہ (حضرت) یحییٰؑ اُس (نور) کے ذوق سے مست ہو گئے — اُس کے عشق میں سونے کے طشت میں سر دیدیا

چوں شعیبؑ آگاہ شد زیں ارتقا — چشم را در باخت از بہرِ لقا

جب (حضرت) شعیبؑ اُس (نور کی وجہ سے) عروج سے واقف ہوئے — ملاقات کے لئے آنکھیں ہار دیں

---

حضرت سلیمانؑ کی اولاد میں ہیں قوم نے ستایا تو انھوں نے ایک درخت میں پناہ لی جسکو قوم نے آرے سے چیر کر انکو شہید کر دیا۔

ٹ۵ یونسؑ آپ نینوا میں مبعوث ہوئے۔ قوم کو سمجھایا انکی نافرمانی سے ناراض ہوکر اس خیال سے کہ اب انپر عذاب نازل ہوگا مع اہل و عیال کے اُس بستی سے نکل کر چلے گئے عذاب نازل نہوا تو شرمندگی کی وجہ سے کسی اور طرف چل دیئے پھر انپر غلب ہوا جس کشتی میں سوار ہوئے وہ نہ چلی تو دریا میں پھینکے گئے اور مچھلی نے انکو نگل لیا۔ توبہ کی تو مچھلی کے پیٹ سے زندہ برآمد ہوئے۔

یحییٰؑ ہیرودس نامی بادشاہ کے دور میں مبعوث ہوئے اُسنے ایک عورت کی سازش سے انکو قتل کرایا اور سونے کے طشت میں انکا سر رکھ کر اُس عورت کو پیش کیا۔ شعیبؑ اہل مدین اور اصحاب ایکہ کیلئے مبعوث ہوئے لیکن نافرمانی کی وجہ سے وہ لوگ صفحۂ [illegible]

ٹ۱ اسماعیلؑ حضرت ابراہیمؑ کو خواب میں حکم ہوا کہ اپنے بیٹے اسماعیلؑ کی قربانی دو چنانچہ حضرت اسماعیلؑ قربان ہونے کیلئے فوراً تیار ہو گئے۔ داؤدؑ حضرت شمویلؑ اور اس دور کے بادشاہ طالوت کے بعد بنی اسرائیل میں پیدا ہوئے رسول بنائے گئے اور زبور آپ پر نازل ہوئی اُن کا معجزہ تھا کہ لوہا اُن کے ہاتھ میں موم کی طرح نرم ہو جاتا تھا جس سے وہ زرہیں بناتے تھے سلیمانؑ حضرت داؤدؑ کے فرزند ہیں اور اپنے والد کی طرح سلطنت اور نبوت کے جامع تھے آپ کی سلطنت جن اور انس پر تھی۔ رضیع شیر خوار۔ دیو جن بھی فرمانبردار تھے یعقوبؑ اپنے بیٹے یوسفؑ کے فراق میں اس قدر روئے کہ بینائی جاتی رہی پھر حضرت یوسفؑ کی قمیص کی خوشبو سے بینائی لوٹی۔

ٹ۲ یوسفؑ حسین اور خواب کی تعبیر میں مہر اور فطین تھے جس کا قرآن میں ذکر ہے۔ عصا آب خورد میں پانی زندگی کا سبب ہے خشک لکڑی حضرت موسیٰؑ کے ہاتھ کی وجہ سے زندہ ہو کر سانپ بنی تو گویا اُسنے حضرت موسیٰؑ کے ہاتھ سے پانی حاصل کیا۔ ملک یک لقمہ کرد حضرت موسیٰؑ کا معجزہ سلطنت کے زوال کا سبب بنا۔ جرجیسؑ حضرت عیسیٰؑ کے حواری کے صاحبزادے در سیفہ میں ان کی قوم نے انکو کئی مرتبہ ہلاک کیا لیکن وہ زندہ ہو گئے [illegible]

شکر کرد ایوبؑ[1] صابر ہفت سال | در بلا چوں دید آثارِ وصال
حضرت ایوبؑ صابر نے (اُس نور کی بدولت) سات سال شکر ادا کیا | مصیبت میں جبکہ وصال کے آثار دیکھے

خضرؑ و الیاسؑ[2] ازیش چوں دم زدند | آبِ حیواں یافتند و کم زدند
(حضرت) خضرؑ اور الیاسؑ نے جب اُس (نور) کی شراب کا گھونٹ پیا | انھوں نے آبِ حیات پالیا اور پروانہ کی

نرد بانش عیسیٰؑ مریمؑ چو یافت | بر فرازِ گنبدِ چارم شتافت
حضرت عیسیٰ ابنِ مریم نے جب اُس (نور) کی سیڑھی پالی | چرخِ چہارم کی بلندی پر چڑھ گئے

چوں محمدؐ یافت آں مُلک و نعیم | قرصِ مہ را کرد اندر دم دو نیم
جب (حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے (نور کی) وہ دولت | فوراً چاند کی ٹکیہ کے دو ٹکڑے کردیئے

چوں ابوبکرؓ آیتِ توفیق شد | با چناں شہ صاحب و صدیق شد
جب (حضرت) ابوبکرؓ (نور کی بدولت) توفیقِ (خداوندی) کے | ایسے بادشاہ کے ساتھی اور تصدیق کرنیوالے ہوئے

چوں عمرؓ شیدائے آں معشوق شد | حق و باطل را ز دل فاروق شد
جب (حضرت) عمرؓ اُس معشوق (نور) کے شیدا بنے | دل سے حق اور باطل میں امتیاز کرنیوالے ہوگئے

چونکہ عثمانؓ آں عیاں را عین گشت | نور فائض بودہ ذو النورین[3] گشت
چونکہ (حضرت) عثمانؓ اُس (نور) مشاہد کی آنکھ بنے | نور فیضان رساں تھا وہ ذو النورین بن گئے

چوں ز نورش مرتضیٰؓ شد دُر فشاں | گشت اُو شیرِ خدا در مرجِ جاں
جب اُسکے نور سے (حضرت علی) مرتضیٰ موتی برسانیوالے بنے | تو وہ جان کے جنگل میں شیرِ خدا ہوگئے

روشن از نورش چو سبطینؓ آمدند | عرش را دُرّیں و قرطین آمدند
چونکہ حسنین رض اُس کے نور سے روشن پیدا ہوئے | عرش کے لئے دو موتی اور دو بالے بن گئے

آں[4] یکے از زہر جاں کردہ نثار | واں سر افگندہ براہش مست وار
اُس ایک نے زہر سے جان نثار کردی | اور اُس (دوسرے) نے مستانہ وار اُسکی راہ میں سر دیدیا

چونکہ سبطینؓ از سرش واقف بُدند | گوشوارِ عرشِ ربانی شدند
چونکہ حسنینؓ اُس (نور) کے راز سے واقف تھے | خدا کے عرش کے گوشوارے بن گئے

سبطِ پاکش ہم حسینؓ و ہم حسنؓ | گوشوارِ عرشِ حیِّ ذو المنن
اُن کی پاک اولاد حسینؓ بھی اور حسنؓ بھی | حیِّ ذو المنن کے عرش کے گوشوارے ہیں

چوں جنیدؒ از جندِ او دید آں مدد | خود مقاماتش فزوں شد از عدد
جب (حضرت) جنیدؒ نے اُس (نور) کے لشکر کی مدد دیکھی | اُن کے مرتبے شمار سے (آگے) بڑھ گئے

---

[1] ایوبؑ۔ انکی طرح طرح کی آزمائش ہوئی مال و اولاد تباہ ہوئی جسم پھٹنے لگا لیکن اُن کے صبر و شکر میں فرق نہ آیا۔ خضرؑ و الیاسؑ۔ حضرت الیاسؑ بنی اسرائیل میں نبی بنا کر بھیجے گئے لیکن قوم نے اُن کا کہنا نہ مانا تو حضرت الیسعؑ کو قائم مقام بنا کر روپوش ہوگئے اُن کو اور حضرت خضرؑ کو روئے زمین پر زندہ مانا جاتا ہے۔ عیسیٰؑ مسیح یہ ہے کہ وہ دوسرے آسمان پر زندہ ہیں، اُن کا چوتھے آسمان پر ہونا عوام میں مشہور ہے۔ قرص۔ شق القمر کا معجزہ آنحضورؐ سے مکہ میں ظاہر ہوا۔ صاحب۔ ساتھی۔ صدّیق۔ راست گو، تصدیق کنندہ۔ فاروق۔ جُدا کرنے والا۔

[3] ذو النورین۔ دو نور والا، حضرت عثمانؓ کی شادی حضورؐ کی دو صاحبزادیوں حضرت رقیہ رضؓ اور حضرت ام کلثوم رضؓ سے یکے بعد دیگرے ہوئی، اسلئے اُن کا یہ لقب پڑا۔ مرتضیٰ۔ حضرت علی رضؓ۔ دُر فشاں۔ موتی برسانے والا۔ مرج۔ چراگاہ، جنگل۔ سبطین۔ دو بیٹے حسن حسین رضی اللہ عنہما۔ دُرّیں۔ دو موتی۔ قرطین۔ دو گوشوارے۔

[4] آں یکے حضرت حسنؓ کو زہر دیدیا گیا جس سے اُنکی شہادت ہوگئی۔ واں۔ حضرت حسینؓ کو دشتِ کربلا میں شہید کردیا گیا۔ جنیدؒ مشہور بزرگ ہیں تصوف میں صاحبِ تصانیف ہیں شریعت و طریقت کے جامع

بایزیدؒ[1] اندر مزیدش راہ دید　　نامِ قطب العارفیں از حق شنید

(حضرت) بایزیدؒ نے اُس دنیہ کی زیادتی میں رستہ پایا　　خدا سے قطب العارفین کا لقب سنا

چونکہ کرخیؒ کرخ[2] او را شد حرس　　شد خلیفۂ حق و ربانی نفس

چونکہ (حضرت) کرخیؒ اُس کے کرخ کے محافظ بنے　　خدا کے خلیفہ اور خدائی سانس والے بن گئے

پورِ ادہمؒ[3] مرکب آں سو راند شاد　　گشت او سلطانِ سلطانانِ داد

ادہمؒ کے بیٹے نے خوشی سے اُس طرف سواری ہانکی　　تو انصاف کے بادشاہوں کے بادشاہ بن گئے

واں شقیقؒ[4] از شقِ آں راہِ شگرف　　گشت او خورشید رای و تیز طرف

حضرت شقیقؒ اس عجب رستہ کو طے کر کے کی وجہ سے　　آفتاب جیسی رائے والے اور تیز نگاہ بن گئے

شد فضیلؒ[5] از رہزنی رہ پیرِ راہ　　چوں بلحظِ لطف شد ملحوظِ شاہ

حضرت فضیلؒ راستہ کی رہزنی سے راہ (طریقت) کے　　جب شاہ کی مہربانی سے منظورِ نظر بنے

بشرِ حافیؒ[6] را مبشر شد ادب　　سر نہاد اندر بیابانِ طلب

بشر حافیؒ کے لئے ادب بشارت دینے والا بنا　　تو وہ طلب کے بیابان میں چل پڑے

چونکہ ذوالنونؒ[7] از غمش دیوانہ شد　　مصرِ جاں را ہمچو شکر خانہ شد

چونکہ (حضرت) ذوالنونؒ اُس کے غم میں دیوانہ بنے　　روح کی بستی کے لئے شکر خانہ جیسا بن گئے

چوں سریؒ بے سر شد اندر راہِ او　　بر سریرِ سروراں شد جاہِ او

جب سریؒ اُس کے راستہ میں فنا ہو گئے　　شاہوں کے تخت پر اُن کی جگہ ہو گئی

رحمت و رضوانِ حق در ہر زماں　　باد بر جان و روانِ پاکِ شاں

ہر زمانہ میں اللہ (تعالیٰ) کی رضامندی اور رحمت　　اُن کی پاک جان اور روح پر رہے

صد ہزاراں بادشاہانِ مہاں　　ق　　سر فراز انند زاں سوئے جہاں

لاکھوں بڑے بڑے شاہِ (طریقت)　　جو اُس عالم کی جانب سے سرفراز ہیں

نامِ شاں از رشکِ حق پنہاں بماند　　ہر گدائے نامِ شاں را بر نخواند

اُن کا نام اللہ (تعالیٰ) کے رشک کی وجہ سے　　کسی درویش نے بھی اُن کا نام ظاہر نہ کیا

کا شمار ہے۔ سریؒ۔ بزرگ مشہور بزرگ ہیں۔ آپ کے نام کے ساتھ سقطی بھی لگایا جاتا ہے کیونکہ آپ کباڑ فروشی بھی کرتے تھے، معروف کرخیؒ کے خلیفہ اور حضرت جنید بغدادیؒ کے ماموں ہیں۔ بے سر شد یعنی خود کو فنا کر دیا یا اپنے سر سے انانیت کو نکال دیا۔ صد ہزاراں۔ لاکھوں اولیاء اللہ کہ ایسے محجوب ہیں کہ خدا رشک کی وجہ سے ان کو مخفی رکھتا ہے اور اس کو گوارا نہیں کرتا ہے کہ دوسرے انکو پہچانیں۔

[1] بایزیدؒ بسطامی کہلاتے ہیں اُن کا لقب قطب العارفین ہے کرخیؒ کرخ کا رہنے والا کرخ بغداد یا بلخ کا ایک گاؤں ہے۔ یہ حضرت معروفؒ کا لقب ہے حرس: نگہبان چوں کہ حضرت معروفؒ مقام کرخ میں رات بھر بیداری اور گریہ زاری میں مصروف رہتے اسلئے اُن کو کرخ کا نگہبان کہا ہے۔

[3] پورِ ادہمؒ۔ ادہم کا بیٹا، یعنی حضرت ابراہیمؒ شاہی خاندان سے تھے بلخ کی سلطنت چھوڑ کر فقیری اختیار کر لی تھی۔ امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد اور جامع طریقت و شریعت تھے۔ شقیقؒ بلخ کے رہنے والے مشہور تاجر تھے پھر سب کچھ خیرات کر کے فقیری اختیار کر لی تھی امام ابو یوسفؒ کے شاگرد تھے فضیلؒ۔ ابتدائی زندگی میں ڈاکو تھے لیکن ہمیں صوفیا کا بنائے رکھتے تھے نماز باجماعت کے پابند تھے بالآخر ہدایت ملی اور اولیاء کاملین میں سے ہو گئے۔ بشر حافیؒ ننگے پیر رہنے والے بشر یہ بڑے عالم تھے اور پھر بہت بڑے ولی ہو گئے مبشر شد ادب بشر نے ایک کاغذ پر بسم اللہ لکھی ہوئی پڑی دیکھی اسکو اٹھایا اور عنبر خوشبو لگا کر ایک طاق میں رکھا اُن کا یہ ادب اُن کے روحانی عروج کا سبب بنا اور اولیاء کاملین میں شمار ہوئے۔

[7] ذوالنونؒ مصری مشہور بزرگ ہیں۔ ملامتیہ فرقہ میں آپ

حقِ آں نور و حقِ نورانیاں — کاندراں بحر اند ہمچو ماہیاں[1]

قسم ہے اُس نور کی اور قسم ہے اُن نور والوں کی — جو اُس (نور کے) سمندر میں مچھلیوں کی طرح ہیں

بحرِ جان و جانِ بحر ار گویمش — نیست لائق نامِ نو می جویمش

اگر میں اُس (نور کے سمندر) کو جان کا سمندر اور سمندر کی جان کہوں — مناسب نہیں ہے اُسکے لئے نیا نام تلاش کرونگا

حقِ آں آنے کہ این و آں ازوست — مغزہا نسبت بدو باشند پوست

اُس ملکیت کی قسم کہ یہ اور وہ اُسی سے ہے — جسکے اعتبار سے مغز (بمنزلہ) چھلکے کے ہیں

کہ صفاتِ[2] خواجہ تاش و یارِ من — ہست صد چنداں کہ ایں گفتارِ من

کہ ساتھی اور میرے یار کی خوبیاں — میرے اِس بیان سے سَو گنا ہیں

آنچہ می دانم ز وصفِ آں ندیم — باورت ناید چہ گویم اے کریم

اُس دوست کی خوبی جو میں جانتا ہوں — اے صاحبِ کرم! میں کیا بتاؤں آپ یقین نہیں

شاہ گفت اکنوں از آنِ خود بگو — چند گوئی آنِ این و آنِ او

شاہ نے کہا اب اپنی بات کہہ — اِس کی اور اُس کی کب تک کہے گا؟

تو چہ داری و چہ حاصل کردۂ — از تگِ دریا چہ دُر آوردۂ

تیرے پاس کیا ہے؟ اور تو نے کیا حاصل کیا ہے؟ — دریا کی تہہ سے کیا موتی لایا ہے؟

روزِ مرگ ایں حسِ تو باطل شود — نورِ جاں داری کہ یارِ دل شود

مرتے وقت تیری یہ حس تو بیکار ہو جائے گی — تیرے پاس روح کا نور بھی ہے جو دل کا رفیق بنے

در لحد[3] کیں چشم را خاک آگند — ہست آنچہ گور را روشن کند

قبر میں اِس آنکھ کو مٹی بھر دے گی۔ — وہ کچھ بھی ہے جو قبر کو روشن کرے

نورِ دل از جاں بود اے یارِ غار — مستعار آں را مداں اے مستِ عار

اے جگری دوست! دل کا نور روح سے ہوتا ہے — اے مغرور! اُس کو مانگی ہوئی چیز نہ سمجھ

آں زماں کیں دست و پایت بر دَرَد — پر و بالت ہست تا جاں بر پَرَد

جس وقت تیرے یہ ہاتھ پیر ریزہ ریزہ ہو جائینگے — بال و پر ہیں کہ روح پرواز کرے

آں زماں کیں جانِ حیوانی نماند — جانِ باقی بایدت بر جا نشاند

جس وقت یہ حیوانی روح نہ رہے گی — اُس کی جگہ باقی رہنے والی جان بٹھانی چاہیئے

شرطِ مَن جَاءَ بِالحَسَن نے کردن ست — بل حسن را سوئے حضرت بُردن ست

جو شخص نیکی لایا اس کی شرط نیکی کرنا نہیں ہے — بلکہ نیکی کو دربار میں لے جانا ہے

---

[1] ہمچو ماہیاں۔ اولیاء کاملین کی تشبیہ مچھلیوں سے دیجاتی ہے کیونکہ جس طرح مچھلی بغیر پانی زندہ نہیں رہ سکتی اسی طرح وہ لوگ تقربِ الٰہی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔ نیست لائق۔ خدا کی پوری صفات اُس کا کوئی نام ظاہر نہیں کرسکتا۔ مغزہا۔ اور ملکیتیں خواہ کتنی ہی مضبوط ہوں وہ ملکیتِ خداوندی کی بہ نسبت ہیچ ہیں۔

[2] کہ صفات۔ یہ شعر اوپر کی قسموں کا جواب ہے۔ ندیم۔ ہم مجلس، ہم پیالہ۔ باور۔ یقین۔ کریم۔ سخی، بزرگ۔ آن۔ طرز و انداز، تگت۔ تہ۔ ایں حس۔ قوائے ظاہری۔ نورِ جاں یعنی قوائے باطنی۔

[3] لحد۔ قبر میں روشنی نیک اعمال سے ہوگی۔ پر و بال یعنی روحانی کمالات۔ جانِ حیوانی۔ حیوانی روح موت پر فنا ہو جاتی ہے۔ جانِ باقی۔ روحِ انسانی۔ مَن جَاءَ بِالحَسَن۔ قرآن پاک میں ہے مَن جَاءَ بِالحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا۔ "جو ایک نیکی لایا تو اُس کے لئے دس گنا اجر ہے۔" مولانا فرماتے ہیں کہ اس شرطیہ جملہ میں مَن جَاءَ بِالحَسَنَة کا مطلب محض نیکی کرنا نہیں ہے بلکہ نیکی کو خدا کے دربار میں پیش کرنا ہے۔

جوہرے[1] داری ز انساں یا خری — ایں عرضہا کہ فنا شد چوں بری

تو انسانیت کا جوہر رکھتا ہے یا گدھا پن کا — یہ اعراض جبکہ فنا ہوگئے (انکو) کیسے لیجائیگا؟

ایں عرضہائے نماز و روزہ را — چونکہ لایبقیٰ زمانین انتفا

یہ نماز، روزہ عرض — جبکہ دو زمانوں میں باقی نہیں رہتے ہیں، ناپید ہوگئے

نقل نتواں کرد مر اعراض را — لیک از جوہر برند امراض را

اعراض کو منتقل نہیں کیا جاسکتا ہے — ہاں یہ اعراض، جوہر سے امراض خارج کردیتے ہیں

تا مبدل گشت جوہر زیں عرض — چوں ز پرہیزے کہ زائل شد مرض

ان اعراض سے جوہر میں تبدیلی ہوجاتی ہے — جیسا کہ پرہیز سے مرض جاتا رہتا ہے

گشت پرہیز عرض جوہر بجہد — شد دہان تلخ از پرہیز شہد

کوشش سے پرہیز (عرض)، جوہر (کو کمل کرنیوالا) ہوگیا — کڑوا منہ پرہیز سے میٹھا بن گیا

از زراعت[2] خاکہا شد سنبلہ — داروئے مو کرد مو را سلسلہ

کھیتی کرنے سے مٹی بال بن گئی — بالوں کی دوا نے بالوں کو بڑھا دیا

آں نکاح زن عرض بد شد فنا — جوہر فرزند حاصل شد زما

عورت سے نکاح کرنا عرض تھا جو فنا ہوگیا — فرزند جوہر ہم سے برآمد ہوگیا

جفت کردن اسپ و اشتر را عرض — جوہر کرہ بزائیدن غرض

گھوڑے اور اونٹ کی جفتی کرانا عرض ہے — مقصود بچہ جوہر جننا ہے

ہست[3] آں بستاں نشاندن ہم عرض — گشت جوہر میوہ اش اینک غرض

باغ لگانا بھی عرض ہے — اس کا پھل جوہر بن گیا یہ مقصود ہے

ہم عرض داں کیمیا بردن بکار — جوہرے زاں کیمیاگر شد بیار

کیمیاگری کو بھی عرض سمجھ — کیمیاگر کے پاس سے جوہر دستے پاس آگیا

صیقلی کردن عرض باشد شہا — زیں عرض جوہر ہمی زاید صفا

اے شاہ! صیقل کرنا عرض ہوتا ہے — یہ عرض جوہر میں صفائی پیدا کردیتا ہے

پس مگو کہ من عملہا کردہ ام — دخل آں اعراض را بنما مرم

تو یہ نہ کہہ میں نے عمل کئے ہیں — ان اعراض کی پیداوار دکھا، بھاگ نہیں

---

ہے جو سونا بنتا ہے وہ جوہر و مقصود ہے۔ صیقلی۔ صیقل کرنا، عرض ہے اس سے جو چیز صاف ہوجاتی ہے وہ جوہر اور مقصود ہے۔ پس گو بادشاہ کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کی عبادات وغیرہ سب اعراض ہیں جو ناقابل انتقال ہیں اور [illegible] میں پیش نہیں کیا جائیگی بلکہ روح پیش ہوگی جو جوہر ہے اور عبادات وغیرہ سے اسکی نشو و نما

[1] جوہر۔ موتی، ہنر، اصطلاح میں وہ چیز جوہر کہلاتی ہے جو اپنے وجود میں کسی دوسری چیز کی محتاج نہ ہو بلکہ بالذات قائم ہو۔ خری۔ خر مستی۔ عرض۔ وہ چیز جو خود قائم نہ ہو بلکہ اپنے وجود میں کسی دوسری چیز کی محتاج ہو جیسے رنگ وغیرہ۔ نماز و روزہ۔ حرکات اور اقوال کا مجموعہ ہے جن کا وجود آنی ہے زمانہ وجود کے بعد دوسرے زمانہ میں ان کا وجود نہیں رہتا ہے۔ اعراض۔ عرض کی جمع ہے عرض ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کیا جاسکتا ہے۔ جوہر۔ روح۔ امراض یعنی برے اخلاق۔ پرہیز عرض ہے اس کے ذریعہ امراض دور ہو جاتے ہیں اور انسان میں تبدیلی آجاتی ہے۔ وہاں صفراوی مریض پرہیز کرتا ہے تو منہ کی کڑواہٹ چلی جاتی ہے اور مٹھاس پیدا ہوجاتی ہے۔

[2] زراعت۔ کھیتی کرنا عرض ہے خاکہا۔ زمین کی مٹی جو جوہر ہے تبدیل ہو کر اناج کی بال بن جاتی ہے۔ دارو۔ دوا کرنا عرض ہے۔ مو۔ بال جوہر ہے جس میں درازی آئی۔ نکاح عرض ہے جس سے بچہ جو جوہر ہے پیدا ہوا۔ جفت کردن۔ گھوڑے یا اونٹ کی جفتی کرانا عرض ہے۔ بچہ۔ جوہر ہے۔

[3] ہست۔ باغ کو لگانا عرض ہے، اس کا پھل جوہر ہے جو مقصود ہے۔ ہم عرض داں۔ کیمیاگری ایک عرض ہے اس

این صفت کردن[1] عرض باشد خمش ۔ سایۂ بُز را پئے قرباں مَکُش
اسی طرح "کرنا" عرض ہوگا، چُپ رہ ۔ قربانی کے لئے بکری کے سایہ کو ذبح نہ کر

گفت شاہا بے قنوطِ عقل نیست ۔ گر تو فرمائی عرض را نقل نیست
اُس (غلام) نے کہا اے شاہ عقل کیلئے مایوسی کے سوا ۔ اگر آپ یہ کہیں کہ عرض منتقل نہیں ہوتا ہے

بادشاہا جز کہ یاسِ بندہ نیست ۔ ہر عرض کاں رفت بازآئندہ نیست
اے شاہ! (یہ بات) بندہ کی مایوسی کے سوا کچھ نہیں ہے ۔ (کہ) جو عرض چلا گیا واپس آنے والا نہیں ہے

گر نبودے مر عرض را نقل و حشر ۔ فعل بودے باطل و اقوال قشر
اگر عرض کیلئے نقل ہونا اور جمع ہونا نہیں ہے ۔ "کرنا" باطل ہوگا اور "کہنا" چھلکا ہوگا

این عرضہا نقل شد لونِ دگر ۔ حشرِ ہر فانی بود کونِ دگر
یہ اعراض دوسری طرح منتقل ہوں گے ۔ ہر فانی کا حشر دوسری ہستی میں ہوگا

نقلِ ہر چیزے بود ہم لائقش ۔ لائقِ[2] گلہ بود ہم سائقش
ہر چیز کا منتقل ہونا اُس کے مناسب ہوگا ۔ گلہ بان، گلہ کے مناسب ہوتا ہے

وقتِ محشر ہر عرض را صورتیست ۔ صورتِ ہر یک عرض را نوبتیست
حشر کے وقت ہر عرض کی ایک صورت ہوگی ۔ ہر عرض کی صورت کیلئے ایک نوبت (متعین) ہے

بنگر اندر خود کہ تو بودی عرض ۔ جنبشِ جُفتے بہ جُفتے با غرض
تو خود اپنے اندر غور کر، تو عرض تھا ۔ ایک جوڑے کی جوڑے کیساتھ حرکت خواہش کیساتھ تھی

بنگر اندر خانہ و کاشانہا ۔ در مُہندس بود چوں افسانہا
محلوں اور گھر کو دیکھ ۔ انجینیر (کے ذہن) میں خیالات کی طرح تھے

کاں فلاں خانہ کہ ما دیدیم خوش ۔ بود موزوں صُفّہ[3] و سقف و درش
کہ فلاں گھر جو ہم نے دیکھا ہے بہت خوبصورت تھا ۔ اسکا دالان اور چھت اور دروازہ بہت موزوں تھا

از مُہندس آں عرض و اندیشہا ۔ آلت آورد و ستوں از بیشہا
انجینیر کا وہ عرض اور خیالات ۔ آلہ اور جنگلوں سے ستون لائے

چیست اصل و مایۂ ہر پیشۂ ۔ جُز خیال و جُز عرض و اندیشۂ
ہر پیشہ کی اصل اور سرمایہ کیا ہے؟ ۔ سوائے خیال اور عرض اور سوچ کے

---

[3] صُفّہ۔ ایسا مسقف حصہ جس پر چہار دیواری نہ ہو۔ سقف۔ چھت۔ بیشہا۔ جنگلات۔ ہر پیشہ۔ صرف انجینیری پر ہی نہیں بلکہ ہر پیشہ میں کاریگر ایک تصور قائم کرتا ہے جو عرض ہے اور یہ تصور جوہری صورت اختیار کر لیتا ہے۔

[1] کردن یعنی انسان کا عمل جز۔ بکری جوہر ہے اس کا سایہ عرض ہے بکری کی قربانی تقرب کا سبب بنے گی نہ کہ سایہ کی قربانی۔ گفت۔ غلام کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر عبادات کو اعراض کہہ کر ناقابلِ انتقال کہا جائیگا تو عبادات کی اہمیت ختم ہو جائے گی اور عابدوں میں مایوسی پیدا ہوگی اور یہ کہنا کہ عبادات اعراض ہیں انکو دربارِ خداوندی میں دنیا سے کیسے منتقل کیا جا سکتا ہے جب صحیح ہے کہ یہ اعراض اعراض رہیں لیکن اگر ان اعراض کی تبدیلی بصورتِ جواہر کر دی جائے تو پھر اُن کے منتقل ہونے میں کوئی عقلی اشکال نہیں ہے اور شریعت نے بتایا ہے کہ انسان کی ہر عبادت اور عمل ایک خاص جوہری شکل اختیار کریگا اور دربارِ خداوندی میں پیش ہوگا۔

[2] لائقِ گلہ۔ اونٹوں کا چرواہا اور ہوتا ہے اور بکریوں کا چرواہا اور ہوتا ہے۔ نوبتیست۔ عرض مختلف جواہر کی صورت اختیار کریگا جس کے لئے وقت مقرر ہے۔ بنگر۔ یہ ایسی مثالیں ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک عرض جوہری صورت اختیار کر لیتا ہے۔ جنبش۔ ماں باپ کی ہمبستری عرض ہے اسی نے بچہ کی جوہری صورت اختیار کر لی۔ مُہندس۔ انجینیر کا ذہنی خاکہ عرض ہے جو مکان کی جوہری صورت اختیار کر لیتا ہے۔

جملہ اجزائے جہاں را بے غرض — در نگر حاصل نشد جز از غرض

دنیا کے تمام اجزاء کو بے غرض (ہو کر) — دیکھ سوائے عرض کے اور کچھ حاصل نہیں ہے

اول[1] فکر آمد آخر در عمل — بنیت عالم چناں دان در ازل

پہلے فکر آیا، پھر عمل — ایسے ہی عالم کی بنا ازل میں (سمجھ)

میوہا در فکر دل اول بود — در عمل ظاہر بآخر می شود

پھل، اول دل کے خیال میں ہوتے ہیں — آخر میں عملی طور پر ظاہر ہوتے ہیں

چوں عمل کردی شجر بنشاندئی — اندر آخر حرف اول خواندئی

جب تونے عمل کیا، شجر کاری کی — (گویا) آخر میں پہلا حرف پڑھا

گرچہ شاخ و برگ و بیخش اول ست — آں ہمہ از بہر میوہ مرسل ست

اگرچہ اس (درخت) کی شاخ اور پتے اور جڑ پہلے ہے — وہ سب میوے کے لئے بھیجے ہوئے ہیں

پس سرے کہ مغز ایں افلاک بود — اندر آخر خواجۂ[2] لولاک بود

پس وہ سردار جو ان آسمانوں کا مغز تھا — آخر میں صاحب لولاک ہوا

نقل اعراض ست ایں بحث[3] و مقال — نقل اعراض ست ایں شیر و شگال

یہ بحث اور گفتگو اعراض کی نقل ہے — یہ شیر اور گیدڑ اعراض کی نقل ہے

جملہ عالم خود عرض بودند تا — اندریں معنی بیامد ہل اتی

تمام عالم خود عرض تھا یہاں تک — کہ اسی مقصد کے لئے ہل اتی (قرآن میں) آیا ہے

ایں عرضہا از چہ زاید از صور — ویں عرض ہم از چہ زاید از فکر

یہ اعراض (دنیا) کس چیز سے پیدا ہوئے صور (مثالی) — اور یہ عرض (صور مثالی) کس چیز سے پیدا ہوا فکر (صور علمیہ) سے

ایں جہاں یک فکرتست از عقل کل — عقل چوں شاہ است و فکرتہا رسل

یہ دنیا ایک عقل کل (اللہ) کا ایک علم ہے — عقل (اللہ) گویا بادشاہ ہے اور فکر (صور علمیہ) قاصد ہیں

عالم اول جہان امتحاں — عالم ثانی جزائے ایں و آں

پہلا عالم امتحان کی دنیا ہے — دوسرا عالم اس اور اس کا بدلہ ہے

چاکرت شاہا خیانت می کند — آں عرض زنجیر و زنداں می شود

اے شاہ! آپ کا نوکر بد دیانتی کرتا ہے — وہ عرض زنجیر اور قید خانہ بن جاتا ہے

---

یہ جملہ وہ کچھ بھی نہ تھا، اس سے معلوم ہوا کہ عالم عدم کے بعد وجود میں آیا ہے۔ از صور یعنی مثالی صورتیں جو عالم شہود سے پہلے عالم مثال میں تھیں۔ ہوتی عرض یعنی یہ مثالی صورتیں اللہ تعالیٰ کی صور علمیہ سے پیدا ہوئی ہیں۔

عقل کل۔ ذات باری تعالیٰ۔ عالم اول۔ دنیا۔ عالم ثانی۔ آخرت۔ خیانت۔ نوکر کی چوری ایک عرض ہے وہ بصورت زنجیر قید خانہ

[1] اول فکر مشہور مقولہ ہے۔ اول الفکر آخر العمل یعنی پہلے تجویز پھر عمل۔ در ازل۔ جملہ اجزائے عالم ازل میں تصور علمیہ تھے پھر ان کا وجود خارج میں ہوا۔ میوہا۔ باغ لگانے کا مقصد ذہنی ہوتا ہے اور اسکے پھل پھول سب تصوراتی ہوتے ہیں، آخر میں عملی صورت وجود میں آتی ہے۔ ثمر آخر تصور کا ابتدائی نقشہ عمل کے آخر میں وجود میں آتا ہے۔ گرچہ۔ شاخ و برگ اصلی مقصد نہیں ہے مقصود پھل ہے جو آخر میں وجود میں آتا ہے۔

[2] خواجۂ لولاک۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، ایک حدیث قدسی ہے۔ لولاک لما خلقت الافلاک یعنی اے محمد اگر تمہارا وجود پیش نظر نہ ہوتا تو میں عالم کو نہ پیدا کرتا، عالم کی پیدائش سے اصل مقصود حضور کی ذات گرامی ہے اسی لئے سب سے آخر میں ظہور پذیر ہوئے محدثین کے نزدیک مضمون تو صحیح ہے لیکن یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔

[3] ایں بحث۔ اعراض کے منتقل ہونے نہ ہونے کی یہ بحث بھی عرض ہی کو منتقل کرتی ہے۔ ابتداءً تصورات تھے بعد کو بصورت جوہر وجود میں آئے شیر و شگال۔ شیر گیدڑ وغیرہ کے افسانے پہلے ان کا تصور کیا جاتا ہے پھر لکھے جاتے ہیں شگال۔ شغال، گیدڑ ہل اتی قرآن مجید میں ہے ہل اتی علی الانسان حین من الدھر یعنی بیشک انسان پر ایسا وقت

بندہ ات چوں خدمتِ[1] شائستہ کرد — آں عَرَض نے خلعتے شد در نبرد
آپ کے غلام نے جب اچھی خدمت کی — وہ عَرَض کیا معرکہ میں خلعت نہیں بنی؟

ایں عَرَض با جوہر آں بیضہ است و طیر — ایں ازاں و آں ازیں زاید بہ سیر
اِس عَرَض (کی نسبت) جوہر کیسا تھ انڈے اور پرندے کی ہے؟ — یہ اُس سے اور وہ اِس سے مسلسل پیدا ہوتا ہے

گفت[2] شاہنشہ چنیں گیر المُراد — ایں عَرَضہائے تو یک جوہر نزاد
شاہنشاہ نے فرمایا، مطلب یہی سمجھو — تیرے ان اعراض نے ایک جوہر نہ بنایا

گفت مخفی داشت ہست آں را خرد — تا بُوَد غیب ایں جہانِ نیک و بد
اس (غلام) نے کہا عقل (اللہ) نے اُسکو پوشیدہ رکھا ہے — تاکہ یہ جہانِ نیک و بد، پوشیدہ رہے

زانکہ گر پیدا شدے اَشکالِ فکر — کافر و مومن نگفتے جُز کہ ذکر
اس لئے کہ اگر خیالات کی شکلیں ظاہر ہو جاتیں — (تو) کافر اور مومن سوائے ذکرِ (خداوندی) کے زبان پر نہ لاتا

پس عیاں بودے نہ غیب اے شاہِ دیں — نقشِ دین و کفر بودے بر جبیں
اے دین کے بادشاہ! مشاہدہ ہوجاتا نہ کہ غیب — پیشانی پر دین اور کفر کا نشان ہو جاتا

کے دریں عالم بُت و بُتگر بُدے — چوں کسے را زَہرۂ تسخر بُدے
اِس عالم میں بُت اور بُتگر کب ہوتے؟ — کس طرح کسی کو مذاق اُڑانے کا حوصلہ ہوتا؟

پس قیامت بودے ایں دنیائے ما — در قیامت[3] کے کُند جُرم و خطا
ہماری یہ دنیا حشر بن جاتی — (اور) حشر میں جُرم و خطا (کوئی) کب کرسکتا ہے؟

گفت شہ پوشید حق پاداشِ بد — لیک از عامہ نہ از خاصانِ خود
بادشاہ نے فرمایا اللہ (تعالےٰ) نے بُرائی کی سزا پوشیدہ رکھی ہے — لیکن عام انسانوں سے نہ کہ اپنے خواص سے

گر بدامے افگنم من یک امیر — از امیراں خفیہ دارم نز وزیر
اگر میں (سزا کے) جال میں کسی ایک سردار کو ڈالوں — سرداروں سے مخفی رکھوں گا نہ کہ وزیر سے

حق بمن بنمود پس پاداشِ کار — وز صُوَرہائے عَملہا صد ہزار
اللہ (تعالےٰ) نے عملوں کا بدلہ میرے لئے نمودار کر دیا ہے — لاکھوں عملوں کی صورتوں کے ذریعہ

تو نشانے دِہ کہ من دانم تمام — ماہ را ابر من نمی پوشد غمام
تو اپنے اعمال کی) نشاندہی کر میں سب جان جاؤنگا — ابر چاند کو میرے سامنے نہیں چھپا سکتا

---

وزیر کی مثال خاصانِ خدا کی ہے۔ حق بمن بنمود۔ شاہ، عارف کامل تھا اور خاصانِ خدا میں سے تھا۔
تو نشانے دہ۔ تو اپنے عمل کی صورت بتا میں سمجھ لوں گا کہ وہ اچھے یا بُرا۔

[1] خدمت۔ خدمت کرنا عَرَض ہے وہ بصورتِ خلعت ظاہر ہوتا ہے جو جوہر ہے۔ ایں عَرَض۔ عَرَض اور جوہر کی وہی نسبت ہے جو انڈے اور مُرغی کی ہے۔ انڈے سے مرغی مرغی سے انڈا بنتا رہتا ہے اسی طرح عَرَض سے جوہر اور جوہر سے عَرَض صادر ہوتا رہتا ہے لہٰذا یہ کہنا کہ عَرَض ناقابلِ انتقال ہے یا عَرَض کا جوہر میں تبدیل ہونا ممکن نہیں ہے غلط بات ہے۔

[2] گفت شاہنشہ۔ بادشاہ نے کہا کہ ٹھیک ہی صحیح کہ عَرَض جوہر بن جاتا ہے تو تمہارا کوئی عمل جوہر بنا۔ گفت۔ غلام نے کہا کہ عَرَض بصورتِ جوہر دنیا میں نمایاں نہیں کیا جاتا ہے قدرت کو یہی منظور ہے ورنہ دنیا آزمائش کی جگہ نہ رہے گی۔ اشکالِ فکر یعنی اعراض بشکلِ جواہر نمودار ہو جائیں۔ پس۔ مومن کے اعمال اچھی صورتوں میں اور کافر کے اعمال بُری صورتوں میں نمایاں ہو جاتے گے۔ نہ کوئی کافر ہوتا اور نہ دین کا مذاق اُڑانے والا۔ پس قیامت۔ تو یہ دنیا محشر بن جاتا جس میں اعمال اپنی شکلوں میں ظاہر ہونگے۔

[3] در قیامت۔ محشر میں سب مُطیع و فرمانبردار ہوں گے۔ گفت شہ۔ بیشک عمل کی جزا پوشیدہ ہے لیکن عوام کے لئے، خاصانِ خدا کی نظروں کے سامنے ہے۔ یک میر امراء کی مثال عوام کی ہے اور

گفت[1] پس از گفتِ من مقصود چیست — چوں تو میدانی کہ آں چہ بود چیست
اُس (غلام) نے کہا پھر میرے کہنے کا کیا فائدہ ہے؟ — جبکہ آپ جانتے ہیں کہ جو (عمل) تھا وہ کیسا ہے

گفت شہ حکمت دَر اظہارِ جہاں — آنکہ دانستہ بروں آید عیاں
شاہ نے فرمایا دنیا کو پیدا کرنے کی حکمت — یہ ہے کہ (اللہ کا) جانا ہوا مشاہدہ میں آجائے

آنچہ می دانست تا پیدا نکرد — بر جہاں ننہاد رنجِ طلق و درد
جبتک (اللہ تعالیٰ نے) اُسکو پیدا نہ کردیا جسکو وہ جانتا تھا — دنیا پر دردِ زہ اور تکلیف کو مسلط نہیں کیا

یک زماں بیکار نتوانی نشست — تا بدی یا نیکی از تو نجست
تو تھوڑی دیر بھی بیکار نہیں بیٹھ سکتا ہے — جب تک کہ کوئی بدی یا نیکی تجھ سے سرزد نہ ہو

ایں تقاضا[2] ہائے کار از بہرِ آں — شد مؤکل تا شود سرّت عیاں
کام کے یہ تقاضے اِس لئے — مسلط ہوئے تاکہ تیرا بھید کھل جائے

ورنہ کے گیرد کلابہ تن قرار — چوں ضمیرت می کشد او را بکار
ورنہ (یہ کیوں ہے کہ) بدن کا چرخہ کب قرار پکڑتا ہے؟ — چونکہ تیرا دل اُس کو کام کی طرف کھینچتا ہے

پس کلابہ تن کجا ساکن شود — چوں سرِ رشتہ ضمیرش می کشد
جسم کا چرخہ کہاں ٹھہرتا ہے؟ — جبکہ دل کا دھاگا اُس کو چلاتا ہے

تاسہ[3] تو شد نشانِ آں کشش — بر تو بیکاری بُود چوں جاں کنش
اُس کشش کی علامت تیری بے چینی ہے — بیکاری تیرے لئے جان کنی ہے

تاسۂ تو آں کشش را شد نشاں — ہست بیکاری چو جاں کندن عیاں
تیری بے قراری اُس کشش کی علامت ہے — ظاہر ہے کہ بیکاری جان کنی کی طرح ہے

ایں جہان و آں جہاں زاید ابد — ہر سبب مادر اثر از وے ولد
یہ جہاں اور وہ جہاں ہمیشہ (نتائج) پیدا کرتا ہے — ہر سبب ماں ہے مسبّب اُس کا بچہ ہے

چوں اثر زائید آں ہم شد سبب — تا بزاید زو اثر ہائے عجب
جب مسبّب پیدا ہوا وہ بھی سبب بن گیا — یہاں تک کہ اُس نے عجب مسبّبات پیدا کئے

ایں سببہا نسل بر نسل ست لیک — دیدۂ باید منوّر نیک نیک
یہ اسباب نسل در نسل ہیں لیکن — بہت روشن آنکھ چاہیئے

---

[1] گفت۔ غلام نے کہا کہ جب آپ کا کشف اس قدر بڑھا ہوا ہے تو مجھ سے کیوں پوچھتے ہیں۔ گفت۔ خ سنت اللہ یہی ہے کہ وہ زبان سے کہلواتا ہے ورنہ اُس کے علم میں سب کچھ ہے اسی لئے اُس نے عالم کو بنایا ہے لہٰذا پھر اُس کو عالمِ تکلیف قرار دیا ہے۔ یک زماں۔ انسان بیکار نہیں بیٹھ سکتا لامحالہ اچھا یا برا کام کرتا ہے۔

[2] ایں تقاضائے کار۔ انسان کو کام پر اسی لئے مجبور کیا ہے تاکہ اُس کی پوشیدہ نیکی اور بدی وجود اور مشاہدہ میں آجائے۔ ورنہ۔ یعنی اگر تجھے یہ تسلیم نہیں ہے کہ پوشیدہ برائی بھلائی کو عالمِ وجود میں لانا تھا تو یہ بتا کہ انسانی بدن کا چرخہ ہر وقت کیوں گھومتا ہے اور اُس کو قرار کیوں نہیں ہے۔ کلابہ۔ چرخہ، آنٹی۔

[3] تاسہ۔ بے چینی، بیکاری میں انسان کی بے چینی اس کی دلیل ہے کہ اُس کا قلبی تقاضا ہے کہ وہ عمل کرے۔ جاں کنش۔ جاں کنی۔ ایں جہاں۔ دنیا کو عالمِ اسباب بنایا اور ہر سبب کا ایک نتیجہ اور اثر متعین کیا جو اُس سے وجود میں آجاتا ہے یہ سب اسی لئے ہے کہ خدا کو اپنی معلومات کا خارجی وجود پیدا کرنا تھا۔ چوں اثر۔ ایک سبب کی وجہ سے ایک مسبّب وجود میں آتا ہے پھر وہ مسبّب سبب بن کر کسی دوسرے مسبّب کو موجود کر دیتا ہے۔ باپ سبب بنا بیٹے کے وجود کا اور بیٹا مسبّب ہوا پھر یہ بیٹا سبب بن گیا پوتے کے وجود کا۔ یہی سلسلہ نسل در نسل چلتا ہے۔

شاہ[1] با او در سخن اینجا رسید — تا بدید از وے نشانے یا ندید
بادشاہ اس کے ساتھ گفتگو میں یہاں تک پہنچا — (نہ معلوم) اس (غلام کے عمل) کا کوئی نشان دیکھا یا نہیں دیکھا

گر بدید آں شاہِ جویا دُور نیست — لیک ما را ذکرِ آں دستور نیست
اگر جستجو کرنے والے بادشاہ نے دیکھ لیا ہو تو بعید نہیں — لیکن اس کا ذکر کرنا ہمارا شیوہ نہیں ہے

چوں ز گرمابہ بیامد آں غلام — سوئے خویشش خواند آں شاہِ ہمام
جب وہ غلام حمام سے آیا — تو بلند مرتبہ بادشاہ نے اس کو اپنی طرف بلایا

## باز پرسیدن حالِ آں غلام
پھر اس غلام کی حالت پوچھنا

گفت صحّاً[2] لکَ نعیمٌ دائمٌ — بس لطیفی و ظریف و خوبرو
اس (بادشاہ) نے کہا خدا کرے تو تندرست رہے (اور) تیرے لئے (دائمی نعمت) — تو بہت پاکیزہ اور خوش طبع اور خوبصورت ہے

پس سوئے کارے فرستاد آں دگر — تا ازیں دیگر شود او باخبر
پھر اس دوسرے (غلام) کو ایک کام کیلئے بھیج دیا — تاکہ اس دوسرے سے وہ باخبر نہ ہو

پیش بنشاندش بصد لطف و کرم — بعد ازاں گفت اے چو ماہ اندر ظُلَم
بڑی مہربانی اور کرم سے اس کو سامنے بٹھایا — اس کے بعد کہا، اے تاریکی کے چاند جیسے!

ماہ روئی جعد موئی مشکبو — نیک خوئی نیک خوئی نیک خو
تیرا چاند جیسا مکھڑا ہے تو گھنگریالے بال والا (اور) مشک کی سی خوشبو والا ہے — تو نیک خو ہے، تو نیک خو ہے، نیک خو ہے

اے دریغا گر نبودے در تو آں — کہ ہمی گوید برائے تو فلاں
ہائے افسوس! اگر تجھ میں وہ باتیں نہ ہوتیں — جو فلاں نے تیرے بارے میں کہی ہیں

ق
شاد گشتے ہر کہ رویت دیدئیے — دیدنت مُلکِ جہاں ارزیدئیے
جو بھی تیرا چہرہ دیکھتا خوش ہوتا — تیرا دیکھنا دنیا کی سلطنت کی قیمت کا ہوتا

گفت رمزے[3] زاں بگو اے بادشا — کز برائے من چہ گفت آں دین تباہ
اس (غلام) نے کہا اے شاہ! اس میں سے کچھ بتایئے — اس بے ایمان نے میرے بارے میں کیا کہا ہے؟

گفت اوّل وصفِ دو روئیت کرد — کاشکارا تو دوائی خفیہ درد
اس (شاہ) نے کہا پہلے تو اس نے تیرے دو رُخے ہونے کی (بات کی) — کہ بظاہر تو دوا ہے، بباطن درد ہے

خُبثِ یارش را چو از شہ گوش کرد — در زماں دریائے خشمش جوش کرد
جب اس نے بادشاہ سے اپنے دوست کی خباثت سنی — فوراً ہی اس کے غصہ کا دریا جوش میں آ گیا

---

[1] شاہ با او۔ غلام اور بادشاہ کی گفتگو یہاں تک ہوئی کہ بادشاہ نے غلام کے اعمال کی صورتیں دیکھنے کا ذکر کیا اُنکے صورتیں دیکھیں یا نہیں دیکھیں یہ بات ضرورت سے زیادہ ہے لہٰذا ہم اس کا ذکر مناسب نہیں سمجھتے ہیں۔ دُور نیست۔ چونکہ بادشاہ عارفِ کامل تھا لہٰذا وہ بذریعۂ کشف دیکھ بھی سکتا تھا۔ گرمابہ۔ حمام۔ ہمام۔ معظم۔

[2] صحّاً۔ نصحَّ سے تھا جملہ دعائیہ ہے خدا تجھے تندرست رکھے۔ لَکَ نعیمٌ دائمٌ۔ یہ بھی جملہ دعائیہ ہے، خدا کرے تجھے باقی رہنے والی نعمت حاصل ہو۔ لطیف۔ پاکیزہ۔ ظریف۔ خوش مزاج۔ آں دگر۔ گندہ دہن غلام ازیں۔ وہ غلام جو نہا کر آیا تھا۔ ماہ اندر ظُلَم۔ چاند کا حسن رات کی تاریکی میں ہی نمایاں ہوتا ہے دن میں اس کی قدر و قیمت نہیں ہے۔ جعد مو۔ گھنگریالے بال۔ فلاں یعنی گندہ دہن غلام۔ دیدئیے۔ دیدے یعنی تمنائی ہے اس میں ایک یار زیادہ لگا دی گئی ہے۔

[3] رمزے۔ اشارہ۔ دین تباہ۔ بے دین، فاسق۔ دو روئی۔ دوغلاپن، منافقت۔ کاشکارا۔ کہ آشکارا۔ دوائی۔ دوا ہستی تجھ تک۔ بدباطنی۔ گوش کرد۔ سنا۔ در زماں۔ فوراً

کف[1] برآورد آں غلام و سرخ گشت | تا کہ موجِ ہجوِ او از حد گذشت
وہ غلام مُنہ میں جھاگ بھر لایا اور سُرخ ہو گیا | یہاں تک کہ مذمت کرنے کا جذبہ حد سے گزر گیا

کو زاوّل دَم کہ با من یار بود | ہمچو سگ در قحط سرگیں خوار بود
کہ وہ شروع ہی سے جب سے کہ میرا دوست تھا | قحط میں کتّے کی طرح گوبر کھانے والا تھا

چوں دمادم کرد ہجوش چوں جرس | دست بر لب زد شہنشاہش کہ بس
جب اُس نے اُس کی گھنٹے کی طرح دمادم مذمت کی | شہنشاہ نے اُس کے ہونٹ پر ہاتھ رکھ دیا کہ بس

گفت دانستم ترا از وے بداں | از تو جاں گندست از یارت دہاں
اُس (بادشاہ) نے فرمایا میں تجھے جو اُسے سمجھ گیا سمجھ لے | تیری روح گندی ہے، اور اُس کا مُنہ گندہ ہے

پس نشیں اے گندہ[2] جاں از دور تو | تا امیر او باشد و مامور تو
بس اے گندہ رُوح! تو دُور بیٹھ | تاکہ وہ حاکم بنے اور تو محکوم (بنے)

بہرِ ایں گفتند اکابر در جہاں | رَاحَةُ الْاِنْسَانِ فِیْ حِفْظِ اللِّسَانْ
اِسی لئے دنیا بھر کے بزرگوں نے کہا ہے | انسان کی راحت زبان کی حفاظت میں ہے

در حدیث آمد کہ تسبیح از ریا | ہمچو سبزہ گولخن داں اے کیا
حدیث (شریف) میں آیا ہے کہ ریاکاری کی تسبیح | اے عقلمند! کوڑی کا سبزہ سمجھ

پس بداں کہ صورتِ خوب نکو | با خصالِ بد نیرزد یک تسو
بس سمجھ لے بھلی، اچھی صورت | بُری عادتوں کے ہوتے ہوئے چار جَو کے لائق نہیں ہے

در[3] بود صورت حقیر و ناپذیر | چوں بود خُلقش نکو در پاش میر
اگر صورت حقیر اور نہ بھانے والی ہو | جب اُسکے اخلاق اچھے ہوں تو اُسکے قدموں میں جان دیدے

صورتِ ظاہر فنا گردد بداں | عالمِ معنیٰ بماند جاوداں
سمجھ لے، ظاہری صورت فنا ہو جائے گی | باطن کا عالم ہمیشہ (باقی) رہے گا

چند باشی عاشقِ صورت بگو | طالبِ معنیٰ شو و معنیٰ بجو
بتا، صورت کا عاشق کب تک (بنا) رہے گا؟ | سیرت کا طلبگار بن اور باطن کی تلاش کر

چند بازی عشق با نقشِ سبو | بگذر از نقشِ سبو و آب جو
ٹھلیا کے نقش سے عشق بازی کب تک؟ | ٹھلیا کے نقش (و نگار) کو چھوڑ اور پانی تلاش کر

صورتش دیدی ز معنیٰ غافلی | از صدف دُر را گزیں گر عاقلی
تو نے اُس کی صورت دیکھی اُسکی سیرت سے غافل ہے | سیپ میں سے موتی چُن اگر تو عقلمند ہے

---

[1] کف۔ جھاگ۔ ہجو۔ مذمت۔ قحط۔ کتا خود ذلیل جانور ہے مگر اُسکی دنائت ہے کہ بھوک میں نہ کھانے کی چیز کھا جاتا ہے۔ دمادم۔ دم بدم۔ جرس۔ گھنٹا، جس کی آواز مسلسل ہوتی ہے۔ لب۔ ہونٹ یعنی خود اپنے ہونٹ پر یا غلام کے ہونٹ پر۔ دانستم۔ یعنی میں تیرے اور اُس کے فرق کو جان گیا۔ بداں۔ دانستن کا صیغۂ امر ہے۔ دہان۔ وہ گندہ ذہن تھا۔

[2] گندہ جاں۔ گندی روح ہے۔ از دور۔ از زیادہ ہے۔ راحۃ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے مَن سَکَتَ نَجیٰ۔ رَاحَةُ الْاِنْسَانِ فِیْ حِفْظِ اللِّسَانِ۔ جو خاموش رہا بچا۔ انسان کی راحت زبان کی حفاظت میں ہے۔ در حدیث۔ مقصد یہ ہے کہ اصل خوبی باطن کی ہے حسنِ صورت معتبر نہیں ہے۔ گولخن۔ گلخن۔ آگ کی بھٹی، کوڑی۔ یعنی خوبصورت ہو مگر بدسیرت تھا لہٰذا اُس کی کوئی قیمت نہ تھی۔

[3] در بود۔ صورت کی نہیں سیرت کی قدردانی ہونی چاہیئے۔ در پاش۔ دریائے او۔ صورت۔ جسم خاک میں مل جاتا ہے اچھے اخلاق دنیا میں باقی رہتے ہیں۔ معنیٰ۔ سیرت، اخلاق، حقیقت۔ نقشِ سبو یعنی ظاہر، آب جو یعنی سیرت اور باطن۔ صدف۔ دُر سیپ ظاہر ہے موتی باطن ہے۔

**این صدفہائے قوالب در جہاں** — **گرچہ جملہ زندہ اند از بحرِ جاں[1]**

جسموں کے یہ سیپ، دنیا میں — اگرچہ سب جان کے سمندر (اللہ تعالیٰ) سے زندہ ہیں

**لیک اندر ہر صدف نبود گہر** — **چشم بکشا در دلِ ہر یک نگر**

لیکن ہر سیپ میں موتی نہیں ہوتا ہے — آنکھ کھول اور ہر ایک کے اندر دیکھ لے

**کانچہ دارد ویں چہ دارد می گزیں** — **زانکہ کم یاب ست آں درِّ ثمیں**

اُس میں کیا ہے، اس میں کیا ہے، چُن — کیونکہ قیمتی موتی نایاب ہے

**گر بصورت می روی کوہے بشکل** — **در بزرگی ہست صد چنداں کہ لعل**

اگر تو صورت پر جاتا ہے تو پہاڑ شکل میں — بڑائی میں لعل سے کئی سو گنا زیادہ ہے

**ہم بصورت دست و پا و پشمِ تو** — **ہست صد چنداں کہ نقشِ چشمِ تو**

نیز تیرے ہاتھ اور پیر اور بال — تیری آنکھوں کے وجود سے کئی سو گنا بڑے ہیں

**لیک پوشیدہ نباشد بر تو ایں** — **کز ہمہ اعضا دو چشم آمد گزیں**

لیکن یہ تجھ سے پوشیدہ نہ رہے — کہ تمام اعضاء میں دو آنکھیں فائق ہیں

**از یک اندیشہ[2] کہ آید در درون** — **صد جہاں گردد بیک دم سرنگوں**

ایک خیال جو دل میں آتا ہے اُس سے — سو جہان فوراً اوندھے ہو جاتے ہیں

**جسمِ سلطاں گر بصورت یک بود** — **صد ہزاراں لشکرش در پے دود**

بادشاہ کا جسم اگرچہ بظاہر ایک ہوتا ہے — (لیکن) اُس کے پیچھے ہزاروں کا لشکر دوڑتا ہے

**باز شکل و صورتِ شاہِ صفی** — **ہست محکومِ یکے فکرِ خفی**

پھر (اسی) منتخب بادشاہ کی صورت — ایک مخفی خیال کے تابع ہے

**خلقِ بے پایاں ز یک اندیشہ[3] بیں** — **گشتہ چوں سیلے روانہ بر زمیں**

دیکھ (اللہ تعالیٰ کے) ایک ارادہ سے لاانتہا مخلوق — زمین پر بہاؤ کی طرح روانہ ہوگئی ہے

**ہست آں اندیشہ پیشِ خلق خرد** — **لیک چوں سیلے جہاں را خورد و برد**

(اگرچہ) وہ ارادہ لوگوں کی رائے میں چھوٹا ہے — لیکن بہاؤ کی طرح اُس نے دنیا کو خورد برد کر دیا

**خلقِ عالم چوں رمہ ست و خوش تباں** — **میدواند جملہ را روز و شباں**

دنیا والے ریوڑ کی طرح ہیں اور اللہ تعالیٰ چرواہا — شب و روز سب کو دوڑا رہا ہے

---

چرواہا، شباں۔ خلافِ قیاس شب کی جمع ہے۔

[1] بحرِ جاں۔ جان کا سمندر یعنی ذاتِ حق تعالیٰ بعض نسخوں میں از بہرِ جاں ہے تو ترجمہ ہوگا جان کی حفاظت کیلئے۔ لیک۔ ہر انسان میں روح ہے لیکن ہر روح پاکیزہ نہیں ہے۔ کانچہ۔ ہر روح میں خوبیاں نہیں ہیں جسمیں خوبیاں ہوں اُس کو پسند کرو۔ درِّ ثمین۔ قیمتی موتی۔ گر بصورت۔ جسم کی بڑائی اور خوبی کوئی چیز نہیں ورنہ پہاڑ، لعل سے افضل ہوتا۔ ہم بصورت۔ انسان کا باقی بدن اُس کی آنکھوں سے چند گنا لیکن شرف آنکھوں کو حاصل ہے۔ گزیں۔ برگزیدہ۔

[2] اندیشہ۔ فکر و خیال بھی ایک معنوی چیز ہے جو صد جہاں (ظاہر) کو زیر و زبر کر ڈالتا ہے۔ ایک شاہی ارادہ و خیال سے سینکڑوں ملک تباہ ہو جاتے ہیں۔ جسمِ سلطان۔ بادشاہ کا ایک جسم لشکریوں کے ہزاروں جسموں پر حکمران محض اپنی باطنی خوبیوں کی وجہ سے ہے۔ باز۔ پھر بھی حکمران کا جسم اُس کے خیال اور فکر کا فرمانبردار ہے تو فضیلت کا مدار معنیٰ اور باطن پر ہے۔

[3] اندیشہ یعنی اللہ تعالیٰ کا ارادہ قرآن پاک میں ہے۔ اللہ تم جب کسی بات کا ارادہ فرماتے ہیں تو کلمۂ کُن سے وہ پیدا ہو جاتی ہے۔ اندیشہ۔ اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کو تباہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو فوراً تباہ ہو جاتی ہے۔ رمہ۔ ریوڑ۔ شباں۔

پس[1] چو می بینی کہ از اندیشۂ
پس جب تو دیکھے کہ ایک ارادہ سے
قائم ست اندر جہاں ہر پیشۂ
ہر چیز دنیا میں قائم ہے

خانہا و قصرہا و شہرہا
مکانات، محلات اور شہر
کوہہا و دشتہا و نہرہا
پہاڑ اور جنگل اور نہریں

ہم زمین و بحر ہم مہر و فلک
زمین اور دریا بھی، سورج اور آسمان بھی
زندہ از وے ہمچو از دریا سمک
اسی کی وجہ سے زندہ ہیں جیسا کہ مچھلی دریا سے

پس چرا از ابلہی پیش تو کور
تو تجھ اندھے کے سامنے حماقت سے
تن سلیماں ست و اندیشہ چو مور
جسم سلیمانؑ جیسا ہے اور ارادہ چیونٹی جیسا

می نماید پیش چشمت کہ بزرگ
تیری نگاہ کے سامنے پہاڑ بڑا ہے
ہست اندیشہ چو میش و کوہ گرگ
ارادہ بھیڑ کی مانند ہے اور پہاڑ بھیڑیا

عالم[2] اندر چشم تو ہول و عظیم
جہاں، تیری نظر میں خوفناک اور بڑا ہے
ز ابر و برق و ز رعد داری لرز و بیم
ابر، بجلی اور کڑک سے (لرزتا) اور ڈرتا ہے

وز جہان فکرتی اے کم ز خر
اور اے گدھے سے کم (عقل)! تو عالم فکر سے
ایمن و غافل چو سنگ بے خبر
بے علم، پتھر کی طرح غافل اور مطمئن ہے

زانکہ نقشی و ز خرد بے بہرۂ
کیونکہ تو ایک تصویر ہے اور عقل سے بیگانہ ہے
آدمی خو نیستی خر کرۂ
تو آدمی خصلت نہیں ہے گدھے کا بچہ ہے

جہل محضی و ز خرد بیگانۂ
تو خالص جہل ہے اور عقل سے بیگانہ ہے
بو نداری از خدا دیوانۂ
خدا کی تجھ میں بو بھی نہیں ہے تو پاگل ہے

سایہ را تو شخص می بینی ز جہل
نادانی سے تو سایہ کو وجود سمجھتا ہے
شخص از آں شد نزد تو بازی و سہل
اسی لئے وجود تیرے نزدیک کھیل اور بے وقعت ہے

نک ز غیبت[3] یک نمودار آتش ست
دیکھ، آگ عالم غیب کا ایک نمونہ ہے
کز لطافت چوں ہوائے دلکش ست
جو لطافت میں دلکش ہوا کی طرح ہے

تا بجسمے در نمی پیچد کثیف
جب تک کسی کثیف جسم میں نہ لگے
آگہی نبود بصر را زاں لطیف
اُس لطیف کا آنکھ کو پتہ نہیں چلتا ہے

---

غائب ہے، نظر جب آتی ہے جب وہ کسی کثیف جسم میں لگ جاتی ہے۔

[1] پس چو می بینی۔ تو غور کریگا تو دنیا کی تمام کائنات اللہ تعالیٰ کے ارادے سے قائم ہے اور تمام چیزوں کی بقا اللہ کے ارادے سے وابستہ ہے جس طرح مچھلی کی زندگی دریا سے وابستہ ہے۔ پس چرا۔ جبکہ اتنی مثالوں سے یہ سمجھا دیا گیا کہ اصل خوبی باطن کی ہے نہ کہ ظاہر کی تو جسم کو حضرت سلیمانؑ جیسا اور فکر و خیال کو چیونٹی جیسا سمجھنا حماقت اور بے وقوفی ہے۔ کوہ کا مخفف ہے یعنی جسم کی بڑائی کی وجہ سے پہاڑ کی عظمت کا خیال حماقت ہے۔ اندیشہ خیال اور ارادہ کو بکری اور پہاڑ کو بھیڑیا سمجھنا غلطی ہے۔

[2] عالم۔ تو اجسام سے ڈرتا ہے ابر، بجلی اور کڑک کی تباہی سے خوفزدہ ہے۔ وز جہان فکر۔ فکر اور خیال سے جو تباہیاں آتی ہیں اُس سے بے خبر اور مطمئن ہے۔ نقشی۔ تو تصویر ہے جو عقل سے کوری ہوتی ہے آدمی خو۔ انسان کی فضیلت عقل و خرد اور فکر کی وجہ سے ہے جو معرفت حق پیدا کرتی ہے۔ سایہ۔ تو نے غیر مقصود کو مقصود اور مقصود کو غیر مقصود بنا رکھا ہے۔

[3] ز غیبت۔ انسان غیر مقصود کو مقصود اسلئے بنا لیتا ہے کہ حقیقت میں نظر سے محروم ہوتا ہے لیکن ایک وقت وہ آئے گا جب صحیح حقیقت سامنے آجائیگی۔ غائب از نظر حقیقت کو آگ کی مثال سے سمجھایا ہے۔ آگ ایک لطیف عنصر ہے جو نظروں سے

بازافزون ست ہنگامِ اثر — از ہزاراں[1] تیشہ و تیغ و تبر
پھر تاثیر کے وقت وہ بڑھی ہوئی ہے — ہزاروں تیشوں اور تلواروں اور تبر سے

باش تا روزیکہ آں فکر و خیال — برکشاید بے حجابے پر و بال
اس دن تک ٹھہر جبکہ وہ فکر اور خیال — کھلم کھلا بال و پر نکالے

کوہہا[2] بینی شدہ چوں پشمِ نرم — نیست گشتہ ایں زمینِ سرد و گرم
تو پہاڑوں کو نرم اون کی طرح دیکھے گا — یہ سرد وگرم زمین نابود ہو جائے گی

نے سما بینی نے اختر نے وجود — جز خدائے واحدِ حیّ وَدُود
تو نہ آسمان دیکھے گا نہ ستارے نہ وجود — ایک خدا، حیّ اور ودود کے علاوہ

یک فسانہ راست آید یا دروغ — تا دہد مر راستیہا را فروغ
ایک قصہ خواہ سچا ہو یا جھوٹا (ذکر کیا جاتا ہے) — تاکہ وہ سچائیوں کو فروغ دے

## حسد کردنِ حشم بر غلامِ خاص
غلاموں کا مخصوص غلام پر حسد کرنا

پادشاہے بندہ را از کرم — برگزیدہ بود بر جملہ حشم
ایک بادشاہ نے کرم کرکے ایک غلام کو — تمام غلاموں میں سے پسند کر لیا تھا

جامگی او وظیفہ چل امیر — دہ یکے قدرش ندیدہ صد وزیر
اس کی تنخواہ چالیس سرداروں کی تنخواہ (کی برابر) تھی — سو وزیروں نے بھی اُسکے مرتبہ کا دسواں حصہ نہ دیکھا تھا

از کمالِ طالع[3] و اقبال و بخت — او ایازے بود و شہ محمودِ وقت
نجھتر اور اقبال اور نصیب کے کمال کی وجہ سے — وہ ایاز تھا اور بادشاہ محمودِ دوراں (تھا)

روحِ او با روحِ شہ در اصلِ خویش — پیش ازیں تن بودہ ہم پیوند و خویش
اسکی روح شاہ کی روح کے ساتھ اپنی اصل میں — اس جسم سے پہلے جڑی ہوئی اور یگانہ تھی

کارِ آں دارد کہ پیش از تن بُدست — بگذر از اینہا کہ نو حادث شدست
(اصل) معاملہ وہی ہے جو جسم سے پہلے ہوا ہے — ان (تعلقات) کو رہنے دے کہ یہ نئے پیدا ہوئے ہیں

چشمِ عارف راست گو نے احول ست — چشمِ او بر کشتہائے اوّل ست
عارف کی آنکھ ٹھیک دکھانے والی ہے نہ کہ بھینگی — اُس کی نظر پہلی کھیتیوں پر ہے

چشمِ راست گو۔ صحیح دکھلانے والی آنکھ۔ اَحول۔ بھینگا جس کو ایک کے دو نظر آتے ہیں۔ کِشتہائے اوّل۔ تقدیرِ ازلی۔

[1] از ہزاراں۔ آگ جنگلوں کو اس حد تک تباہ کر دیتی ہے کہ ہزاروں تیغ و تبر بھی اُس کو اس قدر تباہ نہیں کر سکتے ہیں۔ باتِ محض۔ ارادۂ الٰہی جو نظروں سے مخفی ہے اس کی تاثیرات بھی ایک دن ظاہر ہونگی۔
[2] کوہہا۔ ارادۂ الٰہی سے قیامت کے دن بڑے سے بڑا وجود حقیر اور لاشئی ہو جائیگا۔ پشم۔ اون۔ سما۔ آسمان۔ حیّ۔ زندہ۔ اللہ تعالیٰ کا نام ہے۔ وَدُود۔ محبت کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا نام ہے۔ فسانہ۔ انسان اللہ تعالیٰ کے غیبی ارادہ سے غافل ہے اِس قصہ کے ضمن میں بھی اِسی امر کو واضح کیا ہے کہ دوسرے غلام شاہ کے فکر اور ارادے سے غافل تھے یہی حسد کی وجہ ہوتی ہے۔ جامگی۔ وظیفہ۔ تنخواہ، مراتب۔ وظیفہ۔ روزینہ۔ چل۔ چہل، چالیس۔ دہ یک۔ یک شمار دہ، دسواں حصہ۔
[3] طالع۔ ستارۂ قسمت۔ بخت۔ نصیب۔ ایاز۔ سلطان محمود غزنوی کا محبوب غلام تھا۔ دونوں کا باہمی تعلق ضرب المثل ہے۔ سلطان محمود کی وفات ۴۲۱ھ میں ہوئی اور غزنی میں دفن ہوئے۔ اصل یعنی علمِ الٰہی یا عالمِ ارواح۔ کارِ آں دارد۔ اہمیت انہی باتوں کی ہے جو جسم عنصری کے قبل پیش آئی ہیں۔ اینہا جو معاملات عالمِ اجسام میں پیش آتے ہیں۔ نو حادث۔ تازہ وقوع میں آنے والا۔ عارف۔ وہ جس کو معرفتِ خداوندی حاصل ہو گئی ہے۔

انچہ گندمؔ کاشتندش وانچہ جو
جو انھوں نے گیہوں بویا ہے اور جَو
چشمِ او آنجاست روز و شب گرو
اُس کی نظر شب و روز اُس طرف لگی ہے

انچہ آبست شب جز آں نزاد
رات جس سے حاملہ ہے اُسکے سوا اُسنے نہیں جنا
حیلہا و مکرہا جملہ ست باد
حیلے اور تدبیریں سب بیکار ہیں

کے شود دل خوش بحیلتہاے گش
چالو حیلوں سے وہ شخص کب دل خوش ہوتا ہے
آنکہ بیند حیلۂ حق بر سرش
جو اللہ تعالیٰ کی تدبیر کو اپنے سر پر مستقل دیکھتا ہے

او درونِ دامؔ و دامے می نہد
وہ جال میں ہے اور ایک جال اور بچھاتا ہے
جانِ تو نے آں جہد نے ایں جہد
تیری جان کی قسم نہ اس سے نکلتا ہے نہ اُس سے نکلتا ہے

گر بروید ور بریزد صد گیاہ
اگر سینکڑوں گھاس اُگیں یا اُگائے
عاقبت بر روید آں کشتہ آلہ
انجام کار اللہ (تعالیٰ) کا بویا ہوا اُگے گا

کشتِ نو کارید بر کشت نخست
پُرانی کھیتی پر تو نے نئی کھیتی بو دی
ایں دوم فانیست و آں اول درست
دوسری فنا ہونے والی ہے، پہلی ٹھیک ہے

تخمِ اول کامل و بگزیدہ است
پہلا بیج مکمل اور منتخب ہے
تخمِ ثانی فاسد و پوسیدہ است
دوسرا بیج خراب اور سڑا ہوا ہے

افگنؔ ایں تدبیرِ خود را پیشِ دوست
اپنی اس تدبیر کو دوست کے سامنے گرا دے
گرچہ تدبیرت ہم از تدبیرِ اوست
اگرچہ تیری تدبیر بھی اُسی کی تدبیر کی وجہ سے ہے

کار آں دارد کہ حق افراشتست
اہم کام وہی ہے جو خدا نے قائم کیا ہے
آخر آں روید کہ اول کاشتست
آخر میں وہی اُگے گا جو پہلے بویا ہے

ہرچہ کاری از برائے او بکار
جو بوئے اُس کے لئے بو
چوں اسیرِ دوستی اے دوستدار
اے دوست! جبکہ تو دوست کا پابند ہے

گردِ نفسِ دزد و کارِ او مپیچ
چور نفس کے گرد اور اُس کے کام میں نہ لگ
ہرچہ آں نے کارِ حق ہیچست ہیچ
جو اللہ (تعالیٰ) کا کام نہیں ہے وہ ہیچ در ہیچ ہے

پیش ازاں کہ روزِ دیں پیدا شود
اس سے قبل کہ قیامت کا دن ظاہر ہو
نزدِ مالک دزدِ شب رسوا شود
مالک کے سامنے رات کا چور رسوا ہو

رختِ دزدیدہ بتدبیر و فنش
تدبیر اور اُسکے ہنر سے چرایا ہوا مال
ماندہ روزِ داوری در گردنش
انصاف کے دن اُس کی گردن پر ہوگا

لہ گندم۔ یعنی اعلیٰ اعمال۔ کاشتند۔ کارکنانِ قضا و قدر نے جو لکھ دیا ہے۔ جو۔ یعنی گھٹیا اعمال۔ شب۔ یعنی جو مقدر میں مکتوب ہے وہی سامنے آئیگا۔ گش۔ خوب۔ حیلۂ حق۔ اللہ کی قدرت۔
ٹہ دام۔ یعنی تقدیر الٰہی کا جال۔ دامے۔ یعنی اپنی تدبیر کا جال۔ صد گیاہ۔ یعنی سینکڑوں تدبیریں۔ کشتہ آلہ۔ یعنی جو خدا نے مقدر کر دیا ہے۔ کشتِ نو۔ یعنی تدبیر۔ کشتِ نخست۔ یعنی تقدیر۔ ایں دوم۔ یعنی تدبیر۔ تخمِ اول۔ تقدیر کے تدبیر پر غلبہ کی توجیہ ہے۔
سہ افگن۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ تقدیر تدبیر پر غالب ہے تو معاملہ تقدیر کے سپرد کر دینا چاہیئے۔ ہرچہ کاری۔ جب خدا سے دوستی کا دعویٰ ہے تو اُس کی شریعت پر عمل کرنا چاہیئے اور اُس کے لئے مخلصانہ عمل کرنا چاہیئے۔ نفس۔ یعنی امارہ۔ ہرچہ۔ نفس امارہ کے کام اللہ کی مرضی کے مطابق نہیں ہیں۔ پیش ازاں۔ قیامت کے دن شیطانی کاموں سے علیحدگی بے معنی بات ہوگی۔ داوری۔ دادرسی، منصفی۔

صد[1] ہزاراں عقل باہم بر جہند — تا بغیر دامِ اُو دامے نہند
لاکھوں عقلیں مل کر کوشش کرتی ہیں — تاکہ اُسکے (تقدیر کے) جال کے سوا کوئی (تدبیر کا) جال بچھائیں

دامِ خود را سخت تر یابند و بس — کے نماید قوّتے با بادِ خس
اپنی (تقدیر کے) جال کو اور سخت پاتے ہیں اور بس — تنکا، آندھی کے مقابلے میں کیا طاقت دکھلائے!

ور نداری باور از من رو ببیں — در نُبے وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ
اگر میری بات کا تجھے یقین نہیں ہے، جا دیکھ — قرآن میں ہے "اور اللہ سب سے اچھا داؤ کرنیوالا ہے"

گر[2] تو گوئی فائدہ ہستی چہ بُود — در سوالت فائدہ ہست اے عنود
اگر تو کہے ہستی (عالمِ تدبیر) کا کیا فائدہ تھا — اے سرکش! کیا تیرے (اس) سوال میں فائدہ ہے؟

گر ندارد ایں سوالت فائدہ — چہ شنوم ایں را عبث بے عائدہ
اگر تیرے اس سوال میں فائدہ نہیں ہے — (تو) میں اُس کو بیکار بے نتیجہ کیوں سنوں؟

ور سوالت فائدہ دارد یقیں — پس جہاں بے فائدہ نبود ببیں
اگر تیرے سوال میں یقیناً فائدہ ہے — تو غور کر عالم (تدبیر) بے فائدہ نہ ہوگا

از سوالت ار بود بس فائدہ — چوں بجوید در جہاں کس فائدہ
اگر تیرے سوال سے بہت سے فائدے ہیں — تو عالم (تدبیر) میں کوئی شخص فائدہ کیوں تلاش کریگا؟

ور سوالت را بسے فائدہاست — پس جہاں بے فائدہ آخر چراست
اگر تیرے سوال میں بہت سے فائدے ہیں — تو عالم (تدبیر) آخر بے فائدہ کیوں ہے؟

ور[3] جہاں از یک جہت بے فائدہ است — از جہت ہائے دگر پر عائدہ است
اگر عالم (تدبیر) ایک اعتبار سے بے فائدہ ہے — دوسری جہتوں سے فائدہ سے پُر ہے

فائدہ تو گر مرا فائدہ نیست — مر ترا چوں فائدہ است از وے مایست
اگر تیرا فائدہ میرا فائدہ نہیں ہے — چونکہ وہ تیرا فائدہ ہے اس سے باز نہ رہ

فائدہ تو گر مرا نبود مفید — چوں ترا شد فائدہ گیر اے مرید
اگر تیرا فائدہ میرے لئے مفید نہیں ہے — چونکہ وہ تیرا فائدہ ہے اے مرید! تو اُسے اختیار کر

ور منم زاں فائدہ حُر ابن حُر — مر ترا چوں فائدہ است از وے مبُر
اگر میں اس فائدہ سے آزاد ہوں — چونکہ وہ تیرا فائدہ ہے اُس سے نہ کٹ

حُسنِ یوسفؑ عالمے را فائدہ — گرچہ بر اخواں عبث بُد زائدہ
یوسفؑ کے حُسن میں عالم کا فائدہ تھا — اگرچہ وہ بھائیوں کے لئے بیکار عبث تھا

---

[1] صد ہزاراں۔ تقدیر کے خلاف عقلاء کی تدبیریں بالکل بیکار ہیں۔ با بادِ خس۔ باد تقدیرِ الٰہی ہے اور خس تدبیر عقلاء۔ واللہ۔ تو اچھے داؤ کے بالمقابل ناقص داؤ کیا کرسکتا ہے۔

[2] گر تو گوئی۔ اعتراض کا خلاصہ یہ ہے کہ جب تقدیر کے مقابلہ میں تدبیر بیکار ہے تو خدا کا عالمِ تدبیر کو پیدا کرنا بے فائدہ ہے۔ در سوالت۔ الزامی جواب ہے کہ تیرے اس اعتراض میں کوئی فائدہ ہے یا نہیں اگر بے فائدہ ہے تو بے فائدہ سوال کے جواب کی ضرورت نہیں ہے اور اگر تیرا سوال مفید ہے اور عبث نہیں تو اللہ کا عالمِ تدبیر کو پیدا کرنا کیسے بے فائدہ ہوسکتا ہے۔ در سوالت جب ایک انسان کا فعل عبث نہیں تو حکیم و علیم کا فعل کیسے عبث ہوسکتا ہے۔

[3] در جہاں۔ ہر چیز کا ہر حیثیت سے مفید ہونا ضروری نہیں ہے، اگر عالمِ تدبیر بمقابلہ تقدیر بے فائدہ ہے تو اُس میں دوسری حیثیت سے بہت سے فائدے ہیں۔ فائدۂ تو۔ یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ ہر چیز ہر شخص کے لئے مفید ہو، ایک چیز ایک کے لئے بیکار ہے تو دوسرے کے لئے مفید ہوتی ہے۔ حسنِ یوسفؑ۔ حضرت یوسفؑ کے حسن کی افادیت سب کے لئے تھی لیکن بھائیوں کیلئے نہ تھی۔

لحنِ[1] داؤدی چناں محبوب بود
داؤدی نغمہ کس قدر محبوب تھا

لیک بر محروم نامطلوب بود
لیکن محروم (منکر) کے لئے ناپسندیدہ تھا

آبِ نیل از آبِ حیواں بُد فزوں
نیل کا پانی آبِ حیات سے بھی بڑھا ہوا تھا

لیک بر قبطیِ مُنکر بود خوں
لیکن مُنکرِ قبطی (فرعون) پر خون تھا

ہست بر مومن شہیدی زندگی
مومن کے لئے شہادت زندگی ہے

بر مُنافق مُردنست و ژندگی
منافق کے لئے موت اور تباہی ہے

چیست[2] در عالم بگو یک نعمتے
بتا دنیا میں کونسی نعمت ہے؟

کہ نہ محروم اند از وے اُمتے
کہ اس سے کچھ لوگ محروم نہیں ہیں

گاؤ و خر را فائدہ چہ در شکر
گدھے اور بیل کے لئے شکر میں کیا فائدہ ہے!

ہست ہر جاں را یکے قوتے دگر
ہر جاندار کی جداگانہ غذا ہے

لیک گر آں قوت بروے عاریست
لیکن اگر وہ اس کی عارضی غذا ہے

پس نصیحت کردن او را راضیست
تو نصیحت کرنا، اس کو سدھانا ہے

چوں[3] کسے کو از مرض گِل داشت دوست
جب کوئی کسی مرض کی وجہ سے مٹی (کھانا) پسند کرے

گرچہ پندارد کہ آں گِل قوتِ اوست
اگرچہ وہ سمجھ رہا ہو کہ مٹی اس کی (اصل) غذا ہے

قوتِ اصلی را فرامش کردہ است
(لیکن) اس نے اصلی غذا کو بھلا دیا ہے

روئے در قوتِ مرض آوردہ است
بیماری کی غذا کی طرف رخ کر لیا ہے

نوش را بگذاشتہ سم خوردہ است
شہد کو چھوڑ کر زہر کھایا ہے

قوتِ علت ہمچو چوبش کردہ است
بیماری کی غذا نے اس کو لکڑی جیسا بنا دیا ہے

قوتِ اصلیِ بشر نورِ خداست
انسان کی اصل غذا خدا کا نور ہے

قوتِ حیوانی مر او را ناسزاست
حیوانی غذا اس کے لئے مناسب نہیں ہے

لیک از علت دریں افتاد دل
لیکن بیماری کی وجہ سے اس کا دل اسی میں پڑا ہے

کہ خورد او روز و شب از آب و گِل
کہ شب و روز وہ پانی مٹی (کی پیداوار) کھائے

روئے زرد و پا سست و دل سبک
چہرہ زرد، پیر سست، اور دل کمزور

کو غذائے وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ
کہاں راستوں والے آسمان کی غذا؟

---

ترکاریاں، پھل وغیرہ۔ روئے زرد۔ یہ غذائیں اس کی روح میں کمزوری کی علامتیں پیدا کر دیتی ہیں۔ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ۔ سورۃ والذاریات کی یہ آیت ہے یعنی قسم ہے راستوں والے آسمان کی۔

[1] لحنِ داؤدی حضرت داؤدؑ کا نغمہ پرندوں تک کے لئے مفید تھا لیکن کافروں کیلئے مفید نہ تھا۔ آبِ نیل۔ دریائے نیل کا پانی مخلوقِ خدا کیلئے مفید تھا فرعون کیلئے مہلک بنا۔ شہیدی۔ شہادت مومن کیلئے مفید ہے کافر کیلئے مضر ہے۔

[2] چیست۔ دنیا کی ہر نعمت کا یہی حال ہے کہ کچھ انسانوں کیلئے وہ مفید ہے اور محروم انسانوں کیلئے مفید نہیں ہے۔ در شکر۔ اللہ تعالےٰ نے ہر نعمت ہر ایک کیلئے نہیں پیدا فرمائی ہے، شکر انسانوں کے لئے نعمت اور غذا ہے، حیوانوں کیلئے نہیں ہے لیک۔ بعض اصل غذا کو چھوڑ کر دوسری غذا کے عادی ہو جاتے ہیں تو نصیحت اُن کیلئے کارگر ہوتی ہے اور وہ اصل غذا حاصل کرنے لگتے ہیں۔ رائضی۔ گھوڑے کو سدھانا۔

[3] چوں کسے بعض لوگ مرض کی حالت میں مٹی کو غذا بنا لیتے ہیں اور اس کو اپنی غذا سمجھتے ہیں۔ نوش۔ اصل غذا شہد کی طرح مفید ہوتی ہے اور بیماری کی وجہ سے جس چیز کو اس نے غذا سمجھ لیا ہے وہ اس کے لئے سم اور زہر ہوتی ہے جو اس کو فربہ کرنے کی بجائے لکڑی جیسا خشک بنا دیتی ہے۔ نورِ خدا۔ نور معرفت خداوندی۔ قوتِ حیوانی جسمانی تندرستی و نفسانی خواہش۔ از آب و گِل۔ یعنی مٹی پانی کی پیداوار گوشت،

| | |
|---|---|
| آں[1] غذائے خاصگانِ دولت است | خوردنِ آں بے گلو و آلت است |
| وہ دربار کے مخصوص لوگوں کی غذا ہے | اس کا کھانا بغیر حلق اور برتنوں کے ہے |
| شد غذائے آفتاب از نورِ عرش | مر حسود و دیو را از دودِ فرش |
| آفتاب کی غذا عرش کا نور ہے | حاسد اور شیطان کی (غذا) زمین کا دھواں ہے |
| در شہیداں یُرزَقُون فرمود حق | آں غذا را نے دہاں بُد نے طبق |
| اللہ تعالیٰ نے شہیدوں کے بارے میں یُرزَقُون فرمایا ہے | اُس غذا کے لئے نہ منہ ہے نہ طباق |
| دل ز ہر یارے غذائے می خورد | دل ز ہر علمے صفائے می بَرد |
| دل ہر محبوب چیز سے غذا حاصل کرتا ہے | دل ہر علم سے صفائی حاصل کرتا ہے |
| صورتِ[2] ہر آدمی چوں کاسہ ایست | چشم از معنیِ او حساسہ ایست |
| ہر آدمی کی صورت پیالے کی طرح ہے | آنکھ اُس کے باطن کا ادراک کرنے والی ہے |
| از لقائے ہر کسے چیزے خوری | وز قرانِ ہر قریں چیزے بری |
| تو ہر شخص کی ملاقات سے کچھ حاصل کریگا | تو ہر ساتھی کے ملنے سے کچھ حاصل کرے گا |
| چوں ستارہ با ستارہ شد قریں | لائق ہر دو اثر زاید یقیں |
| جب ایک ستارہ دوسرے ستارہ سے ملتا ہے | یقیناً دونوں کے مناسب اثر بڑھتا ہے |
| از قرانِ مرد و زن زاید بشر | وز قرانِ سنگ و آہن ہم شرر |
| مرد اور عورت کے ملنے سے انسان پیدا ہوتا ہے | اور پتھر اور لوہے کے ملنے سے چنگاریاں (نکلتی ہیں) |
| وز قران خاک با بارانہا | میوہا و سبزہا ریحانہا |
| مٹی اور بارشوں کے ملنے سے | میوے اور سبزے اور خوشبودار گھاس (پیدا ہوتی ہیں) |
| وز قرانِ سبزہا با آدمی[3] | دل خوشی و بے غمی و خرمی |
| انسان کے ساتھ سبزوں کے جمع ہونے سے | دل خوشی اور بے غمی اور سرور (پیدا ہوتا ہے) |
| وز قرانِ خرمی با جانِ ما | می بزاید خوبی و احسانِ ما |
| ہماری جان کے ساتھ خوشی کے ملنے سے | خوبی اور کمالات پیدا ہوتے ہیں |
| قابلِ خوردن شود اجسامِ ما | چوں برآید از تفرج کامِ ما |
| ہمارے جسم (کھانا) کھانے کے قابل ہوجاتے ہیں | جبکہ تفریح سے ہمارا مقصد پورا ہوتا ہے |

[1] آں غذا۔ آسمانی غذا اللہ (تعالیٰ) کے مخصوص بندوں کی غذا ہے جس کے کھانے کے لئے عالم ناسوت کے وسائل اور ذرائع کی ضرورت نہیں ہے۔ دودِ فرش۔ عالم ناسوت کی غذا یُرزَقُون قرآن پاک میں شہیدوں کیلئے فرمایا گیا ہے بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُوْنَ "بلکہ وہ اپنے خدا کے پاس زندہ ہیں جن کو غذا دیجاتی ہے"۔ آں غذا جنت کی یہ غذا بغیر مادی ذرائع اور وسائل کے کھائی جاتی ہے۔ دل۔ جس طرح دنیاداروں اور اہل اللہ کی غذا میں اور دنیا اور آخرت کی غذا میں فرق ہے اسی طرح انسان کے مختلف اعضا کی مختلف غذائیں ہیں دل کی غذا دوست کی ملاقات اور حصول علم ہے۔

[2] صورت۔ چشم بصیرت کی غذا انسان کے باطنی اوصاف ہیں۔ از لقائے۔ ہر چیز ایک دوسرے سے ملکر کچھ نہ کچھ غذا اور قوت حاصل کرتی ہے۔ چوں ستارہ۔ اب مولانا نے چند مثالیں پیش فرمائی ہیں جن سے ثابت کیا ہے کہ ہر چیز دوسری چیز سے مل کر کوئی غذا اور طاقت حاصل کرلیتی ہے قران السعدین اور قران النحسین سے ہر ستارہ ایک دوسرے سے تقویت اور غذا حاصل کرلیتا ہے اور تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ از قرانِ مرد و زن میاں بیوی کی ہمبستری سے بچہ پیدا ہوتا ہے۔ وز قرانِ۔ پتھر اور لوہے کو ملا کر رگڑا جائے تو چنگاریاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ ریحان۔ ہر خوشبودار گھاس۔

[3] آدمی۔ انسان چمنوں کی سیر کرتا ہے تو سرور حاصل ہوتا ہے۔ خرمی۔ انسان کو خوشی میسر آتی ہے تو قوائے باطنی میں اضافہ ہوتا ہے اور بھوک لگتی ہے جو صحت کو بڑھاتی ہے۔ تفرج۔ سیر و تفریح۔ کام بمقصد

سُرخروئی[1] از قرانِ خوں بُوَد — خوں زخورشیدِ خوشی گلگوں بُوَد

خون کے ملنے سے سُرخروئی حاصل ہوتی ہے — خوشی کے آفتاب سے خون سُرخ ہوتا ہے

بہترین رنگہا سُرخی بود — واں زخورشیدست ازوے میرسد

رنگوں میں بہترین رنگ سُرخی ہوتی ہے — وہ سورج کی وجہ سے ہے اور اسی سے حاصل ہوتی ہے

ہر زمینے کو قرینِ شُد بازُحل — شورہ گشت و کِشت رانبوَد محل

جو زمین زُحل (ستارہ) کی متعلق ہوئی — وہ شوریلی بنی اور کھیتی کی جگہ نہیں رہتی

قوّت اندر فعل آید زاتّفاق — چوں قرانِ دیو بااہلِ[2] نِفاق

متفق ہو جانے سے کام میں قوّت آجاتی ہے — جیسا کہ شیطان کا منافقوں سے مل جانا

ایں معانی راست ازچرخِ نہم — بے ہمہ طاق وطُرم طاقِ طرم

اِن معانی کے لئے نویں آسمان — بغیر شان و شوکت والے سے شان و شوکت ہے

خلق[3] راطاق وطُرم عاریت است — اَمر راطاق وطُرم ماہیت است

عالَم کی شان و شوکت عارضی ہے — (عالَم) امر کی شان و شوکت ذاتی ہے

ازپے طاق وطُرم خواری کشند — برامیدِ عِزّ درخواری خوشند

شان و شوکت کے لئے ذلّت برداشت کرتے ہیں — عزّت کی اُمید پر ذلّت میں خوش ہیں

برامیدِ عِزّ دہ روزہ خدُوک — گردنِ خود کردہ اندازغم چوُدوک

دس روزہ عزّت کی اُمید پر پریشان ہیں — فکر میں اپنی گردن کو تکلا جیسا بنائے ہوئے ہیں

چوں نمی آیند ایں جاکہ منم — کاندریں عِزّ آفتابِ روشنم

اِس جگہ کیوں نہیں آتے جہاں میں ہوں — کہ میں اِس عزّت میں روشن سورج ہوں

مشرقِ خورشید بُرجِ قیرگوں — آفتابِ مازمشرقہا بروُں

سورج کی مشرق سیاہ بُرج ہے — ہمارا سورج مشرقوں سے بالا ہے

مشرقِ اُونسبتِ ذرّاتِ اُو — نے برآمد نے فروشد ذاتِ اُو

اُس کی مشرق ذرّوں کے ساتھ اسکی نسبت ہے — نہ اُس کی ذات طلوع کرتی ہے نہ غروب کرتی ہے

ماکہ واپس ماندہ ذرّاتِ ویم — دردوعالم آفتابِ بے فیم

ہم جو کہ اُس کے ذرّات میں سے پسماندہ ہیں — دونوں جہانوں میں بغیر سایہ کا سورج ہیں

---

مشرقِ اُو ذاتِ باری کیسے جب ہم لفظ مشرق بولتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ذرات یعنی اولیاء اللہ اُسوقت اُس سے کسب نور کر رہے ہیں جو دائمی نہیں ہے بلکہ بسا اوقات کسب نور میں حجابات حائل ہو جاتے ہیں ورنہ اللہ کیلئے نہ مشرق ہے نہ مغرب اُسکی ذات ہر وقت نور فشاں ہو واپس ماندہ ذرات یعنی ہم لنگڑا اولیاء میں بہت کم

[1] سُرخروئی۔ رخساروں میں خون دوڑتا ہے تو چہرہ سُرخ ہو جاتا ہے۔ گلگوں۔ خوشی سے خون میں سُرخی پیدا ہوتی ہے۔ واں بہ سُرخی سورج کی تاثیر سے پیدا ہوتی ہے۔ زُحل۔ ایک ستارہ ہے جس کو نحسِ اکبر بھی کہا جاتا ہو اُس کی یہ تاثیر ہے کہ جس زمین کی طرف اُس کا رُخ ہو وہاں قحط اور جس طرف اُس کی پشت ہو وہاں وبا پھیل جاتی ہے۔

[2] اہلِ نفاق۔ منافقوں کا شیطان سے ملاپ اُنکے شر میں اضافہ کر دیتا ہے۔ چرخِ نہم۔ شرع میں اسی کو عرش کہا جاتا ہے اور حکماء اسکو فلک الافلاک اور فلکِ اطلس کہتے ہیں جو بالکل سادہ ہے اُسمیں کوئی ستارہ نہیں ہے، صوفیاء کے نزدیک علوم و معارفِ ربّانی کا نزول اسی فلک سے ہوتا ہے چونکہ باہمی میل جول سے کوئی نہ کوئی چیز حاصل ہوتی ہے لہٰذا انسان کو علوم و معارف سے وابستہ ہونا چاہیئے جن میں بڑی شان و شوکت ہے۔

[3] خلق۔ عالمِ مادیات۔ اَمر۔ عالمِ مجرّدات جس میں علوم و معارفِ الٰہی بھی داخل ہیں۔ عِزّ۔ یعنی دنیا کی عزّت۔ خدوک۔ غصّہ پریشانی۔ دُوک۔ تکلا۔ اینجا یعنی مقامِ معرفتِ خداوندی۔ قیرگوں۔ سیاہ۔ آفتابِ ما۔ ہم جس سے نور حاصل کرتے ہیں وہ ذات باری ہے جو مشرق سے دراد[illegible]

باز گردِ شمس میگردم عجب — ہم ز فرِ شمس باشد ایں سبب [۱]
تعجب ہے میں پھر بھی سورج کے چاروں طرف گردش کرتا ہوں — یہ سبب بھی سورج کی شان و شوکت کی جانب سے ہے

شمس باشد بر سببہا مُطّلِع — ہم ازو حبلِ سببہا منقطع
اسباب سے سورج باخبر ہوتا ہے — اسباب کی رسّی کا ٹوٹنا بھی اُسی کی جانب سے ہے

صد ہزاراں بار بریدم امید [۲] — از کہ از شمس ایں شما باور کنید
میں نے لاکھوں بار اُمید منقطع کی — کس سے! سورج سے اِس کا تم یقین کرو

تو مرا باور مکن کز آفتاب — صبر دارم من ویا ماہی ز آب
تو میرا یقین نہ کر، کہ سورج سے — میں صبر کر سکتا ہوں اور یا مچھلی پانی سے (صبر کر سکتی ہے)

ور شوم نومید نومیدیِ من — عینِ صُنعِ آفتاب ست اے حسن
اگر میں نا امید ہوں، میری نا اُمیدی — بالکل سورج کا کام ہے، اے پیارے!

عینِ صُنع از نفسِ صانع چوں بُرد — عینِ ہست از غیرِ ہستی چوں چرد
بعینہٖ کام، کام کرنے والے کی ذات سے کیسے جدا ہو سکتا ہے؟ — خود موجود غیر موجود سے کیسے غذا (جزو) حاصل کر سکتا ہے!

جملہ ہستیہا ازیں روضہ چرند [۳] — گر بُراق و تازیاں ور خود خرند
تمام موجودات اسی باغ سے غذا (وجود) حاصل کرتے ہیں — خواہ براق اور عربی گھوڑے ہوں یا خود گدھے ہوں

لیک اسپِ کور کورانہ چرد — می نہ بیند روضہ را زاں ست رد
لیکن اندھا گھوڑا، اندھے پن سے چرتا ہے — وہ باغ کو نہیں دیکھتا ہے، اِس لئے مردود ہے

وانکہ گردشہا ازاں دریا ندید — ہر دم آرد رُو بمحرابِ جدید
اور جس نے گردشوں کو اُس دریا سے نہ سمجھا — ہر آن منہ نئی محراب کی طرف کرتا ہے

اُو ز بحرِ عذب آبِ شور خورد — تا کہ آبِ شور اُو را کور کرد
اُس نے شیریں دریا سے کھارا پانی پیا — یہاں تک کہ کھارے پانی نے اُسکو اندھا کر دیا

بحر می گوید بدستِ راست خور — ز آبِ من اے کور تا یابی بصر
دریا کہتا ہے کہ داہنے ہاتھ سے پی — میرا پانی اے اندھے! تاکہ تو بینائی حاصل کرے

ہست دستِ راست اینجا ظنِ راست — کو بداند نیک و بد را کز کجاست
داہنے (ہاتھ سے مُراد) یہاں صحیح عقیدہ ہے — تاکہ وہ جان لے کہ نیک و بد کہاں سے ہے

طرف دھیان نہیں دیتے ہیں اور مردود بارگاہ ہو جاتے ہیں۔ گردشہا۔ جو لوگ اسباب کو منجانب اللہ نہیں سمجھتے وہ اسباب کو قبلہ گاہ بنا لیتے ہیں۔ دریا۔ بحرِ حقیقت، اللہ تعالیٰ۔ آبِ بحر۔ منکرین کی کج نظری اُن کو تباہ کر دیتی ہے۔ بحرِ عذب۔ شیریں پانی کا دریا۔ دستِ راست یعنی حقائق کو صحیح طور پر دیکھ۔ ظنِ راست یعنی تمام

۱ باز۔ یعنی میں باوجود آفتاب ہو جانے کے پھر بھی مزید تقرب حاصل کرنے کیلئے اُس شمس کو پیاسا ہوا چلتا اور یہ میرا پیاسا چکر جو تقرب کا سبب ہے یہ بھی اُسی شمس کا عطا کردہ ہے۔ ایں سبب ہم ز فرِ شمس باشد۔ یعنی میری گردش جو کہ تقرب کا سبب ہے اُس کی ہی پیدا کردہ ہے جس طرح نتائج قبضۂ قدرت میں ہیں اسی طرح اُن کے اسباب بھی قبضۂ قدرت میں ہیں۔ شمس۔ اسباب کا مہیا ہونا اور نہ ہونا قدرتِ خداوندی کے تابع ہے۔

۲ صد ہزاراں۔ وصول الی اللہ کی سعی میں لاکھوں بار مایوسیاں پیدا ہوتی ہیں۔ تو مرا۔ لیکن مایوسی ترکِ سعی کا سبب نہیں بنتی۔ صبر دارم۔ مایوس ہو کر صبر کر کے بیٹھ جاؤں یہ ممکن نہیں ہے۔ ماہی۔ مچھلی پانی سے صبر کر کے نہیں بیٹھ سکتی تڑپ تڑپ کر جان دے دیتی ہے۔ ور شوم۔ مایوس کرنا بھی اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ عینِ صنع۔ جبکہ مایوس کرنا بھی اللہ کا فعل ہے تو وہ اللہ کے ساتھ مزید تعلق پیدا کر دیتا ہے۔ عینِ ہست۔ مایوسی جو موجود ہے وہ غیر موجود کا فعل کب ہو سکتی ہے وہ موجود اللہ لہٰذا وہ اللہ ہی کی پیدا کردہ ہے۔

۳ جملہ ہستیہا۔ اچھے ہوں یا برے سب نے وجود اسی ذات سے حاصل کیا ہے۔ اسپ کور۔ جن کو بصیرت حاصل نہیں ہوتی وہ اس

نیزہ گردانے ست اے نیزہ کہ تو [1] — راست می گردی گہ و گاہے دِتو

اے نیزے! کوئی نیزے کو گھمانے والا ہے کہ تو — کبھی سیدھا ہو جاتا ہے اور کبھی دوھرا

ما ز عشقِ شمسِ دیں بے ناخنیم — ورنہ ما آں کور را بینا کنیم

ہم دین کے شمس کے عشق کی وجہ سے معذور ہیں — ورنہ ہم اُس اندھے کو بینا کر دیتے

ہاں ضیاء الحق [2] حسام الدیں تو زود — دارُوش کُن کوریِ چشمِ حسود

ہاں ضیاء الحق حسام الدین تو جلد — اُسکا علاج کر دے حاسد کے اندھے پن کے باوجود

جملہ کوراں را دوا کُن اے قمر — اے نہالِ میوہ دار افشاں ثمر

اے چاند! سب اندھوں کا علاج کر دے — اے پھلدار درخت! پھل گرا

توتیائے کبریائی تیز فعل — دارُوئے ظلمت کُشِ استیز فعل

زود اثر خدائی سُرمہ — تاریکی کو دُور کرنے والی دوا، کھا کر نیوالی

آنکہ گر بر چشمِ اعمیٰ بر زند — ظلمتِ صد سالہ را زو بر کَند

وہ کہ اگر اندھے کی آنکھ میں ڈال دیں — سَو سالہ تاریکی کو اُس سے دُور کر دے

جملہ کوراں را دوا کُن جز حسود — کز حسودی بر تو می آرد جحود

حاسد کے علاوہ سب اندھوں کا علاج کر — جو حسد کی وجہ سے تیرا اِنکار کرتا ہے

مر حسودت [3] را اگرچہ آں منم — جاں مدہ تا ہمچنیں جاں میکنم

اپنے حاسد کو خواہ وہ میں ہی ہوں — جان عطا نہ کر تاکہ اسی طرح جان توڑتا رہوں

آنکہ او باشد حسودِ آفتاب — کور می گردد ز بُودِ آفتاب

جو کہ سورج کا حاسد ہوتا ہے — سورج کے وجود سے اندھا ہو جاتا ہے

اِینت دردِ بے دوا کور است آہ — اِینت افتادہ ابد در قعرِ چاہ

عجب اُس کا لا علاج مرض ہے! افسوس — عجب یہ ہمیشہ کے لئے کنوئیں کی گہرائی میں گرا ہوا ہے

نفیِ خورشیدِ ازل بایست او — کے بر آید ایں مُرادِ او بگو

اُس نے ازلی سورج کا عدم چاہا — بتا اُس کی یہ تمنا کیسے پوری ہو؟

باز آں باشد کہ باز آید بشاہ — بازِ کور ست آنکہ شد گم کردہ راہ

باز وہی ہے جو شاہ کے پاس واپس آ جائے — جو راستہ سے بھٹک گیا وہ اندھا باز ہے

---

[1] نیزہ گرداں۔ برچھی گھمانے والا نیزہ یعنی انسانی قدرت۔ دِتو۔ دُہرا۔ شمسِ دیں یعنی شمس تبریز رحمۃ اللہ علیہ بے ناخن۔ مجبور، معذور، مولانا کی تصرفات سے معذوری یا فنائیت کی بنا پر تھی یا تصرف سے مجبور تھے یا مأذون نہ تھے لیکن تشبہ بالانبیاء کی بنا پر تصرف کرنا پسند نہ کرتے تھے۔ کور را۔ بسا اوقات اولیاء اضطراراً تصرف کر دیتے ہیں کہ منکر قدموں پر آگرتا ہے۔

[2] ضیاء الحق۔ مولانا کے خلیفہ ہیں جن سے مولانا فرماتے ہیں کہ تو گمراہوں پر تصرف کر کے راہِ راست پر لا۔ اے قمر۔ ضیاء الحق جن کا دل چاند کی طرح روشن ہے۔ توتیا۔ سرمہ۔ استیز فعل جس کا کام مرض کو دفع کرنا ہے۔ اعمیٰ یعنی جو حق سے منکر ہے۔ بجز حسود۔ حسد کی بنا پر منکر کی شفا ناممکن ہے۔

[3] مر حسود۔ حاسد کسی طرح فیضیاب نہیں ہو سکتا ہے۔ کور می گردد۔ آفتاب کا کام روشنی پہنچانا ہے لیکن حاسد آنکھیں بند کر لینے کی وجہ سے اور اندھا جاتا ہے۔ اِینت۔ زہے۔ درد۔ حسد کا کوئی علاج نہیں ہے۔ خورشید ازل۔ اولیاء اللہ بالذات خدا نہیں۔ باز آں باشد۔ یعنی طالب تو وہ ہے کہ اگر کسی وقت فیض حاصل بھی نہ ہو تو منکر نہ بنے بلکہ کوشش جاری رکھے پھر مناسبت پیدا ہوگی اور فیض حاصل ہونے لگے گا منکر بن گیا تو تباہی ہے۔

## گرفتار شدنِ باز میانِ چغداں بویرانہ[۵۱]

ویرانہ میں باز کا چغدوں میں پھنس جانا

باز در ویراں بر چغداں فتاد — راہ را گم کرد و در ویراں فتاد

باز ویرانے میں الوؤں میں جا گرا — راستہ بھول گیا اور ویرانے میں جا اترا

او ہمہ نور ست از نورِ رضا — لیک کورش کرد سرہنگِ قضا

وہ خوشنودیِ (حق) کے نور سے سراپا نور ہے — لیکن اس کو قضا (خداوندی) کے سپاہی نے اندھا کر دیا

خاک در چشمش زد و از راہ برد — درمیانِ چغد و ویرانش سپرد

قضا نے اس کی آنکھوں میں دھول جھونک دی اور راستے سے ہٹا دیا — اس کو الوؤں اور ویرانے میں ڈال دیا

بر سری چغدانش بر سر می زنند — پر و بالِ نازنینش می کنند

علاوہ ازیں الو اس کے سر پر ٹھونگیں مارتے تھے — اس کے ناز پروردہ پر و بال اکھاڑتے تھے

ولولہ[۵۲] افتاد در چغداں کہ ہا — باز آمد تا بگیرد جائے ما

الوؤں میں شور مچ گیا کہ خبردار — باز آیا ہے تاکہ ہماری جگہ پر قبضہ کر لے

چوں سگانِ کوی پر خشم و مہیب — اندر افتادند در دلقِ غریب

گلی کے ہیبت ناک اور غضبناک کتوں کی طرح — مسافر کی گدڑی کو لپٹ گئے

باز گوید من چہ در خوردم بچغد — صد چنیں ویراں رہا کردم بچغد

باز کہتا ہے مجھے الوؤں سے کیا لگاؤ؟ — ایسے سو ویرانے میں نے الوؤں کیلئے چھوڑ دیئے ہیں

من نخواہم[۵۳] بود اینجا می روم — سوئے شاہنشاہ راجع می شوم

میں اس جگہ نہیں رہنا چاہتا، میں جاتا ہوں — شاہ کی طرف واپس جاتا ہوں

خویشتن مکشید اے چغداں کہ من — نے مقیمم می روم سوئے وطن

اے الوؤ! اپنے آپ کو نہ مارے ڈالو کیونکہ میں — میں مقیم نہیں ہوں، وطن کی طرف جاتا ہوں

ایں خراب آباد در چشمِ شماست — ورنہ ما را ساعدِ شہ باز جاست

یہ ویرانہ تمہاری نظر میں آباد ہے — ورنہ ہمارے لئے تو شاہ کی کلائی واپسی کی جگہ ہے

چغد گفتا باز حیلت می کند — تا ز خان و ماں شما را بر کند

ایک الو بولا، باز مکاری کرتا ہے — تاکہ تمہیں گھر بار سے اکھاڑ دے

خانہائے ما بگیرد او بہ مکر — بر کند ما را ز سالوسی ز وکر

مکاری سے ہمارے گھروں پر قبضہ کر لے — چالاکی سے ہمارے گھونسلوں سے ہمکو اجاڑ دے

---

۵۱ گرفتار شدن - اس حکایت کا خلاصہ یہی ہے کہ باز خدا کی کلائی سے محروم ہو گیا تھا لیکن برابر طلب میں لگا رہا اور کامیاب ہوا۔ باز - اس سے مراد نبی و عارف ہے۔ چغداں - الوؤں سے مراد منکرین اللہ مجرمین ہیں اور اس حکایت میں شاہ سے ذاتِ حق اور زنداں سے دنیاوی لذتیں مراد ہیں۔ او ہمہ نور - عارفین کی بھی کبھی آزمائش ہو جاتی ہے اور وہ قضائے الٰہی سے راہ گم کر بیٹھتے ہیں۔ بر سری - علاوہ ازیں۔ می زنند یعنی باز کے سر پر ٹھونگیں مارتے تھے۔ نازنین - ناز پروردہ۔

۵۲ ولولہ - واویلا کرنا، جوش و خروش۔ تا بگیرد - انبیا کے بارے میں منکرین یہی کہتے تھے۔ یُرِیْدُ اَنْ یُّخْرِجَکُمْ مِّنْ اَرْضِکُمْ یعنی وہ چاہتا ہے کہ تم کو تمہاری سرزمین سے نکال کر اس پر قبضہ جمائے۔ دلق - گدڑی۔ غریب - اجنبی، مسافر۔ باز گوید - انبیا اور اولیاء نے منکرین سے اکثر یہی کہا ہے۔

۵۳ من نخواہم - شعر

خرم آں روز کزیں منزلِ ویراں بروم — راحتِ جاں طلبم و ز پئے جاناں بروم

نذر کردم کہ گر آید بسر ایں غم روزے — تا درِ میکدہ شاداں و غزل خواں بروم

شاہنشاہ - ذاتِ حق۔ وطن یعنی دارِ آخرت۔ ساعدِ شہ - یعنی اللہ تعالیٰ کا قرب۔ حیلت - حیلہ بازی۔ خان و ماں - گھر بار۔ سالوسی - فریب، مکاری۔ وکر - گھونسلا۔

می‌نماید سیری[1] ایں حیلت پرست — واللہ از جملہ حریصاں بدتر است

یہ مکار سیر چشم دکھاتا ہے — خدا کی قسم تمام لالچیوں سے بدتر ہے

او خورد از حرص طیں را ہمچو دِبس — دُنبہ مسپارید اے یاراں بخرس

وہ لالچ میں مٹی انگور کے شیرے کی طرح چاٹتا ہے — اے دوستو! دُنبہ ریچھ کے سپرد نہ کرو

لاف از شہ می زند وز دستِ شاہ — تا برد او ما سلیماں را ز راہ

بادشاہ اور بادشاہ کی کلائی کی ڈینگیں مارتا ہے — تاکہ ہم بھولوں کو گمراہ کر دے

خود چہ جنسِ[2] شاہ باشد مرغکے — مشنوش گر عقل داری اندکے

ذلیل پرند بادشاہ کے کیا مناسب ہوگا؟ — اگر تم تھوڑی سی بھی عقل رکھتے ہو اس کی نہ سنو

جنسِ شاہ است او و یا جنسِ وزیر — ہیچ باشد لائقِ لوزینہ سیر

وہ بادشاہ کے لائق ہے یا وزیر کے لائق ہے؟ — کبھی لہسن، بادام کے حلوے کے لائق ہوتا ہے!

آنچہ می گوید ز مکر و فعل و فن — ہست سلطاں با حشم جویائے من

وہ جو مکاری اور فریب کاری اور چالاکی سے یہ کہتا ہے — کہ، بادشاہ مع فوج کے میری تلاش میں ہے

ایننت مالیخولیائے ناپذیر — ق — ایننت لافِ خام و دامِ گول گیر

عجب! ناقابلِ قبول پاگل پن ہے — عجب! بے بنیاد شیخی اور بھولوں کو پھانسنے کا جال ہے

ہر کہ ایں باور کند او ابلہ است — مرغکِ لاغر چہ در خوردِ شہ است

جو یہ یقین کرے وہ احمق ہے — کمزور ذلیل پرند بادشاہ کے کیا لائق ہے؟

کمترین[3] چغد ار زند بر مغزِ او — مر ورا یاری گری از شاہ کو

چھوٹے سے چھوٹا الّو اگر اس کے بھیجے پر ٹھونگ مار دے — اس کی بادشاہ سے دوستی کہاں ہے؟

گفت باز ار یک پرِ من بشکنید — یا ز غم برگِ گُلے بر من زنید

باز نے کہا، اگر میرا ایک پر (بھی)، تم توڑ دو — یا غصہ سے ایک پھول کی پنکھڑی میرے مار دو

بیخِ چغدستاں شہنشہ بر کند — خانہاتاں جملگی بر سر زند

بادشاہ بوستان کی بیخ کنی کر دے گا — تم سب کے گھونسلے اُجاڑ دے گا

چغد خود چہ بود اگر بازے مرا — دل برنجاند کند بر من جفا

تو کیا ہوتا ہے؟ اگر کوئی باز (بھی) میرا — دل رنجیدہ کرے (اور) مجھ پر ظلم کرے

شہ کند تودہ بہر شیب و فراز — صد ہزاراں خرمن از سرہاے باز

بادشاہ ہر نشیب و فراز میں ڈھیر لگا دے — بازوں کے سروں کے لاکھوں کھلیان

---

[1] سیری۔ پیٹ بھرا پن۔ طین۔ مٹی۔ دِبس۔ انگور کا شیرہ۔ خرس۔ ریچھ۔ لاف یعنی یہ اس کی بکواس ہے کہ اس کی شاہ سے دوستی ہے اور وہ اس کی کلائی پر بیٹھتا ہے۔ سلیماں سلیم کی جمع ہے، بھولا انسان۔ از راہ بُردن۔ دھوکا دینا، گمراہ کرنا۔

[2] جنس۔ ہم جنس، مناسب۔ مرغک۔ حقیر پرند۔ لوزینہ۔ بادام کا حلوا۔ سیر۔ لہسن۔ اینت۔ نہے، عجب۔ مالیخولیا۔ جنون کی ایک قسم ہے۔ ناپذیر۔ ناقابلِ قبول۔ لافِ خام۔ بے بنیاد شیخی۔ گول۔ بالضم و واو مجہول، احمق، ابلہ۔

[3] کمترین۔ اکثر منکروں نے بھی اس طرح دھمکیاں دی ہیں۔ گفت۔ انبیاء اور اولیاء کو ستانے پر بستیاں ویران کر دی گئی ہیں۔ اگر باز۔ اولیاء کو ستانے سے عوام تو در کنار بڑے بڑے لوگ صاحب علم و ہنر برباد ہوئے ہیں۔ شیب۔ نشیب کا مخفف ہے، پست زمین۔

پاسبانِ[۱] من عنایاتِ وے ست
اُس کی مہربانیاں میری نگہبان ہیں
ہر کجا کہ می روم شہ در پے ست
میں جہاں جاتا ہوں بادشاہ پیچھے ہوتا ہے

در دلِ سلطاں خیالِ من مُقیم
بادشاہ کے دل میں میرا خیال جما ہوا ہے
بے خیالِ من دلِ سلطاں سقیم
میرے خیال کے بغیر بادشاہ کا دل رنجیدہ ہے

چوں بپرّاند مرا شہ در رَوِش
جب بادشاہ مجھے کسی رَوِش میں اُڑاتا ہے
یا بم اندر اَوجِ جاں خوش پرورش
میں جان کی بلندی میں اچھی بالیدگی محسوس کرتا ہوں

ہمچو ماہ و آفتابے می پَرم
میں چاند اور سورج کی طرح اُڑتا ہوں
پَردہائے آسماں را بر دَرم
آسمان کے پردے چاک کر دیتا ہوں

روشنیِ[۲] عقلہا از فکرتم
عقول کی روشنی میرے فکر (کے نور) سے ہے
اِنفطارِ آسماں از فطرتم
آسمانوں کا شق ہونا میری پیدائش کی وجہ سے ہے

بازم و حیراں شود در من ہما
میں باز ہوں اور میرے معاملہ میں ہما حیران ہوتا ہے
چُغد کہ بُود تا بداند سِرِّ ما
اُلّو کیا ہوتا ہے کہ ہمارا راز سمجھے؟

شہ برائے من ز زنداں یاد کرد
شاہ نے میری وجہ سے قیدخانہ کو یاد کیا
صد ہزاراں بستہ را آزاد کرد
لاکھوں قیدیوں کو آزاد کر دیا

یک دمم با چُغدہا دمساز کرد
(مجھے) تھوڑی دیر کے لئے اُلوؤں کا ساتھی بنایا
از دمِ من چُغدہا را باز کرد
میرے دم بدم سے اُلوؤں کو باز بنا دیا

اے خنک[۳] چُغدے کہ در پروازِ من
وہ اُلّو خوش قسمت ہے جو کہ میری پرواز میں
فہم کرد از نیک بختی رازِ من
نیک بختی سے میرا راز سمجھ گیا

در من آویزید تا بازاں شوید
مجھ سے متعلق ہو جاؤ تاکہ باز بن جاؤ
گرچہ چُغدانید شہبازاں شوید
اگرچہ تم اُلّو ہو باز بن جاؤ

آنکہ باشد با چنیں شاہے حبیب
جو ایسے بادشاہ کا محبوب ہو
ہر کجا افتد چرا باشد غریب
جہاں بھی جا پڑے اجنبی کیوں ہو؟

ہر کہ باشد شاہ دردش را دوا
بادشاہ جس کے درد کی دوا ہو
گرچو نے نالد نباشد بینوا
اگرچہ وہ بانسری کی طرح نالہ کرے بے ساز و ساماں نہیں ہوتا

---

۱ پاسبان۔ خدا نے انبیاء کی حفاظت کا وعدہ کیا ہے۔ مُقیم۔ جاگزیں۔ سقیم۔ بیمار۔ یابم۔ یعنی جب خدا مجھے روحانی عروج عطا فرماتا ہے تو مجھے روح کی ترقی میں اچھی پرورش حاصل ہوتی ہے۔ می پرم۔ انبیاء کو معراج جسمانی اور اولیاء کو معراج روحانی حاصل ہو جاتی ہے۔

۲ روشنیِ عقلہا یعنی عقلوں کو نور میری وجہ سے حاصل ہوتا ہے۔ اِنفطار۔ آسمانوں میں شگافتہ ہونا۔ فطرتم میری پیدائش کی وجہ سے ہے، آسمانوں کا اِنفطار انبیاء کی معراجوں یا بارشوں کے نزول کے لئے ہے۔ ہما یعنی ملائکہ، افضلِ بشر، افضلِ ملائکہ سے افضل ہے۔ صد ہزاراں۔ بداں را بہ نیکاں ببخشد کریم۔ یک دم۔ کفار، انبیاء کی صحبت سے اور مجرمین اولیاء کی صحبت سے کامل بن جاتے ہیں۔

۳ خنک۔ ٹھنڈا، خوش نصیب۔ پرواز یعنی مرتبہ کمال۔ نیک بختی۔ سعادتِ ازلی۔ رازِ من یعنی حسن عقیدت رکھے۔ آویزید۔ یعنی تعلق پیدا کرو۔ شہباز۔ ایک بڑی قسم کا باز ہے۔ شوید۔ انبیاء اور اولیاء کے اتباع سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ حبیب۔ محبوب۔ غریب۔ مسافر، اجنبی۔ ہر کہ۔ مقربین کا رونا عشق کی وجہ سے جو مراتب کی بلندی پیدا کرتا ہے۔

مالکِ مُلکم نیَم من طبل خوار | طبلِ بازم می زند شہ از کنار
---|---
میں سلطنت کا مالک ہوں پیٹو نہیں ہوں | کنارے سے بادشاہ میری واپسی کا طبل بجاتا ہے
طبلِ بازِ من ندائے ارجعی | حق گواہِ من برغمِ مُدعی
میری واپسی کا طبل "واپس آجا" کی آواز ہے | مخالف کی ذلت کے ساتھ اللہ تعالیٰ میرا گواہ ہے
من نیَم جنسِ شہنشہ دُور ازو | لیک دارم در تجلّی نور ازو
میں بادشاہ کا ہم جنس نہیں ہوں اس سے جدا ہوں | لیکن تجلی میں اس کا نور رکھتا ہوں
نیست جنسیت ز روئے شکل و ذات | آب جنسِ خاک آمد در نبات
ہم جنس ہونا صورت اور ذات ہی کی وجہ سے نہیں ہے | زمین کی پیداوار میں پانی مٹی کی جنس ہو گیا
بادِ جنسِ آتش آمد در قوام | طبع را جنس آمدست آخر مدام
بناوٹ میں ہوا، آگ کی جنس ہو گئی | شراب (آدمی کی) طبیعت کی جنس ہو گئی
جنسِ ما چوں نیست جنسِ شاہِ ما | مائے ما شد بہر مائے او فنا
ہماری جنس چونکہ ہمارے شاہ کی جنس نہیں ہے | ہماری ہستی اس کی ہستی میں فنا ہو گئی ہے
چوں فنا شد مائے ما او ماند فرد | پیش پائے اسپِ او گردم چو گرد
جب ہماری ہستی فنا ہو گئی وہ اکیلا رہ گیا | اس کے گھوڑے کے پیر کے سامنے میں گرد کی طرح گھوما
خاک شد جان و نشانیہائے او | ہست بر خاکش نشانِ پائے او
ہماری جان خاک ہو گئی اور اس کی نشانیاں | اس (جان) کی خاک پر اسکے پاؤں کے نشان ہوگئے
خاکِ پایش شو برائے این نشاں | تا شوی تاجِ سرِ گردن کشاں
اس نشان کے لئے اسکے پاؤں کی خاک بن جا | تاکہ تو عالیشان لوگوں کے سر کا تاج بن جائے
تا کہ نفریبد شما را شکلِ من | نقلِ من نوشید پیش از نقلِ من
ہر گز میری (ظاہری) صورت تمہیں دھوکے میں نہ ڈالے | میرے مرنے سے پہلے میرا نُقل چکھ لو
اے بسا کس را کہ صورت راہ زد | قصدِ صورت کرد، بر اللہ زد
اے (مخاطب) بہت لوگوں کو صورت نے گمراہ کیا | اُسنے صورت کو ستانے کا ارادہ کیا (اور) اللہ پر حملہ کیا

ہستی پر اُس کے نقشِ قدم ہیں۔ گردن کشاں۔ عالیجاہ لوگ۔

تلہ نُقل بضم، میوہ وغیرہ جو شراب کے ساتھ کھایا جائے بالفتح نقل مکانی، انتقال یعنی محض صورتِ ظاہر پر نظر کر کے تحقیر نہ کرنی چاہیئے اور استفاضہ سے محروم نہ رہنا چاہیئے۔ بسا کس۔ کافر انبیاء کو صورتًا اپنا جیسا دیکھ کر منکر بنتے تھے اور مخالفت کرتے تھے جو در اصل اللہ کی مخالفت ہوتی تھی۔

لہ مالکِ المُلک۔ بادشاہی کا مالک۔ طبلِ باز۔ بعض طبلِ باز۔ واپسی کا نقارہ، باز جب شکار کر چکتا ہے اس کو واپس بلانے کیلئے نقارہ بجایا جاتا ہے۔ کنار۔ کنارہ۔ ارجعی۔ تو واپس آجا، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی پاک روحوں کو واپس بلانے کے لئے فرماتا ہے۔ اللہ کا یہ فرمانا طبلِ باز ہے۔ رغم یعنی مخالف کی ذلت۔ من نیم۔ لوگوں نے اعتراض کیا تھا کہ بادشاہ اور وزیر کی جنس نہیں ہے لہذا اُنسے کیا تعلق، اس کا جواب ہے کہ میں ہم جنس تو نہیں ہوں لیکن اُنکے نور کی تجلی مجھ پر پڑ گئی ہے۔ جنسیت یعنی جنسیت کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ہم شکل و صورت ہو بلکہ تعلق اور مناسبت کی وجہ سے ہم جنس بنا جاتا ہے۔ آب۔ زمین کی پیداوار میں پانی اور مٹی کا باہم تعلق ہو جاتا ہے حالانکہ دونوں کی شکل و صورت جدا جدا ہے۔

ٹ باد۔ چند مثالیں دیکر سمجھایا ہے کہ باہمی تعلق شکل و صورت کے اتحاد پر موقوف نہیں ہے ہوا آگ کی حقیقت میں داخل ہے اور اس سے متعلق ہے اگر ہوا نہ ہو تو آگ فورًا بجھ جاتی ہے طبیعتِ انسانی اور شراب میں تعلق ہے شراب پی کر طبیعت میں مستی آجاتی ہے۔ مائے۔ ہستی۔ فنا یعنی ہم اللہ کے ہم جنس تو نہیں ہیں لیکن ہم نے اپنی ہستی کو اس کیلئے فنا کر دیا ہے۔ خاک۔ ہم نے اپنے آپ کو مٹی میں ملا دیا اور اس کی

آخر ایں جاں با بدن پیوستہ است
آخر یہ جان، بدن کے ساتھ ملی ہوئی ہے
ہیچ ایں جاں با بدن مانستہ است
کہیں یہ جان بدن سے مشابہ ہے؟

تابِ نورِ چشم با پیہ است جفت
آنکھ کے نور کی چمک آنکھ کی چربی سے ملی ہوئی ہے
نورِ دل در قطرۂ خونے نہفت
دل کا نور خون کے ایک قطرے میں چھپا ہوا ہے

شادی اندر گردہ و غم در جگر
خوشی گردے میں اور غم جگر میں (ہے)
عقل چوں شمعے دروں مغزِ سر
عقل شمع کی طرح سر کے مغز میں (ہے)

رائحہ در انف و منطق در لسان
خوشبو ناک میں، اور گویائی زبان میں (ہے)
لہو در نفس و شجاعت در جنان
کھیل کود نفس میں اور بہادری قلب میں ہے

ایں تعلقہا نہ بے کیف است و چوں
کیا یہ تعلقات ناقابلِ بیان اور ناقابلِ مثال نہیں ہیں
عقلہا در دانشِ چونی زبوں
عقلیں ان کی کیفیت کے سمجھنے سے قاصر ہیں

جانِ کل با جانِ جزو آسیب کرد
جانِ کل نے جانِ جزو پر اثر ڈالا
جاں ازو درے ستد در جیب کرد
جان (جزو) نے اس سے موتی لیا اور جیب میں ڈال لیا

ہمچو مریم جاں ازاں آسیبِ جیب
(حضرت) مریمؑ کی طرح جان اس دل کی تاثیر سے
حاملہ شد از مسیحِ دلفریب
حسین مسیح سے حاملہ ہو گئی

آں مسیحے نے کہ بر خشک و تر است
وہ مسیح نہیں جو بحر و بر پر ہے
آں مسیحے کز مساحت برتر است
وہ مسیح جو ناپ تول سے بالا ہے

پس ز جانِ جاں چو حامل گشت جاں
تو جب جان، جانِ جاں سے حاملہ ہو گئی
از چنیں جانے شود حامل جہاں
ایسی جان سے جہاں پُر ہو جاتا ہے

پس جہاں زاید جہانِ دیگرے
تو جہان دوسرا جہان جنم دیتا ہے
ایں حشر را وا نماید محشرے
یہ گروہ (جہانِ دیگر) اس گروہ کا حشر ظاہر کر دیتا ہے

تا قیامت گر بگویم بشمرم
قیامت تک اگر میں بتاؤں (اور) گنوں
من ز شرحِ ایں قیامت قاصرم
میں اس قیامت کی تشریح سے عاجز ہوں

تا قیامت ایں قیامت را اگر
قیامت تک اس قیامت کی اگر
شرح گویم قاصر آیم اے پسر
میں شرح کروں اے صاحبزادے! میں عاجز آ جاؤں

---

نور سے تمام دنیا مستفید ہوتی ہے۔ ایں حشر۔ بزرگوں سے فیض حاصل کرنیوالے اپنے پہلے بزرگوں کی شہرت اور نمود کا سبب بنتے ہیں۔ محشر۔ قیامت میں سب کے وجود ظاہر ہو جائینگے اسی طرح مستفیدین بزرگوں کے وجود کو نمایاں کرتے ہیں۔ تا قیامت۔ پھر مستفیدین اور مستفیدین سے مستفیدین کا سلسلہ قیامت تک جاری رہیگا۔ قیامت جبکہ

له آخر۔ جسم اور روح میں باہمی تعلق ہے اور ایک دوسرے کے مشابہ نہیں ہے تو منکرین حقیقت کی عدم مشابہت سے تعلق کا کیوں انکار کرتے ہیں۔ تاب نور۔ جب آنکھ کی چربی نورِ چشم کا مظہر، اور دل کا قطرۂ خون نور کا مظہر ہو سکتے ہیں تو ایک انسان کے نورِ حق سے متجلی ہونے میں کیا شک ہو سکتا ہے۔ شادی۔ گردہ اور خوشی میں، غم اور جگر میں، عقل اور دماغ میں صورتاً مشابہت نہیں ہے لیکن باہمی تعلق ظاہر ہے۔ رائحہ۔ خوشبو۔ انف۔ ناک۔ جنان۔ دل۔ ان چیزوں میں صورتاً مشابہت نہیں اور تعلق ظاہر ہے۔ ایں تعلقہا۔ پہلے ان چیزوں کا باہمی تعلق بتایا ہے اس تعلق کو پوری طرح سمجھنا مشکل ہے لہٰذا تعلق مع اللہ کی کیفیت بیان کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔

ته جانِ کل۔ ذاتِ حق۔ یہ انسان سے خدا کے تعلق کا بیان ہے۔ جانِ جزو۔ انسان۔ آسیب۔ اثر۔ ہمچو مریم یعنی اللہ تعالیٰ نے انسان کے دل کو متاثر کیا اور وہ حاملِ امانت ہو گیا جس طرح حضرت مریمؑ کے گریبان میں پھونک ماری اور وہ حضرت مسیحؑ سے حاملہ ہو گئی تھیں۔ مسیحے۔ حضرت مریمؑ تو ایک انسان مسیح سے حاملہ ہوئیں مؤمن کا قلب تجلیاتِ رب کا حامل ہو گیا۔ خشک و تر۔ بحر و بر۔ مساحت۔ ناپنا۔

ته جانِ جاں۔ روح الارواح، ذاتِ حق۔ حامل حق۔ شیخ کے قلبی

ایں [1] سخنہا خود بمعنیٰ یاربے ست — حرفہا دام دمِ شیریں لبے ست
خود یہ باتیں یارب کے معنیٰ میں ہیں — (انکے) حرف شیریں لب (محبوب) کی گفتگو کا جال ہیں

چوں کند تقصیر پس چوں تن زند — چونکہ لبیکش زیارب می رسد
کوتاہی کیوں کرے اور خاموش کیوں رہے؟ — جبکہ یارب کی وجہ سے اُسکے پاس لبیک کی آواز پہنچ رہی ہے

ہست لبیکے کہ نتوانی شنید — لیک سرتا پائے بتوانی چشید
وہ ایسی لبیک ہے جو سُنی نہیں جاسکتی — ہاں سر سے پیر تک تو چکھ سکتا ہے

یک [2] مثل آورد مت تا پے بری — وز چنیں لبیک پنہاں برخوری
میں تیرے لئے ایک مثال بیان کرتا ہوں تاکہ تجھے پتہ چل جائے — اور اس طرح کی پوشیدہ لبیک سے پھل کھائے

## کلوخ انداختنِ تشنہ از سرِ دیوار در جوئے آب

پیاسے کا دیوار پر سے پانی کی نہر میں مٹی کے ڈھیلے پھینکنا

بر لبِ جُو بُود دیوارے بلند — بر سرِ دیوار تشنہ دردمند
ایک نہر کے کنارے پر ایک اونچی دیوار تھی — دیوار پر مصیبت زدہ پیاسا (بیٹھا تھا)

تشنہ مستسقیِ زار و نزار — عاشقِ مست غریبِ بے قرار
پیاسا، پانی کا طلبگار، بدحال اور لاغر — عاشق، مست، پردیسی بے قرار (تھا)

مانعش از آب آں دیوار بُود — از پئے آب اُو چو ماہی زار بُود
وہ دیوار اُس کے لئے پانی سے روک تھی — پانی کے لئے وہ مچھلی کی طرح بے تاب تھا

شُد حجابِ آب آں دیوارِ اُو — بر فلک می شد فغانِ زارِ اُو
اُس کی وہ دیوار پانی کی آڑ بنی — اُس کی دردناک فریاد آسمان پر پہنچتی تھی

ناگہاں انداخت اُو خشتے در آب — بانگِ آب آمد بگوشش چوں خطاب
اچانک اُس نے ایک اینٹ پانی میں پھینکی — اُس کے کان میں پانی کی آواز پکار کی طرح آئی

چوں خطابِ [3] یارِ شیرین و لذیذ — مست کرد آں بانگِ آبش چوں نبیذ
دوست کی میٹھی اور لذیذ گفتگو جیسی — اُسکو پانی کی اس آواز نے شراب کی طرح مست کردیا

از صفائے بانگِ آب آں ممتحن — گشت خشت انداز زاں جا خشت کن
وہ مصیبت زدہ پانی کی آواز کی صفائی کی وجہ سے — اینٹ پھینکنے والا اور اس جگہ سے اینٹ کو (اکھاڑنے) والا ہوگیا

آب می زد بانگ یعنی ہے ترا — فائدہ چہ زیں زدن خشتے مرا
پانی پکارتا تھا یعنی ارے تجھے — میرے اینٹ مارنے سے کیا فائدہ ہے؟

---

[1] ایں سخنہا یہ نصیحت کی باتیں جو جنگ اللہ تعالیٰ کی جانب سے لوگوں کی اصلاح کیلئے صادر ہوتے ہیں ان کا وعظ و نصیحت کرنا ذکرِ الٰہی کے ہم معنیٰ ہوتا ہے۔ یارب یعنی ذکرِ خداوندی۔ حرفہا ذکر اور نصیحت سے خدا سے شرفِ ہمکلامی حاصل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے لبیک کی صدا آتی ہے تو گویا یارب کہنا اللہ تعالیٰ کی گفتگو کے لئے جال اور سبب ہے۔ چوں کند جبکہ ذکر سے شرفِ ہمکلامی حاصل ہو تو کون بدنصیب ہوگا جو ذکر کرنے سے رکے۔ لبیک میں حاضر ہوں یہ پکارنے والے کے جواب میں کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ جواب شنیدنی نہیں ہے بلکہ ذوقی ہے۔

[2] یک مثل ذکر کرنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ کی جانب سے جو لبیک کی آواز آتی ہے وہ شنیدنی نہیں ہے بلکہ ذوقی ہے اس کو اس قصہ سے سمجھاتا ہے کہ پیاسے کے لئے پانی کی آواز بھی ایک ذوقی چیز ہے جو پیاسا نہ ہو وہ اس آواز سے کوئی لطف حاصل نہیں کرسکتا ہے۔ مستسقی۔ پانی کا طلبگار۔ زار۔ بدحال۔ نزار۔ لاغر۔ عاشق یعنی پانی کا عاشق۔ مست یعنی پانی کے عشق سے۔

[3] خطاب یعنی ڈھیلا گرنے سے جو پانی میں آواز پیدا ہوئی وہ پیاسے کے لئے ایسی ہی تھی جیسے ذاکر کے لئے لبیک کی آواز۔ نبید شراب۔ ممتحن۔ آزمائش میں

**تشنہ گفت آبا مرا دو فائدہ ست**
پیاسے نے کہا اے پانی میرے دو فائدے ہیں
**من ازیں صنعت ندارم ہیچ دست**
میں اس کام سے کبھی دست بردار نہ ہوں گا

**فائدہ اوّل سماعِ بانگِ آب**
پہلا فائدہ تو پانی کی آواز کا سننا ہے
**کو بود مر تشنگاں را چوں سحاب**
جو پیاسوں کے لئے ابر کی طرح ہوتی ہے

**بانگِ او چوں بانگِ اسرافیل شد**
اس کی آواز اسرافیلؑ کی آواز کی طرح ہے
**مردہ را زیں زندگی تحویل شد**
مُردے کو اس سے زندگی حاصل ہو جاتی ہے

**یا چو بانگِ رعدِ ایامِ بہار**
یا موسمِ بہار میں بادل کی گرج کی آواز کی طرح ہے
**باغ می یابد ازو چندیں نگار**
جس سے باغ بہت سے نقش و نگار حاصل کرتا ہے

**یا چو بر درویش آوازِ زکات**
یا (ایسی ہے) جیسی فقیر کیلئے زکات (دینے والے) کی آواز
**یا چو بر محبوس پیغامِ نجات**
یا (ایسی ہے) جیسے قیدی کے لیے رہائی کا پیغام

**یا دمِ رحمٰن بود کاں از یمن**
یا اللہ (تعالیٰ) کی وہ گفتگو تھی جو یمن سے
**می رسد سوئے محمدؐ بے دہن**
محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس بغیر منہ کے پہنچی ہو

**یا چو بوئے احمدِ مرسل بود**
یا رسول (اللہ) احمدؐ کی خوشبو تھی
**کاں بعاصی در شفاعت می رسد**
جو ایک گنہگار کو شفاعت (کے وقت) میں پہنچے گی

**یا چو بوئے یوسفِ خوبِ لطیف**
یا حسین پاکیزہ یوسفؑ کی خوشبو کی طرح
**می زند بر جانِ یعقوبؑ نحیف**
جو لاغر (حضرت) یعقوبؑ کی جان پر اثر کرتی ہے

**یا نسیمِ روضۂ دار السلام**
یا بہشت کے باغ کی خوشگوار ہوا ہے
**سوئے عاصی می رسد بے انتقام**
جو بخشے ہوئے گنہگار کو پہنچتی ہے

**یا سوئے مسِ سیہ از کیمیا**
یا کالے تانبے کے پاس کیمیا کی جانب سے
**می رسد پیغام کاے ابلہ بیا**
پیغام پہنچتا ہے کہ اے بیوقوف آ (اسکی طرح ہے)

**یا ز لیلیٰ بشنود مجنوں کلام**
یا (جس طرح کہ) لیلیٰ کی جانب سے مجنوں کلام سنتا ہے
**یا فرستد ویس رامیں را پیام**
یا ویس (معشوقہ) رامین (عاشق) کو پیغام بھیجتی ہے

**فائدہ دیگر کہ ہر خشتے کزیں**
دوسرا فائدہ (یہ ہے) کہ ہر اینٹ جو اس میں سے
**بر کنم آیم سوئے ماءِ معیں**
میں اکھاڑتا ہوں صاف پانی کی جانب کیا آتا ہوں

---

لہ آبا۔ اے پانی۔ ندارم دست۔ دستبردار۔ سحاب۔ پیاسا جس طرح ابر کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے پانی کی آواز سن کر بھی خوش ہوتا ہے۔ اسرافیلؑ۔ حضرت اسرافیلؑ کے صور سے مُردے زندہ ہو جائیں گے۔ مُردہ یعنی جو پیاس سے مر رہا ہے پانی کی آواز سے اس کو ایک زندگی مل جاتی ہے۔ رعد گرج طرح موسم بہار میں بادل کی گرج سے بشارت حاصل کرتا ہے۔

ٹہ درویش۔ فقیر جب زکوۃ دینے والے کی آواز سنتا ہے تو اس میں نشاط پیدا ہو جاتا ہے۔ دمِ رحمٰن۔ آنحضورؐ نے ارشاد فرمایا مجھے خدائی سانس یمن کی جانب سے پہنچتا ہے بے دہن۔ خدا کا کلام اور سانس دہن سے منزہ ہے۔ بوئے احمدؐ۔ شفاعت کے وقت آنحضورؐ کی خوشبو گنہگار کے لئے جانفزا ہوگی۔

ٹہ بوئے یوسفؑ۔ حضرت یعقوبؑ نے حضرت یوسفؑ کے کُرتے کی خوشبو بہت دُور سے محسوس کر لی تھی جو ان کے نشاط کا سبب بنی۔ نحیف۔ کمزور، لاغر۔ نسیم۔ ہلکی خوشگوار ہوا۔ روضہ۔ باغ۔ دار السلام۔ بہشت کے آٹھ طبقوں میں سے ایک طبقہ کا نام ہے۔ بے انتقام یعنی وہ گنہگار جس کو گناہوں کی سزا نہ ملی ہو۔ از کیمیا۔ کیمیا کی آواز سونے کے لئے ایسی ہی روح فزا ہے جیسے

پیاسے کے لئے پانی کی آواز تھی۔ ویس۔ عرب کی مشہور معشوقہ ہے جیسا کہ لیلیٰ۔ رامین۔ عرب کا مشہور عاشق ہے جیسا کہ مجنوں۔ فائدہ دیگر۔ اینٹ اکھاڑنے کا دوسرا فائدہ یہ ہے کہ دیوار کم ہو رہی ہے اور پانی کا قرب بڑھ رہا ہے۔

کز کمی خشت دیوار بلند
اس لئے کہ اونچی دیوار ایک اینٹ کی کمی سے

پست تر گردد بہر دفعہ کہ کند
جتنی مرتبہ اکھڑتی ہے، زیادہ نیچی ہو جاتی ہے

پستی دیوار قربے می شود
دیوار کی نیچائی ایک نزدیکی بن جاتی ہے

فصل او درمان وصلے می شود
اس (اینٹ) کا جدا ہونا وصل کا سبب ہو جاتا ہے

پستی آمد کندن خشت لزب
جمی ہوئی اینٹ کا اکھاڑنا پستی (کا سبب) بنا

موجب قربت کہ واسجد واقترب
یہ قرب کا سبب ہے (جیسا کہ) سجدہ کر اور قریب ہو جا

تا کہ ایں دیوار عالی گردن ست
جب تک یہ دیوار اونچی گردن والی ہے

مانع ایں سر فرود آوردن ست
یہ سر جھکانے سے مانع ہے

سجدہ نتواں کرد بر آب حیات
آب حیات پر سجدہ نہیں کیا جا سکتا

تا نیابی زیں تن خاکی نجات
جبتک کہ تو اس مٹی کے جسم سے نجات نہ پائیگا

بر سر دیوار ہر کو تشنہ تر
جو شخص دیوار پر زیادہ پیاسا (بیٹھا) ہوگا

زود تر او میکند خشت و مدر
وہ اینٹ اور ڈھیلا جلد اکھاڑے گا

ہر کہ عاشق تر بود بر بانگ آب
جو پانی کی آواز پر زیادہ عاشق ہوگا

او کلوخ زفت بر کند از حجاب
وہ آڑ کے بڑے بڑے ڈھیلے اکھاڑیگا

او ز بانگ آب پر مے تا عنق
وہ پانی کی آواز سے گلے تک شراب سے پر ہے

نشنود بیگانہ جز بانگ بلق
بیگانہ سوائے "گڑپ" کی آواز کے کچھ نہیں سنتا ہے

اے خنک آں را کہ او ایام پیش
اے (مخاطب) خوش نصیبی ہے جو شروع کے زمانے کو

مغتنم دارد، گذارد دام خویش
غنیمت سمجھے، (اور) اپنا قرض ادا کردے

اندراں ایام کش قدرت بود
اس زمانے میں جبکہ اس کو قدرت ہوتی ہے

صحت و زور دل و قوت بود
صحت اور دل کی طاقت اور قوت ہوتی ہے

واں جوانی ہمچو باغ سبز و تر
اور وہ جوانی سرسبز و شاداب باغ کی طرح

می رساند بے دریغے بار و بر
بے دریغ پھل اور میوے دیتی ہے

چشمہائے قوت و شہوت رواں
قوت اور شہوت کے چشمے جاری ہیں

سبز می گردد زمین تن بداں
جسم کی زمین اُن سے سرسبز ہوتی ہے

خانہ معمور سقفش بس بلند
گھر آباد ہے، اس کی چھت اونچی ہے

معتدل ارکان بے تخلیط و بند
بغیر گڑبڑ اور رکاوٹ کے ستون ٹھیک ہیں

ے خاک کی پیاسے کا جس قدر پانی سے حاصل تھا وہ اینٹ کے اکھاڑنے سے کم ہوا ہوگا مشکل ہوا اینٹ کا اکھاڑنا پیاسے کے پانی سے وصل کو قریب کر دیا تھا۔ پستی آمد جس طرح سے دیوار کا پست بن جانا قربت اور وصل کا سبب تھا اسی طرح انسان کا پست ہونا اور سجدہ میں گرنا قرب خداوندی کا سبب ہے جیسا کہ قرآن کی آیت میں کہا گیا ہے قربت۔ نزدیکی۔ تا کہ جب تک انسان تند سرکشی کریگا اور اپنی گردن کو اونچی رکھے گا وہ دیوار ہے جو پانی کے وصل سے مانع تھی۔

ے آب حیات۔ ذات خداوندی کا سجدہ اور قرب جب حاصل ہوگا جب تن خاکی کی اینٹیں اکھاڑ دوگے تشنہ تر۔ جو وصل کا زیادہ پیاسا ہوگا وہ وصل کے اسباب جلد حاصل کریگا زفت۔ موٹا، مضبوط۔ حجاب۔ پردہ مراد وہ پیاسا ہے کو پانی کی آواز سے شراب کا سا نشہ حاصل ہو رہا تھا بیگانہ جس کو پانی کی حاجت نہیں ہے۔ بلق۔ پانی میں کسی چیز کے گرنے کی آواز۔

ے اے خنک جوانی کی عبادت اور مجاہدہ بہت افضل ہے زمانہ میں حق کے حقوق ادا کرلے۔ ایام پیش جوانی کا زمانہ۔ جوانی حالت کے مجاہدات بہت جلد مثمر ہوتے ہیں۔ سبز تر و تازہ زمین یعنی جسم زمین سرسبز پیدا ہو کر آتی ہے معمور آباد۔ ارکان عناصر ستون

نورِ چشم و قوتِ ابداں بجا[1] — قصر محکم خانہ روشن پُر صفا

آنکھوں کی روشنی اور جسموں کی طاقت بحال ہے — قلعہ مضبوط، گھر روشن صفا ستھرا ہے

ہیں غنیمت داں جوانی اے پسر — سر فرود آور بکن خشت و مدر

اے صاحبزادے! خبردار جوانی کو غنیمت سمجھ — سر جھکا لے، اینٹ اور ڈھیلا اکھاڑ دے

پیش ازاں کایامِ پیری در رسد — گردنت بندد بحبلٍ من مسد

اس سے پہلے کہ بڑھاپے کا زمانہ آئے — تیری گردن مونج کی رسّی سے بندھ جائے

خاک شورہ گردد و ریزان و سست — ہرگز از شورہ نبات خوش نرُست

مٹی شوریلی اور جھڑنے والی اور سست ہو جائے — شوریلی زمین میں کبھی اچھی گھاس نہیں اگی ہے

آبِ زور و آبِ شہوت منقطع — او ز خویش و دیگراں نا منتفع

طاقت کا پانی اور شہوت کا پانی منقطع ہو جائے — وہ اپنے آپ، اور دوسروں سے نفع نہ اٹھا سکے

ابرواں چوں پاردم[2] زیر آمدہ — چشم را نم آمدہ تاری شدہ

ابروئیں تُوبچی کی طرح ڈھلکی ہوئی — آنکھ میں موتیا اترا ہوا دھندلائی ہوئی

از تشنج رُو چو پشتِ سوسمار — رفتہ نطق و طعم و دنداں ہا ز کار

جھرّیوں سے چہرہ گوہ کی کمر کی طرح — گویائی اور ذائقہ ختم، اور دانت بیکار

پشت دوتا گشتہ دل سست و طپاں — تن ضعیف و دست و پا چوں ریسماں

کمر دوہری، دل سست اور لرزاں — جسم کمزور، ہاتھ پیر دھاگا جیسے

بر سرِ رہ زاد کم مرکوب سست — غم قوی و دل تنک تن نادرست

راستہ پر، توشہ ندارد، سواری سست — غم بھاری، دل کمزور، جسم بگڑا ہوا

خانہ ویراں کار بے ساماں شدہ — دل ز افغاں ہمچو نائی انباں[3] شدہ

گھر تباہ، کام بے سہارا — دل فریاد سے مشک والی بین کی طرح

عمر ضائع سعی باطل راہ دور — نفس کاہل دل سیہ جاں نا صبور

عمر برباد، کوشش بیکار، راستہ دراز — نفس سست، دل کالا، جان بے صبر

موئے بر سر ہمچو برف از بیمِ مرگ — جملہ اعضا لرز لرزاں ہمچو برگ

موت کے ڈر سے سر پر بال برف جیسے — تمام اعضاء پتّے کی طرح سخت لرزاں

روز بیگہ لاشہ لنگ و رہ دراز — کارگہ ویراں عمل رفتہ ز ساز

دن بے وقت، گدھا لنگڑا اور راستہ دراز — کارخانہ ویران، عمل ناکارہ

---

[1] نورِ چشم۔ جوانی میں حواسِ ظاہری اور حواسِ باطنی سب صحیح حالت میں ہوتے ہیں۔ بکن خشت و مدر یعنی برے اخلاق زائل کر دے۔ گردنت بندد یعنی بڑھاپے میں عبادت نہ ہو سکے گی۔ مسد کھجور کے پتّے یا مونج کی رسّی۔ خاک شورہ۔ بڑھاپے میں عبادت اور ریاضت کے وہ ثمرات حاصل نہیں ہوتے ہیں۔ بڑھاپے کا بدن شوریلی زمین کی طرح ہے جو بارآور نہیں ہوتی ہے۔ آب زور۔ جس زمین کی آبپاشی نہیں ہوتی اس کی پیداوار اچھی نہیں ہوتی ہے۔ او ز خویش۔ بڑھاپے میں انسان نہ اپنے لائق رہتا ہے نہ جہان کے لائق رہتا ہے۔

[2] پاردم۔ دُمچی۔ زیر آمدہ۔ بڑھاپے میں بھنویں ڈھلک کر آنکھوں پر آجاتی ہیں۔ چشم۔ بڑھاپے میں موتیابند ہو جاتا ہے اور آنکھوں میں دھند پیدا ہو جاتی ہے۔ تشنج۔ اینٹھن، پٹھے سکڑتے ہیں تو کھال میں جھرّیاں اور سلوٹیں پڑ جاتی ہیں۔ سوسمار۔ گوہ جس کی کمر کھردری ہوتی ہے۔ نطق۔ گویائی۔ طعم۔ ذائقہ۔ دوتا۔ دوہرا۔ ریسماں۔ دھاگا، رسّی۔ زاد۔ توشہ۔ مرکوب۔ سواری۔ تنک۔ تنگ، پریشان۔

[3] نائی انباں۔ مشک والی بین۔ مشک کو بین سے جوڑ دیا جاتا ہے اور اس میں ہوا بھر دی جاتی ہے جس سے وہ بجتی رہتی ہے۔ ہمچو برف یعنی سفید۔ لاشہ۔ کمزور حیوان یا انسان، گدھا۔ کارگہ۔ کارخانہ۔

بیخہائے خوئے بد محکم شدہ — قوتِ برکندن آں کم شدہ
بُری عادتوں کی جڑ مضبوط — اُس کے اُکھاڑنے کی طاقت کم

## فرمودنِ والی شخص را کہ خاربُن کہ نشاندہٗ از سرِ راہِ مرداں برکن و عذر آوردنِ اُو

حاکم کا ایک شخص سے کہنا کہ کانٹوں کا جھاڑ جو تونے بویا ہے لوگوں کے راستہ سے اُکھاڑ دے اور اُس کا عذر کرنا

ہمچو آں شخصِ درشتِ خوش سخن — درمیانِ رہ نشاند او خاربُن
اُس باتونی سنگدل انسان کی طرح — جس نے راستہ میں کانٹوں کا جھاڑ بویا

رہ گذریانش ملامت گر شدند — پس بگفتندش بکن آں را نکند
راستہ چلنے والے اُس کو ملامت کرتے — اس نے کہا، اُس کو اُکھاڑ، اُس نے نہ اُکھاڑا

ہر دمے آں خاربُن افزوں شدے — پائے خلق از زخمِ آں پُرخوں شدے
ہر وقت وہ جھاڑ بڑھتا رہا — لوگوں کے پیر اُس کے زخم سے خون آلود ہوتے

جامہائے خلق بدریدے زخار — پائے درویشاں بخستے زار زار
کانٹوں سے لوگوں کے کپڑے پھٹتے — غریبوں کے پیر خوب زخمی ہوتے

چونکہ حاکم را خبر شد زیں حدیث — یافت آگاہی زفعلِ آں خبیث
جب حاکم کو اس بات کی خبر ہوئی — اُس خبیث کے کام سے واقف ہو گیا

چوں بجِد حاکم بدُ گفت ایں بکن — گفت آرے برکنم روزیش من
جب حاکم نے تاکید سے اُس سے کہا اس کو اکھاڑ دے — بولا، ہاں کسی دن میں اُس کو اُکھاڑ دونگا

مدتے فردا و فردا وعدہ داد — شد درختِ خارِ اُو محکم نہاد
ایک زمانہ تک کل اور کل کا وعدہ کرتا رہا — وہ خاردار درخت مضبوط جڑ کا ہو گیا

گفت روزے حاکمش اے وعدہ کژ — پیش آ در کارِ ما واپس مغژ
ایک روز حاکم نے اُس سے کہا اے وعدہ خلاف! — ہمارے (کہے ہوئے) کام میں پیشقدمی کر واپس نہ جا

گفت الایام یا عمّ بیننا — گفت عجّل لا تماطل دیننا
بولا، زمانہ نے ہم میں دوری پیدا کر دی — اُس (حاکم) نے کہا جلدی کر ہمارے قرض میں ٹال مٹول نہ کر

تو کہ می گوئی کہ فردا ایں بداں — کہ بہر روزے کہ می آید زماں
تو جو کہتا ہے کہ "کل" یہ سمجھ لے — کہ ہر دن جو وقت بھی آتا ہے

لہ بیخہائے بد۔ بڑھاپے میں بُری عادتیں اور راسخ ہو جاتی ہیں اور ان کو جڑ سے اکھاڑنے کی طاقت کمزور ہو جاتی ہے فرمودن۔ اِس حکایت کا خلاصہ بھی یہی ہے کہ بدخصلتوں کا اگر ازالہ نہ کیا جائے تو وہ اور جڑ پکڑ جاتی ہیں۔ درشت۔ سنگدل۔ خوش سخن۔ باتونی۔ خاربُن۔ کانٹوں والا درخت۔ رہ گذریاں۔ راستہ چلنے والے۔ حدیث۔ بات۔ بخستے یعنی ہاتھ میں کانٹے ہونا۔
لہ بجِد۔ یعنی تاکید اور سختی سے۔ فردا۔ کل۔ نہاد۔ جڑ بنیاد۔ وعدہ کژ۔ وعدہ خلاف۔ مغژ۔ مغژیدن سے نہی کا صیغہ ہے، گھٹنوں کے بل نہ چل۔
لہ الایام۔ دن۔ زمانہ۔ باعد۔ دوری پیدا کر دی ہے۔ بیننا۔ ہمارے درمیان۔ عجّل۔ تو جلدی کر۔ لا تماطل۔ ٹال مٹول نہ کر۔ دیننا۔ ہمارا قرض۔ کہ فردا۔ یعنی کل کو کاٹ دونگا۔

آں درختِ بد جواں تر می شود
وہ خراب درخت زیادہ جوان ہوا جاتا ہے
ویں کَنندہ پیر و مُضطر می شود
اور یہ اُکھاڑنے والا بوڑھا اور مجبور ہوتا جاتا ہے

خاربُن در قوت و بَرخاستن[۱]
خاردار درخت قوت اور بلند ہونے میں ہے
خارکَن در سُستی و در کاستن
کانٹے اُکھاڑنے والا سُستی اور گھٹاؤ میں ہے

خاربُن ہر روز و ہر دم سبز و تَر
خاردار درخت ہر دن اور ہر وقت سبز و تازہ ہے
خارکَن ہر روز زار و خشک تَر
کانٹے اُکھاڑنے والا ہر دن کمزور اور زیادہ خشک ہوتا جاتا ہے

اُو جواں تر می شود تو پیر تَر
وہ زیادہ جوان ہو رہا ہے اور تو زیادہ بوڑھا
زود باش و روزگارِ خود مبر
جلدی کر، اور اپنا وقت ضائع نہ کر

خاربُن داں ہر یکے خوئے بَدت
اپنی ہر بُری عادت کو خاردار درخت سمجھ
بارہا در پائے خار آخر زَدت
بارہا کانٹا تیرے پیر میں چُبھا ہے

بارہا بر فعلِ خود نادِم شدی
تو بارہا اپنے فعل پر نادم ہوا ہے
بر سرِ راہِ تحیُّر آمدی
تو حیرانی کے راستہ پر آیا ہے

بارہا از خوئے[۲] خود خستہ شدی
تو بارہا اپنی عادت سے زخمی ہوا ہے
حِس نداری سخت بے حِس آمدی
تجھے احساس نہیں ہے تو سخت بے حس ثابت ہوا ہے

گر ز خستہ کردنِ دیگر کساں
اگر دوسروں کو زخمی کرنے سے
کہ ز خُلقِ زشتِ تو ہست آں رساں
جو کہ تیرے بُرے اخلاق سے (وہ زخم) لگے ہیں

ق
غافلی بارے ز زخمِ خود نۂ
تو غافل ہے لیکن اپنے زخم سے تو غافل نہیں ہے
تو عذابِ خویش و ہر بیگانۂ
تو اپنے لئے اور دوسروں کے لئے عذاب ہے

یا تبر گیر و بہ بُن مردانہ زن؟
یا کلہاڑا لے اور بہادروں کی طرح (جڑ پر) مار
تو علیؓ وار ایں درِ خیبر بکَن
تو علیؓ کی طرح خیبر کے اِس دروازہ کو اُکھاڑ دے

ورنہ[۳] چوں صدیق و فاروقِ مہیں
ورنہ (حضرت) صدیقؓ اور بزرگ فاروقؓ کی طرح
ہیں طریقِ دیگراں را برگزیں
خبردار! دوسروں کا طریقہ اختیار کر

یا بگلبن وصل کُن ایں خار را
یا اِس کانٹے کو بوٹے کے ساتھ مِلا لے
وصل کُن با نارِ نُورِ یار را
آگ کو دوست کے نور کے ساتھ وابستہ کر دے

تا کہ نورِ اُو کُشد نارِ تُرا
تاکہ اُس کا نور تیری آگ کو بجھا دے
وصلِ اُو گلشن کُند خارِ تُرا
اُس کا ملنا تیرے کانٹے کو گلستاں بنا دے

---

[۱] برخاستن۔ اُٹھنا اونچا ہونا کاستن۔ گھٹنا، کم ہونا۔ تر پہلے مصرع میں بمعنی تر و تازہ اور دوسرے میں بمعنی زیادہ ہے۔ خاربُن داں یعنی خاردار درخت اپنی بُری عادت کو سمجھ۔ بارہا۔ بُری عادتوں سے انسان کو تکلیف پہنچتی ہے۔ تحیّر۔ حیران ہونا۔

[۲] خوئی۔ یعنی بدعادت۔ خُلقِ زشت۔ بُرے اخلاق۔ غافل۔ غافل ہستی۔ نۂ نیستی۔ ہر بیگانۂ۔ ہر بیگانہ ہستی۔ تبر کلہاڑا۔ یعنی اخلاقِ رذیلہ خود اپنے مجاہدات سے دُور کرے۔ علی وار حضرت علی کی طرح حضرت علیؓ کا مسلک مسلکِ ہدایت تھا جس میں مخلوق سے علیحدہ رہ کر مجاہدات کے ذریعہ مقامات طے کئے جاتے ہیں۔ خیبر ایک مقام کا نام ہے جو مدینہ طیبہ سے دو سو میل ہے وہاں یہود قلعہ بند ہو گئے تھے تو حضرت علی کرم اللہ وجہٗ نے قلعہ کا دروازہ اُکھاڑ دیا تھا جو اس قدر بھاری تھا کہ اُس کو سات آدمیوں نے اور ایک روایت کے مطابق چالیس آدمیوں نے اُٹھانا چاہا تو وہ نہ اُٹھ سکا۔

[۳] ورنہ حضرات شیخین کا مسلک مسلکِ نسبت تھا جس میں متوجہ بمخلوق بلحق رہتے ہیں۔ یا بگلبن۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ کسی شیخ کی خدمت میں رہو۔ نار یعنی مرید کے اخلاقِ ذمیمہ۔

توشتا آں دوزخی اُو مومن ست
تو دوزخ جیسا ہے، وہ مومن ہے
کُشتنِ آتش بمومن ممکن ست
مومن کے ذریعہ آگ بجھانا ممکن ہے

مصطفیٰ[۱] فرمود از گفتِ جحیم
مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوزخ کا تذکرہ نقل فرمایا ہے
کو بمومن لابہ گر گردد ز بیم
کہ وہ خوف سے مومن کی خوشامد کرے گی

گویدش بگذر ز من اے شاہ زود
اس سے کہے گی اے شاہ! میرے پاس سے جلد چلا جا
ہیں کہ نورت سوزِ نارم را ربود
دیکھ! تیرے نور نے میری آگ کی گرمی ختم کر دی

پس ہلاکِ نار نورِ مومن ست
تو مومن کا نور، آگ کی تباہی ہے
زانکہ بے ضد دفعِ ضد لا یمکن ست
کیونکہ مقابل کے بغیر مقابل کا دفع کرنا ناممکن ہے

نار ضدِ نور باشد روزِ عدل
انصاف کے دن آگ، نور کی ضد ہو گی
کاں ز قہر انگیختہ شد ویں ز فضل
اس لئے کہ وہ غضب سے بھڑکی ہوا اور یہ مہربانی سے

گر ہمی خواہی تو دفعِ شرِّ[۲] نار
اگر تو آگ کے شر کو دفع کرنا چاہتا ہے
آبِ رحمت بر دلِ آتش گمار
تو رحمت کا پانی آگ میں ڈال دے

چشمۂ آں آبِ رحمت مومن ست
اس آبِ رحمت کا چشمہ مومن ہے
آبِ حیواں روحِ پاکِ محسن ست
محسن کی پاک روح آبِ حیوان ہے

بس گریزان ست نفسِ تو ازو
تیرا نفس اس سے بہت بھاگتا ہے
زانکہ تو از آتشی او ز آبِ جو
اسلئے کہ تو آگ کا (بنا ہوا) ہے وہ نہر کے پانی سے

ز آب آتش زاں گریزاں می شود
آگ، پانی سے اس لئے بھاگتی ہے
کآتشش از آب ویراں می شود
کہ اس کی سوزش پانی سے برباد ہو جاتی ہے

حسّ[۳] و فکرِ تو ہمہ از آتش ست
تیرا حس اور فکر سب آگ سے (بنا) ہے
حسِ شیخ و فکرِ او نورِ خوش ست
شیخ کا حس اور اس کا فکر عمدہ نور سے (بنا) ہے

آبِ نورِ او چو بر آتش چکد
اس کے نور کا پانی جب آگ پر ٹپکتا ہے
چک چک از آتش بر آید بر جہد
آگ سے بھڑ بھڑ کی آواز آتی ہے (اور وہ) غائب ہو جاتی ہے

چوں کند چک چک تو گویش مرگ و درد
جب بھڑ بھڑ کرے تو اس سے کہہ تجھے موت اور درد
تا شود ایں دوزخِ نفسِ تو سرد
تاکہ تیرے نفس کی یہ دوزخ ٹھنڈی ہو جائے

تا نسوزد او گلستانِ ترا
تاکہ وہ تیرے چمن کو نہ جلا دے
پست نکند عدل و احسانِ ترا
تیرے عدل اور احسان کو نہ گھٹا دے

---

[۱] توشتا آں دوزخی پہلے شعر میں کہا تھا کہ نور نار کو بجھا دیتا ہے۔ اب اس کی تفصیل بیان کرتے ہیں۔ مومن نور کی چیز ہے جحیم۔ دوزخ۔ آگ۔ یعنی دوزخ۔ لابہ۔ خوشامد۔ بیم۔ خوف۔ بے ضد۔ جن دو چیزوں سے تضاد کی نسبت ہوتی ہے وہ ایک دوسری کو ختم کر دیتی ہیں۔ نار اور نور ایک دوسری کی ضد ہیں۔ قہر۔ قہر اور مہر ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ نار قہر کا مظہر ہے اور نور مہر کا مظہر ہے لہٰذا وہ بھی ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

[۲] شرّ نار۔ اخلاقِ رذیلہ کے اثرات۔ آبِ رحمت یعنی شیخ کی صحبت۔ مومن یعنی شیخ۔ محسن یعنی شیخ۔ بس گریزاں۔ برے بھلوں کی صحبت سے اسی لئے گریز کرتے ہیں کہ بروں کا مزاج ناری ہے اور بھلوں کا آبی۔ ناب۔ شیخ ترکِ لذات کا حکم دیتا ہے، عوام گریز کرتے ہیں۔

[۳] حس و فکر۔ عوام کے احساسات اور افکار اخلاقِ رذیلہ کے پیدا وار ہیں۔ آبِ نور۔ شیخ کی صحبت سے جب اخلاقِ رذیلہ کا ازالہ ہوتا ہے تو مرید خود اس کی کیفیت محسوس کرتا ہے۔ چک چک۔ آگ پر پانی ڈالنے سے جو آواز پیدا ہوتی ہے۔ چوں کند۔ اخلاقِ رذیلہ کے ازالہ سے اگر نفس بے چینی ہو تو اس کو پریشان نہ ہونا چاہیئے۔ تا نسوزد۔

یک شرر ازوے ہزاراں گلستاں (ل۱)
اُس کی ایک چنگاری سے ہزاروں چمن ایسے ہیں
آں یکے نے نام بینی نے نشاں
کہ تو ایک کا بھی نام و نشان نہ دیکھے گا

بعد ازاں چیزے کہ کاری بردہد
اس کے بعد تو جو بوئے گا نفع دے گا
لالہ و نسرین و سیسن بردہد
لالہ اور سیوتی اور سیسن اُگائے گا

باز پہنا می رویم از راہِ راست
پھر ہم کشادہ اور سیدھے راستہ پر چلتے ہیں
باز گرد اے خواجہ راہِ ما کجاست
اے جناب! واپس لوٹیے ہمارا راستہ کدھر ہے!

اندریں تقریر بودیم اے حرور
ہم یہ کہہ رہے تھے، اے ٹوٹے میں پڑے ہوئے!
کہ خرت لنگ ست و منزل دور دور
کہ تیرا گدھا لنگڑا ہے اور منزل بہت دور ہے

بارِ تو باشد گراں در راہ چاہ
تیرا بوجھ بھاری ہوگا، راستہ میں کنواں ہے
کج مرو رو راست اندر شاہ را
ٹیڑھا نہ چل، چوڑی سڑک پر سیدھا چل

سال شصت آمد کہ در شستت کشد (ل۲)
ساٹھ سال ہو گئے تاکہ تجھے کانٹے میں پھنسا لیں
راہ دریا گیر تا یابی رشد
دریا میں کا راستہ اختیار کر تاکہ تو ہدایت حاصل کرے

آنکہ عاقل بود در دریا رسید
جو (مچھلی) سمجھدار تھی دریا کی تہ میں پہنچی
شد خلاص از دام و از آتش رہید
جال سے خلاصی ہوئی اور آگ سے چھٹ گئی

چونکہ بیگہ گشت و آں فرصت گذشت
چونکہ بے وقت ہو گیا، اور وہ موقع نکل گیا
مردہ گرد و رو سوئے دریا ز دشت
مُردہ بن جا اور جنگل سے دریا کی جانب نکل جا

ورنہ در تابہ شوی بریاں بسے
ورنہ تو توے پر خوب بھنے گا
ایں چنیں بر خود کند ہر گز کسے
ایسا اپنے لئے کوئی نہیں کرتا ہے

حالِ آں سہ ماہی و آں جوئبار
اُن تین مچھلیوں اور اُس نہر کا قصہ
گفتہ شد اینجا برائے اعتبار
یہاں عبرت کے لئے کہا گیا ہے

فَانْتَبِہْ ثُمَّ اعْتَبِرْ ثُمَّ انْتَصِبْ
پس بیدار ہو جا پھر عبرت پکڑ پھر سیدھا ہو جا
وَاسْتَعِنْ بِاللّٰہِ ثُمَّ اجْہَدْ تُصِبْ
اللہ سے مدد چاہ پھر کوشش کر، پالے گا

سال بیگہ گشت و وقت کشت نے
سال بے وقت ہو گیا بونے کا وقت نہیں ہے
جز سیہ روئی و فعلِ زشت نے
سوائے کالا منہ ہونے کے اور بُرے کام کے کچھ نہیں ہے

کرم در بیخ درختِ تن فتاد
جسم کے درخت کی جڑ میں دیمک لگ گئی ہے
بایدش بر کند و بر آتش نہاد
اُس کو دور کرنا اور آگ پر رکھ دینا چاہیئے

---

ل۱ یک شرر: بعض گناہ ایسے ہیں کہ اُن سے تمام نیکیاں ختم ہو جاتی ہیں۔ بعد ازاں: نفس کی اصلاح کے بعد اعمال کے سب اچھے ثمرات مرتب ہوتے ہیں۔ نسرین: سیوتی۔ سیسن: ایک خوشبودار گھاس ہے جس کی خوشبو بوسنا اور نعناع کی سی ہوتی ہے چپنا چوڑا یعنی راستہ۔ از راہِ راست اِس کا بیان ہے۔ مولانا فرماتے ہیں ہم نے کچھ دقیق مسائل بیان کرنے شروع کر دئے تھے اب ہم پھر وعظ و نصیحت شروع کرتے ہیں۔ حرور: ٹوٹا اٹھانے والا۔ شاہ راہ: صراطِ مستقیم۔

ل۲ شست: مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ مولانا نے ایک قصہ نقل کیا ہے کہ تین مچھلیاں تالاب میں تھیں ایک عاقل ایک نیم عاقل ایک بیوقوف، شکاری جال لیکر آیا عقلمند تو فوراً دریا کی تہہ میں چلی گئی اور نجات پا گئی بقیہ دو پھنس گئیں جو نیم عاقل تھی اُسنے کچھ عقل سے کام لیا اپنے آپ کو مُردہ بنا لیا شکاری نے اُس کو مُردہ سمجھ کر پھر دریا میں پھینک دیا وہ بھی بچ گئی تیسری بیوقوف نے جال میں بھی اچھل کود کی۔ شکاری نے اُس کے کباب بنائے، تو ساٹھ سال کی عمر ایک جال ہے اُس سے بچنے کی صورت ایک تو یہ ہے کہ ساٹھ سال سے پہلے ہی دریائے حقیقت میں غوطہ لگا دیا جائے ورنہ اِس عمر میں پہنچ کر ہی نجات کی تدبیر کی جائے ورنہ پھر آگ

ہیں وہیں اے راہ رو بیگاہ شد | آفتاب عمر سوئے چاہ[1] شد
خبردار اور خبردار! اے مسافر بے وقت ہوگیا ہے | زندگی کا سورج کنوئیں کی جانب (روانہ) ہوگیا ہے

ایں دو روزک را کہ زورت ہست زود | پیر افشانی بکن از راہ جود
ان دو دنوں میں جبکہ طاقت ہے، جلد | از راہ کرم بڑھاپے میں جوانی کا کام کرے

ایں قدر تخمے کہ ماندستت بکار | تا در آخر بینی آں را برگ و بار
اتنا ہی بیج جو بچ گیا ہے، بو دے | تاکہ آخرت میں تو اس کے پھل اور پتے دیکھ لے

ایں قدر عمرے کہ ماندستت بباز | تا بروید زیں دو دم عمر دراز
جس قدر تیری عمر باقی رہی ہے اس کو بازی پر لگا دے | تاکہ ان دو سانسوں سے بڑی عمر اُگ آئے

تا نمردست ایں چراغ باگہر | ہیں فتیلہ اش ساز و روغن زودتر
جب تک یہ جواہردار چراغ بجھا نہیں ہے | خبردار بہت جلد اس کے لئے بتی اور تیل مہیا کرے

## آفتِ تاخیرِ خیرات بفردا
اچھے کاموں کو کل پر مؤخر کرنے کی آفت

ہیں مگو فردا[2] کہ فرداہا گذشت | تا بکلی نگذرد ایامِ کشت
خبردار "کل" نہ کہہ کیونکہ بہت سے کل گزر گئے | کہیں کھیتی کا زمانہ بالکلیہ نہ گذر جائے

پند من بشنو کہ تن بندِ قویست | کہنہ بیروں کن گرت میلِ نویست
میری نصیحت سن لے کہ جسم مضبوط قید ہے | پرانے کو چھوڑ دے اگر نئے کی خواہش ہے

لب ببند و کف پُر زر بر گشا | بخلِ تن بگذار پیش آور سخا
ہونٹ بند کر، سونے سے بھری مٹھی کھول دے | جسم کا بخل چھوڑ دے، سخاوت اختیار کر

ترکِ لذتہا و شہوتہا سخاست | ہر کہ در شہوت فرو شد بر نخاست
لذتوں اور شہوتوں کا چھوڑنا سخاوت ہے | جو شخص شہوت میں ڈوبا، نہ اُبھرا

ایں سخا شاخست از سروِ بہشت | وائے او کز کف چنیں شاخے بہشت
یہ سخاوت جنت کے سرو کی شاخ ہے | اس پر افسوس ہے جو ایسی شاخ کو چھوڑ دے

عروۃ الوثقیٰ[3] ست ایں ترکِ ہوا | برکشد ایں شاخ جاں را بر سما
خواہش نفسانی کو چھوڑنا، مضبوط رسی ہے | جان کی شاخ کو آسمان پر کھینچ لے جاتا ہے

تا برد شاخِ سخا اے خوب کیش | مر ترا بالا کشاں تا اصلِ خویش
اے خوش خصلت! تاکہ سخاوت کی شاخ | تجھے اوپر اوپر کھینچ کر اپنی اصل تک لے جائے



---

[1] چاہ۔ یعنی قبر کا کنواں۔ دو روزک۔ یعنی بڑھاپے کی چند روزہ زندگی۔ پیر افشانی۔ بڑھاپے میں جوانوں جیسے کام کرنا۔

بکار۔ بو دے۔ کاشتن سے امر کا صیغہ ہے۔ آخر۔ آخرت۔ بباز۔ بازیدن اور باختن سے امر کا صیغہ ہے۔ عمر دراز۔ جاودانی عمر۔ چراغ یعنی چراغ زندگی۔ فتیلہ۔ چراغ کی بتی۔

[2] مگو فردا یعنی کار امروز را بفردا مگذار۔ ایام کشت یعنی عمل کا وقت۔ تن۔ روح کے اعمال کے لیے جسم مانع ہے۔ لب بر بند یعنی باتوں سے کام نہ چلے گا۔ بر گشا یعنی سخاوت اور خیرات کر۔ بخلِ تن یعنی جسمانی ریاضت سے بچنا۔ سخا یعنی بدن کی سخاوت یہ ہے کہ جسمانی لذتوں اور شہوتوں سے پرہیز کیا جائے اور اس کو عبادات میں صرف کیا جائے۔ ایں سخا۔ حدیث شریف میں ہے سخاوت بہشت کا ایک درخت ہے جو شخص سخی ہے اس نے اس درخت کی ایک شاخ کو پکڑ رکھا ہے وہ شاخ اسکو نہیں چھوڑتی جبتک کہ اسکو بہشت میں داخل نہیں کر دیتی۔

[3] عروۃ۔ دست آویز، دستہ۔ ہر وہ چیز جو مضبوطی سے پکڑی جائے۔

یوسفِ حُسنی واِیں عالَم چو چاہ
تو حسن کا یوسفؑ ہے اور یہ جہان کنواں جیسا ہے
ویں رَسن صبرست بر اَمرِ اِلٰہ
اور یہ رسّی خدا کے حکم پر صبر کرنا ہے

یوسفا آمد رَسن درزن دو دست
اے یوسفؑ! رسّی آگئی ہے دونوں ہاتھ سے پکڑلے
از رَسن غافل مشو بیگہ شدست
رسّی سے غافل نہ ہو بے وقت ہوگیا ہے

حمدُ لِلّٰہ کایں رَسن آویختند
الحمد للہ کہ یہ رسّی لٹکا دی ہے
فضل و رحمت را بہم آمیختند
فضل اور رحمت کو باہم ملا دیا ہے

در رَسن زن دست بیروں رَو زِ چاہ
رسّی پکڑلے، کنویں سے نکل آ
تا بہ بینی بارگاہِ بادشاہ
تاکہ بادشاہ کے دربار کو دیکھے

تا بہ بینی عالمِ جانِ جدید
تاکہ تو جان کے نئے عالَم کو دیکھ لے
عالَمے بس آشکارو ناپدید
وہ عالَم جو بہت واضح اور پوشیدہ ہے

ایں جہانِ نیست چوں ہستاں شدہ
معدوم جہان، موجودات کی طرح ہوگیا ہے
واں جہانِ ہست بس پنہاں شدہ
وہ موجودہ جہان بہت پوشیدہ ہوگیا ہے

خاک[2] بر بادست و بازی می کند
ہوا پر گرد ہے، اور وہ ناچ رہی ہے
کژ نمائی پردہ سازی می کند
غلط نمائش اور پردہ پوشی کر رہی ہے

خاک ہمچوں آلتے در دستِ باد
ہوا کے ہاتھ میں گرد ایک آلہ کی طرح ہے
باد را داں عالی و عالی نژاد
ہوا کو برتر اور برتر اصل والا سمجھ

چشمِ خاکی را بخاک افتد نظر
مٹی کی آنکھ کی گرد پر نظر پڑتی ہے
باد بیں چشمے بود نوعِ دگر
ہوا دیکھنے والی آنکھ دوسری قسم کی ہوتی ہے

آنکہ[3] بر کارست بیکارست و پوست
یہ جو (جہان) کام میں لگا ہے وہ بیکار اور چھلکا ہے
وانکہ پنہان ست مغز و اصل اوست
وہ جو پوشیدہ ہے مغز اور اصل ہے

اسپ داند اسپ را کو ہست یار
گھوڑے کو گھوڑا جانتا ہے کیونکہ وہ دوست ہے
ہم سوارے داند احوالِ سوار
سوار بھی سوار کے احوال کو جانتا ہے

چشمِ حس اسپ ست و نورِ حق سوار
ظاہری آنکھ گھوڑا ہے، اللہ کا نور سوار ہے
بے سوار ایں اسپ خود ناید بکار
سوار کے بغیر یہ گھوڑا تنہا کام میں نہیں آتا ہے

پس ادب کن اسپ را از خوئے بد
تو گھوڑے کو بری عادت سے (چھڑا کر) مؤدب بنا
ورنہ پیشِ شاہ باشد اسپ رَد
ورنہ شاہ کے سامنے گھوڑا مردود ہوگا

---

[1] یوسفؑ۔ حضرت یوسفؑ کو بھائیوں نے کنویں میں ڈال دیا تھا۔ یوسفا۔ اے یوسف یعنی ہر وہ شخص جو دنیا کے کنویں میں گرا ہوا ہے۔ حمد للہ۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے نجات کا ذریعہ بنا دیا ہے جو توبہ و استغفار ہے۔ بارگاہ۔ توبہ و استغفار کے ذریعہ خدا کے مقربوں میں ہو جاؤگے۔ عالَمِ جاں۔ عالَمِ ارواح۔ ایں جہاں۔ یعنی عالَمِ شہادت جو فانی ہے۔ آنجہاں۔ عالَمِ ارواح جو دائمی ہے۔

[2] خاک بر باد۔ جب بگولا اُٹھتا ہے تو گرد و غبار نظر آتا ہے اور ہوا جو اصل ہے وہ نگاہوں سے مخفی رہتی ہے انسان اس کو دیکھ کر سمجھتا ہے کہ گرد خود حرکت کر رہی ہے۔ خاک۔ عالَمِ شہود میں بھی دراصل عالَمِ غیب کام کر رہا ہے۔ باد را داں۔ اصل عالَمِ غیب کو سمجھو۔ چشمِ خاکی۔ حواسِ ظاہر عالَمِ شہود کو دیکھتے ہیں۔ نوعِ دگر۔ یعنی اللہ کی آنکھ عالَمِ غیب کو دیکھتی ہے۔

[3] آنکہ۔ عالَمِ شہادت کی جو موجودات مصروفِ عمل ہیں وہ محض چھلکا ہیں اصل محرک عالَمِ غیب ہے جو نظروں سے پوشیدہ ہے۔ اسپ داند۔ ہم جنس ہم جنس کو جان سکتا ہے چشمِ ظاہر تو عالَمِ شہود کی چیز ہے لہٰذا وہ عالَمِ شہود کی چیزوں کو ہی جان سکتی ہے۔ چشمِ حس۔ ظاہری آنکھ کا سوار اللہ کا نور ہے اس کے بغیر یہ آنکھ کسی کام کی نہیں

چشمِ اسپ از چشمِ شہ رہبر بُود ۱؎ — چشمِ اُو بے چشمِ شہ مُضطر بُود

گھوڑے کی آنکھ شاہ کی آنکھ کی وجہ سے رہبر ہوتی ہے — اُس کی آنکھ شاہ کی آنکھ کے بغیر مضطرب ہے

چشمِ اسپاں جُز گیاہ و جُز چرا — ہر کجا خوانی بگوید نے چرا

گھوڑوں کی آنکھ کو گھاس اور چراگاہ کے سوا — جہاں تو بلائے گا وہ کہے گی نہیں، کس لیے؟

نورِ حق بر نورِ حس راکب شود — وانگہے جاں سوئے حق راغب شود

حسی نور پر اللہ کا نور سوار ہوتا ہے — تب جان اللہ (تعالیٰ) کی جانب راغب ہوتی ہے

اسپ بے راکب چہ داند رسم و راہ — شاہ باید تا بداند شاہراہ

گھوڑا سوار کے بغیر رسم و راہ کو کیا جانے! — شاہ چاہیے، تاکہ وہ شاہراہ کو سمجھے

سوئے حسے رو کہ نورش راکب ست — حس را آں نور نیکو صاحب ست

اس حس کی جانب جا جس پر نور سوار ہے — حس کے لئے وہ نور بہتر ساتھی ہے

نورِ حس را نورِ حق تزئیں بُود — معنئ نورٌ علیٰ نور ایں بُود

حسی نور کے لئے اللہ کا نور باعثِ زینت ہے — نور بالائے نور کے یہی معنی ہیں

۲؎ نورِ حسی می کشد سوئے ثریٰ — نورِ حقش می برد سوئے عُلیٰ

حسی نور مٹی کی طرف کھینچتا ہے — اللہ (تعالیٰ) کا نور اس کو بلندی کی طرف لیجاتا ہے

زانکہ محسوسات دُوں تر عالمے ست — نورِ حق دریا و حس چوں شبنمے ست

کیونکہ (عالَم) محسوسات نچلے درجہ کا عالم ہے — اللہ (تعالیٰ) کا نور دریا اور حس شبنم کی طرح ہے

لیک پیدا نیست آں راکب ۳؎ برو — جُز بہ آثار و بہ گفتارِ نکو

لیکن وہ سوار (نورِ حق) اُس (نورِ حسی) پر نظر نہیں آتا — سوائے اچھی نشانیوں اور اچھی گفتگو کے

نورِ حسی کو غلیظ ست و گراں — ہست پنہاں در سوادِ دیدگاں

حسی نور جو کہ کثیف اور بھاری ہے — وہ (بھی) آنکھوں کی سیاہی میں چھپا ہوا ہے

چونکہ نورِ حس نمی بینی بہ چشم — چوں بہ بینی نورِ آں غیبی بچشم

جبکہ حسی نور کو بھی تو آنکھ سے نہیں دیکھتا ہے — تو اُس غیبی نور کو آنکھ سے کیسے دیکھے گا؟

نورِ حس با آں غلیظی مختفی ست — چوں خفی نبود ضیائے کاں صفی ست

حسی نور باوجود کثافت کے پوشیدہ ہے — تو وہ روشنی جو شفاف ہے پوشیدہ کیسے نہ ہوگی؟

---

۱؎ رہبر بود۔ اصل رہبری سوار کی آنکھ کرتی ہے۔ چشم اسپاں۔ گھوڑے کے مدِ نظر صرف گھاس اور چراگاہ ہوتی ہے۔ اسی طرح حسی آنکھ کے پیشِ نظر صرف لذائذ دنیوی ہیں۔ نورِ حق جب نورِ بصیرت پر سوار ہوتا ہے تب اس کو آخرت کی نعمتیں نظر آتی ہیں۔ چہ داند۔ نورِ بصیرت کے بغیر محض نورِ بصارت سے وصول الی الحق ممکن نہیں ہے۔ شاہ۔ یعنی نورِ حق۔ نورِ حس۔ نورِ بصارت کی زیب و زینت نورِ بصیرت ہی سے ہے۔ قرآن پاک میں "نورٌ علیٰ نور" سے یہی مراد ہے۔

۲؎ نورِ حسی۔ ظاہری بصارت دنیا کی طرف مائل کرتی ہے اور نورِ بصیرت انسان کو ملاءِ اعلیٰ کی رہبری کرتا ہے۔ زانکہ۔ نورِ حسی انسان کو دنیا کی طرف اسے لے جاتا ہے کیونکہ یہ جملہ محسوسات عالمِ اسفل کے ہیں۔ نورِ حق۔ نورِ حق اور نورِ حسی کی مثال دریا اور شبنم کی سی ہے۔

۳؎ راکب یعنی نورِ حق۔ جز بہ آثار۔ جن لوگوں کو نورِ حق حاصل ہوجاتا ہے، ان کی باتوں اور بھلے کاموں سے سمجھا جاتا ہے کہ ان کو نورِ حق حاصل ہے۔ چونکہ۔ جبکہ نورِ بصارت بھی نظر نہیں آتا حالانکہ وہ مادّی چیز ہے تو نورِ بصیرت اور نورِ ربانی جو کہ غیبی چیز ہے کیسے نظر آسکتا ہے۔ مختفی۔ خفی، پوشیدہ۔ صفی۔ منتخب، صاف شفاف۔

**ایں جہاں چوں خس بدستِ بادِ غیب** [1] — **عاجزی پیشہ گرفت از دادِ غیب**

یہ جہان بھی ہوا کے ہاتھ میں تنکے کی طرح ہے — اس نے (عالمِ غیب کی مہربانی سے عاجزی کا پیشہ اختیار کر لیا ہے

**گہ بلندش می کند گاہیش پست** — **گہ درستش می کند گاہے شکست**

وہ (ہوا) اس کو کبھی اونچا کرتی ہے کبھی نیچا — کبھی اس کو درست کر دیتی ہے کبھی شکستہ

**گہ یمینش می برد گاہے یسار** — **گہ گلستانش کند گاہیش خار**

کبھی اس کو دائیں جانب لیجاتی ہے کبھی بائیں جانب — کبھی اس کو چمن بنا دیتی ہے کبھی کانٹا

**گہ بہ بحرش می برد گاہیش بر** — **گاہ خشکش می کند گاہیش تر**

کبھی اس کو سمندر میں لیجاتی ہے، کبھی خشکی میں — کبھی اس کو خشک کر دیتی ہے، کبھی تر

**دستِ پنہان و قلم بیں خط گذار** — **اسپ در جولان و ناپیدا سوار**

ہاتھ پوشیدہ ہے اور قلم کو خط کھینچنے والا دیکھ — گھوڑا دوڑ میں ہے اور سوار ظاہر نہیں ہے

**تیر پراں بیں و ناپیدا کمان** — **جانہا پیدا و پنہاں جانِ جان**

تیر کو اڑتا ہوا دیکھ اور کمان ظاہر نہیں ہے — جانیں ظاہر ہیں اور جانوں کی جان پوشیدہ ہے

**تیر را مشکن کہ ایں تیرِ شہی ست** [2] — **نیست پرتابی ز شستِ آگہی ست**

تیر کو نہ توڑ کیونکہ یہ شاہی تیر ہے — اٹکل پچو نہیں ہے واقفیت کے نشانہ سے ہے

**ما رمیت اذ رمیت گفت حق** — **کارِ حق بر کارہا دارد سبق**

اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو نے نہیں پھینکا جبکہ پھینکا — اللہ (تعالیٰ) کا فعل (بندوں کے) کاموں پر سبقت رکھتا ہے

**خشمِ خود بشکن تو مشکن تیر را** — **چشمِ خشمت خوں شمارد شیر را**

اپنے غصہ کو ختم کر دے تو تیر کو نہ توڑ — تیرے غصہ کی آنکھ دودھ کو خون سمجھتی ہے

**بوسہ دہ بر تیر و پیشِ شاہ بر** — **تیرِ خوں آلودہ از خونِ تو تر**

تیر کو چوم لے، اور بادشاہ کے سامنے لے جا — خون آلود تیر جو تیرے خون سے تر ہو

**آنچہ پیدا عاجز و بستہ زبوں** [3] — **وانچہ ناپیدا چنیں تند و حروں**

جو ظاہر ہے وہ عاجز اور بندھا ہوا اور کمزور ہے — جو پوشیدہ ہے وہ ایسا تند اور زور آور ہے

**ما شکاریم ایں چنیں دامے کراست** — **گوی چوگانیم و چوگانے کجاست**

ہم شکار ہیں۔ ایسا جال کس کا ہے؟ — ہم بلّے کی گیند ہیں اور بلا کہاں ہے؟

**می درد می دوزد ایں خیاط کو** — **می دمد می سوزد ایں نفاط کو**

پھاڑتا ہے، سیتا ہے، یہ درزی کون ہے؟ — پھونکتا ہے، جلاتا ہے، یہ مشعلچی کون ہے؟

---

[1] ایں جہاں۔ عالمِ شہادت۔ بادِ غیب۔ عالمِ غیب۔ عاجزی۔ یعنی عالمِ شہادت اسی تصرف کو قبول کرلیتا ہے جو عالمِ غیب اس میں کام کرتا ہے۔ گویا عالمِ غیب عالمِ شہادت میں ہر طرح کے تصرفات کرتا رہتا ہے۔ دستِ پنہاں۔ کوئی قلم بغیر کاتب کے ہاتھ کے نہیں لکھتا نہ کوئی گھوڑا بغیر سوار کے گھڑ دوڑ میں دوڑتا ہے تو ظاہر ہے کہ عالم کے جملہ تصرفات کا کوئی کرنیوالا ہے۔ جانِ حق۔ ذاتِ حق۔

[2] تیرِ شہی۔ قضا و قدر کے جس قدر تیر ہیں وہ علیم و قدیر کے چلائے ہوئے ہیں لامحالہ اُن میں حکمت پوشیدہ ہے۔ ما رمیت۔ جنگِ بدر میں آنحضورؐ نے ایک مٹھی خاک دشمنوں کی طرف پھینکی جس نے آندھی کے گرد و غبار کی طرح اُن کی آنکھوں کو متاثر کیا اس پر یہ آیت آئی۔ کارِ حق۔ مصرعِ اوّل کی توجیہ۔ خشمِ خود۔ اگر کوئی تیر آ کر لگے تو اُس کو قضا و قدر سے سمجھ اُس پر غم و غصہ نہ کر غصہ کی حالت غلط بینی کا باعث ہوتی ہے۔ بوسہ دہ۔ انسان کو قضا پر راضی رہنا چاہیئے۔

[3] آنچہ پیدا۔ عالمِ شہادت مجبورِ محض ہے قضا و قدر کے سامنے بے بس ہے۔ ما شکاریم۔ قضا و قدر کے پھندے میں ہم مرغِ اسیر ہیں ہمارے کام قضا و قدر کے تابع ہیں۔ می درد۔ جو ذات حقیقتاً متصرف ہے وہ

ساعتے[1] کافر کند صدیق را ساعتے زاہد کند زندیق را

کبھی تصدیق کرنے والے کو کافر بناتا ہے — کبھی بے دین کو زاہد بناتا ہے

زانکہ مخلص در خطر باشد مدام تا ز خود خالص نگردد او تمام

(اپنے آپ کو خالص بنانیوالا ہمیشہ خطرے میں ہوتا ہے — جب تک کہ وہ خودی سے پورا خالص نہ ہو جائے

زانکہ در راہست و رہزن بیحدست اُو رہد کو در امانِ ایزدست

چونکہ وہ راستہ میں ہے اور ڈاکو بہت ہیں — نجات وہی پائے گا جو خدا کی امان میں ہے

آئینہ خالص نگشت و مخلص ست مرغ را نگرفتہ است و مقنص ست

آئینہ صاف نہیں ہوا ہے، وہ صاف کر رہا ہے — پرند کا شکار نہیں کیا ہے وہ پھنسا رہا ہے

چونکہ[2] مخلص گشت مخلص باز رست در مقامِ امن رفت و بُرد دست

جب صاف کرنے والا مصفّیٰ ہو گیا، نجات پا گیا — امن کے مقام میں پہنچ گیا اور بازی جیت گیا

ہیچ آئینہ دگر آہن نہ شُد ہیچ نان گندمی خرمن نہ شُد

کوئی آئینہ پھر لوہا نہیں ہوا ہے — کوئی گیہوں کی روٹی کھلیان نہیں بنی ہے

ہیچ انگورے دگر غورہ نہ شُد ہیچ میوہ پختہ باکورہ نہ شُد

کوئی (پکا) انگور پھر کچا نہیں ہوا ہے — کوئی پختہ میوہ کچا نہیں ہوا ہے

پختہ گرد و از تغیّر دُور شو رَو چو برہانِ[3] محقق نور شو

پختہ بن جا اور تغیّر سے دُور ہو جا — جا برہان (الدین) محقق کی طرح نور بن جا

چوں ز خود رستی ہمہ برہاں شُدی چونکہ گفتی بندہ ام سُلطاں شُدی

جب تو نے خودی سے نجات پائی تو مجسّم برہان الدین ہو گیا — جب تو نے کہا کہ میں غلام ہوں، بادشاہ بن گیا

ور عیاں خواہی صلاح الدین نمود دیدہا را کرد بینا و کشود

تو اگر مشاہدہ چاہتا ہے، صلاح الدین نے دکھا دیا ہے — آنکھوں کو بینا کر دیا ہے اور کھول دیا ہے

فقر را از چشم و از سیمائے اُو دید ہر چشمے کہ دارد نورِ ہُو

فقر کو اُن کی آنکھوں اور پیشانی سے — ہر اُس آنکھ نے دیکھ لیا ہے جو خدا کا نور رکھتی ہے

شیخ فعال ست بے آلت چو حق با مُریداں دادہ بے گفتے سبق

پیر اللہ (تعالیٰ) کی طرح بغیر کسی آلہ کے تصرّف کرنیوالا ہے — بغیر بولے مُریدوں کو سبق پڑھاتا ہے

---

[1] ساعتے۔ انسان کا دل قبضۂ قدرت میں ہے ایک آن میں الٹ پلٹ رہتی ہے۔ صدیق۔ صدیقیت کا مرتبہ نبوّت سے کم اور ولایت سے بڑھا ہوا ہے۔ زندیق۔ بیدین کافر۔ مخلص۔ سالک جو مجاہدات کر رہا ہے۔ زانکہ۔ سالک کو راہِ سلوک میں بہت خطرے لاحق ہوتے ہیں۔ آئینہ۔ سالک کو بہت سے مراتب طے کرنے ہوتے ہیں۔

[2] چونکہ۔ سالک مراتب طے کرنے کے بعد مقامِ امن پر پہنچتا ہے۔ ہیچ آئینہ۔ کمال حاصل کر لینے کے بعد خطرات کا ازالہ ہو جاتا ہے اور پھر نقصان کی طرف نہیں لوٹتا ہے۔ صوفیاء کا مقولہ ہے الفانی لا یُرَدّ۔ یعنی سالک مقامِ فنا میں پہنچکر پھر مردود نہیں ہوتا ہے۔ آہن۔ قدیم زمانہ میں آئینہ لوہے سے بنایا جاتا تھا۔ غورہ۔ انگور کا کچا خوشہ۔ باکورہ۔ درخت کا جو سب سے پہلا پھل اُترے یہاں کچا پھل مراد ہے۔

[3] برہان۔ مولانا رومؒ شروع میں مولانا برہان الدینؒ محقق سے بیعت ہوئے تھے پھر شمس تبریزیؒ سے بیعت ہوئے ہیں۔ ہمہ برہان یعنی مجسّم برہان الدین ثانی بن جاؤ گے۔ بندہ۔ کامل عبدیت کے بعد سلطانی حاصل ہوتی ہے۔ صلاح الدینؒ۔ زرکوب مولانا کے پیر بھائی ہیں لیکن مولانا اُنکی تعظیم بہت کرتے ہیں اور ایسے الفاظ استعمال کرتے ہیں جیسا کہ پیروں کے لئے کئے جاتے ہیں۔ فقر۔ بزرگ کے جسم پر بزرگی کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔ شیخ۔ پیر باطنی طور پر تصرّف کرتا ہے۔

دل بدستِ اُو چو مومِ نرم رام | [1] مُہرِ اُو گہ ننگ سازد گاہ نام
دل اُس کے ہاتھ میں نرم موم کی طرح مسخر ہے | اُس کی مہر کبھی ذلت کی مُہر لگاتی ہے کبھی شہرت کی

مُہرِ مومش حاکیِ انگشتری ست | باز آں نقشِ نگیں حاکیِ کیست
اُس کے مُوم کی مُہر انگوٹھی کا عکس ہے | پھر وہ نگ کا نقش کس کا نقش ہے؟

حاکیِ اندیشۂ آں زرگر ست | سلسلۂ ہر حلقہ اندر دیگر ست
(وہ نقش) سنار کے خیال کا عکس ہے | ہر حلقہ کا سلسلہ دوسرے میں (جُڑا ہوا) ہے

[2] ایں صدا در کوہِ دلہا بانگِ کیست | گہ پُرست از بانگ گہ گاہے تہی ست
دلوں کے پہاڑ میں یہ گونج کس کی آواز کی ہے؟ | پہاڑ کبھی آواز سے پُر ہیں کبھی خالی ہیں

ہر کجا ہست اُو حکیم ست اوستاد | بانگِ اُو زیں کوہِ دل خالی مباد
جہاں یہ آواز ہے وہ دانا ہے، استاد ہے | خدا کرے اُسکی آواز اس دل کے پہاڑ سے جدا نہ ہو

ہست کُہ کاواز مثنیٰ می کُند | ہست کُہ کاواز صدتا می کُند
(بعض) پہاڑ ہیں جو آواز کو دوگنا کر دیتے ہیں | (بعض) پہاڑ ہیں جو آواز کو سوگنا کر دیتے ہیں

می زہاند کوہ زاں آواز و قال | صد ہزاراں چشمۂ آبِ زُلال
پہاڑ اُس آواز اور بات سے جوش میں لے آتا ہے | تیز پانی کے لاکھوں چشمے

چوں زکُہ آں لُطف بیروں می شود | آبہا در چشمہا خوں می شود
جب پہاڑ سے وہ لُطف نکل جاتا ہے | چشموں میں، پانی خون بن جاتا ہے

زاں [3] شہنشاہِ ہمایوں نعل بود | کہ سراسر طورِ سینا لعل بود
یہ اُس شہنشاہ مبارک قدم کی وجہ سے تھا | کہ طورِ سینا (پہاڑ) لعل ہو گیا تھا

جاں پذیرفت و خرد اجزائے کوہ | ما کم از سنگیم آخر اے گروہ
پہاڑ کے اجزا نے جان اور عقل قبول کر لی | اے لوگو! کیا ہم آخر پہاڑ سے بھی کم ہیں؟

نے زجاں یک چشمہ جوشاں می شود | نے بدن از سبز پوشاں می شود
نہ تو جان سے ایک چشمہ جوش زن ہوتا ہے | نہ بدن ہی سبزہ زاروں کی طرح بنتا ہے

نے صدائے بانگِ مشتاقی درو | نے صفائے جرعۂ ساقی درو
نہ تو اُس میں عشق کی آواز کی صدا ہے | نہ اُس میں ساقی کے گھونٹ کی صفائی ہے

مُشتاقی۔ شوق۔ صفا۔ صفائی۔ جرعہ۔ گھونٹ۔ ساقی۔ یعنی شیخ۔ نہ شیخ کی توجہ اثر کرتی ہے نہ خود دل میں ولولہ پیدا ہوتا ہے۔

[1] مُہر اُو۔ شیخ کے تصرف سے کبھی کبھی کی کیفیت پیدا ہوتی ہے جو باعث ننگ ہوتی ہے کبھی بسط کی کیفیت جو موجب نام ہوتی ہے۔ مُہر۔ مُرید کے دل پر پیر کا نقش ابھرتا ہے پیر کے دل پر نقشِ خداوندی ہوتا ہے۔ حاکی۔ ناقل، عکس۔ اندیشۂ زرگر۔ یعنی ارادہ اللہ۔ ہر حلقہ۔ سلسلہ کے یکے بعد دیگرے جس قدر مُرید ہوتے چلے جائیں گے اُن کی یہی صورت ہوگی۔

[2] ایں صدا۔ پیر کے دل پر جو نقوشِ خداوندی ہیں اُن کی وضاحت ہے ہر کجا۔ یہ شیوخ کیلئے دعا ہے۔ کاواز۔ کہ آواز۔ مثنیٰ۔ دوہرا۔ صدتا۔ سوگنا۔ می زہاند۔ شیخ کی توجہ سے مُرید کے دل میں اسرار حِکم کے لاکھوں چشمے پھوٹ پڑتے ہیں۔ بیروں۔ فیوضِ باطنیہ کے بند ہو جانے سے معارف، کفریہ خیالات کا سبب بن جاتے ہیں۔

[3] شہنشاہ۔ ذاتِ حق یا حضرت موسیٰؑ۔ طورِ سینا۔ ملکِ شام کا مشہور پہاڑ ہے جہاں حضرت موسیٰؑ کو شرفِ ہمکلامی بخشا گیا تھا اور اُس پہاڑ پر خدا کی تجلی پڑی تھی۔ کوہ۔ یعنی طور نے تجلی کو قبول کیا۔ نے زجاں۔ پہاڑ تو فیوض قبول کرلے اور انسان اپنے اندر یہ صلاحیت نہ پیدا کرے تو بڑے شرم کی بات ہے دل اور اعضاء پر فیوض طاری ہونے چاہئیں

کو حمیت تا ز تیشہ وز کلند[1] — ایں چنیں کہ را بکلی بر کنند
غیرت کہاں ہے تاکہ کلہاڑے اور پھاوڑے سے — ایسے پہاڑ کو بالکل کھود دیں

بو کہ بر اجزائے او تابد مہے — بو کہ در وے تاب خور یابد رہے
ہوسکتا ہے کہ اُس کے اجزاء پر چاند چمک جائے — ہوسکتا ہے کہ اُس میں سورج کی شعاع راہ یاب ہوجائے

چوں قیامت کوہہا را بر کند — پس قیامت ایں کرم را کے کند
جب قیامت پہاڑوں کو اُکھاڑ دے گی — پھر قیامت یہ کرم کہاں کرے گی؟

ایں قیامت زاں قیامت کے کم ست — آں قیامت زخم و ایں چوں مرہم ست
یہ قیامت اُس قیامت سے کب کم ہے؟ — وہ قیامت زخم اور یہ مرہم جیسی ہے

ہر کہ دید آں مرہم[2] از زخم ایمن ست — ہر بدے کایں حسن دید او محسن ست
جس نے وہ مرہم دیکھ لیا زخم سے مطمئن ہے — جس بُرے نے یہ خوبی دیکھ لی وہ خوبیوں والا ہے

اے خنک زشتے کہ خوبش شد حریف — وائے گلروئیکہ جفتش شد خریف
اے مخاطب! وہ بدصورت قابلِ مبارکباد جس کا ساتھی حسین ہو گیا — افسوس ہے اُس خوبصورت پر جس کا ساتھی موسمِ خریف بنا

نانِ مردہ چوں حریفِ جاں شود — زندہ گردد نان عینِ آں شود
بے جان روٹی جب جان کی ساتھی بنتی ہے — روٹی زندہ ہوجاتی ہے بعینہ وہ وہی ہوجاتی ہے

ہیزمِ تیرہ حریفِ نار شد — تیرگی رفت و ہمہ انوار شد
تاریک ایندھن آگ کا ساتھی بنا — تاریکی ختم ہوگئی اور مجسم نور بن گیا

در نمکسار ار خرِ مردہ فتاد — آں خری و مردگی یکسو نہاد
نمک کی کان میں اگر مُردہ گدھا گرا — اُس نے گدھاپن اور مُرداپن کو علیحدہ کردیا

صبغۃ اللہ[3] ہست رنگ خم ہو — پیسہا یکرنگ گردد اندرو
اللہ کے مٹکے کا رنگ "صبغۃ اللہ" ہے — اُس میں چتکبرے یک رنگ ہوجاتے ہیں

چوں دراں خم افتد و گوئیش قم — از طرب گوید منم خم لا تلم
جب وہ اُس مٹکے میں گر جائے اور تو اُسے کہے کھڑا ہوجا — مستی سے وہ کہیگا میں مٹکا ہوں ملامت نہ کر

آں منم خم خود انا الحق گفتن ست — رنگ آتش دارد الا آہن ست
اُس کا میں خود مٹکا ہوں "انا الحق" کہنا ہے — آگ کا رنگ رکھتا ہے لیکن لوہا ہے

---

بہتر ہوگا ہو۔ ذاتِ حق حانی چیتیں۔ وہ شخص جس کے بدن پر برص وغیرہ کے داغ ہوں۔ قم۔ اٹھ کھڑا ہو۔ لا تلم۔ ملامت نہ کر یعنی مقام فنا پر فائز ہو جانیوالا کسی کی ملامت پسند نہیں کرتا۔ منم خم۔ مقام فنا میں پہنچکر جب خدائی رنگ میں رنگا جاتا ہے تو ہے آپ کو خم کہنا ہے یہی صورت شیخ منصور حلاج کی تھی وہ مقام فنا میں پہنچکر [illegible]

[1] کلند۔ پھاوڑا۔ کوہ۔ یعنی نفس کو مجاہدات کے تیشہ سے ما شیبہ کھائے۔ بو کہ۔ شاید کہ۔ مہے۔ یعنی نورِ معرفت کا اولی درجہ۔ تابِ خور یعنی نورِ معرفت کا اعلیٰ درجہ۔ قیامت۔ قیامت تب پہاڑ اکھڑ جائیں گے لیکن قیامت سے فیض حاصل نہ ہوگا اور مجاہدہ کے ذریعہ بدن کے پہاڑ کو کاٹنے سے فیض حاصل ہوگا۔ ایں قیامت یعنی مجاہدہ کے ذریعہ کوہِ جسم کو اکھاڑنا مطلب یہ کہ مجاہدہ کے ذریعہ سے اس قیامت کے زخموں کو مندمل کیا جاسکتا ہے۔

[2] مرہم۔ یعنی مقامِ فنا۔ زخم۔ یعنی قیامت کے مصائب۔ ہر بدے۔ خواہ ابتدائی زندگی خراب ہو اگر وہ مجاہدات سے مقامِ فنا حاصل کرلیگا تو اُس کو مقامِ احسان حاصل ہو جائیگا۔ زشت یعنی بُرے اعمال والا۔ خوب یعنی جمالِ روحانی۔ حریف۔ شریکِ پیشہ، ساتھی۔ جفت۔ جوڑا۔ خریف۔ موسمِ خزاں۔ نانِ مردہ چند مثالوں سے بُرے کے بھلے کے ساتھ ہم صحبت ہونے کے برکات کو سمجھایا ہے۔ ہیزم۔ ایندھن۔ نمکسار۔ نمک کی کان۔ یکسو نہاد۔ اب اُس کا کچھ بھی جانتا ہے۔

[3] صبغۃ اللہ۔ قرآن پاک میں ہے صبغۃ اللہ ومن احسن من اللہ صبغۃ۔ اللہ کا رنگ اور اللہ کے رنگ سے کس کا رنگ

رنگ آہن محوِ رنگِ آتش ست[1]
رنگ آگ کے رنگ میں محو ہو گیا
ز آتشی می لافد و خامش وش ست
آتشی ہو جانے کی شیخی مارتا ہے اور خاموش جیسا ہے

چوں بسرخی گشت ہمچوں زرکاں
جب وہ لوہا سرخی کی وجہ سے کان کے سونے کی طرح ہو گیا
پس انا النار ست لافش بے زباں
تو میں آگ ہوں، اس کا بغیر زبان کے شیخی بگھارنا ہے

شد ز رنگ و طبع آتش محتشم
وہ لوہا رنگ اور طبیعت سے شاندار آگ بن گیا
گوید او من آتشم من آتشم
تو وہ کہتا ہے میں آگ ہوں، میں آگ ہوں

آتشم من گر ترا شک ست و ظن
میں آگ ہوں، اگر تجھے شک اور بدگمانی ہے
آزموں کن دست را بر من بزن
آزمالے میرے اوپر ہاتھ رکھ دے

آتشم من بر تو گر شد مشتبہ
میں آگ ہوں، اگر تجھ پر مشتبہ ہے
روئے خود بر روئے من یکدم بنہ
تھوڑی دیر کے لئے اپنا چہرہ میرے اوپر رکھ دے

آدمی[2] چوں نور گیرد از خدا
انسان جب خدا کا نور حاصل کر لیتا ہے
ہست مسجودِ ملائک ز اجتبا
وہ برگزیدہ ہو جانے کی وجہ سے فرشتوں کا مسجود بنتا ہے

نیز مسجودِ کسے کو چوں ملک
نیز اس شخص کا مسجود بن جاتا ہے فرشتے کی طرح
رستہ باشد جانش از طغیان و شک
جس کی جان سرکشی اور شک سے نجات پا گئی ہو

آتشے چہ آہنے چہ لب ببند
کیسی آگ، کیسا لوہا خاموش رہ
ریش تشبیہ مشبہ را مخند
مشبہ کی تشبیہ کی ہنسی نہ اڑا

پائے در دریا منہ کم گو ازاں
دریا میں قدم نہ رکھ اس کی بات نہ کر
بر لبِ دریا خمش کن لب گزاں
ہونٹ کاٹتے ہوئے دریا کے کنارے خاموشی اختیار کر

گرچہ صد چوں من ندارد تابِ بحر
اگرچہ مجھ جیسے سینکڑوں بھی دریا کی تاب نہیں لا سکتے ہیں
لیک[3] می نہ شکیبم از غرقابِ بحر
لیکن میں دریا میں ڈوبے بغیر صبر نہیں کر سکتا ہوں

جان و عقلِ من فدائے بحر باد
دریا پر میری جان اور عقل قربان ہو
خونبہائے عقل و جاں ایں بحر داد
عقل و جان کے خون کا معاوضہ اس سمندر نے ادا کر دیا

تا کہ پایم می رود رانم درو
جب تک میرے پیر چلتے ہیں اس میں چلاتا رہوں گا
چوں نماند پا چو بطانم درو
جب پیر کام نہ دینگے تو میں اس میں بطخ کی طرح ہوں

---

نازک مقام ہے لیکن میں بغیر صفات و ذات کے ذکر کے صبر بھی نہیں کر سکتا ہوں۔ بحر یعنی ذات و صفات خداوندی۔ خونبہا۔ چونکہ جان و عقل کا خونبہا مل چکا ہے تو اس کے قربان کر لینے میں کوئی دریغ نہیں ہے۔ جو عقل کہ ہتھیار ہے آپ کو دریا کے سپرد کر دینا ہے کہ جس طرف چاہے بہالے جائے۔

[1] رنگ آتش۔ انا الحق کہنے کی وجہ یہی تھی کہ وہ صفات خداوندی سے متصف ہو گئے تھے جس طرح سے لوہا آگ میں آگ کا رنگ اختیار کر لیتا ہے اور وہ بظاہر انگارہ نظر آتا ہے لیکن اصل آگ ہے اور لوہا لوہا ہے بے زبان۔ لوہا شرت ہو کر زبانِ حال سے اپنے آگ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔ شد۔ لوہا آگ میں پڑ کر آگ کا رنگ اور مزاج حاصل کر لیتا ہے اور آگ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔ محتشم شاندار۔ بارعب یعنی آتشم۔ اہل اللہ بھی جب اخلاقِ خداوندی حاصل کر لیتے ہیں تو وحدت کے مدعی ہو جاتے ہیں۔

[2] آدمی۔ انسان میں جب اخلاقِ خداوندی پیدا ہو جاتے ہیں تو اس میں مسجود ہونے کی صفتِ خداوندی پیدا ہو جاتی ہے۔ نیز۔ صالحین کا بھی وہ مسجود بنتا ہے۔ آتشے چہ۔ پہلے اشعار میں ذات حق کو آگ سے تشبیہ دی گئی محض سمجھانے کے لئے تھی لیکن پھر بھی خالق کو مخلوق کے مشابہ قرار دینا چونکہ مشبہ کا مسلک ہے اسلئے اپنے آپ کو خاموش ہو جانے کا حکم دیتے ہیں تاکہ تشبیہ کا شبہ نہ پیدا ہو جائے۔ پائے در دریا۔ ذات و صفات کی بحثیں ناپیدا کنار سمندر ہیں ان میں نہ گھسنا چاہیے۔ گرچہ۔ یعنی مولانائے روم جیسے سینکڑوں عالم بھی مل جائیں تو ان بحثوں کو نہ سمجھ سکیں گے۔

[3] لیک۔ فرماتے ہیں بیشک

بے ادب[۱] حاضر ز غائب خوشترست — حلقہ گرچہ کژ بود نے بر درست
حاضر (اناڑی)، غائب سے بہتر ہے — حلقہ اگرچہ ٹیڑھا ہو (کیا) در پر نہیں ہے؟

اے تن آلودہ بگرد حوض گرد — پاک کے گردد برون حوض مرد
اے گندے جسم والے حوض کے گرد چکر لگا — انسان حوض سے باہر کب پاک ہوا ہے؟

پاک کو از حوض مہجور اوفتاد — او ز طہر خویش ہم دور اوفتاد
وہ پاک جو حوض سے دور ہو گیا ہے — وہ اپنی پاکی سے بھی دور ہو گیا ہے

پاکی ایں حوض بے پایاں بود — پاکی اجسام کم میزان بود
اس حوض کی پاکی بے انتہا ہوتی ہے — (عام) جسموں کی پاکی کم وزن کی ہوتی ہے

زانکہ دل حوضیست لیکن در کمیں — سوئے دریا راہ پنہانی دارد ایں
اس لئے کہ دل ایک حوض ہے لیکن پوشیدہ طور پر — یہ دریا کی طرف چھپا ہوا راستہ رکھتی ہے

پاکی محدود تو خواہد مدد — ورنہ اندر خرج کم گردد عدد
تیری محدود پاکی مدد چاہتی ہے — ورنہ خرچ ہونے میں عدد گھٹتا ہے

## مثل[۲] خواندن آب آلودگاں را بپاکی
پانی کی ناپاکوں کو پاکی کی طرف بلانے کی مثال

آب گفت آلودہ را در من شتاب — گفت آلودہ کہ دارم شرم زآب
ایک گندے کو پانی نے کہا میرے اندر آ جا — گندے نے کہا مجھے پانی سے شرم آتی ہے

گفت آب ایں شرم بے من کے رود — بے من ایں آلودہ زایل کے شود
پانی نے کہا میرے بغیر یہ شرم کیسے رفع ہوگی؟ — میرے بغیر یہ گندگی کب دور ہو سکتی ہے؟

زآب ہر آلودہ کو پنہاں شود — الحیاء[۳] یمنع الایمان بود
اگر ہر ناپاک، پانی سے چھپے گا — تو شرم ایمان کے لئے مانع ہے، ہو جائے گا

دل ز پایہ حوض تن گلناک شد — تن ز آب حوض دلہا پاک شد
دل جسم کے حوض کے زینہ سے مٹی میں سن گیا ہے — جسم دلوں کے حوض کے پانی سے پاک ہو گیا ہے

گرد پایہ حوض گردی اے پسر — ہاں ز پایہ حوض تن می کن حذر
اے بیٹا! حوض کے زینہ کے چاروں طرف چکر لگا — خبردار! جسم کی حوض کے زینہ سے بچ

---

[۱] بے ادب۔ ذات و صفات کے ذکر میں غلبۂ حال میں کبھی سوئے ادب ہو جاتا ہے لیکن ذکر کرنا ذکر نہ کرنے سے بہرحال بہتر ہے۔ حلقہ۔ زنجیر کا حلقہ اگرچہ ٹیڑھا ہے لیکن در پر تو ہے۔ اے تن آلودہ۔ مولانا صحبت حق سے استفادہ کی ترغیب دیتے ہیں۔ حوض یعنی شیخ۔ کہ تو رش۔ فی الحال نفس پاک صاف ہے لیکن برائی کا امکان ہے اگر شیخ سے دور ہے اور یہی ذاتی طہارت نہ رہی تو طہارت ممکن نہ ہوگی۔ ایں حوض۔ شیخ کا دریائے باطن۔ اجسام۔ یعنی عوام کی ذاتی نیکی۔ زانکہ۔ شیخ کے باطن کا اتصال ذات باری سے ہے۔ پاکی محدود۔ نیک لوگوں کو بھی شیخ کا دامن تھامنا چاہیئے ورنہ ان کی محدود پاکی کسی دن ختم ہو جائیگی۔

[۲] مثل خواندن۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ ناپاک کو پانی سے شرم اور گریز نہ چاہیئے یعنی باطنی طہارت حاصل کرنے میں شیخ سے شرم یا گریز مناسب نہیں ہے۔ ایں شرم۔ ناپاکی کی شرم۔

[۳] الحیاء۔ حدیث شریف میں ہے الحیاء شعبۃ من الایمان۔ حیاء ایمان کی ایک شاخ ہے تو پھر حیاء کو ایمان کیلئے مانع نہ بنانا چاہیئے۔ حوض تن۔ انسان کے بدن میں گویا دو حوض ہیں ایک تو وہ جو برے خصائل کا مخزن ہے دوسرا وہ جو مخزن ہے بھلائیوں کا۔ برائیوں کا مخزن حوض تن ہے اور بھلائیوں کا مخزن حوض دل ہے۔ پایہ۔ درجہ و زینہ۔ حذر یعنی برے اخلاق سے پرہیز کرنا۔

بحرِ تن بر بحرِ دل برہم زنان
جسم کا دریا دل کے دریا سے ملا جلا ہے

درمیانشان برزخ لایبغیان
انکے درمیان آڑ ہے ایک دوسرے پر نہیں چڑھتے ہیں

گر تو باشی راست ور باشی تو کژ
خواہ تو سیدھا ہو، خواہ تو ٹیڑھا ہو

پیشتر می غژ و تو واپس مغژ
آگے کو کھسک اور واپس نہ کھسک

پیشِ شاہاں گر خطر باشد بجاں
بادشاہوں کے حضور میں اگرچہ جان کا خطرہ ہوتا ہے

لیک نشکیبند عالی ہمتاں
لیکن بلند ہمت والے اس سے صبر نہیں کر سکتے

شاہ چوں شیریں تر از شکر بود
بادشاہ چونکہ شکر سے بھی زیادہ میٹھا ہوتا ہے

جاں بشیرینی رود خوشتر بود
مٹھاس کے بدلے جان چلی جائے تو بہتر ہے

اے ملامت گو سلامت مر ترا
اے ملامت گر! تجھے سلامتی مبارک ہو

اے سلامت جو توئی واہی العریٰ
اے سلامتی کی جستجو کرنیوالے! تو کمزور رسی والا ہے

جانِ من کورہ ست و با آتش خوشست
میری جان تو بھٹی ہے اور آگ سے خوش ہے

کورہ را ایں بس کہ خانۂ آتش ست
بھٹی کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ آگ کا گھر ہے

ہمچو کورہ عشق را سوزیدنی ست
بھٹی کی طرح عشق کا کام جلانا ہے

ہر کہ او زیں کور باشد کودنی ست
جو اس سے اندھا ہو وہ احمق ہے

برگِ بے برگی ترا چوں برگ شد
سامانِ بے سامانی جب تیرا سامان ہو گیا

جانِ باقی یافتی و مرگ شد
تو نے باقی رہنے والی جان حاصل کرلی اور موت ختم ہوگئی

چوں ز غم شادیت افزودن گرفت
جب غم سے تیری خوشی میں اضافہ ہوا

روضۂ جانت گل و سوسن گرفت
تو تیری جان کے باغ میں گل اور سوسن آگے

آنچہ خوفِ دیگراں آں امنِ تست
جو دوسروں کا ڈر ہے وہ تیرا اطمینان ہوگیا

بط قوی از بحر و مرغ خانہ سست
بطخ سمندر سے قوی ہوتی ہے اور پالتو پرندہ سست ہوتا ہے

باز دیوانہ شدم من اے طبیب
اے طبیب! میں پھر دیوانہ ہو گیا

باز سودائی شدم من اے حبیب
اے دوست! میں پھر پاگل ہو گیا

حلقہائے سلسلہ تو ذو فنوں
تیری زنجیر کے حلقے فنون سے بھرے ہوئے ہیں

ہر یکے حلقہ دہد دیگر جنوں
ہر ایک حلقہ ایک نیا جنون پیدا کرتا ہے

دادِ ہر حلقہ فنونِ دیگر ست
ہر حلقہ کی دین ایک دوسرا ہی جنون ہے

پس مرا ہر دم جنونِ دیگر ست
تو میرے لئے ہر وقت ایک نیا جنون ہے

---

۵۱ برہم زنان۔ دونوں قسم کے اخلاق کے مخزن ملے جلے ہیں۔ گر تو باشی۔ سلوک میں کوئی غلطی بھی ہو جائے تب بھی منازل طے کرنے میں توقف نہ چاہیئے۔ غژ۔ اس کا صیغہ ہے۔ زمین پر گھسکنا، گھٹنوں کے بل چلنا۔ پیشِ شاہاں مشہور مقولہ ہے "نزدیکان را بیش بود حیرانی"

۵۲ شاہ۔ دربارِ حق کی حاضری شکر سے بھی زیادہ شیریں ہے اگر اسکے حصول میں جان بھی چلی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ ملامت گر۔ عشقِ الٰہی کے سلسلہ میں ملامت کرنیوالے کا سہارا خود کمزور ہے۔ کورہ۔ بھٹی۔ عشق۔ عشق بھی وہی کام کرتا ہے جو آگ کی بھٹی کام کرتی ہو۔ کودن۔ احمق، نااہل۔

۵۳ برگ۔ سامان یعنی فنا کے بعد بقا حاصل ہوتی ہے۔ غم۔ غمِ عشق جان گداز نہیں ہے بلکہ جاں فزا ہے۔ آنچہ۔ دوسرے کے لئے غم خوف کا سبب ہے، عاشق کے لئے موجبِ اطمینان ہے۔ سمندر پالتو مرغ کے لئے ہلاکت اور بطخ کے لئے باعثِ مسرت ہے۔ باز۔ عشق و معشوق کے ذکر سے مولانا پر ایک کیفیت طاری ہوئی جس کا اظہار کر رہے ہیں۔ حلقہائے زنجیر عشق کا ہر حلقہ ایک نئی قسم کا جنون پیدا کرتا ہے۔

پس[1] فنوں باشد جنوں ایں شد مثل | خاصہ در زنجیر ایں میرِ اجل
تو جنون کی بہت سی قسمیں ہیں یہ ضرب المثل بن گئی ہے | خاص طور پر اس بڑے آقا کی زنجیر میں

آنچناں دیوانگی بگسست بند | کہ ہمہ دیوانگاں پندم دہند
دیوانگی نے ایسی بیڑیاں توڑیں | کہ سب دیوانے مجھے نصیحت کرنے لگے

## آمدن دوستان به بیمارستان جهت پرسش ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ

دوستوں کا شفاخانہ میں ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کی مزاج پرسی کے لئے آنا

ایں چنیں ذوالنون[2] مصری را فتاد | کاندرو شور و جنونِ نو بزاد
اسی طرح ذوالنون مصری کے لئے ہوا | کہ ان میں ایک نیا جنون اور ولولہ پیدا ہوا

شور چنداں شد کہ تا فوقِ فلک | می رسد از وے جگرہا را نمک
انھیں ایسی شورش ہوئی کہ آسمان کے اوپر تک | ان کی وجہ سے جگروں پر نمک پاشی ہوئی

ہیں منہ تو شورِ خود اے شورہ خاک | پہلوئے شورِ خداوندانِ پاک
خبردار! اے شوریلی مٹی کے تو اپنے عشق کو نہ رکھ | پاک صاحبوں کے عشق کے برابر

خلق را تابِ جنونِ او نبود | آتشِ او ریشہاشاں می ربود
لوگوں میں ان کے جنون (کے برداشت) کی طاقت نہ تھی | ان کی آگ ان کی داڑھیوں کا صفایا کر رہی تھی

چونکہ در ریشِ عوام آتش فتاد | بند کردندش بزنداں المراد
چونکہ عوام کی داڑھیوں میں آگ لگی | ان کو قید خانہ میں بند کر دیا مقصد یہ ہے

نیست[3] امکانِ واکشیدن ایں لجام | گرچہ زیں رہ تنگ می آیند عوام
اس لگام کو کھینچنا ممکن نہیں ہے | اگرچہ اس طریقہ سے عوام تنگ ہوں

دیدہ ایں شاہاں ز عامہ خوفِ جاں | کایں گرہ کور اند و شاہاں بے نشاں
ان شاہوں نے عوام سے جان کا خطرہ محسوس کیا ہے | کیونکہ یہ گروہ اندھا ہے اور شاہوں میں کوئی علامت نہیں ہے

چونکہ حکم اندر کفِ رنداں بود | لاجرم ذوالنون در زنداں بود
جبکہ فیصلہ رندوں کے ہاتھ میں ہوگا | بمجبوری ذوالنون قید خانہ میں ہو گئے

یک سوارہ می رود شاہِ عظیم | در کفِ طفلاں چنیں دُرِّ یتیم
عظیم بادشاہ تنہا جا رہا ہے | ایسا نایاب موتی بچوں کے ہاتھ میں پڑا ہے

---

اس بارے میں مجبور تھے۔ دیدہ۔ عوام کی جانب سے ذوالنون کو تو صرف قید خانہ کی تکلیف برداشت کرنی پڑی دوسرے بزرگوں کی تو جان کو خطرے لاحق ہوئے ہیں۔ بے نشاں۔ عوام بزرگوں کے باطن کو نہیں سمجھ سکتے ہیں۔ ان کے ظاہر پر بزرگی کی کوئی نشانی نہیں ہوتی ہے۔ رنداں یعنی ذوالنون کی بزرگی کے منکر۔ شاہ عظیم

[1] پس۔ مثل مشہور ہے۔ "الجنون فنون" جنون کی بہت قسمیں ہیں۔ میر اجل۔ بڑا سردار، اللہ تعالیٰ۔ پندم دہند۔ یعنی دوسرے دیوانے کہتے کہ جنون میں اس قدر بیخودی نہ چاہیئے۔ آمدن دوستاں۔ اس حکایت کا منشا بھی یہی ہے کہ جنون کا نتیجہ قید خانہ ہوتا ہے۔ بیمارستان یعنی پاگلوں کا شفاخانہ۔

[2] ذوالنون۔ مچھلی والا، یہ حضرت ثوبان بن ابراہیم کا لقب پڑ گیا جو بہت بڑے بزرگ تھے اس کی وجہ یہ ہوئی کہ ایک سفر میں کسی کشتی میں سوار تھے اس کشتی میں ایک تاجر کا موتی چوری ہو گیا لوگوں نے ان کو متہم کر دیا انھوں نے عاجز آکر دعا شروع کی تو سمندر میں مچھلیاں اپنے اپنے منہ میں اسی جیسا موتی لئے ہوئے نمودار ہوئیں انھوں نے ایک مچھلی سے موتی لیکر اس تاجر کو دیدیا۔ ہیں منہ۔ مولانا فرماتے ہیں میں نے اپنے جنونِ عشق کے سلسلہ میں ذوالنون کے عشق کا قصہ ذکر کیا لیکن اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ میں اپنے عشق کو ان کے عشق جیسا سمجھتا ہوں ان کا عشق بہت بلند تھا۔ ریشہا۔ وہ جنونِ عشق میں ریاکاروں کا پردہ فاش کرتے تھے جس سے وہ شرمندہ ہوتے تھے۔

[3] نیست۔ عوام میں فتنہ پیدا کرنا ممنوع ہے لیکن ذوالنون

درچہ[1] دریائے نہاں در قطرۂ — آفتابے درج اندر ذرۂ

موتی کیا ہوتا ہے، اِک قطرہ میں پوشیدہ دریا — (یا) ایک سورج ذرّے میں

آفتابِ خویش را ذرہ نمود — واندک اندک رُوئے خود را بر کشود

اُس نے اپنے سورج کو ذرّہ دکھایا — اور تھوڑا تھوڑا اپنا مُنہ کھولا

جُملہ ذرات در وے محو شُد — عالَم از وے مست گشت و صحو شُد

تمام ذرّے اُس میں محو ہو گئے — دنیا اُس سے مست ہو گئی اور ہوش جاتا رہا

چوں قلم در دستِ غدارے بُوَد — لاجرم منصور بر دارے بُود

جب قلم کسی غدار کے ہاتھ میں ہوگا — تو لامحالہ منصور سُولی پر ہوگا

چوں سفیہاں راست ایں کار و کیا — لازم آمد یَقْتُلُوْنَ الْاَنْبِیَا

جب اختیار اور اقتدار بے عقلوں کو حاصل ہو — ضروری ہوگا کہ وہ نبیوں کو قتل کریں

انبیا را گفت قومِ راہ گم[2] — از سفہ، اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِکُمْ

گم گشتہ راہ قوم نے نبیوں سے کہا — حماقت سے کہ ہم تمہیں منحوس سمجھتے ہیں

جہلِ ترسا بیں اماں انگیختہ — زاں خداوندے کہ گشت آویختہ

نصرانیوں کی نادانی دیکھ، امن کے طالب ہیں — اُس آقا سے جو (اُنکے عقیدہ میں) سولی پر لٹکا دیا گیا

چوں بقولِ اُوست مصلوبِ یہود — پس مر اُو را امن کے تاند نمود

جب اُنکے بقول یہودیوں نے اُنکو سولی پر چڑھا دیا ہو — تو وہ اُن کو نجات کب دے سکتے ہیں؟

چوں[3] دلِ آں شاہ زیشاں خوں بُوَد — عصمتِ وَاَنْتَ فِیْهِمْ چوں بُوَد

جبکہ اُس (ذوالنّون) شاہ کا دل اِسطرح خون ہو — تو "اَنْتَ فِیْهِمْ" کا بچاؤ کیسے (حاصل) ہو؟

زرِّ خالص را و زرگر را خطر — باشد از قلّابِ خائن بیشتر

خالص سونے، اور سنار کو خطرہ — زیادہ ہوتا ہے، خائن جعلساز سے

یُوسفاں از رشکِ زشتاں مخفی اند — کز عدو خوباں در آتش می زیند

بہت سے یوسف بد صورتوں کے رشک کیوجہ سے پوشیدہ ہیں — کیونکہ حسین دشمن کیوجہ سے انگاروں پر لوٹتے ہیں

---

بک قوم نہیں نہ ستائے۔ تو محض موجود ہونا عذاب کے دفع کرنے کے لئے کافی نہیں ہے، اسی طرح محض ولی راللہ کا وجود دفع عذاب نہ کر سکے گا۔ اور چونکہ ذوالنّون کو قوم نے ستایا لہٰذا قوم کا بچاؤ نہ ہو سکے گا۔ زرِ خالص۔ خالص سونا۔ اور سنار جعلساز کو رسوا کر دیتا ہے لہٰذا جعلساز کی دشمنی سے وہ خطرہ محسوس کرتے ہیں۔ یہی حال انبیاء اور اولیاء کا عوام کے ساتھ ہے۔ یوسفاں یعنی نیک لوگ۔ زشتاں۔ بُرے لوگ۔ در آتش۔ بُروں کی وجہ سے بھلوں کی زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔

---

[1] درچہ۔ ذوالنّون کو دُرِّ یتیم کہا تھا۔ اب فرماتے ہیں موتی نہیں بلکہ وہ لاکھوں موتیوں والا سمندر ایک قطرہ میں ہے اور معرفت کا آفتاب ایک ذرہ میں ہیں۔ آفتاب۔ ذوالنّون مصری۔ ذرات۔ یعنی عوام۔ مست گشت۔ عقلیں کھو بیٹھا۔ صحو شُد۔ یعنی اُنکی بزرگی کو نہ سمجھ سکے۔ غدار۔ یعنی شاہِ وقت کا وزیر جس نے علماء کو ظاہر پر فتویٰ دینے پر مجبور کیا۔ منصور یعنی حسین بن منصور حلّاج ؒ۔ کار و کیا۔ معاملہ کا اختیار۔۔۔ یَقْتُلُوْنَ الْاَنْبِیَاء سورۂ آلِ عمران کی طرف اشارہ ہے جس میں مذکور ہے کہ وہ لوگ انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں۔

[2] راہ گم۔ گمراہ۔ سفہ۔ بیوقوفی اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِکُمْ سورۂ یٰسین میں ہے کہ گاؤں والوں نے رسولوں کو کہا ہم تمہارے وجود سے بدفالی لیتے ہیں۔ جہلِ ترسا۔ اوپر جاہلوں کی دشمنی کا ذکر تھا۔ اب جاہلوں کی محبت کا ذکر ہے۔ یعنی یہ جہالت کہ اُنکے عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰ کو سولی دے دی گئی اور وہ اپنے آپ کو نہ بچا سکے اور یہ اُنکے ذریعہ اپنی نجات کے قائل ہیں۔ مصلوب۔ سولی پر چڑھا ہوا۔

[3] چوں دل۔ قرآن پاک میں ہے مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِیْهِمْ آنحضورؐ کو خطاب ہے کہ جب تک تم اُن میں موجود ہو اُن پر عذاب نہ آئیگا۔ مولانا فرماتے ہیں کہ "تم اُن میں موجود ہو" کا مطلب یہ ہے کہ جب

یوسفاں[1] از مکرِ اخواں در چہ اند
بہت سے یوسف بھائیوں کی مکاری کی وجہ کنویں میں ہیں
کز حسد یوسف بگرگاں می دہند
کیونکہ وہ حسد کی وجہ سے یوسف کو بھیڑیوں کو دیدیتے ہیں

از حسد بر یوسفِ مصری چہ رفت
حسد کی وجہ سے مصری یوسف پر کیا گذری؟
ایں حسد اندر کمیں گرگیست زفت
یہ حسد چھپا ہوا موٹا بھیڑیا ہے

لاجرم زیں گرگ یعقوبؑ حلیم
لا محالہ اس بھیڑیئے کی وجہ سے بردبار یعقوبؑ
داشت بر یوسفؑ ہمیشہ خوف و بیم
یوسفؑ کے معاملہ میں خوف و خطر محسوس کرتے تھے

گرگ ظاہر گردِ یوسف خود نگشت
ظاہری بھیڑیا یوسفؑ کے پاس بھی نہ آیا
ایں حسد در فعل از گرگاں گذشت
یہ حسد کارنامہ میں بھیڑیوں سے بھی بڑھ گیا

زخم کرد ایں گرگ وز عذرِ لبق
اس بھیڑیئے نے زخمی کیا اور چکنا چپڑا عذر کر کے
آمدہ کانّا ذہبنا نستبق
(حضرت یعقوبؑ کے پاس) آیا کہ ہم دوڑ لگا رہے تھے

صد ہزاراں گرگ را ایں مکر نیست
لاکھوں بھیڑیوں کو بھی یہ مکاری حاصل نہیں ہے
عاقبت رسوا[2] شود ایں گرگ بایست
ٹھہر جا، بالآخر یہ بھیڑیا رُسوا ہو گا

زانکہ حشرِ حاسداں روزِ گزند
کیونکہ حشر کے دن حاسدوں کا حشر
بیگماں بر صورتِ گرگاں کنند
یقیناً بھیڑیوں کی صورت میں کریں گے

حشر[3] پُر حرصِ سگِ مُردار خوار
مُردار خوار، حریص کُتّے کا حشر
صورتِ خوکے بُود روزِ شمار
قیامت کے دن سُور کی صورت میں ہو گا

زانیاں را گندہ اندامِ نہاں
(قیامت کے دن) زناکاروں کی شرمگاہیں گندی ہوں گی
خمر خواراں را بُود گندہ دہاں
شراب نوشوں کے مُنہ بدبودار ہونگے

گندِ مخفی کاں بدلہا می رسید
چھپی ہوئی گندگی جو دلوں میں پہنچتی ہے
گشت اندر حشر محسوس و پدید
وہ قیامت میں محسوس اور ظاہر ہو گی

بیشہ آمد وجودِ آدمی
انسان کا وجود ایک بَن ہے
بر حذر شو زیں وجود ار آدمی
اگر تو انسان ہے تو اس وجود سے احتیاط برت

ظاہر و باطن اگر باشد یکے
اگر ظاہر و باطن یکساں ہو
نیست کس را در نجاتِ او شکے
اس کی نجات میں کسی کو شک نہیں ہے

در وجودِ ما ہزاراں گرگ و خوک
ہمارے وجود میں ہزاروں بھیڑیئے اور سؤر ہیں
صالح و ناصالح و خوب و خشوک
نیک اور بد، اور اچھے اور بُرے

[1] یوسفاں۔ حضرت یوسفؑ کو بھائیوں نے حسد کی وجہ سے کنویں میں گرا دیا تھا۔ گرگ حق۔ حسد کی وجہ سے حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے اُنکو بھیڑیئے کے پھاڑنے کا افسانہ گھڑا تھا۔ گرگ یعنی حسد۔ حضرت یوسفؑ کو بھیڑیئے نے کوئی نقصان نہیں پہنچایا یا بھائیوں کا حسد تکلیف کا سبب بنا۔ عذر۔ یعنی بھائیوں کا یہ کہنا کہ ہم دوڑ لگا رہے تھے اور یوسفؑ کو بھیڑیا لے گیا۔ صد ہزاراں۔ یہ مکاری جس کا سبب حسد ہوا سو بھیڑیوں سے بھی ممکن نہ تھی۔

[2] رسوا شود۔ چنانچہ بھائیوں کو حضرت یوسفؑ کی بڑائی کا رُسوا ہو کر مجبوراً اقرار کرنا پڑا اور حسد کی رسوائی یہ ہوئی کہ عام حاسدوں کا حشر بھیڑیوں کی شکل میں ہو گا۔ حضرت یوسفؑ کے بھائی تو تائب ہو گئے تھے اور ان میں سے ہر ایک کو مقامِ نبوت حاصل ہوا تھا اُن کا حشر بھیڑیوں کی صورت میں نہ ہو گا۔

[3] حشر۔ حرام خور کا حشر خنزیر کی صورت میں ہو گا۔ زانیاں۔ زناکاروں کا حشر اس حالت میں ہو گا کہ انکی شرمگاہیں سڑتی ہونگی شرابیوں کے مُنہ سڑتے ہوں گے۔ مخفی۔ دلوں میں چھپی ہوئی گندگیاں نمایاں ہو جائینگی۔ بیشہ۔ بَن اور جھاڑیوں میں موذی جانور رہتے ہیں اسی طرح انسان کے وجود میں موذی خصلتیں ہیں۔ ظاہر یعنی باطن

۱حکم آن خو راست کو غالب ترست — چونکہ زر بیش از مس آمد آں زرست

حکم اس خصلت کے مطابق ہے جو غالب ہے — جب سونا تانبے سے زیادہ ہے تو وہ سونا ہے

سیرتے کاں در وجودت غالب ست — ہم براں تصویر حشرت واجب ست

وہ خصلت جو تیرے وجود میں غالب ہے — اسی کی صورت پر تیرا حشر ضروری ہے

ساعتے گرگی در آید در بشر — ساعتے یوسف رخی ہمچوں قمر

ایک وقت میں انسان میں بھیڑیا پن آتا ہے — ایک وقت میں چاند جیسی یوسف رخی آتی ہے

می رود از سینہا در سینہا — از رہ پنہاں صلاح و کینہا

سینوں سے سینوں میں جاتے ہیں — پوشیدہ طور پر نیکی اور کینے

بلکہ خود از آدمی در گاؤ و خر — می رود دانائی و علم و ہنر

بلکہ انسان سے بیل اور گدھے میں — سمجھ اور علم اور ہنر پہنچتا ہے

اسپ سکسک می شود رہوار و رام — خرس بازی می کند بز ہم سلام

کم رفتار گھوڑا، تیز رفتار اور فرمانبردار ہو جاتا ہے — ریچھ کھیلتا ہے، بکری بھی سلام کرتی ہے

رفت۲ در سگ ز آدمی حرص و ہوس — یا شباں شد یا شکاری یا حرس

انسان سے حرص و ہوس کتے میں پہنچی — چرواہا، یا شکاری، یا محافظ بنا

در سگ اصحاب خوئے زاں رقود — رفتہ تا جویائے اللہ گشتہ بود

اصحاب (کہف) کے کتے میں ان سونے والوں کی فضیلت — پہنچی یہاں تک کہ وہ اللہ کا طالب بن گیا

ہر زماں در سینہ نوعے سر کند — گاہ دیو و گہ ملک گہ دام و دد

ہر زمانہ میں سینہ میں ایک خاص نوعیت ظاہر ہوتی ہے — کبھی شیطان اور کبھی فرشتہ اور کبھی چرندہ اور درندہ (ہوجاتا ہے)

زاں عجب بیشہ کہ ہر شیر آگہ ست — تا بہ بام سینہا پنہاں رہ ست

اس عجیب جنگل سے جس کو ہر شیر جانتا ہے — سینوں کی بلندی تک مخفی راستہ ہے

دزدی۳ کن از در و مرجان جاں — اے کم از سگ از درون عارفاں

جان کا موتی، اور مونگا چرا لے — عارفوں کے دل میں سے اے کتے سے کمتر!

چونکہ دزدی دزد آں در لطیف — چونکہ حامل می شوی بار شریف

جبکہ تو چور ہے، تو پاکیزہ موتی چرا — جبکہ تو بوجھ اٹھاتا ہے تو بھلا بوجھ اٹھا

## فہم کردن مریداں کہ ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ دیوانہ نشدہ متعمداً ایں صورت کردہ

مریدوں کا سمجھنا کہ ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ پاگل نہیں ہوئے ہیں قصداً یہ صورت بنائی ہے



---

۱ حکم آنخو۔ جو خصلت غالب ہوگی اسی پر حشر ہوگا، اشرفی میں تھوڑا سا تانبہ ضرور ہوتا ہے لیکن وہ سونے کی کہلاتی ہے۔ ساعتے۔ کسی وقت انسان میں اخلاقِ ذمیمہ کا غلبہ ہوتا ہے کسی وقت اخلاقِ حمیدہ کا۔ می رود۔ صحبت سے انسان میں اچھے برے اخلاق ابھرتے ہیں۔ بلکہ۔ حیوانات انسان کی صحبت سے متاثر ہوتے ہیں۔ سکسک۔ کم رفتار گھوڑا۔ رہوار۔ تیز رفتار گھوڑا۔ رام۔ مطیع۔ خرس۔ ریچھ۔ بز۔ بکرا۔

۲ رفت۔ انسان کی صحبت سے کتے میں کام کرنے کی حرص و ہوس آجاتی ہے تو وہ بکریوں کا چرواہا یا شکاری یا نگہبان بن جاتا ہے۔ در سگ۔ قطمیر نامی اصحاب کہف کا کتا جنت میں جائیگا۔ رقود۔ سونے والے، راقد کی جمع ہے۔ نوعے۔ یعنی اخلاق کی کوئی قسم۔ دام۔ چرندہ۔ دد۔ درندہ۔

۳ دزدی کن۔ پہلے اشعار میں بتایا تھا کہ ایک سینہ سے دوسرے سینہ میں خیالات منتقل ہوتے ہیں اب فرماتے ہیں جبکہ خفیہ راستہ سے کچھ حاصل کرنا ہے تو عارفوں کے دل کے پاکیزہ خیالات حاصل کر۔ متعمداً۔ جان بوجھ کر۔

چونکہ ذوالنّون سُوئے زنداں فتاد | بند بر پا دست بر سر زافتقاد[1]
جب ذوالنّون خوشی خوشی قیدخانہ کی طرف چلے | پا بہ زنجیر، (دنیا کو) گم کرنے کی وجہ سے سر کو پکڑے ہوئے

دوستاں از ہر طرف بنہادہ رُو | سُوئے زنداں بہرِ پرسش نزدِ اُو
دوستوں نے ہر جانب سے رُخ کیا | قیدخانہ کی جانب اُن کے پاس حال دریافت کرنے کیلئے

دوستاں در قصّۂ ذوالنّوں شُدند | سوئے زنداں و دراں رائے زدند
دوست ذوالنّون کے معاملہ میں روانہ ہوئے | قیدخانہ کی جانب، اور اُس میں ملائے زنی کی

کایں مگر قاصد کُند یا حکمتے ست | اُو دریں رہ قبلہ است و آیتے ست
کہ یہ (مجنونانہ حرکتیں) بالقصد کرتے ہیں کوئی راز ہے | کیونکہ وہ اِس راستہ میں قبلہ ہیں اور نشانی ہیں

دُور دُور از عقلِ چوں دریائے اُو | تا جنوں باشد سفہ فرمائے اُو
اُن کی دریا جیسی عقل سے بہت بعید ہے | کہ جنوں اُن سے بیوقوفی کی باتیں کرائے

حاشَ لِلّٰہ از کمالِ جاہِ اُو | کابرِ بیماری بپوشد ماہِ اُو
خدا بچائے! اُن کے مرتبہ کے کمال کی وجہ سے | کہ بیماری کا ابر اُن کے چاند کو چھپائے

اُو ز شرِّ عامّہ[2] اندر خانہ شُد | اُو ز ننگِ عاقلاں دیوانہ شُد
وہ عوام کے شر کی وجہ سے قیدخانہ میں گئے ہیں | وہ عقلمندوں کے عیب کی وجہ سے دیوانے بنگئے ہیں

اُو ز عارِ عقلِ کُندِ تن پرست | قاصداً رفت است و دیوانہ شُدست
وہ تن پرست کُند عقل کی ذلّت کی وجہ سے | جان کر قیدخانہ میں گئے ہیں اور دیوانے بنے ہیں

کہ ببندم اے فتیٰ وز سازِ گاؤ | بر سر و پشتم بزن واں را مکاؤ
کہ اے جوان (سپاہی) مجھے باندھ دے اور ساٹنا | میرے سَر اور کمر پر مار اور اُس میں کچھ دکاؤ نہ کر

تا ز زخمِ لخت یابم من حیات | چوں قتیل از گاوِ موسیٰؑ اے ثقات
تاکہ (چمڑے کے) ٹکڑے کی چوٹ سے میں زندگی حاصل کروں | اے معتبر لوگو! جیسا کہ موسیٰؑ کی گائے سے مقتول نے زندگی پائی

تا ز زخمِ[3] لخت گاوے خوش شوم | ہمچو کُشتہ گاوِ موسیٰؑ گش شوم
تاکہ گائے کے (چمڑے کے) ٹکڑے سے میں خوش ہو جاؤں | (حضرت) موسیٰؑ کی گائے کے مقتول کیطرح شاداں ہو جاؤں

زندہ شُد کُشتہ ز زخمِ دُمِ گاؤ | ہمچو مِس از کیمیا شُد زرِّ ساو
گائے کی دُم کی چوٹ سے مقتول زندہ ہو گیا | جیسے تانبا کیمیا سے خالص سونا بن گیا

کُشتہ بر جست و بگفت اسرار را | وانمود آں زُمرۂ خونخوار را
مقتول اُٹھ بیٹھا، اور راز بتائے | اور قاتل جماعت کو ظاہر کر دیا

[1] افتقاد۔ گم کرنا یعنی چونکہ اُنھوں نے حضرت ذوالنّون کو گم کر دیا تھا۔ رائے زدند۔ یعنی ذوالنّونؒ کی دیوانگی کے بارے میں مختلف رایوں کا اظہار کرنے لگے۔ کاین۔ بعض لوگوں کی رائے ہوئی کہ جان کر دیوانے بنے ہیں۔ حکمتے۔ یعنی خدا نے دیوانہ بنا دیا ہے اس میں اللہ کی کوئی حکمت ہوگی۔ رہ۔ معرفت کی راہ۔ آیتے۔ خدا کی پہچان کی علامت۔ دور دور۔ بعض لوگوں نے کہا یہ ممکن نہیں کہ اُن جیسے عقلمند سے دیوانگی بیوقوفی کے کام کرا سکے۔ ابر یعنی دیوانگی۔ ماہ یعنی عقل۔

[2] شرِ عامہ۔ عوام کی شرارت۔ ننگ۔ چونکہ عقلمند لوگ بات بات ننگ کام کرنے لگے ہیں اسلئے اُنھوں نے اپنے آپ کو دیوانہ بنا کر اپنے آپ کو اُن کے زمرے سے خارج کر لیا ہے۔ عقلِ کُند۔ وہ عقل جس میں ذہانت نہ ہو۔ تن پرست۔ وہ عقل جو جسمانیت کی تربیت نہ کرے۔ قاصداً۔ بالارادہ۔ کہ۔ یعنی وہ قصداً قیدخانہ میں گئے ہیں اور دیوانوں کی طرح اپنے آپ کو گائے کے چمڑے کے ہنٹر سے پٹوا رہے ہیں۔ سازِ گاو۔ چمڑے کا تسمہ جس سے جانوروں کو سدھاتے ہیں۔

[3] تا ز زخم۔ حضرت موسیٰؑ کے زمانہ میں ایک بھتیجے نے اپنے چچا کو قتل کر دیا۔ قاتل کا پتہ نہ چلتا تھا حضرت موسیٰؑ نے ایک گائے ذبح کرائی اور اُس کا جُز مقتول کو مارا تو مُردہ زندہ ہو گیا اور اُس نے قاتل کا پتہ بتا دیا تھا۔ گش۔ خوش

گفت روشن کایں جماعت کشتہ اند　　تخمِ ایں آشوب ایشاں کشتہ اند
واضح طور پر کہا کہ اس جماعت نے قتل کیا ہے　　اس فساد کے بیج انھوں نے بوئے ہیں

چونکہ[1] کشتہ گردد ایں جسمِ گراں　　زندہ گردد ہستیِ اسرار داں
جب یہ بھاری جسم مُردہ ہو جاتا ہے　　رازداں وجود زندہ ہو جاتا ہے

جانِ او بیند بہشت و نار را　　باز داند جملہ اسرار را
اس کی جان دوزخ اور جنت کو دیکھتی ہے　　(اور) تمام رازوں کو جان لیتی ہے

وا نماید خونیانِ دیو را　　وا نماید دامِ خدعہ و ریو را
قاتل شیطانوں کو ظاہر کر دیتی ہے　　مکر اور دھوکے کے جال کو واضح کر دیتی ہے

گاؤ[2] کشتن ہست از شرطِ طریق　　تا شود از زخمِ دمش جاں مُفیق
گائے کو ذبح کرنا، معرفت کی شرط ہے　　تاکہ جان اس کی دُم کی چوٹ سے ہوش میں آجائے

گاوِ نفسِ خویش را زُو تر بکش　　تا شود روحِ خفی زندہ بہُش
بہت جلد اپنے نفس کی گائے کو ذبح کر دے　　تاکہ مخفی روح ہوش کے ساتھ زندہ ہو جائے

ایں سخن را مقطع و پایاں مجو　　حالِ ذوالنوں با مُریداں باز گو
اس بات کی ابتدا اور انتہا نہ تلاش کر　　ذوالنونؒ کا مُریدوں کے ساتھ معاملہ سنا

## رجوع کردن بحکایتِ ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ
ذوالنونؒ رحمۃ اللہ علیہ کی حکایت کی طرف رجوع کرنا

چوں رسیدند آں نفر نزدیکِ او　　بانگ بر زد ہے کیانید اتقوا
جب وہ لوگ اُن کے پاس پہنچے　　وہ چیخے خبردار تم کون ہو؟ بھاگو

با ادب گفتند ما از دوستاں　　بہرِ پرسش آمدیم اینجا بجاں
انھوں نے ادب سے کہا، ہم دوستوں میں سے ہیں　　ہم دل و جان سے (آپکو) پوچھنے آئے ہیں

چونی اے دریائے عقلِ ذو فنون[3]　　ایں چہ بہتان ست بر عقلت جنوں
اے عجائب والی عقل کے دریا! آپ کیسے ہیں؟　　آپ کی عقل پر جنون کا یہ کیسا الزام ہے؟

دودِ گلخن کے رسد در آفتاب　　چوں شود عنقا شکستہ از غراب
بھٹی کا دھواں آفتاب تک کب پہنچتا ہے؟　　عنقا کوّے سے کب شکست کھاتا ہے؟

وا مگیر از ما بیاں کن ایں سخن　　ما محبانیم با ما ایں مکن
ہم سے نہ چھپائیے، یہ بات بتائیے　　ہم دوست ہیں، ہم سے یہ نہ کیجئے

---

[1] چونکہ جس طرح اس مقتول کی روح نے اسرار کا انکشاف کر دیا اسی طرح جب انسان اپنی ہستی کو فنا کر دیتا ہے تو اس پر اسرار منکشف ہونے لگتے ہیں۔ جانِ او یعنی مقام فنا پر پہنچ کر اسرارِ آخرت منکشف ہو جاتے ہیں۔ وا نماید۔ انسان کو محسوس ہو جاتا ہے کہ شیاطین کیسے قاتل ہیں اور ان کے مکر و فریب پہچان جاتا ہے۔

[2] گاؤ کشتن یعنی مادی جسم کو فنا کرنا طریق یعنی طریقِ معرفت۔ مُفیق۔ ہوشمند بہُش یعنی ہوش۔ مُریداں یعنی ذوالنونؒ کے وہ مرید جو پاگل خانہ میں گئے تھے۔ نفر جماعت۔ اِتَّقُوا۔ تم ڈرو، تم بھاگو۔ پرسش یعنی احوال کی دریافت۔ عیادت

[3] فنون۔ فن کی جمع ہے بہتان جھوٹا الزام جنوں یعنی تیری عقل پر جنون کا الزام جھوٹ ہے۔ گلخن بھٹی یعنی جس طرح بھٹی کا دھواں آفتاب تک نہیں پہنچ سکتا ہے اور عنقا کوّے سے شکست نہیں کھا سکتا ہے اسی طرح تیری عقل تک نہ جنون کی رسائی ہو سکتی ہے نہ تیری عقل جنون سے مغلوب ہو سکتی ہے۔ مکن یعنی حقیقت نہ چھپائیے۔

مر محبّاں را نشاید دور کرد ۔۔۔ یا بروپوشش و دغل مہجور[1] کرد

دوستوں کو نہ بھگانا چاہیئے ۔۔۔ یا رُو پوشی اور دھوکے سے دور نہ کرنا چاہیئے۔

راز را اندر میاں نہ با محب ۔۔۔ اے کہ بحر علم و عقلی استجب

راز کو دوست کے سامنے رکھ دیجئے ۔۔۔ اے وہ کہ آپ علم و عقل کے سمندر ہیں، مان جایئے

راز را اندر میاں آور شہا ۔۔۔ رُو مکن در ابر پنہانی مہا

اے شاہ! راز بتا دیجئے ۔۔۔ اے چاند! ابر میں منہ نہ چھپایئے

ما محب صادق و دلخستہ ایم ۔۔۔ در دو عالم دل بتو وابستہ ایم

ہم سچے دوست اور دل شکستہ ہیں ۔۔۔ دونوں جہان میں ہمارا دل آپ سے وابستہ ہے

راز را از دوستاں پنہاں مکن ۔۔۔ درمیاں نہ راز و قصد جاں مکن

راز کو دوستوں سے نہ چھپایئے ۔۔۔ راز بتا دیجئے اور ہماری جان کے درپے نہ ہوجئے

چونکہ ذوالنون این سخن زایشاں شنید ۔۔۔ جز طریق امتحاں مخلص ندید

جب ذوالنون نے اُن کی یہ بات سنی ۔۔۔ آزمائش کے راستے کے علاوہ چھٹکارا نہ دیکھا

فحش آغازید[2] و دشنام از گزاف ۔۔۔ گفت او دیوانگانہ زی و قاف

خواہ مخواہ فحش اور گالی گلوچ شروع کردی ۔۔۔ دیوانوں کی طرح انھوں نے زق زق بق بق شروع کردی

بر جہید و سنگ پراں کرد و چوب ۔۔۔ جملگاں بگریختند از بیم کوب

کودے اور پتھر اور لکڑیاں پھینکنے لگے ۔۔۔ چوٹ کے ڈر سے سب بھاگ گئے

قہقہہ خندید و جنبانید سر ۔۔۔ گفت باد ریش ایں یاراں نگر

قہقہہ مار کر ہنسے اور سر ہلایا ۔۔۔ کہا ان دوستوں کی شیخی دیکھ

دوستاں بیں کو نشان دوستاں ۔۔۔ دوستاں را رنج کے باشد زجاں

دوستوں کو دیکھو! دوستوں کی علامت کہاں ہے؟ ۔۔۔ دوستوں کو جان کی فکر کب ہوتی ہے؟

کے کراں[3] گیرد ز رنج دوست دوست ۔۔۔ رنج مغز و دوستی او را چو پوست

دوست کے ستانے سے دوست کب کنارہ کشی کرتا ہے؟ ۔۔۔ تکلیف اُٹھانا مغز ہے اور دوستی اُس کا چھلکا

رنج برخود گیر گر تو دوستی ۔۔۔ رُو مگرداں گر تو نیکو خوستی

اگر تو دوست ہے تکلیف برداشت کر ۔۔۔ اگر تو اچھی عادت والا ہے، روگردانی نہ کر

نے نشان دوستی باشد خوشی ۔۔۔ در بلا و محنت و آفت کشی

کیا خوشی دوستی کی نشانی نہیں ہے؟ ۔۔۔ مصیبت، مشقت اور آفتیں برداشت کریں

---

[1] مہجور کرد یعنی رُو پوشی اور مکر سے فراق میں مبتلا کرنا مناسب نہیں ہے۔ استجب۔ قبول کر، منظور کر۔ شہا۔ اے شاہ۔ مہا۔ اے قمر۔ دلخستہ۔ رنجیدہ۔ قصد جاں کردن۔ مار ڈالنا۔ امتحاں۔ آزمائش۔ مخلص۔ چھٹکارے کی جگہ۔

[2] آغازید شروع کر دیا۔ گزاف۔ بے وجہ، بے اصل۔ زی وقاف۔ جھک جھک، بک بک۔ باد ریش۔ غرور، شیخی۔ نشان۔ علامت۔ رنج۔ یار کے رنج کا تحمل نہ کند یار نباشد۔

[3] کراں۔ کنارہ، متفرد۔ اصل، لب لباب۔ پوست۔ چھلکا۔ رنج برخود گیر۔ یہ مولانا کا مقولہ ہے۔ رو مگرداں۔ یعنی اگر دوست تکلیف بھی دیگا۔ نے نشاں۔ دوستی کی علامت یہی ہے کہ ہر حالت میں راضی برضا رہ دوست رہے۔

دوست ہمچوں زر[1] بلا چوں آتش ست — زرِ خالص در دلِ آتش خوش ست

دوست سونے کی طرح ہے تکلیف آگ کی طرح ہے — خالص سونا آگ کے بیچ میں بھلا ہے

## امتحان[2] کردنِ خواجۂ لقمانؑ زیرکیٔ لقمانؑ را

حضرت لقمانؑ کے آقا کا لقمانؑ کی ذہانت کی آزمائش کرنا

نے کہ لقمانؑ را کہ بندہ پاک بود — روز و شب در بندگی چالاک بود

کیا ایسا نہیں ہوا کہ لقمانؑ جو ایک اچھے غلام تھے — دن رات خدمتگاری میں چست تھے

خواجہ اش میداشتے در کار پیش — بہترش دیدے ز فرزندانِ خویش ق

آقا ان کو ہر کام میں آگے رکھتا تھا — اپنی اولاد سے بھی اُن کو زیادہ سمجھتا تھا

زانکہ لقمانؑ گرچہ بندہ زادہ بود — خواجہ بود و از ہوا آزادہ بود

اسلئے کہ حضرت لقمانؑ اگرچہ غلام زادہ تھے — (لیکن) آقا تھے اور خواہشِ نفسانی سے آزاد تھے

گفت[3] شاہے شیخ را اندر سخن — کز من از بخشش تو چیزے خواست کن

ایک بادشاہ نے گفتگو میں ایک بزرگ سے کہا — مجھ سے بخشش میں کچھ مانگ

گفت اے شہ شرم ناید مر ترا — کہ چنیں گوئی مرا زیں بر تر آ

اُس (بزرگ) نے کہا اے بادشاہ! تجھے شرم نہیں آتی — کہ مجھ سے یہ کہتا ہے، اِس سے بالاتر بن

من دو بندہ دارم و ایشاں حقیر — واں دو بر تو حاکمانند و امیر

میرے دو غلام ہیں اور وہ (بھی) حقیر ہیں — اور وہ دونوں تیرے حاکم اور سردار ہیں

گفت شہ آں دو چہ اند ایں ذلت ست — گفت آں یک خشم و دیگر شہوت ست

بادشاہ نے کہا وہ دونوں کیا ہیں؟ یہ (تو) ذلت ہے — اُس (بزرگ) نے کہا ایک غصّہ دوسرا شہوت ہے

شاہ آں داں کو ز شاہی فارغ ست — بر مہ و خورشید نورش بازغ ست

بادشاہ اُس کو سمجھ جو بادشاہی سے بے نیاز ہے — چاند اور سورج پر اُس کا نور غالب ہے

مخزن آں دارد کہ مخزن عارِ او ست — ہستی آں دارد کہ با ہستی عدو ست

وہ ایسا خزانہ رکھتا ہے کہ ظاہری خزانہ اُس کی ذلت ہے — وہ ایسا وجود رکھتا ہے جو وجود کا دشمن ہے

خواجۂ لقماں بظاہر خواجہ وش — در حقیقت بندہ لقماں خواجہ اش

حضرت لقمانؑ کا آقا ظاہری خواجگی کے ہوتے ہوئے — حقیقتاً غلام ہے، لقمانؑ اُس کے آقا ہیں

---

ہستی آں دارد۔ یعنی اُس کا روحانی وجود ہے جو جسمانی وجود کا دشمن ہے۔ خواجہ۔ یعنی دراصل لقمان خواجہ تھے اور اُن کا خواجہ دراصل غلام تھا۔

---

[1] ہمچوں زر۔ جس طرح سونا آتش سے نکھرتا ہے اسی طرح دوستی میں دوست کے مصائب برداشت کرنے سے خلوص کا اظہار ہوتا ہے۔

[2] امتحان کردن۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ جس طرح حضرت لقمانؑ نے دوست کے ہاتھ سے کڑوا خربوزہ بھی رغبت سے کھایا اسی طرح ایک انسان کو منجانب اللہ مصائب پر بھی راضی برضاءِ الٰہی رہنا چاہیئے۔ خواجہ۔ آقا اُن کو معزز اور اولاد سے زیادہ پیار سے رکھتا تھا۔ زانکہ۔ پہلے شعر کی دلیل — بندہ زادہ۔ حضرت لقمانؑ کو اگر ولی اور بزرگ مانا جائے تو غلام زادہ ہونے میں کوئی اِشکال نہیں اور اگر وہ نبی تھے تو اُن کے باپ کو جبراً غلام بنا لیا گیا ہوگا۔ خواجہ بود۔ چونکہ وہ ہوا و ہوس سے آزاد تھے لہٰذا غلام نہ تھے بلکہ آقا تھے۔

[3] گفت شاہے۔ چونکہ مولانا نے پہلے شعر میں ہوا و ہوس سے آزاد ہونے کا ذکر کیا ہے لہٰذا اس سلسلہ میں یہ حکایت نقل کی ہے۔ بر تر آ۔ یعنی یہ بات تیرے مقام سے گری ہوئی ہے۔ حقیر۔ تو میرے دو غلاموں کا غلام ہے۔ ذلت۔ یعنی غلاموں کا غلام ہونا میرے لئے ذلت کا سبب ہے۔ ز شاہی۔ شاہ تو وہ ہے کہ دنیا کی بادشاہت سے بھی بے نیاز ہو۔ بازغ۔ چمکنے والا، روشن۔ نورش۔ یعنی علم و معرفت کا خزانہ۔ کہ مخزن۔ یعنی زر و جواہر کا خزانہ۔

در جہانِ بازگونہ زیں بسے ست — در نظرشاں گوہرے کم از خسے ست
اُلٹی دنیا میں ایسا بہت ہے — اُن کی نظر میں جوہر تنکے سے کم ہے

مر بیاباں را مفازہ نام شُد — نام و ننگے عقلِ شاں رادام شُد
بیابان کا نام، کامیابی کی جگہ ہوا — عزّت و ذلّت اُن کی عقل کا جال بنا

یک گرُہ را خود مُعرف جامہ است — در قبا گویند کو از عامہ است
ایک گروہ کے لئے لباس پہچان کا ذریعہ ہے — قبا پہننے والے کو عوام میں سے کہتے ہیں

یک گرُہ را ظاہرِ سالوس و زرق — کردہ زاہد نام و اندر زہد غرق
ایک گروہ کے ظاہری مکر اور فریب نے — زاہد اور زہد میں ڈوبے ہوئے نام رکھے

یک گرُہ را ظاہرِ سالوس و زہد — نور باید تا بُود جاسوسِ زہد
ایک گروہ میں ظاہری مکر اور زہد ہے — نور چاہیئے جو زہد کی مخبری کرے

نور باید پاک از تقلید و غول — تا شناسد مرد را بے فعل و قول
نور درکار ہے جو تقلید اور کجی سے خالی ہو — تاکہ انسان کو بغیر قول اور فعل کے پہچانے

در رَود در قلبِ اُو از راہِ عقل — نقدِ اُو بیند نباشد بندِ نقل
اُس کے دل میں عقل کے راستے سے گھس جائے — اُس کا نقد دیکھ لے سُنی سُنائی کا پابند نہ ہو

بندگانِ خاصِ علّامِ الغیوب — در جہانِ جاں جواسیس القلوب
علّام الغیوب کے خاص بندے — روحانی دنیا میں دلوں کے جاسوس ہیں

در درونِ دل در آید چوں خیال — پیشِ شاں مکشوف باشد سرِّ حال
جب دل میں کوئی خیال آتا ہے — پوشیدہ بھید اُن کے سامنے کُھل جاتا ہے

در تنِ گنجشک چہ بُود برگ و ساز — کہ شود پوشیدہ آں بر عقلِ باز
چڑیا کے جسم میں کیا ساز و سامان ہوتا ہے؟ — کہ وہ باز کی عقل پر چُھپ سکے

آنکہ واقف گشت بر اسرارِ ھُو — سرِّ مخلوقات چہ بُود پیشِ اُو
جو اللہ تعالیٰ کے بھیدوں سے واقف ہوگیا — مخلوق کے بھید اُس کے سامنے کیا ہیں؟

آنکہ بر افلاک رفتارش بُود — بر زمیں رفتن چہ دُشوارش بُود
جس کی گذر آسمانوں پر ہو — اُس کو زمین پر چلنا کیا دُشوار ہوگا؟

در کفِ داؤد کاہن گشت موم — موم چہ بُود در کفِ اُو اے ظلوم
حضرت داؤد کے ہاتھ میں جس طرح لوہا موم ہوگیا — اے ظالم! اُن کے ہاتھ میں موم کیا ہوگا!

ل جہانِ بازگونہ۔ اُلٹی دنیا۔ در نظر یعنی قیمتی چیز کو کم قیمت اور کم قیمت چیز کو قیمتی سمجھتے ہیں۔ مفازہ۔ کامیابی کی جگہ، صحرا کو کہتے ہیں حالانکہ وہ مہلکہ یعنی ہلاکت کی جگہ ہے نام نہند رکھی یعنی نام و ننگ عزّت و ذلّت کے خیال سے بے عقل کے کام کرتے ہیں۔ یک گرہ۔ کپڑوں سے انسان کو پہچانتے ہیں اُس کی حقیقت پر نظر نہیں رکھتے ہیں گدڑی والے کو فقیر سمجھتے ہیں قبا پہننے والے کو معمولی انسان تصوّر کرتے ہیں۔

ل ظاہر سالوس بعض لوگ ظاہری مکاری کو دیکھ کر زُہد کے قائل ہوجاتے ہیں۔ نور باید۔ کسی کو پہچاننے کیلئے نورِ قلبی درکار ہے جس کے ذریعہ بغیر بات کئے اور کام دیکھے انسان کو پہچانا جاسکے۔ نقدِ اُو۔ انسان کی صحیح حالت۔

ل بندگان۔ پیر پر مرید کے دل کے احوال منکشف ہوجاتے ہیں۔ علّام الغیوب۔ غیبوں کا جاننے والا یعنی اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ جواسیس۔ جاسوس کی جمع ہے۔ راز کو جاننے والا۔ در درونِ دل جس طرح خیالات انسان کے دل میں گھستے ہیں اسی طرح خاص بندہ بھی دل میں گھس کر پوشیدہ احوال جان لیتا ہے۔ در تنِ گنجشک سے مراد مرید اور باز سے شیخ ہے اگر شیخ کے سامنے سلوک اختیار اور زہد کو آسمانوں کی سیر

بود[1] لقمان بندہ شکلے خواجہ — بندگی بر ظاہرش دیباجہ
لقمانؑ بظاہر غلام (حقیقتاً) آقا تھے — غلامی اُن کے ظاہر کا عنوان تھی

چوں رَوَد خواجہ بجائے ناشناس — در غلامِ خویش پوشاند لباس
آقا جب کسی اجنبی جگہ جاتا ہے — اپنے غلام کو (شاہی) لباس پہنا دیتا ہے

اُو بپوشد جامہائے آں غلام — مر غلامِ خویش را سازد امام
وہ اُس غلام کے کپڑے خود پہن لیتا ہے — اپنے غلام کو پیشرو بنا لیتا ہے

در پَیش چوں بندگاں در رَہ شود — تا نیابد زو کسے آگاہ[2] شود
راستے میں غلاموں کی طرح اُسکے پیچھے چلتا ہے — تاکہ اُس کو کوئی نہ پہچان سکے

گوید اے بندہ تو رَو بر صدر نشیں — من بگیرم کفش چوں بندہ کمیں
کہہ دیتا ہے کہ اے غلام! تو جا اور صدر جگہ پر بیٹھ — میں معمولی غلام کی طرح جوتیاں لے لونگا

تو درشتی کُن مرا دُشنام دہ — مر مرا تو ہیچ توقیرے مَنہ
تو سختی کر، مجھے بُرا بھلا کہہ — تو میری کوئی عزت نہ کر

تَرکِ خدمت خدمتِ تو داشتم — تا بغربت تخمِ حیلت کاشتم
خدمت نہ کرنا میں نے تیرے ذمہ لگایا ہے — جب تک کہ مسافرت میں میں نے تدبیر کا بیج بویا ہے

خواجگاں[3] ایں بندگیہا کردہ اند — تا گماں آید کہ ایشاں بندہ اند
آقاؤں نے یہ غلامیاں کی ہیں — تاکہ یہ گمان ہو کہ وہ غلام ہیں

چشم پُر بودند و سیر از خواجگی — کارہا کردہ اند آمادگی
وہ آقائیت سے سیر چشم اور پیٹ بھرے تھے — انھوں نے استعداد (کے لئے) بہت سے کام کئے ہیں

ویں غلامانِ ہوا بر عکسِ آں — خویشتن بنمودہ میرِ عقل و جاں
اور یہ خواہش کے غلام اس کے برعکس — اپنے آپ کو عقل و جان کا آقا ظاہر کرتے ہیں

آید از خواجہ رہِ افگندگی — ناید از بندہ بغیر از بندگی
آقا سے خاکساری کا طریقہ آتا ہے — (اللہ کے) بندے سے بندگی کے سوا کچھ نہیں آتا ہے

پس ازاں عالم بدیں عالم چُناں — تعبیتہا ہست بر عکسِ ایں بداں
پس اُس عالم سے اِس عالم تک — بہت سی بناوٹی باتیں ہیں اُن کو اُلٹا سمجھ

ـ یعنی عالمِ آخرت میں بہت سی چیزیں ہیں کہ جو حقیقتاً ظاہر کے برعکس ہیں۔

---

[1] بود لقمان۔ حضرت لقمانؑ نے جان بوجھ کر ظاہری طور پر غلامی اختیار کر رکھی تھی ورنہ وہ آقا تھے۔ چوں رود۔ غلامی کی شکل اختیار کر لینے کی وجہ بیان کی ہے، اجنبی جگہ مصلحتوں کی بنا پر اکثر اپنے آپ کو غلام اور غلام کو شاہ ظاہر کر دیا کرتے ہیں

[2] آگاہ شود۔ اپنے آپ کو بادشاہ ظاہر کرنے میں خطرات ہوتے ہیں۔ نشیں نشیں کا مخفف ہے۔ کمیں۔ کمینہ۔ تو درشتی۔ تاکہ غلام کو آقا سمجھا جائے۔ تَرکِ خدمت یعنی تیری خدمتگذاری یہی ہے کہ تو خدمت نہ کرے۔ غربت۔ مسافرت۔ حیلت۔ تدبیر۔

[3] خواجگاں بہت سے بزرگ اپنی بزرگی کے اخفا کیلئے معمولی معمولی کام اختیار کر لیتے ہیں تاکہ عوام کی نگاہوں سے چھپے رہیں۔ کارہا۔ بزرگانِ دین معمولی پیشے اختیار کر لیتے ہیں تاکہ اُن کی استعداد قربِ الٰہی میں اضافہ ہو۔ ویں غلاماں۔ جو لوگ حرص و ہوا کے غلام ہیں وہ اپنی بڑائی ظاہر کرتے ہیں۔ خواجہ۔ بزرگانِ دین ہمیشہ فروتنی اختیار کرتے ہیں۔ از بندہ یعنی جو اللہ کے نیک بندے ہیں۔ ازآں عالم۔ عالمِ آخرت۔ ازیں عالم۔ عالمِ دنیا۔ تعبیتہا۔ تعبیتہ کی جمع ہے بناوٹ۔ برعکس۔ جس طرح یہ واقعہ ہے کہ بظاہر حضرت لقمان غلام اور ان کا آقا آقا ہے لیکن حقیقتاً حضرت لقمانؑ آقا اور اُن کا آقا اُن کا غلام تھا اسی طرح اِس

**خواجۂ لقمانؒ ازیں[1] حالِ نہاں — بود واقف دیدہ بود از وے نشاں**
(حضرت) لقمانؒ کا آقا اس راز سے — واقف تھا اور اس کی نشانی دیکھ چکا تھا

**راز می دانست خوش می راند خر — از برائے مصلحت آں راہبر**
راز جانتا تھا، کام چلا رہا تھا — اس راہنما کی مصلحت کی وجہ سے

**مر ورا آزاد کردے از نخست — لیک خوشنودیِ لقمانؒ بجست**
ان کو وہ پہلے ہی آزاد کر دیتا — لیکن اس نے (حضرت) لقمانؒ کی خوشنودی چاہی

**زانکہ لقمانؒ را مراد ایں بود تا — کس نداند سرّ آں شیرِ فتا**
کیونکہ (حضرت) لقمانؒ کا مقصد یہی تھا، تاکہ — اس نوجوان شیر کا کوئی بھید نہ سمجھ سکے

**چہ[2] عجب گر سر زبد پنہاں کنی — ایں عجب کہ سر ز خود پنہاں کنی**
یہ کیا عجیب بات ہے کہ تو راز کسی بُرے سے چھپائے — عجیب تو یہ ہے کہ تو راز کو اپنے آپ سے چھپائے

**کار پنہاں کن تو از چشمانِ خود — تا بود کارت سلیم از چشمِ بد**
اپنی نظروں سے چھپ کر کام کر — تاکہ تیرا کام نظرِ بد سے بچا رہے

**خویش را تسلیم کن بردار مزد — وانگہ از خود بے ز خود چیزے بدزد**
اپنے آپ کو سپرد کر دے، مزدوری کما لے — پھر بے خودی میں اپنے میں سے کچھ چُرا لے

**می[3] دہند افیوں بمردِ زخم مند — تاکہ پیکاں از تنش بیروں کنند**
زخمی انسان کو افیون دے دیتے ہیں — تاکہ اس کے جسم میں سے تیر کھینچ لیں

**وقتِ مرگ از رنج او را میدرند — او بداں مشغول شد جاں می برند**
مرتے وقت اس کو تکلیف سے ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہیں — وہ اس میں لگا، جان نکال لے جاتے ہیں

**چوں بہر فکرے کہ خواہی دل سپرد — از تو چیزے در نہاں خواہند برد**
جب کسی فکر میں تو دل کو لگا دے گا — تو وہ تیری چیز چپکے سے چرا لیں گے

**پس بداں مشغول شو کاں بہتر است — تا ز تو چیزے برد کاں کہتر است**
تو اس میں لگ جو اعلیٰ چیز ہو — تاکہ (چور) تیری وہ چیز لے جائے جو گھٹیا ہے

**ہر چہ اندیشی و تحصیلے کنی — می درآید دزد زاں سو کایمنی**
جو تو سوچتا ہے، اور حاصل کرتا ہے — چور اس جانب سے آتا ہے جدھر سے تو مطمئن ہے

---

کہ انسان فکر رکھتا ہے اس کی جانب چور نہیں آتا

---

[1] ازیں حال۔ یعنی اس بات سے کہ حضرت لقمانؒ نے ظاہراً غلامی اختیار کر رکھی ہے ورنہ باطنی اُن کا رتبہ آقائیت کا ہے۔ راہبر یعنی حضرت لقمانؒ۔ خوشنودی۔ حضرت لقمانؒ کی خواہش تھی کہ اُن کو غلام بنائے رکھے۔ سرّ۔ ان کا روحانی مرتبہ۔

[2] چہ عجب۔ کمالات کو دوسروں کی نگاہوں سے مخفی رکھنا بھی کمال ہے لیکن اپنی نگاہوں میں اپنے کمالات کمال نہ ہوں تب زیادہ کمال ہے۔ چشم بد۔ خود اپنی نظرِ بد سے اپنے اعمال کو بچا۔ خویش را۔ اپنے آپ کو غلام سمجھتے ہوئے مزدوری کیے جاؤ تب اپنے رذائل کو اپنے آپ سے چُرا کر غائب کر سکو گے۔

[3] می دہند۔ افیون کھلا کر خودی مٹا دی جاتی ہے تب اصلاح کی جاتی ہے تو خودی کو مٹانے سے اصلاح ہوگی۔ وقتِ مرگ۔ موت کے وقت جسمانی تکالیف میں مبتلا ہوتا ہے تو اُس کی طرف توجہ ہو جاتی ہے اور روح سے غفلت ہو جاتی ہے تو روح چوری چلی جاتی ہے۔ چوں بہر فکرے۔ انسان کی جس چیز کی طرف توجہ رہتی ہے وہ بچ جاتی ہے جس سے غفلت برتتا ہے وہ چوری ہو جاتی ہے۔ بہتر است۔ قیمتی چیز کی طرف توجہ کرنے پھر ضائع ہوگی تو معمولی چیز ضائع ہوگی۔ ایمنی۔ تو مطمئن ہو کے بے توجہی کرتا ہے تو چور اُسکو چُراتا ہے جس چیز

بارِ بازرگاں چو در آب اوفتد — دست اندر کالۂ بہتر زند
تاجر کا مال جب پانی میں گرتا ہے — تو وہ عمدہ سامان پر ہاتھ مارتا ہے

کشتی مالش بغرقاب ارفتد — ہر چہ نازِل تر بدریا افگند
اُس کے مال کی کشتی اگر سمندر میں پہنچے — جو گھٹیا ہے اُس کو دریا میں پھینک دیتا ہے

چونکہ چیزے فوت خواہد شد در آب — تَرکِ کمتر گوئی و بہتر را بیاب
چونکہ کوئی نہ کوئی چیز تو پانی میں ڈوبے گی — گھٹیا کو چھوڑ دے اور بڑھیا کو بچالے

نقدِ ایماں را بطاعت گوش دار — تا ز روئے حق نگردی شرم سار
بندگی کے ذریعہ ایمان کے نقد کی حفاظت کر — تاکہ تو اللہ (تعالیٰ) کے روبرو شرمندہ نہ ہو

چونکہ نقدت را نگہداری کُنی — حرص و غفلت را بَرد دیو دَنی
جب تو اپنے نقد کی دیکھ بھال رکھے گا — کمینہ شیطان حرص اور غفلت کو لے بھاگے گا

## ظاہر شدنِ فضل و زیرکی لقمانؑ پیشِ امتحان کنندگان

امتحان کرنے والوں کے سامنے (حضرت) لقمانؑ کی بزرگی اور ذہانت کا ظاہر ہونا

خواجۂ لقمانؑ چو لقمانؑ را شناخت[1] — بندہ بود او را و با او عشق باخت
(حضرت) لقمانؑ کے آقا نے جب لقمانؑ کو پہچان لیا — اُن کا غلام ہوگیا اور اُن پر فریفتہ ہوگیا

ہر طعامے کآوریدندے بوَے — کس سوئے لقمانؑ فرستادے زپے
وہ جو کھانا اُس کے پاس لاتے — تو فوراً کسی کو (حضرت) لقمانؑ کی جانب روانہ کرتا

تا کہ لقمانؑ دست سوئے آں برد — قاصداً تا خواجہ پس خوردش خورد
تاکہ (حضرت) لقمانؑ اُس میں ہاتھ ڈال دیں — اس ارادے سے کہ آقا اُن کا جھوٹا کھائے

سؤرِ[2] او خوردے و شور انگیختے — ہر طعامے کو نخوردے ریختے
اُن کا جھوٹا کھاتا، اور مستی پیدا کرتا — جو کھانا وہ نہ کھاتے اُس کو ضائع کر دیتا

ور بخوردے بیدل و بے اشتہا — ایں بُود پیوستگی بے مُنتہا
اگر کھاتا بھی تو بے دلی اور بے رغبتی سے — لامحدود تعلق یہ ہوتا ہے

خُربزہ آوردہ بودند ارمُغاں — لیک غائب بود لقمانؑ آں زماں
تحفے میں خربوزہ لائے تھے — لیکن اُس وقت (حضرت) لقمانؑ موجود نہ تھے

گفت خواجہ با غلامے کے فلاں — زود رَو فرزندِ لقمانؑ را بخواں
آقا نے ایک غلام سے کہا کہ فلانے! — جلد جا، عزیز لقمانؑ کو بلا لا

---

[1] بار۔ پہلے سمجھایا تھا کہ اچھی چیز کی طرف نگاہ رکھ تاکہ معمولی چیز ضائع ہو۔ اب اُس کو مثال دے کر سمجھاتے ہیں کہ اگر کشتی بوجھل ہونے کی وجہ سے ڈوبنے لگتی ہے تو معمولی چیزیں پھینک دی جاتی ہیں۔ کالا۔ سامان۔ نازِل تر۔ گھٹیا۔ بہتر قیمتی سامان۔ ایمان۔ یہ قیمتی چیز ہے اللہ تعالیٰ کے دربار میں پیش کرنی ہے اِس کی حفاظت کر۔ حرص۔ اپنے رذایل کی حفاظت نہ کر تاکہ وہ چوری ہو جائیں۔

[2] شناخت۔ یعنی اُن کی اُنکی بزرگی کو پہچان گیا ہر قطعہ بڑوں کا جھوٹا تبرکاً کھایا جاتا ہے۔ فرستادے۔ یعنی اُن کو بلانے کیلئے۔ پس خورد۔ بچا ہوا کھانا۔

[3] سؤر۔ پس خوردہ۔ شور انگیختن۔ مستی کا اظہار کرنا۔ پیچھے آگے نہ کھانے سے سمجھاتا تھا کہ کھانا مکروہ ہے۔ پیوستگی۔ تعلق۔ خربزہ۔ خربوزہ۔ ارمغاں۔ تحفہ۔ فرزند۔ محبت میں بیٹا کہا ہے۔

چونکہ لقمان آمد و پیشش نشست — خواجہ پس بگرفت سکینے[1] بدست
جب حضرت لقمانؑ آئے اور اسکے سامنے بیٹھ گئے — اُس کے بعد آقا نے چھری ہاتھ میں لی

چوں بُرید و داد اُو را یک بُریں — ہمچو شکّر خوردش و چوں انگبیں
جب تراشا، اور اُن کو ایک قاش دی — اُنھوں نے اُس کو شکر و شہد کی طرح کھا لیا

از خوشی کہ خورد داد اُو را دوم — تا رسید آں گرچہا تا ہفدہم
چونکہ اُنھوں نے خوشی سے کھایا اُن کو دوسری دی — یہاں تک کہ وہ قاشیں سترہ تک پہونچیں۔

ماند گرچے گفت ایں را من خورم — تا چہ شیریں خربزست ایں بنگرم
ایک قاش بچی تو بولا اس کو میں کھاؤں گا — تاکہ دیکھوں کیسا میٹھا خربوزہ ہے؟

اُو چنیں خوش میخورد کز ذوقِ او — طبعہا شد مشتہی و لقمہ جو
وہ اسقدر خوشی سے کھا رہے تھے کہ اُنکے ذوق سے — طبیعتیں خواہشمند ہو گئیں اور کھانا چاہنے لگیں

چوں بخورد از تلخیش آتش فروخت[2] — ہم زباں کرد آبلہ ہم حلق سوخت
جب اُسنے کھایا اُس کی کڑواہٹ سے آگ لگ گئی — زبان پر آبلہ پڑ گیا حلق بھی جل گیا

ساعتے بیخود شد از تلخیِ آں — بعد ازاں گفتش کہ اے جانِ جہاں
تھوڑی دیر اُس کی کڑواہٹ سے بے چین رہا — اُس کے بعد اُنسے کہا، اے جانِ عالم!

نوش چوں کردی تو چندیں زہر را — لطف چوں انگاشتی ایں قہر را
آپ نے اسقدر زہر کیسے پی لیا؟ — اِس قہر کو لطف کیوں سمجھا؟

ایں چہ صبرست ایں صبوری از چہ روست — جانِ تو گوئی بہ پیشِ تو عدوست
یہ کیسا صبر ہے اور یہ کس طرح کا صبر کرنا ہے؟ — گویا آپ کی جان آپ کے نزدیک آپکی دشمن ہے

چوں[3] نیاوردی بحیلت حجتے — کہ مرا عذریست بس کُن ساعتے
کیوں نہ تدبیر سے آپ نے کوئی عذر کر دیا — کہ میں معذور ہوں، تھوڑی دیر ٹھہر

گفت من از دستِ نعمت بخشِ تو — خوردہ ام چنداں کہ از شرمم دوتو
فرمایا کہ تیرے سخی ہاتھ سے — میں نے اسقدر کھایا ہے کہ شرمندگی سے جھکا جاتا ہوں

شرمم آمد گر یکے تلخ از کفت — می نخوشم اے تو صاحب معرفت
مجھے شرم آئی اگر تیرے ہاتھ سے ایک کڑوی چیز — نہ کھاؤں اے آقا، تو خود جانتا ہے

چوں ہمہ اجزام از انعامِ تو — رُستہ اند و غرقِ دانہ و دامِ تو
جبکہ میرے تمام اجزاء تیرے انعام سے — اُگے ہیں اور تیرے دانہ و دام میں غرق ہیں

[1] سکین۔ چھری۔ بُرین۔ تپش پھانک۔ انگبین شہد۔ گرچہا۔ گرچ کی جمع ہے، باضم کاف و جیم فارسی، خربوزے، تربوز کی قاش۔ مشتہی خواہشمند۔

[2] چوں۔ کڑوا خربوزہ کھانے سے حلق میں سوزش اور زبان پر آبلہ پڑ گیا۔ جانِ جہاں۔ یعنی حضرت لقمانؑ۔ زہر۔ یعنی کڑوا خربوزہ۔ عدو ایسا کڑوا خربوزہ کھانا تو جان کے ساتھ دشمنی ہے۔

[3] چوں۔ یعنی صاف انکار مناسب نہ تھا تو کوئی عذر تراش لیتے۔ گفت حضرت لقمانؑ نے فرمایا جب اس ہاتھ سے سیکڑوں شیریں چیزیں کھا چکا ہوں ایک تلخ چیز کا انکار بے شرمی ہے۔ اجزام۔ میرے بدن کے سارے اجزاء تیرے نمک کے پروردہ ہیں۔ دام۔ جال۔

گر زیک تلخے کنم فریاد و داد — خاکِ تیرہ بر سرِ اجزام باد
اگر میں ایک کڑوی چیز سے فریاد اور واویلا کروں — تو کالی خاک میرے اجزاء پر ہو

لذتِ دستِ شکر بخشت کہ داشت — اندریں بطیخ تلخی کے گذاشت
تیرا شکر بخش ہاتھ جو لذت رکھتا تھا — اُس نے اِس خربوزے میں کڑواہٹ کہاں چھوڑی؟

از محبت تلخہا شیریں شود — از محبت مسہا زریں شود
محبت کی وجہ سے کڑوی چیزیں میٹھی ہو جاتی ہیں — محبت سے تانبے سونے بن جاتے ہیں

از محبت دُردہا صافی شود — وز محبت دَردہا شافی شود
محبت سے تلچھٹیں صاف ہو جاتی ہیں — محبت سے درد شفا بخشنے والے بن جاتے ہیں

از محبت خارہا گل می شود — وز محبت سرکہا مُل می شود
محبت سے کانٹے پھول بن جاتے ہیں — محبت سے سرکے شراب بن جاتے ہیں

از محبت دار تختے می شود — وز محبت بار بختے می شود
محبت سے سُولی، تخت بن جاتی ہے — محبت سے بوجھ نصیبہ بن جاتا ہے

از محبت سجن گلشن می شود — بے محبت روضہ گلخن می شود
محبت سے قیدخانہ چمن بن جاتا ہے — بغیر محبت کے باغ بھٹی بن جاتا ہے

از محبت نار نورے می شود — وز محبت دیو حورے می شود
محبت سے آگ نور بن جاتی ہے — محبت سے دیو، حور بن جاتا ہے

از محبت سنگ روغن می شود — بے محبت موم آہن می شود
محبت سے پتھر تیل بن جاتا ہے — بغیر محبت کے موم لوہا بن جاتا ہے

از محبت حُزن شادی می شود — وز محبت غُول ہادی می شود
محبت سے غم خوشی بن جاتا ہے — محبت سے بھلاوا راہبر بن جاتا ہے

از محبت نیش نوشے می شود — وز محبت شیر مُوشے می شود
محبت سے ڈنک شہد بن جاتا ہے — محبت سے شیر چوہا بن جاتا ہے

از محبت سُقم صحت می شود — وز محبت قہر رحمت می شود
محبت سے بیماری، تندرستی بنجاتی ہے — محبت سے قہر رحمت بن جاتا ہے

از محبت خار سوسن می شود — وز محبت خانہ روشن می شود
محبت سے کانٹا سوسن بن جاتا ہے — محبت سے گھر روشن ہو جاتا ہے

۱؎ گر زیک. کسی بڑے محسن کی معمولی سی زیادتی پر واویلا کرنا بڑی ذلیل حرکت ہے۔ لذت. محسن کے ہاتھ کی کڑوی چیزیں کڑوی نہیں رہتی ہیں۔ از محبت. یہاں سے مولانا نے فرمایا ہے کہ محبت چیزوں کی حقیقت بدل دیتی ہے۔ دُرد. تلچھٹ۔ دَردہا. یعنی امراض اور تکلیف۔ ۲؎ تختے. یعنی تختِ شاہی۔ بار. بوجھ۔ بخت. یعنی خوش نصیبی۔ سجن. قیدخانہ۔ روضہ. باغیچہ۔ گلخن. بھٹی۔ دیو. یعنی بدصورت۔ حور. یعنی خوبصورت۔ حزن. غم۔ غول. چھلاوا جس کا کام راستے سے بھٹکانا ہے۔ ۳؎ نیش. زہریلا ڈنک۔ موش. چوہا۔ سقم. بیماری۔ سوسن. ایک آسمانی رنگ کا پھول ہے۔

از محبت مُردہ زندہ می شود — وز محبت شاہ بندہ می شود
محبت سے مُردہ زندہ ہو جاتا ہے — محبت سے شاہ، غلام بن جاتا ہے

ایں محبت ہم نتیجہ دانش[1] ست — کے گزافہ بر چنیں تختے نشست
یہ محبت بھی سمجھ کا نتیجہ ہے — بکواسی ایسے تخت پر کب بیٹھ سکتا ہے؟

دانشِ ناقص کجا ایں عشق زاد — عشق زاید ناقص اَمّا بر جماد
ناقص عقل نے یہ عشق کب جنا ہے؟ — ناقص (عقل)، عشق پیدا کرتی ہے لیکن پتھر سے

بر جمادے رنگِ مطلوبے چو دید — از صفیرے بانگِ محبوبے شنید
پتھر پر جب محبوب کا رنگ دیکھا — سیٹی سے محبوب کی آواز سُن لی

دانشِ ناقص نداند فرق را — لاجرم خورشید داند برق را
ناقص عقل، فرق نہیں سمجھتی — لامحالہ بجلی کو سورج سمجھ لیتی ہے

چونکہ[2] ملعوں خواند ناقص را رسول — بود در تاویل نقصانِ عقول
ناقص کو رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ملعون کہا ہے — از روئے تاویل عقلوں کی کمی (مراد) تھی

زانکہ ناقص تن بُود مرحومِ رحم — نیست بر مرحوم لائق لعن و زجم
اس لئے کہ ناقص جسم، قابلِ رحم ہوتا ہے — قابلِ رحم لعنت و زحمت کے لائق نہیں ہے

نقصِ عقلست آنکہ بد رنجوریست — موجبِ لعنت سزائے دوریست
بُری بیماری عقل کی کمی ہے — جو لعنت کا سبب اور دور رہنے کے قابل ہے

زانکہ[3] تکمیلِ خردہا دور نیست — لیک تکمیلِ بدن مقدور نیست
کیونکہ عقلوں کی تکمیل بعید نہیں ہے — لیکن بدن کی تکمیل ممکن نہیں ہے

کفرِ فرعونے دہر گبرِ عنید — جملہ از نقصانِ عقل آمد پدید
فرعون اور ہر سرکش کافر کا کفر — سب عقل کی کمی سے رُونما ہوا ہے

بہر نقصانِ بدن آمد فرج — در نبی کہ مَا عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ
بدن کی کمی کے لئے گنجائش آئی ہے — قرآن میں، ہے "اندھے پر گناہ نہیں ہے"

برق آفل باشد و بس بے وفا — آفل از باقی نداند بے صفا
برق چھپ جانے والی ہوتی ہے اور بہت بے وفا (ہوتی ہے) — بے نور غائب ہو جانے والے کو باقی رہنے والے سے ممتاز نہیں کر سکتا

برق خندد بر کہ می خندد بگو — بر کسے کہ دل نہد بر نورِ اُو
بجلی ہنستی ہے، بتا کس پر ہنستی ہے؟ — اُس شخص پر جو اُس کی چمک سے دل لگائے

[1] دانش۔ یعنی عشق و محبت کامل عقل کا نتیجہ ہے۔ ناقص۔ یعنی ناقص عقل بھی عشق پیدا کرتی ہے لیکن غیر حقیقی معشوق کے ساتھ۔ بر جمادے۔ ناقص عقل جب کسی چیز پر محبوب حقیقی کا عکس دیکھتی ہے تو اس کی گرویدہ ہو جاتی ہے۔ یہ دھوکا ایسا ہی ہے جیسا کہ پرندہ شکاری کی سیٹی سے دھوکا کھاتا ہے اور اُسکو اپنے ہم جنس کی آواز سمجھ کر جال میں جا پھنستا ہے۔ صفیر۔ سیٹی جو شکاری بجاتا ہے۔ لاجرم۔ فانی کو باقی تصور کر لیتا ہے۔

[2] چونکہ۔ جس ناقص کو ملعون کہا گیا ہے اُس سے مراد ناقص عقل والا ہے۔ ناقص تن۔ جیسے لنگڑا، اندھا۔ رحم۔ رحمت۔ بد رنجوری۔ بری بیماری۔

[3] زانکہ۔ باعثِ لعنت وہ بُرائی ہو سکتی ہے جس کا ازالہ ممکن ہو اور یہ کیا جا سکے بے عقل عاقلوں کی صحبت میں عقل حاصل کر سکتا ہے لنگڑا بالکل معذور ہے۔ کفر چونکہ عقل نقصان کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے لہٰذا باعثِ لعنت ہے۔ فرج۔ کشادگی۔ اعمٰی۔ اندھا۔ حرج۔ گناہ۔ آفل۔ غروب ہو جانے والا۔ برق۔ بجلی کی کوند کو تعجب سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

نورہائے برق بُبریدہ[1] پے ست | آں چو لاشرقی و لاغربی کے ست
بجلی کے نوروں کے پیر کٹے ہوئے ہیں | وہ لاشرقی و لاغربی کی طرح کب ہیں؟

برق راچوں یَخْطِفُ الْاَبْصَار داں | نورِ باقی را ہمہ اَبصار داں
بجلی کو تو نگاہیں اُچک لینے والی سمجھ | باقی رہنے والے نور کو مجسم نگاہیں سمجھ

برکفِ دریا فرس را راندن ست | نامہ را در نورِ برقے خواندن ست
دریا کے جھاگ پر گھوڑا دوڑانا ہے | خط کو بجلی کی روشنی میں پڑھنا ہے

ق

از حریصی عاقبت نادیدن ست | بر دل و بر عقلِ خود خندیدن ست
حرص کی وجہ سے ناعاقبت اندیشی ہے | اپنے دل اور اپنی عقل کی ہنسی اُڑانا ہے

عاقبت بین ست عقل از خاصیت | نفس باشد کو نہ بیند عاقبت
عقل طبعاً عاقبت بین ہے | جو انجام کو نہیں دیکھتا ہے وہ نفس ہے

عقل کو مغلوبِ نفس او نفس شد | مشتری مات زحل شد نحس شد
جو عقل نفس سے مغلوب ہو وہ نفس بن جاتی ہے | جب مشتری زحل سے مات کھا جاتا ہے منحوس ہو جاتا ہے

ہم[2] دریں نحسے بگرداں ایں نظر | در کسے کو کرد نحست درنگر
اس نحوست میں بھی اپنی نگاہ کو گھما | اُس ذات کو دیکھ جس نے تجھے منحوس بنایا

آں نظر کو بنگرد ایں جزر و مد | اُو ز نحسے سوئے سعدے نقب زد
جو نگاہ اِس اُتار چڑھاؤ کو دیکھے | اُس نے نحوست سے سعادت کی طرف راستہ بنا لیا ہے

زاں[3] ہمی گرداندت از حالے بحال | ضد بضد پیدا کناں در انتقال
(خدا) اِسلئے تجھے ایک حال سے دوسرے حال کی طرف لیجاتا ہے | تبدیلی میں ایک مخالف سے دوسرا مخالف پیدا کرتے ہوئے

تا کہ خوفت زاید از ذاتُ الشِّمال | لذّتِ ذاتُ الیمیں یُرجیٰ الرِّجال
تاکہ تیرا خوف بائیں جانب والے (اعمالنامہ) سے پیدا | اُن دائیں جانب والے (اعمالنامہ) کی لذت جسکی لوگ تمنا کرتے ہیں

تا کہ از عسرت نہ بینی خوفہا | کے ز تیسیرے بازیابی لطفہا
جب تک کہ تو تنگی کے خوفوں کو نہ دیکھ لے گا | تو تجھے سہولت سے لُطف کب حاصل ہونگے؟

تا نہ بینی خوفِ نحسِ مَشْأَمَہ | کے شناسی قدرِ لطفِ مَیْمَنَہ
جب تک تو بائیں جانب والوں کی نحوست کا خوف دیکھ لے گا | دائیں جانب والوں کے لُطف کی قدر کب سمجھے گا؟

تا دو پَر باشی کہ مرغِ یک پَرہ | عاجز آید از پریدن یکسرہ
تاکہ تو دو پروں والا ہو جائے کیونکہ ایک بازو کا پرندہ | اُڑنے سے بالکل عاجز رہتا ہے

[1] بریدہ پے۔ پیر کٹے ہوئے لاشرقی ولا غربی۔ نہ شرقی ہے نہ غربی یہ قرآن پاک میں اللہ کے نور کی صفت بیان کی گئی ہے یَخْطِفُ قرآن پاک میں کفار کے بارے میں ہے "یَکَادُ الْبَرْقُ یَخْطِفُ اَبْصَارَھُمْ" قریب ہے کہ بجلی اُنکی نگاہوں کو اُچک لے۔ از حریصی۔ ناپائیدار چیز کی طلب ایسا ہے جیسا کہ دریا کے جھاگوں پر گھوڑا دوڑانے کی کوشش یا آسمانی بجلی کی کوند میں خط پڑھنے کی کوشش عقل۔ عقل انسانی انجام پر نظر رکھتی ہے نفس کوتاہ بیں ہے۔ مُشتری۔ سعد ستارہ ہے لیکن زُحل منحوس ستارے کی داب میں آ کر نحس بن جاتا ہے۔

[2] ہم دریں نحسے اگر انسان وساوسِ قلبی میں مبتلا ہو تو اُن کے درپے نہ ہو بلکہ یہ مراقبہ کرے کہ یہ وسوسے بھی اللہ کی جانب سے ہیں تو وساوس کی نحوست ختم ہو کر وسعت کی سعادت حاصل ہو جاتی ہے جزر۔ سمندر کا اُتار۔ مد۔ سمندر کا چڑھاؤ۔

[3] زاں ہمی۔ انسان کے احوال کی تبدیلی میں مصلحت ہے کہ رحمت کی قدر اُسی کو ہوتی ہے جو زحمت میں پھنس چکا ہو۔ ذات الشمال۔ بائیں جانب والے یہ دوزخیوں کی صفت ہے۔ ذات الیمین۔ دائیں جانب والے یہ جنتیوں کی صفت ہے عُسر تنگی۔ تیسیر۔ سہولت۔ مَشْأَمَہ۔ بائیں جانب یعنی بائیں جانب والے جو جہنمی ہونگے۔ دو پر۔ یعنی قبض اور بسط کی کیفیت۔

ہیں گذر از میمنہ و میسرہ ۔۔۔ در سرائے سابقاں آں یکسرہ
خبردار! دائیں جانب اور بائیں جانب اور سے گذر جا ۔۔۔ بالکلیہ سابقین کے گھر میں

یا رہا کن تا نیایم در کلام ۔۔۔ یا بدہ دستور تا گویم تمام
یا تو چھوڑ دے تاکہ میں گفتگو نہ کروں ۔۔۔ یا اجازت دے تاکہ پوری بات کہہ دوں

ورنہ ایں خواہی نہ آں فرمان تراست ۔۔۔ کس چہ داند مر ترا مقصد کجاست
اگر تو نہ یہ چاہے نہ وہ چاہے، تجھے اختیار ہے ۔۔۔ کون سمجھے کہ تیرا مقصد کیا ہے؟

جانِ ابراہیمؑ باید تا بنور ۔۔۔ بیند اندر نار فردوس و قصور
حضرت ابراہیمؑ کی جان چاہیئے تاکہ نور کے ذریعہ ۔۔۔ آگ میں جنت اور محلات دیکھ لے

پایہ پایہ بر رود بر ماہ و خور ۔۔۔ تا نماند ہمچو حلقہ بندِ در
درجہ بدرجہ چاند اور سورج سے اونچا جائے ۔۔۔ تاکہ کنڈے کی طرح دروازہ کا پابند نہ رہے

چوں خلیلؑ از آسمانِ ہفتمیں ۔۔۔ بگذرد کہ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ
حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ کی طرح ساتویں آسمان سے ۔۔۔ گذر جاتا ہے کیونکہ وہ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ کہتے ہیں

ایں جہانِ تن غلط انداز شد ۔۔۔ جز مر آں را کو ز شہوت باز شد
یہ جسم کی دنیا، غلطی میں مبتلا کرنے والی ہے ۔۔۔ علاوہ اُس کے جو خواہشِ نفسانی سے باز رہا

## حسدِ آں حشم برآں غلامِ خاصِ سلطان
بادشاہ کے خاص غلام پر غلاموں کا حسد کرنا

قصۂ شاہ و امیران و حسد ۔۔۔ بر غلامِ خاص و سلطانِ خرد
شاہ اور امیروں، اور حسد کا قصہ ۔۔۔ خاص غلام اور شہنشاہِ عقل پر

ق

دور ماند از جرِ جرارِ کلام ۔۔۔ باز باید گشت و کرد آں را تمام
دور رہ گیا کلام کو طول کھینچنے والے کے طول دینے کی وجہ سے ۔۔۔ واپس لوٹنا چاہیئے اور اُس کو مکمل کرنا چاہیئے

باغبانِ مُلک با اقبال و بخت ۔۔۔ چوں درختے واند از درخت
اقبال اور نصیبہ والا، مُلک کا باغبان ۔۔۔ درخت اور درخت میں امتیاز کرنا کیونکر جانیگا؟

آں درختے را کہ تلخ و رد بود ۔۔۔ واں درختے کہ یکش ہفصد بود
وہ درخت جو کڑوا اور ناپسند ہو ۔۔۔ اور وہ درخت جو ایک سات سو کے برابر ہو

کے برابر دارد اندر مرتبت ۔۔۔ چوں بہ بیند شاں بچشمِ عاقبت
(اُن کو) رُتبے میں برابر کب رکھے گا؟ ۔۔۔ جب اُن کو دور اندیشی کی نگاہ سے دیکھے گا

---

۱؎ ہیں گذر۔ آیت پاک میں اصحاب میمنہ اور میسرہ کا ذکر آیا ہے وَالسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ یعنی جو دائیں جانب اور بائیں جانب والوں سے آگے ہونگے وہ مقرب ہونگے۔ میسرہ۔ بائیں جانب۔ یا رہا کن۔ مولانا ضیاء الحق کو مخاطب کرتے ہیں کہ یا اسرار کا یہ بیان ختم ہونا چاہیئے یا ترجیح کی جائے تاکہ بیان پورا ہو سکے۔ جانِ ابراہیمؑ۔ عقلِ کامل ہو تو حضرت ابراہیمؑ کی سی ہو۔ جو جسموں کی آگ میں بھی آخرت کا منظر دیکھ رہے تھے۔

۲؎ پایہ۔ سالک کو مسلسل ترقی کرنی چاہیئے تاکہ خلوت رانے سے باہر نہ رہے۔ حلقہ۔ کنڈی کا حلقہ دروازہ سے باہر ہوتا ہے۔ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ میں غروب کر جانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ حضرت ابراہیمؑ نے یہ اُس وقت فرمایا جب چاند اور سورج کی الوہیت کا انکار کر رہے تھے۔

۳؎ قصہ۔ درمیان میں مولانا نے کچھ اسرار و حکم کی باتیں شروع کر دی تھیں اب پھر اس قصہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جر۔ کھینچنا۔ جرّار کلام۔ کلام کو طول دینے والا۔ باغبان۔ بادشاہ اور غلاموں کی مثال باغبان اور درختوں کی سی ہے باغبان سب درختوں کو پہچانتا ہے اور اُن سے اُنکی حیثیت کا معاملہ کرتا ہو۔ ہفصد۔ سات سو۔ یکش۔ باغ میں ایک درخت ایسا قیمتی ہوتا ہے جو سات سوں سے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔

کاں[1] درختاں را نہایت چیست بر
کہ اِن درختوں کا انجام کار پھل کیسا ہے؟

گرچہ یکسانند ایں دم در نظر
اگرچہ اِس وقت دیکھنے میں یکساں ہیں

شیخ کو ینظر بنور اللہ شد
وہ شیخ جو اللہ کے نور سے دیکھنے والا ہوگیا

از نہایت وز نخست آگاہ شد
ابتدا اور انتہا سے واقف ہوگیا

چشمِ آخر بیں بہ بست از بہرِ حق
اُسنے اللہ تعالےٰ کیلئے چَر کو دیکھنے والی آنکھ بند کرلی ہے

چشمِ آخر بیں کشاد اندر سبق
آخرت کو دیکھنے والی آنکھ پہلے سے کھول لی ہے

آں حسوداں بد درختاں بودہ اند
وہ حاسد، بُرے درخت تھے

تلخ گوہر شور بختاں بودہ اند
کڑوی اصل والے بدبخت تھے

از حسد جوشان و کف می ریختند
حسد کی وجہ سے جوش میں تھے اور جھاگ گراتے تھے

در نہانی مکر می انگیختند
خفیہ طور پر مکر کرتے تھے

تا[2] غلامِ خاص را گردن زنند
تاکہ خاص غلام کو قتل کردیں

بیخ او را از زمانہ بر کنند
دنیا سے اُس کی جڑ اُکھاڑ دیں

چوں شود فانی چو جانش شاہ بود
وہ فانی کب ہوسکتا ہے جبکہ بادشاہ اُسکی جان تھا

بیخ او در عصمتُ اللہ بود
اُس کی جڑ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں تھی

شاہ ازاں اسرار واقف آمدہ
بادشاہ اُن رازوں سے واقف ہوگیا

ہمچو بوبکرِ ربابی تن زدہ
ابوبکرؒ ربابی کی طرح خاموش تھا

در تماشائے دلِ بدگوہراں
بداصلوں کے دل کو دیکھ کر

میزند خنبک براں کوزہ گراں
اُن جعل سازوں پر تالیاں بجاتا تھا

مکر می سازند قومِ حیلہ مند
مکار قوم، مکاری کررہی تھی

تا کہ شہ را در فقاع[3] در کنند
تاکہ بادشاہ کو دھوکے میں مبتلا کردیں

بادشاہے بس عظیمِ بیکراں
لاانتہا عظیم بادشاہ

در فقاعے کے بگنجد اے خراں
اے گدھو! دھوکے میں کب پڑسکتا ہے؟

از برائے شاہ دامے دوختند
بادشاہ کے لئے جال بُن رہے تھے

آخر ایں تدبیر ازو آموختند
آخر یہ تدبیر (بھی) اُسی سے سیکھی تھی

نحس شاگردیکہ با اُستادِ خویش
وہ شاگرد بدبخت ہے جو اپنے اُستاد سے

ہمسری آغاز د و آید بہ پیش
مقابلہ کرے اور سامنا کیے

[1] کاں درختاں۔ بظاہر سب درخت یکساں ہیں۔ بر۔ پھل۔ شیخ۔ پیر سمجھتا ہے کہ کونسا مرید بالآخر کس مرتبہ پر فائز ہوگا۔ چشمِ آخر بیں۔ یعنی جانوروں والی آنکھ جو محض غذا جسمانی کو دیکھتی ہے حسوداں۔ یعنی اُن کے اعمال کے پھل تلخ تھے۔ تلخ گوہر کڑوی جڑ والے۔ کف۔ جھاگ۔

[2] تا غلام۔ تاکہ سمجھ غلام کو قتل کرڈالیں۔ عصمت اللہ اللہ کی حفاظت۔ بوبکرِ ربابی۔ ایک مجذوب ولی کا نام ہے جو سات سال تک بالکل خاموش رہے تھے کوزہ گراں۔ کمہار۔ کمہار چونکہ برتنوں پر طرح طرح کے رنگ چڑھاتا ہے لہٰذا جعل ساز اور ملمع گر کے معنیٰ میں بھی بولا جاتا ہے۔ خنبک زدن۔ ہتھیلیاں بجانا۔

[3] فقاع۔ دھوکہ۔ بادشاہ۔ یعنی شیخ۔ اے خراں۔ پیر کو دھوکا دینے والا گدھا ہے۔ دام۔ جال۔ تدبیر سپاہی شاہ اور سپہ سالار سے طریقہ سیکھتا ہے مرید شیخ سے آداب سیکھتا ہے نحس۔ وہ شاگرد منحوس ہے جو اُستاد سے سیکھے ہوئے ہنر کے ذریعہ اُستاد ہی کا مقابلہ کرنے لگے۔

**باکدام[۱] اُستاد اُستادِ جہاں** — **پیشِ اُو یکساں ہُویدا و نہاں**

کونسے اُستاد سے ؟ دنیا کے اُستاد سے — جس کے سامنے ظاہر و باطن یکساں ہے

**چشمِ او یَنظُر بنُورِ اللہ شُدہ** — **پردہائے جہل را خارق بُدہ**

اُسکی نظر اللہ تعالےٰ کے نور سے دیکھنے والی ہوگئی ہے — جہل کے پردوں کو پھاڑنے والی ہوگئی ہے

**از دلِ سُوراخ چوں کُہنہ گلیم** — **پردہ بندد پیشِ آں حکیم**

پُرانی گدڑی جیسے دل کے سوراخ پر — اُس دانا کے سامنے پردہ تانتا ہے

**پردہ می خندد بر و با صد دہاں** — **ہر دہانے گشتہ اشگافے در آں**

پردہ سَو منہ سے اُس پر ہنستا ہے — اُس کا ہر سوراخ ایک منہ بن گیا ہے

**گوید[۲] آں اُستاد مر شاگرد را** — **کاے کم از سگ نیستت با من وفا**

وہ اُستاد، شاگرد سے کہتا ہے — اے کُتّے سے کمتر! تو میرا وفادار نہیں ہے

**خود مرا اُستا مگیر آہن گُسل** — **ہمچو خود شاگرد گیر و کور دل**

مجھے لوہے کو توڑنے والا اُستاد نہ سمجھ — اپنی طرح شاگرد اور تاریک دل والا سمجھ

**نہ از منت یاریست در جان و روا** — **بے منت آبے نمی گردد رواں**

کیا تیری جان اور روح میں میری امداد نہیں ہے — میرے بغیر تیری کامیابی نہ تھی

**پس دلِ من کارگاہِ تختِ تست** — **چہ شکنی ایں کارگہ اے نادرست**

تیرے تخت کا کارخانہ میرا دل ہے — اے نالائق اِس کارخانہ کو کیوں توڑتا ہے؟

**گوئیش[۳] پنہاں زنم آتش زنہ** — **نے بقلب از قلب باشد روزنہ**

تو اُس سے کہتا ہے میں پوشیدہ طور پر چقماق رگڑتا ہوں — کیا دل سے دل تک سوراخ نہیں ہوتا ہے

**آخر از روزن بہ بیند فکرِ تو** — **دل گواہی می دہد زیں ذکرِ تو**

وہ تیرا خیال روزن میں سے دیکھ لیتا ہے — تیرے اِس ذکر کی دل گواہی دیدیتا ہے

**لیک در رُویت نمالد از کرم** — **ہر چہ گوئی خندد و گوید نعم**

لیکن شرافت کی وجہ سے تیرے منہ پر نہیں کہتا — تو جو کچھ کہتا ہے وہ مُسکرا دیتا ہے اور ہاں کہدیتا ہے

**اُو نمی خندد ز ذوقِ مالشت** — **اُو ہمی خندد بر اں سگالشت**

وہ تیری مالش کے ذوق سے نہیں ہنستا ہے — وہ تیرے خیال پر ہنستا ہے

---

اُس کا اظہار نہیں کرتا ہے اور اسکی ہاں میں ہاں ملا دیتا ہے۔
نمی خندد۔ شیخ کی مسکراہٹ تصدیق کے لئے نہیں ہوتی ہے تمسخر کے لئے ہوتی ہے۔

۱ باکدام۔ یعنی استاد بھی وہ روحانی استاد ہے جس کے سامنے ہر شخص کا ظاہر و باطن یکساں ہے۔ ینظر۔ حدیث میں ہے۔ اِتَّقُوا مِنْ فِرَاسَۃِ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّہٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہِ مومن کی فراست سے ڈرو وہ اللہ کے نور سے دیکھ لیتا ہے۔ خارق۔ پھاڑنے والا۔ از دل۔ جو دل معصیتوں کی وجہ سے پُرانی گدڑی کی طرح سوراخ در سوراخ ہے، یہ اُس کے راز کو چھپانا چاہتا ہے۔ پردہ۔ اس دل کے سوراخوں پر پردہ ڈالتا ہے تاکہ راز نہ کھل جائے۔ ہر دہانے۔ پردہ کے پیچھے دل کا ہر سوراخ راز بتا رہا ہے۔

۲ گوید۔ استاد شاگرد سے کہتا ہے تو کُتّے سے بھی وفاداری میں کم ہے۔ خود مرا۔ اگر تو مجھے بہت بڑا استاد نہ سمجھے تو بھی کم از کم میں نے تیری تربیت تو کی ہے پھر یہ احسان فراموشی کیوں ہے۔ آب رواں شدن۔ کامیاب ہونا۔ دل من۔ تجھے جو تخت عزت نصیب ہوا ہے وہ میرے دل کی کاریگری ہے

۳ گوئیش۔ شاگرد اُستاد کو دھوکا دینے کیلئے کہتا ہے کہ میرے دل میں تیری محبت ہے۔ آتش زنہ چقماق۔ روزنہ۔ سوراخ۔ آخر۔ پیر مُرید کے دل کی حالت معلوم کرلیتا ہے دل گواہی۔ مُرید کا دل بتا دے گا وہ جھوٹا ہے۔ لیک۔ شیخ مرید کے ہر مکر کو سمجھتا ہے لیکن بوقت اپنی شرافت کی وجہ سے

پس خداعی[1] را خداعی شد جزا ‏ ‏ کاسہ زن کوزہ بخور اینک سزا

دھوکے بازی کا بدلہ دھوکہ بازی ہے ‏ ‏ پیالی مار، پیالا کھا یہ سزا ہے

گر بُدے با تو وِرا خندہ رضا ‏ ‏ صد ہزاراں گل شگفتے مر ترا

اگر تیرے ساتھ اُس کی رضامندی کی ہنسی ہوتی ‏ ‏ تجھ میں لاکھوں پھول کھِل جاتے

چوں دلِ اُو در رضا آرد عمل ‏ ‏ آفتابے داں کہ آید در حمل

جب اُس کا دل خوشی میں کوئی کام کرے ‏ ‏ سمجھ لے کہ سورج (برج) حمل میں آگیا

زو بخندد ہم نہار و ہم بہار ‏ ‏ در ہم آمیزد شگوفہ و سبزہ زار

اس سے کھل جاتا ہے دن بھی اور (موسم) بہار بھی ‏ ‏ شگوفے اور سبزہ زار آپس میں مل جاتے ہیں

صد ہزاراں بلبل و قمری نوا ‏ ‏ افگند اندر جہانِ بے نوا

لاکھوں بلبلیں اور قمریاں چہچہانے ‏ ‏ لگتی ہیں (اس) اُجاڑ دنیا میں

چوں ندانی تو خزاں را از بہار ‏ ‏ چوں بدانی رمز خندہ در ثمار

جبکہ تو خزاں اور بہار کو نہیں سمجھتا ہے ‏ ‏ تو پھلوں کے ہنسنے کے اشارے کیا سمجھے گا؟

چونکہ[2] برگِ روح خود زرد و سیاہ ‏ ‏ می نہ بینی چوں بدانی خشمِ شاہ

جبکہ تو اپنی روح کے پتوں کا زرد اور سیاہ ہونا ‏ ‏ نہیں سمجھتا ہے تو شاہ کے غصہ کو کیا سمجھے گا؟

آفتابِ شاہ در برجِ عتاب ‏ ‏ میکند رُوہا سیہ ہمچوں کتاب

شاہ کا سورج غصہ کے برج میں آکر ‏ ‏ اعمال نامہ کی طرح روسیاہ کردیتا ہے

آں عطارد را ورقہا جانِ ماست ‏ ‏ آں سپید و آں سیہ میزانِ ماست

ہماری جان اُس عطارد کے لئے کاغذ ہے ‏ ‏ وہ سفید اور سیاہ ہمارا معیار ہے

باز منشورے[3] نویسد سرخ و سبز ‏ ‏ تا رہند ارواح از سودا و عجز

پھر وہ سرخ اور سبز فرمان لکھتا ہے ‏ ‏ حتیٰ کہ ہماری روحیں پاگل پن اور عجز سے بچ جاتی ہیں

سرخ و سبز افتاد نسخِ نو بہار ‏ ‏ چوں خطِ قوسِ قزح در اعتبار

نو بہار کی تحریر سرخ اور سبز واقع ہوئی ہے ‏ ‏ جو قیاس کرنے میں دھنک کمان کے نقش کی طرح ہے

اندریں معنی شنو تو قصہ ‏ ‏ تا بیابی از معانی حصہ

اس مقصد میں تو ایک قصہ سُن لے ‏ ‏ تاکہ تو بھی معانی سے حصہ پالے

سودا۔ عجز یعنی وصول الی الحق سے یہ سرخ و سبز مشیخ کے انوار مختلف انواع کے ہوتے ہیں جیسا کہ دھنک کمان میں مختلف رنگ ہوتے ہیں۔ اندریں معنی شیخ شیخ نے ارشاد دیا، اللہ کا مظہر ہیں، بلقہ ۔ نے حضرت سیموں کے غصہ کو ان کا مظہر سمجھ کر تعظیم کی اور بُد بُد کی حقارت کو مدنظر نہ رکھا۔

۱ خداعی۔ دھوکا یعنی جس طرح کا معاملہ پیر کے ساتھ کیا ویسا ہی برتاؤ اُس نے کیا۔ کاسہ زن کوزہ بخور یعنی اینٹ کا جواب پتھر۔ گر بُدے یعنی پیر کے کاموں سے خوش ہوکر ہنستے تو مرید فیوض سے مالا مال ہو جاتے۔ حمل۔ بکری کا بچہ سورج کے برجوں میں سے ایک برج بکری کے بچہ کی صورت میں ہے جب سورج گردش کرتا ہوا اُس میں آتا ہے تو موسم بہار شروع ہو جاتا ہے۔ زو بخندد یعنی موسم بہار کا سماں پیدا ہو جاتا ہے۔ صد ہزاراں یعنی موسم بہار میں بلبلیں اور قمریاں چہچہانے لگتی ہیں۔ چوں ندانی جب مرید حسِ باطن سے بے بہرہ ہو تو نہ وہ فیوض کی آمد کو سمجھے گا نہ اپنے محرومی کو۔ در ثمار پھلوں کا خندہ یہ ہے کہ ان پر پکنے کی رونق آجائے۔

۲ چونکہ کور باطن کو جب یہ نظر نہیں آتا کہ اُس کی روح پر خزاں طاری ہے تو وہ پیر کے غصہ کے اثرات کو کیا سمجھ سکتا ہے عتاب ... ناراضی سے قلب سیاہ ہو جاتا ہے۔ عطارد۔ ستارہ ... فلک یعنی آسمان کا منشی ... جاتا ہے۔ ورقہا جو ... کاتب کا اثر کاغذ پر آتا ... کا اثر روح پر پڑتا ہے ... مرید کی قلبی حالت ہی اُس کی اچھائی یا بُرائی کا معیار ...

۳ منشور۔ شاہی فرمان سودا ... نفسانی لذتوں ...

## عکسِ تعظیمِ پیغمبر سلیمانؑ در دلِ بلقیسؓ[1] از صورتِ حقیرِ ہُدہُد

(حضرت پیغمبر سلیمان (علیہ السلام) کی تعظیم کا عکس بلقیس کے دل پر حقیر ہُدہُد کی صورت کے ذریعہ)

رحمتِ صد تو بر آں بلقیس باد — کہ خدایش عقلِ صد مرداں بداد

اُس بلقیس پر سو گنی رحمت ہو — جس کو خدا نے سینکڑوں مردوں کی عقل عطا فرمائی

ہُدہُدے نامہ بیاورد و نشاں — از سلیمانؑ چند حرفے با بیاں

ایک ہُدہُد تحریر اور نشانی لایا — حضرت سلیمانؑ کی جانب سے وضاحت کیساتھ چند حروف

خواند او آں نکتہائے باشمول — وز حقارت ننگرید اندر رسول

اُس نے اُن جامع نکتوں کو پڑھا — اور نامہ بر کو حقارت سے نہ دیکھا

چشم ہُدہُد دید و جان عنقاش دید — حس چو کفے دید و دل دریاش دید

آنکھ نے ہُدہُد دیکھا اور جان نے اُس کو عنقا دیکھا — حس نے اُسکو جھاگ دیکھا اور دل نے اُسکو دریا دیکھا

عقل با حس زیں طلسمات دو رنگ — چوں محمدؐ با ابوجہلاں بجنگ

اِن دو رنگی طلسمات کی وجہ سے عقل حس کے ساتھ — جنگ میں رہتی ہے جیسے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ابوجہلوں کیساتھ

کافراںؓ دیدند احمدؐ را بشر — چوں ندیدند از وے اِنْشَقَّ الْقَمَر

کافروں نے احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو انسان دیکھا — جبکہ اُن سے شق القمر (کا معجزہ) نہ دیکھا

خاک زن در دیدہ حس بینِ خویش — دیدہ حس دشمنِ عقل ست و کیش

اپنی حسی آنکھ پر خاک ڈال — حسی آنکھ، عقل اور مذہب کی دشمن ہے

دیدہ حس را خدا اعماش خواند — بت پرستش گفت و ضدِ ماش خواند

حسی آنکھ کو خدا نے اندھا کہا ہے — اُس کو بت پرست کہا ہے اور ہمارا دشمن کہا ہے

زانکہ او کف دید و دریا را ندید — زانکہ حالے دید و فردا را ندید

کیونکہ اُس نے جھاگ دیکھے اور دریا کو نہ دیکھا — کیونکہ اُس نے موجودہ حالت دیکھی اور انجام نہ دیکھا

خواجہؓ فردا و حالی پیشِ او — او نمی بیند ز گنجے جز تسُو

وہ آخرت کے آقا ہیں اور اُسکے نزدیک صرف وقتی ہیں — وہ خزانے میں سے سوائے دمڑی کے کچھ نہیں دیکھتا ہے

ذرہ زاں آفتاب آرد پیام — آفتاب آں ذرہ را گردد غلام

اگر ایک ذرہ اُس سورج کا پیغام لائے — سورج اُس ذرے کا غلام بن جائے

---

یعنی انجام۔ خواجہؓ فردا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم فردا ئے قیامت کے آقا ہیں وہ آنحضورؐ کی صرف موجودہ زندگی کو دیکھتا ہے۔ تسو۔ چار جو کی بقدر وزن، اگر کا چوبیسواں حصہ یعنی آنحضورؐ جو ایک عظیم خزانہ تھے اُس میں سے اُسے صرف کوڑی اور دمڑی نظر آئی۔ زاں آفتاب۔ یعنی حق تعالٰے۔ آفتاب یعنی سورج۔

[1] بلقیس۔ ملک یمن کے شہر سبا کی حکمراں تھی جس کا قصہ قرآن میں مذکور ہے۔ عقل صد مرداں۔ بلقیس اگرچہ عورت تھی لیکن اللہ نے اسکو سینکڑوں مردوں کی سی عقل عطا فرمائی تھی۔ ہدہد۔ حضرت سلیمانؑ نے ہدہد کے ذریعہ بلقیس کے پاس اپنا خط بھیجا تھا۔ نکتہائے باشمول۔ جامع نکتے۔ رسول۔ قاصد یعنی ہدہد جو بظاہر آنکھوں میں وہ ہدہد تھا مگر چونکہ وہ حضرت سلیمانؑ کا قاصد تھا لہذا باطنی نگاہ نے اُس کو عنقا سمجھا۔ طلسمات دو رنگ۔ وہ چیزیں جو ظاہر حقیر ہیں لیکن باطن عظیم ہیں اُن کے بارے میں عقل اور حس میں جنگ ہوتی رہتی ہے۔ ابوجہلاں۔ یعنی ابوجہل کی طرح کے سخت کافر۔

[2] کافراں۔ کافر آنحضورؐ کی ظاہری بشریت کو دیکھتے تھے اور روحانی عظمت جس کا کرشمہ شق القمر کا معجزہ ہے اُس کو نہ دیکھتے تھے۔ دیدۂ حس۔ محض ظاہر بیں نگاہ عقل و مذہب کی دشمن ہے۔ اعماش خواند۔ خدا نے اُس کو اندھا قرار دیا ہے۔ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيرُ۔ آپ فرما دیجئے کیا اندھا اور بینا برابر ہیں۔ اس آیت میں اعمیٰ سے وہ مراد ہیں جو صرف حسی نظر سے کام لیتے ہیں اور قلبی نظر سے محروم ہیں۔ زانکہ۔ کافروں کی ظاہر بیں نظر نے آنحضورؐ کا صرف ظاہر دیکھا روحانی قوتوں کو نہ دیکھا۔ فردا۔

11

قطرۂ کز بحرِ وحدت شد سفیر[1]
ایک قطرہ جو دریائے وحدت کا پیغامبر بنا
ہفت بحر آں قطرہ را باشد اسیر
ساتوں سمندر اس قطرے کے پابند ہوئے

گر کفِ خاکے شود چالاکِ او
اگر ایک مٹھی مٹی اس کے لئے (اطاعت میں) چست ہو جائے
پیشِ خاکش سر نہد افلاکِ او
تو اس کی مٹی کے آگے اس کے آسمان سر دھریں

خاکِ آدم چونکہ شد چالاکِ حق
(حضرت) آدمؑ کی مٹی چونکہ اللہ کے لئے چست بنی
پیشِ خاکش سر نہد املاکِ حق
اس کی مٹی کے آگے اللہ کی ملوکہ چیزیں (بطور عاجزی) سر رکھ دیں

اَلسَّمَاءُ انْشَقَّتْ آخر از چہ بود
"آسمان پھٹ گیا" آخر کس وجہ سے تھا؟
از یکے چشمے کہ خاکے بر کشود
اس آنکھ کے لئے جو مٹی نے کھولی

خاک از دُردی نشیند زیرِ آب
مٹی تلچھٹ ہو جانے کی وجہ سے پانی کے نیچے بیٹھ جاتی ہے
خاک بیں کز عرش بگذشت از شتاب
مٹی کو دیکھو! تیزی سے عرش سے بھی اونچی چلی گئی

آں لطافت پس بداں کز آب نیست
تو سمجھ لے وہ لطافت آب (و گل) کی نہیں ہے
جز عطائے مُبدعِ وہاب نیست
ایجاد کرنے والے عطا کرنے والے (خدا) کی دین کے سوا کچھ نہیں ہے

گر کند سفلی ہوا و نار را
اگر وہ ہوا اور آگ کو سفلی بنا دے
ور ز گل او بگزراند خار را
اگر وہ کانٹے کو پھول سے بڑھا دے

حاکم ست و یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَاء
وہ حاکم ہے اور اللہ (تعالیٰ) جو چاہے وہ کرتا ہے
او ز عینِ درد انگیزد دوا
وہ بعینہٖ درد سے دوا پیدا کر دیتا ہے

ور زمین[2] و آب را عُلوی کند
اگر مٹی اور پانی کو عُلوی کر دے
راہِ گردوں را بپا مطوی کند
آسمان کے راستے کو پیروں سے طے کرا دے

گر ہوا و نار را سفلی کند
اگر ہوا اور آگ کو سفلی بنا دے
تیرگی و دُردی و ثقلی[3] کند
تاریکی اور تلچھٹ اور کثافت والا کر دے

نیست کس را زہرہ تا گوید کہ چوں
کسی کی مجال نہیں کہ کہے "کیوں"؟
بس جگرہا کاندریں رہ گشت خوں
بہت سے جگر ہیں جو اس راستہ میں خون ہو گئے ہیں

پس یقیں شد کہ تُعِزُّ مَنْ تَشَاء
لہٰذا یقین ہو گیا ہے کہ تو جس کو چاہے عزت دے
خاکی را گفت پرہا بر کشا
ایک خاکی کو کہا کہ پَر کھول

آتشی را گفت رو ابلیس شو
آتشی کو کہا جا شیطان بن
زیرِ ہفتم خاک با تلبیس شو
ساتویں زمین کے نیچے مکار بن

---

[1] سفیر۔ پیغامبر۔ اسیر۔ پابند۔ چالاک۔ یعنی فرمانبرداری میں چست۔ املاک۔ یعنی تمام کائنات جو اللہ کی مملوک ہے۔ اَلسَّمَاءُ انْشَقَّتْ۔ حضورؐ کے معجزہ شق القمر کی طرف اشارہ ہے۔ خاک بیں۔ حضورؐ کی معراج جسمانی کی طرف اشارہ ہے۔ آں لطافت۔ معراج جسمانی محض اللہ کا عطیہ تھا ورنہ جسمانی خواص کا تقاضا تو اس کے خلاف تھا یعنی۔ وہ چیزیں جن کا طبعی تقاضا زمین کی جانب رہنے کا ہے عناصر اربعہ میں سے ہوا اور آگ علوی ہیں جن کا طبعی تقاضا اوپر جانے کا ہے۔ انگیزد دوا۔ قدرتِ حق ضد کو دوا بنا دیتی ہے۔

[2] زمین و آب۔ یہ دونوں عنصر سفلی ہیں۔ راہِ گردوں۔ آب و گل سے بنے ہوئے پیغمبروں کو آسمانوں کی سیر کرائی۔ گر ہوا و نار۔ ہوا میں لطافت اور نار میں روشنی ہے سفلی میں سفلی عناصر کے خواص پیدا کر دیتا ہے۔

[3] ثقل۔ تلچھٹ، کثافت۔ جگرہا اس راز کو سمجھنے میں بہت سے جگر خون ہو گئے ہیں۔

آدمِ خاکی تو بر رَو بر سَما ۔۔۔ اے بلیسِ آتشی رَو تا ثَریٰ
اے خاکی آدمؑ تو آسمان پر جا ۔۔۔ اے آتشی شیطان زمین کے نیچے جا

چار طبع و علتِ اُولیٰ نیَم ۔۔۔ در تصرف دائماً من باقیَم
میں چار عنصر اور پہلی علت نہیں ہوں ۔۔۔ میں تصرف کرنے میں ہمیشہ باقی رہنے والا ہوں

کارِ من بے علت ست و مستقیم ۔۔۔ نیست تقدیرم بعلت اے سقیم
میرا کام بغیر علت کے ہے اور سیدھا ہے ۔۔۔ اے بیمار! میری (خلق و) تقدیر علت کی وجہ سے نہیں ہے

عادتِ[۵۲] خود را بگردانم بوقت ۔۔۔ ایں غبار از پیش بنشانم بوقت
(اسباب) وقت پر اپنی عادت کو بدل دیتا ہوں ۔۔۔ اس غبار کو سامنے سے ہٹا دیتا ہوں

بحر را گویم کہ ہیں پُر نار شو ۔۔۔ گویم آتش را کہ رَو گلزار شو
میں سمندر کو کہہ دوں کہ ہاں آگ سے بھر جا ۔۔۔ میں آگ کو کہہ دوں کہ جا گلشن بن جا

کوہ را گویم سُبک شو ہمچو پشم ۔۔۔ چرخ را گویم فرو شو پیشِ چشم
میں پہاڑ کو کہہ دوں کہ گالے کی طرح ہلکا ہو جا ۔۔۔ میں آسمان کو کہہ دوں آنکھوں کے سامنے نیچے اتر آ

گویم[۵۳] اے خورشید مقرون شو بماہ ۔۔۔ ہر دو را سازم چو دو ابرِ سیاہ
میں سورج کو کہہ دوں چاند سے مل جا ۔۔۔ دونوں کو دو کالے ابر کی طرح بنا دوں

چشمۂ خورشید را سازیم خشک ۔۔۔ چشمۂ خوں را بفن سازیم مُشک
میں چشمۂ آفتاب کو خشک کر دوں ۔۔۔ خون کے چشمہ کو ہنر سے مُشک بنا دوں

آفتاب و مہ چو دو گاوِ سیاہ ۔۔۔ یوغ بر گردن بہ بندد شاں اِلٰہ
سورج اور چاند کو دو کالے بیلوں کی طرح ۔۔۔ اُن کے کندھے پر اللہ (تعالیٰ) جوا باندھ دے

## اِنکارِ فلسفی بر قرآن اِنْ اَصْبَحَ مَاءُکُمْ غَوْرًا

قرآن کی آیت "اگر تمہارا پانی نیچے اتر جائے" پر فلسفی کا انکار

مُقری میخواند از روئے کتاب ۔۔۔ مَاءُکُمْ غَوْرًا ز چشمہ بندم آب
ایک قاری قرآن میں سے پڑھ رہا تھا ۔۔۔ مَاءُکُمْ غَوْرًا (یعنی) میں چشمہ سے پانی بند کر دوں

آب را در غور اگر پنہاں کُنم ۔۔۔ چشمہا را خشک و خشکستاں کُنم
اگر پانی کو گہرائی میں پوشیدہ کر دوں ۔۔۔ چشموں کو خشک اور ریگستان بنا دوں

---

بدل دے۔ توغ۔ بل گاڑی کا جوا۔ مُقری۔ پیاس کی کتاب۔ قرآن پاک۔ ماءکم۔ قرآن پاک میں ہے اِنْ اَصْبَحَ مَاءُکُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْکُمْ بِمَاءٍ مَّعِیْنٍ اگر تمہارا پانی زمین میں اتر جائے تو تمہارے پاس بہنے والا پانی کون لائیگا۔ مَعِین۔ چشمہ۔ یہ سب اس آیت کے معانی کا بیان ہے۔ غور۔ گہرا۔

[۵۱] فلک۔ جو کہ مٹی ہے اسکو اللہ تعالیٰ آسمانوں پر پرواز کرا دیتا ہے۔ آتشی۔ شیطان ناری ظاہر ہے اُس کو سفلی بنا دیا۔ ثریٰ۔ نمناک مٹی یعنی زمین۔ چار طبع۔ چار عنصر۔ بیچ فلاسفہ کا خیال ہے کہ کائنات میں عناصر اربعہ ہی بالاستقلال متصرف ہیں۔ علتِ اولیٰ۔ بعض فلاسفہ کا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صرف عقل اوّل کو پیدا کیا ہے اور اس سے تمام کائنات وجود میں آئی ہے اب کائنات میں اللہ تعالیٰ کا تصرف نہیں ہے۔ بے علت۔ انسان کے کام کی کوئی علت غائی اور غرض ہوتی ہے اللہ بے نیاز ہے۔ سقیم۔ بیمار۔
[۵۲] عادتِ خود۔ اپنے عام قاعدے میں اللہ تعالیٰ تبدیلی فرمانے پر قادر ہے۔ غبار یعنی عام قاعدے کی رکاوٹ۔ بحر۔ سمندر کو اگر حکم دے تو پانی کے بجائے آگ سے بھر جائے۔ آگ کو حکم دے تو گلزار بن جائے۔ کوہ را۔ پہاڑ کو حکم دے تو وہ گالا بن جائے جیسا کہ قیامت میں ہوگا۔ چرخ۔ آسمان زمین بن جائے۔
[۵۳] گویم۔ قیامت میں چاند اور سورج باہم مل جائیں گے۔ ہر دو۔ دونوں کا نور ختم ہو جائیگا جیسا کہ سورۃ تکویر میں مذکور ہے۔ چشمۂ خورشید۔ سورج بے نور ہو جائے۔ چشمۂ خوں۔ ہرن کے نافہ میں خون مشک بن جاتا ہے۔ آفتاب۔ یعنی صرف تبدیل منافع ہی نہیں ہو جاتا ہے نہ ماہیت

آب را در چشمہ کہ آرد دِگر
(تو) پانی کو چشمہ میں دوسرا کون لاسکتا ہے؟

جُز[1] من بیمثل با فضل و خطر
مجھ بے مثال، بزرگ اور عظیم کے علاوہ

فلسفیِ منطقیِ مُستہاں
ایک ذلیل، فلسفی، منطقی

میگذشت از سوئے مکتب آن زماں
اُس وقت مکتب کی جانب سے گذر رہا تھا

چونکہ بشنید آیت او از ناپسند
جب اُس نے آیت سنی تو ناپسندیدگی سے

گفت آریم آب را ما با کلند
بولا کہ ہم پھاوڑے سے پانی نکال لائینگے

ما بزخمِ بیل و تیزیِ تبر
ہم بیلچے کی ضرب اور تبر کی تیزی سے

آب را آریم از پستی زبر
پانی کو نیچے سے اوپر لے آئیں گے

شب بخفت و دید اُو یک شیر مرد
وہ رات کو سویا اور اُس نے ایک بہادر مرد کو دیکھا

زد طپانچہ ہر دو چشمش کور کرد
اُس (مرد) نے اُسکے منہ پر طمانچہ مارا دونوں آنکھوں کو اندھا کر دیا

گفت زیں دو چشمۂ چشم اے شقی[2]
اُس نے کہا اے بدبخت! آنکھوں کے ان دو چشموں سے

با تبر نورے بر آر از صادقی
اگر تو سچا ہے تو تبر کے ذریعہ روشنی نکال لے

روز گشت و چشم خود را کور دید
دن ہوگیا، اور اُس نے اپنی آنکھوں کو اندھا دیکھا

نورِ فائض از دو چشمش ناپدید
بہنے والا نور اُس کی دونوں آنکھوں سے غائب ہوگیا

گر بنالیدے و مستغفر شدے
اگر وہ روتا اور توبہ کرنے والا ہوتا

نورِ رفتہ از کرم ظاہر شدے
تو مہربانی کی وجہ سے گیا ہوا نور ظاہر ہوجاتا

لیک استغفار ہم در دست نیست
لیکن توبہ بھی اپنے بس میں نہیں ہے

ذوقِ توبہ نُقلِ ہر سرمست نیست
توبہ کا ذوق ہر مست کا چبینا نہیں ہے

زشتیِ اعمال و شومیِ جحود
بداعمالی اور انکار کی بدبختی نے

راہِ توبہ بر دلِ اُو بستہ بود
توبہ کا راستہ اُس کے دل پر بند کر دیا تھا

دل[3] بسختی ہمچو روئے سنگ گشت
دل سختی کی وجہ سے پتھر کی سطح کی طرح بن گیا

چوں شگافد توبہ آں را بہرِ کشت
توبہ کھیتی کے لئے اُس کو کس طرح پھاڑے!

چوں شعیبے کو کہ تا اُو از دعا
حضرت شعیبؑ جیسا کوئی کہاں ہے کہ وہ دعا سے

بہرِ کشتن خاک سازد کوہ را
پہاڑ کو بونے کے لئے مٹی بنادے

از نیاز و اعتقادِ آں خلیل
اس پیارے کی عاجزی اور اعتقاد کی وجہ سے

گشت ممکن امرِ صعب مستحیل
سخت، ناممکن کام ممکن بن گیا

[1] جز من ۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ۔ مستہان ۔ ذلیل۔ ساقط۔ یعنی فلسفی بولا نابیشہ با مثال والمتعلم ہم اُس پانی کو کدال اور مددگار کے ذریعہ نکال لیں گے۔ زبر ۔ بلندی پر۔

[2] شقی ۔ بدبخت۔ نورے ۔ یعنی اُن آنکھوں کا نور جو اندھی ہوگئی تھیں۔ گر بنالیدے ۔ اگر اُس گستاخی پر نادم ہوکر توبہ کر لیتا تو اللہ (تعالیٰ) کے کرم سے آنکھوں کی روشنی لوٹ آتی۔ در دست نیست ۔ ہر انسان کو توبہ کی توفیق نہیں ہوتی ہے۔ نقل ۔ وہ میوہ وغیرہ جو شراب کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ جحود ۔ انکار

[3] دل بسختی ۔ گناہوں سے سنگدلی پیدا ہوجاتی ہے۔ شعیب ۔ مولانا فرماتے ہیں کہ حضرت شعیبؑ کی دعا سے پہاڑ کھیتی کے قابل ہوگیا تھا۔ لیکن اس کا ثبوت نہیں ہے۔ آں خلیل ۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی دعا سے نمرود کی آگ گلزار بن گئی تھی۔ صعب ۔ دشوار۔ مستحیل ۔ محال۔ ناممکن۔

یا بدر[1] یوزہ مُقوقس از رسول — سنگلاخے مزرعے شُد با وصول
یا مُقوقس کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست — پتھریلی زمین پیداوار والا کھیت بن گئی

ہمچنیں بر عکس آں انکارِ مرد — مِس کند زر را و صلحے را نبرد
اسی طرح انسان کا انکار اُلٹا — سونے کو تانبا اور صلح کو جنگ بنا دیتا ہے

کہربائے مسخ آمد ایں دعا — خاک قابل را کند سنگ و حصیٰ
یہ (بداعتقادی کی) پکار مسخ کی کہربا ہے — جو (کھیتی کے) قابل زمین کو پتھر و کنکر بنا دیتی ہے

ہر دلے را سجدہ ہم دستور نیست — مُزدِ رحمت قسمِ ہر مزدور نیست
ہر دل کو سجدہ کرنے کی بھی اجازت نہیں ہے — ہر مزدور کی مزدوری کا رحمت میں حصہ نہیں ہے

ہیں[2] بہ پشتِ آں مکُن جرم و گناہ — کہ کُنم توبہ در آیم در پناہ
خبردار! اس کے بھروسہ جرم اور گناہ نہ کر — کہ میں توبہ کر لوں گا، پناہ میں آ جاؤنگا

می بباید تاب و آبے توبہ را — شرط شُد برق و سحابے توبہ را
توبہ کے لئے سوزش اور آنسو درکار ہیں — توبہ کے لئے بجلی اور ابر شرط ہے

آتش و آبے بباید میوہ را — واجب آمد ابر و برق ایں شیوہ را
میوے کے لئے گرمی اور پانی چاہیئے — اس طریقہ کے لئے ابر اور برق ضروری ہے

تا نباشد[3] برقِ دل و آبِ دو چشم — کے نشیند آتشِ تہدید و خشم
جبتک دل کی بجلی اور دونوں آنکھوں کا پانی نہ ہو — دھمکی اور غصہ کی آگ کب فرو ہو سکتی ہے!

تا نباشد گریۂ ابرا ز مطر — تا نباشد خندۂ برق اے پسر
جب تک ابر کا رونا بارش کے ذریعہ نہ ہو — اے صاحبزادے! جب تک بجلی کا قہقہہ نہ ہو

کے بروید سبزۂ ذوقِ وصال — کے بجوشد چشمہا ز آبِ زلال
وصال کے ذوق کا سبزہ کب اُگتا ہے! — نیر پانی کے چشمے کب جوش میں آتے ہیں؟

کے گلستاں راز گوید با چمن — کے بنفشہ عہد بندد با سمن
گلستان چمن سے راز کب کہتا ہے! — بنفشہ سمن کے ساتھ دوستی کب کرتا ہے؟

کے چنارے کف کشاید در دعا — کے درختے سر فشاند در ہوا
دعا کے لئے چنار ہاتھ کب پھیلاتا ہے؟ — ہوا میں درخت کب جھومتا ہے؟

کے شگوفہ آستینِ پُر نثار — بر فشاندن گیرد ایامِ بہار
نچھاور سے بھری ہوئی آستین شگوفہ کب — بکھیرتا ہے موسم بہار میں؟

---

[1] دریوزہ۔ سوال، درخواست۔ مُقوقس شاہِ مصر کا نام ہے جس کے پاس حضور نے مکتوب گرامی ارسال فرمایا جس کے فوٹو شائع ہو چکے ہیں۔ با وصول۔ قابل پیداوار۔ انکار۔ یعنی خدا کی قدرت کا انکار۔ کہربا۔ ایک قسم کا پتھر ہے جس میں کشش ہوتی ہے۔ حصیٰ۔ کنکر۔ دستور۔ حکم، اجازت۔ مزد۔ مزدوری۔

[2] ہیں۔ توبہ کے سہارے گناہ کرنا مناسب نہیں ہے اس لئے کہ حقیقی توبہ کا میسر آنا آسان نہیں ہے۔ تاب و آب۔ یعنی وہ دعا گناہ مشاق ہے جو سوزشِ دل اور آنسوؤں سے ہو۔ برق۔ یعنی دل کی شورش۔ سحاب یعنی آنسوؤں والی آنکھیں۔ میوہ۔ پھل پکنے کے لئے گرمی اور پانی ضروری ہے اسی طرح اعمال کا پھل دل کی گرمی اور آنکھ کے آنسوؤں سے پکتا ہے۔ تہدید و خشم۔ گناہوں پر جو اللہ کی دھمکی اور غصہ ہے۔

[3] تا نباشد۔ جس طرح موسم بہار کی بہاریں ابر و برق پر موقوف ہیں اسی طرح دل کی کیفیت سوزش اندرونی اور آبِ چشم پر موقوف ہے۔ وصال۔ یعنی وصالِ حق۔ کے بجوشد۔ موسم بہار میں چشمے بہہ نکلتے ہیں اسی طرح دل کے سوتے دل کی گرمی اور رونے سے کھلتے ہیں۔ بنفشہ گلِ بنفشہ اور گلِ سمن موسم بہار میں کھلتے ہیں۔ چنار ایک درخت ہے جس کے پتے انسان کے ہاتھ کی شکل کے ہوتے ہیں۔ شگوفہ۔ شگوفے کے زیور

کے فروزد لالہ را رُخ ہمچو خوں ... کے گُل از کیسہ برآرد زر بروں
خون جیسے (رنگ) سے لالہ جیسے کو کب چمکاتا ہے! ... پھول تھیلی سے سونا کب نکالتا ہے؟

کے بیاید بُلبُل و گُل بو کُند ... کے چو طالب فاختہ کو کو کند
بلبل کب آئے اور پھول کو سونگھے؟ ... عاشق کی طرح فاختہ کہاں ہے کہاں کب کرے؟

کے بگوید لک لک آں لکلک بجان ... لک چہ باشد مُلک لک اے مُستعان
لک لک، لک لک (دل اور جان سے کب کہے؟ ... لک کیا ہوتا ہے؟ اے مددگار مُلک تیرا ہے

کے نماید خاک اسرارِ ضمیر ... کے شود چوں آسماں بُستاں مُنیر
زمین، دل کے راز کب ظاہر کرے؟ ... باغ، آسمان جیسا روشن کب ہے؟

از کجا آوردہ اند ایں حُلّہا ... مِن کَریمٍ مِن رَحیمٍ کُلُّہا
یہ پوشاکیں کہاں سے لائے ہیں؟ ... سب کی سب کریم (اللہ) رحیم کی جانب ہیں

آں لطافتہا نشانِ شاہدیست ... ایں نشانہا پائمردِ عابدیست
وہ پاکیزگیاں محبوب کی نشانی ہیں ... یہ نشانیاں عابد کی مددگار ہیں

آں شود شاد از نشاں کو دید شاہ ... چوں ندید اُو را نباشد انتباہ
نشانی سے وہ خوش ہوتا ہے جس نے شاہ کو دیکھا ہو ... جب اُس کو نہ دیکھا ہو آگاہی نہ ہوگی

رُوحِ آنکس کو بہنگامِ اَلَست ... دیدربِّ خویش و شد بیہوش و مست
اُس شخص کی روح جس نے الست کے وقت ... اپنے رب کو دیکھا اور مست و بے خود ہوا

اُو شناسد بوئے مے کو مے خورد ... چوں نخورد اُو مے چہ داند بو کرد
شراب کی بو وہ پہچانتا ہے جو شراب پیئے ... جب اُس نے شراب پی نہیں وہ سونگھنا کیا جانے؟

زانکہ حکمت ناقۂ ضالہ است ... ہمچو دلالہ شہاں را دالہ است
کیونکہ دانائی، گم شدہ اونٹنی ہے ... دلال کی طرح شاہوں کے لئے راہنما ہے

تو بہ بینی خواب در یک خوش لقا ... کو دہد وعدہ و نشانے مر ترا
تو خواب میں ایک حسین کو دیکھتا ہے ... جو تجھے وعدہ اور نشانی عطا کرتا ہے

کہ مرادِ تو شود اینک نشاں ... کہ بہ پیش آید ترا فردا فلاں
کہ تیرا مقصد پورا ہو جائے گا، یہ نشانی ہے ... کہ فلاں شخص کل تیرے سامنے آئے گا

---

لہ ہمچو خوں۔ لالہ کا رنگ خون جیسا ہے۔ زر یعنی پھول کا زیرہ۔ فاختہ۔ اسکی کوکو کی آواز کو محبوب کو تلاش کرنے کی آواز مانا جاتا ہے۔ لکلک۔ پانی کا پرندہ ہے جسکو بگلا بھی کہتے ہیں اس سے لک لک کی آواز نکلتی ہے جس کے معنی ہیں تیرے لئے "سو امانتے" جو اس کا مطلب ہے۔ مُلک لک یا مُستعان" اے خدا ملک تیرا ہے" اسرار ضمیر۔ موسم بہار کے پھول زمین کے دل کے اسرار ہیں تب کہاں کھر لالہ و گل میں نمایاں ہوگئے۔ ٹلہ از کجا۔ موسم بہار میں تو بہاران چمن کو خدا لباس عطا فرماتا ہے۔ لطافتہا۔ موسم بہار کی لطافتیں نشان۔ علامت۔ ایں نشاں۔ ایک عابد عارف برگِ درختان سبز کو معرفتِ کردگار کا ذریعہ بناتا ہے۔ شاہ۔ حضرت حق۔ انتباہ۔ جو معرفت سے خالی ہے اُس کی نظر مصنوع پر رُک جاتی ہے صانع تک نہیں پہنچتی ہے۔ الست۔ ازل میں خدا نے روحوں کو جمع کرکے کہا تھا "اَلَستُ بِرَبِّکُم" کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔ ٹلہ او شناسد۔ آثار سے مؤثر تک پہنچنے کی چند مثالیں دی ہیں حکمت۔ حدیث شریف میں ہے دانائی مومن کی گمشدہ چیز ہے جہاں اُس کو دیکھ لیتا ہے اُس کو لے لیتا ہے اسی طرح آیاتِ بیّنہ سے اللہ کی ذات پر دلالت ہوتی ہے۔ ایک عارف کو آیات کو دیکھ کر ذاتِ حق یاد آجاتی ہے۔ دلالہ۔ دلال۔ دالّہ۔ دلالت کرنے والی۔ تو بہ بینی۔ اللہ کی نشانیوں سے اللہ کو پہچاننے کی دوسری مثال ہے کہ اگر خواب میں اگر تجھ سے کوئی وعدہ کرے اور نشانیاں بتا دے تو جب وہ نشانیاں سامنے آئیں گی تو تم پر کیسی کیفیت طاری ہوگی۔

یک نشانی[۱] آنکہ او باشد سوار — یک نشانی کہ ترا گیرد کنار
ایک نشانی یہ ہے کہ وہ سوار ہوگا — ایک نشانی یہ ہے کہ تجھے بغلگیر ہوگا

یک نشانی آنکہ خندد پیش تو — یک نشاں کہ دست بندد پیش تو
ایک نشانی یہ ہے کہ وہ تیرے سامنے ہنسے گا — ایک نشانی یہ ہے کہ تیرے سامنے ہاتھ باندھیگا

یک نشانی آنکہ ایں خواب از ہوس — چوں شود فردا نگوئی پیش کس
ایک نشانی یہ ہے کہ یہ خواب شوق سے — کل جب ہوگا کسی سے نہ کہہ سکے گا

زاں نشاں با والد یحییٰ بگفت — کہ نیائی تا سہ روز اصلا بگفت
یہ نشانی حضرت یحییٰ کے والد سے کہی — کہ تو تین روز تک بات نہ کرسکے گا

دم مزن سہ روز زیں اے نیک خو — کایں سکوت ست آیت مقصود تو
اے نیک عادت والے اس بات کو تین دن تک دم (نہ مار) — یہ خاموشی تیرے مقصود (حاصل ہونے) کی علامت ہے

ہیں میاور ایں نشانے[۲] را بگفت — ویں سخن را دار اندر دل نہفت
خبردار اس نشانی کو کسی کو نہ بتانا — اس بات کو دل میں چھپائے رکھنا

تا سہ شب خامش کن از نیک و بد — ایں نشاں باشد کہ یحییٰ آیدت
تین رات تک اچھی بری بات سے چپ رہنا — یہ نشانی ہوگی کہ یحییٰ تیرے پاس پیدا ہوکر آئیگا

ایں نشانہا گویدت ہمچوں شکر — ایں چہ باشد صد نشانے ہم دگر
شکر کی طرح یہ نشانیاں تجھ سے کہے گا — یہ کیا، دوسری سو نشانیاں بھی کہے گا

ایں نشان آں بود کاں ملک و جاہ — کہ ہمی جوئی بیابی از الٰہ
یہ اس کی نشانی ہوگی کہ جو ملک و مرتبہ — تو چاہتا ہے وہ خدا کی جانب سے پائے گا

آنکہ[۳] می گریی بہ شبہائے دراز — وانکہ می سوزی سحرگہ در نیاز
جس کے لئے تو لمبی راتوں میں روتا رہا ہے — اور جس کے لئے صبح کے وقت عاجزی میں جلتا رہا ہے

وانکہ بے آں روز تو تاریک شد — ہمچو دوکے گردنت باریک شد
وہ جس کے بغیر تیرا دن تاریک ہوگیا ہے — تیری گردن تکلے کی طرح باریک ہوگئی ہے

وانکہ دادی ہرچہ داری در زکات — چوں زکات پاکبازاں رختہاست
وہ جس کے لئے، تونے اپنا سب کچھ لٹا دیا — جبکہ پاکبازوں کی خیرات سامان ہوتا ہے

رختہا دادی و خواب و رنگ رو — سر فدا کردی و گشتی ہمچو مو
(جس کیلئے) تونے سامان اور نیند اور چہرے کی آب تاب لٹا دی — سر کو قربان کر دیا اور تو بال کی طرح بن گیا

۱۔ یک نشانی۔ مقصود پورا ہوجانے کی پہلی نشانی یہ ہے کہ صبح کو ایک سوار آئیگا دوسری یہ ہے کہ وہ آکر بغلگیر ہوگا، تیسری یہ ہے وہ ہنسے گا، چوتھی یہ ہے کہ وہ ہاتھ باندھ کر سامنے کھڑا ہوگا، پانچویں یہ کہ تو یہ خواب کسی سے بیان نہ کرسکیگا۔ والد یحییٰ حضرت زکریا علیہ السلام کہ جب حضرت یحییٰ علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت دی گئی تو تین روز تک بات نہ کرنے کا بھی حکم دیا گیا تھا۔ نیک خو یعنی حضرت زکریا۔ مقصود تو یعنی حضرت یحییٰ کی پیدائش۔

۲۔ ایں نشانے یعنی تین روز تک بات نہ کرنا۔ آیدت۔ تمہارے گھر پیدا ہوگا۔ ایں نشانہا یعنی خواب میں آنے والے نے جو نشانیاں بتائیں۔ ایں نشان۔ اس شخص کا مقصود یہ تھا کہ اس کو ملک و جاہ حاصل ہو اس کے حصول کی یہ نشانیاں بتائی گئیں۔

۳۔ آنکہ جس کے لئے تو راتوں کو روتا تھا اور صبح سویرے عاجزی سے دعائیں کرتا تھا۔ زکات۔ ہرچہ داری۔ تمام مال و دولت۔ رختہا یعنی غیرت۔ رختہا دادی سامان ہی نہیں بلکہ نیند اور چہرے کی رونق سب اس تمنا میں کھو دی۔

چند در آتش نشستی ہمچو عُود | چند پیشِ تیغ رفتی ہمچو خُود
کتنی مرتبہ تو اگر کی طرح آگ میں بیٹھا؟ | خود کی طرح تو کتنی مرتبہ تلوار کے سامنے گیا؟

زینچنیں بیچارگیہا صد ہزار | خوئے عُشاق ست ونآید در شمار
اس طرح کی لاکھوں بے چارگیاں | عاشقوں کی عادت ہے اور وہ شمار نہیں ہو سکتیں

چونکہ اندر خواب دیدی حالہا | آنکہ بُودے آرزویش سالہا
جو کہ تو نے خواب میں وہ احوال دیکھے | جن کی برسوں سے آرزو تھی

چونکہ شب این خواب دیدی روز شد | از امیدش روز تو پیروز شد
تو نے جب رات کو یہ خواب دیکھا، دن ہوا | اس کی امید سے تیرا دن کامیاب ہوا

چشم گرداں کردہ بر چپ و راست | کاں نشان و آں علامتہا کجاست
تو نے دائیں بائیں (جانب) آنکھیں دوڑائی ہیں | کہ وہ نشانی اور وہ علامتیں کہاں ہیں؟

بر مثالِ[2] برگ می لرزی کہ وائے | گر رود در روز و نشاں ناید بجائے
تو پتے کی طرح لرزتا تھا، کہ ہائے | اگر دن ختم ہو گیا اور نشانی نمودار نہ ہوئی

می دوی در کوی و بازار و سرا | چوں کسے کو گم کند گوسالہ را
تو کوچہ اور بازار اور سرائے میں دوڑتا تھا | اس شخص کی طرح جس نے بچھڑا گم کر دیا ہو

خواجہ خیرست این دوا دو چیست | گم شدہ اینجا کہ داری کیست
جناب خیریت ہے یہ تیری بھاگ دوڑ کس لئے ہے؟ | تیرا اس جگہ جو گم ہوا ہے وہ تیرا کیا لگتا ہے؟

گوئیش خیرست لیکن خیرِ من | کس نشاید کہ بداند غیرِ من
تو اس سے کہے گا خیریت ہے لیکن میری خیریت | مناسب نہیں ہے کہ میرے سوا کوئی جانے

گر بگویم[3] یک نشانم فوت شد | چوں نشاں شد فوت وقتِ موت شد
اگر میں ایک نشانی بھی بتادوں تو وہ جاتی رہی | جب نشانی جاتی رہی تو موت کا وقت آگیا

بنگری در روئے ہر مردِ سوار | گویدت منگر مرا دیوانہ وار
تو ہر سوار انسان کے منہ کو تکتا ہے | وہ تجھ سے کہتا ہے مجھے دیوانوں کی طرح نہ دیکھو

گوئیش من صاحبے گم کردہ ام | رو بجُست و جوئے اُو آوردہ ام
تو اس سے کہتا ہے میں نے ایک ساتھی گم کر دیا | میں اُس کی تلاش میں ہوں

دولتت پائندہ بادا اے سوار | رحم کُن بر عاشقاں معذور دار
اے سوار! تیری دولت باقی رہے | عاشقوں پر رحم کر، معذور سمجھ

[1] خود: لوہے کی ٹوپی جو جنگ میں پہنی جاتی ہے۔ خود کی طرح تلوار کے سامنے جانا یعنی مصائب برداشت کرنا۔ تو نہیں سمجھتا کہ کسی مطلوب کے عاشق کو اس طرح کی چیزوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ پھر کر فرمایا کہ چشم گرداں یعنی رات کی بتائی ہوئی نشانیوں کی جستجو میں تو نظریں دوڑا رہا ہے۔

[2] بر مثال۔ صبح کو نشانیوں کی تلاش میں اس خوف سے لرز رہا تھا کہ وہ نشانیاں نہ دیکھ پائے۔ گفتار۔ پھیرا۔ دوا دو بھاگ دوڑ۔ کیست تیرا کون ہے۔ غیر من۔ کیونکہ وہ خواب کی بات کسی کو نہ بتا سکتا تھا۔

[3] گر بگویم۔ خواب کو نہ بتانا بھی ایک نشانی ہے کہ دینے سے وہ نشانی فوت ہو جائیگی اور اس کا فوت ہو جانا موت کی برابر ہے کیونکہ مقصود ہاتھ سے جاتا رہیگا۔ بنگری۔ اشتیاق میں دیوانوں کی طرح ہر سوار کو دیکھتا تھا۔ معذور دار گھورنے میں مجھے معذور سمجھ اور معاف کر دے۔

چوں طلب کردی بجِدّ[1] آمد نظر
جِدّ خطا نکند چنیں آمد خبر

جب تو نے کوشش سے طلب کی تو نظر آ گئی
حدیث میں آیا ہے کہ کوشش رائیگاں نہیں جاتی

ناگہاں آمد سوارے نیکبخت
پس گرفت اندر کنارت سخت سخت

اچانک ایک نیک بخت سوار سامنے آیا
انہوں نے گرم جوشی سے معانقہ کیا

تو شدی بیہوش و افتادی بطاق
بیخبر گفت ایں سالوس و نفاق

تو بیہوش ہو گیا اور محراب میں گر پڑا
ناواقف نے کہا، یہ مکر اور نفاق ہے

اُو چہ می بیند درو ایں شور چیست
اُو نداند کاں نشانِ وصلِ کیست

وہ کیا دیکھتا ہے کہ اس میں یہ جذبہ کس چیز کا ہے
وہ نہیں جانتا کہ یہ کس کے ملنے کی نشانی ہے؟

ایں نشاں در حقِ اُو باشد کہ دید
آں دگر را کے نشاں آید پدید

یہ نشانی اُس کیلئے ہی ہے جس نے مقصد سمجھا ہے
دوسرے کے لئے یہ نشانی کب واضح ہو سکتی ہے؟

ہر زماں کز وے[2] نشانے می رسد
شخص را جانے بجانے می رسد

جب بھی اُس کی جانب سے کوئی نشانی ملتی ہے
(اُس) شخص میں ایک نئی جان آتی ہے

ماہی بیچارہ را پیش آمد آب
ایں نشانہا تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَاب

بیچاری مچھلی کے سامنے پانی آ گیا
یہ نشانیاں تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَاب جیسی ہیں

پس[3] نشانیہا کہ اندر انبیاست
خاص آں جاں را بُود کو آشناست

وہ نشانیاں جو انبیاء میں ہیں
وہ اُن لوگوں کے لئے ہیں جو واقف کار ہیں

ایں سخن ناقص بماند و بیقرار
دل ندارم بیدلم معذور دار

یہ بات ناقص اور بکھری رہ گئی
میرا دل نہیں ہے، میں بیدل ہوں، معذور سمجھ

ذرہ ہا را کے تواند کس شمرد
خاصہ آں کو عشق از وے عقل بُرد

ذروں کو کوئی کب گن سکتا ہے؟
خصوصاً وہ جس کی عقل کو عشق نے ختم کر دیا ہو

می شمارم برگہائے باغ را
می شمارم بانگِ کبک و زاغ را

میں باغ کے پتوں کو گنتا ہوں؟
میں چکور اور کوے کی آواز کو شمار کرتا ہوں!

در شمار اندر نیاید لیک من
می شمارم بہرِ رُشدِ مُمتحن

وہ گنتی میں نہیں آتے، لیکن میں
مبتلا کی رہنمائی کے لئے گنتا ہوں

نحسِ کیواں یا کہ سعدِ مشتری
ناید اندر حصر گرچہ بشمری

زحل کی نحوست یا مشتری کی سعادت
گنتی میں نہیں آتی ہے، اگرچہ تو شمار کرے

---

[1] جِدّ۔ کوشش۔ جِدّ خطا الخ عام طور پر حدیث شریف کو کہتے ہیں لیکن یہ حدیث نہیں بلکہ ایک مشہور مقولہ ہے۔ مَنْ جَدَّ وَجَدَ جس نے کوشش کی اُس نے پایا۔ پس گرفت گرم جوشی سے بغلگیر ہوا۔ طاق۔ محراب۔ بیخبر۔ یعنی وہ لوگ جو اصل حقیقت سے ناواقف تھے۔ سالوس۔ مکر۔ شور۔ جوش۔ کہ دید۔ یعنی اُس چیز کو دیکھا ہو جس کی یہ نشانی ہے۔

[2] ہر زماں۔ مقصد حاصل ہونے کی جو جو نشانی وہ دیکھ رہا تھا اُس میں جان پڑتی جا رہی تھی۔ ماہی۔ پانی کو دیکھ کر جس طرح مچھلی میں جان پڑتی ہے خواب دیکھنے والے کے لئے یہ نشانیاں جو آیاتِ قرآنی کی طرح یقینی ہیں جان پڑنے کا سبب ہیں۔ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَاب یہ قرآن کی آیتیں ہیں۔ یعنی یہ نشانیاں ایسی ہی سچی ہیں جیسا کہ قرآن کی آیات جن میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔

[3] پس نشانیہا۔ انبیاء میں جو نشانیاں ہیں اُن سے وہی متاثر ہوتا ہے جس کو حق تعالیٰ سے شناسائی حاصل ہو۔ ایں سخن یعنی انبیاء کی نشانیاں۔ بیقرار۔ غیر مرتب۔ ذرہ ہا۔ انبیاء کی نشانیاں ذروں کی طرح بیشمار ہیں اور پھر دیوانہ عاشق انکو کیا گن سکتا ہے۔ می شمارم۔ باغ کے پتے اور پرندوں کی آوازیں نہیں گنی جا سکتی ہیں۔ بہرِ رُشد۔ انبیاء کی تعداد نشانیوں سے کچھ بیان

[illegible]

لیک[۱] ہم بعضے ازیں ہر دو اثر — شرح باید کرد بہرِ نفع و ضر
لیکن ان دونوں کے اثر کا کچھ حصہ (لوگوں کے) نفع و نقصان کے لئے بیان کر دینا چاہئے

تا شود معلوم آثارِ قضا — شمّۂ مر اہلِ سَعد و نحس را
تاکہ قضاءِ (خداوندی) کے اثرات معلوم ہو جائیں کچھ، سعادت اور نحوست والوں کو

طالعِ آں کس کہ باشد مشتری — شاد گردد از نشاط و سروری
جس کا طالع مشتری ہو وہ نشاط اور عزت کی وجہ سے خوش رہے گا

وانکہ را طالع زُحل از ہر شرور — احتیاطش لازم آمد در امور
جس کا طالع زحل ہوگا ہر قسم کے شروں سے معاملات میں اس کے لئے احتیاط ضروری ہے

گر نگویم آں زحل استارہ را — زآتشش سوزد مر آں بیچارہ را
اگر میں اس زحل ستارے کے متعلق نہ کہوں اس بیچارے کو وہ اپنی آگ سے پھونک دے

بس کُن اے بیہودہ تا زاں آفتاب — آتشے ناید بیکبارہ بتاب
اے بیہودہ! بس کر کہیں اس آفتاب کی آگ یکبارگی چمک نہ اٹھے

از کواکب در سپہرِ بیکراں — در دمے نے نور ماند نے نشاں
لامحدود آسمان کے ستاروں میں ایک دم نہ نور رہے، نہ نشان

آنچہ بر دارد دراں مشغول شو — وز دگر گفتارہا معزول شو
جس کا نتیجہ نکلے اس میں مشغول ہو دوسری باتوں سے جدا رہ

جنبشِ اختر نیاید جز سقیم — بر ندارد جز کہ لطفِ آں رحیم
ستارے کی چال مریض کے سوا کچھ نہیں ہے سوائے اس رحیم کی مہربانی کے کوئی چیز نتیجہ خیز نہیں ہے

اُذکروا اللہ شاہِ ما دستور داد — دید اندر نار و مارا نور داد
ہمارے بادشاہ (اللہ تعالیٰ) نے ذکر کی اجازت دی ہے ہمیں آگ میں دیکھا اور ہمیں نور بخش دیا

گفت[۲] اگرچہ پاکم از ذکرِ شما — نیست لائق مر مرا تصویرہا
فرمایا اگرچہ میں تمہارے ذکر سے پاک ہوں مثالیں میرے مناسب نہیں ہیں

لیک ہرگز مست تصویر و خیال — در نیابد ذاتِ ما را بے مثال
لیکن مثال اور تخیل کا عادی ہماری ذات کو بغیر مثال کے نہیں سمجھتا ہے

ذکرِ[۳] جسمانہ خیالِ ناقص ست — وصفِ شاہانہ ازآنہا خالص ست
جسمانی ذکر، ناقص خیال ہے شاہانہ صفات ان سے منزہ ہیں

---

۱ لیک۔ باوجود ہوشیار ہونے کے کچھ بیان کر دی جاتی ہیں۔ بس کن۔ اللہ کی ذات اور نشانیوں کا بیان صحیح طور پر ممکن نہیں کوئی تجلی غیرت میں آگئی تو پھونک ڈالے گی۔ از کواکب۔ اس تجلی کا یہ اثر ہوگا۔ آنچہ۔ پہلے ستاروں سے متعلق باتیں ذکر کی تھیں اب فرماتے ہیں نجوم کی باتوں میں مشغولیت بیکار ہے اس سے کوئی فائدہ نہیں ستاروں کی حالتیں صحیح نہیں ہوتی ہیں فائدہ اللہ کی مہربانی پر موقوف ہے۔ اُذکروا اللہ۔ خدا کا ذکر کرو یہ مفید ہے خواہ ہم اس کی حمد و ثنا میں اس کی شایانِ شان باتیں نہ بھی کہہ سکیں۔

۲ گفت۔ اللہ تعالیٰ کی صفات کو ممکنات کی صفات سے تشبیہ دے کر سمجھایا جاتا ہے ظاہر ہے کہ وہ ناقص مثالیں ہیں خدا کی ذات ان سے پاکیزہ ہے لیکن چونکہ انسان مادی چیزوں کو سمجھنے کا عادی ہوتا ہے لہٰذا مادی چیزوں کی مثال دے کر ہی اس کو اللہ کی صفات سمجھائی جا سکتی ہیں۔

۳ ذکرِ جسمانہ۔ اللہ کی تعریف میں ہم یہ کہیں کہ وہ انسان کی طرح عاجز نہیں ہے تو یہ ایسا ہی ہے کہ کسی بادشاہ کی تعریف میں ہم یہ کہیں کہ وہ جولاہا نہیں ہے۔

شاہ را گوید کسے جولاہ نیست — ایں چہ مدحست آں مگر آگاہ نیست

(اگر) بادشاہ کو کوئی کہے کہ وہ جولاہہ نہیں ہے — یہ کیا تعریف ہے! شاید وہ واقف نہیں ہے

## انکار کردنِ موسیٰ علیہ السلام بر مناجات شبان

ایک چرواہے کی دعا پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا انکار

دید موسیٰؑ یک شبانے را براہ — کو ہمی گفت اے کریم و اے اِلٰہ

(حضرت) موسیٰؑ نے ایک چرواہے کو راستہ میں دیکھا — کہ وہ کہہ رہا تھا اے کریم اور اے خدا!

تو کجائی تا شوم من چاکرت — چارقت دوزم کنم شانہ سرت

تو کہاں ہے؟ تاکہ میں تیرا نوکر بنوں — تیرا جوتا سی دوں تیرے سر میں کنگھی کروں

تو کجائی تا کہ خدمتہا کنم — جامہات را دوزم و بخیہ زنم

تو کہاں ہے؟ تاکہ تیری خدمتیں کروں — تیرا کپڑا سی دوں، اور بخیہ کر دوں

جامہ ات شویم شپشہایت کُشم — شیر پیشت آورم اے محتشم

تیرے کپڑے دھو دوں تیری جوئیں مار دوں — اے معزز! تیرے سامنے دودھ پیش کروں

ور ترا بیماریِ آمد بہ پیش — من ترا غمخوار باشم ہمچو خویش

اگر تجھے بیماری لاحق ہو — اپنے کی طرح میں تیرا غمخوار بنوں

دستکت بوسم بمالم پایکت — وقتِ خواب آید بروبم جایکت

تیرے پیارے ہاتھ چوموں تیرے نازک پیر دباؤں — سونے کا وقت آئے تو تیرا بستر صاف کر دوں

اے خدائے من فدایت جانِ من — جملہ فرزندان و خان و مانِ من

اے میرے خدا تجھ پر میری جان قربان — تمام اولاد، اور میرا گھر بار

گر بدانم خانۂ تو من مدام — شیر و روغن آرمت ہر صبح و شام

اگر مجھے تیرے گھر کا پتہ چل جائے تو میں ہمیشہ — صبح و شام دودھ اور گھی تیرے لئے لاؤں

ہم پنیرِ و نانہائے روغنیں — خمرہائے جوغرات اے نازنیں

پنیر بھی اور روغنی روٹیاں بھی — دہی کی مٹکیاں اے نازنیں!

سازم و آرم بہ پیشت صبح و شام — از من آوردن ز تو خوردن طعام ق

تیار کروں، اور صبح و شام تیرے سامنے لاؤں — میرا لانا ہو، تیرا کھانا ہو

اے فدائے تو ہمہ بزہائے من — اے بیادت ہی ہی و ہیہائے من

اے (وہ ذات) جس پر میری ساری بکریاں قربان ہوں — اے (وہ ذات) کہ تیری یاد میں میری آہ و زاری ہے

---

له انکار کردن۔ فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی حقیقی تعریف امکان سے باہر ہے پھر بھی جس طرح بن پڑے تعریف کرنی چاہیئے اسی کی مناسبت سے یہ قصہ نقل فرمایا ہے کہ چرواہے کی ناشائستہ تعریف چونکہ خلوصِ نیت سے تھی لہٰذا مقبولِ بارگاہ بنی۔ چاکر۔ نوکر۔ چارق۔ جوتا۔ شانہ۔ کنگھی۔

٢ه شپش۔ سین کے ضمہ کے ساتھ، جوں۔ محتشم۔ باوقار۔ خویش۔ اپنا، رشتہ دار۔ دستکت۔ دستکِ تو۔ پایکت۔ پایکِ تو۔ جایکت۔ جایکِ تو، ان تینوں لفظوں میں کاف تصغیر، پیار کے لئے ہے۔ مدام۔ ہمیشہ۔

٣ه نانہائے روغنیں۔ پراٹھے۔ جوغرات۔ دہی۔ ہی ہی، ہیہائے۔ ہائے ہائے، آہ و زاری۔

زیں نمط بیہودہ می گفت آں شبان | گفت موسیٰؑ با کیستت[1] اے فلاں

وہ چرواہا اس طرح کی بیہودہ باتیں کہہ رہا تھا | حضرت موسیٰؑ نے کہا اے فلاں! تو کس سے خطاب کر رہا ہے؟

گفت با آں کس کہ ما را آفرید | ایں زمین و چرخ ازو آمد پدید

اُس نے کہا اس ذات سے ہمکلام ہوں جس نے ہمیں پیدا کیا | یہ زمین اور آسمان جس کے پیدا کرنے سے ظاہر ہوا ہے

گفت موسیٰؑ ہائے خیرہ سر شدی | خود مسلماں ناشدہ کافر شدی

حضرت موسیٰؑ نے فرمایا افسوس تو بہک گیا ہے | مسلمان نہ ہوا بلکہ کافر ہو گیا ہے

ایں چہ ژاژ است ایں چہ کفر است و فشار | پنبۂ اندر دہان خود فشار

یہ تیری کیا بکواس ہے اور یہ تیرا کیا کفر اور بہکنا ہے؟ | اپنے منہ میں روئی ٹھونس لے

گند کفر تو جہاں را گندہ کرد | کفر تو دیبائے دیں را ژندہ کرد[2]

تیرے کفر کی بدبو نے دنیا کو بدبودار کر دیا ہے | تیرے کفر نے دین کے دیبا کو گدڑی بنا دیا

چارق[3] و پاتابہ لائق مر تراست | آفتابے را چنیں ہا کے رواست

چپل اور جوتا تیرے لئے مناسب ہے | آفتاب کے لئے ایسی چیزیں کب مناسب ہیں؟

گر نہ بندی زیں سخن تو حلق را | آتشے آمد بسوزد خلق را

اگر تو ان باتوں سے منہ بند نہ کرے گا | آگ آئے گی اور دنیا کو جلا دے گی

آتشے گر نامدست ایں دود چیست | جاں سیہ گشتہ رواں مردود چیست

اگر آگ نہیں آئی تو یہ دھواں کیسا ہے؟ | جان کالی ہو گئی، روح مردود کیوں ہے؟

گر ہمی دانی کہ یزداں داور است | ژاژ و گستاخی ترا چوں باور است

اگر تو جانتا ہے کہ خدا حاکم ہے | بیہودہ گوئی اور گستاخی پر تجھے کیوں یقین ہے؟

دوستیِ بے خرد[4] خود دشمنی ست | حق تعالیٰ زیں چنیں خدمت غنی ست

بے وقوف کی دوستی دشمنی جیسی ہے | اللہ تعالیٰ اس طرح کی خدمت سے بے نیاز ہے

با کہ می گوئی تو ایں با عم و خال | جسم و حاجت در صفاتِ ذوالجلال

تو یہ کس سے کہہ رہا ہے چچا اور ماموں سے | جسم اور حاجت اللہ کی صفتوں میں؟

شیر اُو نوشد کہ در نشو و نما است | چارق اُو پوشد کہ او محتاجِ پا ست

دودھ وہ پیتا ہے جو نشو و نما میں ہے | چپل وہ پہنتا ہے جس کو پاؤں کی ضرورت ہے

در برائے بندہ است ایں گفتگو | آنکہ حق گفت اُو منست و من خود اُو

اگر یہ گفتگو (اس) بندے کے لئے ہے | جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں وہ ہوں وہ میں

---

[1] با کیستت یعنی خطاب تو با کیست۔ خیرہ سر۔ بیہودہ گو۔ ژاژ۔ ایک خار دار گھاس جسے اونٹ کھاتے ہیں۔ بکواس کرنا۔ فشار۔ نائے عشق کے ساتھ بیہودہ گفتار۔ فشار کو پنبہ کے ساتھ ٹھونسنا۔ گند۔ گندگی۔ بدبو۔

[2] پارہ پارہ کپڑا۔ گدڑی۔ یعنی تیری اس گفتگو سے کفر و الحاد پھیلے گا اور دین میں رخنہ پیدا ہوگا۔

[3] چارق۔ جوتا۔ چپل۔ پاتابہ۔ جوتا۔ موزہ۔ آفتاب۔ یعنی ذات خداوندی۔ خلق را۔ ایک شخص کا گناہ دوسروں پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔ آتشے۔ اگر عذاب ابھی نہیں آیا تو اس کے آثار آگئے ہیں جس سے دل سیاہ ہو گیا ہے۔ یزداں۔ خدا۔ داور۔ حاکم۔

[4] دوستی۔ بیوقوف دوست سے عقلمند دشمن بہتر ہے۔ زیں۔ یعنی وہ خدمتیں جو گڈریا اللہ تعالیٰ کے لئے بیان کر رہا تھا۔ عم۔ چچا۔ خال۔ ماموں۔ جسم۔ گڈریے نے پیر دبانے کو کہا تھا۔ حاجت۔ گڈریے نے روٹی کھلانے کو کہا تھا۔ شیر۔ غذا کی اس کو ضرورت ہے جس کا جسم ہو اور اس کا نشو و نما ہوتا ہو۔ محتاجِ پا۔ اللہ تعالیٰ کو نہ پیر کی ضرورت ہے نہ جوتے کی حاجت ہے۔ ور برائے۔ بعض خدا کے نیک بندے وہ ہوتے ہیں جو اپنی شخصیت اور خواہشات کو فنا کر کے حضرت حق کی مرضیات کے

آنکہ گفت اِنّی مَرِضْتُ[1] لَمْ تَعُد — من شدم رنجور او تنہا نہ شُد
جسکے بارے میں فرمایا میں مریض ہوا تو نے عیادت کیوں نہ کی؟ — میں بیمار تھا وہ تنہا بیمار نہ تھا

آنکہ بی یَسْمَعْ وَبِی یُبْصِرْ شدہ است — درحقِ آں بندہ ایں ہم بیہدہ است
وہ کہ جو میرے ذریعہ سنتا ہے اور میرے ذریعہ دیکھتا ہے ہوگیا ہے — اُس بندے کے حق میں بھی یہ بیہودہ ہے

بے ادب گفتن سخن باخاصِ حق — دل بمیراند سیہ دارد ورق
اللہ (تعالیٰ) کے خاص بندے کے بے ادبی سے بات کرنا — دل کو مُردہ کر دیتا ہے، اعمالنامہ سیاہ کر دیتا ہے

گر تو مردے را بخوانی فاطمہ — گرچہ یک جنس اند مرد و زن ہمہ
اگر تو مرد کو فاطمہ کہہ کر بلائے — اگرچہ سب مرد و عورت ایک جنس ہیں

قصدِ خونِ تو کند تا ممکن ست — گرچہ خوشخوی و حلیم و ساکن ست
حتی الامکان تیری جان (لینے) کا ارادہ کرے — اگرچہ خوش مزاج اور بُردبار اور صاحبِ سکون ہو

فاطمہ[2] مدحست درحقِ زناں — مرد را گوئی بود زخمِ سناں
عورتوں کے لئے فاطمہ تعریف ہے — (اگر) تو مرد کو کہے بھالے کا زخم ہوگا

دست و پا درحقِ ما استایش ست — درحقِ پاکیِ حق آلائش ست
ہاتھ اور پیر ہونا ہمارے لئے تعریف ہے — اللہ (تعالیٰ) کی پاکی کے لئے ناپاکی ہے

لَمْ یَلِدْ لَمْ یُوْلَدْ اورا لائق ست — والد و مولود را اُو خالق ست
نہ اس نے جنا نہ وہ جنا گیا اس کیلئے مناسب ہے — (کیونکہ) وہ باپ اور لڑکے کا خالق ہے

ہرچہ جسم آمد ولادت وصفِ او ست — ہرچہ مولود ست او زیں سوے جو ست
جو جسم ہے پیدا ہونا اُس کی صفت ہے — جو جنا ہوا ہے وہ اِس طرف (جسم) کا جوئندہ ہے

زانکہ از کون[3] و فساد ست و مہیں — حادِث ست و مُحدِثے خواہد یقیں
چونکہ وہ بننے بگڑنے (والے عالم) کا اور کمزور ہے — وہ نو پیدا ہے اور یقیناً پیدا کرنے والے کا خواہاں ہے

گفت اے موسیٰؑ دہانم دوختی — وز پشیمانی تو جانم سوختی
اس نے کہا اے موسیٰؑ! تم نے میرا منہ سی دیا — اور شرمندگی سے میری جان جلا دی

جامہ را بدرید و آہے کرد تفت — سر نہاد اندر بیابان و برفت
کپڑے پھاڑے اور گرم آہ کی — بیاباں کا رُخ کیا اور چل دیا

---

[1] اِنّی مَرِضْتُ لَمْ تَعُدْنِی: میں بیمار ہوا تھا تو مزاج پرسی کو نہ آیا۔ یہ قول اس سے مراد یہ ہے کہ میرا وہ مخصوص بندہ بیمار ہوا تھا تو نے اسکی مزاج پرسی کیوں نہ کی تھی۔ ایسے ہی بندوں کے بارے میں حدیث میں آیا ہے کہ وہ ایسا بندہ ہوتا ہے۔ بی یَسْمَعُ وَبِی یُبْصِرُ وہ میرے ذریعہ سنتا ہے اور میرے ذریعہ دیکھتا ہے یعنی اُس کی قوتِ سامعہ اسی بات کو سنتی ہے جو میری مرضی کے مطابق ہو اور قوتِ باصرہ اسی کو دیکھتی ہے جس میں میری رضا ہو۔ بے ادب۔ اللہ کے اِن مخصوص بندوں سے گستاخانہ باتیں کرنا دل کو مردہ اور اعمالنامہ کو سیاہ کر دیتا ہے۔

[2] فاطمہ۔ دودھ چھڑانے والی، یہ جنتی عورتوں کی سردار آنحضورؐ کی صاحبزادی کا نام ہے جو ہر عورت اپنے لئے پسند کریگی۔ لیکن کسی مرد کو کہو تو وہ بُرا مان جائیگا دست۔ انسان کے ہاتھ پیر میں نقصان ہو تو عیب ہے اللہ کیلئے ثابت کرو تو اُس کے تنزیہ کے منافی ہے۔ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ۔ نہ اُس نے کسی کو جنا نہ اُسکو کسی نے جنا جو بعض صاحبان نے اس کا ترجمہ بحر وحدت کا کیا ہے یعنی جنا ہوا ہو تا ذاتِ باری سے کم درجہ کے تے ہے بعض صاحبان نے اس کو جوئندہ کے معنی میں لیا ہے۔ از زیں سُو یعنی عالم امکان

[3] کون و فساد۔ بننا بگڑنا۔ یہ جسمانی اور مادّی چیزوں کا خاصہ ہے۔ حادِث۔ نو پیدا۔ مُحدِث۔ پیدا کرنے والا۔ گفت۔ چرواہے نے کہا۔ دوختی۔ چونکہ آپ نبی ہیں اور اطاعت ضروری ہے۔ وز پشیمانی۔ اللہ کا ذکر چھوٹنے سے شرمندگی ہے جو روح کو جلا رہی ہے۔ جامہ بدرید۔ ذکر سے محرومی کی وجہ سے۔

## عتاب کردنِ حق تعالیٰ با موسیٰ علیہ السلام بہرِ شباں

چرواہے کی وجہ سے اللہ تعالےٰ کی (حضرت) موسیٰ علیہ السلام پر خفگی

وحی آمد سوئے موسیٰؑ از خدا　　بندۂ ما را زما کردی جُدا[1]

اللہ (تعالےٰ) کی جانب سے حضرت موسیٰ پر وحی آئی　　تونے ہمارے بندے کو ہم سے جُدا کر دیا

تو برائے وصل کردن آمدی　　نے برائے فصل کردن آمدی

تو مِلانے کے لئے آیا ہے　　جُدا کرنے کے لئے نہیں آیا ہے

تا توانی پا مَنِہ اندر فراق　　کا بْغَضُ الْاَشْیَاءِ عِنْدِی الطَّلاق

جب تک ہو سکے جُدائی میں قدم نہ رکھ　　اسلئے کہ طلاق میرے نزدیک بُری چیزوں میں سے بُری ہے

ہر کسے را سیرتے بنہادہ ایم　　ہر کسے را اِصطلاحے دادہ ایم

ہم نے ہر شخص کی ایک طبیعت بنائی ہے　　ہم نے ہر شخص کو ایک اِصطلاح دی ہے

در حقِ اُو مدح دَر حقِ تو ذَم　　در حقِ اُو شہد و در حقِ تو سَم

اُسکے حق میں تعریف ہے (اور) تیرے حق میں بُرائی ہو　　اُسکے حق میں وہ شہد ہے (اور) تیرے حق میں زہر ہے

در حقِ[2] اُو نور در حقِ تو نار　　در حقِ اُو وَرْد در حقِ تو خار

تیرے حق میں وہ نور ہے اُسکے حق میں آگ ہے　　اُسکے حق میں وہ گُلاب کا پھول ہو تیرے حق میں وہ کانٹا ہو

در حقِ اُو نیک در حقِ تو بَد　　در حقِ اُو خوب در حقِ تو رَد

اُسکے حق میں وہ اچھی ہے تیرے حق میں بُری ہے　　اُسکے حق میں وہ خوب ہے تیرے حق میں مردُود ہو

ما بَری از پاک و ناپاکی ہمہ　　از گراں جانی و چالاکی ہمہ

ہم پاکی اور ناپاکی سب سے منزہ ہیں　　سُستی اور چُستی سب سے (منزہ ہیں)

من نکردم[3] امر تا سُودے کُنم　　بلکہ تا بر بندگاں جودے کُنم

میں نے حکم اس لئے نہیں دیا کہ کوئی فائدہ اُٹھاؤں　　بلکہ اس لئے کہ بندوں پر بخشش کروں

ہندیاں را اِصطلاحِ ہند مدح　　سندیاں را اِصطلاحِ سِند مدح

ہندوستان والوں کیلئے ہندوستان کی اِصطلاح تعریف ہے　　سندھیوں کے لئے سندھ کی اِصطلاح تعریف ہے

من نگردم پاک از تسبیحِ شاں　　پاک ہم ایشاں شوند دُر فشاں

میں اُن کی تسبیح سے پاک نہیں بنتا ہوں　　وہی پاک اور موتی برسانیوالے بن جاتے ہیں

مستحق ہوتے ہیں۔ ہندیاں۔ ہر ملک والے اپنی لغت اور اِصطلاح میں تعریف کر سکتے ہیں۔ نگردم۔ اللہ تعالےٰ بندوں کی تسبیح سے پہلے ہی پاک ہے۔ دُر فشاں۔ اللہ تعالیٰ کی تسبیح موتی کے دانے ہیں۔

[1] جدا۔ یعنی ذکر سے جو اسے قرب حاصل تھا وہ نہ رہا۔ وصل۔ انبیاء کی بعثت کا مقصد مخلوق کو خالق سے وابستہ کرنا ہے۔ الطلاق۔ حدیث شریف ہے۔ اَبْغَضُ الْحَلَالِ عِنْدَ اللّٰہِ الطَّلَاقُ۔ حلال چیزوں میں سے طلاق اللہ کو سب سے زیادہ ناپسند ہے، طلاق سے میاں بیوی میں فراق ہوتا ہے۔ ہر کسے۔ ہر انسان اپنی استعداد اور اپنے مروجہ الفاظ میں تعریف کرتا ہے جبکہ دل میں عقیدت ہے تو اس کی تعریف بہر حال مقبول ہے اور اس کی وہ حمد اسکے لئے باعثِ تعریف ہے ایک عامی انسان اگر اپنی استعداد کے مطابق جو تعریف کرتا ہے اگر وہ تم جیسا پڑھا لکھا بولے تو اس کے لئے وہ بُرائی ہے۔

[2] در حق۔ حضورؐ نے ایک لونڈی سے دریافت کیا، خدا کہاں ہے تو اس نے جواب دیا آسمانوں میں ہے تو یہ کہنا اس کے لئے نور بنا آنحضورؐ نے اس کا اسلام معتبر مانا اگر یہی جملہ ایک عالم فاضل کہے تو کفر ہے جو موجبِ نار ہے۔ رَد۔ مردود۔ ما بری۔ انسان تقدیس و تسبیح میں جو کچھ بھی کہتا ہے اللہ کی ذات اس سے بلند ہے لہٰذا اب جو بھی کچھ کہے اس کو نہ روکو۔

[3] من نکردم۔ اللہ تعالےٰ کے احکام کی پابندی میں اللہ کا کوئی فائدہ نہیں ہے بلکہ بندے پابندی کر کے رحم و کرم کے

ما بروں را ننگریم و قال را | ما دروں را بنگریم و حال را
ہم ظاہر اور قول کو نہیں دیکھتے ہیں | ہم باطن کو اور حالت کو دیکھتے ہیں

ناظرِ قلبیم اگر خاشع بود | گرچہ گفت لفظ ناخاضع بود
ہم قلب کو دیکھنے والے ہیں اگر وہ عاجزی کرنیوالا ہو | اگرچہ لفظی گفتگو عاجزی کی نہ ہو

زاں کہ دل جوہر بود گفتن عرض | پس طفیل آمد عرض جوہر غرض
اس لئے کہ دل جوہر ہے اور کہنا عرض ہے | تو عرض ضمنی چیز ہے، جوہر مقصود ہے

چند ازیں الفاظ و اضمار و مجاز | سوز خواہم سوز با آں سوز ساز
یہ کب تک بولنا اور دل میں چھپانا اور مجاز کب تک! | میں سوز ہی سوز چاہتا ہوں، سوز سے موافقت کر

آتشے از عشق در جاں برفروز | سر بسر فکر و عبارت را بسوز
عشق کی آگ، جان میں روشن کر | (فورًا) فکر اور عبارت کو بالکل جلا دے

موسیا آداب داناں دیگر اند | سوختہ جان و رواناں دیگر اند
اے موسیٰ! آداب جاننے والے دوسرے ہیں | سوختہ جان اور سوختہ روح دوسرے ہیں

عاشقاں را ہر زماں سوزید نیست | بردہ ویراں خراج و عشر نیست
عاشقوں کو ہر وقت جلنا ہے | اجاڑ گاؤں پر خراج اور عشر نہیں ہے

ور خطا گوید ورا خاطی مگو | گر بود پر خوں شہید آں را مشو
اگر وہ غلط بات کہتا ہے تو اس کو خطا وار نہ کہہ | اگر شہید خون میں لتھڑا ہو اس کو نہ دھو

خوں شہیداں را ز آب اولیٰ تر است | ایں خطا از صد صواب اولیٰ تر است
شہیدوں کے لئے خون پانی سے بہتر ہے | یہ غلطی تو صحیح چیزوں سے زیادہ اچھی ہے

در درونِ کعبہ رسم قبلہ نیست | چہ غم ار غواص را پاچیلہ نیست
کعبہ کے اندر قبلہ (رخ ہونے) کی رسم نہیں ہے | اگر غوطہ خور کے پاس چپل نہیں ہیں تو کیا غم ہے؟

تو ز سر مستاں قلاوزی مجو | از رفو مر جامہ چاکاں را مگو
تو مستوں سے رہنمائی کی توقع نہ کر | جامہ چاک لوگوں سے رفو کی فرمائش نہ کر

ملتِ عشق از ہمہ ملت جدا ست | عاشقاں را مذہب و ملت خدا ست
عشق کا مذہب تمام مذہبوں سے جدا ہے | عاشقوں کا مذہب اور دین (اللہ تعالیٰ) ہے

کر جی چاہے رخ کرکے نماز پڑھ سکتا ہے۔ پاچیلہ۔ چپل۔ قلاوزی۔ رہنمائی۔ ملتِ عشق۔ مطلب عاشق کی صرف ذاتِ باری کی طرف توجہ ہوتی ہے مذہبی رسوم و قیود کی پابندی نہیں ہوتی۔

لہ ما بروں۔ حدیث شریف میں ہے۔ اللہ تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتا ہے وہ تمہاری نیتوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔ خاشع۔ عاجزی کرنیوالا۔ خاضع۔ خاکساری کرنیوالا۔ جوہر۔ خود قائم رہنے والی چیز۔ عرض۔ دوسرے کے سہارے قائم رہنے والی چیز۔ غرض یعنی اصل مقصد۔

ئلہ الفاظ جو منہ سے بولا جائے۔ اضمار۔ دل میں کسی بات کا رکھنا۔ مجاز۔ لفظ کے حقیقی معنی چھوڑ کر دوسرے معنی۔ یعنی انسان کی تقریر و کلام میں یہ سب باتیں ہوتی ہیں۔ موسیا۔ اے موسیٰ۔ آداب داناں۔ عارفین کاملین۔ سوختہ یعنی وہ لوگ جن کی سوزشِ عشق خداوندی میں جل بھن گئی ہیں۔ بردہ یعنی ویران گاؤں سے کوئی ٹیکس وصول نہیں کیا جاتا ہے بلکہ معاف کر دیا جاتا ہے اسی طرح عاشقوں سے رسوم کی پابندی کا مطالبہ نہیں کیا جاتا ہے۔

ٹلہ ور خطا۔ جذبۂ عشق میں اللہ کی شان میں نامناسب الفاظ بھی اللہ کو پسند ہیں جس طرح خون نجس ہے لیکن شہید کا خون اللہ تعالیٰ نے پاک قرار دیا ہے اس کو دھلایا نہیں جاتا ہے۔ خوں۔ خون آلودہ شہید پانی سے غسل دیئے ہوئے دوسرے مردوں سے افضل ہے۔ در درون۔ جب انسان بیت اللہ کے اندر پہنچ کر نماز پڑھے تو وہ

لعل را گر مُہر نبود باک نیست ۔ عاشق از دریائے غم غمناک نیست

لعل پر اگر ٹھپہ نہیں ہے، پروا نہیں ہے ۔ عاشق غم کے دریا سے غمگین (نہیں ہوتا) ہے

## وحی آمدن بموسیٰ علیہ السلام در عُذر خواستن آں شباں

(حضرت) موسیٰ علیہ السلام پر وحی آنا اس گڈریے سے معذرت کے سلسلہ میں

بعد ازاں در سِرّ موسیٰ حق نہفت ۔ رازہائے گفت کاں ناید بگفت

اسکے بعد اللہ تعالیٰ نے (حضرت) موسیٰ کے باطن میں مخفی کر دیئے ۔ بات کے وہ راز جو بیان نہیں کئے جا سکتے

بر دلِ موسیٰ سخنہا ریختند ۔ دیدن و گفتن بہم آمیختند

(حضرت) موسیٰ کے دل میں بہت سی باتیں ڈال دیں ۔ مشاہدہ اور گفتگو کو آپس میں ملا دیا

چند بیخود گشت و چند آمد بخود ۔ چند پرید از ازل سوئے ابد

چند بار، بیہوش ہوئے چند (بار) ہوش میں آئے ۔ چند (بار) ازل سے ابد تک پرواز کی

بعد ازیں گر شرح گویم ابلہی ست ۔ زاں کہ شرحِ ایں ورائے آگہی ست

اسکے بعد اگر میں تشریح کروں تو بیوقوفی ہے ۔ اس لئے کہ اس کی تشریح عقل سے بالاتر ہے

ور بگویم عقلہا را بر کند ۔ ور نویسم بس قلمہا بشکند

اگر میں کہہ دوں تو عقلوں کو زائل کر دے ۔ اگر میں لکھوں تو قلموں کو توڑ دے

ور بگویم شرحہائے معتبر ۔ تا قیامت باشد ایں بس مختصر

اگر میں اس کی تفصیل بھروسہ کے ساتھ بیان کروں ۔ قیامت تک (بھی)، وہ بہت مختصر (بیان) ہوگی

لاجرم کوتاہ کردم من زباں ۔ گر تو خواہی از درونِ خود بخواں

مجبوراً میں نے زبان کوتاہ کر لی ۔ اگر تو چاہتا ہے اپنے اندر (سے) پڑھ لے

چونکہ موسیٰ ایں عتاب از حق شنید ۔ در بیاباں از پئے چوپاں دوید

جب (حضرت) موسیٰ نے یہ ناراضی اللہ سے سنی ۔ جنگل میں گڈریئے کے پیچھے بھاگے

بر نشانِ پائے آں سرگشتہ راند ۔ گرد از پرّہ بیاباں بر فشاند

اس دیوانے کے نقشِ قدم پر روانہ ہوگئے ۔ بیابان کے دامن سے گرد اڑائی

گامِ پائے مردمِ شوریدہ خود ۔ ہم ز گامِ دیگراں پیدا بود

دیوانوں کے پیروں کی رفتار ۔ دوسروں کی رفتار سے جدا ہوتی ہے

یک قدم چوں رُخ ز بالا تا نشیب ۔ یک قدم چوں پیل رفتہ بر وریب

ایک قدم رُخسار کی طرح اوپر سے نیچے کو ۔ ایک قدم ہاتھی کی طرح آڑا ترچھا

---

۱؎ لعل۔ لعل اگر مہر یعنی ٹھپے اور سکے کی ضرورت نہیں وہ خود قیمتی ہے۔ سِر۔ باطن۔ دیدن و گفتن۔ یعنی مشاہدہ کے ساتھ گفتگو۔ چند یعنی حضرت موسیٰؑ کو ارادہ حاصل ہوا اور بہت سے انکشافات ہوئے۔ بعد ازیں۔ عالم ملکوت کے احوال بیان اور عقل سے بالاتر ہیں۔ ور بگویم ذات باری کی صفات کا بیان عقلوں اور تحریروں کے بس کا نہیں ہے۔

۲؎ لاجرم۔ وہ کیفیات خود اپنے اوپر طاری کر تب کچھ معلوم ہو سکے گا۔ چوپاں۔ وہ گڈریا جس کو حضرت موسیٰؑ نے ڈانٹا تھا۔

۳؎ گام پائے۔ دیوانوں کے قدم بھی آڑے ترچھے پڑتے ہیں۔

گاہ چوں موجے برافرازاں علم — گاہ چوں ماہی روانہ بر شکم
کبھی موج کی طرح جھنڈا بلند کئے ہوئے — کبھی مچھلی کی طرح پیٹ کے بل رواں

گاہ بر خاکے نوشتہ حالِ خود — ہمچو رمالے کہ رملے بر زند
کبھی خاک پر اپنا حال لکھا — رمال کی طرح جو رمالی کرتا ہے

گاہ حیراں ایستادہ گہ دواں — گاہ غلطاں ہمچو گوی از صولجاں
کبھی حیران کھڑا ہوا، کبھی دوڑتا ہوا — کبھی لڑھکتا ہوا جیسے بلے سے گیند

عاقبت دریافت اورا و بدید — گفت مژدہ دہ کہ دستورے رسید
انجام کار اس کو پالیا اور دیکھا — فرمایا مبارک ہو، اجازت آگئی ہے

ہیچ آدابے و ترتیبے مجو — ہر چہ می خواہد دلِ تنگت بگو
کوئی ادب اور ترتیب نہ تلاش کر — جو تیرا تنگ دل چاہے، کہتا رہ

کفرِ تو دین ست و دینت نورِ جاں — ایمنی از تو جہانے در اماں
تیرا کفر دین ہے اور تیرا دین جان کا نور ہے — تو امن میں ہے (اور) تیری وجہ سے ایک جہان امن میں ہے

اے معافِ یفعل اللہ ما یشاء — بے محابا رو زباں را برگشا
اے "یفعل اللہ ما یشاء" کے معافیدار — جا، بے تامل زبان کھول

گفت اے موسیٰ ازاں بگذشتہ ام — من کنوں در خونِ دل آغشتہ ام
کہا، اے موسیٰ اس سے میں گذر چکا ہوں — اب میں دل کے خون میں آلودہ ہوں

من ز سدرہ منتہیٰ بگذشتہ ام — صد ہزاراں سالہ زاں سو گشتہ ام
میں سدرۃ المنتہیٰ سے گذر گیا ہوں — لاکھوں سال (کی مسافت) اس سے آگے کی جانب چلا گیا ہوں

تازیانہ برزدی اسپم بگشت — گنبدی کرد و ز گردوں بر گذشت
تو نے کوڑا مارا میرا گھوڑا مڑ گیا — جست لگائی اور آسمان سے پار ہو گیا

محرمِ ناسوتِ ما لاہوت باد — آفریں بر دست و بر بازوت باد
خدا کرے، ہمارے ناسوت کا لاہوت محرم بنے — تیرے دست و بازو کو شاباش ہے

حالِ من اکنوں بروں از گفتن ست — آنچہ می گویم نہ احوالِ من ست
اب میری حالت بیان سے باہر ہے — جو کچھ میں کہہ رہا ہوں یہ میرے احوال نہیں ہیں

نقش می بینی کہ در آئینہ ایست — نقشِ تست آں نقشِ آں آئینہ نیست
تو جو نقش آئینہ میں دیکھتا ہے — وہ تیرا نقش ہے وہ نقش اس آئینہ کا نہیں ہے

---

ف گاہ۔ دیوانہ کبھی سر اٹھائے بھاگتا نظر آئے کبھی پیٹ کے بل سرکتا ہوا جیسے مجنوں لیلیٰ کا نام زمین پر لکھتا پھرتا تھا۔ عاقبت بالآخر وہ گذریا حضرت موسیٰ کو مل گیا حضرت موسیٰؑ نے فرمایا تجھے اسی طریقہ پر مناجات کی اجازت مل گئی ہے جو بھی تیری زبان پر آئے کہتا رہ۔ کفر تو۔ دوسروں کے لئے اگرچہ وہ کلمات کفریہ ہوں لیکن تیرے لئے عین دین ہے۔ تجھے خدا کی طرف سے امن حاصل ہے اور تیری وجہ سے دنیا کو بھی امن حاصل ہے۔ یفعل اللہ ما یشاء۔ خدا جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے، تجھے ان کلمات کی اجازت دیدی ہے۔ ازاں۔ یعنی مقامِ مناجات۔

ف سدرۃ المنتہیٰ۔ ساتویں آسمان پر بیری کے درخت جیسا کوئی درخت ہے جو حضرت جبرئیلؑ تک کی پرواز کی آخری حد ہے۔ یعنی اب میں اپنے اس مقام سے گذر گیا جہاں غلبۂ حال میں نامناسب الفاظ استعمال کئے تھے۔ تازیانہ۔ میری طبیعت کے لئے آپ کی تنبیہ ایک تازیانہ ثابت ہوئی۔ ناسوت۔ عالمِ اجسام۔ لاہوت۔ عالمِ ذاتِ الٰہی جس میں پہنچ کر سالک کو فنا کا مقام حاصل ہو جاتا ہے۔ حالِ من۔ ذوقی حالت کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

ف نقش می بینی۔ حضرت مولانا اشرف علی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان اشعار کا تعلق شاہ [illegible] گریہ [illegible]

دَم کہ مَردِ نائی اندر نائے کرد ۔۔۔ درخورِ نایست نے درخوردِ مَرد

نَے بجانے والے نے جو پھونک نَے میں بھری ۔۔۔ وہ نَے کے مناسب ہے نہ کہ (نَے بجانے والے) مرد کے مناسب

ہاں و ہاں گر حمد گوئی و سپاس ۔۔۔ ہمچو نافرجامِ آں چوپاں شناس

خبردار خبردار تو جو شکرگزاری اور تعریف کرے ۔۔۔ اُس نالائق گڈریے کی سی سمجھ

حمدِ تو نسبت بتو گر بہترست ۔۔۔ لیک آں نسبت بحق ہم ابترست

تیرا تعریف کرنا تیرے اعتبار سے اگرچہ بہتر ہے ۔۔۔ لیکن وہ اللہ (تعالیٰ) کی نسبت سے ناقص ہے

کاشکے بہتر نبودے مَر ترا ۔۔۔ دردِ او و سوز بودے مَر ترا

کاشکہ تیری (وہ) بہتر (دُعا) نہ ہوتی ۔۔۔ اُس کا درد اور سوز تیرے لئے (حاصل) ہوتا

چند گوئی چوں غِطا بر داشتند ۔۔۔ کایں نبودست آنچہ می پنداشتند

جب پردہ اُٹھا دیں گے، تو کتنا کہے گا؟ ۔۔۔ جو اُنھوں نے (خدا کے بارے میں) تصور کیا تھا وہ یہ نہ تھا

ایں قبولِ ذکرِ تو از رحمت است ۔۔۔ چوں نمازِ مستحاضہ رخصت است

تیرے ذکر کو قبول کر لینا رحمت ہے ۔۔۔ جیسے استحاضہ والی کی نماز جائز ہے

با نمازِ او بیالودست خوں ۔۔۔ ذکرِ تو آلودۂ تشبیہ و چگوں

اُس کی نماز سے خون وابستہ ہے ۔۔۔ تیرا ذکر (اللہ) کرنا تشبیہ اور مثال سے آلودہ ہے

خوں پلیدست و بآبے می رَود ۔۔۔ لیک باطن را نجاستہا بُوَد

خون ناپاک ہے اور پانی سے دُھل جاتا ہے ۔۔۔ لیکن باطن میں وہ نجاستیں ہوتی ہیں

کاں بغیرِ آبِ لُطفِ کردگار ۔۔۔ کم نہ گردد از درونِ مَردِ کار

جو خدا کی مہربانی کے پانی کے بغیر ۔۔۔ کام کرنے والے کے باطن سے نہیں دُھلتیں

در سجودت کاشکے رُو گردانیے ۔۔۔ معنیٔ سُبحَانَ رَبّیْ دانیے

کاش تو سجدے میں رُخ پھیرتا ۔۔۔ "اے میرے رب تو پاک ہے" کے معنیٰ جان لیتا

کاے سجودم چوں وجودم ناسزا ۔۔۔ مَر بدی را تو نکوئی دہ جزا

یعنی اے خدا! میرا سجدہ میرے وجود کی طرح (تیرے) لائق نہیں ۔۔۔ تو بُرائی کا بدلہ بھلائی سے عطا فرما

ایں زمیں از حلمِ حق دارد اثر ۔۔۔ تا نجاست بُرد و گُلہا داد بر

اِس زمین میں اللہ (تعالیٰ) کی بُردباری کا اثر ہے ۔۔۔ کہ گندگی کو ختم کر دیا اور پھول نتیجہ میں دیئے

---

میرا سجدہ بھی تیرے لائق نہیں اور یہ سجدہ تیری خدمت میں پیش کرنا گستاخی ہے لیکن تیری ذات وہ ہے جو بُرائی کا بدلہ بھلائی سے دیتی ہے۔ قرآن پاک میں ہے۔ یُبَدِّلُ اللّٰہُ سَیِّئَاتِہِمْ حَسَنَات۔ اللہ اُن کی بُرائیوں کو بھلائیوں میں تبدیل کر دیتا ہے۔ ایں زمیں۔ زمین اللہ کی صفت حلم سے متصف ہے۔

لہ دَم کرد۔ اللہ تعالیٰ تو اس پر قادر ہیں کہ اپنی تعریف اپنی شان کے مطابق کر دیں لیکن ہماری استعداد اُس کو قبول نہیں کر سکتی ہے جس طرح نَے بجانے والا اپنی طاقت کے اعتبار سے نَے میں پھونک نہیں بھرتا ہے ورنہ اُس کے پھندے پھٹ جائیں نَے کے لحاظ سے پھونکتا ہے۔ ہاں و ہاں۔ ہم جو بھی تعریف کرتے ہیں وہ گڈریئے کی طرح کی تعریف کرتے ہیں۔ ابتر۔ ناقص ہماری تعریف خدا کے اعتبار سے ناقص ہے۔

ےک کاشکے۔ جو تعریف تمہارے اعتبار سے بہتر بھی ہے کاش اُس کی بجائے تمہارے دل میں سوز و گداز ہو۔ چند گوئی۔ قیامت میں جب حجابات رفع ہو جائیں گے تو تمہیں پتہ چل جائیگا کہ ذاتِ باری وہ نہ تھی جو تم نے سمجھی تھی۔ ایں قبول۔ ہماری ناقص تعریف کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے قبول کرتا ہے جس طرح کہ مستحاضہ کی نماز کو باوجود طہارت نہ ہونے کے قبول کر لیتا ہے۔ تشبیہ و چوں ہم جس قدر تعریفیں کرتے ہیں اُن میں لامحالہ تشبیہات اور مثالیں ہوتی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی شان کے مناسب نہیں ہیں اُن کی ناپاکی مستحاضہ کے خون سے بھی زیادہ ہے۔

ےک کاں۔ باطنی نجاست صرف رحمت کے پانی سے ہی دُھل سکتی ہے۔ کاے۔ یعنی سجدہ میں سُبحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کے معنی یہ ہیں کہ بندہ عرض کرتا ہے کہ

تا بپوشد اُو پلیدیہائے ما ¹ — در عوض بر روید از وے غنچہا

یہاں تک کہ وہ ہماری پلیدیوں کو چھپا لیتی ہے — بدلے میں اُس سے غنچے کھلتے ہیں

پس چو کافر دید کو در داد و جُود — کمتر و بے مایہ تر از خاک بُود

تو کافر جب دیکھے گا کہ وہ عطا اور بخشش میں — مٹی سے بھی کمتر اور تہی دست تھا

از وجودِ اُو گُل و میوہ نہ رُست — جز فسادِ جملہ پاکیہا نجُست

اُس کے وجود سے پھول اور میوہ نہ اُگا — پاکیوں کو خراب کرنے کے علاوہ اُس نے کچھ نہ کیا

گفت واپس رفتہ ام من در ذہاب — حسرتا یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَاب

کہے گا میں نے اُلٹی چال چلی ہے — افسوس! کاش میں مٹی ہوتا

کاش از خاکے سفر نگزیدمے — ہمچو خاکے دانۂ می چیدمے

کاش میں مٹی (ہونے) سے ترقی نہ کرتا — مٹی کی طرح بیج کو چن لیتا

چوں ² سفر کردم مرا رہ آزمود — زیں سفر کردن رہ آوردم چہ بود

جب میں نے ترقی کی مجھے راستے نے آزمایا — اِس ترقی سے مجھے کیا تحفہ ملا!

زاں ہمہ میلش سوئے خاکست کو — در سفر سُودے نہ بیند پیش رُو

اِسی وجہ سے اُس کا میلان مٹی کی طرف ہے کیونکہ وہ — ترقی میں کوئی فائدہ نہیں دیکھتا ہے

روئے واپس کردنش از حرص و آز — در رہِ اُو ہیچ نہ صدق و نیاز

اُس کا واپسی کی طرف رُخ کرنا حرص اور لالچ کی وجہ سے ہے — اُس کے راستہ میں کوئی سچائی اور عاجزی نہیں ہے

ہر گیا را کِش بود میلِ عُلا — در مزید ست و حیات و نما

جس گھاس کا میلان بلندی کی طرف ہوتا ہے — وہ بڑھوتری اور زندگی اور (نشو) نما میں ہے

چونکہ گردانید سَر سُوئے زمیں — در کمی و خشکی و نقص و غبیں

چونکہ اُس نے زمین کی طرف رُخ کیا — وہ گھٹاؤ اور خشکی اور نقصان اور ٹوٹے میں ہے

میلِ ³ روحت چوں سوئے بالا بود — در تزاید مرجعت آں جا بود

تیری روح کا میلان جب (عالمِ) بالا کی طرف ہو — ترقی میں تیرا مرجع وہی ہوگا

ور نگونساری سَرت سوئے زمیں — آفلی حق لَا اُحِبُّ الْاٰفِلِیْن

اگر تو اوندھا ہے تیرا سر زمین کی طرف ہے — تو غروب کر جانے والا ہے یقیناً میں غروب کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ہوں

---

ور نگونساری۔ جب روح اوندھی ہو جاتی ہے تو زمین پر دابستہ ہونے کی خواہش کرتی ہے۔ حق۔ دراصل حقاً تھا۔

¹ پلید یہاں کھاد میں نجاستیں ہوتی ہیں۔ دید۔ جیند قیامت میں کافر دیکھے گا کہ وہ زمین سے بھی بدتر ہے زمین بُرائی کا بدلہ بھلائی سے دیتی ہے اور اُس نے اللہ کی نعمتوں کے بدلے میں کفر کیا۔ جز فساد۔ زمین نے ناپاک کو پاک بنایا کافر نے پاکیوں کو ناپاک کیا۔ گفت۔ یعنی قیامت میں حسرت سے کہیگا کاش میں مٹی ہوتا کہ بُرائی کا بدلہ بھلائی سے دیتا۔ سفر۔ جمادات سے ترقی کرکے نباتاتی درجہ میں آتی ہے۔ دانہ۔ زمین میں بیج گرایا جاتا ہے تو وہ بدلے میں پھول اُگاتی ہے۔

² چوں سفر۔ سفر کی حالت میں انسان کی صحیح فطرت ظاہر ہو جاتی ہے یعنی مجھے ترقی سے کوئی فائدہ حاصل ہوا نہ آورد۔ ہمہ سفر میلش یعنی اُس کا کہنا یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا کاش میں مٹی ہوتا۔ روئے واپس یعنی مٹی بن جانے کی خواہش عجز اور نیاز سے ہو تو اللہ کو پسند ہے جیسا کہ بعض بزرگوں سے اس کا اظہار ہوا ہے۔ ہر گیا۔ کافر کے مٹی بننے کی خواہش کی مثال یہ کہ گھاس میں جب تک نشو و نما ہے بڑھنے اور اوپر جانے کی خواہش ہے جب مُرجھا جاتی ہے تو اُس کا نیچے کی طرف جھکاؤ ہو جاتا ہے۔

³ میل روحت۔ روحِ انسانی کو جب اوپر جانے کی خواہش ہوتی ہے تو اوپر جانے میں اُس کو ترقی حاصل ہوتی ہے

## پرسیدن موسیٰ علیہ السلام از سرِ غلبۂ ظالماں

(حضرت) موسیٰ علیہ السلام کا ظالموں کے غلبہ کے راز کا سوال کرنا

گفت موسیٰؑ اے کریمِ کارساز　　اے کہ یک دم ذکرِ تو عمرِ دراز

(حضرت) موسیٰؑ نے عرض کیا اے کارساز کریم! اے (وہ ذات) جس کا ایک لمحہ ذکر کرنا عمر دراز ہے

نقشِ کژمژ دیدم اندر آب و گل　　چوں ملائک اعتراضے کرد دل

میں نے عالمِ آب و گل میں بہت سی آڑی ترچھی تصویریں ملائک کی طرح دل نے اعتراض کیا ہے

کہ چہ مقصود ست نقشے ساختن　　واندرو تخمِ فساد انداختن

کہ اس میں کیا مقصود ہے؟ کہ ایک نقش بنانا اور اس میں فساد کا بیج بو دینا

آتشِ ظلم و فساد افروختن　　مسجد و سجدہ کناں را سوختن

ظلم اور فساد کی آگ بھڑکانا مسجد اور سجدہ کرنے والوں کو پھونکنا

مایۂ خونابہ و زردابہ را　　جوش دادن از برائے لابہ را

خون اور پیپ کے ذخیرے کو دل لگی کے لئے جوش دینا

من یقیں دانم کہ عینِ حکمت ست　　لیک مقصودم عیانِ رویت ست

میں بالیقیں جانتا ہوں کہ (یہ) بعینہ حکمت ہے لیکن میرا مقصد مشاہدہ ہے

آں یقیں می گویدم خاموش کن　　حرصِ رویت گویدم نے جوش کن

وہ یقین مجھ سے کہتا ہے، چپ رہ دیکھنے کی حرص مجھ سے کہتی ہے نہیں (سوال میں) جوش دکھا

مر ملائک را نمودی سرِ خویش　　کایں چنیں نوشے ہمی ارزد بہ نیش

تو نے فرشتوں پر اپنا راز ظاہر کر دیا کہ اس طرح کا شہد، ڈنک کے لائق ہے

عرضہ کردی نورِ آدمؑ را عیاں　　بر ملائک گشت مشکلہا بیاں

تو نے آدمؑ پر علم کھلم کھلا پیش کر دیا فرشتوں کے اشکالات حل کر دیئے

حشرِ تو گوید کہ سرِ مرگ چیست　　میوہا گویند سرِ برگ چیست

تیرا حشر بتا دے گا کہ موت کا کیا راز ہے؟ میوے بتلاتے ہیں کہ پتوں (کے ہونے) کا کیا راز ہے؟

سرِ خون و نطفہ حسنِ آدمی ست　　سابقِ ہر بیشی آخر کمی ست

خون اور نطفہ کا راز، آدمی کا حسن ہے ہر بیشی سے پہلے کمی ہوتی ہے

---

حصول کا سبب بنے۔ برگ۔ پتّے بظاہر بیکار ہیں لیکن جب وہ پھل کی گرمی اور سردی سے حفاظت کر کے پکاتے ہیں تو ان کی پیدائش کی حکمت معلوم ہوتی ہے۔ سرِ خون۔ انسانی قوام کا حسن جب ظاہر ہوتا ہے جب اُس سے انسان نوجوان اور حسین بن جاتا ہے۔ سابق۔ ناقص چیز کمال حاصل کرتی ہے۔

لہ یک دم۔ تھوڑا سا وقفہ جس میں ذکرِ الٰہی ہو، درازیٔ عمر کے قائم مقام ہے۔ کژمژ۔ یعنی سمجھ میں نہ آنیوالی چیزیں۔ چوں ملائک۔ آدمؑ کی تخلیق پر فرشتوں کا سوال و اعتراض معاندانہ نہ تھا بلکہ حکمت سمجھنے کے لئے تھا کہ چہ مقصود دنیا کی چیزوں میں بھلائی کے ساتھ برائی کا پہلو بھی ہے۔ آتش۔ کفر کا غلبہ ہوتا ہے تو اس میں فساد، مسجدوں کی ویرانی، سجدہ کرنیوالوں کا قتل عام ہوتا ہے۔ لہ مایہ۔ انسان کی تخلیق، منی اور خون سے ہوتی ہے پھر وہ ظلم و فساد کے کھیل کھیلتا ہے۔ عیانِ رویت۔ صاف دیکھنا۔ آں یقین۔ یعنی یہ یقین کہ اس میں اللہ کی کوئی حکمت ہے۔ جوش کن۔ یعنی جوش و خروش سے سوال کر۔ کایں چنیں۔ فرشتوں کو سمجھا دیا تھا کہ انسان کے متضاد قوتوں ہی خلافتِ خداوندی کے اہل اور صفاتِ الٰہی کا مظہر ہو سکتے ہیں۔ نوش۔ یعنی خلافت۔ نیش۔ انسان کی فطرت جس میں فتنہ و فساد بھی مضمر ہے۔ نورِ آدمؑ۔ علمِ آدمؑ۔ مشکلہا۔ یعنی آدمؑ کی خلافت پر جو اشکالات تھے۔ لہ حشرِ تو۔ حضرت موسیٰؑ کے سوال کا جواب ہے کہ ہر چیز کی خوبی اس کے انجام سے ظاہر ہوتی ہے، قیامت میں معلوم ہو گا کہ موت جیسی تلخ چیز کے پیدا کرنے میں خدا کی حکمت یہ تھی کہ وہی اخروی نعمتوں کے

لوحِ[1] را اوّل بشوید بے وقوف ۔۔۔ آنگہے بروے نویسد اُو حروف
ناواقف (بچہ) پہلے تختی دھو دیتا ہے ۔۔۔ پھر اُس پر حروف لکھتا ہے

خوں کُند دل را ز اشکِ مُستہاں ۔۔۔ بر نویسد بروے اَسرارِ نہاں
(سالک) بے وقت آنسوؤں سے دل کو خون کرتا ہے ۔۔۔ (پھر) اُس پر پوشیدہ راز لکھتا ہے

وقتِ بشُستن لَوح را باید شناخت ۔۔۔ کہ مر آں را دفترے خواہند ساخت
دھوتے وقت تختی کو پہچان لینا چاہیے ۔۔۔ کہ اُس کو ایک دفتر بنائیں گے

چوں اساسِ خانۂ می افگنند ۔۔۔ اوّلیں بنیاد را بر می کَنند
جب کسی گھر کی بنیاد رکھتے ہیں ۔۔۔ پہلے نیو کھودتے ہیں

گِل برآرند اوّل از قعرِ زمیں ۔۔۔ تا بآخر بر کشی ماءِ مَعیں
پہلے زمین کی گہرائی سے مٹی کھودتے ہیں ۔۔۔ تاکہ تو آخر میں پانی کھینچے

از حجامت[2] کودکاں گریند زار ۔۔۔ کہ نمی دانند ایشاں سِرِّ کار
پچھنوں سے بچے زار زار روتے ہیں ۔۔۔ کیونکہ وہ کام کے راز سے واقف نہیں ہیں

مرد خود زر می دہد حجّام را ۔۔۔ می نوازد نیشِ خوں آشام را
مرد (باپ) پچھنے لگانے والے کو روپیہ دیتا ہے ۔۔۔ خون چوسنے والے نشتر کو نوازتا ہے

می دَوَد حمّال در بارِ گراں ۔۔۔ میرُباید بار را از دیگراں
بھاری بوجھ لئے ہوئے قُلی دوڑتا ہے ۔۔۔ دوسرے (قلیوں) سے بوجھ چھینتا ہے

جنگِ حمّالاں برائے بار بیں ۔۔۔ ایں چنیں ست اجتہادِ مردِ دیں
بوجھ کے لئے قلیوں کی جنگ پر غور کر ۔۔۔ دیندار کی کوشش اس طرح کی ہے

چوں گرانیہا اساسِ رحمت ست ۔۔۔ تلخہا ہم پیشوائے نعمت ست
جبکہ گرانیاں، رحمت کی بنیاد ہیں ۔۔۔ تلخیاں بھی رحمت کا پیش خیمہ ہیں

حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِمَكْرُوهَاتِنَا ۔۔۔ حُفَّتِ النِّيرَانُ مِنْ شَهَوَاتِنَا
جنت ہماری ناپسندیدہ چیزوں سے گھیر دی گئی ہے ۔۔۔ (اور) جہنم ہماری مرغوب چیزوں سے گھیر دی گئی ہے

تخمِ[3] مایۂ آتشت شاخِ ترست ۔۔۔ سوختۂ آتش قرینِ کوثرست
تیری آگ کا سرمایہ تر شاخ ہے ۔۔۔ آگ کا جلا ہوا کوثر کے پاس ہے

ہر کہ در زنداں قرینِ محنتے ست ۔۔۔ آں جزائے لذّتے و شہوتے ست
جو قید خانہ میں محنت میں مبتلا ہے ۔۔۔ وہ لذّت اور شہوت کی سزا ہے

---

[1] لوح را۔ یعنی ہر کی ہستی کا سبب ہے۔ تختی پر جب پہلے ہر چیز نشان مٹا دی جاتی ہے پھر اُس پر حسین نقش بنائے جاتے ہیں۔ خوں کند۔ انسان درد رو کر دل کو خون بنا دیتا ہے پھر اُس پر اسرار نمودار ہوتے ہیں۔ وقت بشستن۔ عقلمند انسان کی ہر مشکل کو سمجھ جاتا ہے۔ چوں اساس۔ نیا گھر بناتے ہیں تو پہلے پرانی بنیادوں کو اکھاڑ دیتے ہیں گل برآرند۔ پانی حاصل کرتے ہیں تو پہلے زمین کھودتے ہیں۔

[2] از حجامت۔ تخریب میں تعمیر کا راز مضمر ہے، پچھنے لگاتے ہیں تو تکلیف ہوتی ہے لیکن نتیجہ میں بیماریوں سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ می دود۔ بوجھ اٹھانے والا تکلیف برداشت کرتا ہے تو مزدوری پاتا ہے۔ مرد دیں۔ دیندار اپنے آپ کو تکالیف میں اسی لئے مبتلا کرتا ہے تاکہ بہترین نتائج حاصل کرے۔ چوں دنیا میں بھی تکلیفوں کے بعد راحتیں ہیں اور آخرت میں بھی جنت۔ انسان نفس کی خواہشوں کے خلاف کرتا ہے تو جنت پاتا ہے شہوتوں کی پیروی کرتا ہے تو جہنم ملتی ہے۔

[3] تخم مایہ۔ شاخ تر ہوتی ہے تو سکھا کر اس کو جلایا جاتا ہے جب جلتی ہے تو اس پر پانی ڈال کر بجھایا جاتا ہے۔ ہر کہ نفس کی لذتوں کے نتیجہ میں جہنم میں جانا پڑتا ہے۔

ہر کہ در قصرے[1] قرینِ دولتے ست — آں جزائے کارزار و محنتے ست

جو محل میں صاحبِ سلطنت ہے — وہ محنت اور جنگ کا بدلہ ہے

ہر کرا بینی بزر و سیم فرد — داں کہ اندر کسب کردن صبر کرد

جس کو تو چاندی اور سونے میں یکتا دیکھے — سمجھ لے اس نے کمائی میں صبر کیا ہے

بے سبب[2] بیند چو دیدہ شد گزار — تو کہ در حسی سبب را گوش دار

جب آنکھ (عالمِ اسباب سے) گذر جانیوالی بنجائے تو بغیر سبب کے دیکھتی ہے — تو حس کا پابند ہے سبب پر توجہ کر

آنکہ بیروں از طبائع جانِ اوست — منصبِ خرقِ سببہا آنِ اوست

جس کی جان (انسانی) طبائع سے باہر ہے — اسباب کو ترک کردینے کا مقام اسے حاصل ہے

بے سبب بیند نہ از آب و گیا — چشم چشمۂ معجزاتِ انبیا

بغیر سبب کے پانی اور گھاس کے بغیر دیکھتا ہو — کثرت سے انبیاء کے معجزات (جیسے)

ایں سبب[3] ہمچوں طبیب و علیل — ایں سبب ہمچوں چراغست و فتیل

یہ سبب ایسا ہے جیسے طبیب اور بیمار — یہ سبب چراغ اور بتی کی طرح ہے

شب چراغت را فتیلے نو بتاب — پاک داں زینہا چراغِ آفتاب

رات کو اپنے چراغ کے لئے نئی بتی بٹ لے — سورج کے چراغ کو ان سے پاک سمجھ

رو تو کہگل ساز بہرِ سقفِ خاں — سقفِ گردوں را ز کہگل پاکداں

گھر کی چھت کے لئے تو گارا تیار کرلے — آسمان کی چھت کو گارے سے پاک سمجھ

وہ کہ چوں دلدارِ ما غم سوز شد — خلوتِ شب در گذشت و روز شد

واہ واہ جب ہمارا محبوب غم کو ختم کرنیوالا بن گیا — رات کی تنہائی ختم ہوئی اور دن نکل آیا

جز بشب جلوہ نباشد ماہ را — جز بدردِ دل مجو دلخواہ را

چاند کا جلوہ رات کے سوا نہیں ہوتا — دردِ دل کے بغیر محبوب کی جستجو نہ کر

ترکِ عیسیٰ کردہ خر پروردہ — لاجرم چوں خر بروں پردہ

تو نے عیسیٰ کو چھوڑا ہے، گدھے کی پرورش کی ہے — لامحالہ تو گدھے کی طرح خیمہ کے باہر ہے

---

[3] ایں سبب۔ عام انسانوں کے لئے سبب کا اختیار کرنا ایسا ہی ضروری ہے جیسا کہ مریض کے لئے طبیب یا چراغ کے لئے بتی۔ چراغت۔ عام انسانوں کو سبب کا اختیار کرنا ضروری ہے۔ آفتاب۔ جو کاملین ہیں وہ اسباب اختیار کرنے سے پاک ہیں۔ رو تو۔ گھر کیلئے کہگل ضروری ہے ورنہ منہدم ہو جائیگا آسمان اس سے منزہ ہے یہی عوام اور خواص کا اسباب اختیار کرنے میں فرق ہے۔ وہ کہ۔ خواص کو یہ مقام حاصل ہے۔ جز بشب۔ چونکہ پہلے ہم رذائل سے پُر تھے لہٰذا ہم پر تجلی نہ ہوئی۔ ترک۔ خاص مقام اور تجلی نہ ہونے کی وجہ جسم پروری ہے۔ عیسیٰ یعنی روح، عقل۔ خر یعنی جسم، نفس۔ پردہ۔ بارگاہِ ربّ العزت۔

[1] در قصرے۔ جنگوں کی مشقتیں اور محنت برداشت کرنے سے ہی تختِ شاہی حاصل ہوتا ہے۔ ہر کرا۔ کمائی کی محنت پر صبر کرنے سے انسان دولت کا مالک بنتا ہے، غرضیکہ جب محنت اور مشقت کے بعد راحت ہے تو ظالموں کا ظلم چونکہ مظلوموں کی راحت کا سبب بنے گا تو ظالموں کی پیدائش میں حکمت ہے۔

[2] بے سبب۔ اوپر چونکہ مصائب اور تکالیف کو راحتوں کا سبب بتایا تھا اب اسباب اختیار کرنے کی بحث شروع کی ہے، جب تک انسان حواس کی قید و بند میں ہے اس کی نظر اسباب پر ہوتی ہے تو اس کو اسباب اختیار کرنا ضروری ہیں اور جب حواس سے آزاد ہو جاتا ہے تو ہر چیز کو بغیر اسباب کے قدرتِ الٰہی سے سمجھتا ہے تب اس کے لئے ترکِ اسباب جائز ہے۔ طبائع۔ یعنی جب ریاضت کے ذریعہ ظاہری حواس سے آزاد ہو جاتا ہے تو ظاہری سبب اس کی نگاہ میں نہیں ہوتا ہے اب اس کو یہ مقام حاصل ہو جاتا ہے کہ وہ اسباب کو ترک کر سکے۔ بیند۔ جس طرح انبیاء کے معجزات اسباب سے متعلق نہیں ہوتے بلکہ محض اللہ کی قدرت سے ان کا ظہور ہوتا ہے اسی طرح دیگر اشیاء کو بھی محض اللہ کی قدرت سے سمجھتا ہے، اسباب سے ان کو متعلق نہیں کرتا۔

طالعِ عیسیٰؑ ست علم و معرفت [1] — طالعِ خر نیست اے تو خر صفت
علم و معرفت عیسیٰؑ کا نصیب ہے — اے کہ تو گدھے جیسا ہے! گدھے کا نصیب نہیں ہے

نالۂ خر بشنوی رحم آیدت — پس ندانی خر خری فرمایدت
تو گدھے کا نالہ سنتا ہے، تجھے رحم آ جاتا ہے — تو نہیں جانتا ہے کہ گدھا تجھ سے گدھے پن کی فرمائش کرے گا

رحم بر عیسیٰؑ کن و بر خر مکن — طبع را بر عقل خود سرور مکن
عیسیٰؑ پر رحم کر اور گدھے پر نہ کر — نفس کو اپنی عقل کا سردار نہ بنا

طبع را هِل تا بگرید زار زار — تو ازو بستان و وامِ جاں گذار
نفس کو چھوڑ تاکہ وہ زار زار روئے — تو اُس سے وصولی کر اور جان کا قرض ادا کر دے

سالہا خر بندہ بودی بس بود — زانکہ خر بندہ ز خر واپس بود
تو سالوں گدھے کا غلام رہا ہے، کافی ہے — کیونکہ گدھے کا نوکر گدھے کے پیچھے رہتا ہے

زاَخِّرُوْهُنَّ [2] مرادش نفسِ تست — کو بہ آخر باید و عقلت نخست
اَخِّرُوْهُنَّ "ان کو پیچھے رکھو" سے تیرا نفس مراد ہے — کیونکہ وہ پیچھے ہونا چاہیے اور عقل پہلے

ہم مزاجِ خر شدست ایں عقلِ پست — فکرش اینکہ چوں علف آرم بدست
یہ پست عقل گدھے کے مزاج کی ہو گئی ہے — اُس کو بھی فکر ہے کہ چارہ کیونکر ہاتھ آئے

آں خرِ عیسیٰؑ مزاجِ دل گرفت — در مقامِ عاقلاں منزل گرفت
(حضرت) عیسیٰؑ کے گدھے نے دل کا مزاج حاصل کیا — عقلمندوں کے مقام میں جگہ پائی

زانکہ غالب عقل بود و خر ضعیف — از سوارِ زفت گردد خر نحیف
کیونکہ عقل غالب تھی اور گدھا کمزور تھا — بھاری سوار سے گدھا کمزور ہو جاتا ہے

خود [3] ز ضعفِ عقلِ تو اے خر بہا — ایں خرِ پژمردہ گشت ست اژدہا
اے گدھے برابر! تیری عقل کی کمزوری کی وجہ سے — یہ ادھمرا گدھا اژدہا ہو گیا ہے

گر ز عیسیٰؑ گشتۂ رنجور دل — ہم ازو صحت رسد اُو را مہل
اگر تو عیسیٰؑ کی وجہ سے رنجیدہ دل ہو گیا ہے — اُسی سے صحت حاصل ہو گی، اُس کو نہ چھوڑ

اے مسیحِ خوش نفس چونی ز رنج — کہ نبود اندر جہاں بے مار گنج
اے پاک دم مسیحا! تکلیف سے آپ کا کیا حال ہے؟ — دنیا میں کوئی خزانہ سانپ کے بغیر نہیں ہوتا ہے

---

[1] طالعِ عیسیٰ۔ علم و معرفت روح کا حصہ ہے، نفس اُس سے بے بہرہ ہے۔ نالۂ خر۔ نفس اپنی خواہشات کے لئے واویلا کرتا ہے تو اُس کو پورا کر دیتا ہے۔ رحم۔ روح کی پرورش کر نفس کو روح پر غالب نہ بنا۔ واپس بود۔ گدھے والا جو گدھے سے بھی پیچھے ہے منزل پر گدھے کے بعد پہنچے گا۔

[2] اَخِّرُوْهُنَّ۔ حدیث شریف میں عورتوں کے بارے میں آیا ہے اَخِّرُوْهُنَّ حَیْثُ اَخَّرَهُنَّ اللّٰهُ "موخر کرو ان کو جبکہ موخر کیا ہے اُن کو اللہ نے" مولانا فرماتے ہیں اِس حدیث میں جس طرح عورتوں کو مردوں سے موخر رکھنے کا حکم ہے اسی طرح اُس میں نفس کو عقل سے موخر رکھنے کا حکم ہے۔ عقلِ پست۔ وہ عقل جو نفس سے مغلوب ہو گئی ہے۔ خرِ عیسیٰ۔ عقل سے نفس کو مغلوب بنا دیگا تو نفس میں بھی عقل کے خواص پیدا ہو جائیں گے جیسا کہ حضرت عیسیٰؑ کے گدھے میں ہوا۔ سوارِ زفت۔ قوی سوار یعنی غالب عقل۔

[3] خود۔ جب انسان کی روح کمزور ہو تو نفس کو بہت زیادہ غلبہ حاصل ہو جاتا ہے۔ گر ز عیسیٰ۔ شیخ بمنزلہ حضرت عیسیٰؑ کے ہے جو مردہ روح کو زندہ کرتا ہے، اگر شیخ کی تربیت میں کسی بات سے دل کو رنج بھی پہنچے تو برداشت کرنا چاہیئے کیونکہ ذریعۂ صحت وہی ہے۔ اے مسیح۔ پہلے شعر میں مرید کو نصیحت تھی اب پیر کو خطاب ہے۔

**چونی اے عیسیٰ[1] ز دیدارِ یہود — چونی اے یوسف ز اخوانِ حسود**

اے عیسیٰ! یہود کے دیدار سے تیرا کیا حال ہے؟ — اے یوسف! حاسد بھائیوں کی وجہ سے آپ کیسے ہیں!

**تو شب و روز از پئے ایں قومِ غمر — چوں شب و روزی بدو بخشائی عمر**

تو دن رات، اس بے وقوف قوم کے پیچھے — دن رات کی طرح ہے اور اس کو زندگی بخشتا ہے

**آہ ازیں صفرائیانِ بے ہنر — چہ ہنر زاید ز صفرا دردِ سر**

ان بے ہنر صفراوی مزاج والوں پر افسوس ہے — صفرا سے کیا ہنر پیدا ہوتا ہے؟ دردِ سر (پیدا ہوتا ہے)

**تو ہماں کن کہ کند خورشیدِ شرق — با نفاق و حیلہ و دزدی و زرق**

تو وہی کر جو مشرق کا سورج کرتا ہے — باوجود نفاق اور حیلہ اور چوری اور مکاری کے

**تو عسل ما سرکہ در دنیا و دیں — دفعِ ایں صفرا بود سرکنگبیں**

دنیا اور دین (کے معاملہ) میں تو شہد ہے اور ہم سرکہ ہیں — سکنجبین اس صفرا کو دفع کرنے والی ہے

**سرکہ[2] افزودیم ما قومِ زحیر — تو عسل بفزا کرم را وا مگیر**

ہم پیچش زدوں نے سرکہ بڑھا دیا ہے — تو شہد میں اضافہ کر دے، مہربانی کم نہ کر

**ایں سزید از ما چنیں آمد ز ما — ریگ اندر چشم چہ افزاید عمی**

ہم اسی لائق تھے ہم سے ایسا ہی ہوا — ریت آنکھ میں کیا بڑھائے گا؟ اندھاپن

**آں سزد از تو ایا کحلِ عزیز — کہ بیابد از تو ہر ناچیز چیز**

اے پیارے سرمے! تیرے ہی لائق ہے — کہ تجھ سے ہر ناچیز، کوئی چیز حاصل کرلے

**ز آتشِ ایں ظالمانت دل کباب — از تو جملہ اہدِ قومی بد خطاب**

ان ظالموں کی آگ سے تیرا دل کباب ہے — تیری جانب سے "اہدِ قومی" کا جملہ خطاب ہے

**کانِ[3] عودی در تو گر آتش زنند — ایں جہاں از عطر و ریحاں پُر کنند**

تو "اگر" کی کان ہے اگر تجھ میں آگ لگائیں گے — اس دنیا کو عطر اور خوشبو سے بھر دیں گے

**تو نہ آں عودی کز آتش کم شود — تو نہ آں روحی اسیرِ غم شود**

تو وہ اگر نہیں ہے جو آگ سے کم ہو جائے — تو وہ روح نہیں ہے جو غم کی قیدی بن جائے

**عود سوزد کانِ عود از سوز دور — باد کے حملہ برد بر اصلِ نور**

اگر جل جاتا ہے، اگر کی کان جلنے سے دور ہے — اصل نور پر ہوا کب حملہ کر سکتی ہے!

---

[3] کانِ عودی: اگر کی لکڑی کو اگر جلایا جائے تو اس کی اور خوشبوئیں ظاہر ہوتی ہیں۔ پیر بمنزلہ عود کے ذخیرہ کے ہے جو ختم نہیں ہوتا ہے یعنی مریدوں کی بدکاری اس کے فیض کو ختم نہیں کر سکتی ہے۔

[1] اے عیسیٰ یعنی شیخ۔ یہود یعنی بدکردار مرید۔ یوسف یعنی پیر۔ اخوانِ حسود یعنی بدعمل مرید۔ تو شب و روز شیخ کی توجہ روح کی عمر دراز کرتی ہے۔ صفرائیاں صفراوی مزاج والے جن پر صفرا کا غلبہ ہوتا ہے نہ وہ تندرست رہتے ہیں نہ اُن کو صحیح چیز نظر آتی ہے اور دردِ سر میں مبتلا رہتے ہیں۔ تو ہماں کن: جس طرح سورج باوجود تمام نالائقیوں کے سب کو منور کرتا رہتا ہے اسی طرح آپ بھی مریدوں کی بدکرداری کی وجہ سے ان کو فیض سے محروم نہ کریں۔ تو عسل: پیر کے افعال و اخلاق شہد کی طرح شیریں ہیں۔ ما سرکہ: مریدوں کی بداعمالیاں سرکہ کی طرح تلخ ہیں۔ ایں صفرا: نفس پر جو صفرا کا غلبہ ہے وہ سکنجبین سے دور ہوگا۔ سرکنگبیں: سکنجبین دوا ہے جو شہد اور سرکہ ملا کر بنائی جاتی ہے۔

[2] سرکہ یعنی نفس کے رذائل۔ زحیر پیچش کی بیماری۔ ایں سزید: ہم اسی قابل ہیں کہ ہم سے آپ کو تکلیف پہنچے۔ آں سزد: آپ بمنزلہ سرمہ کے ہیں جو بینائی پیدا کرتا ہے۔ ز آتش یعنی بے شک مریدوں کی بدعملی سے آپ کا دل جلتا ہے۔ اہدِ قومی: اے اللہ میری قوم کو ہدایت دیدے۔ یہ دعا آنحضورؐ نے اس وقت کی جب قوم نے اُن کو ستایا اور آپ نے اُن کو بددعا نہ دی۔

ای ز تو مر آسماں ہا را صفا
اے (وہ کہ) ! تیری وجہ سے آسمانوں کو صفائی حاصل ہے
ای جفائے تو نکوتر[1] از وفا
اے وہ (ذات) کہ تیری جفا وفا سے بہتر ہے

زانکہ از عاقل جفائے گر رود
کیونکہ عقلمند سے اگر جفا بھی ہو جائے
از وفائے جاہلاں بہتر بود
تو جاہلوں کی وفا سے بہتر ہوتی ہے

عاقل آرد معرفت را درمیاں
عقلمند معرفت کو درمیان میں لاتا ہے
جاہل آرد معرفت را در زباں
جاہل معرفت کو زبان پر لاتا ہے

گفت پیغمبر عداوت از خرد
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ عقل کیساتھ دشمنی
بہتر از مہرے کہ از جاہل رسد
اُس محبت سے بہتر ہے جو جاہل کیجانب سے ہو

دوستی با مردم دانا نکوست
عقلمندوں سے دوستی اچھی ہے
دشمن دانا بہ از ناداں دوست
دانا دشمن، نادان دوست سے بہتر ہے

## رنجانیدن امیرے آں خفتہ را کہ مار در دہانش رفتہ بود

ایک امیر کا اُس سونیوالے کو تکلیف دینا جس کے مُنہ میں سانپ گھس گیا تھا

عاقلے بر اسپ می آمد سوار
ایک عقلمند گھوڑے پر سوار آ رہا تھا
در دہانِ خفتہ می رفت مار
ایک سوئے ہوئے کے مُنہ میں سانپ گھس رہا تھا

آں سوار آں را بدید و می شتافت
اُس سوار نے اُس کو دیکھا اور دوڑا
تا رہاند خفتہ را فرصت نیافت[2]
تاکہ سوتے ہوئے کو بچالے، موقع نہ ملا

چونکہ از عقلش فراواں بُد مدد
چونکہ عقل کی اسکو بہت مدد حاصل تھی
چند دبوسے قوی بر خفتہ زد
چند سخت کوڑے سوئے ہوئے کے مارے

خفتہ از خواب گراں چوں بر جہید
سویا ہوا جب گہری نیند سے اُٹھا
یک سوارِ ترک با دبوس دید
ایک تُرک سوار کو مع کوڑے کے دیکھا

بے محابا تُرک دبوسِ گراں
تُرک نے بے جھجک سخت کوڑے
چونکہ افزوں کوفت او راشد دواں
چونکہ اُس کے بہت مارے، وہ بھاگا

خفتہ زاں زخم گراں بر جست زود
سویا ہوا اُس سخت چوٹ سے بہت جلد اُٹھا
گشت حیراں گفت آیا ایں چہ بود[3]
حیران ہوگیا، بولا یہ کیا تھا؟

بُرد او را زخم آں دبوسِ سخت
اُس سخت کوڑے کی چوٹ اُس کو لے گئی
زو گریزاں تا بزیرِ یک درخت
اُس سے بھاگ کر، ایک درخت کے نیچے

[1] نکوتر۔ شیخ کی سختی سے مُرید کی اصلاح ہوتی ہے۔ زانکہ۔ عقلمند کا ظلم نادان کی دوستی سے بہتر ہوتا ہے۔ عاقل۔ عقلمند علم و معرفت پر عمل کرتا ہے جاہل محض زبان سے ذکر کرتا ہے۔ گفت پیغمبر۔ ان الفاظ کی کوئی حدیث نہیں ہے۔ دشمن دانا۔ عقلمند دشمنی ہی نہیں کرتا ہے اگر کرتا ہے تو بظاہر دشمنی ہوتی ہے اور اُس میں پوشیدہ کوئی مصلحت ہوتی ہے۔ رنجانیدن۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ سوار نے جو کچھ کیا بظاہر دشمنی تھی لیکن اُس میں حکمت پوشیدہ تھی۔

[2] فرصت نیافت۔ یعنی بچانے کا موقع نہ ملا اور سانپ اُس کے مُنہ میں گھس گیا۔ مدد یعنی یہ سوار عقلمند تھا۔ دبوس۔ گرز، کوڑا۔ شد دواں۔ وہ سونے والا بھاگا۔

[3] چہ بود۔ یعنی یہ سوار مجھے کیوں مار رہا ہے۔ بُرد یعنی وہ اُٹھ کر بھاگا اور بھاگتے بھاگتے ایک درخت کے نیچے پہنچا۔

سیبِ پوسیدہ بسے بُد ریختہ
سڑے ہوئے سیب بہت پڑے تھے
گفت زیں خور اے بدرد آمیختہ
بولا، یہ کھا اے دردمند!

سیب چنداں مرد را در خورد داد
(اُس) شخص کو اِس قدر سیب کھلائے
کز دہانش باز بیروں می فتاد
کہ اُس کے مُنہ سے باہر نکلنے لگے

بانگ می زد کاے امیر آخر چرا
وہ چیخا اے سردار! آخر کیوں؟
قصدِ من کردی تو نادیدہ جفا
بغیر قصور کے تو نے میری جان (لینے) کا ارادہ کیا ہے

گر ترا از اصلست با جانم ستیز
اگر اصلاً تجھے میری جان سے دشمنی ہے
تیغ زن یکبارگی خونم بریز
تلوار مار، ایک دم سے میرا خون بہا دے

شوم ساعت کہ شدم بر تو پدید
وہ گھڑی بڑی نحس تھی کہ میں تیرے سامنے آیا
اے خنک آں را کہ روئے تو نہ دید
وہ قابلِ مبارکباد ہے جس نے تیرا چہرہ نہ دیکھا

بے جنایت بے گنہ بے بیش و کم
بلا زیادتی، بلا خطا، بلا کمی اور بیشی کے
مُلحداں جائز ندارند ایں ستم
کافر (بھی) یہ ظلم جائز نہیں سمجھتے ہیں

می جہد خوں از دہانم با سخن
بات کے ساتھ میرے مُنہ سے خون ٹپکتا ہے
اے خدا آخر مکافاتش تو کن
اے خدا! تو اِس کا بدلہ لے!

ہر زماں می گفت اُو نفرینِ نو
وہ ہر لمحہ ایک نئی ملامت کر رہا تھا
اُوش می زد کاندریں صحرا بدو
(اور) وہ اُس کو مارتا تھا کہ اِس بیاباں میں دوڑ

زخمِ دَبّوس و سوارِ ہمچو باد
کوڑے کی چوٹ، اور ہوا کی طرح کا سوار
می دوید و باز بر رو می فتاد
وہ دوڑتا تھا اور پھر مُنہ کے بل گرتا تھا

مُمتلی و خوابناک و سُست بُد
وہ شکم پُر اور نیند میں، اور سُست تھا
بر سَر و پایش ہزاراں زخم شُد
اُس کے سَر اور پیروں پر ہزاروں زخم ہوگئے

تا شبانگہ می کشید و می کشاد
رات تک کھینچا تانی ہوتی (رہی)
تا ز صفرا قے شدن بروے فتاد
یہاں تک کہ اُس کو صفرا کی قے ہونے لگی

زو بر آمد خوردہا زشت و نکو
اُس سے اچھا بُرا کھایا ہوا نکل پڑا
مار با آں خوردہ بیروں جست ازو
اُس کھائے ہوئے کے ساتھ سانپ بھی اُس سے نکلا

چوں بدید از خود بروں آں مار را
جب اُس نے اپنے (پیٹ) میں سے سانپ نکلتا دیکھا
سجدہ آورد آں نکو کردار را
اُس بھلے (انسان) کے سامنے اُس نے سجدہ کیا۔

---

۱؎ سیب۔ وہ درخت سیب کا تھا اور اُس کے نیچے گلے سڑے سیب بہت پڑے تھے۔ گفت۔ سوار نے کہا۔ خر خفتہ یعنی سونے والے کو۔ بانگ می زد۔ سویا ہوا اٹھ کر جو بھاگا تھا وہ چیختا تھا۔ نادیدہ جفا۔ یعنی میں نے تجھ پر کوئی ظلم بھی نہیں کیا ہے۔ یکبارگی۔ دفعتہً قتل ہو جانا آسان ہوتا ہے۔ اے خنک روئے تو۔ یعنی تجھ جیسے ظالم کا چہرہ۔

۲؎ جنایت۔ ظلم، زیادتی۔ ملحد۔ بے دین۔ اے خدا۔ ایسے ظالم کو خدا ہی سزا دے سکتا ہے۔ مکافات۔ بدلہ۔ اُوش۔ یعنی وہ تُرک سوار اُس بھاگنے والے کو۔ ہمچو باد۔ وہ تیز رو گھوڑے پر سوار تھا۔ باز۔ یعنی جب بھاگتے بھاگتے تھک جاتا تھا۔ ممتلی۔ یعنی سیب کھانے سے اُس کا پیٹ پُر تھا۔

۳؎ کشید و کشاد۔ کھینچنا اور کھولنا یعنی پکڑ دھکڑ۔ صفرا۔ بدن کی چار خلطوں میں سے ایک خلط ہے۔ مار۔ تے میں سانپ بھی پیٹ میں سے نکلا۔ سجدہ آورد۔ تعظیم کے لئے اُس کے سامنے سرنگوں ہوگیا۔ نکو کردار یعنی بھلا سوار۔

سہم[۱] آں مارِ سیاہِ زشت وزفت — چوں بدید آں دردہا از وے برفت

اُس کالے، بھدے، موٹے سانپ کا ڈر — جب اُسے نظر آیا تو تکلیفیں اس سے جاتی رہیں

گفت تو خود جبرئیلِ رحمتی — یا خداوند و ولیِ نعمتی

بولا، تو تو رحمت کا فرشتہ ہے — یا میرا آقا، اور مُربّی ہے

اے مبارک ساعتے کہ دیدیم — مُردہ بودم جانِ نو بخشیدیم

وہ کتنی نیک گھڑی تھی کہ میں نے تجھے دیکھا — میں مر چکا تھا، تو نے نئی زندگی بخشی

تو مرا جویاں مثالِ مادراں — من گریزاں از تو مانندِ خراں

تو ماؤں کی طرح میری دیکھ بھال کرنیوالا ہے — میں تجھ سے گدھوں کی طرح بھاگنے والا تھا

خر گریزد از خداوند از خری — صاحبش در پے ز نیکو اختری

گدھا مالک سے گدھے پن سے بھاگتا ہے — اُس کا مالک نیک بختی کی وجہ سے اسکے درپے ہے

نز پے سود و زیاں می جویدش — لیک تا گرگش نَدَرّد یا دَدَش

وہ اُس کو نفع نقصان کیلئے نہیں ڈھونڈتا ہے — لیکن یہ سوچ کر کہ اُسکو بھیڑیا یا درندہ نہ پھاڑ ڈالے

اے[۲] خُنک آں را کہ بیند روئے تو — یا در افتد ناگہاں در کوئے تو

مبارک ہے وہ جو تیرا چہرہ دیکھے — یا اچانک تیرے کوچے میں پہنچ جائے

اے روانِ پاک بستودہ تُرا — چند گفتم ژاژ و بیہودہ ترا

اے وہ کہ پاک جان تیری ثنا خواں ہے — میں نے تجھے کس قدر بیہودہ باتیں کہیں اور کتنی بکواس کی

اے خداوند و شہنشاہ و امیر — من نگفتم جہلِ من گفت آں مگیر

اے آقا، اور شہنشاہ، اور سردار! — میں نے نہیں کہا میری نادانی نے کہا، اُس پر دارو گیر نہ کر

شمّۂ زیں حال اگر دانستمے — گفتنِ بیہودہ نتوانستمے

اگر میں اس حال کا تھوڑا سا حصہ بھی جان لیتا — تو بیہودہ بکواس نہ کرتا

بس ثنایت گفتمے اے خوش خصال — گر مرا یک رمز می گفتی ز حال

اے اچھے انسان! تیری میں بہت تعریفیں کرتا — اگر تو واقعہ کا تھوڑا اشارہ (بھی) کر دیتا

لیک خامُش کردہ می آشوفتی — خامشانہ بر سرم می کوفتی

لیکن تو تو چپ رہ کر پریشان کرتا تھا — خاموشی سے میرے سر کو کچل رہا تھا

شد سرم کالیوہ[۳] عقل از سر بجست — خاصہ ایں سر را کہ مغزش کم ترست

میرا سر دیوانہ ہو گیا عقل سر میں سے بھاگ گئی — خصوصاً یہ سر جس میں مغز بہت کم ہے

---

[۱] سہم۔ سانپ کے ڈر سے چوٹ اور زخموں کی ... تکلیف بھول گیا۔ ولیِ نعمت۔ جو نعمتیں بخشے۔ مُردہ بودم۔ سانپ کاٹ لیتا اور میں مر جاتا۔ بخشیدیم۔ تو مرا بخشیدی۔ خر گریزد۔ گدھے کے بھاگنے میں گدھے ہی کی ہلاکت ہے۔ اگر مالک نہ پکڑے گا تو گدھے کو بھیڑیا یا اور کوئی درندہ پھاڑ کھائے گا۔

[۲] اے خنک۔ چونکہ تو اس کی دیکھ بھال کرے گا۔ اے۔ نیک لوگ بھی تیری تعریفیں کرتے ہیں۔ ژاژ۔ جس کا ذکر پہلے اشعار میں آیا ہے جہلِ من گفت۔ میری نادانی اُس بکواس کا سبب تھی۔ زیں حال۔ یعنی میرے پیٹ میں سانپ گھس گیا ہے اور تو اُسے نکالنے کی تدبیر کر رہا ہے۔

[۳] کالیوہ۔ احمق بے عقل دیوانہ۔ خاصہ۔ یعنی میں پہلے سے بے وقوف تھا پٹنے سے اور بے عقل ہو گیا۔

عفو کن اے خوبروئے خوب کار — آنچہ گفتم از جنوں اندر[1] گذار

اے خوبصورت، خوب سیرت! معاف کر دے — پاگل پن سے میں نے جو کچھ کہا اُس سے درگذر کر

گفت اگر من گفتمے رمزے ازاں — زہرۂ تو آب گشتے در زماں

اُس نے کہا اگر میں اُس میں سے تھوڑا بھی بتا دیتا — فوراً تیرا پتّا پانی بن جاتا

گر ترا می گفتمے اوصافِ مار — ترس از جانت برآوردے دمار

اگر میں تجھ سے سانپ کی باتیں کہہ دیتا — خوف تیری جان نکال دیتا

مصطفیٰ فرمود اگر گویم براست — شرحِ آں دشمن کہ در جانِ شماست

مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا اگر میں ٹھیک ٹھیک کہہ دوں — اُس دشمن کی تفصیل، جو تمہارے اندر رہے

زہرہائے پُردلاں برہم درد — نہ رود رہ نے غمِ کارے خورد

تو وہ بہادروں کے پتّے پھاڑ دے — نہ کوئی راستہ چلے، نہ کسی کام کی فکر کرے

نے دلش را تاب ماند در نیاز — نے تنش را قوتِ صوم و نماز

نہ اُس کے دل میں عاجزی کی طاقت رہے — نہ اُس کے بدن میں نماز اور روزہ کی طاقت رہے

ہمچو موشے[2] پیشِ گربہ لا شود — ہمچو برہ پیشِ گرگ از جا رود

(وہ) چوہے کی طرح بلّی کے سامنے معدوم ہو جائے — اُس بکری کے بچے کی طرح جو بھیڑیئے کے سامنے سے بھاگے

اندرو نے حیلہ ماند نے روش — پس کنم ناگفتہ تاں من پرورش

اُس میں نہ کوئی تدبیر رہے، نہ چال — میں بغیر بتائے ہوئے تمہاری تربیت کرتا ہوں

ہمچو بوبکرِ ربابی رح تن زنم — دست چوں داؤدؑ در آہن زنم

ابوبکر ربابی رح کی طرح میں خاموش رہتا ہوں — ہاتھ سے (حضرت) داؤدؑ کی طرح لوہے کا کام کرتا ہوں

تا محال از دستِ من حالے شود — مرغِ پر برکندہ را بالے شود

تاکہ ناممکن میرے ہاتھ سے موجود ہو جائے — پر نُچے ہوئے پرندے کے پر لگ جائیں

چوں یَدُ اللّٰہِ[3] فَوقَ اَیدِیھِم بُوَد — دستِ ما را دستِ خود فرمود احد

جب کہ اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھوں پر ہوا — تو اللہ (تعالیٰ) نے میرے ہاتھ کو اپنا ہاتھ فرمایا

پس مرا دستِ دراز آید یقیں — برگذشتہ ز آسمانِ ہفتمیں

تو یقیناً میرا دراز ہاتھ — ساتویں آسمان سے آگے بڑھ گیا

---

[1] اندر زیادہ ہے۔ گفت۔ اُس کی معذرت کے بعد سوار نے کہا۔ ازاں۔ یعنی سانپ کے پیٹ میں گھسنے کا واقعہ۔ اوصافِ مار۔ یعنی اُس کی خوفناکی اور پیٹ میں گھسنا۔ دمار۔ ہلاکت۔ زہرہ۔ اسکے بعد مولانا نے آنحضورؐ کی زبانی جو کچھ کہا ہے وہ کوئی مستقل حدیث نہیں ہے۔ دشمن۔ یعنی شیطان۔ زہرہ۔ پتّا۔ پُردل۔ بہادر۔ نے دلش۔ بدحواسی طاری ہو جائے پھر نہ عاجزی کرنے کی طاقت رہے نہ روزہ نماز کی۔

[2] ہمچو موشے۔ چوہا بلّی کے سامنے، بکری کا بچہ بھیڑیئے کے سامنے مُردہ ہو جاتا ہے۔ لا۔ معدوم اور مردہ۔ برہ۔ بکری کا بچہ۔ ناگفتہ۔ یعنی شیطان کے مکر و دشمنی کی تفصیل کہے بغیر۔ بوبکر ربابی رح۔ ایک مشہور بزرگ گذرے ہیں جو چند سال بالکل خاموش رہے، یہ باتیں مولانا نے اپنی طرف سے کہی ہیں ورنہ یہ بزرگ تو آنحضورؐ کے بہت بعد کے ہیں۔ تن زدن۔ خاموش رہنا۔ دست در آہن زدن۔ لوہے کا کام کرنا، سخت کام کرنا۔ بال۔ پر۔

[3] یدُ اللّٰہ۔ جب حدیبیہ کے موقع پر آنحضورؐ نے اپنا ہاتھ صحابہ کے ہاتھ پر رکھ کر بیعت لی تھی تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ یَدُ اللّٰہِ فَوقَ اَیدِیھِم "اُن کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے"۔ دستِ ما۔ یعنی اس آیت میں اللہ نے آنحضورؐ کے ہاتھ کو اپنا ہاتھ قرار دیا۔ احد۔ اللہ تعالیٰ۔

دستِ من بنمود بر گردوں ہنر
میرے ہاتھ نے آسمان پر ہنر دکھایا
مُقریا برخواں کہ اِنْشَقَّ الْقَمَرْ[1]
اے قاری اِنْشَقَّ الْقَمَر پڑھ

ایں صفت ہم بہرِ ضعفِ عقلہاست
یہ صفت بھی عقلوں کی کمزوری کی وجہ سے (بیان کی) ہے
با ضعیفاں شرحِ قدرت کے رواست
کم عقلوں کے سامنے قدرت کی تشریح کب مناسب ہے؟

خود بدانی چوں برآری سر زخواب
تو خود جان لے گا جب نیند سے سر اٹھائے گا
ختم شُد واللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابْ
(بات) ختم ہوئی اور اللہ بہتر جانتا ہے

گر ترا[2] می گفتمے ایں ماجرا
اگر میں یہ قصہ تجھ سے کہہ دیتا
آں دم از تو جانِ تو گشتے جدا
اسی وقت تیری روح تجھ سے جدا ہو جاتی

مر ترا نے قوتِ خوردن بُدے
نہ تجھ میں کھانے کی طاقت رہتی
نے رہ و پروائے قے کردن بُدے
نہ قے کرنے کی راہ اور پروا رہتی

می شنیدم فحش و خر می راندم
میں بُری باتیں سنتا رہا اور کام چلاتا رہا
رَبِّ یَسِّرْ زیرِ لب می خواندم
آہستگی سے رَبِّ یَسِّرْ پڑھتا رہا

از سبب گفتن مرا دستور نے
سبب بتانا میری عادت نہیں ہے
ترکِ تو گفتن مرا مقدور نے
تجھے چھوڑ دینے پر میں قادر نہ تھا

ہر زماں می گفتم از دردِ دروں
اندرونی تکلیف کی وجہ سے میں ہر وقت کہتا تھا
اِهْدِ قَوْمِيْ اِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنْ
(اے اللہ) میری قوم کو ہدایت دے بے شک وہ جانتے نہیں ہیں

سجدہ[3] ہا می کرد آں رستہ زرنج
وہ تکلیف سے نجات پانے والا سجدے کرتا تھا
کاے سعادت وے مرا اقبال گنج
کہ اے سعادت (مند) اے میرے اقبال کے خزانے!

از خدا یابی جزا ہائے شریف
تو خدا سے اچھے بدلے پائے گا
قوتِ شکرت ندارد ایں ضعیف
اس کمزور میں تیرا شکریہ ادا کرنے کی طاقت نہیں ہے

شکرِ حق گوید ترا اے پیشوا
اللہ تیرا شکریہ ادا کرے اے پیشوا!
آں لب و چانہ ندارم واں نوا
میں وہ ہونٹ اور جبڑا اور وہ سامان نہیں رکھتا

دشمنیِ عاقلاں زیناں بود
عقلمندوں کی دشمنی اس طرح کی ہوتی ہے
زہرِ ایشاں ابتہاجِ جاں بود
ان کا زہر جان کی خوشی ہوتی ہے

دوستیِ ابلہاں رنج و ضلال
بیوقوفوں کی دوستی رنج اور گمراہی ہے
ایں حکایت بشنو از بہرِ مثال
مثال کے لئے یہ قصہ سن لے

[1] اِنْشَقَّ الْقَمَرُ۔ چاند پھٹ گیا۔ شق القمر کا معجزہ آنحضورؐ کی انگلی کے اشارے سے ظاہر ہوا تھا۔ ایں صفت یعنی آنحضورؐ کے ہاتھ کا اشارہ ہاتھ کہنا۔ خود۔ قدرت کے راز قیامت میں کھلیں گے۔

[2] گر ترا۔ یہاں تک مولانا نے حدیث کے حوالہ سے بیان کیا اب اصل قصہ کی طرف رجوع کر کے سوار کی بابت نقل کرتے ہیں۔ نے رہ۔ نہ دوڑ سکتا نہ قے کر سکتا۔ خر راندن۔ کام چلانا۔ رَبِّ یَسِّرْ۔ خدا مشکل آسان کر دے۔ اِهْدِ قَوْمِيْ اِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ میری قوم کو ہدایت کر دے وہ جانتے نہیں ہیں۔ یہ آنحضورؐ نے اس وقت دعا کی تھی جب طائف میں آپ کو دشمنوں نے ستایا تھا۔

[3] سجدہ ہا۔ یعنی جب وہ سوار کی مہربانیوں کو سمجھ گیا تو تعظیم کے لئے سرنگوں ہو گیا۔ کاے۔ یعنی اور یہ کہتا تھا۔ چانہ جبڑا۔ ندارم یعنی میرا منہ تیری تعریف کے قابل نہیں ہے۔ دشمنی۔ مولانا نے اس قصہ میں یہ سمجھایا ہے کہ عقلمند کی دشمنی نادان کی دوستی سے بہتر ہے۔ ابتہاج۔ خوش ہونا۔ دوستی ابلہاں۔ مولانا بیوقوف کی دوستی کے بُرا ہونے پر قصہ سناتے ہیں۔

# اعتماد کردن شخصے بر تملق و وفائے خرس

ایک شخص کا ریچھ کی چاپلوسی اور وفاداری پر بھروسہ کرنا

اژدہائے خرس را در می کشید
ایک اژدہا ایک ریچھ کو کھینچ رہا تھا
شیر مردے رفت و فریادش رسید
ایک بہادر گیا اور اس کی مدد کی

شیر مردانند در عالم مدد
بہادر لوگ دنیا میں، مدد ہیں
آں زماں کافغانِ مظلوماں رسد
اس وقت جبکہ مظلوموں کی فریاد آئے

بانگِ مظلوماں ز ہر جا بشنوند
مظلوموں کی فریاد جس جگہ سے سنتے ہیں
آں طرف چوں رحمتِ حق می دوند
اس جانب اللہ کی رحمت کی طرح دوڑ جاتے ہیں

آں ستونہائے خللہائے جہاں
وہ دنیا کے شگافوں کے ستون ہیں
آں طبیبانِ مرضہائے نہاں
وہ پوشیدہ مرضوں کے طبیب ہیں

محضِ مہر و داوری و رحمت اند
خالص محبت اور انصاف اور رحمت ہیں
ہمچو حق بے علت و بے رشوت اند
اللہ تعالیٰ کی طرح بلا غرض اور بے رشوت ہیں

ایں چہ یاری میکنی یکبارگیش
یہ مدد تو کیوں کرتا ہے؟ فوراً
گوید از بہر غم و بیچارگیش
وہ کہے گا اس کے غم اور بیچارگی کی وجہ سے

مہربانی شد شکارِ شیر مرد
بہادر کا شکار، مہربانی ہے
در جہاں دارو نہ جوید غیر درد
درد کے علاوہ دنیا میں دوا کوئی نہیں تلاش کرتا ہے

ہر کجا دردے دوا آنجا رود
جہاں درد ہوتا ہے دوا وہاں پہنچتی ہے
ہر کجا فقرے نوا آنجا رود
جہاں افلاس ہوتا ہے، سامان وہاں جاتا ہے

ہر کجا پستی ست آب آنجا رود
جہاں نشیب ہے پانی وہاں پہنچتا ہے
ہر کجا مشکل جواب آنجا رود
جہاں کوئی اشکال ہے جواب وہاں جاتا ہے

آب کم جو تشنگی آور بدست
پانی کی تلاش نہ کر، پانی پیدا کر
تا بجوشد آبت از بالا و پست
تاکہ اوپر نیچے سے تیرے لئے پانی جوش میں آئے

تا سقاہم ربہم آید خطاب
تاکہ ان کے رب نے انکو سیراب کیا، کا خطاب آئے
تشنہ باش اللہ اعلم بالصواب
پیاسا رہ، اللہ زیادہ بہتر جانتا ہے

آب رحمت بایدت رو پست شو
تجھے رحمت کا پانی چاہئے؟ جا پست بن
وانگہاں خور خمر رحمت مست شو
پھر رحمت کی شراب پی، مست بن

---

۱ تملق۔ چاپلوسی۔ خرس۔ ریچھ۔ اژدہا۔ بڑے اژدہے سانس کے ذریعہ جانور کو کھینچ کر کھا جاتے ہیں۔ شیر مرد۔ بہادر۔ شیر مردانند۔ بہادروں کا کام مدد کرنا ہے یہ مولانا کا مقولہ ہے۔

۲ بانگ۔ بہادروں کا کام یہ ہے کہ وہ مظلوموں کی مدد کے لئے دوڑیں۔ خللہائے۔ یعنی ظلموں کے خلل۔ محض۔ بہادروں کی محبت بغیر کسی غرض اور رشوت کے ہوتی ہے۔ ایں چہ۔ یعنی اگر ان سے کوئی سوال کرے۔ گوید۔ بہادر جواب میں کہتا ہے مہربانی بہادروں کا مقصد مہربانی ہوتی ہے وہ مہربانی کرنے کی اس طرح جستجو کرتے ہیں جیسا کہ شکاری شکار کی۔ ہر کجا۔ ہر چیز ایک محل چاہتی ہے، مہربانی کرنے کا موقع و محل بہادر ہے۔ دوا کا محل درد ہے۔ بخشش و عطا کا محل فقر ہے۔

۳ پستی۔ پانی کا محل نشیب ہے جواب کا محل اشکال اور سوال ہے۔ آب کم جو۔ پیاس پیدا کرو گے تو پانی ملے گا پانی کی آمد کا محل پیاس ہے۔ سقاہم۔ جنتیوں کے بارے میں قرآن میں مذکور ہے۔ آب رحمت۔ اپنے اندر پستی پیدا کرو رحمت کے پانی کا محل بن جاؤ گے۔

رحمت[۱] اندر رحمت آید تا بسر
پھر سر تک رحمت ہی رحمت ہو گی

بر یکے رحمت فروما اے پسر
اے صاحبزادے! ایک رحمت پر اکتفا نہ کر

چرخ را در زیرِ پا آر اے شجاع
اے بہادر! آسمان کو قدموں کے نیچے لا

بشنو از فوقِ فلک بانگِ سماع
آسمان پر سے سماع کی آواز سن لے

پنبۂ وسواس بیروں کن زگوش
کان سے وسوسوں کی روئی نکال

تا بگوشت آید از گردوں خروش
تاکہ آسمان سے شور کی آواز تیرے کان میں آئے

پاک[۲] کن دو چشم را از موئے عیب
عیب کے پڑوال سے دونوں آنکھوں کو صاف کر لے

تا ببینی باغ و سروستانِ غیب
تاکہ تو غیب کے سروستان اور باغ دیکھے

دفع کن از مغز و از بینی زکام
سر اور ناک سے زکام رفع کر

تاکہ ریح اللہ آید در مشام
تاکہ ناک میں خدائی خوشبو آئے

ہیچ مگذار از تپِ صفرا اثر
صفراوی بخار کا کوئی اثر نہ چھوڑ

تا بیابی از جہاں طعمِ شکر
تاکہ تو عالم (آخرت) سے شکر کا مزا چکھے

دارُوئے مردی کن و عنّیں مپو
مردمی کا علاج کر اور عنّین (بنا ہوا) نہ بھاگا پھر

تا بروں آیند صد گوں خوبرو
تاکہ سَو قسم کے خوبصورت (بچے) پیدا ہوں

کندۂ[۳] تن را ز پائے جاں بکن
جان کے پاؤں میں سے جسم کا کاٹھ نکال دے

تا کند جولاں بگردِ آں چمن
تاکہ وہ اس چمن (آخرت) کے گرد دوڑ سکے

غلِّ بخل از دست و گردن دور کن
بخل کا طوق ہاتھ اور گردن سے اتار ڈال

بختِ نو دریاب از چرخِ کہن
پرانے آسمان سے نیا نصیب حاصل کر لے

ور نمی تانی بہ کعبہ لطف پر
اگر (خود) نہیں کر سکتا ہے مہربانی کے کعبہ کیطرف پرواز کر

عرضہ کن بیچارگی بر چارہ گر
بیچارگی کو چارہ گر پر پیش کر دے

زاری و گریہ قوی سرمایہ ایست
عاجزی اور رونا بڑا سرمایہ ہے

رحمتِ کلی قوی تر دایہ ایست
عام رحمت بہت قوی دایہ ہے

دایہ و مادر بہانہ جو بود
آنا اور اماں بہلانے ڈھونڈتی ہیں

تاکہ کے آں طفلِ او گریاں شود
تاکہ کب اس کا بچہ روئے؟

طفلِ حاجاتِ شما را آفرید
(اللہ تعالیٰ نے) تمہاری ضرورتوں کا بچہ پیدا کر دیا

تا بنالید و شود شیرش پدید
تاکہ تم روؤ اور اس کا دودھ پیدا ہو

---

۱ رحمت۔ کسی ایک مقام پر رک کر فضلِ بے پایاں کے طالب رہو۔ چرخ را۔ اس قدر مجاہدے کرو کہ آسمان قدم بوسی کرنے لگے پھر اسرارِ حق سن سکو گے۔ پنبۂ وسواس۔ شیطانی اثرات کا ازالہ کرکے اسرارِ حق سن سکو گے۔
۲ پاک کن۔ چشمِ بصیرت کو وسواس کے پڑوال سے صاف کرو تاکہ اسرارِ غیب دیکھ سکو۔ دفع کن۔ حواسِ باطنہ کو نفسانی خواہش سے صاف کرو تب عالمِ غیب کی لذتوں سے مستفید ہو گے۔ صفرا۔ صفراوی بخار میں میٹھی چیز کڑوی لگتی ہے۔ عنّین۔ نامرد یعنی اعلیٰ صلاحیتیں پیدا کرو تاکہ تم مظہرِ کمالات بن سکو۔ خوبرو۔ یعنی خوبصورت بچے۔
۳ کندہ تن۔ روح کے لئے جسم بمنزلہ بیڑی کے ہے۔ پہلے زمانے میں جبکہ جیل خانے نہ تھے قیدی کا پاؤں لکڑی کے بڑے کندے میں پھنسا کر ڈال دیا جاتا تھا وہ پھر چل پھر نہ سکتا تھا۔ غل۔ پیر کی بیڑی بھی نکال اور گردن اور ہاتھ کی بیڑیاں بھی اتار پھینک پھر نیا نصیب حاصل ہوگا۔ کعبہ لطف۔ مہربانی کا قبلہ یعنی شیخ۔ چارہ گر۔ شیخ۔ زاری۔ خدا کی رحمت کو متوجہ کرنے کا سب سے قوی سبب انسان کی گریہ و زاری ہے۔ دایہ۔ انّا اور اماں دودھ پلانے کا بہانہ ڈھونڈتی ہیں اسی طرح اللہ کی رحمت ہے۔ شعر
رحمتِ حق بہانۂ می جوید رحمتِ حق بہائی جوید۔ طفلِ حاجات۔ اللہ نے انسان کے پیچھے ضرورتیں لگا دی ہیں جن کی بدولت انسان گریہ زاری کرتا ہے تو گویا وہ ضرورتیں بمنزلہ بچے کے ہیں۔

گفت اُدْعُوا اللہ بے زاری مباش
اس (اللہ تعالیٰ) نے فرمایا اللہ کو پکارو، گریہ زاری کے بغیر نہ

تا بجوشد شیرہائے مہرہاش
تاکہ اس کی مہربانیوں کے دودھ جوش میں آئیں

ہائے وہوئے باد شیر افشانِ ابر
ابر سے دودھ برسانے والی ہوا کے زناٹے

در غمِ ما اند یک ساعت تو صبر
ہماری فکر میں ہیں تھوڑی دیر صبر کرے

فِی السَّمَاءِ رِزْقُکُمْ نشنیدہٗ
آسمان میں تمہارا رزق ہے، تو نے نہیں سنا؟

اندریں پستی چہ بر چسفیدہٗ
پھر اس پستی سے تو کیوں چپٹ رہا ہے!

ترس و نومیدیت داں آوازِ غول
اپنے خوف اور نا امیدی کو چھلاوے کی آواز سمجھ

می کشد گوشِ تو تا قعرِ سفول
جو تیرے کان کو گہرائی کی طرف لے جاتی ہے

ہر ندائے کاں تُرا بالا کشد
جو آواز تجھے (عالَم) بالا کی طرف کھینچے

آں ندائے داں کہ از بالا رسد
سمجھ لے کہ وہ آواز (عالَم) بالا سے آئی ہے

ہر ندائے کاں تُرا حرص آورد
جو آواز تجھ میں لالچ پیدا کرے

بانگِ گرگے داں کہ اُو مردم درد
بھیڑیے کی آواز سمجھ جو انسانوں کو پھاڑتا ہے

ایں بلندی نیست از روئے مکاں
یہ بلندی جگہ کے اعتبار سے نہیں ہے

ایں بلندیہاست سوئے عقل و جاں
یہ بلندیاں عقل و جان کی طرف سے ہیں

ہر سبب بالا تر آمد از اثر
ہر سبب نتیجہ سے بلند ہے

سنگ و آہن فائق آمد بر شرر
پتھر اور لوہا، چنگاری سے بلند ہے

آں فلانے فوقِ آں سرکش نشست
وہ فلاں اُس متکبر سے اونچا بیٹھا

گرچہ در صورت بہ پہلویش نشست
اگرچہ صورتاً برابر میں بیٹھا ہے

فوقی آنجاست از روئے شرف
وہاں کی فوقیت بڑائی کے اعتبار سے ہے

جائے دور از صدر باشد مستخف
صدر سے فاصلہ کی جگہ بے وقعت ہوتی ہے

سنگ و آہن زیں جہت کہ سابق است
پتھر اور لوہا اس اعتبار سے کہ پہلے ہیں

در عمل فوقیِ ایں دو لائق ست
عمل میں ان دونوں کی فوقیت مناسب ہے

واں شرر از روئے مقصودیِ خویش
چنگاریاں اپنے مقصود ہونے کی وجہ سے

زآہن و سنگست زیں رو بیش بیش
اس اعتبار سے لوہے اور پتھر سے بڑھ کر ہیں

سنگ و آہن اول و پایاں شرر
پتھر اور لوہا پہلے ہے اور آخر میں چنگاریاں

لیک ایں ہر دو تن اند و جاں شرر
لیکن یہ دونوں جسم ہیں اور چنگاریاں جان ہیں

لہ پستی۔ یعنی صرف رزق کے ظاہری اسباب کیلئے سرگردانی۔ ترس۔ اللہ کے کاموں میں لگنے کی وجہ سے رزق کی کمی کا اندیشہ شیطانی وسوسہ ہے اَلشَّیْطَانُ یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ "شیطان تمہیں فقر کی دھمکی دیتا ہے" قرآن میں وارد ہوا ہے۔ قعرِ سفول۔ یعنی دنیا میں انہماک بڑھ جائے۔ جس طرف سے آواز آتی ہے انسان اُدھر متوجہ ہوتا ہے۔

لہ گرگ۔ یعنی شیطان جو بنی آدم کو تباہ کرنا چاہتا ہے ایں بلندی۔ پہلے شعر میں لفظ بالا بمعنی بلندی اور فوقیت بولا تھا اب بلندی اور فوقیت کی قسمیں سمجھاتے ہیں فرماتے ہیں کبھی بلندی اور پستی مکان کے اعتبار سے ہوتی ہے وہ یہاں مراد نہیں ہے بلکہ روحانی اور عقلی فوقیت اور بلندی مراد ہے ہر سبب سبب کو نتیجہ پر فوقیت حاصل ہے چنانچہ چقماق جو کہ لوہے اور پتھر سے ملا کر بنایا جاتا ہے وہ سبب ہے اور اس سے جو آگ نکلتی ہے وہ نتیجہ ہے اس اعتبار سے چقماق کو آگ کی چنگاریوں پر فوقیت حاصل ہے لیکن یہ فوقیت اور برتری مکانی نہیں ہے۔

لہ آں فلانے۔ ایک انسان کو دوسرے سے بلند جگہ پر مانا جاتا ہے حالانکہ وہ ایک جگہ بیٹھے ہیں تو یہ بلندی بھی مکانی نہیں بلکہ رتبہ کی ہے تا آنجا۔ یہ پہلے شعر والی فوقیت۔ جائے دور۔ صدر مجلس اگرچہ نیچی جگہ پر بیٹھا ہوا ہو لیکن اُس جگہ کو فوقیت

کاں شرر[1] کاندر زماں واپس ترست
در صفت از سنگ و آہن برترست

وہ چنگاریاں جو زمانہ میں بہت بعد میں ہیں
پتھر اور لوہے سے خوبی میں بڑھی ہوئی ہیں

در زماں شاخ از ثمر سابق ترست
در ہنر از شاخ او فائق ترست

شاخ، زمانہ میں پھل سے پہلے ہے
خوبی میں وہ شاخ سے بہت برتر ہے

چونکہ مقصود از شجر آمد ثمر
پس ثمر اوّل بود آخر شجر

چونکہ درخت سے پھل مقصود ہے
اس لئے پھل پہلے، درخت پیچھے ہوا

سوئے[2] خرس و اژدہا گردیم باز
زانکہ طولے دارد اضمار و مجاز

ہم پھر ریچھ اور اژدہے کی طرف لوٹتے ہیں
کیونکہ اضمار اور مجاز کی بات طول رکھتی ہے

خرس چوں فریاد کرد از اژدہا
شیر مردے کردش از چنگش رہا

ریچھ نے جب اژدہے کی وجہ سے واویلا کی
بہادر مرد نے اس کو اس کے پنجے سے چھڑا دیا

حیلت و مردی بہم دادند پشت
اژدہا را او بدیں حیلہ بکشت

تدبیر اور بہادری نے ایک دوسرے کی مدد کی
اس تدبیر سے اس نے اژدہے کو مار ڈالا

اژدہا را او بدیں حیلہ بہ بست
تا کہ آں خرس از ہلاک تن برست

اژدہے کو اس نے اس تدبیر سے باندھ دیا
یہاں تک کہ ریچھ جسمانی ہلاکت سے بچ گیا

اژدہا را ہست قوت حیلہ نیست
لیک[3] فوق حیلۂ تو حیلہ ایست

اژدہے میں طاقت ہے تدبیر نہیں ہے
لیکن تیری تدبیر سے بڑھ کر ایک اور تدبیر ہے

ماکراں بسیار لیکن در کمیں
ماکر او داں وھو خیر الماکرین

تدبیر کرنے والے بہت ہیں لیکن گھات میں
اس تدبیر کرنے والے کو سمجھ اور وہ تدبیر کرنے والوں میں بہتر ہے

حیلہ خود را چو دیدی باز رو
کز کجا آمد سوئے آغاز رو

جب تو اپنی تدبیر کو دیکھے، واپس لوٹ
کہ کہاں سے آئی ہے؟ شروع کی طرف پلٹ

ہر چہ در پستی ست آمد از علا
چشم را سوئے بلندی نہ ہلا

جو کچھ بھی (عالم) پستی میں آیا ہے (عالم) بالا سے (آیا ہے)
خبردار! نگاہ اوپر کی جانب رکھ

روشنی بخشد نظر اندر علا
گرچہ اوّل خیرگی آرد بلا

(عالم) بالا پر نظر رکھنا روشنی عطا کرتا ہے
اگرچہ آزمائش ابتداءً تاریکی پیدا کرتی ہے

چشم را در روشنائی خوی کن
گر نہ خفاشی نظر آں سوئے کن

آنکھ کو روشنی میں رکھنے کی عادت ڈال
اگر تو چمگادڑ نہیں ہے اس طرف دیکھ

[1] کاں شرر چنگاریاں جو بعد میں وجود میں آتی ہیں چقماق کو تقدم اور شرف زمانی ہے لیکن آگ مقصود ہے لہٰذا اس کو تقدم اور شرف رتبہ کا حاصل ہے۔ در زماں شاخ کو پھل پر تقدم زمانی حاصل ہے لیکن شرف میں پھل مقدم ہے۔ اوّل۔ یعنی رتبہ کے اعتبار سے۔

[2] سوئے خرس یعنی ریچھ اور اژدہے کا قصہ۔ اضمار۔ دل میں چھپانا۔ امر معنوی فوقیت معنویہ۔ مجاز۔ فوقیت مجازی۔ حیلت۔ حیلہ، تدبیر۔ مردی۔ بہادری۔ پشت دادن۔ مدد کرنا۔ اژدہا را۔ اژدہے میں طاقت تو تھی تدبیر نہ تھی بہادر میں طاقت اور تدبیر دونوں تھیں اس لئے بہادر اژدہے پر غالب آگیا۔

[3] لیک۔ انسان کو اپنی تدبیر پر گھمنڈ نہ چاہیے کیونکہ خدا کی تدبیر تمہاری تدبیر سے زیادہ قوی ہے۔ قرآن پاک میں ہے وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ۔ حیلہ خود۔ اپنی تدبیر کو بھی خدا کی عطا کردہ سمجھو۔ ہر چہ صرف انسان کی تدبیر ہی نہیں بلکہ دنیا کی ہر چیز خدا کی عطا کردہ ہے۔ پستی۔ عالم دنیا۔ علا۔ عالم آخرت۔ روشنی۔ مصائب میں پھنس کر ذات حق سے غفلت ہوتی ہے لیکن جب انسان اس کو منجانب اللہ سمجھ لیتا ہے تو غم کا ازالہ بھی ہو جاتا ہے۔ چشم را۔ آنکھ کو نور معرفت کا عادی بنانا چاہیے۔ خفاش چمگادڑ جو روشنی سے گھبراتی ہے۔

عاقبت[1] بینی نشانِ نورِ تست　　شہوتِ حالی حجابِ سُورِ تُست

انجام کو دیکھنا تیرے نور کی نشانی ہے　　موجود شہوت تیری خوشی کا حجاب ہے

عاقبت بینے کہ صد بازی بدید　　مثلِ آں نبود کہ یک بازی شنید

انجام پر نظر رکھنے والا جس نے سو کھیل دیکھے ہیں　　اس جیسا نہ ہوگا جس نے ایک کھیل سُنا ہے

زاں یکے بازی چناں مغرور شُد　　کز تکبر ز اوستاداں دُور شُد

ایک کھیل کی وجہ سے وہ ایسا مغرور ہوا　　کہ تکبر کی وجہ سے اُستادوں سے دور ہوگیا

سامری[2] وار آں ہنر در خود چو دید　　او ز موسیٰؑ از تکبر سر کشید

سامری کی طرح جب اسنے اپنے اندر وہ ہنر دیکھا　　اس نے موسیٰؑ سے تکبر کی وجہ سے سرکشی کی

اُو ز موسیٰؑ آں ہنر آموختہ　　وز مُعلّم چشم را بر دوختہ

اُس نے وہ ہنر موسیٰؑ سے سیکھا ہے　　اور اُستاد سے، آنکھ بند کرلی

لاجرم موسیٰؑ دگر بازی نمود　　تا کہ آں بازیِ اُو جانش ربود

لامحالہ موسیٰؑ نے دوسرا کھیل دکھایا　　یہانتک کہ وہ کھیل اس کی جان لے گیا

اے بسا دانش کہ اندر سر دَوَد　　تا شود سرور بداں خود سر رَوَد

بہت سی عقلیں جو دماغ میں آتی ہیں　　تاکہ اُن کی وجہ سے سردار بنے (لیکن) سر ہی چلا جاتا ہے

سر[3] نخواہی کہ رَوَد تو پائے باش　　در پناہِ قُطبِ صاحب رائے باش

(اگر) تو نہیں چاہتا ہے کہ سر جائے تو ہمہ تن پاؤں بنجا　　(اور) تدبیر والے قُطب کی پناہ میں آجا

گرچہ شاہی خویش فوقِ او مبیں　　گرچہ شہدی جز نباتِ او مچیں

اگرچہ تو شاہ ہو اپنے آپ کو اُس سے بالا نہ سمجھ　　اگرچہ تو شہد ہو اُس کی شکر کے علاوہ نہ چن

فکرِ تو نقش ست فکرِ اوست جاں　　نقدِ تو قلب ست نقدِ اُوست کاں

تیرا فکر تصویر ہے اور اُس کا فکر جان ہے　　تیرا نقد کھوٹا ہے (اور) اُس کا نقد کان ہے

اُو توئی خود را بجو در اُوئے اُو　　کو و کو گو فاختہ شو سوئے اُو

وہ تو ہی ہے اپنے آپ کو اُسکی ہستی میں تلاش کر　　اِس کے لئے فاختہ بن اور کوکو کہتا رہ

ور نخواہی خدمتِ ابنائے جنس　　در دہانِ اژدہائی ہمچو خرس

اگر تو اپنے ہم جنسوں کی خدمت نہیں کرنا چاہتا ہو　　تو تو ریچھ کی طرح اژدہے کے منہ میں ہے

---

[1] عاقبت۔ جس شخص کو خدا کی معرفت حاصل ہوجاتی ہے وہ انجام پر نظر رکھتا ہے اور جو شہوتیں پوری کرنے میں لگا رہے اُس کی خوشیاں معدوم ہوجاتی ہیں۔ عاقبت بیں۔ شیخ قدرت کے صدہا جلوے دیکھتا ہے۔ زاں۔ یہ انتہائی بیوقوفی ہے کہ قدرت کا معمولی کرشمہ دیکھ کر اپنے آپ کو کامل شیخ سے مستغنی سمجھ لیا جائے۔

[2] سامری۔ بنی اسرائیل کا ایک شخص ہے جس نے دریائے نیل عبور کرتے ہوئے ایک فرشتے کے گھوڑے کی ٹاپ کو دیکھا کہ جہاں اُس کا قدم پڑتا تھا سبزہ اُگ جاتا تھا اور زندگی کے آثار نمودار ہوجاتے تھے تو اُس نے اس مٹی سے یہ کام لیا کہ حضرت موسیٰؑ جب کوہِ طور پر گئے ہوئے تھے تو اُس نے ایک سونے کا ایک بچھڑا بنا کر اُس میں وہ مٹی ڈالدی جس سے اُس میں زندگی کے آثار پیدا ہوگئے اور قوم کو اُس کی پرستش پر لگا دیا اور حضرت موسیٰؑ کی مخالفت کرنے لگا۔ دگر بازی نمود حضرت موسیٰؑ نے بد دعا کی تو اُس کا یہ حال ہوگیا کہ کسی کے جسم سے اُس کا جسم مل جائے تو اُس کو بخار چڑھ جائے اسے بسا۔ انسان بھلائی کے لئے تدبیر کرتا ہے وہی اُس کی ہلاکت کا باعث بن جاتی ہے۔

[3] سر نخواہی۔ اِس ہلاکت سے بچنے کا صرف یہ طریقہ ہے کہ اپنے آپ کو شیخ کامل کے سپرد کردو گرچہ۔ مرید کو خواہ کتنے ہی کمالات حاصل ہوجائیں اُس کے لئے شیخ کا اتباع ضروری ہے۔ فکر تو بغیر جان کا ڈھانچہ بیکار ہے۔ او توئی۔ یعنی شیخ سے اپنے آپکو بالکل متحد کردو۔ آ سوئے او۔ دھیان او۔ کوکو۔ فاختہ کی آواز ہے جس کا مطلب ہے کہاں کہاں؟ یعنی وہ اپنے محبوب کو تلاش کرتی اور پکارتی ہے۔ ابنائے جنس۔ انسان اِس دھوکے میں مبتلا رہتا ہے کہ اپنے جیسے انسان کو شیخ کیسے بنائے۔

ور ترش می آیدت قندِ رضا[1] | ہمچو خرسی در دہانِ اژدہا
اگر خوشنودی کی شکر تجھے کڑوی لگتی ہے | تو تو ریچھ کی طرح اژدہے کے منہ میں ہے

بو کہ اُستادے رہاند مر ترا | وز خطر بیروں کشاند مر ترا
شاید کوئی پیر تجھے رہائی دلادے | اور خطرے سے تجھے نکال لے

زاری میکُن چو زورت نیست ہیں | چونکہ کوری سرمکش از راہ بیں
خبردار، اگر تجھ میں طاقت نہیں ہے تو عاجزی کر | تو چونکہ اندھا ہے راستہ دیکھنے والے سے سرکشی نہ کر

تو کم از خرسی نمی نالی ز درد | خرس رَست از درد چوں فریاد کرد
تو ریچھ سے کمی گیا گذرا ہے درد کی وجہ سے نالہ نہیں کرتا ہے | ریچھ نے درد سے نجات پالی جب فریاد کی

اے خدا[2] ایں سنگدل را موم کن | نالۂ اُو را خوش و مرحوم کن
اے خدا! اس سنگدل کو موم کر دے | اُس کے رونے کو مبارک اور باعث رحمت بنادے

## گفتن نابینائے سائل با مردم کہ من دُو کوری دارم
ایک اندھے بھکاری کا لوگوں سے کہنا کہ میں دُو اندھے پن رکھتا ہوں

بود کورے کو ہمی گفت الاماں | من دُو کوری دارم اے اہلِ زماں
ایک اندھا تھا جو کہہ رہا تھا، پناہ بخدا | میں دُوگنا اندھا پن رکھتا ہوں اے دنیا والو!

پس دُو بارہ رحمتم آرید ہاں | چوں دُو کوری دارم من درمیاں
مجھ پر ضرور دُوگنا رحم کرو | چونکہ میں دُوگنا اندھا پن رکھتا ہوں اور بیچ میں ہوں

از تعجب مردماں گفتند لیک | ایں دُو کوری را بیاں کن نیک[3]
لوگوں نے تعجب سے پوچھا، لیکن | اس دوہرے اندھے پن کو صاف صاف بتا

زانکہ یک کوریت می بینیم ما | آں دگر کوری چہ باشد وانما
اسلئے کہ تیرا ایک اندھا پن ہم دیکھتے ہیں | وہ دوسرا اندھا پن کیا ہے، ظاہر کر

گفت زشت آوازم و ناخوش نوا | زشت آوازی و کوری شد دُوتا
بولا میں بھدی آواز والا اور ناگوار آواز والا ہوں | آواز کا بھدا پن اور اندھا پن دُوگنا (اندھا پن) ہوگیا

بانگِ زشتم مایۂ غم می شود | مہرِ خلق از بانگِ من کم می شود
میری بُری آواز غم کا سرمایہ بن جاتی ہے | میری آواز کی وجہ سے لوگوں کی مہربانی کم ہوجاتی ہے

زشت آوازم بہر جا کہ رود | مایۂ خشم و غم و کیں می شود
میری بُری آواز جہاں بھی جاتی ہے | غصہ اور غم اور کینہ کا سبب ہوجاتی ہے

---

[1] ور ترش شیخ کی رضامندی بمنزلہ شکر ہے۔ بو کہ۔ اگر تم شیخ کا دامن پکڑے رہو گے تو تمہیں وساوس کی ہلاکت سے نجات مل جائیگی۔ زاری۔ اگر تم میں خود صلاحیت نہیں ہے اللہ تعالیٰ سے گریہ وزاری کرو وہ کسی شیخ کی رہبری کردے گا پھر اُس کا اتباع کرلینا۔ از درد۔ ریچھ چیخا چلایا تو بہادر اُس کی مدد کو پہنچا۔

[2] اے خدا۔ چونکہ شیخ کی نافرمانی ہلاکت کا باعث ہے تو ایسے مرید کے لئے دعا فرماتے ہیں کہ خدا اُس کو رونے کی توفیق دے اور اُس کا رونا مقبول ہو۔ گفتن۔ اس حکایت کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر قول اور نالہ میں درد ہوتا ہے تو قابلِ رحم ہوتا ہے۔ دُو کوری یعنی آنکھ کا اندھا پن اور آواز کا بھدا پن۔ دُو بارہ۔ مکرر۔

[3] نیک نیک۔ خوب اچھی طرح۔ وانما۔ ظاہر کر۔ زشت آوازی۔ آواز کا بھدا پن بھی محرومی کا سبب ہے اس لئے اُس کو اندھا پن کہا ہے۔ بانگِ زشتم۔ بھدی آواز سے ناگواری ہوتی ہے مہر مہربانی۔ کیں۔ کینہ۔

بر دو کوری رحم را دو تا کنید
دہرے اندھے پن پر دو گنا رحم کرو

ایں چنیں ناگنج[1] را گنجا کنید
ایسے نہ سمانے والے (شخص) کو سما جانے والا بنا دو

زشتیِ آواز کم شد زیں گلہ
اس طرح (شکوہ کرنے) سے اسکی آواز کا بھدا پن کم (محسوس) ہوا

خلق شد بر وے برحمت یکدلہ
لوگ اُس پر رحم کرنے پر متفق ہو گئے

کرد نیکو چوں بگفت اُو راز را
جب اُس نے راز بتایا، تو بھلا بنا دیا

لطفِ آوازِ دلش آواز را
اُس کے دل کی آواز نے (اُس کی) آواز کو

وانکہ آوازِ دلش ہم بد بود
جس کے دل کی آواز بھی بُری ہو

آں سہ کوری زشتیِ سرمد بود
وہ تہرا اندھا پن ہمیشہ کی بُرائی ہوگی

لیک[2] وہاباں کہ بے علت دہند
لیکن وہ بخشش کرنے والے جو بغیر سبب دیتے ہیں

بو کہ دستے بر سرِ زشتش نہند
ہو سکتا ہے (کہ) اُس کے بدنصیب سر پر ہاتھ رکھدیں

چونکہ آوازش خوش و مرحوم شد
چونکہ اُس کی آواز اچھی اور قابلِ رحم بن گئی

زو دلِ سنگیں دلاں چوں موم شد
اُس سے سنگدلوں کے دل (بھی) موم جیسے ہوگئے

نالۂ کافر چو زشت است و شہیق
کافر کا نالہ چونکہ بُرا اور گدھے کی آواز جیسا ہوتا ہے

زاں نمی گردد اجابت را رفیق
اس لئے قبولیت کا رفیق نہیں بنتا ہے

اِخْسَئُوا بر زشت آواز آمدست
دُور ہٹو، بھدی آواز پر آیا ہے

کو زخونِ خلق چوں سگ بود مست
کیونکہ وہ مخلوق کے خون سے کتے کی طرح مست تھا

چونکہ نالۂ خرس رحمت کش بود
جبکہ ریچھ کا رونا رحمت کا سبب ہو

نالات نبود چنیں، ناخوش بود
تیرا رونا ایسا نہ ہو (تو وہ) ناپسندیدہ ہے

دانکہ[3] با یوسفؑ تو گرگی کردہ
سمجھ لے کہ تو نے یوسفؑ کیساتھ بھیڑیا پن کیا ہے

یا زخونِ بیگناہے خوردہ
یا کسی بے گناہ کا خون پیا ہے

توبہ کن و زخوردہ استفراغ کن
توبہ کر اور کھایا ہوا اُگل دے

ور جراحت کہنہ شد رو داغ کن
اگر زخم پُرانا ہوگیا ہے تو جا، داغ دے

باز گرد از گرگی اے روباہِ پیر
اے بڑھی لومڑی! بھیڑیا پن چھوڑ دے

نصرت از حق می طلب نعم النصیر
اللہ (تعالٰی) سے مدد طلب کر وہ بہترین مددگار ہے

[3] دانکہ یعنی قبول نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ تو نے حقوق النفس یا حقوق العباد کو تلف کیا ہے۔ استفراغ۔ قے یعنی معدہ کی صفائی کردے۔ داغ۔ زخم کا آخری علاج داغ دینا تھا۔ روباہ پیر یعنی وہ شخص جسکی ساری عمر مکاری میں گذری ہے۔ نعم النصیر بہترین مددگار۔

[1] ناگنج۔ وہ شخص جس کیلئے کہیں گنجائش نہ ہو۔ گنجا سمائی کے قابل۔ کم شد۔ آواز کا بھدا پن تو کم نہ ہوا تھا لیکن چونکہ جذبۂ دل سے بات کہی لوگوں کو رحم آگیا۔ یکدلہ۔ ایک دل والا۔ آخر میں ہ نسبت کیلئے ہے جیسے یکسالہ۔ آوازِ دل چونکہ شکوہ دردمند دل سے کیا لہذا اُس کا اثر ہوا۔ وانکہ جس کی آنکھ بھی اندھی ہو اور آواز بھی بھدی پھر جذبۂ دل بھی شکوے میں نہ ہو تو اُس میں تین اندھے پن جمع ہوجاتے ہیں۔ سرمد۔ لازوال۔

[2] لیک۔ اِس تین قسم کے اندھے کو مایوس نہ ہونا چاہیے۔ بے علت۔ وہ لوگ جو بلا کسی ذاتی غرض اور وجہ کے عطا کرتے ہیں۔ خوش۔ خوشگوار۔ مرحوم۔ قابلِ رحم۔ سنگیں دلاں۔ پتھر جیسے دل والے۔ رحم دلوں کا موم ہونا تو ظاہر ہے۔ نالۂ کافر چونکہ وہ دردِ دل سے خالی ہے لہذا مردود ہے۔ شہیق۔ گدھے کی بھاری آواز کو جو ابتدائی ہوتی ہے زفیر اور آخری ہلکی آواز کو شہیق کہا جاتا ہے۔ اجابت۔ قبولیت۔ اِخْسَئُوا۔ قرآنِ پاک میں ہے۔ اِخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ دور ہو اسی میں پڑے رہو مجھ سے کلام نہ کرو یہ کفار سے اُسوقت کہدیا جائیگا جب وہ جہنم سے نکلنے کیلئے واویلا کریں گے۔ ناخوش بود یعنی اس نالہ کے ناپسندیدہ ہونے کی دلیل ہے۔

## تتمۂ حکایتِ خرس و آں ابلہ کہ بر وفائے خرس اعتماد کردہ بود

ریچھ اور اس بیوقوف کی حکایت کا باقی حصہ جس نے ریچھ کی وفاداری پر بھروسہ کیا تھا

خرس از اژدہا چوں وا رہید — واں کرم زاں مردِ مردانہ بدید
ریچھ جب اژدہے سے نجات پا گیا — اور اس نے اُس بہادر کا بہادرانہ کرم دیکھا

چوں سگِ اصحابِ کہف آں خرس زار — شد ملازم در پئے آں یارِ غار
(تو) وہ بیچارہ ریچھ اصحاب کہف کے کُتّے کی طرح — اُس یارِ غار کا ساتھی بن گیا

آں مسلماں سر نہاد از خستگی — خرس حارس گشت از دلبستگی
تھکن کی وجہ سے وہ ایک آدمی لیٹ گیا — تعلق خاطر کی وجہ سے ریچھ محافظ بن گیا

آں یکے بگذشت و گفتش حال چیست — اے برادر مر ترا ایں خرس کیست
ایک شخص وہاں سے گذرا اور اُس نے اس سے کہا مزاج کیسے ہیں؟ — اے بھائی! یہ ریچھ تیرا کون ہے؟

قصہ وا گفت و حدیثِ اژدہا — گفت بر خرسے منہ دل ابلہا
اُس نے وہ قصہ اور اژدہے کی بات سب سنائی — اُس نے کہا اے بیوقوف! ریچھ سے دل نہ لگا

دوستی ز ابلہ بتر از دشمنی ست — او بہر حیلہ کہ دانی راندنی ست
بیوقوف کی دوستی، دشمنی سے بدتر ہے — ایسی ہر تدبیر سے جو تو جانتا ہو، وہ بھگا دینے کے لائق ہے

گفت واللہ از حسودی گفت ایں — ورنہ خرس چہ نگری ایں مہر بیں
اُس نے کہا، خدا کی قسم! یہ بات حسد سے کہی ہے — ورنہ ریچھ کو کیا دیکھتا ہے، اس محبت کو دیکھ

گفت مہرِ ابلہاں عشوہ دہ ست — ایں حسودی من از مہرش بہ ست
اُس نے کہا بیوقوفوں کی محبت فریب دینے والی ہے — میرا یہ حسد کرنا اُس کی محبت سے بہتر ہے

ہی بیا با من براں ایں خرس را — خرس را مگزیں مہل ہم جنس را
خبردار! میرے ساتھ آجا اس ریچھ کو بھگا دے — ریچھ کو پسند نہ کر، ہم جنس کو نہ چھوڑ

گفت رَو رَو کارِ خود کن اے حسود — گفت کارم ایں بُد و بختت نبود
اُس نے کہا اے حاسد جا جا اپنا کام کر — اُسنے کہا میرا کام یہی تھا اور تیرے نصیب میں نہ تھا

من کم از خرسے نباشم اے شریف — ترکِ او کن تا منت باشم حریف
اے بھلے آدمی! میں ریچھ سے کم نہ ہونگا — اُس کو چھوڑ دے تاکہ میں تیرا دوست ہو جاؤں

بر تو دل می لرزدم ز اندیشۂ — با چنیں خرسے مرو در بیشۂ
فکر سے تجھ پر میرا دل لرزتا ہے — ایسے ریچھ کے ساتھ جنگل میں نہ جا

---

(۱) وا رہیدن۔ چھوٹ جانا۔ سگ اصحابِ کہف کا کتا نیکی میں ضرب المثل ہے۔ یارِ غار۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہجرت کے وقت آنحضورؐ کا ساتھ دیا اور تین دن حضورؐ کے ساتھ غارِ ثور میں گزارے لہٰذا اُن کو یارِ غار کہا جاتا ہے پھر ہر مخلص کو یارِ غار کہہ دیا جاتا ہے۔ حارس۔ نگہبان۔

(۲) وا گفتن۔ واضح طور پر کہنا۔ حدیث۔ قصہ۔ منہ دل۔ دل نہ لگا۔ ابلہا۔ اے ابلہ۔ راندنی یعنی ہر تدبیر سے کچھ سے پیچھا چھڑا لینا چاہئے۔ انگری سالف زیادہ ہے۔

(۳) عشوہ دہ۔ فریب دینے والا۔ ایں حسودی یعنی اگر بالفرض میں نے حسد سے ہی یہ بات کہی ہے تو تیرے لئے بہتر ہے۔ ہم جنس یعنی مجھے۔ بختت نبود۔ میرا کام نصیحت کرنا تھا تیرے نصیب میں قبول کرنا نہ تھا۔ حریف۔ دوست، ساتھی، بالمقابل۔ بیشہ۔ جنگل۔

این دلم ہرگز نہ لرزید از گزاف[۱] — نورِ حق ست این نہ دعوی و نہ لاف

میرا یہ دل خواہ مخواہ نہیں لرزا — یہ (لرزنا) اللہ کے نور (کی وجہ) سے ہے یہ نہ دعویٰ ہے نہ شیخی بگھارنا

مومنم ینظر بنور اللہ شدہ — ہاں وہاں بگریز ازیں آتشکدہ

میں مومن ہوں وہ (مومن) جو اللہ کے نور سے دیکھتا ہے — خبردار خبردار، اس آگ کی بھٹی سے بھاگ

این ہمہ گفت و بگوشش در نرفت — بدگمانی مرد را سدیست زفت

اس نے یہ سب کچھ کہا اور اس کے کان میں نہ گیا — انسان کیلئے بدگمانی بڑا بندھ ہے

دستِ وے بگرفت و دست از وے کشید — گفت رفتم چون نہ یارِ رشید

اس نے اس کا ہاتھ پکڑا اس نے اس سے ہاتھ چھڑا لیا — اُسنے کہا، جبکہ سیدھا ہونیوالا دوست نہیں ہی میں جاتا ہوں

گفت رَو بر من تو غمخوارہ مباش — بوالفضولا معرفت کمتر تراش

اُس نے کہا، جا تو میرا غم نہ کھا — اے بکواسی! معرفت (خداوندی کی باتیں) نہ کر

باز[۲] گفتش من عدوے تو نیم — لطف بینی گر بیائی در پیَم

اس نے پھر کہا، میں تیرا دشمن نہیں ہوں — اگر میرے پیچھے (پیچھے) آجائیگا لطف (و محبت) دیکھیگا

گفت خوابستم مرا بگذار و رو — گفت آخر یار را منقاد شو

اُس نے کہا، مجھے نیند آرہی ہے مجھے چھوڑ اور جا — اُس نے کہا، آخر دوست کا فرمانبردار بن جا

تا بخسپی در پناہِ عاقلے — در جوارِ دوستے صاحبدلے

تاکہ تو ایک عقلمند کی حفاظت میں سوئے — ایک صاحبدل دوست کے قریب

در خیال افتاد مرد از جِدِّ اُو — خشمگیں شد زو بگردانید رو

اُس کے اصرار سے وہ مرد شک میں پڑ گیا — غضبناک ہو گیا، اُس سے منہ پھیر لیا

کیں مگر قصدِ من آمد خونی ست — یا طمع دارد گدائی و توُنی ست

کہ یہ شاید میری جان کا خواہاں بنا ہے خونی ہے — یا لالچ کرتا ہے، بھک منگا اور جور ہے

یا گرو[۳] بست ست با یاراں بدیں — کہ بترساند مرا از ہمنشیں

یا اُس نے دوستوں سے اس پر شرط باندھی ہے — کہ مجھے ساتھی سے ڈرا دے گا

یا حسد دارد ز مہرِ یارِ من — کاینچنیں جِد میکند در کارِ من

یا میرے یار کی محبت پر حسد کرتا ہے — کہ میرے معاملہ میں اس قدر اصرار کر رہا ہے

خود نیامد ہیچ از خُبثِ سرش — یک گمانِ نیک اندر خاطرش

اُس کی بد دماغی سے نہ آیا — کوئی بھی نیک گمان اس کے دل میں

---

۱ گزاف۔ لغو، بیہودہ۔ نورِ حق یعنی یہ میری الہامی بات ہے۔ دعویٰ یعنی خواہ مخواہ دعویٰ نہیں کر رہا ہوں۔ لاف۔ شیخی بگھارنا۔ ینظر الخ حدیث میں ہے المؤمن ینظر بنور اللہ۔ مومن خدا کے نور سے دیکھتا ہے۔ آتشکدہ یعنی ریچھ کی دوستی۔ سد۔ بندھ۔ زفت بھاری، موٹا۔ بگرفت یعنی نصیحت کرنے والے نے ریچھ والے کا ہاتھ پکڑا لیکن اس نے اُس سے ہاتھ چھڑا لیا۔ معرفت یعنی خدا رسیدہ ہونا۔

۲ باز گفتش۔ اس نصیحت کرنے والے نے ریچھ والے سے پھر کہا۔ خوابستم۔ مرا خواب ست۔ منقاد۔ مطیع، فرمانبردار۔ عاقلے یعنی نصیحت کرنیوالا۔ جِد۔ اصرار۔ قصد من یعنی میری جان لینے کا ارادہ۔ توُنی۔ بھنگی، چور، دغاباز یعنی میری خدمت کرکے کچھ کمانا چاہتا ہے۔

۳ گرو بست۔ اُس نے شرط باندھی ہے۔ ہمنشیں۔ یعنی ریچھ۔ یارِ من یعنی ریچھ۔ خود یعنی چونکہ بد دماغ تھا نصیحت کرنے والے کے بارے میں کوئی بھلا خیال اُس کے دل میں نہ آیا۔

ظنِ نیکش جملگی برخرس بود ۔۔۔ او مگر[۱] آں خرس را ہم جنس بود
اُس کا نیک گمان بالکل ریچھ پر تھا ۔۔۔ شاید وہ اس ریچھ کا ہم نسل تھا

بدگمان وابلہ و نااہل بود ۔۔۔ وز شقاوت او مطیعِ جہل بود
بدگمان اور بے وقوف اور نااہل تھا ۔۔۔ بدبختی کی وجہ سے وہ جہل کا تابع تھا

بدرگ و خودرای و بدبختِ ابد ۔۔۔ گمرہ و مغرور و کور و خوار و رَد
بدسرشت اور خودسر اور ہمیشہ کا بدبخت ۔۔۔ گمراہ اور مغرور اور اندھا اور ذلیل اور مردود

خرس را بگزیدہ بر صاحب کمال ۔۔۔ رُوسیہ حاصل تبہ فاسدخیال
ریچھ کو صاحبِ کمال پر ترجیح دی ۔۔۔ رُوسیاہ، بدانجام، گندے خیال والا

عاقلے را از سگی تہمت نہاد ۔۔۔ خرس را دانست اہلِ مہر و داد
کتے پن سے ایک عقلمند پر تہمت دھری ۔۔۔ ریچھ کو محبت اور انصاف والا سمجھا

## گفتنِ[۲] موسیٰؑ گوسالہ پرست را کہ آں خیال اندیشی
(حضرت) موسیٰ علیہ السلام کا ایک بچھڑے کے پوجنے والے سے فرمانا کہ تیری

## و حزمِ تو کجا رفت
وہ سمجھ اور پختگی کہاں چلی گئی؟

گفت موسیٰؑ با یکے مستِ خیال ۔۔۔ کاے بداندیش از شقاوت در ضلال
(حضرت) موسیٰؑ نے ایک وہمی سے فرمایا ۔۔۔ کہ اے بدبختی کی وجہ سے گمراہ اور بدخیال!

صد گمانت بود در پیغمبرم ۔۔۔ با چنیں برہان و ایں خلقِ کریم
تجھے میری پیغمبری میں تو شک تھے ۔۔۔ ایسی دلیل اور ان اچھے اخلاق کے ہوتے ہوئے

صد ہزاراں معجزہ دیدی ز من ۔۔۔ صد خیالت می فزود و شک و ظن
تو نے مجھ سے لاکھوں معجزے دیکھے ۔۔۔ لیکن تیرے اندر سینکڑوں وہم شک اور بدگمانیاں تھیں

از خیال و وسوسہ تنگ آمدی ۔۔۔ طعن بر پیغمبریم می زدی
تو وہم اور وسوسہ سے مجبور ہوگیا ۔۔۔ میری پیغمبری پر تو نے طعنہ زنی کی

گرد[۳] از دریا بر آوردم عیاں ۔۔۔ تا رہیدید از شرِ فرعونیاں
میں نے کھلم کھلا دریا سے گرد اڑا دی ۔۔۔ یہانتک کہ تم فرعون والوں کے شر سے بچ گئے

ز آسماں چل سالہ کاسہ و خواں رسید ۔۔۔ وز دعایم جُوئے از سنگے دوید
چالیس سال تک آسمان سے پیالہ اور خوان آیا ۔۔۔ میری دعا سے پتھر سے پانی کی نہر جاری ہوئی

---

۱ او مگر یعنی ریچھ جیسی فطرت کا تھا۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ بدرگ۔ بدسرشت۔ خودرای۔ کسی کا کہنا نہ ماننے والا۔ بدبخت ابد۔ ازلی شقی۔ رد۔ مردود۔ حاصل تبہ۔ بدانجام۔ عاقلے یعنی نصیحت کرنے والا۔ داد۔ انصاف۔

۲ گفتن۔ اس قصہ کا منشا یہ ہے کہ بچھڑے کے پجاری کو سیدھا راستہ نظر نہ آیا۔ شقاوت۔ بدبختی۔ ضلال۔ گمراہی۔ صد گماں۔ سینکڑوں شبہات۔ برہان۔ دلیل۔ شک۔ یعنی پیغمبری میں شک وشبہ۔

۳ گرد برآوردن۔ ہلاک کردینا، خاک اڑانا یعنی حضرت موسیٰؑ نے جب بنی اسرائیل کے ساتھ دریائے نیل کو پار کیا تو بطور معجزہ کے راستہ بالکل خشک ہوگیا تھا۔ فرعونیاں۔ فرعون کا لشکر بنی اسرائیل کو گرفتار نہ کرسکا تھا۔ ز آسماں۔ میدانِ تیہ میں بنی اسرائیل پر چالیس سال تک آسمان سے من وسلویٰ اترتا رہا۔ وز دعایم۔ حضرت موسیٰؑ کی ضرب سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے تھے۔

چوب شُد در دستِ من نَر اژدہا
تیرے ہاتھ میں لکڑی نَر اژدھا بنی
آب خوں شُد بر عدوّے نا سزا
نالائق دشمن پر پانی خون بن گیا

شد عصا مار و کفم شد آفتاب
لاٹھی سانپ بنی، اور میری ہتھیلی سورج بنی
آفتاب از عکسِ رُویم شد شہاب
سورج میرے چہرے کے عکس سے ٹوٹا ہوا ستارہ بن گیا

این وصد چندین و چندیں گرم و سرد
یہ اور ایسے ایسے سینکڑوں مختلف قسم (کے معجزوں) نے
از تو اے سرد آں توہم کم نہ کرد
اے کج فہم! تیرا وہم نہ مٹایا

بانگ زد گوسالہ از جادوئی
جادوگری سے بچھڑا بولا
سجدہ کردی کہ خدائے من توئی
تونے سجدہ کیا، کہ میرا خدا تو ہے

آں توہمہات را سیلاب بُرد
تیرے ان وہموں کو سیلاب بہا لے گیا
زیرکیِ باردت را خواب بُرد
تیری لایعنی ذہانت سو گئی

چوں نبودی بدگماں در حقِ اُو
تو اُس کے بارے میں بدگمان کیوں نہ ہوا؟
چوں نہادی سر چنیاں اے زشت رو
اے بدصورت! تونے اس طرح کیوں سر دھر دیا؟

چوں خیالت نامد از تزویرِ او
تجھے اُس کی مکاری کا کیوں خیال نہ آیا؟
وز فسادِ سحرِ احمق گیرِ اُو
اور اُس کے احمقوں کو پھنسانیوالے جادو کا

سامری خود کہ باشد اے مُہاں
اے ذلیل! سامری خود کیا ہے؟
کہ خدائے بر تراشد در جہاں
کہ جو دنیا میں خدا بنا ڈالے

چوں دریں تزویرِ اُو یک دل شُدی
تو جب تو اُس کی اِس مکاری سے مطمئن ہوگیا
وز ہمہ اشکالہا عاطل شُدی
اور تمام اشکالات سے خالی ہوگیا

گاؤ می شاید خدائی را بلاف
بکواس سے، بچھڑا خدائی کے لائق ہوسکتا ہے؟
در رسولی ام توچوں کردی خلاف
میرے رسول ہونے میں تونے کیوں خلاف کیا؟

پیشِ گاوے سجدہ کردی از خری
گدھے پن سے تونے بچھڑے کے سامنے سجدہ کیا
گشت عقلت صیدِ سحرِ سامری
تیری عقل سامری کے جادو کا شکار ہوگئی

چشم دُزدیدی ز نورِ ذوالجلال
تونے اللہ (تعالیٰ) کے نور سے آنکھیں چُرائیں
اینت جہلِ وافر و عینِ ضلال
عجیب بھاری نادانی اور اصل گمراہی ہے

شہ بران عقل و گزینش کہ ترا ست
تیری عقل اور اُسکے انتخاب پر جو تونے کیا، تُف ہے
چوں تو کانِ جہل را کشتن سزا ست
تجھ جیسے جہل کی کان کا قتل مناسب ہے

ؔلہ چوب۔ حضرت موسیٰ کی لاٹھی، اژدہا بن گئی تھی۔ کفم۔ حضرت موسیٰ کو یدِ بیضا کا معجزہ حاصل تھا۔ شہاب۔ یعنی سورج کی حیثیت گھٹ گئی۔ گرم و سرد۔ مختلف اقسام۔ سرد۔ جامد طبع، بیوقوف۔

ؔلہ بانگ زد۔ سامری نے جو بچھڑا بنایا تھا وہ بولنے لگا تھا۔ جادوئی۔ جادوگری۔ توہمات۔ پیغمبری کے سلسلہ میں جو شکوک تھے بچھڑے کی خدائی میں نہ پیدا ہوئے۔ در حقِ او۔ بچھڑے کی خدائی۔

ؔلہ تزویر۔ فریب۔ او یعنی سامری۔ احمق گیر۔ بیوقوفوں کو پھانسنے والا۔ سامری۔ اُس شخص کا نام ہے جس نے بنی اسرائیل کو بچھڑے کی پوجا میں لگا دیا تھا۔ مُہان۔ ذلیل۔ یک دل۔ مطمئن۔ عاطل۔ بابغ، خالی۔ لاف۔ بکواس۔ رسولی۔ رسالت۔ خلاف۔ مخالفت۔ گاؤ یعنی بچھڑا۔ خری۔ گدھا پن۔ سحرِ سامری۔ سامری کا جادو یہی تھا کہ اُس نے حضرت جبرئیلؑ کے گھوڑے کی قدموں کی مٹی اُس بچھڑے کے بت میں ڈال دی تھی جو اُس کی زندگی کا سبب بن گئی تھی۔ اینت۔ زہے کلمۂ تعجب ہے۔ وافر۔ گھنا۔ ضلال۔ گمراہی۔ شہ۔ کلمۂ نفرین ہے، تُف۔ گزینش۔ انتخاب۔ کان۔ معدن۔

گاوِ[1] زرّیں بانگ کرد آخر چہ گفت ۔ کاحمقاں را ایں ہمہ رغبت شگفت
سونے کا بچھڑا بولا، آخر کیا کہا؟ کہ احمقوں کی رغبت کے یہ سب پھول کھلے

زاں عجب تر دیدہ از من بسے ۔ لیک حق را کے پذیرد ہر خسے
مجھ سے تو نے اس سے زیادہ تعجب انگیز (معجزے) دیکھے ۔ لیکن ہر کمینہ حق بات کو کب مانتا ہے!

باطلاں را چہ رُباید باطلے ۔ عاطلاں را چہ خوش آید عاطلے
بیہودوں کو کیا بھاتا ہے! بیہودہ بات ۔ لغو لوگوں کو کیا اچھا لگتا ہے؟ لغو

زاں کہ ہر جنسے رُباید جنسِ خود ۔ گاو سُوئے شیرِ نر کے رُو نہد
کیونکہ ہر جنس اپنی جنس کو کھینچتی ہے ۔ گائے، نر شیر کے سامنے کب آتی ہے؟

گرگ بر یوسف کجا عشق آورد ۔ جُز مگر از مکر تا اُو را خورد
بھیڑیا، یوسفؑ سے کب عشق کرتا ہے؟ ۔ مکر کے سوا! تاکہ اس کو ہڑپ کر جائے

چوں[2] ز گرگی وارہد محرم شود ۔ چوں سگِ کہف از بنی آدم شود
جب بھیڑیے پن سے نجات حاصل کر لیتا ہے محرم ہو جاتا ہے ۔ اصحابِ کہف کے کتّے کی طرح انسان ہو جاتا ہے

چوں محمدؐ را ابوبکرؓ نکو ۔ دید صدقش گفت ھٰذا صادقٌ
جب نیک (سیرت) ابوبکرؓ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۔ کی سچائی کو دیکھا بول اُٹھے یہ سچا ہے

چوں ابوبکرؓ از محمدؐ بُردہ بُو ۔ گفت ھٰذا لیس وجہٌ کاذبٌ
جب ابوبکرؓ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سونگھی ۔ کہا یہ جھوٹا چہرہ نہیں ہے

چوں نہ بُد بوجہل از اصحابِ درد ۔ دید صد شقّ القمر باور نہ کرد
چونکہ ابوجہل اصحابِ ہمدرد میں سے نہ تھا ۔ سو شق القمر (جیسے معجزے) دیکھے یقین نہ کیا

دردمندے کش ز بام افتاد طشت ۔ زو نہاں کردیم حق پنہاں نگشت
وہ دردمند جس کا راز ظاہر ہو کر رہا ۔ ہم نے اُس سے حق کو چھپایا (پھر بھی) نہ چھپا

وانکہ[3] اُو جاہل بُد از دردش بعید ۔ چند بنمودیم و اُو آں را ندید
وہ جو کہ جاہل تھا اور اُس کے درد سے دور تھا ۔ ہم نے اُس کو ہر چند دکھایا اُس نے اس کو نہ دیکھا

آئینہ دل صاف باید تا در و ۔ واشناسی صورتِ زشت از نکو
دل کا آئینہ صاف ہونا چاہیے تاکہ اس میں ۔ بُری اور اچھی صورت میں تو امتیاز کر سکے

## ترک کردنِ آں مردِ ناصح بعد از مبالغہ پندِ مغرورِ خرس را

اُس نصیحت کرنے والے انسان کا مبالغہ کی نصیحت کے بعد ریچھ سے دھوکہ میں پڑے ہوئے آدمی کی صحبت کو ترک کرنا

---

[1] گاوِ زرّیں۔ بچھڑے کا بُت جو سامری نے سونے سے بنایا تھا۔ زیبِدَہ۔ یعنی معجزے جنس یکنہ۔ باطلاں۔ کند ہم جنس با ہم جنس پرواز۔ گاو۔ گائے شیر کی جنس نہیں ہے۔ گرگ۔ حضرت یوسفؑ کے ساتھ گرگ کا تصور ان کے بھائیوں کے جھوٹ پر مبنی ہے۔ محرم۔ بھیڑیا پن ختم کر کے بھیڑیا انسان کا ساتھی بن سکتا ہے جس طرح کہ اصحاب کہف کے کتے کا کتا پن ختم ہوا اور وہ ان کا ساتھی بن گیا۔

[2] چوں۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اوصاف میں اشتراک تھا لہٰذا اُن کا اُن کی طرف میلان ہوا۔ ھٰذا صادقٌ یعنی آنحضورؐ اپنی رسالت کے دعوے میں سچے ہیں۔ بوجہل۔ ابوجہل اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم میں اوصاف کا اشتراک نہ تھا لہٰذا شقّ القمر کے معجزے سے بھی قائل نہ ہوا۔ دردمندے۔ یعنی طالب حق۔ طشت۔ از بام افتادن راز کا ظاہر ہو جانا۔

[3] وانکہ۔ جو شخص طلب حق میں دردمند نہیں ہے۔ آئینہ دل۔ کفار کا آئینہ دل زنگ آلود تھا لہٰذا وہ منکر بنے ترک کردن۔ اگر مخاطب میں نصیحت سننے کی صلاحیت نہ ہو تو نصیحت نہ کرنی چاہیے مغرور دھوکے میں مبتلا۔

آں[1] مسلماں تَرکِ آں اَبلہ گرفت | زیرِ لب لاحول گویاں باز رفت
اُس مسلمان نے اُس بے وقوف کو چھوڑ دیا | خاموشی سے لاحول پڑھتا ہوا لوٹ گیا

گفت چوں از جدّ و پندو از جدال | دردلِ اُو بیش می زاید خیال
بولا جبکہ اصرار اور نصیحت اور بحث سے | اُس کے دل میں زیادہ شک پیدا ہوتا ہے

پس رہِ پند و نصیحت بستہ شُد | امرِ اَعْرِضْ عَنْهُمْ پیوستہ شُد
تو وعظ اور نصیحت کا راستہ بند ہوگیا ہے | اُن سے اعراض کر کا حکم وابستہ ہوگیا ہے

چوں دوایت می فزاید دردِ پس | قصہ برطالب بگو برخواں عَبَس
جب تیری دوا درد بڑھائے تو | طلبگار سے بات کر (سورۂ) عبس پڑھ لے

چونکہ اعمیٰ طالبِ حق آمدست | بہرِ فقرِ اُو رانشاید سینہ خست
جبکہ اندھا حق کا طالب بن کر آیا ہے | اُس کے افلاس کی وجہ سے تنگدل نہونا چاہیئے

تو حریصی بر رشادِ مہتراں | تا بیاموزند عام از سروَراں
تو بڑوں کی ہدایت کا حریص ہے | تاکہ عوام سرداروں سے (دین) سیکھیں

احمدا دیدی کہ قومے از ملوک[2] | مستمع گشتند گشتی خوش کہ بُوک
اے احمد! تم نے دیکھا کہ بادشاہوں کی ایک جماعت | سننے لگی ہے (اور) تم خوش ہوئے کہ شاید

ایں رئیساں یارِ دیں گردند خوش | برعرب اینہا سَرَاند و بر حبش
یہ سردار دین کے اچھّے دوست بن جائیں گے | یہ عرب اور حبشہ کے سردار ہیں

بگذرد ایں صیت از بصرہ و تبوک[3] | زانکہ اَلنَّاسُ عَلیٰ دِیْنِ الْمُلُوْکِ
یہ شہرت بصرہ اور تبوک سے آگے بڑھ جائیگی | کیونکہ قوم بادشاہوں کے دین پر ہوتی ہے

زیں سبب تو از ضریرِ مہتدی | رُو بگردانیدی و تنگ آمدی
اِس لئے تم نے ہدایت چاہنے والے اندھے سے | رُوگردانی کی اور تنگ ہوئے

کاندریں فرصت کم افتد ایں مناخ | تو زیارانی و وقتِ تو فراخ
کہ اس وقت یہ موقع کم ملتا ہے | تو صحابہ میں سے ہے تیرے لیے بہت وقت ہے

مُزدحم می کردیم در وقتِ تنگ | ایں نصیحت می کُنم نز خشم و جنگ
تنگ وقت میں تونے مجھ پر ہجوم کیا | یہ میں نصیحت کر رہا ہوں نہ کہ غصہ اور لڑائی

---

مہتدی۔ ہدایت کرنے والا۔ مناخ۔ اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ یعنی یہ موقع کم آتا ہے کہ یہ لوگ آکر بات سنیں یاراں یعنی صحابہ فراخ۔ وسیع مزدحم۔ ہجوم کرنے والا نصیحت۔ یعنی یہ نصیحت کرتا اس وقت قرآن سننے کا سوال نہ کرو۔

---

[1] آں مسلماں یعنی نصیحت کرنیوالا۔ جدال یعنی نصیحت کا بحث ومباحثہ خیال یعنی شک بیچ۔ اگر نصیحت مزید انکار کا سبب بنے تو پھر نصیحت سے اعراض کرنا چاہیئے اَعْرِضْ عَنْهُمْ۔ آنحضرتؐ نبیوں کو آنحضرتؐ سے اُن کفار کے بارے میں فرمایا گیا جو نصیحت کا اثر نہیں لیتی تھی۔ عَبَس۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے بڑے سرداروں کو فہمائش کر رہے تھے۔ اس اثنا میں ابن ام مکتومؓ حاضر ہوئے اور قرآن سنانے کی فرمائش کی تو آنحضورؐ کے چہرے پر ناگواری کے آثار پیدا ہوئے اور ان سرداروں سے گفتگو کو ختم کرنا پسند نہ کیا اِس پر سورۂ عبس نازل ہوئی جس کا مضمون مولانا نے آئندہ اشعار میں بیان فرمایا ہے۔ اعمیٰ یعنی ابن ام مکتوم رضؓ۔ مہتراں یعنی سردارانِ قریش۔

[2] ملوک یعنی قریش کے سردار بُوک۔ شاید، مگر۔ ایں رئیساں یعنی سردارانِ قریش۔ سر۔ سردار۔ بگذرد۔ یعنی ان سرداروں کے مسلمان ہوجانے سے۔ صیت یعنی اسلام کی شہرت۔ بصرہ۔ عراق کا مشہور شہر ہے۔

[3] تبوک۔ شام کی سرحد پر ایک شہر ہے۔ اَلنَّاسُ عَلیٰ دِیْنِ مُلُوْکِہِمْ۔ لوگ اپنے بادشاہوں کے مذہب پر ہوتے ہیں۔ یہ مشہور مقولہ ہے۔ ضریر۔ نابینا یعنی ابن ام مکتومؓ

احمدا نزدِ خدا ایں یک ضریر — بہتر از صد قیصرؔ ست و صد وزیر
اے احمدؐ! اللہ کے نزدیک یہ ایک اندھا — سینکڑوں قیصروں اور وزیروں سے بہتر ہے

یاد النّاس معادن ہیں بیار — معدنے باشد فزوں از صد ہزار
خبردار! "لوگ کانیں ہیں" کو یاد رکھ — ایک کان لاکھوں سے بہتر ہوتی ہے

معدنِ لعل و عقیقِ مکتنس — بہتر ست از صد ہزاراں کانِ مس
لعل اور عقیق کی چھپی ہوئی کان — تانبے کی لاکھوں کانوں سے بہتر ہے

احمدا اینجا ندارد مال سود — سینہ باید پُر ز عشق و درد و دود
اے احمدؐ! یہاں مال مفید نہیں ہے — ایسا سینہ درکار ہے جو عشق اور درد اور دھوئیں سے بھرا ہو

اعمیٰ روشندل آمد دردمند — پند او را دہ کہ حق اوست پند
ایک اندھا، روشن دل، دردمند آیا — اُس کو نصیحت کر، نصیحت اُس کا حق ہے

گر دو سہ ابلہ ترا منکر شوند — تلخ کے گردی چو ہستی کانِ قند
اگر دو تین بے وقوف تیرے منکر ہوں — تو آپ تلخ کب ہو سکتے ہیں جبکہ آپ شکر کی کان ہیں

گر دو سہ احمق ترا تہمت نہد — حق برائے تو گواہی می دہد
اگر دو تین احمق تجھ پر تہمت لگائیں — اللہ تعالیٰ تیری گواہی دیتا ہے

گفتؔ از اقرارِ عالم فارغم — آنکہ حق باشد گواہ او را چہ غم
فرمایا (اب) میں جہان کے اقرار سے فارغ ہوں — جس کا خدا گواہ ہو اُس کو کیا غم ہے

گر خفاشے را ز خورشیدے خورست — ایں دلیل آمد کہ آں خورشید نیست
اگر چمگادڑ کو سورج سے خوراک حاصل ہے — یہ اس کی دلیل ہے کہ وہ سورج نہیں ہے

نفرتِؔ خفاشگاں باشد دلیل — کہ منم خورشیدِ تابانِ جلیل
چمگادڑوں کی نفرت دلیل ہوگی — کہ میں ربِ جلیل کا روشن سورج ہوں

گر گلابے را جُعَل راغب شود — آں دلیلِ ناگلابی می بود
اگر کسی گلاب (کے پھول) کی گبریلا رغبت کرے — وہ اسکے گلاب (کا پھول) نہ ہونے کی دلیل ہوگی

گر شود قلبے خریدارِ محک — در محکی اش در آید نقص و شک
اگر کھوٹا سکہ کسوٹی کا طالب ہے — اُس کے کسوٹی ہونے میں نقص اور شک ہوگا

دزدِ شب خواہد نہ روز ایں را بداں — شب نیم روزم کہ تابم در جہاں
یہ جان لے کہ چور رات چاہتا ہے، نہ کہ دن — میں رات نہیں ہوں، دن ہوں جو دنیا میں چمکتا ہوں

لہ قیصر۔ روم کے بادشاہ کا لقب تھا۔ النّاس معادن۔ "لوگ کانیں ہیں" اس حدیث کے بقیہ الفاظ یہ ہیں کمعادن الذہب والفضۃ خیارھم فی الجاھلیۃ خیارھم فی الاسلام اذا فقھوا جیسا کہ سونے اور چاندی کی کانیں جو انہیں سے جاہلیت میں اچھے تھے وہ اسلام میں بھی اچھے ہیں جبکہ دین کی سمجھ حاصل کریں۔ معدنے یعنی ابن ام مکتومؓ۔ صد ہزار یعنی سرداران قریش۔ مکتنس۔ پوشیدہ، مخفی۔ مس۔ تانبا۔ اینجا یعنی دین کے معاملہ میں۔ اعمیٰ یعنی ابن ام مکتومؓ۔ منکر یعنی رسالت کے منکر۔

ٹہ گفت۔ پہلے اشعار میں سورۂ عبس کا مضمون بیان کیا گیا تھا یہاں سے آنحضورؐ کا مقولہ ہے۔ گواہ یعنی رسالتؐ و صداقت پر۔ خور سے خوراک۔ نیست۔ ورنہ چمگادڑ کو اس سے نفرت ہوتی

ٹہ نفرت۔ سورج سے چمگادڑ کی نفرت اُس کے حق ہونے کی دلیل ہے۔ جلیل۔ یعنی ربِ جلیل۔ گر۔ بدبو میں پرورش پانے والا گبریلا اگر گلاب سے رغبت کرنے لگے تو اس کا گلاب ہونا مشکوک ہو جائیگا۔ قلب۔ کھوٹا سکہ۔ یہاں کھوٹا سکہ چلانیوالے کے معنی میں ہے۔ محک۔ کسوٹی۔ دزد۔ چور رات کی تاریکی سے اپنا کام چلاتا ہے۔ شب نیم۔ لہٰذا چور اور دغاباز مجھے پسند نہیں کر سکتے ہیں۔

فارقم فاروقیم غربیل وار ۔۔۔ تا کہ کاہ از من نمی یابد گزار
میں فرق کرنیوالا ہوں چھلنی کی طرح جدا کرنیوالا ہوں ۔۔۔ حتیٰ کہ بھوسی مجھ میں سے نہیں گزر سکتی ہے

آرد را پیدا کنم من از سبوس ۔۔۔ تا نمایم کیں نقوش ست وآں نفوس
میں آٹے کو بھوسی سے علیحدہ کر دیتا ہوں ۔۔۔ تاکہ دکھا دوں کہ یہ تصویریں ہیں اور وہ انسان ہیں

من چو میزانِ خدایم در جہاں ۔۔۔ وانمایم ہر سبک را از گراں
میں دنیا میں خدا کی ترازو کی طرح ہوں ۔۔۔ ہر ہلکے کو بھاری سے نمایاں کر دیتا ہوں

گاؤ را داند خدا گوسالۂ ۔۔۔ خر خریدارے و در خور کالۂ
بچھڑا ہی بیل کو خدا سمجھتا ہے ۔۔۔ گدھا خریدار، اور اُس کے مناسب مال ہوتا ہے

من نہ گاوم تا گَوِ سالہ خَرَد ۔۔۔ من نہ خارم کاشترے از من چَرَد
میں بیل نہیں ہوں کہ بچھڑا مجھے خریدے ۔۔۔ میں کانٹا نہیں ہوں کہ اونٹ مجھے چرے

اُو گماں دارد کہ با من جور کرد ۔۔۔ بلکہ از آئینۂ من روفت گرد
وہ خیال کرتا ہے کہ اُس نے میرا کچھ بگاڑا ۔۔۔ بلکہ اُس نے میرے آئینہ سے گرد صاف کر دی ہے

## تملق کردنِ دیوانہ جالینوس را و ترسیدنِ جالینوس از وے

ایک دیوانہ کا جالینوس کی خوشامد کرنا اور جالینوس کا اُس سے خوفزدہ ہونا

گفت جالینوس با اصحابِ خود ۔۔۔ مر مرا تا آں فلاں دارو دہد
جالینوس نے اپنے شاگردوں سے کہا (کوئی) ۔۔۔ مجھے فلاں دوا لا دے

پس بدو گفت آں یکے کاے ذو فنون ۔۔۔ ایں دوا خواہند از بہرِ جنون
اُس سے کسی نے کہا اے صاحبِ کمالات! ۔۔۔ یہ دوا جنون کے لئے مانگتے ہیں

دور از عقلت مگو ایں گفتگو ۔۔۔ گفت در من کرد یک دیوانہ رُو
خدا کرے جنون تیری عقل سے دور رہے یہ گفتگو نہ کر ۔۔۔ اُس نے کہا مجھے ایک دیوانہ نے دیکھا

ساعتے در روئے من خوش بنگرید ۔۔۔ چشمکم زد آستینِ من درید
تھوڑی دیر مجھے غور سے دیکھا ۔۔۔ مجھے آنکھ ماری، میری آستین پھاڑ دی

گر نہ جنسیت بُدے در من ازو ۔۔۔ کے رُخ آوردے بمن آں زشت رُو
اگر مجھ میں اُس کی جنسیت نہ ہوتی ۔۔۔ وہ منحوس صورت میری طرف کب متوجہ ہوتا؟

گر نہ دیدے جنسِ خود کے آمدے ۔۔۔ کے بغیرِ جنسِ خود را بر زدے
اگر وہ اپنے ہم جنس کو نہ دیکھتا کب آتا! ۔۔۔ اپنے آپ کو غیر جنس سے کب بھڑاتا!

۵۱ فارقم۔ غلط اور صحیح میں امتیاز کرنیوالا۔ فاروق۔ دو چیزوں میں فرق دکھانے والا۔ غربیل۔ غربال، چھلنی۔ کاہ۔ تنکا، بھوسی۔ سبوس۔ بھوسی۔ نقوش۔ یعنی بے جان تصویریں۔ میزان۔ ترازو۔ سُبک۔ ہلکا۔

۵۲ گاؤ را۔ بیل کو بے عقل بچھڑا ہی خدا سمجھ سکتا ہے۔ در خور۔ مناسب، لائق۔ کالا۔ سامان۔ نہ خارم۔ اونٹ کانٹے کھانا پسند کرتا ہے۔ او گماں۔ ناسمجھ آدمی کسی کے کمال کا انکار کر کے سمجھتا ہے کہ اُس نے کامل کا کچھ بگاڑ دیا حالانکہ اُس کا انکار اُس کے کمال کی بنیاد بنتا ہے۔ تملق۔ اِس حکایت کا خلاصہ یہ ہے کہ جالینوس کو ایک دیوانہ کے اُس سے مانوس ہونے سے یہ شبہ ہوا کہ میری عقل میں کوئی نقصان ہے ورنہ یہ دیوانہ میری طرف مائل نہ ہوتا۔

۵۳ اصحاب۔ یعنی شاگرد۔ فلاں دارو۔ یعنی وہ فلاں دوا جو مرضِ جنون میں کھلائی جاتی ہے۔ آں یکے۔ یعنی ایک شاگرد۔ دور۔ یہ جملہ دعائیہ ہے۔ ایں گفتگو۔ یعنی جنون کی دوا کھانے کی بات۔ رُو۔ یعنی رُو کرد۔ چشمکم زد۔ جو نہ ستی اور بے تکلفی میں ہوتا ہے۔ درید۔ بے تکلفی کی وجہ سے۔ جنسیت۔ یعنی اگر اُس کی طرح میں بھی دیوانہ نہیں ہوں۔ جنسِ خود۔ یعنی دیوانہ۔

چوں دو کس برہم زند بے ہیچ شک — درمیاں شاں ہست قدرِ مشترک[1]
جب دو شخص آپس میں ملیں، بلاشک — اُن میں کوئی قدرِ مشترک ہے

کے پرد مرغے مگر با جنسِ خود — صحبتِ ناجنس گور است و لحد
ہر پرندہ اپنے ہم جنس کے ساتھ ہی اُڑتا ہے — ناجنس کی ہم نشینی قبر اور لحد ہے

## سببِ پریدن و چریدن مرغے با مرغِ دیگر کہ جنسِ اُو نبود
ایک پرندے کے غیر جنس پرندے کے ساتھ اُڑنے اور چرنے کا سبب

آں حکیمے گفت دیدم ہم تگے — در بیاباں زاغ را با لکلکے
ایک دانا نے کہا میں نے چلتے پھرتے دیکھا — جنگل میں کوّے کو لقلق کے ساتھ

در عجب ماندم بجُستم حالِ شاں — تا چہ قدرِ مُشترک یابم نشاں
میں تعجب میں رہ گیا، میں نے اُن کے حال کی جستجو کی — تاکہ قدرِ مُشترک کا پتہ لگاؤں

چوں شدم نزدیک من حیران و دنگ[2] — خود بدیدم ہر دو آں بودند لنگ
جب میں حیران اور دنگ قریب پہنچا — میں نے خود دیکھا کہ وہ دونوں لنگڑے تھے

خاصہ شہبازے کہ اُو عرشی بود — با یکے چُغدے کہ اُو فرشی بود
خصوصاً وہ شہباز جو عرشی ہو — ایک چُغد کے ساتھ جو فرشی ہو کیسے تعلق رکھ سکتا ہے

آں یکے[3] خورشیدِ علیین بود — ویں دگر خفّاش کز سجّیں بود
ایک وہ جو علیین کا سورج ہو — اور یہ دوسری چمگادڑ جو سجّین کی ہو

آں یکے نورے ز ہر عیبے بری — واں دگر کورے گدائے ہر دری
ایک وہ نور جو ہر عیب سے بری ہے — اور دوسرا اندھا جو ہر در کا بھکاری ہے

واں یکے ماہے کہ بر پرویں زند — واں یکے کرمے کہ بر سرگیں تند
ایک ایسا چاند جو ثریا سے متعلق ہے — ایک وہ کیڑا جو گوبر کے چکر کاٹے

آں یکے یوسفؑ رُخے عیسیٰؑ نفس — ویں دگر گرگے و یا خر یا جرس
ایک یوسفؑ جیسے چہرے والا عیسیٰؑ جیسے سانس والا — دوسرا بھیڑیا، یا گدھا، یا ریچھ

آں یکے پرّاں شدہ در لامکاں — ویں یکے در کاہداں ہمچوں سگاں
ایک وہ جو لامکان میں اُڑتا ہے — اور یہ ایک کوڑی پر کتوں کی طرح

آں یکے سلطانِ عالی مرتبت — ویں دگر در گلخنے در تعزیت
وہ ایک بلند مرتبہ بادشاہ — اور یہ دوسرا بھٹی کے اندر ماتم میں

[1] قدرِ مشترک۔ یعنی کوئی ایسی بات جو دونوں میں ہو۔ سبب۔ کوّا اور لقلق ہم جنس نہ تھے لیکن اُن میں لنگڑا پن قدرِ مُشترک تھی۔ ہم تگی۔ مل کر چلنا پھرنا۔ لکلک۔ لقلق۔
[2] حیران و دنگ۔ اِس لئے کہ دو غیر جنس کو ملا جُلا دیکھا تھا۔ خاصہ۔ جبکہ کوّے اور لقلق کو دیکھ کر ایک عقلمند حیران ہوا حالانکہ دونوں زمینی پرندے ہیں تو نبی جو عرش کا شہباز ہے اور مُنکر جو ویرانے کا چُغد ہے باہم کیسے مانوس ہو سکتے ہیں۔ شہباز۔ یعنی رسول و نبی۔ چُغد۔ مُنکر۔
[3] یکے۔ یعنی رسول و نبی۔ علیین۔ وہ دفتر جس میں جنتیوں کے نام لکھے ہونگے، بہشت کا بلند مقام۔ سجّین۔ وہ دفتر جس میں دوزخیوں کے نام لکھے ہوں گے، جہنم کی وادی۔ نورے۔ یعنی رسول و نبی۔ کورے۔ یعنی مُنکر۔ پرویں۔ ثریا جو ستاروں کا مجموعہ ہے۔ کِرم۔ کیڑا۔ سرگیں۔ گوبر۔ یوسف۔ حضرت یوسفؑ کا حسن مشہور ہے۔ عیسیٰؑ۔ حضرت عیسیٰؑ کے سانس میں بڑی برکتیں تھیں۔ پرّاں۔ پرواز کرنے والا۔ لامکاں۔ عالمِ لاہوت۔ کاہداں۔ کوڑے کی جگہ۔ گلخن۔ بھٹی۔ تعزیت۔ ماتم۔

آں یکے خلقے زاکرامش[1] خجل
دیں دگر از بینوائی منفعل
ایک وہ جس کے کرم سے مخلوق شرمندہ
اور یہ دوسرا بے سروسامانی سے شرمندہ

آں یکے سرور شدہ زاہلِ زماں
دیں دگر در خاکِ خواری بس نہاں
ایک وہ جو زمانے والوں کا سردار بنا
اور یہ دوسرا ذلت کی خاک میں دبا ہوا

بلبلاں را جائے می زیبد چمن
مر جُعل را در چمیں خوشتر وطن
بلبلوں کی جگہ چمن میں مناسب ہے
گبرونڈے کا گندگی بہترین وطن ہے

بازبانِ معنوی[2] گُل با جُعل
ایں ہمہ گوید کہ اے گندہ بغل
پھول، گبرونڈے کو زبانِ حال سے
یہ کہتا ہے کہ اے بغل گند والے!

گر گریزانی زگلشن بیگماں
ہست آں نفرت کمالِ گلستاں
اگر تو چمن سے بھاگتا ہے، یقیناً
وہ نفرت چمن کا کمال ہے

غیرتِ من بر سرِ تو دور باش
می زند کاے خس ازیں جا دور باش
میری غیرت تیرے سر پر نیزہ
(پھینک کر) مارتی ہے اے کمینے! اس در سے دور رہ

ور بیامیزی تو با من اے دنی
ایں گماں آید کہ از کانِ منی
اے کمینے! اگر تو مجھ سے گھل مل جائے گا
یہ خیال ہوگا کہ تو میری جنس کا ہے

گر در آمیزد[3] زنقصانِ من ست
زاں کہ پندارند کو زانِ من ست
اگر گھل مل جائے گا تو میری کمی کا سبب ہے
کیونکہ لوگ سمجھیں گے کہ وہ میرا ہے

حق مرا چوں از پلیدی پاک داشت
چوں سزد بر من پلیدی را گماشت
خدا نے جب مجھے نجاست سے پاک رکھا ہے
تو مجھ پر نجاست کو مسلط کرنا کیسے مناسب ہوگا؟

یک رگم زایشاں بُد و آں را بُرید
در من آں بدرگ کجا خواہد رسید
میری ایک رگ ان میں کی تھی اس کو کاٹ دیا
وہ بُری رگ مجھ میں کہاں آسکتی ہے؟

یک نشانِ آدمؑ آں بُد از ازل
کہ ملائک سر نہندش از محل
(حضرت) آدمؑ کی ایک نشانی ازل سے یہ تھی
کہ فرشتے مرتبے کی وجہ سے ان کو سجدہ کریں

یک نشانِ دیگر آں کہ آں بلیس
ننہدش سر کہ منم شاہ و رئیس
دوسری نشانی یہ کہ شیطان
ان کو سجدہ نہ کرے کہ میں شاہ اور رئیس ہوں

پس اگر ابلیس ہم ساجد شدے
او نہ بودے آدمؑ او غیرے بدے
تو اگر شیطان بھی سجدہ کرنے والا ہوجاتا
تو وہ آدمؑ نہ ہوتا کوئی اور ہوتا

---

ف۱ اکرام۔ تعظیم کرنا، بخشنا۔ خجل۔ شرمندہ۔ منفعل۔ نادم، شرمندہ۔ سَرور۔ سردار۔ می زیبد۔ زیب دیتی ہے۔ جُعل۔ نجاست کا کیڑا، گبرونڈا۔ چمیں۔ نجاست، گندگی۔

ف۲ معنوی۔ باطنی یعنی زبانِ حال۔ گندہ بغل۔ بغل گند، بدبودار۔ گرگریزانی۔ یہ پھول کا مقولہ ہے۔ غیرت۔ انبیاء اور بزرگوں کی غیرت کا تقاضہ ہے کہ خدا کے دشمن اُن سے دُور رہیں۔ دُورباش۔ پہلے مصرع میں اُس دوشاخہ نیزے کے معنی میں ہے جو چوبدار کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور وہ بادشاہ یا امیر کے آگے چلتا ہے تاکہ لوگ راستہ سے دور ہوجائیں دوسرے مصرع میں یہ "دور ہو" کے معنی میں ہے۔ دَنی۔ کمینہ۔ کان۔ معدن۔

ف۳ گر در آمیزد۔ بروں کا بھلوں سے ملنا بھلوں کے نقصان کا سبب ہے۔ آنِ منست یعنی ہم جنس ہے۔ بُرید۔ آنحضورؐ کا سینہ مبارک کئی بار شق کیا گیا اُس میں سے خون کی ایک بوند نکال دی گئی اور اُس کو زہر سے پاک کیا گیا۔ یک نشان۔ حضرت آدمؑ کے کمال کی دو نشانیاں تھیں ایک تو یہ کہ ملائکہ اُن کو سجدہ کریں دوسری یہ کہ شیطان سجدہ نہ کرے۔ منم۔ شیطان نے کہا تھا کہ میں آدمؑ سے بہتر ہوں اُس کو سجدہ کیوں کروں۔ پس۔ اگر شیطان سجدہ کرلیتا تو کمال کی دوسری نشانی مفقود ہوجاتی۔

هم سجودِ هر مَلک میزانِ[1] اُوست — هم جحودِ آں عدو برہانِ اُوست
ہر فرشتہ کا سجدہ اس کا معیار ہے — اُس دشمن کا انکار بھی اس کی دلیل ہے

هم گواهِ اُوست اقرارِ مَلک — هم گواهِ اُوست کفرانِ سگک
فرشتہ کا اقرار کرنا بھی اس کا گواہ ہے — ذلیل کُتّے کا انکار بھی اُس کا گواہ ہے

ایں سخن پایاں ندارد بازگرد — تا چہ کرد آں خرس با آں شیرمرد
اس بات کی انتہا نہیں ہے، واپس چل — کہ اُس ریچھ نے اُس بہادر کے ساتھ کیا کیا؟

## تتمہ قصہ اعتمادِ آں مغرور بر تملّقِ خرس

اُس دھوکے میں مبتلا کا ریچھ کی چاپلوسی پر بھروسہ کرنیکا باقی قصّہ

اُو بخفت و خرس می راندش مگس — وز ستیز آمد مگس زو باز پس
وہ سو گیا اور ریچھ اُس کی مکھیاں اُڑاتا تھا — اور ضد سے مکھیاں پھر واپس آجاتی تھیں

چند بارش راند از روئے جواں — واں مگس زو باز می آمد دواں
اُس نے کئی بار اُن کو جوان کے مُنہ پر سے اُڑایا — وہ مکھیاں تیزی سے واپس آجاتیں

خشمگیں شد با مگس خرس و برفت — برگرفت از کوہ سنگے سخت و زفت
ریچھ کو مکھیوں پر غصّہ آیا اور وہ گیا — پہاڑ سے ایک سخت اور بھاری پتھر اُٹھالیا

سنگ آورد و مگس را دید باز — بر رُخِ خفتہ گرفتہ جائے ساز[3]
پتھر لایا اور مکھیوں کو پھر دیکھا — سوئے ہوئے کے مُنہ پر ٹھکانا بنائے ہوئے

برگرفت آں آسیا سنگ و بزد — بر مگس تا آں مگس واپس خزد
اُس نے چکّی جیسا پتھر اُٹھایا اور مارا — مکھیوں پر تاکہ وہ مکھیاں واپس جاگُھسیں

سنگ روئے خفتہ را خشخاش کرد — ایں مثل بر جملہ عالم فاش کرد
پتھر نے سوئے ہوئے کے مُنہ کو خشخاش جیسا کردیا — یہ کہاوت تمام دنیا میں مشہور کردی

مہرِ ابلہ مہرِ خرس آمد یقیں — کینِ اُو مہرست و مہرِ اُوست کیں
بیوقوف کی دوستی یقیناً ریچھ کی دوستی ہے — اُس کا کینہ محبت ہے اور اُس کی محبت کینہ ہے

عہدِ اُوست و ویران و ضعیف — گفت او زفت و وفائے اُو نحیف
اُس کا عہد و پیمان کمزور اور برباد و ضعیف ہے — اُس کی باتیں گھنی ہیں اور اُس کی وفاداری کمزور ہے

گر خورد سوگند هم باور مکن — بشکند سوگند مردِ کژ سخن
اگر وہ قسم بھی کھائے تو یقین نہ کر — اُلٹی باتیں کرنے والا قسم توڑ ڈالتا ہے

---

[1] میزان، معیار۔ جحود، انکار۔ عدو، شیطان۔ گواہ، حضرت آدمؑ کے کمال پر جس طرح فرشتوں کا اقرار اور سجدہ گواہ ہے اسی طرح شیطان کا انکار بھی گواہ ہے۔ کفراں، انکار، ناشکری۔ سگک۔ کاف تصغیر کا ہے یعنی شیطان۔ ایں سخن یعنی ناقصین کا انکار کاملین کی فضیلت کی دلیل ہے۔ تملّق۔ چاپلوسی، خوشامد۔

[2] او، یعنی شیر مرد۔ وز ستیز، مکھی کی عادت ہے کہ اُڑاؤ تو وہ لوٹ کر آتی ہے۔ جواں۔ یعنی شیر مرد۔ زفت۔ موٹا، بھاری۔

[3] جائے ساز، موافق جگہ۔ آسیا سنگ، سنگِ آسیا، چکّی کا پتھر۔ خزد۔ خزیدن بمعنی گھسنا کا فعل مضارع ہے۔ ایں مثل۔ وہ ضرب المثال جو دوسرے شعر میں مذکور ہے۔ کینِ اُو۔ بیوقوف دشمنی میں جدا ہو جائیگا تو نقصان نہ پہنچا سکے گا دوستی کے میل جول کی وجہ سے نقصان رساں ہوگا۔ عہدِ اُو۔ بیوقوف کا کوئی عہد و پیمان مضبوط نہیں ہوتا ہے وہ باتونی ہوتا ہے اُس میں وفاداری نہیں ہوتی ہے۔ گر خورد۔ بیوقوف کی قسم پر بھی بھروسہ نہ کرنا چاہیئے وہ فوراً قسم توڑ ڈالتا ہے۔

چونکہ بے سوگند گفتش بُد دروغ — تومیفت از مکر و سوگندش بدروغ[۱]
چونکہ اس کی بغیر قسم کے بات جھوٹ تھی — تو اسکے مکر اور قسم کی وجہ سے فریب میں نہ پڑ

نفسِ او میر ست و عقلِ او اسیر — صد ہزاراں مُصحفش خود خوردہ گیر
اس کا نفس حاکم ہے اور اُس کی عقل قیدی ہے — لاکھوں قرآن اُس کے کھائے ہوئے سمجھ

چونکہ بے سوگند پیماں بشکند — گر خورد سوگند ہم آں بشکند
جبکہ وہ بغیر قسم کے عہد توڑ ڈالتا ہے — اگر قسم بھی کھالے گا اُس کو توڑ ڈالے گا

زانکہ نفس آشفتہ تر گردد ازاں — کہ کند بندش بسوگندِ گراں
کیونکہ اِس (قسم) سے نفس زیادہ پریشان ہوگا — کہ اُس کو بھاری قسم میں قید کرے

چوں اسیرے بند بر حاکم نہد — حاکم آں را بردرد بیروں جہد
جب کوئی قیدی حاکم کے بیڑی رکھ دے — حاکم اُس کو توڑ دے گا، باہر نکل آئے گا

بر سرش کوبد ز خشم آں بند را — می زند بر روئے او سوگند را
اُس کے سر پر وہ بیڑی غصے سے مارے گا — قسم کو اس کے منھ پر پھینک مارے گا

تو ز اَوْفُوا بِالْعُقُوْد دست شو — اِحْفَظُوْا اَیْمَانَکُمْ با او مگو
تو عہدوں کو پورا کرو سے اُس سے ہاتھ دھولے — "اپنی قسموں کی حفاظت کرو" اُس سے نہ کہہ

وانکہ[۲] داند عہد با کہ می کند — تن کند چوں تار و گرد او تند
جو شخص یہ سمجھ لے کہ عہد کس سے کرتا ہے — جسم کو دھاگے کی طرح کرتا ہے اور اُسکے گرد تنتا ہے

## بعیادت رفتنِ حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بر صحابی رنجور و فائدہ عیادت

حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیمار صحابی کی مزاج پرسی کو جانا اور بیمار پرسی کا فائدہ

از صحابہ خواجۂ بیمار شد — واندراں بیماریش چوں تار شد
صحابہ میں سے ایک بزرگ بیمار ہوگئے — اور اُس بیماری میں وہ دھاگے کی طرح ہوگئے

مصطفیٰؐ آمد عیادت سوئے او — چوں ہمہ لطف و کرم بُد خوئے او
حضرت مصطفیٰؐ اُن کے پاس بیمار پرسی کیلئے تشریف لائے — چونکہ آپ کی عادت مجسّم لطف و کرم تھی

در عیادت رفتنِ تو فائدہ است — فائدہ آں باز بر تو عائدہ است
بیمار پرسی کے لئے تیرا فائدہ ہے — اس کا فائدہ تجھے ہی پہنچنے والا ہے

فائدہ اوّل کہ آں شخصِ علیل — بُوکہ[۳] قطبے باشد و شاہِ جلیل
پہلا فائدہ یہ ہے کہ وہ بیمار شخص — ہوسکتا ہے کوئی قُطب اور بڑا شاہ ہو

---

[۱] دروغ۔ جھاچھ، مکر۔ نفسِ او۔ بیوقوف کی عقل پر اُس کا نفس حاکم ہوتا ہے اگر وہ قسم کی بجائے لاکھوں قرآن بھی کھا جائے تو کیا اعتبار ہے۔ چونکہ۔ عہد شکنی کا عادی بہر حال عہد توڑ ڈالتا ہے زانکہ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اُس پر نفس حاکم ہوتا ہے اور حاکم کسی قسم کی بیڑی کب برداشت کرسکتا ہے اسکو جلد توڑ ڈالیگا ہاں اگر انسان کی طبیعت سلیم ہو تو وہ قسم کی بیڑی کا احساس کرے گا۔ اسیر قیدی یعنی وہ بیوقوف جو نفس کی قید میں ہے۔ حاکم یعنی نفس۔ بر سرش۔ قسم توڑ دا کر دوزگے عذاب میں مبتلا کریگا۔ اَوْفُوا بِالْعُقُوْد مومنین کو خطاب ہے اپنے عہدوں کو پورا کرو اِحْفَظُوْا اَیْمَانَکُمْ اپنی قسموں کی نگہداشت رکھو۔

[۲] وانکہ۔ ایک مومن سمجھتا ہے کہ وہ قسم کھا کر خدا سے عہد کرتا ہے۔ تن کند یعنی اپنے جسم کو دھاگا بنا کر اُس کو مضبوط باندھتا ہے اور اُسکی حفاظت میں جان قربان کرتا ہے۔ عیادت۔ بیمار پرسی۔ اس حکایت کا مقصد یہ ہے کہ بعض بندگانِ خدا فنائیت کے اُس مقام پر ہوتے ہیں کہ اُنکے ساتھ کوئی عہد ہو یا دیگر معاملہ وہ خدا کے ساتھ سمجھا جاتا ہے چوں۔ حضورؐ کے اخلاق کریمانہ تھے۔ عائدہ۔ لوٹنے والا یعنی عیادت کا فائدہ خود عیادت کرنے والے کا اپنا فائدہ ہے

چوں دو چشم دل نداری اے عنود — کہ نمی دانی تو ہیزم را ز عود
اے سرکش! جب تو دل کی دو آنکھیں نہیں رکھتا ہے — تو لکڑی کو عود سے ممتاز نہیں سمجھ سکتا ہے

چونکہ گنجے ہست در عالم مرنج — ہیچ ویراں را مدان خالی ز گنج
جبکہ دنیا میں خزانہ ہے، رنجیدہ نہ ہو — کسی ویرانے کو بھی خزانے سے خالی نہ سمجھ

قصد ہر درویش می کن از گزاف — چوں نشاں یابی بجد می کن طواف
ہر درویش کا قصد وجہ کے بغیر کر لیا کر — جب پتہ پالے تو کوشش کر کے چکر کاٹ

چوں ترا آں چشم باطن بیں بود — گنج می پندار اندر ہر وجود
جب تیری باطن کو دیکھنے والی آنکھ نہیں ہے — ہر وجود میں خزانہ سمجھ

ور نباشد قطب یار رہ بود — شہ نباشد فارس اسپہ بود
اگر قطب نہ ہوگا، راستہ کا یار ہوگا — بادشاہ نہ ہوگا، گھوڑا سوار ہوگا

پس صلہ یاران رہ لازم شمار — ہر کہ باشد گر پیادہ گر سوار
یاروں کے ساتھ سلوک کو لازم سمجھ — کوئی ہو، پیادہ ہو یا سوار

ور عدو باشد ہم ایں احساں نکوست — کہ باحساں دوست گردد گر عدوست
اگر دشمن ہے تو بھی یہ احسان اچھا ہے — اگر دشمن ہے احسان کی وجہ سے دوست ہو جائیگا

ـتہ ور نگردد دوست کینش کم شود — زانکہ احساں کینہ را مرہم شود
اگر دوست نہ بنا تو اُس کی دشمنی کم ہو جائیگی — اس لئے کہ احسان کینہ کا مرہم ہے

پس فوائد ہست غیر ایں ولیک — از درازی خائفم اے یار نیک
اس کے علاوہ بھی فائدے ہیں، لیکن — اے بھلے یار! میں طوالت سے خائف ہوں

حاصل ایں آمد کہ یار جمع باش — ہمچو بتگر از حجر یارے تراش
خلاصہ یہ نکلا کہ جماعت کا دوست بن — بت گر کی طرح پتھر سے دوست تراش لے

زانکہ انبوہی و جمع کارواں — رہزناں را بشکند پشت و سناں
اس لئے کہ قافلہ کی جماعت اور اُسکی کثرت — ڈاکوؤں کی کمر اور بھالا توڑ دیتی ہے

## وحی آمدن از حق تعالیٰ بہ موسیٰ کہ چرا بہ عیادت من نیامدی

حضرت موسیٰؑ کے پاس خدا کی طرف سے وحی آنا کہ تو میری بیماری پرسی کے لئے کیوں نہ آیا؟

آمد از حق سوئے موسیٰ ایں عتیب — کاے طلوع ماہ دیدہ تو ز جیب
موسیٰؑ کی جانب اللہ کے پاس سے یہ ناراضگی پہنچی — اے وہ کہ تو نے گریبان سے سورج کا طلوع دیکھا ہے

ـلہ تو نمی دانی جب آپ اس قطب کو نہیں پہچانتے ہو تو ہر شخص کی عیادت کر لیا کرو۔ چونکہ۔ دنیا اولیا سے خالی نہیں ہے تلاش جاری رکھو پا لوگے۔ چوں۔ جب کسی رستہ ہو جائے اُس پر جان قربان کر دو۔
ـلہ گنج۔ اہل باطن کے پالینے کی تدبیر یہی ہے کہ ہر شخص کو تلاش کرو۔ یار رہ یعنی ہمارا اگر قطب نہ ہوگا تو کوئی سالک راہ طریقت ہوگا۔ شہ یعنی قطب نہ ہو تو گھوڑا سوار مسلک۔ باہمی تعلق۔ ہر کہ یعنی خواہ بڑا ہو یا چھوٹا ہو۔ ور عدو۔ دشمن سے بھلائی کرو دشمنی دوستی سے بدل جائے گی۔
ـتہ ور۔ بھلائی کرنے سے دشمن دوست بھی نہ بنے گا تو دشمنی میں کمی آجائے گی۔ حاصل۔ خلاصہ یہ ہے کہ عیادت سے معاشرہ کی اصلاح ہوتی ہے اور ایک اچھا معاشرہ پیدا ہوتا ہے اور اچھے معاشرہ میں زندگی گزارنا تنہائی کی زندگی سے بہت بہتر ہے۔ حجر۔ مردہ دل ان سے اپنی محبت پیدا کرو۔ زانکہ۔ یہ اجتماعی زندگی کی فضیلت ہے۔ وحی۔ اس قصہ سے بتانا مقصود ہے کہ ہر مسلمان کی عیادت کرنی چاہیئے خواہ وہ کوئی بھی ہو۔ عتیب۔ عتاب ناراضگی۔ جیب۔ گریبان۔ حضرت موسیٰؑ کے معجزہ ید بیضا کی طرف اشارہ ہے۔

مُشرقت[1] کردم بنورِ ایزدی — من حقم رنجور گشتم نامدی
میں نے خدائی نور سے تجھے مُشرِق بنایا — میں خدا ہوں، میں بیمار ہوا تو نہ آیا

گفت سبحانا تو پاکی از زیاں — اینچہ رمز ست ایں بکُن یارب عیاں
حضرت موسیٰؑ نے کہا اے اللہ تو نقصان سے پاک ہے — یہ کیا راز ہے؟ اے خدا اس کو ظاہر کر دے

باز فرمودش کہ در رنجوریم — چوں نپُرسیدی تو از روئے کرم
(اللہ تعالےٰ نے) پھر اُس سے کہا کہ میں مریض ہوں — تونے از روئے کرم میری پُرسش کیوں نہ کی

گفت یارب نیست نقصانے ترا — عقل گم شد ایں گرہ را برکشا
اُنھوں نے عرض کیا اے خدا تیرے لئے کوئی گھاٹا نہیں ہے — عقل گم ہوگئی ہے، یہ گرہ کھول دے

گفت آرے بندۂ خاصِ گزیں — گشت رنجور اُو منم نیکو ببیں
(اللہ تعالےٰ نے) فرمایا ہاں ایک خاص برگزیدہ بندہ — بیمار ہوا، اور وہ میں ہوں خوب سمجھ لے

ہست رنجوریش رنجوریِ من — ہست معذوریش معذوریِ من
اُس کی بیماری میری بیماری ہے — اُس کی معذوری میری معذوری ہے

ہر کہ خواہد ہمنشینی با خدا — گو نشیند در حضورِ اولیا
جو خدا کی ہم نشینی چاہے — کہہ دو وہ اولیاء کی خدمت میں بیٹھے

از حضورِ[2] اولیا گر بگسلی — تو ہلاکی زانکہ جزوی نے کلی
اگر تو اولیاء کے پاس حاضری سے علیحدہ رہیگا — تو برباد ہے، کیونکہ تو جزو ہے کُل نہیں ہے

ہر کرا دیو از کریماں وا بَرد — بیکسش یابد سرش را وا خورد
شیطان جس کو بھلوں سے جُدا کر دے — اُس کو بے سہارا پالیتا ہے اُس کا سر چبا لیتا ہے

یک بدست از جمع رفتن یکزماں — مکرِ شیطاں باشد و نیکو بداں
تھوڑی دیر کے لئے بھی ایک بالشت جماعت سے دور ہونا — شیطان کا مکر ہوگا، خوب سمجھ لے

## جدا کردنِ باغباں صوفی و فقیہ و علوی را از یکدگر و ادب کردن

باغبان کا صوفی اور مولوی اور سید کو ایک دوسرے سے جدا کر دینا اور سزا دینا

باغبانے چوں نظر در باغ کرد — دید چوں دزداں بباغِ خود سہ مَرد
ایک باغبان نے جب باغ کو دیکھا — اپنے باغ میں تین شخص چوروں جیسے دیکھے

یک فقیہ[3] و یک شریف و صوفیے — ہر یکے شوخے فضولی یوفیے
ایک مولوی اور ایک سید اور ایک صوفی — جن میں سے ہر ایک بے حیا، بکواسی، لغو گو

---

[1] مُشرِق۔ حضرت موسیٰؑ نورِ خداوندی کے مظہر تھے۔ رنجور۔ بیمار۔ زیاں۔ نقصان یعنی بیماری وغیرہ۔ رنجوریم۔ میں مریض ہوں۔ نقصان یعنی بیماری۔ گرہ۔ یعنی خدا کا اپنے آپ کو بیمار کہنے کا عقدہ۔ گزیں۔ برگزیدہ۔ او منم۔ جب انسان فنائیت کے مقام پر پہنچتا ہے تو گویا اتحاد ہو جاتا ہے۔ ہست۔ مقامِ فنا میں پہنچ جانیوالے ولی کا بیمار ہونا گویا خدا کا بیمار ہونا ہے اس مضمون کی حدیث مشکوٰۃ شریف میں مذکور ہے۔ اولیا۔ جبکہ اولیاء اللہ کا خدا سے اتحاد ہے تو اُنکے پاس بیٹھنا خدا کے پاس بیٹھنا ہے۔

[2] از حضور۔ اولیاء کی صحبت باعثِ نجات ہے ورنہ شیطانی وساوس موجب ہلاکت بنیں گے۔ جزوی یعنی تو ناقص ہے۔ کلی یعنی تو کامل نہیں ہے۔ دیو۔ شیطان۔ کریماں۔ یعنی اولیاء اللہ۔ وا خورد۔ یعنی شیطان ہلاکت کا سبب بنجاتا ہے۔ بدست۔ یعنی بمقدار بالشت۔ جمع۔ جماعت۔ جدا کردن۔ پہلے شعر میں جماعت سے علیحدگی کی مضرت سمجھائی تھی اب اس کو اس حکایت سے واضح کرتے ہیں۔

[3] فقیہ۔ مولوی، مفتی۔ علوی۔ وہ سید جو حضرت علیؓ کی اولاد میں سے ہے لیکن حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہیں ہے۔ دزداں۔ یہ تینوں بلا اجازت

گفت با اینها مرا صد[1] حجت است | لیک جمع اند و جماعت رحمت است
اُس نے دل میں کہا اُن کے مقابلہ میں میری سو دلیلیں ہیں | لیکن اکٹھے ہیں، اور جماعت رحمت ہے

بر نیایم یک تنہ با سہ نفر | پس ببرم شان نخست از یکدگر
تنہا تینوں کے ساتھ جیت نہ سکوں گا | پہلے اُن کو ایک دوسرے سے جدا کر دوں

ہر یکے را من بسوئے افگنم | چونکہ تنہا شاں کُنم سر بر کنم
میں ہر ایک کو ایک جانب پھینک دوں | جب اُن کو اکیلا اکیلا کر دوں گا سر پھوڑ دوں گا

حیلہ کرد و کرد صوفی را براہ | تا کُند یارانش را بے اُو تباہ
تدبیر کی اور صوفی کو ایک راستے بھیج دیا | تاکہ اُس کے دوستوں کو اُس کے بغیر تباہ کرے

گفت صوفی را برو سوئے وُثاق[2] | یک گلیم آور برائے ایں رفاق
اُس (باغبان) نے صوفی سے کہا، گھر جا | اِن ساتھیوں کے لئے ایک کمبل لے آ

رفت صوفی گفت خلوت با دو یار | تو فقیہی ویں[3] شریفِ نامدار
صوفی چلا گیا اُس (باغبان) نے دونوں دوستوں سے تنہائی میں کہا | آپ مولوی ہیں، اور یہ مشہور سید ہیں

ما بفتوائے تو نانے می خوریم | ما بہ پرِ دانشِ تو می پریم
ہم آپ کے فتوے کے مطابق روٹی کھاتے ہیں | ہم آپ کی عقل کے پَر سے پرواز کرتے ہیں

ویں دگر شہزادہ و سلطانِ ماست | سید ست از خاندانِ مصطفیٰ ست
یہ دوسرے ہمارے شاہ اور شہزادے ہیں | سید ہیں (حضرت) مصطفیٰؐ کے خاندان سے ہیں

کیست آں صوفی شکم خوارِ خسیس | تا بود با چوں شما شاہاں جلیس
وہ صوفی پیٹو کمینہ کون ہوتا ہے؟ | کہ تم جیسے شاہوں کا ہمنشین بنے

چوں بیاید مر ورا پنبہ کنید | ہفتہ بر باغ و راغ من زنید
جب آئے اُس کی روئی دُھن دو | تم ایک ہفتہ باغ اور چمن میں رہو

باغ چہ بود جانِ من آنِ شماست | اے شما بودہ مرا چوں چشمِ راست
باغ کیا ہوتا ہے؟ میری جان تمہاری ملک ہے | تم تو میری داہنی آنکھ ہو

وسوسہ کرد و مر ایشاں را فریفت | آہ کز یاراں نمی باید شکیفت
اُس نے (اُن میں) وسوسہ پیدا کر دیا اور اُن کو دھوکا دیا | افسوس ہے یاروں سے صبر کر لینا مناسب نہیں ہے

چوں برہ کردند صوفی را و رفت | خصم شد اندر پئیش با چوبِ زفت
جب اُنھوں نے صوفی کو روانہ کر دیا اور وہ چلا گیا | دشمن اُس کے پیچھے موٹی لکڑی لے کر چلا

---

[1] صد حجت۔ زبانی علاوہ سے قائل کر دوں گا لیکن۔ اگر مار پیٹ کی نوبت آئی تو تینوں سے نہ جیت سکوں گا۔ پس پہلا اِن تینوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا چاہیے اور ایک ایک کر کے نبٹنا چاہیے۔ بے آگ۔ پہلے صوفی کو پھر فقیہ اور شریف کو تنہا تنہا کر کے تباہ کرے۔

[2] وُثاق۔ واؤ کے کسرہ کے ساتھ، تیز واؤ کے پیش کے ساتھ گھر۔ گلیم۔ کمبل۔ رفاق۔ رفیق کی جمع ہے، ساتھی، خلوت۔ یعنی تنہائی میں۔ فتویٰ۔ عالم، فقیہ کے فتوے سے حلال و حرام کا فیصلہ کرتے ہیں۔ پرِ دانش۔ فقیہ عقل رواں قائم کرتا ہے۔

[3] ویں۔ یعنی شریف۔ خاندان۔ اہلبیت۔ شکم خوار۔ پیٹو۔ جلیس۔ ہم نشین۔ پنبہ کنید۔ یعنی اُس کو روئی کی طرح دُھن دو۔ بعض صاحبان نے تنبیہ سمجھ کر تنبیہ کا مخفف قرار دیا ہے۔ راغ۔ چمن۔ زنید۔ یعنی خیمہ زنید۔ آن۔ ملکیت۔ چشمِ راست۔ داہنی آنکھ زیادہ محبوب ہے۔ شکیفت۔ صبر کیا۔ برہ۔ یعنی گھر کے راستہ کی جانب۔ خصم۔ یعنی باغبان۔ زفت۔ موٹا۔

گفت اے سگ صوفیی باخد کہ تیز — اندر آئی باغِ ما تو از ستیز[1]

بولا اے کُتّے! تو وہی صوفی ہے کہ تیزی سے — تو ہمارے باغ میں جبرًا اندر آتا ہے

ایں جُنیدت رہ نمود و بایزیدؒ — از کُدامیں شیخ و پیرت ایں رسید

یہ راستہ تجھے جنیدؒ اور بایزیدؒ نے دکھایا؟ — کون سے شیخ اور پیر سے تجھے یہ پہنچا ہے؟

کوفت صوفی را چو تنہا یافتش — نیم کُشتش کرد و سر بشگافتش

جب صوفی کو اکیلا پایا اس کو پیٹ ڈالا — اس کو ادھ موا کر دیا اور اس کا سر پھاڑ دیا

گفت[2] صوفی آنِ من بگذشت لیک — اے رفیقاں پاسِ خود دارید نیک

صوفی بولا میرا وقت تو گذر گیا لیکن — اے دوستو! اپنا خوب خیال رکھو

مر مرا اغیار دانستید ہاں — نیستم اغیار تر زیں قلتباں

خبردار! تم نے مجھے غیر سمجھا — اس دیّوث سے زیادہ میں غیر نہیں ہوں

آنچہ من خوردم شمارا خوردنی ست — واینچنیں ضربت جزائے ہر دنی ست

جو کچھ میں نے چکھا تمہیں بھی چکھنا ہے — اس طرح کی پٹائی ہر کمینہ کی سزا ہے

رفت بر من بر شما ہم رفتنی ست — اینچنیں شربت شمارا خوردنی ست

مجھ پر جو گذری، تم پر بھی گذرنی ہے — اس طرح کا شربت تمہیں بھی پینا ہے

ایں[3] جہاں کوہ ست گفت و گوئے تو — چوں صدا ہم باز آید سوئے تو

یہ دنیا پہاڑ ہے اور تیری گفتگو — گونج کی طرح تیری طرف لوٹتی ہے

چوں ز صوفی گشت فارغ باغباں — یک بہانہ کرد زاں پس جنسِ آں

جب باغبان، صوفی سے نپٹ لیا — اس کے بعد اسی طرح کا ایک بہانہ کیا

کاے شریفِ من برو سوئے وثاق — کہ ز بہرِ چاشت پختیم من رُقاق

کہ اے میرے سیّد گھر کی جانب چلا جا — اس لئے کہ میں نے ناشتہ کے لئے چپاتیاں پکائی ہیں

از درِ خانہ بگو قیماز را — تا بیارد آں رُقاق و قاز را

دروازے میں نوکر سے کہنا — تاکہ وہ چپاتیاں اور قاز لے آئے

چوں برہ کردش بگفت اے تیز بیں — تو فقیہی ظاہر ست ایں و یقیں

جب اسکو روانہ کر دیا بولا اے تیز نگاہ والے! — تو مولوی ہے یہ ظاہر اور یقینی بات ہے

اُو شریفے می کند دعویٔ سرد — مادرِ اُو را کہ داند تا چہ کرد

وہ سیّد ہونے کا بغیر دلیل دعویٰ کرتا ہے — اُسکی ماں کے بارے میں کون جانتا ہے کہ اُس نے کیا کیا ہے!

---

[1] ستیز۔ لڑائی۔ جنیدؒ بغدادی مشہور بزرگ ہیں۔ بایزیدؒ بایزید بسطامی مشہور بزرگ ہیں۔ نیم کُشتہ۔ ادھ مُوا۔

[2] گفت۔ صوفی نے پٹنے کے بعد فقیہ اور شریف سے کہا۔ قلتباں۔ دیوث بے غیرت۔ ضربت۔ مار۔ دنی۔ کمینہ۔

[3] ایں جہاں۔ یعنی دنیا بمنزلہ پہاڑ ہے جس میں صدائے بازگشت ہوتی ہے۔ یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے۔ چاشت۔ ناشتہ کا وقت۔ رُقاق۔ چپاتیاں۔ قیماز۔ خادم۔ قاز۔ بطخ۔ دعویٔ سرد۔ دعویٰ بغیر دلیل۔

[1] برزن و برفعلِ زن دل می نہید
عورت اور عورت کے فعل پر اطمینان کرتے ہو
عقلِ ناقص وانگہاے اعتمید
ناقص عقل، اور پھر بھروسہ!

خویشتن را بر علیؓ و بر نبیؐ
اپنے آپ کو علیؓ اور نبیؐ سے
بستہ است اندر زمانہ بس غبی
وابستہ کر رہا ہے دنیا میں بہت سے بیوقوفوں نے

[2] ہرکہ باشد از زنا و ز زانیاں
جو شخص زنا اور زانیوں کی اولاد ہو
ایں برد ظن در حقِ ربانیاں
وہ خدا والوں کے ساتھ ایسا گمان کرتا ہے

ہرکہ بر گردد سرش از چرخہا
جس کسی کا سر گھومنے سے چکرا جاتا ہے
ہمچو خود گردندہ بیند خانہ را
وہ گھر کو اپنا جیسا چکرانے والا سمجھتا ہے

آنچہ گفت آں باغبانِ بوالفضول
اُس بکواسی باغبان نے جو کچھ کہا
حالِ او بُد دور ز اولادِ رسولؐ
خود اُس کا حال تھا، رسولؐ کی اولاد سے دُور

گر نہ بودے او نتیجہ مرتداں
اگر وہ مرتدوں کا نطفہ نہ ہوتا
کے چنیں گفتے برائے خانداں
خاندان (نبوت) کے لئے ایسا کب کہتا؟

خواند افسونہا شنید آں را فقیہ
اُس نے منتر پڑھے، مولوی نے وہ سُنے
در پیش رفت آں ستمگارِ سفیہ
وہ احمق ظالم اُس کے تابع بن گیا

[3] گفت اے خر اندریں باغت کہ خواند
بولا اے گدھے! اس باغ میں تجھے کس نے بلایا ہے
از پیمبر دزدیت میراث ماند
پیمبر سے ورثہ میں تجھے چوری ملی

شیر را بچہ ہمی ماند بدو
شیر کا بچہ اُس کے مُشابہ ہوتا ہے
تو بہ پیغمبر چہ می مانی بگو
بتا تجھ میں پیغمبرؐ کی کیا مشابہت ہے؟

با شریف آں کرد آں دونِ زجی
نجی سے اُس کمینہ نے سید کے ساتھ وہ کیا
کہ کند با آلِ یٰسینؐ خارجی
جو خاندانِ نبوت کے ساتھ خارجی کرتا ہے

تا چہ کیں دارند دایم دیو و غول
دیکھو! شیطان اور بھتنے کس قدر مستقل کینہ رکھتے ہیں
چوں یزید و شمر با آلِ رسولؐ
یزید اور شمر کی طرح رسولؐ کی اولاد کیسا

شد شریف از زخمِ آں ظالم خراب
سید اُس ظالم کی مار سے برباد ہوا
با فقیہ او گفت با چشمِ پُر آب
آنسو بھری آنکھوں سے اُس نے مولوی سے کہا

پائدار اکنوں کہ ماندی فرد و کم
ٹھہر، اب جبکہ تو اکیلا اور کم رہ گیا
چوں دُہل شو زخم می خور بر شکم
ڈھول بن جا، پیٹ پر مار کھا

[1] برزن۔ لب کا معاملہ عورت کے قول و فعل پر مبنی ہے۔ اِعْتِمید۔ اعتماد۔ خویشتن۔ یعنی اس زمانہ میں بہت سے بے وقوف اپنے آپ کو آنحضورؐ اور حضرت علیؓ کی اولاد بتاتے ہیں۔

[2] ہرکہ۔ چونکہ گذشتہ شعر میں سید کے لئے باغبان کے نامناسب قول کا ذکر تھا اس لئے مولانا اظہار کرتے ہیں کہ دوسروں کو حرامی کہنا خود حرامی ہونے کی دلیل ہے۔ ربانیاں۔ یعنی اہلِ بیت۔ ہرکہ۔ جیسے خود چکرانے والے کو گھر چکراتا نظر آتا ہے اسی طرح حرامی کو دوسرے حرامی نظر آتے ہیں۔ نتیجہ۔ یعنی اولاد و نطفہ۔ مرتد۔ دین سے منحرف ہو جانے والا۔ خاندان۔ یعنی اہلِ بیت۔ ستمگار۔ یعنی باغبان۔ سَفیہ۔ بے وقوف۔

[3] گفت۔ یعنی باغبان نے شریف سے کہا۔ میراث چونکہ وہ آلِ رسول تھا۔ مانی۔ مانند ہستی۔ یٰسین۔ بعض مفسرین نے اس کو آنحضورؐ کا نام قرار دیا ہے۔ خارجی۔ وہ لوگ تھے جو حضرت علیؓ سے منحرف ہو کر ان کی تکفیر کرنے لگے تھے۔ یزید۔ ابن معاویہؓ اسی کے دورِ حکومت میں حضرت امام حسینؓ کو کربلا میں شہید کیا گیا۔ شمر۔ وہ بدنصیب جو حضرت امام حسینؓ کا قاتل تھا۔ پائندار۔ ٹھہر۔ فرد۔ تنہا۔ دُہل۔ ڈھول۔

گر شریف و لایق و ہمدم نیَم ۔۔۔ از چنیں ظالم[1] ترا من کم نیَم
میں اگر سید اور لائق اور ساتھی نہیں ہوں ۔۔۔ تیرے لئے اس ظالم سے کم نہیں ہوں

مر مرا دادی بدیں صاحب غرض ۔۔۔ احمقی کردی ترا بئس العوض
تو نے مجھے اس خود غرض کے سپرد کردیا ۔۔۔ تو نے بیوقوفی کی، تیرے لئے برا بدلہ ہے

شد ازو فارغ بیامد کاے فقیہ ۔۔۔ چہ فقیہی اے تو ننگ ہر سفیہ
وہ اس سے بٹا، آیا کہ او مولوی! ۔۔۔ تو کیا مولوی ہے؟ تو تو ہر احمق کے لئے ننگ ہے

فتوئیت اینست اے ببریدہ دست ۔۔۔ کاندر آئی و نگوئی امر ہست
اے ہاتھ کٹے تیرا یہ فتویٰ ہے ۔۔۔ کہ اندر آجائے اور نہ کہے کہ اجازت ہے

ایں چنیں رخصت بخواندی در وسیط ۔۔۔ یا بدست ایں مسئلہ اندر محیط
اس طرح کا جواز تو نے وسیط میں پڑھا ہے ۔۔۔ یا یہ مسئلہ محیط میں ہے

ایں بگفت و دست بروے بر کشاد ۔۔۔ دست او کین دلش را داد داد
یہ کہا اور اس پر ہاتھ چھوڑ دیا ۔۔۔ اس کے ہاتھ نے دل کے کینہ کی خوب داد دی

گفت حقست بزن دستت رسید ۔۔۔ ایں سزائے آنکہ از یاراں برید
اس نے کہا تجھے حق ہے، مار تیرا قابو چل گیا ۔۔۔ یہی اس کی سزا ہے جو دوستوں سے کٹا

من سزاوارم بایں و صد چنیں ۔۔۔ تا چرا ببریدم از یاراں بکیں
میں اس اور اس جیسی سینکڑوں کا مستحق ہوں ۔۔۔ کینہ میں دوستوں سے کیوں کٹا!

گوش کردم آں ہمہ افسوس[2] تو ۔۔۔ میزنم بر سر کہ شد ناموس تو
تیری سب ملامت میں نے سنی ۔۔۔ سر پیرا دھترم مارتا ہوں کہ تیری عزت گئی

زد ورا القصہ بسیار و بخست ۔۔۔ کرد بیرونش ز باغ و در ببست
قصہ مختصر اس کو بہت مارا اور چورا کردیا ۔۔۔ اس کو باغ سے نکالا اور دروازہ بند کردیا

ہر[3] کہ تنہا ماند از یاران خود ۔۔۔ ایں چنیں آید مر او را جملہ بد
جو اپنے دوستوں سے الگ رہ گیا ۔۔۔ اس طرح کی سب خرابیاں اس پر آتی ہیں

ایں عیادت[4] از براے ایں صلہ ۔۔۔ ویں صلہ از صد محبت حاملہ
یہ بیمار پرسی اس تعلق کے لئے ہے ۔۔۔ اور یہ تعلق سینکڑوں محبتوں کا حامل ہے

## رجعت بقصۂ مریض و عیادت رفتن مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مریض اور آنحضورؐ کے مریض پرسی کے لئے جانے کے قصہ کی طرف رجوع

---

[1] ظالم۔ یعنی باغبان۔ بئس العوض۔ برا بدلہ۔ فتوئیت۔ فتوائے تو۔ امر۔ حکم۔ اجازت۔ وسیط۔ امام غزالی کی مشہور کتاب ہے۔ محیط۔ حنفی فقہ کی مشہور کتاب ہے۔

[2] افسوس۔ ملامت۔ ناموس۔ عزت۔

[3] ہر کہ۔ مجمع اور جماعت سے علیحدگی کا یہی انجام ہوتا ہے۔

[4] ایں عیادت۔ عیادت سے جماعتی زندگی بنتی ہے۔

دَر عِیَادت شُد رسول بے ندیدؐ ۱ — آں صحابی را بحالِ نزع دید
پیغمبر رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) بیمار پرسی کیلئے روانہ ہوئے — اُن صحابی کو نزع کی حالت میں دیکھا

چوں شُدی دُور از حضورِ اولیا — در حقیقت گشتۂ دُور از خدا
جب تو اولیا کے پاس حاضری سے دور ہو گیا — حقیقتاً تو خدا سے دور ہو گیا ہے

چوں نتیجہ ہجرِ ہمراہاں غم ست — کے فراقِ روئے شاہاں زاں کمست
جبکہ ساتھیوں کی جدائی کا نتیجہ غم ہے — شاہوں کے حضور سے جدائی اس سے کب کم ہے؟

سایۂ شاہاں طلب ہر دم شتاب — تا شوی زاں سایہ بہتر ز آفتاب
شاہوں کا سایہ طلب کر اور ہر وقت دوڑتا رہ — تاکہ تو اُس سایہ کی وجہ سے سورج سے بہتر ہو جائے

رو بجُسپ اندر پناہِ مُقبلے ۲ — بُوکہ آزادت کُند صاحبدلے
کسی با اقبال کی پناہ میں جا پڑ — شاید کوئی صاحبِ دل تجھے آزادی دیدے

گر سفر داری بدیں نیت برو — ور حَضَر باشد ازیں غافل مشو
اگر سفر کرنا ہے اس نیت سے جا — اگر اقامت ہو (تو بھی) اُس سے غافل نہ ہو

دَر بدر می گرد و میرو کو بکو — جُستجو کن جُستجو کن جُستجو
در بدر پھر، کوچہ بکوچہ جا — تلاش کر، تلاش کر، تلاش

تا توانی ز اولیا رُو بر متاب — جہد کُن وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب
جب تک ہوسکے اولیا سے منہ نہ موڑ — کوشش کر، اور اللہ زیادہ بہتر جانتا ہے

## گفتن شیخے مر بایزید ۳ را کہ کعبہ منم گردِ من طواف کُن

ایک شیخ کا بایزیدؒ سے کہنا کہ میں کعبہ ہوں تو میرا طواف کرلے

سُوئے مکہ شیخِ اُمت بایزیدؒ — از برائے حج و عُمرہ می دوید
اُمت کے شیخ بایزیدؒ مکہ کی جانب — حج اور عمرہ کیلئے جا رہے تھے

اُو بہر شہرے کہ رفتے از نخست — مر عزیزاں را بکردے باز جُست
وہ جس شہر میں جاتے ابتداءً — خاصانِ خدا کی تلاش کرتے

گرد می گشتے کہ اندر شہر کیست — کو بر ارکانِ بصیرت مُتکی ست
چکر کاٹتے کہ شہر میں کون ہے — جو طریقت کے ستونوں پر ٹیک لگائے ہو؟

گفت حق اندر سفر ہر جا روی — باید اوّل طالبِ مردے شوی
(اللہ تعالیٰ) نے فرمایا جس جگہ تو سفر میں جائے — یہ چاہیے کہ ابتداءً تو مرد (حق آگاہ) کا طالب بنے

---

۱ ندید مثال، نظیر نزع۔ جانکنی۔ چوں شُدی۔ مولانا عیادت کے قصہ کو پورا کرنا چاہتے تھے لیکن اولیاء کی صحبت کی ترغیب کے بیان نے مولانا کو وہ پورا نہ کرنے دیا اور پھر صحبت اولیاء کی بات شروع کر دی۔ چوں نتیجہ۔ اگر اہل اللہ سے دوری قربِ حق سے محرومی کا سبب نہ بھی ہو تو جدائی کا غم ہی کیا کم ہے۔ بہتر ز آفتاب۔ سورج تو ظاہری انوار پہنچاتا ہے اولیاءؒ کے فیض سے باطنی نور حاصل ہوتا ہے۔

۲ مُقبلے۔ یعنی ولی اللہ۔ صاحبدلے۔ ولی اللہ، اُس کی صحبت خواہشاتِ نفسانی سے آزاد کر دیتی ہے۔ گر۔ انسان سفر میں ہو یا حضر میں ہر حالت میں اولیاء اللہ کی صحبت کی جستجو کرے۔

۳ بایزیدؒ بسطامی مشہور ولی گزرے ہیں۔ عزیزاں۔ اولیاء اللہ۔ ارکانِ بصیرت۔ یعنی خرانہ طریقت۔ متکی۔ تکیہ لگانیوالا۔ گفت حق۔ یعنی اللہ نے بایزیدؒ کے دل میں الہام فرمایا۔ مردے یعنی ولی اللہ۔

قصدِ[1] گنجے کن کہ ایں سود و زیاں | در تبع آید تو آں را فرع داں
خزانہ کا ارادہ کر، کیونکہ یہ نفع و نقصان | تبعاً حاصل ہوجائے گا اُس کو تو فرع سمجھ

ہر کہ کارد قصدِ گندم باشدش | کاہ خود اندر تبع می آیدش
جو بوتا ہے اُس کا قصد گیہوں کا ہوتا ہے | بھوسا تبعاً اُس کو حاصل ہوجاتا ہے

گر بکاری جو نباید گندمے | مردمے جو مردمے جو مردمے
تو اگر جو بوئے گا گیہوں نہ اُگے گا | کسی مردِ (حق) کی تلاش کر کسی مردِ (حق) کی تلاش کر کسی مردِ حق کی

قصدِ کعبہ کن چو وقتِ حج بود | چونکہ رفتی مکہ ہم دیدہ شود
جب حج کا زمانہ ہو کعبہ کا قصد کر | جب تو پہنچے گا مکہ بھی دیکھ لیا جائے گا

قصد در معراج دیدِ دوست بود | در تبع عرش و ملائک ہم نمود
معراج میں دوست کے دیدار کا قصد تھا | تبعاً عرش اور فرشتے بھی دکھائی دیئے

سید[2] الاعمال بالنیات گفت | نیتِ خیرت بسے گلہا شگفت
سید (المرسلین) نے فرمایا اعمال نیتوں سے ہیں | تیری اچھی نیت سے بہت سے پھول کھلے ہیں

نیتِ[3] مومن بود بہ از عمل | ایں چنیں فرمود سلطانِ دول
مومن کی نیت عمل سے بہتر ہوتی ہے | سلطنتوں کے بادشاہ نے اسی طرح فرمایا ہے

## حکایتِ[4] خانہ ساختنِ مریدے و امتحانِ پیر مرید را
ایک مرید کا مکان بنانے اور پیر کا مرید کے امتحان لینے کا قصہ

خانۂ نو ساخت روزے یک مرید | پیر آمد خانۂ او را بدید
ایک مرید نے ایک وقت نیا گھر بنایا | پیر آیا، اُس نے اُس کے گھر کو دیکھا

گفت شیخ آں نو مریدِ خویش را | امتحاں کرد آں نکو اندیش را
شیخ نے اپنے اِس نئے مرید سے فرمایا | اُس خیر اندیش کا امتحان لیا

روزن از بہر چہ کردی اے رفیق | گفت تا نور اندر آید زیں طریق
اے دوست! تو نے روشندان کس لئے بنایا ہے | اُس نے کہا تاکہ اِس راستے سے روشنی اندر آئے

گفت آں فرع ست ایں باید نیاز | تا ازیں رہ بشنوی بانگِ نماز
فرمایا یہ تو فرع ہے یہ طاعت کیلئے ہونا چاہئے | تاکہ تو اِس راستے سے اذان سنے

نور خود اندر تبع می آیدت | نیت آں را کن کہ آں می بایدت
روشنی تبعاً خود تیرے پاس اندر آئے گی | اسکی نیت کر جسکی نیت کرنی چاہئے

---

[1] قصدِ گنج یعنی سفر کا اصل مقصد کسی ولی اللہ کی زیارت کو بنالو سفر کے دوسرے منافع تبعاً حاصل کرو اور انکو فرع سمجھو بہتر کہ جس طرح کاشتکار کا اصل مقصد گیہوں ہے بھوسا تبعاً حاصل ہوجاتا ہے قصدِ کعبہ۔ حج کا مقصد اصلی کعبہ کی زیارت ہے گو شہر کی تبعاً زیارت ہوجاتی ہے۔ قصدِ معراج آنحضرتؐ کا مقصد معراج میں دیدارِ باری تعالیٰ تھا عرش و ملائک کا دیدار تبعاً حاصل ہوگیا

[2] سید۔ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ یعنی اعمال کا مدار نیتوں پر ہے جیسی نیت ہوگی ویسا ہی اُس عمل کا نتیجہ ہو

[3] نیت۔ حدیث شریف ہے نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ وَعَمَلُ الْمُنَافِقِ خَیْرٌ مِّنْ نِیَّتِہٖ یعنی مومن کی نیت عمل سے بھی بہتر ہوتی ہے اور منافق کا عمل نیت سے بہتر ہوتا ہے یعنی منافق جو عمل کرتا ہے اُس میں فاسد نیت ہوتی ہے۔

[4] حکایت۔ اس حکایت کا منشاء یہ ہے کہ عمل میں اصل مقصد کی نیت کرنی چاہیے اور مقصد خود حاصل ہوجائیگا تو ترجیح یہ مرید بھی شیخ کی تعلیمات سے پورا استفید نہیں ہوا تھا ترجیح روشندان۔ گھر میں روشندان بنانے کی بہتر یہ ہے کہ اُس کا مقصد ذکر اللہ اور اذان کی آمد کو قرار دے، روشنی روشندان سے خود حاصل ہوجائیگی۔

بایزیدؒ اندر سفر جُستے بسے
تا بیابد خضرِ وقتِ خود کسے

بایزیدؒ نے سفر میں بہت تلاش کیا
تاکہ کسی اپنے وقت کے خضر کو پالے

دید پیرے با قدے ہمچوں بلال[1]
یافت در وے فرّ و گفتارِ رجال

ایک بوڑھے، ہلال جیسے قد والے کو دیکھا
اُس میں مردانِ (حق آگاہ) کی شان اور گفتگو پائی

دیدہ نابینا و دل چوں آفتاب
ہمچو فیلے دیدہ ہندستان بخواب

آنکھوں سے نابینا، اور دل سورج کی طرح
اُس ہاتھی کی طرح جس نے ہندستان کو خواب میں دیکھا ہو

چشم بستہ[2] خُفتہ بیند صد طرب
چوں کشاید آں نہ بیند اے عجب

آنکھیں بند کئے ہوئے سوتا ہوا سو مستیاں دیکھتا ہے
جب (آنکھ) کھولتا ہے تعجب ہے وہ کچھ نہیں دیکھتا

بس عجب در خواب روشن می شود
دل درونِ خواب روزن می شود

خواب میں بہت سے عجائب دیکھتا ہے
نیند میں، دل روشندان بن جاتا ہے

آنکہ بیدارست و بیند خوابِ خوش
عارفست او خاکِ او در دیدہ کش

جو بیدار ہے اور اچھے خواب دیکھتا ہے
وہ عارف باللہ ہے اُس کی خاکِ قدم آنکھوں میں لگا

بایزیدؒ او را چو از اقطاب یافت
مسکنت بنمود و در خدمت شتافت

اُن کو بایزیدؒ نے جب قطبوں میں سے پایا
انکساری دکھائی، اور اُن کی خدمت میں دوڑ گئے

پیشِ او بنشست و می پرسید حال
یافتش[3] درویش و ہم صاحب عیال

اُن کے سامنے بیٹھے اور احوال دریافت کئے
اُن کو نادار، اور عیال دار پایا

گفت عزمِ تو کجا اے بایزیدؒ
رختِ غربت را کجا خواہی کشید

اُنھوں نے کہا، اے بایزیدؒ تیرا کہاں کا ارادہ ہے؟
سامانِ سفر کہاں لے جائے گا؟

گفت عزمِ کعبہ دارم از وَلَہ
گفت ہیں با خود چہ داری زادِ رہ

(بایزیدؒ) نے کہا شوق کی وجہ سے کعبہ کا قصد ہے
فرمایا اچھا، راستہ کا خرچہ کتنا رکھتا ہے؟

گفت دارم از درم نقرہ دو صد
نک ببستہ سخت بر گوشہ ردیست

کہا چاندی کے دو سو درہم رکھتا ہوں
یہ چادر کے کونے میں مضبوط بندھے ہوئے ہیں

گفت طوفی کُن بگردم ہفت بار
ویں نکوتر از طوافِ حج شمار

اُنھوں نے فرمایا میرے گرد سات بار طواف کرلے
اور اِس کو حج کے طواف سے بہتر سمجھ

واں درمہا پیشِ من نہ اے جواد
داں کہ حج کردی و شُد حاصل مراد

اے سخی! اور وہ درہم میرے سامنے رکھ دے
سمجھ لے کہ تو نے حج کرلیا اور مقصد پورا ہوگیا

---

[1] ہمچوں ہلال۔ وہ شیخ بڑھاپے کی وجہ سے خمیدہ کمر تھے۔ رجال۔ یعنی اولیاء اللہ۔ دیدہ نابینا۔ یعنی وہ شیخ دل کی آنکھوں سے عالم ملکوت کی سیر کرکے مسرور تھے جس طرح ہاتھی جو ہندستان کا جانور ہے غیر ملک میں جاکر جب ہندستان کو خواب میں دیکھتا ہے تو مسرور ہوتا ہے۔

[2] چشم بستہ۔ اولیاء اللہ آنکھیں بند کرکے جب عالم ملکوت کی سیر کرتے ہیں تو اُنکو عجائب قدرت نظر آتے ہیں جو آنکھیں کھولنے پر نظر نہیں آتے۔ درونِ خواب۔ یعنی جب آنکھیں بند ہوتی ہیں تو دل عالمِ ملکوت کا روشندان بنجاتا ہے۔ آنکہ۔ اولیاء اللہ بیداری میں آنکھیں بند کرکے وہ حسین منظر دیکھتے ہیں جو عام انسان کو خواب میں نظر آجایا کرتے ہیں۔

[3] یافتش۔ وہ شیخ تنگدست تھے اور عیالداری بہت تھی۔ وَلَہ۔ عشق، شوق۔ ردیست۔ ردا است۔ طوفی کن۔ شیخ کا بایزیدؒ کو اپنے طواف کا حکم دینا غلبۂ حال میں تھا ورنہ طواف بنظرِ عبادت کعبہ کے علاوہ جائز نہیں ہے۔ نکوتر از حج۔ بایزیدؒ کا نفلی حج ہوگا اس لئے یہ فرمایا ایسی صورت میں حج سے بہتر حاجتمند اولیاء پر روپیہ صرف کردینا ہے۔ حج کردی۔ کیونکہ اس صورت میں حج سے بھی زیادہ ثواب مل جائیگا۔

عُمرہ کردی عمرِ[1] باقی یافتی — صاف گشتی بر صفا بشتافتی

تونے عمرہ کرلیا اور باقی رہنے والی زندگی حاصل کرلی — تو پاک ہوگیا (کوہ) صفا (پر) بھی دوڑ لیا

حقِ آں حقّے کہ جانت دیدہ است — کہ مرا بر بیتِ خود بگزیدہ است

اُس خدا کی قسم جس کو تیری روح نے دیکھا ہے — کہ اُس نے اپنے گھر پر مجھے فضیلت بخشی ہے

کعبہ[2] ہر چندیکہ خانہ برِّ اوست — خِلقتِ من نیز خانہ سرِّ اوست

ہر چند کہ کعبہ اُس کی عبادت کا گھر ہے — میرا وجود بھی اُس کے اسرار کا گھر ہے

تا بکرد آں خانہ را در وَے نرفت — واندریں خانہ بجز آں حی نرفت

جب سے اُس نے وہ گھر بنایا ہے اُس میں نہیں گیا ہے — اور اِس گھر میں اُس حی (و قیوم) کے علاوہ کوئی نہیں گیا ہے

چوں مرا دیدی خدا را دیدۂ — گردِ کعبہ صدق بر گردیدۂ

جب تونے مجھے دیکھا تو گویا خدا کو دیکھا ہے — سچائی کے کعبہ کے گرد تونے طواف کیا ہے

خدمتِ من طاعت و حمدِ خداست — تا نہ پنداری کہ حق از من جداست

میری خدمت اللہ (تعالیٰ) کی عبادت اور حمد ہے — خبردار! کبھی نہ سمجھنا کہ اللہ (تعالیٰ) مجھ سے جدا ہے

چشم نیکو باز کُن در من نگر — تا بہ بینی نورِ حق اندر بشر

اچھی طرح آنکھ کھول، مجھے دیکھ — تاکہ تو بشر میں اللہ (تعالیٰ) کا نور دیکھے

بایزید[3] اکعبہ را دریافتی — صد بہا و عزّ و صد فر یافتی

اے بایزیدؒ! تونے کعبہ پالیا — سینکڑوں رونقیں اور عزتیں سینکڑوں شان و شوکت پالی

کعبہ را یکبار "بَیْتِی" گفت یار — گفت "یَا عَبْدِی" مرا هفتاد بار

دوست (اللہ تعالیٰ) نے کعبہ کو ایکبار "میرا گھر" کہا ہے — مجھے ستر بار "اے میرے بندے" کہا ہے

بایزیدؒ آں نکتہا را ہوش داشت — ہمچو زرّیں حلقہاش در گوش داشت

(حضرت) بایزیدؒ نے اُن نکتوں کو یاد کرلیا — سونے کے بالے کی طرح اُن کو کان میں پہنا

آمد از وے بایزیدؒ اندر مزید — منتہی در منتہی آخر رسید

اُن سے بایزیدؒ بڑھوتری میں پہنچے — کامل (اور بڑھ کر) مرتبۂ کمال میں پہنچے

## دانستنِ پیمبر کہ سببِ رنجوری آں شخص گستاخی بودہ است در دعا

آنحضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کا جان لینا کہ اُس شخص کی بیماری کا سبب دعا میں گستاخی تھی

چوں پیمبر دید آں بیمار را — خوش نوازش کرد یارِ غار را

جب پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اُس بیمار کو دیکھا — سچے دوست پر اچھی نوازش کی

---

[1] عمرِ باقی۔ ابدی زندگی۔ صفا کی صفا پر سعی کر لینے باطنی صفائی حاصل ہوتی ہے۔ مرا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کعبہ کو خطاب کر کے فرمایا تھا کہ مومن تجھ سے افضل ہے

[2] کعبہ۔ یعنی عبادتخانہ ہے۔ خانہ ستر۔ یعنی اسرارِ الٰہی کا مخزن ہے۔ تا بکرد۔ یعنی حضرت حق جل مجدہٗ کو جو تعلق قلبِ مومن سے ہے وہ تعلق کعبہ سے نہیں ہے اسی لئے قلبِ مومن تجلیاتِ باری کا زیادہ مظہر ہے۔ چوں مرا۔ اتحاد کی وجہ سے اہل اللہ کی زیارت گویا خدا کی زیارت ہے۔

[3] بایزیدا۔ یعنی میری زیارت کعبہ کی زیارت ہے۔ کعبہ را۔ قرآن میں مذکور ہے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل کو خطاب کر کے فرمایا گیا۔ "طَهِّرَا بَيْتِيَ" تم دونوں میرے گھر کو پاک کرو۔ یا عبدی۔ مومن جب بھی سورہ فاتحہ پڑھتا ہے اور اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت فرما۔ پر پہنچتا ہے تو حضرت حق کی جانب سے کہا جاتا ہے۔ لِعَبْدِي مَا سَأَلَ۔ میرے بندے کیلئے ہے جو اس نے مانگا۔ آمد۔ اس گفتگو سے حضرت بایزیدؒ کے مقامات پہلے بھی ولایت کا کمال حاصل تھا اس گفتگو سے مزید کمال حاصل ہوا۔ یارِ غار۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ چونکہ غارِ ثور میں ہجرت کے وقت آنحضورؐ کے ساتھ تھے سچا دوست۔

زندہ[1] شد چوں اُو پیمبر را بدید — گوئی آں دم حق مراُورا آفرید
جب اُس نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ایسی — تو کہیگا اللہ نے اُسی وقت اسکو پیدا فرمایا ہے

گفت بیماری مرا ایں بخت داد — کامد ایں سلطان برمن بامداد
اُس نے کہا بیماری نے مجھے یہ نصیبہ دیا — کہ صبح صبح یہ شاہ میرے پاس آئے

تامرا صحّت رسید و عافیت — از قدوم ایں شہ پُرخاصیت
یہاں تک کہ مجھے صحت اور آرام حاصل ہوگیا — اِس پُرخاصیت شاہ کی تشریف آوری سے

اے خُجستہ رنج و بیماری وتَب — اے مبارک درد و بیداریِ شب
مبارک ہے مرض، اور بیماری اور بخار — مبارک ہے درد اور یہ رات کا جاگنا

نک مرا در پیری از لُطف و کرم — حق چنیں رنجوری داد و سَقَم
یہ کہ لُطف و کرم سے بڑھاپے میں — اللہ تعالیٰ نے ایسی بیماری اور مرض عنایت کیا

دردِ پشتم داد تامن ہم زخواب — برجہم بر نیم شب لابُد شتاب
کمر میں درد عطا کیا تاکہ میں نیند سے — لامحالہ جلدی سے آدھی رات کو اُٹھ بیٹھوں

تانہ خُسپم جُملہ شب چوں گاؤ میش — دردہا بخشید حق از لُطفِ خویش
تاکہ تمام رات بھینس کی طرح نہ سوؤں — اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے ایسے درد عطا کئے

زیں[2] شکست آں رحمِ شاہاں جوش کرد — دوزخ از تہدیدِ من خاموش کرد
اِس شکستگی کی وجہ سے شاہ کا وہ رحم جوش میں آگیا — کہ دوزخ کو میرے ڈرانے سے چُپ کردیا

رنج گنج آمد کہ رحمتہا درو ست — مغز تازہ شد چو بخراشید پوست
مرض خزانہ بنا کیونکہ اُس میں رحمتیں ہیں — جب چھلکا چھیلا تازہ مغز نکل آیا

اے برادر موضعِ تاریک و سَرد — صبر کردن بر غم و سُستی و درد
اے بھائی تاریک اور سرد مقام میں — غم اور سُستی اور درد پر صبر کرنا

چشمۂ حیوان و جامِ مستی ست — کاں بلندیہا[3] ہمہ در پستی ست
آبِ حیات کا چشمہ اور مستی کا جام ہے — اِس لئے کہ تمام بلندیاں پستی میں مُضمر ہیں

آں بہاراں مُضمر ست اندر خزاں — پُر بہار ست ایں خزاں مگریز ازاں
بہاریں خزاں میں پوشیدہ ہیں — یہ خزاں پُر بہار ہے اُس سے گریز نہ کر

ہمرہِ غم باش و با وحشت بساز — می طلب در مرگ خود عمر دراز
غم کا ساتھی بن اور وحشت سے نباہ — اپنی موت میں دراز زندگی تلاش کر

[1] زندہ یعنی اُن صحابی کو از سرِ نو زندگی ملی ہے۔ سلطان یعنی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ بامداد۔ صبح کا وقت۔ پُرخاصیت۔ بعض نسخوں میں بے حاشیت یعنی بے خادموں کے شہنشاہ۔ خجستہ۔ وہ بیماری جو رحمتوں کا سبب بنے مبارک ہے۔ نک۔ یہ بیماری عبادتوں کا سبب بن گئی، دردِ کمر کی وجہ سے لامحالہ رات کو اُٹھ بیٹھتا ہوں اور تہجد پڑھتا ہوں۔

[2] زیں شکست۔ بیماری کے مبارک ہونے کا دوسرا سبب یہ ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دُعا سے دوزخ کے عذاب سے نجات مل گئی بلکہ بیماری غفلت کے پردے چاک کردیتی ہے اور روح تازہ ہوجاتی ہے۔ اے برادر۔ مرض کی تکلیف پر صبر کرنا رحمتوں کا سبب ہے۔

[3] بلندیہا۔ مراتب کی بلندیاں مصائب کی پستیوں میں پوشیدہ ہیں غم و وحشت پر صبر کرنے سے ابدی زندگی حاصل ہوگی۔

۱ آنچه گوید نفسِ تو کاینجا بدست — مشنوش چون کارِ او ضد آمدست
تیرا نفس جو بھی کہے کہ یہاں بُرائی ہے — اس کی نہ سن کیونکہ اس کا کام بالعکس ہے

تو خلافش کن کہ از پیغمبراں — ایں چنیں آمد وصیت در جہاں
تو اس کے خلاف کر کیونکہ پیغمبروں کی جانب سے — دنیا میں وصیت اسی طرح آئی ہے

مشورت ۲ در کارہا واجب شود — تا پشیمانی در آخر کم بود
کاموں میں مشورہ ضروری ہے — تاکہ انجام کار پشیمانی نہ ہو

حیلہا کردند بسیار انبیا — تا کہ گرداں شد بریں سنگ آسیا
نبیوں نے بہت سی تدبیریں کی ہیں — تب اس پاٹ پر چکی چل ہے

نفس می خواہد کہ تا ویراں کند — خلق را گمراہ و سرگرداں کند
نفس چاہتا ہے کہ تباہ کردے — مخلوق کو گمراہ اور پریشان کردے

گفت امت مشورت با کہ کنیم — انبیا گفتند با عقلِ امیم
امت نے دریافت کیا ہم کس سے مشورہ کریں؟ — انبیاء نے فرمایا رہبر کی عقل سے

گفت اگر کودک در آید یا زنے — کو ندارد عقل و رائے روشنے
دریافت کیا اگر بچہ یا عورت سامنے آئے — جس میں عقل اور روشن رائے نہیں ہے

گفت با او مشورت کن وانچہ گفت — تو خلافِ آں کن و در راہ افت
فرمایا اس سے مشورہ کر اور جو وہ کہے — تو اس کے خلاف کر، اور چل پڑ

نفسِ ۳ خود را زن شناس از زن بتر — زانکہ زن جزوست نفست کلِ شر
اپنے نفس کو عورت سمجھ، عورت سے بھی بدتر — اس لئے کہ عورت جزو ہے اور تیرا نفس پورا شر ہے

مشورت با نفسِ خود گر می کنی — ہر چہ گوید کن خلافِ آں دنی
اگر تو اپنے نفس سے مشورہ کرے — جو وہ کہے اس کمینہ کے خلاف کر

گر نماز و روزہ می فرمایدت — نفس مکارست مکرے زایدت
اگر وہ تجھے نماز اور روزہ کا حکم دے — نفس مکار ہے، تجھ سے کوئی مکر کررہا ہے

مشورت با نفسِ خویش اندر فعال — ہر چہ گوید عکسِ آں باشد کمال
کاموں میں اپنے نفس سے مشورہ (کرسکتے ہو) — وہ جو کچھ کہے اس کے بالعکس (کرنا) کمال ہے

بر نیائی با وے و استیزِ او — رو برِ یارے بگیر آمیزِ او
(اگر) اس سے اور اس کی لڑائی میں نہ جیتے — کسی یار کے پاس جا اس سے میل جول کر

---

۱ نفس. نفسِ امّارہ ہمیشہ بُرائی کی طرف راغب کرتا ہے اس کے مشورے کے خلاف عمل کرو۔ خلافش کن. نفسِ امّارہ کے خلاف کرنے کی تمام انبیاء نے وصیت و نصیحت کی ہے۔

۲ مشورت. بیشک شرعی طور پر مشورہ کرنے کا حکم ہے مشورے سے انجام کی پشیمانی سے نجات ملتی ہے لیکن نفس سے مشورہ مناسب نہیں ہے۔ حیلہا۔ انبیاء اور رسولوں کی تدبیروں سے لوگ ہدایت یافتہ بنے ہیں۔ نفس. نفسِ امّارہ راہِ ہدایت کے خلاف مشورہ دے کر برباد کرنا چاہتا ہے۔ گفت. مشورہ عقلِ سلیم والے سے کرنا چاہیئے۔ امیم۔ امام کا امالہ ہے۔ گفت. شرعی حکم ہے کہ بچہ اور عورت کا مشورہ قابلِ قبول نہیں ہے۔

۳ نفسِ خود. عورت کا مشورہ جبکہ ناقابلِ قبول ہے تو نفس کا اس سے بھی زیادہ ناقابلِ قبول ہونا چاہیئے۔ دنی۔ کمینہ۔ گر نماز. ہوسکتا ہے کہ اس کا مقصد یہ ہو کہ تو سمجھ لے کہ نفس اب مطمئنہ ہوگیا ہے اور مجاہدات کو ترک کردے۔ بر نیائی۔ اگر انسان خود نفس کا مقابلہ نہ کرسکے تو شیخ کی مدد حاصل کرے۔

عقلؔ قوت گیرد از عقلِ دگر
عقل، دوسری عقل سے طاقت حاصل کر لیتی ہے
نیشکر کامل شود از نیشکر
نیشکر، نیشکر سے کامل ہوتی ہے

من زمکرِ نفس دیدم چیزہا
میں نے نفس کے مکر سے بہت سی باتیں دیکھی ہیں
کو بَرد از مکرِ خود تمیزہا
وہ اپنے مکر کے ذریعہ اچھے بُرے کی تمیز ختم کرتا ہے

وعدہا بدہد ترا تازہ بدست
تیرے ہاتھ میں تازہ تازہ وعدے دیتا ہے
کو ہزاراں بار آنہارا شکست
جن کو اُس نے ہزاروں بار توڑا ہے

عمرؔ اگر صد سال خود مہلت دہد
عمر اگر سو سال کی بھی فرصت دے
اُوت ہر روزے بہانہ نو نہد
وہ تجھے ہر روز نیا بہانہ سکھائے گا

گرم گوید وعدہائے سرد را
غلط وعدوں کو دُرست بتائے گا
جادوئے مردی بہ بندد مرد را
قوتِ مردی کا جادو مردمی کو ختم کر دیتا ہے

اے ضیاء الحق حسام الدیں بیا
اے ضیاء الحق حسام الدین! آجا
کہ نہ روید بے تو از شورہ گیا
کہ تیرے شور زمین سے گھاس نہیں اُگتی

از فلک آویختہ شد پردۂ
آسمان سے ایک پردہ لٹکا دیا گیا ہے
از پئے نفرین دل آزردۂ
دردمند دل کی ملامت کے لئے

اینؔ قضا را ہم قضا داند علاج
اِس تقدیر کا علاج بھی تقدیر ہی جانتی ہے
عقل خلقاں در قضا گیج ست و کاج
تقدیر کے معاملہ میں مخلوق کی عقل پراگندہ اور بھینگی ہے

اژدہا گشت ست آں مارِ سیاہ
وہ کالا سانپ، اژدہا بن گیا
آنکہ کرمے بود افتادہ براہ
جو راستہ میں پڑا ہوا ایک کیڑا تھا

اژدہا و مار اندر دستِ تو
تیرے ہاتھ میں اژدہا اور سانپ
شد عصا اے جانِ موسیٰ مست تو
لاٹھی بن گیا اے وہ کہ (حضرت) موسیٰ کی جان تجھ سے مست ہے

حکمِ خُذْهَا لَا تَخَفْ دادت خدا
خدا نے تجھے "اس کو پکڑ لے، نہ ڈر" کا حکم دیا ہے
تا بدستت اژدہا گردد عصا
تاکہ تیرے ہاتھ میں اژدہا لاٹھی ہو جائے

ہیں یدِ بیضا نما اے بادشاہ
ہاں، اے بادشاہ یدِ بیضا دکھا دے
صبحِ نو بکشا ز شبہائے سیاہ
کالی راتوں میں سے نئی صبح نمودار کر دے

دستِ تو یعنی ضیاء الحق حسام الدین کو اللہ نے وہ روحانیت دی ہے جس کے ذریعہ وہ نفس کو راہِ راست پر لاسکتے ہیں۔ خُذْهَا۔ قرآن میں ہے۔ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ جب موسیٰ کی لاٹھی سانپ بن گئی تو وہ ڈرے تب حکم ہوا اسکو پکڑ لو اور نہ ڈرو۔ یدِ بیضا۔ موسیٰ نے بغل میں ہاتھ ڈال کر نکالا تو وہ سفید چمکیلا بن کر نکلا تھا۔ یعنی ضیاء الحق تم بھی اپنی روشن ضمیری سے کام لیکر نفس کی اصلاح کرو۔

لہ عقل مرید کی عقل شیخ کی عقل کے ساتھ مل کر تو ی ہو جائیگی نیشکر گنا اگر کسی اور کھیتی میں بو یا جائے تو اچھا ہوگا بعض نسخوں میں پیشہ گر ہے یعنی عام پیشوں میں بھی اُستاد سے ہی کمال حاصل ہوتا ہے۔ تمیزہا نفس اچھے بُرے کی تمیز ختم کر دیتا ہے۔

لہ عمر۔ انسان کی طویل عمر میں بھی نفس ہر روز ایک بہانہ نیکی نہ کرنے کا تراش دیتا ہے۔ وعدہائے سرد پُرانے وعدے جو پورے نہیں ہوئے ہیں۔ جادو مشہور ہے کہ جادو کے ذریعہ مرد کو عورت سے باندھ دیا جاتا ہے پھر وہ مرد عورت کے قابل نہیں رہتا۔ یعنی نفس ایسا جادو کر دیتا ہے کہ نیکی پر قدرت نہیں رہتی — از شورہ۔ شوریلی زمین میں گھاس اُگانا بہت مشکل ہے لہٰذا ہر مشکل کام کے لئے یہ محاورہ بولا جاتا ہے سار فلک۔ نفس کی مکاری کا ایک پردہ ہے جو آسمان سے آویزاں ہے تاکہ مبتلا ملامت کا مستحق بنے۔

لہ ایں قضا۔ نفس کی مکاریاں بھی قضاءِ خداوندی سے ہیں تو قضاءِ خداوندی ہی اُس کا علاج کر سکتی ہے انسانی عقل اُس کے علاج سے عاجز ہے۔ گیج۔ پراگندہ، پریشان۔ کاج۔ بھینگا۔ اژدہا۔ نفس ایک معمولی کیڑا تھا سانپ بنا، سانپ سے اژدہا بن گیا۔

دوزخے افروخت بر وے دم فسوں ‏— اے دمِ[1] تو از دمِ دریا فزوں

اُس نفس نے دوزخ بھڑکا دی ہے اُس پر پھونک کر ‏— اے وہ کہ تیری پھونک دریا کی ہمت سے بڑھ کر ہے

بحرِ مکارست و بنمودہ کفے ‏— دوزخ ست از مکر بنمودہ تفے

(وہ نفس) مکار سمندر ہے، جھاگ دکھائی دیتا ہے ‏— دوزخ ہے مکر سے (معمولی) حرارت دکھائی دیتا ہے

زاں نماید مختصر در چشمِ تو ‏— تا زبوں بینیش جُنبد خشمِ تو

تیری نگاہ میں اس وجہ سے مختصر نظر آتا ہے ‏— تاکہ تو اُس کو حقیر سمجھے اور تیرا غصہ حرکت میں آجائے

ہمچناں کہ لشکرِ انبوہ بود ‏— مر پیمبر را بہ چشم اندک نمود

جیسا کہ لشکر بہت تھا ‏— پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نظر میں مختصر نظر آیا

تا بر ایشاں زد پیمبر بے خطر ‏— ور فزوں[2] دیدے ازاں کردے حذر

یہاں تک کہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اُن پر بلا جھجک حملہ کر دیا ‏— اگر زیادہ دیکھتے اُس سے ہچکچاتے

آں نمایش بود فضلِ ایزدی ‏— احمدا ورنہ تو بد دل می شدی

یہ دکھاوا اللہ تعالیٰ کا کرم تھا ‏— ورنہ اے احمدؐ! تم بد دل ہو جاتے

کم نمود اُو را و اصحاب ورا ‏— آں جہادِ ظاہر و باطن خدا

اُن کو اور اُن کے ساتھیوں کو کم دکھایا ‏— اللہ (تعالیٰ) نے ظاہری و باطنی جہاد

تا میسر کرد یُسرے را بروُ ‏— تا ز عُسرے اُو نگردانید رُو

یہاں تک کہ آپ کو سہولت میسر کر دی ‏— جبکہ اُنھوں نے دشواری سے منہ نہ موڑا

کم نمودن[3] مر وُرا پیروز بود ‏— زاں نمودن روزِ اُو نوروز بود

اُن کو کم دکھانا کامیابی تھی ‏— اِسلئے کہ اِس طرح دکھانا اُن کیلئے عید کا دن تھا

کم نمودن بس خجستہ روز بود ‏— کہ حقش یار و طریق آموز بود

کم دکھانا بہت مبارک دن تھا ‏— کیونکہ اللہ (تعالیٰ) اُن کا دوست اور راہنما تھا

آنکہ حق پُشتش نباشد در ظفر ‏— وانکہ خرگوشش نماید شیرِ نر

وہ شخص جس کا کامیابی میں خدا مددگار نہ ہو ‏— سمجھ لے اُس کو خرگوش نر شیر نظر آتا ہے

وائے گر صد را یکے بیند ز دور ‏— تا بچالش اندر آید از غرور

اُس پر افسوس ہے اگر دور سے سَو کو ایک سمجھ بیٹھے ‏— تاکہ دھوکے میں حملہ کر بیٹھے

زاں نماید ذوالفقارے حربۂ ‏— زاں نماید شیرِ نر چوں گربۂ

چونکہ اُس کو ذوالفقار ایک نیزہ نظر آتی ہے ‏— چونکہ اُس کو نر شیر ایک بلی نظر آتی ہے

ف۱ اے دمِ تو۔ اے طبیبِ الٰہی تمہارا پھونکنا اُس دوزخ کی آگ کو بجھانے میں سمندر سے بھی زیادہ ہے۔ بحر۔ نفس بظاہر حقیر معلوم ہوتا ہے لیکن شدید تباہی کا سبب ہے۔ کف۔ سمندر کا جھاگ۔ تف۔ گرمی۔ زاں نماید۔ اللہ کا کرم ہے کہ نفس حقیر چھوٹا نظر آتا ہے ورنہ اُس سے مقابلہ کی ہمت چھوڑ بیٹھے۔ ہمچناں۔ جنگِ بدر میں دشمنوں کو حقیر کر کے دکھانے کی یہی مصلحت خداوندی تھی۔

ف۲ تا۔ اگر کافر زیادہ نظر آتے تو حملہ کرنے میں پس و پیش کرنا پڑتا۔ نمائش۔ یعنی تھوڑا کر کے دکھانا۔ آں جہاد۔ جنگِ بدر کا جہاد باطنی بھی تھا اور جسمانی بھی۔ یُسر۔ سہولت، نرمی۔ عُسر۔ سختی، دشواری۔

ف۳ کم نمودن۔ جنگِ بدر میں آنحضورؐ کو دشمن کم نظر آئے یہی فتحمندی کا سبب بنا جس سے خوشی حاصل ہوئی۔ کہ حقش۔ یہ کم نظر آنا اللہ کا کرم تھا۔ آنکہ۔ اللہ کی مدد جس کے شاملِ حال نہ ہو اُسکو کم دشمن کی تعداد زیادہ نظر آتی ہے اور وہ دشمن کو قوی سمجھتا ہے۔ وائے۔ دشمنوں کا کم نظر آنا کبھی اللہ کے کرم سے ہوتا ہے اور کبھی قہر سے۔ کفار کے ساتھ قہر کا معاملہ تھا تاکہ دھوکا کھا کر جنگ میں کود پڑیں اور شکست کھائیں۔ ذوالفقار۔ حضرت علیؓ کی تلوار کا نام ہے حربہ۔ نیزہ۔

تا دلیر اندر فتد احمق بجنگ — و اندر آرد شاں بدیں حیلت بچنگ
تاکہ بیوقوف ہمت کرکے جنگ کر بیٹھے — اور (خدا) انکو تدبیر سے پنجے میں پکڑ لے

تا بپائے خویش باشد آمده — آں قلیواںؔ جانب آتشکده
تاکہ اپنے پیروں سے آئے ہوئے ہوں — آگ کی بھٹی کی جانب وہ بیوقوف

کاہ برگے می نماید تا تو زود — پف کُنی اُو را برانی از وجود
گھاس کا تنکا نظر آتا ہے تاکہ تو جلد — پھونک مار دے اور اُس کو فنا کر دے

ہیںؔ کہ آنکہ کوہہا بر کند است — زو جہاں گریان و اُو در خندہ است
خبردار! وہ ایسا ہے کہ اُس نے پہاڑوں کو اکھاڑ دیا ہے — جہان اُس کی وجہ سے روتا ہے اور وہ ہنستا ہے

می نماید تا بہ کعب ایں آب جُو — صد چو عُوجِ بن عنق شد غرق اُو
یہ نہر کا پانی ٹخنے تک نظر آتا ہے — عوج بن عنق جیسے سینکڑوں اُس میں ڈوب گئے ہیں

می نماید موج خونش تل مُشک — می نماید قعر دریا خاکِ خُشک
اُس کو خون کی موج مُشک کا ٹیلہ نظر آتی ہے — (اُس کو) دریا کی گہرائی خشک زمین نظر آتی ہے

خُشک دید آں بحر را فرعونِ کور — تا درو راند ز سرمستی و زور
اندھے فرعون نے اُس دریا کو خشک دیکھا — یہاں تک کہ مستی اور طاقت سے اُس میں گھس پڑا

چوں در آید در تگِ دریا بُود — دیدهٔ فرعون کے بینا بُود
جب گھس جاتا ہے دریا کی تہ میں ہوتا ہے — فرعون کی آنکھ کب دیکھتی ہے؟

دیدهٔؔ بینا از لقائے حق شود — حق کجا همراز ہر احمق شود
اللہ (تعالیٰ) کی ملاقات سے آنکھ بینا بنتی ہے — اللہ (تعالیٰ) ہر احمق کا ہمراز کب بنتا ہے؟

قند بیند خود شود زہرِ قتول — راہ بیند خود بود آں بانگ غول
شکر سمجھتا ہے، وہ خود قاتل زہر ہوتی ہے — وہ (ٹھیک) راستہ سمجھتا ہے وہ چھلاوے کی آواز ہوتا

اے فلک در فتنهٔ آخر زماں — تیز می گردی بده آخر اماں
اے آسمان! تو آخری زمانے کے فتنے میں — تیزی سے گھومتا ہے آخر (کچھ تو) امن دے

خنجرِ تیزِ تو اندر قصدِ ما — نیشِ زہر آلودهٔ در قصدِ ما
تیرا تیز خنجر ہمارے قتل کے درپے ہے — زہر آلود نشتر ہمارے (مارنے کے) درپے ہے

اے فلک از رحم حق آموز رحم — بر دلِ موراں مزن چوں مار زخم
اے آسمان! اللہ (تعالیٰ) کے رحم سے رحم کرنا سیکھ لے — چیونٹیوں کے دل پر سانپ کی طرح نہ کاٹ

لہ قلیواں۔ غلیوکی جمع ہے، احمق۔ آتشکدہ۔ آگ کی بھٹی۔ کاہ برگے۔ برگ کاہ، یعنی مبتدی کو نفس ایک حقیر چیز معلوم ہوتا ہے اور اُس کی اصلاح کو معمولی بات سمجھتا ہے حالانکہ وہ بہت مضبوط ہے۔ پف۔ پھونک۔ برانی از وجود رانہ، فنا کر دینا۔
ٹہ حق۔ نفس نے بڑے بڑے انسانوں کو تباہ کیا ہے۔ می نماید۔ یہ نفس کی مثال ہے کہ بظاہر معمولی ندیا معلوم ہوتا ہے لیکن بڑے سے بڑے انسان کو ڈبو دیتا ہے۔ می نماید اس نفس کی خون کی موج، مشک کا ٹیلہ نظر آتی ہے۔ تل۔ ٹیلہ۔ قعر۔ گہرائی۔ تگ۔ تہ۔
ٹہ دیدہ بینا۔ بصیرت اہل حق کو حاصل ہوتی ہے فرعون احمق اس کا مستحق نہ تھا۔ قتول۔ بہت زیادہ قاتل۔ غول۔ چھلاوا جو راستے سے بھٹکا دیتا ہے۔ نیش۔ نشتر۔ موراں۔ چیونٹیاں۔ مار۔ سانپ۔

حقِ آنکہ چرخہ چرخِ ترا[1] — کرد گرداں بر فرازِ ایں سرا
اُس ذات کا واسطہ جس تیرے گنبد کے چرخے کو — اِس گھر پر گھمایا ہے

کردِ گرگوں گردی و رحمت کُنی — پیش ازاں کہ بیخ ما را بر کَنی
دوسرے طریقہ پر گردش دے اور رحم کر — اِس سے قبل کہ تو ہمیں تباہ کرے

حقِ آنکہ دایگی کردی نخست — تا نہالِ ما ز آب و خاک رُست
اُس کا واسطہ کہ تو نے پہلے پرورش کی — یہاں تک کہ ہمارا پودا پانی اور مٹی سے اُگا

حقِ آں شہ کہ تُرا اصاف آفرید — کرد چندیں مشعلہ در تو پدید
اُس شاہ کا واسطہ جس نے تجھے شفاف پیدا کیا — اور اس قدر مشعلیں تجھ میں پیدا کیں

آنچناں معمور[2] و باقی داشتت — تا کہ دہری از ازل پنداشتت
تجھے اِس قدر آباد اور باقی رکھا — کہ دہریہ نے تجھے ازلی سمجھا

شُکر دانستیم آغازِ تُرا — انبیا گفتند آں رازِ تُرا
(خدا کا) شکر ہے ہم تیری ابتدا کو سمجھ گئے — انبیاء نے تیرا راز کہہ دیا

آدمی داند کہ خانہ حادِث ست — عنکبوتے نے کہ در وے عابث ست
آدمی سمجھتا ہے کہ مکان نو پیدا ہے — مکڑی نہیں، جو اُس میں کھیل رہی ہے

پشّہ کے داند کہ ایں باغ از کیست — کو بہاراں زاد و مرگش در دَیست
مچھر کیا جانے کہ یہ باغ کب سے ہے؟ — اِسلئے کہ وہ موسمِ بہار میں پیدا ہوا اُسی میں اُس کی موت ہے

کِرم[3] کاندر چوب زاید سُست حال — کے بداند چوب را وقتِ نہال
سُست حال کیڑا جو لکڑی میں پیدا ہوا — وہ پودا ہونے کے وقت سے لکڑی کو کب جانتا ہے؟

ور بداند کِرم از ماہیتش — عقل باشد کِرم باشد صورتش
اور اگر کیڑا اُس کی حقیقت کو جان لے — وہ عقل ہوگا، اُس کی صورت کیڑے کی ہوگی

عقل خود را می نماید رنگہا — چوں پری دور ست ازاں فرسنگہا
عقل اپنے آپ کو مختلف رنگوں میں ظاہر کرتی ہے — پری کی طرح، پری سے (بھی) کوسوں دور ہے

از ملک بالاست چہ جائے پری — تو مگس پری بہ پستی می پری
پری کیا چیز ہے، فرشتوں سے (بھی) بالا ہے — تو مکھی کے پر رکھتا ہے پستی کی طرف پرواز کرتا ہے

حادث ہونے کی طرف پرواز نہیں کرتی ہے۔

[1] حق۔ یہ قسم ہے اِس کا جواب اگلا شعر ہے بتسرا یعنی دنیا۔ کردِ گرگوں۔ یعنی تیسری گردش ہماری تباہی کے لئے نہو حق آنکہ۔ زمانے نے ہمیں پرورش کیا ہے، یہ مولانا نے عام شاعرانہ انداز اختیار فرمایا ہے ورنہ زمانہ کی گردش نہ آبادی کا سبب ہے نہ بربادی کا۔ مشعلہ۔ یعنی ستارے۔

[2] معمور۔ آباد۔ دہری۔ وہ شخص جو خدا کے وجود کا قائل نہ ہو اور تمام مادی تصرفات خود مادہ کی طرف منسوب کرے۔ شکر یعنی خدا کا شکر ہے۔ راز۔ یعنی آسمان کا نو پیدا ہونا۔ حادث۔ نو پیدا۔ عنکبوت۔ مکڑی کہاں اپنے جالے کو ازلی سمجھ سکتی ہے۔ عابث۔ لغو کام کرنیوالا۔ پشہ۔ مچھر۔ باغ کی ابتداء اور انتہاء سے ناواقف ہوتا ہے۔

[3] کِرم۔ کیڑا، وہ کیڑا جو درخت کی لکڑی میں پیدا ہوتا ہے وہ اُس درخت کی ابتداء سے ناواقف ہوتا ہے۔ نہال۔ پودا۔ عقل۔ وہ کیڑا جو درخت کے حادث ہونے کو سمجھ جائے بظاہر کیڑا ہے لیکن در اصل وہ عقلِ مجسم ہے۔ عقل خود را۔ عقل ایک مجرد چیز ہے جو کیڑے کی شکل میں متشکل ہو سکتی ہے جیسے جن اور پری بلکہ وہ پری سے بھی بہت زیادہ لطیف چیز ہے۔ از ملک۔ عقل، فرشتہ سے بھی زیادہ مجرد ہے۔ تو مگس۔ دہریا اور عام انسان کی عقل کی پرواز مکھی کی طرح پستی کی طرف ہے جو عالم کے

گر چہ[1] عقلت سوئے بالا می پرد — مرغ تقلیدت بہ پستی می چرد
اگرچہ تیری عقل (عالم) بالا کی طرف پرواز کرتی ہو — تیری تقلید کا پرندہ نیچے کی طرف چگتا ہے

علم تقلیدی وبالِ جانِ ماست — عاریہ است و ما نشستہ کاں ماست
تقلیدی علم ہمارا وبالِ جان ہے — وہ مانگی ہوئی چیز ہے اور ہم (مطمئن) بیٹھے ہیں کہ ہماری ہے

زیں خرد جاہل ہمی باید شدن — دست در دیوانگی باید زدن
اس عقل سے بیگانہ ہو جانا چاہیے — دیوانگی اختیار کر لینی چاہیے

ہر چہ بینی سودِ خود زاں می گریز — زہر نوش و آبِ حیواں را بریز
جس کو تو اپنا فائدہ سمجھتا ہے اس سے گریز کر — زہر پی لے، آبِ حیات کو بہا دے

ہر کہ[2] بستاید ترا دشنام دہ — سود و سرمایہ بمفلس وام دِہ
جو تیری تعریف کرے اس کو برا بھلا کہہ — نفع اور سرمایہ مفلس کو قرض دیدے

ایمنی بگذار و جائے خوف باش — بگذر از ناموس و رسوا باش و فاش
امن کی جگہ کو چھوڑ، خوف کی جگہ میں رہ — عزت کو خیرباد کہہ دے اور کھلم کھلا رسوا بن

آزمودم عقلِ دور اندیش را — بعد ازیں دیوانہ سازم خویش را
میں نے دور اندیش عقل کو آزما لیا — اس کے بعد اپنے آپ کو دیوانہ بناؤں گا

## عُذر گفتنِ دلقک با سیّد کہ چرا فاحشہ بنکاح آورد

آقائے دلقک کا عذر کرنا کہ اس نے بدکار عورت سے کیوں نکاح کیا ہے

گفت با دلقک شبے سیّدِ اجل — قحبہ را خواستی تو از عجل
ایک رات ایک بڑے آقا نے دلقک سے کہا — جلدی میں تو نے رنڈی سے نکاح کر لیا

با من ایں را باز می بایست گفت — تا یکے مستورہ[3] کردیمیت جفت
مجھ سے یہ کہہ کر کرنا چاہیئے تھا — تاکہ میں ایک پردہ نشین سے تیرا نکاح کر دیتا

گفت نہ مستورہ صالح خواستم — قحبہ گشتند و زغم تن کاستم
اس نے کہا میں نے نو پاکدامن پردہ نشینوں سے نکاح کیا — وہ رنڈی بنیں اور میں غم سے گھلا

خواستم ایں قحبہ را بامعرفت — تا ببینم چوں شود ایں عاقبت
اس رنڈی سے میں نے جان کر نکاح کیا ہے — تاکہ میں دیکھوں یہ آخر میں کیا بنتی ہے!

---

[1] گرچہ۔ دہریہ اور عام انسان میں بھی عقل ہے جو عالم کے حدوث کا ادراک کر سکتی ہے لیکن اس کا تقلیدی علم مانع بنتا ہے۔ علم تقلیدی۔ تقلیدی علم حقیقت تک نہیں پہنچاتا اور انسان اس سے دھوکے میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ زیں خرد۔ ناقص عقل اور تقلیدی علم سے جہل اور دیوانگی کی بے عقلی بہتر ہے۔ ہر چہ بینی۔ ناقص عقل جس کو اچھا سمجھے اس کو برا سمجھنا چاہیئے۔ زہر نوش۔ ناقص عقل جس کو زہر سمجھے وہ درحقیقت آبِ حیات ہے اور جس کو آبِ حیات سمجھے وہ زہر ہے۔

[2] ہر کہ بستاید۔ ناقص عقل والا انسان اپنی تعریف سے خوش ہوتا ہے تمہیں چاہیئے کہ منہ پر تعریف کرنیوالے کو برا بھلا کہہ دو اور منہ پر تعریف کے نفع اور سرمایہ کو نیکیوں سے مفلس کے سپرد کر دو یعنی۔ ناقص عقل جس جگہ کو امن کی جگہ سمجھے اُس کو چھوڑ کر اس جگہ جاؤ جس کو وہ ڈر کی جگہ سمجھتی ہے جس کو وہ عزت سمجھتی ہے اس سے گریز کرو اور جس کو وہ ذلت سمجھے اس کو اختیار کرو۔ عقلِ دور اندیش یعنی عقلِ ناقص۔ دلقک۔ دلقک نے پردہ نشینوں کو برت کر رنج اٹھایا تو رنڈی سے نکاح کر کے تجربہ حاصل کرنے کی سوچی۔ اسی طرح عقل کے نقصانات محسوس کر کے دیوانگی کا تجربہ کرنا چاہیئے

جو کہ مفید ہوگی جیسا کہ بہلول کے قصہ سے واضح ہوگا۔

[3] مستورہ۔ پردہ نشین عورت۔ قحبہ۔ رنڈی۔ زانیہ۔

عقلؑ را ہم آزمودم من بسے — زیں سپس جویم جنوں را مغرسے
میں نے عقل کو بھی بہت آزمایا — اس کے بعد دیوانگی کا کھیت تلاش کروں گا

## بہ حیلت در سخن آوردن سائل آں بزرگ را کہ خود را دیوانہ ساختہ بود

سوال کرنیوالے کا تدبیر سے اُن بزرگ کو باتوں پر آمادہ کر لینا جنھوں نے اپنے آپ کو دیوانہ بنا لیا تھا

آں یکے می گفت خواہم عاقلے — مشورت آرم بدو در مشکلے
ایک (شخص) کہہ رہا تھا میں ایک عقلمند چاہتا ہوں — اُس سے ایک مشکل میں مشورہ کروں گا

آں یکے گفتش کہ اندر شہر ما — نیست عاقل جز کہ آں مجنوں نما
ایک (شخص) نے اس سے کہا ہمارے شہر میں — اُس بظاہر دیوانے کے علاوہ کوئی عقلمند نہیں ہے

بر نیٔ گشتہ سوارہ نکِ فلاں — می دواند در میانِ کودکاں
بانس پر سوار ہو کر یہ فلاں — بچوں میں اُس کو دوڑا رہا ہے

گوئے می بازد بروزان و شباں — در جہاں گنج نہاں جانِ جہاں
دن رات گیند سے کھیلتا ہے — دنیا میں چھپا خزانہ ہے، دنیا کی روح ہے

صاحبؑ رایست و آتش پارۂ — آسماں قدرست و اختر بارۂ
صاحب رائے ہے اور چنگاری ہے — آسمان کے رتبہ والا ہے اور ستارے کا سوار ہے

فرِ او کروبیاں را جاں شدست — او دریں دیوانگی پنہاں شدست
اُس کی عزت فرشتوں کی جان ہے — وہ اِس دیوانگی میں چھپا ہوا ہے

لیک ہر دیوانہ را جاں نشمری — سر منہ گوسالہ را چوں سامری
لیکن ہر دیوانہ کو تو جان نہ سمجھنا — سامری کی طرح بچھڑے کے آگے ماتھا ٹیکنا

چوں ولیِ آشکارا با تو گفت — صد ہزاراں غیب و اسرار نہفت
جبکہ ولی نے صاف صاف تجھ سے کہدیئے — غیب کے لاکھوں (معاملے) اور پوشیدہ راز

مر ترا آں فہم و آں دانش نبود — وا ندانستی تو سرگیں را ز عود
تجھ میں وہ فہم اور وہ سمجھ نہ تھی — تو گوبر کو اگر سے نہ پہچان سکا

از جنوں خود را ولی چوں پردہ ساخت — مر ورا اے کور کے خواہی شناخت
ولی نے جب جنون کو اپنا پردہ بنا لیا — اے اندھے! تو اُس کو کب پہچان سکتا ہے!

گر ترا باز ست آں دیدۂ یقیں — زیرِ ہر سنگے یکے سر سنگ بیں
اگر تیرے یقین کی آنکھ کھلی ہوئی ہے — ہر پتھر کے نیچے ایک سپاہی دیکھ لے

---

لہ عقل۔ جس طرح کسی رند نے پردہ نشینوں سے عاجز آکر رندی کا تجربہ شروع کیا اسی طرح میں عقل سے عاجز آکر دیوانگی کا تجربہ شروع کروں گا۔ مغرس۔ پودا لگانے کی جگہ۔ کھیت۔ بزرگ یعنی حضرت بہلولؒ ہارون الرشید کے زمانہ میں ایک بزرگ تھے جنھوں نے مصلحتاً اپنے آپ کو دیوانہ بنا رکھا تھا۔ بانس کو گھوڑا بنا کر بچوں میں کھیلتے رہتے تھے۔ خاموش رہتے تھے لیکن جب بولتے تھے تو بڑی دانائی کی بات کہہ دیتے تھے۔ مشکلے یعنی کسی بات کا مشکل مسئلہ۔ شہر یعنی بغداد۔ مجنوں نما۔ حضرت بہلولؒ جنھوں نے اپنے آپ کو دیوانہ ظاہر کر رکھا تھا۔ گوئے۔ شب و روز بچوں کے ساتھ گیند کھیلتے ہیں۔ گنجِ نہاں۔ معرفت کے علوم کا چھپا ہوا خزانہ ہیں۔ جانِ جہاں۔ دنیا ان کی بدولت قائم ہے۔

۲ صاحب۔ یعنی بہلولؒ صاحب رائے اور ذہین ہے اور بلند شخصیت ہے۔ فرِ او۔ فرشتے اُس کی تعظیم کرتے ہیں اُس نے اپنے مرتبہ کو دیوانگی میں چھپا رکھا ہے۔ لیک۔ ہر دیوانے کو ولی سمجھنا غلط ہے۔ چوں۔ بعض اولیاء کے اپنے آپ کو دیوانگی میں چھپانے کی توجیہ ہے۔

۳ وا ندانستی۔ تو سمجھنے بوجھنے میں امتیاز نہ کر سکا۔ از جنوں۔ جب ولی اصل حالت میں تھا اور تو اُس کو نہ پہچان سکا تو اب جبکہ وہ دیوانگی میں پوشیدہ ہے

پیشِ آں چشمے کہ بازؔ و رہبرست
اُس آنکھ کے سامنے جو کھلی ہوئی اور رہنما ہے

ہر گلیمے را کلیمے در برست
ہر کمبل کی آغوش میں ایک کلیم ہے

مر ولی را ہم ولی شہرہ کند
(اپنی) ولایت کو ولی مشہور کرتا ہے

ہر کرا اُو خواست با بہرہ کُند
جس کو وہ خود چاہتا ہے کامیاب کرتا ہے

کس نداند از خرد اُو را شناخت
عقل کے ذریعہ کوئی اُس کو نہیں پہچان سکتا

خاصہ اُو مر خویش را دیوانہ ساخت
خصوصًا اُس کو جس نے اپنے آپ کو دیوانہ بنالیا

چوں بدزدد دُزد دِ بینا رختِ کور
جب بینا چور نابینا کا سامان چرالے

ہیچ یابد دُزد را اعمیٰ بزور
اندھا چور کو (اپنی) طاقت سے کبھی پکڑ سکتا ہے؟

کور نشناسد کہ دُزدِ اُو کہ بُود
اندھا نہیں پہچان سکتا ہے کہ اُس کا چور کون ہے؟

گرچہ خود بر وے زند دُزدِ عنُود
اگرچہ سرکش چور اپنے آپ کو اس سے ٹکرا دے

چوں گزد سگ کورِ صاحب ژندہ را
جب اندھے، گدڑی والے کو کُتا کاٹ لے

کے شناسد آں سگِ دَرّندہ را
وہ کاٹنے والے کُتے کو کب پہچانتا ہے؟

## حملہ کردنِ سگ بر کورِ گدا
ایک اندھے فقیر پر کُتے کا حملہ کرنا

یک سگے در کوئے بر کورِ گدا
ایک کُتا کسی گلی میں اندھے فقیر پر

حملہ می آورد چوں شیرِ وغا
معرکہ کے شیر کی طرح حملہ کر رہا تھا

سگؔ کند آہنگِ درویشاں بخشم
کُتا غصہ سے فقیروں پر حملہ کرتا ہے

در کشد مہ خاکِ درویشاں بچشم
چاند فقیروں کی خاک آنکھ میں لگاتا ہے

کور عاجز شد ز بانگ و بیمِ سگ
اندھا کُتے کی آواز اور ڈر سے عاجز آگیا

اندر آمد کور در تعظیمِ سگ
اندھا کُتے کی تعظیم کرنے لگا

کاےؔ امیرِ صید و اے شیرِ شکار
کہ اے شکار کے مالک اور اے شکار کے شیر!

دست دستِ تُست دست از من بدار
غلبہ تجھی کو ہے، مجھے چھوڑ دے

کز ضرورت دُم خرِ را آں حکیم
اُس دانا نے مجبورًا گدھے کی دُم کی

کرد تعظیم و لقب دادش ادیم
تعظیم کی اور اُس کو "نَری" کا لقب دیا

گفت اُو ہم از ضرورت اے اسد
اُس نے بھی مجبورًا کہا اے شیر!

از چوں من لاغر شکارت چہ رسد
مجھ جیسے بودے شکار سے تجھے کیا ملے گا؟

---

لہ باز۔ کھلا ہوا۔ گلیم۔ گدڑی۔ کلیم۔ یعنی حضرت موسیٰؑ۔ مر ولی۔ یعنی ولی جس کو چاہتا ہے اپنی ولایت سے روشناس کرا دیتا ہے۔ کس نداند۔ محض عقل سے کسی ولی کو نہیں پہچانا جاسکتا ہے۔ چوں۔ اندھا چور جیسے ادنیٰ انسان کو عقل سے نہیں پہچان سکتا ہے تو ولی جیسے اعلیٰ انسان کو عقل سے کیسے پہچانا جاسکتا ہے۔ گزد۔ اندھا کاٹنے والے کُتے کو محض عقل سے نہیں پہچان سکتا ہے۔ وغا۔ میدانِ جنگ۔

ےؔ سگ۔ یعنی بے بہرہ درویشوں کے درپئے آزار ہوتے ہیں حالانکہ وہ اس قدر بلند مرتبہ ہوتے ہیں کہ چاند جیسے روشن دل اُن کی خاکِ پا کو سرمہ بناتے ہیں۔ بیم۔ خوف۔

ےؔ کاے۔ اندھے نے کُتے کی تعظیم میں یہ کہنا شروع کر دیا کز ضرورت۔ مجبوری میں انسان گدھے کو بھی باپ بنالیتا ہے۔ ادیم۔ نری جو ایک عمدہ قسم کا چمڑا ہے از چوں من۔ یعنی مجھ جیسے لاغر شکار کا تجھے کیا فائدہ۔

گور[1] می گیرند یارانت بدشت
تیرے دوست جنگل میں گورخر پکڑتے ہیں

کور می گیری تو در کوچہ بگشت
تو اندھے کو پکڑتا ہے جو گلی میں گشت میں ہے

گور می جویند یارانت بہ صید
تیرے دوست شکار میں گورخر تلاش کرتے ہیں

کور می جوئی تو در کوچہ بہ کید
تو گلی میں چالاکی سے اندھے کو ڈھونڈتا ہے

آں سگِ عالم شکارِ گور کرد
اس سدھے ہوئے کتے نے گورخر کا شکار کیا

ویں سگِ بے مایہ قصدِ کور کرد
اس بے ہنر کتے نے اندھے کا قصد کیا

علم چوں آموخت سگ رست از ضلال
جب کتے نے ہنر سیکھ لیا گمراہی سے چھوٹ گیا

می کند در بیشہ ہا صیدِ حلال
جنگلوں میں حلال شکار کرتا ہے

سگ چو عالم گشت شد چالاک زحف
کتا جب صاحبِ علم بنا چالاک و چست ہو گیا

سگ چو عارف گشت شد ز اصحابِ کہف
کتا جب باخدا بنا اصحابِ کہف میں سے ہو گیا

سگ شناسا شد کہ میرِ صید کیست
کتا واقف ہو گیا کہ میرِ شکار کون ہے

اے خدا آں نورِ شناسندہ چیست
اے خدا وہ پہچاننے والا نور کہاں ہے؟

کور[2] نشناسد نہ از بے چشمی است
اندھا نہیں پہچانتا ہے (یہ نہ پہچاننا) آنکھ نہ ہونے کی وجہ سے نہیں ہے

بلکہ ایں زاں است کز جہلست مست
بلکہ یہ اس وجہ سے ہے کہ وہ جہل سے مست ہے

نیست خود بے چشم تر کور از زمیں
زمین سے زیادہ بے آنکھوں والا اندھا کوئی نہیں ہے

ایں زمیں از فضلِ حق شد خصم بیں
یہ زمین اللہ کے کرم سے دشمن کو دیکھ لینے والی ہو گئی

نورِ موسیٰؑ را دید و موسیٰؑ را نواخت
موسیٰؑ کے نور کو اس نے دیکھا اور موسیٰ کو نوازا

خسفِ قاروں کرد و قاروں را شناخت
قارون کو دھنسا دیا اور قارون کو پہچانا

رجف کرد اندر ہلاکِ ہر دعی
ہر حرامزادے کو ہلاک کرنے کیلئے زلزلہ میں آ گئی

فہم کرد از حق کہ یا ارضُ ابلعی
"اے زمین تو پانی نگل لے" اللہ کی جانب سے سمجھ گئی

خاک[3] و باد و آب و نارِ باشرر
مٹی اور ہوا اور پانی اور چنگاریوں والی آگ

بے خبر از ما و از حق باخبر
ہم سے بے خبر ہیں اور اللہ (تعالیٰ) سے باخبر ہیں

ما بالعکس آں ز غیرِ حق خبیر
ہم اس کی بالعکس خدا کے غیر سے باخبر ہیں

بے خبر از حق با چندیں نذیر
اور باوجود اسقدر ڈرانے والوں کے خدا سے بے خبر ہیں

لاجرم اَشْفَقْنَ مِنْهَا جملہ شاں
یقیناً وہ تمام کائنات اس (بارِ امانت) سے ڈر گئی

کند شد ز آمیزِ حیواں جملہ شاں
ہم کی آدمی حیوان کی صفات کی آمیزش سے سست ہو گئی

---

[1] گور ۔ گورخر ۔ کید ۔ مکر ۔ سگِ عالم ۔ سدھایا ہوا کتا ۔ علم ۔ علم کی یہ فضیلت ہے کہ کتا بھی اس کو حاصل کر کے راہ یاب ہو جاتا ہے تو انسان علم حاصل کر کے کس قدر فضیلتیں حاصل کر سکتا ہے ۔ زحف ۔ چست ۔ اصحابِ کہف ۔ اصحابِ کہف کے کتے کا نام قطمیر ہے ۔ سگ ۔ کتے کو وہ نور عطا ہو جاتا ہے جس سے وہ اپنے مالک کو پہچانتا ہے اے خدا وہ نور ہمیں بھی عطا کر دے جس سے ہم اپنے مالک کو شناخت کریں ۔

[2] کور ۔ اندھے کا نہ پہچاننا دراصل قلبی بصیرت نہ ہونے کی وجہ سے ہے ۔ نیست ۔ زمین کے آنکھیں نہیں ہیں وہ پھر بھی پہچانتی ہے ۔ نور ۔ حضرت موسیٰؑ کو اُسنے پہچانا اور اچھا معاملہ کیا نیل کی زمین خشک ہو گئی اور وہ دریا کو عبور کر گئے ، قارون کو پہچان کر دھنسا دیا ۔ رجف کرد ۔ منکروں کو زلزلہ سے ہلاک کر دیا حضرت نوحؑ کی نجات کیلئے پانی کو نگل گئی ۔

[3] خاک ۔ عناصر اربعہ کے آنکھیں نہیں ہیں لیکن وہ اللہ تعالیٰ کو خوب پہچانتے ہیں ۔ مابعکس ۔ انسان کے آنکھیں ہیں غیر اللہ کو خوب پہچان لیتا ہے لیکن باوجود انبیاء کے ڈرانے کے اللہ تعالیٰ سے بے خبر بنا ہوا ہے ۔ خبیر ۔ خبردار ۔ نذیر ۔ ڈرانے والا ۔ اَشْفَقْنَ مِنْهَا ۔ قرآن میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے امانت کا بار آسمانوں زمینوں اور پہاڑوں پر ڈالنا چاہا لیکن وہ اس سے ڈر گئے اور اسکو قبول نہ کیا ۔ کند ۔ سست

گفت بیزاریم جملہ زیں حیات — کہ بُود با خلق حیّ باحق مَوات
کہا ہم سب اِس زندگی سے بیزار ہیں — کہ مخلوق کے ساتھ زندہ، خدا کے تعلق میں مُردہ ہے

چون¹ بماند از خلق گردد اُو یتیم — اُنسِ حق را قلب می باید سلیم
جب مخلوق سے جُدا ہو جائے تو وہ یتیم ہو جائے — اللہ (تعالیٰ) سے محبت کے لئے قلب سلیم چاہیے

چوں ز کورے دُزد دُزدد کالۂ — می کُند آں کور عَمیا نالۂ
جب چور اندھے کا سامان چُرا لیتا ہے — وہ اندھا، اندھا دھند روتا ہے

تا نہ گوید دُزد اُو را کاں منم — کز تو دُزدیدم کہ دُزدِ پُر فنم
جب تک چور اُس سے نہ کہے کہ وہ میں ہوں — میں نے تیری چوری کی ہے کیونکہ میں ماہر چور ہوں

کے شناسد کور دُزدِ خویش را — چوں ندارد نورِ چشم واں ضیا
اندھا اپنے چور کو کب پہچان سکتا ہے؟ — جبکہ وہ نہ آنکھوں میں نور رکھتا ہے نہ وہ روشنی

چوں بگوید ہم بگیر اُو را تو سخت — تا بگوید اُو علاماتہائے رَخت
جب وہ کہدے، اُس کو مضبوطی سے پکڑ لے — تاکہ وہ سامان کی علامتیں بتا دے

پس جہادِ اکبر² آمد عَصرِ دُزد — تا بگوید کو چہ دُزدید ست مَرد
پس چور کو بھینچنا بڑا جہاد ہے — تاکہ وہ بتا دے کہ اُس نے کیا چُرایا ہے!

اوّلاً دُزدید کحلِ دیدہ ات — چوں ستانی بازیابی تبصرت
اُس نے پہلے تیری آنکھ کا سرمہ چُرایا ہے — جب تو واپس لے لیگا دوبارہ بینائی حاصل کریگا

کالۂ حکمت کہ گم کردہ دل ست — پیشِ اہلِ دل یقیں آں حاصل ست
دانائی کا سرمایہ جو دل نے گنوایا ہے — اہلِ دل کے سامنے یقیناً وہ مل جاتا ہے

کورِ دل با جان و با سمع و بصر — می نداند دُزدِ شیطاں را اثر
دل کا اندھا، جان اور کان اور بینائی کے ہوتے ہوئے — شیطان چور کی علامت کو نہیں جانتا ہے

زاہلِ³ دل جو از جمادِ آں را مجُو — کہ جماد آمد خلائق پیشِ اُو
اہلِ دل کے پاس تلاش کر، بے حس کے پاس تلاش نہ کر — اِس لئے کہ مخلوق اُس کے مقابلہ میں بے حس ہے

باز می گردیم سُوئے راز جُو — تا شود ہم مشورت با راز گو
راز تلاش کرنے والے کی طرف ہم پھر لوٹتے ہیں — تاکہ راز بتلانے والے سے وہ ہم مشورہ ہو سکے

---

³ زاہلِ دل. حکمت اہلِ دل کے پاس ہے۔ عوام بے حس پتھر ہیں۔ بازمی گردیم. یعنی ہم حضرت بہلولؒ اور مشورہ چاہنے والے کا قصہ دوبارہ شروع کرتے ہیں۔

¹ چوں. مخلوق سے ایسا تعلق ہو کہ اگر تعلق ختم ہو جائے تو انسان یتیم کی طرح بے سہارا رہ جائے۔ اُنس حق. جیوانیت کے ہوتے ہوئے خدا سے اُنس قلب سلیم کا کام ہے جو ہمیں حاصل نہیں، یہاں تک یہ قول اُس کائنات کا تھا جس نے امانت کے تحمل سے انکار کیا ہے۔ چوں. اندھا چور کو نہیں پہچانتا اور اندھا دھند نالہ کرتا ہے۔ کے شناسد. جب انسان نورِ چشم اور نورِ باطن سے محروم ہو تو چور کو نہیں پہچان سکتا ہے۔ چوں بگوید. جب چور اقرار کرے تو سخت گیری کرنی چاہیئے تاکہ وہ چوری کا پورا پتہ دیدے۔ یہی معاملہ انسان کا اپنے نفس سے ہونا چاہیئے۔

² جہادِ اکبر. صوفیا کی اصطلاح میں نفس سے مجاہدہ کرنا جہادِ اکبر کہلاتا ہے۔ عصر. دبانا۔ نچوڑنا۔ اِس شعر کا دوسرا مصرع بعض نسخوں میں یہ ہے:۔ "تا بگوید کہ چہ برد آں زن بمزد" زن بمزد کے معنیٰ ہیں بیوی کی زنا کی کمائی کھانے والا دیّوث۔ اوّلاً. نفس سب سے پہلے انسان کی بصیرت چُرا لیتا ہے۔ کالۂ حکمت. نفسِ انسانی جب انسان کو حکمت و دانائی سے محروم کر دے تو وہ دوبارہ اہلِ دل سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ کورِ دل. کورِ باطن باوجود ظاہری حواس کے شیطانی اثرات محسوس نہیں کرتا ہے۔

مشورت جوینده آمد نزدِ او^۱ — کاے اب کودک شده رازے بگو

مشورہ چاہنے والا اُس کے پاس آیا — اے بچہ بنے ہوئے باپ! ایک راز بتا دے

گفت رَو زیں حلقہ کیں دَر باز نیست — باز گرد امروز روزِ راز نیست

اُسنے کہا اِس زنجیر کے پاس سے چلا جا کیونکہ دروازہ کھلا ہوا نہیں ہے — واپس ہو جا آج راز بتلانے کا دن نہیں ہے

گر مکاں را رہ بُدے در لامکاں — ہمچو شیخاں بودمے من بر دُکاں

اگر مکان کے لئے لامکان میں راستہ ہوتا — مشائخ کی طرح میں گدی پر ہوتا

## خواندن^۲ محتسب مستِ خراب اُفتادہ را بسُوئے زنداں

محتسب کا ایک بدمست پڑے ہوئے کو قیدخانہ کی طرف بلانا

محتسب در نیم شب جائے رسید — در بُنِ دیوار مستے خفتہ دید

کوتوال، آدھی رات کو ایک جگہ پہنچا — دیوار کی جڑ میں ایک مست کو سویا ہوا دیکھا

گفت ہے مستی چہ خوردستی بگو — گفت زیں خوردم کہ ہست اندر سُبُو

اُس نے کہا ارے تو نشہ میں ہے بتا تو نے کیا پیا ہے؟ — اُس نے کہا جو صراحی میں ہے وہ میں نے پیا ہے

گفت آخر در سُبو وا گو کہ چیست — گفت زانچہ خوردہ ام گفت آں خفی ست

اُس نے کہا صاف بتا کہ آخر صراحی میں کیا ہے؟ — اُسنے کہا جو میں نے پیا ہے کہا یہ گول مول بات ہے

گفت آنچہ خوردۂ خود چیست آں — گفت آنکہ در سُبو مخفی ست آں

اُس نے کہا یہ بتا کہ جو تو نے پیا ہے وہ کیا ہے؟ — اُس نے کہا وہی جو صراحی میں چھپا ہوا ہے

دَور می^۳ شد ایں سوال و ایں جواب — ماند چوں خر محتسب اندر خلاب

یہ سوال اور جواب چلتا رہا — کوتوال گدھے کی طرح کیچڑ میں پھنس گیا

گفت اُو را محتسب ہیں آہ کُن — مست ہُو ہُو کرد ہنگامِ سخن

اُس سے کوتوال نے کہا، خبردار! آہیں بھر — مست نے بات کرتے وقت آ ہا ہا کہا

گفت گفتم آہ کُن ہُو می کُنی — گفت من شادم تو از غم مُنحنی

اُسنے کہا میں نے آہ کرنے کو کہا تو آ ہا ہا کرتا ہے — اُسنے کہا میں خوش ہوں، تو غم سے جھک گیا ہے

آہ از درد و غم و بیدادی ست — ہُوئ ہُوئ مے خوراں از شادی ست

آہ، درد اور غم اور ظلم کی وجہ سے ہوتی ہے — شرابیوں کا آ ہا ہا کرنا خوشی کی وجہ سے ہوتا ہے

محتسب گفت ایں ندانم خیز خیز — معرفت متراش بگذار ایں ستیز

کوتوال نے کہا، میں یہ کچھ نہیں جانتا تو کھڑا ہو اٹھ — بزرگی نہ بگھار، یہ جھگڑا ختم کر

---

۱ آو۔ یعنی حضرت بہلولؒ اب کودک شدہ۔ یعنی بہلول کا رُتبہ باپ کا تھا لیکن بچہ بنے ہوئے تھے۔ حلقہ۔ یعنی دروازے کی زنجیر۔ مکاں۔ یعنی ناسوتی انسان۔ لامکاں۔ عالمِ لاہوت۔ دُکاں۔ چبوترہ، مسند۔

۲ خواندن۔ اِس قصہ کا مقصد یہ بتانا ہے کہ ناسوتی انسان کو لاہوت کے رازوں کا علم نہیں ہوتا ہے۔ محتسب۔ کوتوال۔ بُن۔ جڑ۔ چہ خوردستی۔ یعنی تو نے کیا پیا ہے جس سے تو نشہ میں ہے۔ گفت۔ مست نے جواب دیا جو صراحی میں ہے وہ میں نے پیا ہے۔ گفت آخر۔ کوتوال نے کہا صراحی میں کیا ہے۔ گفت زانچہ۔ مست نے کہا جو میں نے پیا ہے وہ صراحی میں ہے۔ گفت آں۔ کوتوال نے کہا بات واضح نہیں ہو رہی ہے۔ بگو۔ کوتوال نے کہا جو تو نے پیا ہے وہ بتا دے۔

۳ دور می شد۔ کوتوال اور مست میں یہی سوال و جواب چلتا رہا۔ خلاب۔ کیچڑ۔ آہ کن۔ یعنی اب تجھے قیدخانہ میں جانا ہے ہائے ہائے کر۔ ہو ہو یعنی خوشی کا نعرہ۔ منحنی خمیدہ کمر۔ آہ۔ مست نے کہا ہائے ہائے تو غمزدہ مظلوم کرتا ہے شرابی تو مستی میں خوشی کے نعرے لگاتا ہے۔ معرفت۔ یعنی خدا رسیدہ ہونا۔

گفت رو تو از کجا[۵۱] من از کجا
اُس نے کہا جا، تو کہاں اور میں کہاں

گفت مستی خیز تا زنداں بیا
اُس نے کہا تو نشہ میں ہے، اُٹھ قید خانہ چل

گفت مست اے محتسب بگذار رو
مست نے کہا اے کوتوال جانے دے اور چلا جا

از برہنہ کے تواں بُردن گرو
ننگے کا کیا گروی کیا جاسکتا ہے؟

گر مرا خود قوت رفتن بُدے
اگر مجھ میں خود بخود جانے کی طاقت ہوتی

خانہ خود می رفتمے ویں کے شُدے
تو میں اپنے گھر چلا جاتا اور یہ (جھگڑا) کب ہوتا؟

من[۵۲] اگر با عقل و با امکانمے
میں اگر عقلمند اور قابو میں ہوتا

ہمچو شیخاں بر سرِ دُکانمے
مشائخ کی طرح مسند پر ہوتا

گر مرا رائے و تدبیرے بُدے
اگر مجھ میں رائے اور تدبیر ہوتی

ہمچو شیخاں جاہ و توقیرے بُدے
مشائخ کی طرح رتبہ اور عزت ہوتی

ہم مرا زنبیل و دریوزہ بُدے
میری بھی جھولی اور بھیک ہوتی

نذر و ادرارِ ہمہ روزہ بُدے
روزانہ کی نذر اور بخشش ہوتی

بگذر[۵۳] از من زانکہ گم کردی تو راہ
میرے پاس سے چلا جا کیونکہ تو بھٹک گیا ہے

باز جُو ریشِ بزرگ و خانقاہ
لمبی داڑھی اور خانقاہ تلاش کرلے

## دوم بارہ در سخن آوردن سائل شیخ را تا حال باقی معلوم گردد

سوال کرنیوالے کا شیخ کو دوبارہ بات چیت میں لگانا تاکہ باقی حال معلوم ہوجائے

گفت آں سائل کہ آخر یک نفس
اُس سائل نے کہا کہ آخر تھوڑی دیر کے لئے

اے سوارہ برنئے ایں سو راں فرس
اے بانس کے سوار، گھوڑا اس طرف ہانک دے

راند سوئے او کہ ہیں زوتر بگو
گھوڑا اُس طرف بڑھایا، کہ ہاں جلد کہہ

کاسپ من بس توسن است و تند خو
کیونکہ میرا گھوڑا بہت مُنہ زور اور تُند مزاج ہے

تا لگد بر تو نہ کوبد زود باش
تاکہ تیرے دولتی نہ رسید کرے جلدی کر

از چہ می پُرسی بیانش کُن تو فاش
کیا پوچھتا ہے اُس کو واضح کر؟

او مجالِ رازِ دل گفتن نہ دید
اُس نے دلی راز کہنے کا موقع نہ دیکھا

زو بروں شو کرد و در لاغش کشید
اُس کو ٹال دیا، اور مذاق میں لگا لیا

گفت می خواہم دریں کوچہ زنے
اُسنے کہا میں اس گلی میں ایک عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہوں

کیست لائق از برائے چوں منے
مجھ جیسے کے لئے کون سی مناسب ہوگی؟

---

۵۱ تو از کجا۔ یعنی تیرا اور میرا راستہ جداگانہ ہے میں تیرے ساتھ کیوں چلوں۔ از برہنہ۔ جو خود ننگا ہو اُس کے کپڑے گروی کیسے رکھے جاسکتے ہیں مجھے قیدخانہ تک چلنے کیلئے کہنا ایسا ہی ہے جیسے ننگے سے کپڑے گروی کرنے کو کہا جائے۔ گر مرا۔ اگر پیروں سے چلنے کی طاقت ہوتی تو گھر چلا جاتا اور یہ قصہ پیش نہ آتا۔

۵۲ من اگر۔ درمیان میں مولانا نے شرابی کا قصہ شروع کردیا تھا اب پھر حضرت بہلولؒ کی بات شروع کرتے ہیں، حضرت بہلول رحمۃ اللہ علیہ نے مشورہ چاہنے والے سے کہا اگر مجھ میں عقل ہوتی اور میں اپنے قابو میں ہوتا تو دوسرے مشائخِ طریقت کا سا میرا حال ہوتا۔ زنبیل۔ جھولی جس میں فقراء اپنے کھانے پینے کی چیزیں رکھتے ہیں۔ ادرار۔ روزینہ۔

۵۳ بگذر۔ تو نے غلط انتخاب کیا راز دریافت کرنا ہے تو کسی دراز ریش بزرگ کے پاس خانقاہ میں جا۔ اے سوارہ برنے حضرت بہلولؒ بانس کو گھوڑا بنائے ہوئے اُس پر سوار تھے۔ اسپ من۔ وہی بانس کا گھوڑا۔ توسن۔ سرکش گھوڑا۔ لگد۔ دولتی، لات۔ او مجال۔ مشورہ چاہنے والے نے رازِ دل کہنے کا موقع نہ دیکھتے ہوئے دوسری بات شروع کردی۔ بروں شو کرد۔ ٹالنا۔ لاغ۔ مذاق۔ خواہم زنے۔ بنانکاح

گفت سہ گونہ زنند اندر جہاں — آں دو رنج و ایں یکے گنجِ رواں[1]
اُس نے کہا دنیا میں عورتیں تین قسم کی ہیں — دو وبال ہیں اور ایک گنج رواں ہے

آں یکے را چوں بخواہی کُل ترا ست — ویں دگر نیمے ترا نیمے جُدا است
ایک سے جب تو نکاح کریگا وہ پوری تیری ہو — دوسری آدھی تیری ہے، آدھی بیگانہ ہے

واں سوم ہیچ اُو ترا نبود بداں — ایں شنیدی دُور شو رفتم رواں
سمجھ لے، تیسری بالکل تیری نہ ہوگی — تونے یہ سُن لیا بھاگ جا میں روانہ ہوتا ہوں

تا ترا اسپم نیندازد لگد — کہ بیفتی[2] بر نہ خیزی تا ابد
تاکہ میرا گھوڑا تیرے دولتی نہ اڑا دے — اور تو ایسا گرے کہ قیامت تک نہ اُٹھے

شیخ راند اندر میانِ کودکاں — بانگ زد بارِ دگر اُو را جواں
شیخ نے گھوڑا بچوں میں دوڑا دیا — جوان نے اُن کو دوبارہ پکارا

کہ بیا آخر بگو تفسیرِ ایں — ایں زناں سہ نوع گفتی برگزیں
کہ آیئے، آخر اس کی تفصیل بتایئے — آپ نے تین قسم کی عورتیں بتائیں منتخب کردیجئے

راند سوئے اُو و گفتش بکر خاص — کُل ترا باشد زغم یابی خلاص
اُس کی طرف گھوڑا دوڑایا اور اُس سے کہا باکرہ عورت — سب تیری ہوگی تو غم سے نجات پائے گا

وانکہ نیمے آنِ تو بیوہ[3] بُود — وانکہ ہیچست آں عیالِ با ولد
جو آدھی تیری ہوگی، بیوہ ہوگی — وہ جو تیرے لئے کچھ نہیں بال بچے والی بیوہ عورت ہوگی

چوں زشوئے اوّلش کودک بُود — مہرِ کلِ خاطرش آں سُو رود
جب اُسکے پہلے شوہر سے بچہ ہوگا — اُس کے دل کی محبت اُس طرف جائیگی

دور شو تا اسپ نندازد لگد — سُمِّ اسپِ توسنم بر تو رسد
بھاگ جا، تاکہ گھوڑا دولتی نہ مار دے — میرے سرکش گھوڑے کا کھُر تیرے لگے

ہائے و ہُوئے کرد شیخ و باز راند — کودکاں را باز سوئے خویش خواند
شیخ نے ہائے وہُو کی اور پھر (گھوڑا) دوڑا دیا — بچوں کو پھر اپنی طرف بُلا لیا

باز بانگش کرد آں سائل بیا — یک سوالم ماند اے شاہِ کیا
سوال کرنیوالے نے پھر اُنکو آواز دی کہ آیئے — اے شہنشاہ! ایک سوال رہ گیا

باز راند ایں سُو بگو زودتر چہ بُود — کز میداں آں بچہ گویم ربود
پھر گھوڑا اُس طرف کو دوڑایا کہ جلد کہہ کیا تھا؟ — کیونکہ وہ بچہ میدان سے میری گیند لے بھاگا

---

[1] گنجِ رواں۔ نہ ختم ہونے والا خزانہ، قارون کے خزانہ کا نام ہے۔ آں یکے۔ ایک عورت تو وہ ہوتی ہے جو مجسّم شوہر کی ہوتی ہے۔ ویں دگر۔ دوسری قسم کی عورت آدھی شوہر کے لئے اور آدھی شوہر سے اجنبی ہوتی ہے۔ واں سوم۔ تیسری قسم عورت کی وہ ہے جو شوہر سے بالکلیہ بیگانہ ہوتی ہے۔

[2] کہ بیفتی۔ یعنی میرا گھوڑا لاتیں ماردیگا تو تو مرجائے گا۔ جواں یعنی مشورہ چاہنے والا۔ برگزیں۔ یعنی عورت کی ان تین قسموں میں سے میرے لئے منتخب کردیجئے۔ بکر۔ بے شادی شدہ عورت ایسی عورت سے شادی کی جائے تو وہ ہمہ تن شوہر کی ہوتی ہے۔

[3] بیوہ۔ بیوہ کا تعلق پہلے شوہر سے بھی باقی رہتا ہے۔ وانکہ ہیچست۔ جو بالکل شوہر کی نہیں ہوتی اور ایسی بیوہ عورت ہوتی ہے جس کی پہلے شوہر سے اولاد بھی ہو۔ سُم۔ کھُر۔ ہائے وہُوئے۔ یعنی دیوانگی کا نعرہ۔ کودکاں۔ وہی بچے جن کے ساتھ حضرت بہلول کھیل رہے تھے۔ زودتر۔ زودتر، بہت جلد۔ کز میداں۔ یعنی کھیل کے میدان میں سے۔

گفت اے شہ باچنیں عقل و اد ب — ایں چہ شید ست[1] اینچہ فعلست اے عجب

اُس نے کہا اے شاہ! اس عقل و ادب کے ہوتے ہوئے — یہ کیا بناوٹ ہے! یہ کیا کام ہے؟ تعجب ہے

تو ورائے عقل کُلی در بیاں — آفتابی در جنوں چونی نہاں

تو بیان میں عقلِ کُل سے آگے ہے — تو سورج ہے، پاگل پن میں کیوں پوشیدہ ہے؟

گفت ایں اوباش رائے می زنند — تا دریں شہر خودم قاضی کنند

کہا یہ عوام سوچتے ہیں — کہ اس شہر کا مجھے قاضی بنا دیں

دفع می گفتم مرا گفتند نے — نیست چوں تو عالمے صاحب فنے

میں ٹالتا ہوں، وہ مجھ سے کہتے ہیں نہیں — تم جیسا (کوئی دوسرا) صاحبِ فن عالم نہیں ہے

باوجودِ تو حرام ست و خبیث — کہ کم از تو در قضا گوید حدیث

تمہارے ہوتے ہوئے ناجائز اور بُرا ہے — کہ تم سے کم فیصلہ کی بات کرے

در شریعت نیست دستورے کہ ما — کمتر از تو شہ کنیم و پیشوا

شریعت میں کوئی طریقہ نہیں ہے کہ ہم — تم سے کم تر کو شاہ اور پیشوا بنا لیں

زیں ضرورت گیج و دیوانہ شدم — زیں گروہ از عجز بیگانہ شدم

اس مجبوری میں میں پاگل اور دیوانہ ہو گیا ہوں — عاجز آکر ان لوگوں سے بیگانہ بن گیا ہوں

ظاہراً شوریدہ و شیدا شدم — لیک در باطن ہمانم کہ بدم

بظاہر پاگل اور دیوانہ ہو گیا ہوں — لیکن درحقیقت میں وہی ہوں کہ جو تھا

عقلِ[2] من گنج ست و من ویرانہ ام — گنج اگر پیدا کنم دیوانہ ام

میری عقل خزانہ ہے اور میں ویرانہ ہوں — اگر میں خزانہ کو ظاہر کر دوں تو میں دیوانہ ہوں

اُوست دیوانہ کہ دیوانہ نہ شد — ایں عسس را دید و در خانہ نہ شد

دیوانہ وہ ہے جو دیوانہ نہ بنا — کوتوال کو دیکھا اور گھر میں نہ چھپا

دانشِ[3] من جوہر آمد نے عرض — ایں بہائے نیست بہر ہر عرض

میری عقل جوہر (پائدار) ہے نہ کہ عرض (غیر مستقل) — یہ ہر عرض کی قیمت نہیں ہے

کانِ قندم نیستانِ شکرم — ہم ز من می روید و من می خورم

میں شکر کی کان ہوں، شکر کی ایکھ ہوں — (شکر) مجھ میں سے پیدا ہوتی ہے اور میں (خود) کھاتا ہوں

علمِ تقلیدی و تعلیمی ست آں — کز نفورِ مستمع دارد فغاں

وہ تقلیدی اور محض پڑھا ہوا علم ہے — جو سننے والے کی بے رغبتی سے واویلا کرے

[1] شید۔ مکر و فریب، مغالطہ، بناوٹ۔ عقلِ کل۔ حضرت جبرئیلؑ۔ آفتابی۔ آفتاب ہستی۔ اوباش۔ عوام الناس۔ دفع می گفتم۔ میں نے ٹالا۔ باوجودِ تو۔ یہ اُن عوام نے کہا۔ حدیث۔ بات۔ دستور۔ طریقہ، قانون۔ شہ۔ یعنی قاضی۔ گیج۔ پریشان، بدحال۔ شیدا۔ دیوانہ۔ باطن۔ یعنی حقیقتاً۔

[2] عقل۔ عقل بمنزلہ خزانہ کے ہے اور دفینہ ہمیشہ ویرانہ میں ہوتا ہے لہٰذا میں نے اپنے ظاہر کو ویرانہ بنا رکھا ہے اب اگر میں عقل کا اظہار کروں تو دیوانگی ہوگی۔ دیوانہ نہ شد۔ دیوانہ تو وہ ہے کہ جو اپنی عقل کی نمائش کرے اور بوقتِ ضرورت اُس کو چھپانے کے لئے دیوانہ نہ بنے اس کی مثال تو اُس شخص کی سی ہے جس کی گرفتاری کے لئے کوتوال آرہا ہو اور وہ پھر بھی گھر میں نہ چھپے۔ عسس۔ کوتوال۔

[3] دانشِ من۔ جو عقل پختہ اور پائیدار ہوتی ہے وہ نمائش سے مستغنی ہوتی ہے۔ عرض۔ سامان یعنی میری عقل اس سے افضل ہے کہ میں اسکو دنیاوی کاموں میں خرچ کروں۔ کانِ قندم۔ یعنی میں اپنے علوم و معارف سے خود استفادہ کرتا ہوں۔ علم تقلیدی و تعلیمی۔ نقل علم مراد ہے جو بلا تحقیق کیا ہو یا دنیاداری کیلئے سیکھا ہو ایسا علم والا طالب ہوتا ہے اور اگر لوگ اسکی طرف متوجہ نہ ہوں تو تکلیف پہنچتی ہے۔

چوں [1] پئے دانہ نہ بہرِ روشنی ست — ہمچو طالب علمِ دنیائے دنی ست
چونکہ وہ روٹی کیلئے ہے نورِ معرفت کیلئے نہیں ہے — (اُس کا طالب) کمینی دُنیا کے علم کا طالب جیسا ہے

طالبِ علم ست بہرِ عام و خاص — نے کہ تا یابد ازیں عالم خلاص
وہ علم کا طالب عوام و خواص کے لئے ہے — نہ اس لئے کہ اس عالم (دنیا) سے نجات پائے

ہمچو موشے ہر طرف سوراخ کرد — نیست مُرغے از ہمہ سوراخ فرد
وہ چوہے کی طرح ہے جس نے ہر جانب بھٹ بنائے — وہ پرند نہیں ہے جو تمام بھٹوں سے آزاد ہو

ہمچو مُوشے ہر طرف سُوراخہا — می کند غافل ز انوارِ لقا
وہ چوہے جیسا ہے، کہ ہر جانب سوراخ — کھودتا ہے لقاء (اللہ) کے نوروں سے غافل ہے

چونکہ سُوئے دشت و نورش رہ نبود — ہم دراں ظلمات جہدے می نمود
چونکہ وہ میدان اور نور کی طرف راہ یاب نہوا — اِنہی تاریکیوں میں محنت کرتا رہا

گر خدایش پَر دہد پَرِّ خرد — برہد از مُوشی و چوں مرغاں پَرد
اگر خدا اُس کو عقل کے پر دے دے — تو وہ چوہے پن نجات پاجائے اور پرندوں کیطرح پرواز کرے

ورنہ جوید پَر بماند زیرِ خاک — نا اُمید از رفتنِ راہِ سماک
اگر وہ پروں کا جویاں نہ ہو تو مٹی کے نیچے رہیگا — سماک کے راستہ پر چلنے سے نا اُمید ہو کر

علمِ گفتارے [2] کہ او بے جاں بود — عاشقِ رُوئے خریداراں بود
وہ زبانی علم جو بے روح ہوتا ہے — وہ خریداروں کی توجہ کا عاشق ہوتا ہے

گرچہ باشد وقتِ بحث علم زفت — چوں خریدارش نباشد مُرد و رفت
اگرچہ وہ بحث کے وقت بھاری علم ہو — جب اُس کا خریدار نہ ہوگا تو وہ فنا ہوا اور رہا تھا

مُشتری من خدا ایست و مرا — می کشد بالا کہ اَللّٰہُ اشْتَرٰی [3]
میرا خریدار اللہ تعالےٰ ہے اور مجھے — وہ (عالَم) بالا کی طرف کھینچتا ہے چنانچہ (ارشاد ہے)

خونبہائے من جمالِ ذوالجلال — خونبہائے خود خورم کسبِ حلال
میرا خون بہا ذوالجلال (اللہ تعالےٰ) کا جمال ہے — میں اپنا خونبہا کھاتا ہوں (جو) حلال کی کمائی ہے

ایں خریدارانِ مفلس را بہل — چہ خریداری کُند یک مشتِ گل
اِن مفلس خریداروں کو چھوڑ — ایک مُشتِ خاک کیا خریداری کرسکتی ہے؟

[1] چوں پئے دانہ۔ اس علم کی غرض چونکہ محض دنیا ہوتی ہے لہٰذا یہ دنیوی علم کی برابر ہے۔ تے کہ حقیقی علم کا منشا دنیا سے خلاصی اور تقرب الی اللہ ہوتا ہے۔ ہمچو موشے۔ جس طالب علم کا مقصد دنیا ہو اُس کی مثال چوہے کی سی ہے۔ جو روشنی سے نفور ہوتا ہے یہ بھی نورِ معرفت سے متنفر ہے۔ انوارِ لقا۔ معرفت خداوندی کے نور۔ گر خدایش۔ ایسے طالب علم کو خدا اگر عقل عنایت فرمادے تو پرندوں کی طرح عالمِ بالا کی طرف پرواز کرے۔ سماک۔ ایک ستارہ ہے جو قمر کی چودھویں منزل میں ہے یہاں بلندی اور عروج مراد ہے۔

[2] علم گفتارے۔ وہ علم جس حقانیت کی روح نہ ہو اور اُسمیں محض لفظی ٹیپ ٹاپ ہو بے جان ہوتا ہے اور داد دینے والوں کا محتاج ہوتا ہے۔ زفت۔ موٹا، بھاری۔ خریدارش یعنی داد دینے والے نہیں ہوتے ہیں تو فنا ہو جاتا ہے۔ مُشتری من۔ حضرت بہلولؒ نے فرمایا میرے علم کا خدا خریدار ہے اس لئے وہ علم میرے عروج کا سبب ہے۔

[3] اللہ اشتریٰ۔ قرآن پاک میں ہے کہ خدا نے مومنوں سے اُن کی جان اور مال خرید لیا ہے اِس عوض پر کہ اُن کے لئے جنت ہے۔ خونبہا۔ جان کی قیمت جو قاتل سے دلائی جاتی ہے۔ خورم۔ یعنی اب مجھے اللہ کے جمال کا دیدار حاصل ہے۔ یں خریداراں۔ یعنی علم

پر داد دینے والے انسان۔
مُشتِ گل یعنی انسان۔

گِل[1] مخور گِل را مخر گِل را مجو — زانکہ گِل خوارست دائم زرد رُو

مٹی نہ کھا، مٹی نہ خرید، مٹی کی جستجو نہ کر — کیونکہ مٹی کھانے والا ہمیشہ زرد رُو ہوتا ہے

دل بخر تا دائماً باشی جواں — از تجلّی چہرہ اَت خوں اَرغواں

دل کو خرید تاکہ تو ہمیشہ جوان رہے — تجلی سے تیرا چہرہ گُلِ بابونہ کی سرخی کیطرح ہوگا

طالبِ دل شو کہ تا باشی چو گُل — تا شوی شاداں و خنداں ہمچو مُل

دل کا طالب بن تاکہ تو پھول کی طرح بنے — اور شراب کی طرح مسکراتا ہوا اور خوش رہے

دل[2] نباشد آنکہ مطلوبش گِل ست — ایں سخن را روئے با صاحبدلست

وہ دل ہی نہ ہوگا جس کا مطلوب مٹی ہے — یہ رُوئے سخن صاحبِ دل کے لئے ہے

یاربِ ایں بخشش نہ حدِّ کارِ ماست — لُطفِ تو لُطفِ خفی را خود سزاست

اے خدا! یہ عطا ہمارے بس کی نہیں ہے — مخفی مہربانی کے لئے تیری مہربانی مناسب ہے۔

دست گیر از دستِ ما ما را بخر — پَردہ را بردار و پَردہ ما مَدر

ہماری دستگیری فرما، ہمیں ہم سے خرید لے — پردے کو اُٹھا دے اور ہماری پردہ دری نہ فرما

باز خر ما را ازیں نفسِ پلید — کاردش تا استخوانِ ما رسید

اِس ناپاک نفس سے ہمیں خرید لے — اُس کی چھری ہماری ہڈیوں تک پہنچ گئی ہے

از چو ما بیچارگاں ایں بندِ سخت — کہ کشاید اے شہِ بے تاج و تخت

ہم مجبوروں سے یہ سخت بیڑی — اے تاج و تخت سے مستغنی بادشاہ! کون کھول سکتا ہے

ایں چنیں قفلِ گراں[3] را اے وَدُود — کہ تواند جز کہ فضلِ تو کشود

اے محبوب اِس قدر بھاری قفل کو — تیری مہربانی کے علاوہ اور کون کھول سکتا ہے؟

ما ز خود سوئے تو گردانیم سَر — چوں توئی از ما بما نزدیک تر

ہم اپنی جانب سے تیری جانب رُخ کرتے ہیں — چونکہ تو ہم سے ہمارے اعتبار سے بھی زیادہ نزدیک ہے

با چنیں نزدیکی دوریم دُور — در چنیں تاریکی بفرست نُور

اِسقدر نزدیکی کے ہوتے ہوئے (بھی) ہم بہت دُور ہیں — ایسی تاریکی میں تو نور بھیج دے

ایں دعا ہم بخشش و تعلیمِ تست — ورنہ در گلخن گلستاں از چہ رُست

یہ دُعا بھی تیری تعلیم اور عطا ہے — ورنہ بھٹی میں چمن کیسے اُگتا؟

قریب ہیں۔ ایں دعا۔ یعنی یہ دعا جو نفس کے فریب سے نجات کے لئے ہم کر رہے ہیں تیری ہی توفیق سے ہے۔ گلخن۔ یعنی ہماری طبیعت جو بھٹی جیسی ہے۔ گلستاں یعنی دعا جو چمن کی طرح ہے۔ آگ کی بھٹی میں چمن کا اُگنا قدرتِ خداوندی کی ایک مثال ہے۔

[1] گِل کا۔ وہ عالم جو اپنے علم کی نفسانیوں سے داد کا طالب ہے مٹی کھانے والے کی طرح جو زرد رو ہوتا ہے اور زرد روئی شرمندگی کی علامت ہے۔ دل بخر یعنی کسی صاحبِ دل کا دل خرید لو اُس کے دل کے نور سے تمہارا چہرہ گُلِ بابونہ کی طرح سُرخ رہے گا جو خوشی اور جوانی کی علامت ہے۔ ہمچو مُل۔ شراب کی رنگت سُرخ ہوتی ہے

[2] دل نباشد۔ جو دل مادیات کا طالب ہو وہ حقیقتاً دل ہی نہیں ہے ورنہ بڑھیا چیز گھٹیا چیز کی کیسے طالب بن سکتی ہے۔ یارب۔ چونکہ مادیات سے دل کو ہٹا لینا مشکل کام ہے لہٰذا مولانا خدا سے التجا کرتے ہیں۔ لُطف۔ مہربانی۔ لُطفِ خفی یعنی مادیات سے دل کا متنفر ہو جانا۔ ما را بخر یعنی ہمیں اپنی ذات سے بے تعلق کر دے۔ پردہ۔ یعنی وہ پردہ جو ہم میں اور ذاتِ خداوندی میں حائل ہے۔ کاردش۔ یعنی اُس کی ایذا رسانی حد سے گذر گئی ہے۔ بندِ سخت۔ یعنی نفس کی گرفت۔

[3] قفلِ گراں یعنی خواہشاتِ نفسانی کا قفل۔ وَدُود۔ اللہ تعالیٰ کا نام ہے۔ ما ز خود۔ اِس معاملہ میں ہماری ذاتی کوشش مُفید نہیں ہے۔ چوں توئی۔ خدا نے ارشاد فرمایا ہے ہم انسان کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

درمیانِ خون و رودہ فہم و عقل | جُز زاکرامِ تو نتواں کرد نقل
خون اور انتڑی میں سمجھ اور عقل | تیرے کرم کے سوا کوئی منتقل نہیں کرسکتا ہے

از دو۲ پارہ پیہ ایں نورِ رواں | موجِ نورش می زند تا آسماں
یہ جاری نور چربی کے دو ٹکڑوں سے! | اُس کے نور کی موج آسمان سے ٹکراتی ہے

گوشت پارہ کہ زباں آمد ازو | می رود سیلابِ حکمت جُو بجُو
گوشت کا ٹکڑا جو کہ زبان ہے، اُس سے | دانائی کا سیلاب نہر در نہر جاتا ہے

ق

سُوئے سُوراخے کہ نامش گوشہاست | تا بباغِ جاں کہ میوۂ اش ہوشہاست
اُس سوراخ کی جانب سے جس کا نام کان ہے | جان کے باغ تک جس کا میوہ دانائیاں ہیں

شاہراہِ باغِ جانہا شرعِ اوست | باغ و بُستانہائے عالم فرعِ اوست
جانوں کے باغ کی شاہراہ اس کی شریعت ہے | دنیا کے باغ اور چمن اُس کی شاخ ہیں

اصل و سرچشمۂ خوشی آنست۱ آں | زود تجری تحتہا الانہار خواں
اصل اور خوشی کا سرچشمہ وہی وہ ہے | جلدی سے "اُس کے نیچے نہریں جاری ہیں" پڑھ لے

## قصۂ رنجور گو با مصطفےٰ
آنحضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ بیمار کا قصہ بتا

زانکہ لطفِ حق ندارد منتہیٰ
اس لئے کہ اللہ کی مہربانی کی کوئی حد نہیں ہے

شُکرِ نعمت چوں کُنی چوں شکرِ تو | نعمتِ تازہ بود ز احسانِ اُو
تو نعمت کا شکر کیسے ادا کر سکتا ہے جبکہ تیرا شکر کرنا | اُس کے احسان سے ایک نئی نعمت ہے

عجزِ تو در شُکر شُکر آمد تمام | فہم کُن دریاب قد تم۳ الکلام
شکر سے تیرا عاجز ہونا ہی پورا شکر ہے | سمجھ لے، جان لے، بات پوری ہوئی

## تتمۂ نصیحت حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آں بیمار را
آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اُس بیمار کو نصیحت کرنے کا بقیۂ قصہ

گفت پیغمبر مر آں بیمار را | چوں عیادت۴ کرد یارِ زار را
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اُس بیمار سے فرمایا | جب بیمار دوست کی مزاج پرسی کی

کہ مگر نوعے دعائے کردۂ | از جہالت زہرِبائے خوردۂ
شاید تونے کوئی دعا کی ہے | نادانی سے زہریلا شوربا پیا ہے

یاد آور چہ دعائے گفتۂ | چوں زِ مکرِ نفس می آشفتۂ
یاد کر کیا دعا کی ہے؟ | جب تو نفس کے مکر سے پریشان ہوا ہے

---

۱۔ درمیان خون۔ انسانی جسم کے خون اور انتڑیوں میں عقل جیسی چیز پیدا فرمادینا قدرت خداوندی کی دوسری مثال ہے۔ از دو پارہ۔ انسان کی آنکھوں میں ایسا نور پیدا کردینا جو آسمان تک پہنچتا ہے قدرتِ خدا کی تیسری مثال ہے۔ گوشت پارہ۔ انسان کی زبان سے جو محض ایک گوشت کا ٹکڑا ہے حکمت و دانائی کی باتیں کانوں تک پہنچتی ہیں اور کان اُن کو روح تک پہنچادیتے ہیں جس سے انسان میں ہوشمندی پیدا ہوتی ہے یہ قدرت خداوندی کی چوتھی مثال ہے۔ شرعِ اوست۔ یعنی حکمت کے جان کے باغ میں پہنچنے کا راستہ شریعت ہے دوسرے چمنستانِ حکمت اس چمن کی شاخ ہیں۔

۲۔ آنست۔ یعنی حکمت کا سیلاب۔ الانہار۔ مولانا نے اس آیت میں نہروں سے حکمت اور معارفِ الٰہیہ کی نہریں مراد لی ہیں۔ رنجور۔ بیمار۔ ندارد منتہیٰ۔ قرآن پاک میں ہے اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گنوگے تو شمار نہ کرسکوگے۔ شکرِ نعمت۔ اللہ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنا ناممکن ہے اس لئے کہ نعمت پر شکر ادا کرنا خود ایک نعمت ہے اب اس کا شکریہ ادا کروگے تو اُس کی ایک اور نعمت موجود ہوجائیگی تو سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا اور تم شکریہ سے عہدہ برآ نہ ہو سکوگے۔ عجز۔ ہم اُسکے شکریہ سے

گفت یادم نیست الّا ہمتے ۱ — دار با من یادم آید ساعتے
اُس نے کہا مجھے یاد نہیں، مگر توجہ — ڈال دیجیے مجھ پر، فوراً مجھے یاد آجائے گی

از حضورِ نوربخشِ مُصطفیٰؐ — پیشِ خاطر آمد اُورا آں دُعا
آنحضورؐ کی نور عطا کرنے والی تشریف آوری سے — وہ دعا اُس کے دل میں آگئی

ہمتِ پیغمبرؐ روشن کدہ — پیشِ خاطر آمدش آں گم شدہ
نورانی خاندان کے پیغمبرؐ کی توجہ سے — وہ بھولی ہوئی (دعا)، اُس کے دل میں آگئی

تافت ازاں روزن کہ از دل تا دل است — روشنی کو فرقِ حق و باطل ست
اُس روزن سے جو دل سے دل تک ہے چمکی — روشنی جو حق اور باطل میں فرق کردینے والی ہو

گفت اینک یادم آمد اے رسول — آں دُعا کہ گفتہ ام من بو الفضول ۲
اُس نے کہا اے رسول! اب مجھے یاد آگئی — وہ دعا جو مجھ بے وقوف نے کی ہے

چوں گرفتارِ گنہ می آمدم — غرقہ گشتہ دست و پائے می زدم
جب میں گناہ میں مبتلا ہو گیا — ڈوب کر ہاتھ پیر مارتا تھا

بر گنہ باب کُشایش می زند — غرقہ دست اندر حشایش می زند
گنہگار نجات کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے — ڈوبتا ہوا گھاس پر ہاتھ مارتا ہے

از تو تہدید و وعیدے می رسید — مُجرماں را از عذاب بس شدید
آپ کی جانب سے دھمکی اور ڈراوا پہنچتا تھا — گنہگاروں کے لیے سخت عذاب کا

مُضطرب ۳ می گشتم و چارہ نہ بود — بند محکم بُود و قفل ناکشود
میں پریشان ہوگیا اور کوئی تدبیر نہ تھی — مضبوط قید تھی، اور نہ کھلنے والا تالا

نے مقامِ صبر و نے راہِ گُریز — نے امیدے توبہ نہ جائے ستیز
نہ صبر کا مقام اور نہ بھاگنے کی جگہ — نہ توبہ کی اُمید نہ جھگڑے کا موقع

نے بغیر حق تعالےٰ یارِ من — ایں چنیں دشوار آمد کارِ من
نہ خدا کے علاوہ (کوئی) میرا دوست — میرا کام ایسا مشکل ہوگیا

من چو ہاروت و چو ماروت از حزن — آہ می کردم کہ اے خلاقِ من
میں غم سے ہاروت و ماروت کی طرح — آہ کرتا تھا کہ اے میرے پیدا کرنیوالے!

## ذکرِ دُشواری عذابِ آخرت و سختی آں

آخرت کے عذاب کی دُشواری اور سختی کا ذکر

---

۱ ہمت۔ باطنی توجہ۔ آں دعا۔ وہ دعا جو اُس نے کی تھی اور بھول گیا تھا۔ روشن کدہ۔ منور گھر۔ گم شدہ۔ یعنی دعا۔ تافت۔ یعنی آنحضورؐ کی باطنی توجہ سے آپ کے قلبِ مبارک سے اُن کے قلب تک نور پہنچا جس سے دعا یاد آگئی۔

۲ بوالفضول۔ بیہودہ۔ بر گنہ۔ گنہگار۔ حشایش۔ حشیش کی جمع۔ گھاس۔ مقولہ ہے ڈوبتے کو تنکے کا سہارا۔ تہدید۔ ڈراوا۔ وعید۔ سزا کا وعدہ۔ مجرماں۔ گنہگاراں۔

۳ مضطرب۔ یعنی اِن حالات میں بے حد پریشان ہوگیا۔ ہاروت و ماروت۔ وہ دو فرشتے جو اپنے گناہوں کی پاداش میں بابل کے کنوئیں میں اُلٹے لٹکے ہوئے ہیں یہ شرعی اعتبار سے محض ایک افسانہ ہے جس کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

از خطر[1] ہاروت و ماروت آشکار — چاہِ بابل را بکردند اختیار
ہاروت و ماروت نے خطروں کی وجہ سے علانیہ — بابل کے کنویں کو پسند کر لیا

تا عذاب آخرت اینجا کشند — گُربُزند[2] و عاقل و ساحر وشند
تاکہ آخرت کے عذاب کو اسی جگہ بھگت لیں — ہوشیار ہیں اور عقلمند ہیں اور جادوگر جیسے ہیں

نیک کردند و بجائے خویش بُود — سہل تر باشد ز آتش رنجِ دُود
اچھا کیا، اور بامحل تھا — دھویں کی تکلیف آگ سے زیادہ آسان ہوتی ہے

حد ندارد وصفِ رنجِ آنجہاں — سہل باشد رنجِ دنیا پیشِ آں
اُس عالمِ (آخرت) کی تکلیف کی کوئی حد نہیں ہے — دنیا کی تکلیف اُس کے مقابلہ میں آسان ہے

اے خنک آں کو جہادے می کند — بر بدن زجرے و دادے می کند
قابلِ مبارکباد ہے وہ شخص جو مجاہدہ کرتا ہے — بدن کو تنبیہ اور اُس کے ساتھ انصاف کرتا ہے

تا ز رنجِ آں جہانے وا رہد — بر خود ایں رنجِ عبادت می نہد
تاکہ اُس جہاں (آخرت) کی تکلیف سے نجات پالے — اپنے اوپر عبادت کی تکلیف ڈالتا ہے

من[3] ہمی گفتم کہ یارب آں عذاب — ہم دریں عالم براں بر من شتاب
میں نے بھی یہ کہا کہ اے خدا! وہ سزا — اسی عالم (دنیا) میں جلدی سے جاری کر دے

تا دراں عالم فراغت باشدم — در چنیں درخواست حلقہ می زدم
تاکہ اُس عالم (آخرت) میں مجھے فراغت حاصل ہو — اس طرح کی درخواست پر میں زنجیر کھٹکھٹاتا تھا

اینچنیں رنجورئے پیدام شد — جانِ من از رنج بے آرام شد
اس قسم کی بیماری مجھ میں پیدا ہو گئی — کہ میری جان تکلیف سے بے آرام ہو گئی

ماندہ ام از ذکر و از اورادِ خود — بے خبر گشتم ز خویش و نیک و بد
ذکر اور اپنے وظائف سے میں عاجز ہو گیا ہوں — اپنے اور اچھے بُرے سے بے خبر ہو گیا ہوں

گر نمی دیدم کنوں من روئے تو — اے خجستہ وے مبارک خوئے تو
اگر اب میں آپ کا چہرہ نہ دیکھتا — اے بابرکت اور اے وہ ذات کہ تیری خصلت مبارک ہے

می شُدم از دستِ من یکبارگی — کردیم شاہانہ ایں غمخوارگی
میں ایک بارگی اپنے ہاتھ سے گیا گزرا ہو جاتا — آپ نے میری شاہانہ غمخواری فرمائی

گفت ہے ہے ایں دُعا دیگر مکُن — بر مکَن تو خویش را از بیخ و بُن
آپ نے فرمایا خبردار یہ دعا پھر نہ کرنا — اپنے آپ کو جڑ بنیاد سے نہ اکھاڑ

---

[1] از خطر ہا۔ افسانہ یہ ہے کہ ہاروت و ماروت نے زہرہ سے زنا کر لیا تب اُن سے کہا گیا کہ آخرت میں عذاب بھگتو یا دنیا میں، جس کی یہ صورت ہوگی کہ ایسے کنویں میں جس میں دھواں بھرا ہوگا قیامت تک کے لئے اُلٹے لٹکا دیئے جاؤ گے۔ اِس پر اُنھوں نے دنیا کی سزا کو پسند کر لیا۔ بابل۔ عراق کا مشہور شہر تھا۔

[2] گُربُز۔ چالاک۔ ساحر۔ ہاروت و ماروت لوگوں کو جادو کی تعلیم دینے والے تھے۔ آتش۔ یعنی جہنم کی آگ۔ دُود۔ یعنی وہ دھواں جو چاہِ بابل میں ہے۔ اے خنک۔ وہ انسان قابلِ مبارکباد ہے جو اپنے جسم کو دنیاوی تکالیف میں مبتلا کر کے عبادات اور مجاہدہ کرے اور آخرت کے عذاب سے نجات حاصل کرے۔ داد۔ انصاف، جسم کے ساتھ یہی انصاف ہے کہ عبادت کر کے اُس کو آخرت کے عذاب سے چھڑا لے۔

[3] من ہمی گفتم۔ اُن صحابی نے حضورؐ سے عرض کیا کہ میں نے یہی دعا کی تھی کہ مجھے بجائے آخرت کے دنیا میں عذاب میں مبتلا کر دیا جائے۔ ذکر یعنی خدا کا ذکر۔ اَوراد۔ وہ وظائف جن کو کوئی اپنا معمول بنا لے۔ می شُدم۔ یعنی میں مر جاتا۔

تو چہ طاقت داری اے مورِ[1] نژند ۔۔۔ کہ نہد بر تو چناں کوہے بلند
اے کمزور چیونٹی! تو کیا طاقت رکھتا ہے ۔۔۔ کہ وہ (اللہ تعالیٰ) تجھ پر اس قدر اونچا پہاڑ دھر دے

گفت توبہ کردم اے سلطانِ من ۔۔۔ از سرِ جلدی نیارم ہیچ فن
اس نے کہا اے شاہ! میں نے توبہ کی ۔۔۔ عجلت میں کوئی ترکیب عمل میں نہ لاؤں گا

ایں جہاں تیہ است و تو موسیٰؑ و ما ۔۔۔ از گنہ در تیہ ماندہ مبتلا
یہ دنیا تیہ ہے اور آپ موسیٰ ہیں اور ہم ۔۔۔ گناہ کی وجہ سے تیہ میں مبتلا ہیں

سالہا رہ می رویم و در اخیر ۔۔۔ ہمچناں در منزلِ اوّل اسیر
ہم سالوں کی مسافت طے کرتے ہیں اور آخر میں ۔۔۔ اسی طرح پہلی منزل کے پابند ہیں

## ذکرِ قومِ موسیٰ علیہ السّلام و پشیمانیِ ایشاں

موسیٰ علیہ السلام کی قوم اور ان کی شرمندگی کا تذکرہ

قومِ[2] موسیٰؑ راہ می پیمودہ اند ۔۔۔ آخر اندر گامِ اوّل بودہ اند
(حضرت) موسیٰؑ کی قوم راستہ طے کرتی ۔۔۔ (لیکن) نتیجہ میں وہ پہلی جگہ پر ہوتی

گر دلِ موسیٰؑ زما راضی بُدے ۔۔۔ تیہ را راہ و کراں پیدا شدے
اگر (حضرت) موسیٰؑ کا دل ہم سے خوش ہوتا ۔۔۔ تیہ کا راستہ اور کنارہ معلوم ہو جاتا

ور بکُل بیزار بودے اُو زما ۔۔۔ کے رسیدے منّ و سلویٰ از سما
اگر وہ ہم سے بالکلیہ بیزار ہوتے ۔۔۔ تو من و سلویٰ آسمان سے کب آتا

کے ز سنگے چشمہا جوشاں شدے ۔۔۔ در بیاباں تا امانِ جاں شدے
پتھر سے چشمے کب جوش مارتے ۔۔۔ جنگل میں، حتیٰ کہ جان کی امان بن گئے

بل بجائے خواں خود آتش آمدے ۔۔۔ اندریں منزل لہب بر ما زدے
بلکہ خوان کی بجائے آگ برستی ۔۔۔ اس منزل میں لپٹ ہمیں مارتی

چوں[3] دو دل شد موسیٰؑ اندر کارِ ما ۔۔۔ گاہ خصمِ ماست و گاہے یارِ ما
چونکہ ہمارے معاملہ میں موسیٰؑ دو دلے ہو گئے ہیں ۔۔۔ کبھی ہمارے دشمن ہیں اور کبھی ہمارے دوست ہیں

خشمش آتش می زند در رختِ ما ۔۔۔ حلمِ اُو رد می کند تیرِ بلا
ان کا غصہ ہمارے سامان کو پھونک دیتا ہے ۔۔۔ ان کی بردباری مصیبت کا تیر لوٹا دیتی ہے

کے بُود کہ حلم گردد خشمِ تیز ۔۔۔ نیست نادر ایں ز لطفت اے عزیز
کب ہوگا کہ ان کا تیز غصہ بردباری بن جائے ۔۔۔ اے خدا! یہ تیری مہربانی سے دور نہیں ہے

۱؎ مور: چیونٹی۔ نژند: اندھا، پست و خوار۔ کوہے بلند یعنی دنیا کا عذاب۔ توبہ کردم: یعنی تنگ آ کر عذاب بھگتنے کی دعا نہ کروں گا بلکہ معافی کی درخواست کیا کروں گا۔ تیہ: بڑا فیصل وہ بیابان تھا جس میں نافرمانیوں کی بدولت بنی اسرائیل چالیس سال تک سرگرداں پھرتے رہے۔ اسی میدان میں ان پر من و سلویٰ بھی اترا اور پتھر کے پانی کے چشمے بھی پھوٹے۔ سالہا: بنی اسرائیل تیہ میں جہاں سے صبح کو چلتے تھے شام کو پھر وہیں پہنچ جاتے تھے نکلنے کا کوئی راستہ نہ ملتا تھا۔ یہی حال ہمارا ہے توبہ و استغفار سے قربِ الٰہی حاصل ہوتا ہے لیکن گناہ کر بیٹھتے ہیں تو پھر پہلی منزل پر پہنچ جاتے ہیں۔

۲؎ قومِ موسیٰؑ: یعنی بنی اسرائیل۔ گر دل: بنی اسرائیل کہتے تھے کہ اگر موسیٰؑ بالکل خوش ہوتے تو ہم تیہ سے نکلنے میں کامیاب ہو جاتے۔ ور بکل: اگر بالکلیہ ناراض ہوتے تو ہم پر من و سلویٰ کیوں اترتا اور پتھر سے پانی کے چشمے کیوں ابلتے۔ بل: من و سلویٰ کے بجائے ہم پر آگ نازل ہوتی۔

۳؎ چوں دو دل: حضرت موسیٰؑ کے دل میں ہم سے پیار بھی ہے اور ناراضی بھی۔ خشمش: یعنی ان کا غصہ ہماری تباہی کا باعث ہے۔ کے بود: ہم اس وقت کے منتظر ہیں جب خدا کی مہربانی سے ان کا غصہ بھی بردباری میں تبدیل ہو جائیگا۔

مدحِ[1] حاضر وحشت است از بہرِ ایں ‏— نامِ موسیٰؑ می برم قاصد چنیں

منہ پر تعریف کرنا ناراضی کا سبب ہے اس لئے ‏— میں عمداً اس طرح حضرت موسیٰ کا نام لے رہا ہوں

ورنہ موسیٰؑ کے روا دارد کہ من ‏— پیشِ تو یاد آورم از ہیچ تن

ورنہ حضرت موسیٰؑ کب گوارا کرتے کہ میں ‏— آپ کے سامنے کسی کو یاد کروں

عہدِ ما بشکست صد بار و ہزار ‏— عہدِ تو چوں کوہ ثابت برقرار

ہمارا عہد سینکڑوں اور ہزاروں بار ٹوٹا ہے ‏— تیرا عہد پہاڑ کی طرح ثابت برقرار ہے

عہدِ ما کاہ و بہر بادے زبوں ‏— عہدِ تو کوہ و ز صد کہ ہم فزوں

ہمارا عہد تنکا ہے اور ہر ہوا سے مغلوب ہے ‏— تیرا عہد پہاڑ ہے اور سینکڑوں پہاڑوں سے بڑھا ہوا ہے

حقِ آں قوت کہ بر تلوینِ ما ‏— رحمتے کن اے امیرِ لونہا

اُس قوت کا واسطہ جو تجھے ہماری نیرنگیوں پر ہے ‏— اے حالات کے فرمانروا! رحم فرما دے

خویش را دیدم و رسوائیِ خویش ‏— امتحانِ ما مکن اے شاہ بیش

میں نے اپنے آپ کو اور اپنی رسوائی کو دیکھ لیا ‏— اے شاہ! ہمارا زیادہ امتحان نہ لے

تا فضیحتہائے[2] دیگر را نہاں ‏— کردہ باشی اے کریمِ مُستعاں

تاکہ دوسری رسوائیوں کو تو پوشیدہ ‏— کر دے اے مددگار کریم!

بیحدی تو در جمال و در کمال ‏— در کژی ما بیحدیم و در ضلال

تو جمال اور کمال میں لامحدود ہے ‏— ہم کجی اور گمراہی میں لاانتہا ہیں

بیحدیِ خویش بگمار اے کریم ‏— بر کژیِ بیحدِ مُشتے لئیم

اے کریم! اپنی بے پایانی مسلط فرما دے ‏— ایک مٹھی (خاک) کمینے کی لامحدود کجی پر

ہیں[3] کہ از تقطیعِ ما یک تار ماند ‏— مصر بودیم و یکے دیوار ماند

دیکھ! ہمارے لباس کا ایک تار رہ گیا ہے ‏— ہم شہر تھے اور ایک دیوار رہ گئی ہے

اَلْبَقِیَّہ اَلْبَقِیَّہ اے خدیو ‏— تا نگردد شاد کلی جانِ دیو

اے شاہ! باقی کی حفاظت کر ‏— تاکہ شیطان کی جان بالکلیہ خوش نہ ہو

بہرِ ما نے بہرِ آں لطفِ نخست ‏— کہ تو کردی گمرہاں را باز جُست

ہماری وجہ سے نہیں اُس پہلی مہربانی کی وجہ سے ‏— کہ تو نے گمراہوں کو تلاش کیا ہے

طفیل کر دے جو گنہگاروں کو معاف کرنے کے لئے تلاش کرتا ہے۔

[1] مدحِ حاضر۔ اُن بادشاہ نے حضرت موسیٰؑ کا ذکر کر کے اُن کے کچھ فضائل ذکر کئے اب فرماتے ہیں کہ دراصل وہ فضائل آپ کے ہیں لیکن چونکہ منہ پر تعریف کرنے سے آپ کو ناگواری ہوتی ہے تو میں نے حضرت موسیٰؑ کے ضمن میں آپ کے فضائل کا ذکر کیا ہے۔ ورنہ۔ حضرت موسیٰؑ خود اس کو نہ پسند کرتے کہ آپ کی موجودگی میں اُن کی تعریف کی جائے۔ عہد ہم نے بندگی کا عہد کیا جو ہزاروں بار ٹوٹا اللہ نے ربوبیت کا عہد کیا جو ہر وقت برقرار ہے۔ تلوین ما کبھی ہم توبہ کرتے ہیں کبھی اُسکو توڑتے ہیں کبھی اطاعت و عبادت کرتے ہیں کبھی نافرمانی کرتے ہیں اور یہ سب کچھ قدرتِ خداوندی کا مظہر ہے۔ لونہا یعنی ہماری مختلف کیفیتیں۔

[2] تا فضیحتہائے دیگر۔ اگر تو ہمیں امتحان میں ڈالے گا تو دیگر رُسوائیاں ڈھکی چھپی رہیں گی۔ مُستعاں جس سے مدد مانگی جائے۔ بیحدی۔ اللہ کا جمال و کمال لامحدود ہے اور بندہ کی خطائیں لامحدود ہیں لہٰذا وہی پردہ پوشی کر سکتا ہے۔

[3] ہیں۔ ہماری پردہ پوشی کے ظاہری اسباب ختم ہو گئے ہیں۔ لباس کا صرف ایک تار رہ گیا ہے نیکی کی تمام قوتیں ہم فنا کر چکے ہیں اُس کے صرف آثار باقی رہ گئے ہیں۔ البقیہ جو کچھ باقی ہے اُسکی حفاظت کرے تاکہ بالکلیہ تباہی نہ ہو۔ بہر ما نے۔ ہم پر رحم اپنے قدیم رحم کے

چوں نمودی قدرتت بنمائے رحم — اے نہادہ رحمہا در شحم و لحم

جب تونے اپنی قدرت کا اظہار کیا ہے رحم فرما دے — اے وہ ذات! جسنے چربی اور گوشت میں رحم (کا مادہ) رکھدیا ہے

زیں دعا گر خشم افزاید ترا — تو دعا تعلیم فرما مہترا

اگر یہ دعا تیرا غصہ بڑھائے — اے بڑے! تو اور دعا سکھلا دے

آنچناں کآدم بیفتاد از بہشت — رجعتش دادی کہ رست از دیو زشت

جیسا کہ (حضرت) آدمؑ جنت سے گرے — انکو تونے توبہ کے طریقہ کی تعلیم فرمائی کہ شیطان سے کو نجات پاگئے

دیو کہ بود کو ز آدمؑ بگذرد — بر چنیں نطعے ازو بازی برد

شیطان کیا ہوتا ہے جو حضرت آدمؑ سے بڑھ جائے — ایسی بساط پر اُس سے بازی جیت لے

در حقیقت نفع آدمؑ شد ہمہ — لعنت حاسد شد آں بد دمدمہ

حقیقتًا سب (حضرت) آدمؑ کا نفع ہوا — وہ بُرا مکر حاسد کی لعنت بنا

بازیِ دید و دو صد بازی ندید — پس ستون خیمۂ خود را برید

ایک چال دیکھی اور دو سو چالیں نہ دیکھیں — تو اپنے خیمہ کا ستون کاٹ ڈالا

آتشے زد شب بکشت دیگراں — باد سوئے کشت او گردش رواں

رات میں دوسروں کی کھیتی میں آگ لگائی — ہوانے اُس کو اُس کی کھیتی کی طرف روانہ کر دیا

چشم بندے بود لعنت دیو را — تا زیانِ خصم دید آں ریو را

لعنت شیطان کی آنکھ کی پٹی تھی — یہانتک کہ اُس مکر کو مقابل کی بربادی سمجھا

ہم زیانِ جانِ او شد ریوِ او — خود تو گوئی بود آدمؑ دیوِ او

اُس کا مکر اُس کی جان کی تباہی بنا — تو خود کہے گا آدمؑ اُس کے گمراہ کرنیوالے تھے

لعنت ایں باشد کہ کژ بینش کند — حاسد و خود بین و پر کینش کند

لعنت یہ ہوتی ہے کہ اُس کو کج بین بنا دے — اُس کو حاسد اور متکبر اور کینہ ور کر دے

تا بداند کہ ہر آں کو بد کند — عاقبت باز آید و بر روے زند

یہانتک کہ وہ جان لیگا کہ جو شخص بُرائی کرتا ہے — انجام کار وہ لوٹتی ہے اور اُس پر پڑتی ہے

جملہ فرزیں بندہا بیند بعکس — مات بر وے گردد و نقصان و نکس

تمام مُہروں کو اُلٹا دیکھتا ہے — مات اور نقصان اور ذلت اُس کو ہوتی ہے

لہ چوں نمودی۔ انسانوں اور جانوروں میں رحم کا مادہ خدا کی رحمت کا جزو ہے۔ زیں دعا۔ اگر ہمارے یہ دعائیہ الفاظ پسند نہیں ہیں تو تو ہی اور دعا سکھا دے جیسا کہ تو نے حضرت آدمؑ کو خود دعا سکھائی تھی جس سے اُن کی لغزش معاف ہوئی۔ رجعت۔ واپسی، توبہ۔ بگذرد۔ بازی لیجائے۔ نطع۔ چمڑے کا ٹکڑا، بساط۔ در حقیقت شیطان نے جو مکر حضرت آدمؑ کے نقصان کے لئے کیا وہ اُن کے نفع کا سبب بن گیا اور توبہ کے بعد انکو مزید قرب حاصل ہو گیا۔ بازی۔ شیطان نے اپنے مکر کی طرف دھیان کیا اللہ تعالیٰ کی تدبیروں کو ذہن میں رکھا اور اپنے مکر سے خود برباد ہو گیا۔

لہ آتشے۔ شیطان نے حضرت آدمؑ کو تباہ کرنے کے لئے مکر کیا اور خود اُسکے جال میں پھنس گیا۔ چشم بندے۔ شیطان کے لئے اللہ کی لعنت آنکھ کی پٹی ثابت ہوئی وہ اپنے انجام کو نہ دیکھ سکا خود تو گوئی۔ شیطان تو حضرت آدمؑ کی تباہی کا سبب نہ بنا البتہ حضرت آدمؑ شیطان کی تباہی کا سبب بن گئے۔

لہ لعنت۔ جب کوئی خدا کی لعنت میں گرفتار ہوتا ہے تو کج بین اور حاسد اور متکبر اور کینہ ور بن جاتا ہے۔ تا بداند۔ برائی کا وبال خود برائی کرنے والے کو بھگتنا پڑے گا۔ فرزین بند۔ شطرنج کی وہ چال جس سے مخالف کی نرد فرزین کی مار کا خطرہ کم ہو جائے۔ مات۔ بازی ہارنا۔ نکس۔ اوندھا، ذلیل۔

زانکہ[1] گر او ہیچ بیند خویش را — مُہلک و ناسور بیند ریش را

اِس لئے کہ اگر وہ اپنے آپ کو ناچیز سمجھتا — زخم کو مُہلک اور ناسور سمجھتا

درد خیزد زیں چنیں دیدن درون — درد اُو را از حجاب آرد بروں

اِس طرح دیکھنے سے اندر درد اُٹھتا ہے — درد اُس کو پردے سے باہر لے آتا ہے

تا نگیرد مادراں را دردِ زِہ — طفل در زادن نیابد ہیچ رہ

جب تک ماؤں کے دردِ زہ نہ ہو — بچہ کو پیدا ہونے کے لئے کوئی راستہ نہیں ملتا

ایں امانت در دل و جاں حاملہ است — وایں نصیحتہا مثالِ قابلہ است

یہ امانت دل میں ہے اور جان حاملہ ہے — اور یہ نصیحتیں دایہ جیسی ہیں

قابلہ گوید کہ زن را درد نیست — درد باید درد کودک را رہ ست

دایہ کہتی ہے کہ عورت کو درد (زہ) نہیں ہے — درد چاہیئے درد (زہ) بچہ کا راستہ ہے

آنکہ او بیدرد باشد رہزن ست — زانکہ بیدردی اَنَا الحق گفتن ست

جو بے درد ہو وہ رہزن ہے — اِس لئے بیدردی اَنَا الحق کہنا ہے

آں[2] اَنَا بیوقت گفتن لعنت است — ویں اَنَا در وقت گفتن رحمت است

اَنَا کو بے موقع کہنا (موجب) لعنت ہے — اور اِس اَنَا کو باموقع کہنا (باعث) رحمت ہے

آں اَنَا منصور را رحمت بُدہ — ایں اَنَا فرعون را لعنت بُدہ

وہ اَنَا منصور کے لئے (باعث) رحمت تھا — یہ اَنَا فرعون کے لئے (موجب) لعنت تھا

لاجرم ہر مُرغِ[3] بے ہنگام را — سر بُریدن واجب است اِعلام را

لامحالہ بے وقت کے ہر مرغ کا — سر کاٹ ڈالنا تشہیر کے لئے ضروری ہے

سر بُریدن چیست کُشتن نفس را — در جہاد و ترک گفتن لمس را

سر کاٹنا کیا ہے؟ نفس کو مارنا ہے — مجاہدہ میں، اور لذّت کو خیرباد کہنا ہے

آنچناں کہ نیشِ کژدم برکنی — تا کہ یابد اُو زِ کُشتن ایمنی

جیسے کہ تو بچھو کا ڈنک نکال دے — تاکہ وہ مارے جانے سے مامون ہو جائے

---

[1] زانکہ۔ اگر تکبر نہ ہو تو انسان اپنی بُرائی کو بُرائی سمجھ کر ازالہ کر لیتا ہے۔ درد۔ اپنی خطا پر اگر انسان درد محسوس کرلے تو نجات ہو جاتی ہے۔ تا نگیرد درد۔ ماں کو اگر دردِ زہ نہ ہو تو خوشکن نتیجہ سامنے نہیں آتا ہے۔ ایں امانت۔ بھلائی کی طاقتیں دل میں بمنزلہ حمل کے ہیں اور روحِ انسانی حاملہ ہے اور وعظ و نصیحت اُن قوی کو بروئے کار لانے والی ہے لہٰذا وہ یہ بمنزلہ دایہ کے ہے۔ قابلہ۔ ناصح کی نصیحت سے اگر درد نہیں پیدا ہوتا ہے تو بھلائی کی طاقتیں بروئے کار نہیں آتی ہیں جس طرح دایہ جب ہی جناتی ہے جبکہ عورت کے دردِ زہ ہو۔ بے درد باشد۔ جس میں درد کا مادّہ نہیں وہ بے درد ڈاکو کی طرح ہے۔ بے دردی۔ بے درد متکبر ہوتا ہے اور تکبر کا آخری درجہ یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو خدا کا درجہ دے کر خدائی کا دعویٰ کر دیتا ہے جیسا کہ متکبر بے درد فرعون نے اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی کہا یہی اَنَا الحق کہنے کا مطلب ہے۔

[2] آں اَنَا۔ پہلے شعر میں اَنَا الحق کہنے کو بے دردی اور تکبر کی بنیاد پر بتایا تھا اب اسکی تفصیل فرماتے ہیں کہ بے وقت اَنَا الحق کہنا لعنت ہے لیکن باموقع کہنا رحمت ہے۔ منصورؒ۔ حلاج نے وحدۃ الوجود کے غلبہ میں اپنے آپ کو فنا کر کے اور صفاتِ خداوندی سے متصف ہو کر اَنَا الحق کہا تو موجبِ رحمت تھا، فرعون نے بے موقع کہا تو موجبِ لعنت بنا۔

[3] مرغِ بے ہنگام۔ جو مرغ بے وقت بولے اُس کو ذبح کر دیا جاتا ہے۔ اِسی طرح فرعون نے بے وقت اَنَا الحق کہا اسلئے ہلاک کر دیا گیا۔ اعلام۔ یعنی دوسروں کو بتانا، اعلان کرنا۔ سر بُریدن۔ اگر انسان کا نفس تکبر میں اَنَا الحق کا مدعی بنے تو اُس کے سر کاٹنے کی ترکیب یہ ہے کہ مجاہدات کے ذریعہ اُس کو قتل کر ڈالے۔ آنچناں۔ نفس کو مارنے سے انسان کی نجات ہو جاتی ہے جیسے کہ بچھو کا ڈنک توڑ دیا جائے تو پھر وہ ہلاک ہونے سے بچ جاتا ہے۔

برکَنیؔ دندانِ پُر زہرے زمار — تارہد مار از بلائے سنگسار
سانپ کے زہریلے دانت تم اکھاڑ دے — تاکہ سانپ سنگساری کی مصیبت سے بچ جائے

ہیچ نکشد نفس را جُز ظلِّ پیر — دامنِ آں نفس کُش را سخت گیر
نفس کو شیخ کے سایہ کے علاوہ کوئی چیز نہیں مارتی ہے — اُس نفس کو مارنے والے کا دامن مضبوطی سے پکڑ لے

چوں بگیری سخت آں توفیق ہوست — در تو ہر قوت کہ آید جذبِ اوست
جب تو مضبوط پکڑے گا وہ اللہ (تعالیٰ) کی توفیق ہوگی — تجھ میں جو قوت آئے گی وہ اسی کی کشش ہے

مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ راست داں — ہر چہ دارد جاں بود از جانِ جاں
"تو نے نہیں پھینکا جبکہ پھینکا" کو صحیح سمجھ — جو کچھ جان میں ہے وہ جانِ جاں کیجانب سے ہوگا

دستگیرندہ ویست و بُردبار — دمبدم آں دم از و امّید دار
وہی دستگیری کرنیوالا اور بوجھ اٹھانیوالا ہے — ہر وقت اُس سے جذب کی اُمید رکھو

نیست غم گر دیر بے اُو ماندۂ — دیر گیر و سخت گیرش خواندۂ
اگر تو بہت دیر تک اسکے بغیر رہا ہے تو غم نہ کر — تو نے اُسکو دیر سے پکڑنیوالا اور سخت گرفت کرنیوالا پڑھا ہے

دیر گیرد سخت گیرد رحمتش — یک دمت غائب ندارد حضرتش
اسکی رحمت دیر سے شامل حال ہوگی تو پوری شامل حال ہوگی — اُس کا دربار تجھے ایک لمحہ کیلئے غائب نہ ہونے دیگا

ور تو خواہی شرحِ ایں فضل و وِلا — از سرِ اندیشہ می خواں وَالضُّحیٰ
اگر تو اس مہربانی اور دوستی کی شرح چاہتا ہے — تو غور و فکر سے (سورۃ) والضحیٰ پڑھ لے

ورؔ تو گوئی ہم بدی ہا از ویست — لیک آں نقصانِ فضلِ او کَیست
اگر تو کہے کہ بُرائیاں بھی اسی کی جانب سے ہیں — لیکن وہ اُس کی عنایت کے نقصان کا باعث کب ہیں؟

آں بدی دادن کمالِ اُوست ہم — من مثالے گویمت اے محتشم
وہ برائی دینا بھی اُس کا کمال ہے — اے بزرگوار! میں تجھ سے ایک مثال کہتا ہوں

## مثال در بیانِ معنیٰ نُؤمنُ بالقدرِ خیرہٖ وشرّہٖ

اس معنی کے بیان میں ایک مثال کہ ہم ایمان لائے اچھی اور بُری تقدیر پر

کرد نقّاشے دو گونہ نقشہا — نقشہائے صاف و نقشِ بے صفا
ایک نقاش نے دو قسم کے نقش بنائے — اچھے نقش اور بُرے نقش

---

پریشان ہوئے تھے پھر انتہائی پیار کیساتھ آنحضورؐ کی اس سورہ کے ذریعہ تسلی فرما دی گئی۔

۵۳ ور تو گوئی۔ بصورت انا الحق کہنا اور قلب میں بُری حرکتوں کا پیدا ہونا بھی اللہ کا فعل ہے تو بظاہر یہ کمال خداوندی کے خلاف ہے مولانا جواب فرماتے ہیں کہ بدی کا خلق بھی اللہ کا کمال ہے اور اسکو ایک مثال میں سمجھاتے ہیں۔

۵۰ برکَنی۔ اگر سانپ کا زہریلا دانت توڑ دیا جائے تو سانپ ہلاکت سے بچ جاتا ہے۔ ہیچ۔ نفس کو شیخ کے ذریعہ مارا جاسکتا ہے چوں بگیری۔ شیخ کا دامن پکڑنا بھی توفیق خداوندی ہے اور مُرید کو باطنی قوت شیخ سے حاصل ہوتی ہے۔ ما رمیت۔ غزوۂ بدر میں جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی خاک دشمنوں کی طرف پھینکی اور اُس سے اُن کی نگاہیں خیرہ ہوگئیں تو قرآن میں فرمایا گیا کہ وہ تمہارا پھینکنا نہ تھا خدا کا پھینکنا تھا یعنی مُرید کو مُراد ہی سے قوت حاصل ہوتی ہے اسلئے اُس کا فعل اصل کی طرف منسوب ہوجاتا ہے۔

۵۲ دست۔ خدا ہی دستگیری فرماتا ہے اُسی سے جذب کی اُمید کر نیست غم۔ اگر وصول الی الحق میں دیر لگے تو گھبرانا نہ چاہیئے جس طرح خدا کا عذاب دیر میں آتا ہے اور سخت آتا ہے اسی طرح اُس کی رحمت بھی آزمائشوں کے بعد متوجہ ہوتی ہے دیر۔ اسکی رحمت آزمائش کے بعد جب متوجہ ہوتی ہے تو پھر اسقدر قرب حاصل ہوتا ہے کہ ایک لمحہ کے لیے بھی دوری نہیں ہوتی ہے۔ والضحیٰ۔ یہود کے سوال پر جواب دینے کا وعدہ کیا لیکن انشاء اللہ نہ کہا تو آنحضورؐ سے وحی کا انقطاع ہوگیا جس سے آنحضورؐ کو بہت

[illegible]

نقشِ یوسفؑ[1] کرد و حُورِ خوش سرشت — نقشِ عفریتاں و ابلیسانِ زشت

(حضرت) یوسف کا اور خوبصورت حور والا نقش بنایا — بھوتوں اور شیطانوں کا بُرا نقش بنایا

ہر دو گونہ نقش اُستادیِ اُوست — زشتیِ اُو نیست آں رادیِ اُوست

دونوں قسم کے نقش اُسکی مہارت (کی دلیل) ہیں — یہ اُس کی بُرائی نہیں ہے اُس کی دانائی ہے

خوب را در غایتِ خوبی کَشد — حسّ عالم چاشنی از وے چشد

خوبصورت کو انتہائی خوبصورتی سے بناتا ہے — دنیا کے حواس اُس سے لُطف اُٹھاتے ہیں

زشت را در غایتِ زشتی کُند — جملہ زشتی ہا بگردش بر تند

بدصورت کو انتہائی بدصورت بناتا ہے — تمام بدصورتیاں اُس پر مڑھ دیتا ہے

تا کمالِ دانشش پیدا شود — منکرِ اُستادیش رُسوا شود

تاکہ اُس کی دانش کا کمال ظاہر ہو جائے — اُس کی اُستادی کا منکر رسوا ہو جائے

ورنہ[2] تا ندزشت کردن ناقص ست — زیں سبب خلّاقِ گبر و مخلص ست

اگر وہ بدصورت کو نہ پیدا کر سکے تو ناقص ہو — اسی لئے وہ کافر اور مومن کا پیدا کرنے والا ہے

پس ازیں رُو کفر و ایماں شاہد اند — بر خداوندیش ہر دو ساجد اند

تو اس حیثیت سے کفر اور ایمان گواہ ہیں — اُس کی خدائی پر (اور) دونوں اُسکو سجدہ کرنے والے ہیں

لیک مومن دانکہ طوعاً ساجد ست — زانکہ جویائے رضا و قاصد ست

لیکن سمجھ لے کہ مومن خوشی سے سجدہ کرنے والا ہے — کیونکہ وہ رضامندی کا جویاں اور قصد کرنے والا ہے

ہست کرہاً گبر ہم یزداں پرست — لیک قصدِ اُو مُرادِ دیگر ست

کافر بھی جبراً خدا پرست ہے — لیکن اُس کا مقصود دوسرا ہے

قلعہ[3] سلطاں عمارت می کُند — لیک دعویِ امارت می کند

شاہی قلعہ تعمیر کرتا ہے — لیکن سلطنت کا مدعی ہے

گشت باغی تا کہ مُلک اُورا بُود — عاقبت خود قلعہ سلطاں را شود

وہ باغی بنا تاکہ ملک اُس کا ہو جائے — انجام کار قلعہ بادشاہ کا ہو جاتا ہے

مومن آں قلعہ برائے بادشاہ — می کُند معمور نے از بہرِ جاہ

مومن وہ قلعہ بادشاہ کے لئے — تعمیر کرتا ہے نہ کہ (اپنی) شان و شوکت کیلئے

---

[1] یوسفؑ۔ یوسفؑ کا نقش حسین ترین ہے اور بھوت و شیطان کا نقش بھیانک ہے۔ ہر دو گونہ۔ حسین نقش اور بھیانک نقش اگر کمل ہیں تو نقاش کے کمال بدال ہیں۔ رادی۔ دانشمندی۔ حسِ عالم حسین نقش سے ہر ہر انسان لطف اندوز ہوتا ہے۔ زشتی۔ بدصورتی۔ تا کمال۔ حسین نقش کو حسین ترین بنانا مصور کا کمال ہے اور بھیانک نقش کو انتہائی بھیانک بنانا بھی نقاش کا کمال ہے۔

[2] ورنہ۔ اگر اللہ تعالیٰ بد صورت بنانے کی طاقت نہیں رکھتا ہے تو یہ اُسکے ناقص ہونے کی دلیل ہوگی اور وہ ہر طرح کے نقصان سے پاک ہے لہٰذا اُس کو مومن اور کافر دونوں کا خلاق ماننا ہوگا۔ پس۔ کفر اور ایمان اُس کی خلاقی اور خدائی کے گواہ ہیں اور دونوں اُس کو سجدہ کرتے ہیں۔ لیک۔ کافر و مومن کے سجدے میں فرق یہ ہے کہ مومن کا سجدہ اختیاری اور رضائے قلب سے ہے اور کافر کا سجدہ اضطراری ہے اور اضطراری نہ ایمان ہے نہ عبادت۔ مگر تو دیگر۔ مضطر جو کام کرتا ہے اُس میں اُس کا قصد و ارادہ نہیں ہوتا ہے۔

[3] قلعہ۔ اضطراری عبادت کی مثال یہ ہے کہ ایک وہ شخص جس کا ارادہ بغاوت کرنے کا ہے ایک قلعہ تعمیر کرتا ہے لیکن مجبوراً ظاہر یہی کرتا ہے کہ یہ قلعہ بادشاہ کے لئے بنا رہا ہوں لیکن اُس کا قصد یہ ہے کہ بغاوت کر کے اُس قلعہ میں شاہی کروں گا۔ ایسے آدمی کا انجام سوائے تباہی کے کچھ نہیں قلعہ کے منافع اُسکو حاصل نہیں ہوتے ہیں اسی طرح کافر کا اضطراری سجدہ اُسکے لئے کچھ بھی مفید نہیں ہے۔ مومن۔ مومن صحیح نیت سے کام کرتا ہے تو مقصد کو

زشت[۱] گوید اے شہ زشت آفریں
بدصورت کہتا ہے اے بدصورت کے پیدا کرنے والے شاہ!
قادری بر خوب و بر زشت مہیں
تو خوبصورت اور ذلیل بدصورت کے پیدا کرنے پر قادر ہے

خوب گوید اے شہ حسن و بہا
خوبصورت کہتا ہے، اے شاہِ حسن و جمال!
پاک گردانیدیم از عیبہا
تو نے مجھے عیبوں سے پاک کر دیا

حمد لک والشکر لک یا ذالمنن
اے احسانات والے! تیری تعریف ہے اور تیرا شکر ہے
حاضری و ناظری بر حالِ من
تو میری حالت پر حاضر و ناظر ہے

حاصل آں شد کو ہر آنچہ خواست کرد
خلاصہ یہ ہوا کہ اُس نے جو چاہا وہ کیا
خوب را و زشت را چوں خار و ورد
اچھے اور بُرے کو کانٹے اور پھول کی طرح

اوست بر ہر بادشاہے بادشا
وہ ہر بادشاہ کے اوپر بادشاہ ہے
کارسازِ یفعل اللہ ما یشا
کاموں کا بنانیوالا ہے، اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے

## وصیت کردن پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بیمار را و دعا آموزیدن
آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بیمار کو نصیحت کرنا اور دُعا سکھانا

گفت[۲] پیغمبر مر آں بیمار را
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے بیمار سے فرمایا
ایں بگو کہ سہل کن دشوار را
یہ کہہ کر (اے خدا) مشکل آسان کر دے

آتنا فی دارِ دُنیانا حسن
ہمیں ہمارے دنیا کے گھر میں بھلائی عطا فرما
آتنا فی دارِ عقبانا حسن
ہمیں ہمارے آخرت کے گھر میں بھلائی عطا فرما

راہ را بر ما چو بُستاں کن لطیف
صراط (مستقیم) کو ہم پر باغ کی طرح پُرلطف بنا دے
منزلِ ما خود تو باشی اے شریف
اے شرافتوں والے! ہماری منزل خود تو ہی ہو

مومناں در حشر گویند اے ملک
مومن حشر میں کہیں گے، اے فرشتو!
نے کہ دوزخ بود راہِ مشترک
کیا دوزخ (مومنوں اور کافروں کا) مشترک راستہ نہ تھا؟

مومن و کافر برو یابد گذار
مومن اور کافر اس پر گذرتے ہیں
ما ندیدیم اندریں رہ دود[۳] و نار
ہم نے اس راستہ میں دھواں اور آگ نہ دیکھی

نک بہشت و بارگاہِ ایمنی
یہ تو بہشت اور اطمینان کی بارگاہ ہے
پس کجا بود آں گذرگاہِ دنی
تو وہ کم درجہ کا راستہ کہاں ہے؟

پس ملک گوید کہ آں روضہ خضر
تو فرشتے کہیں گے کہ وہ سبز باغ
کاں فلاں جا دیدہ اید اندر گذر
جو راستہ میں تم نے فلاں جگہ دیکھا ہے

---

[۱] زشت گوید۔ یہ بدصورت کے شاہد و گواہ ہونے کا بیان ہے۔ مہین۔ ذلیل۔ خوب گوید۔ یہ خوبصورت کی شہادت کا بیان ہے۔ بہا۔ رونق جمال۔ حمد لک۔ خوبصورت یہ کہتا ہے۔ ذالمنن۔ احسانات والا۔ حاصل۔ یعنی سب بحث کا خلاصہ یہ ہے۔ ورد۔ پھول۔ اوست۔ شہنشاہی خدا کی صفت ہے۔ یفعل۔ یعنی وہ اپنے ہر فعل میں مختارِ کل ہے۔

[۲] گفت۔ یعنی انسان کو ہر حالت میں اپنی بھلائی کے لئے دعا کرنی چاہیئے۔ راہ۔ یعنی پُلصراط۔ منزل۔ یعنی مقصود۔ گذار۔ یعنی پُلصراط پر سے مومن و کافر کو گذرنا ہوگا جو جہنم پر قائم کی جائیگی۔

[۳] دود و نار۔ یعنی جہنم کے آثار۔ نک۔ مومن پُلصراط سے گذر کر جنت میں پہنچ جائیگا۔ گذرگاہ۔ یعنی پُلصراط۔ پس ملک۔ آنحضور کی تعلیم کردہ دعا کا یہ اثر ہوگا کہ پُلصراط پر سے گذرنے میں دوزخ کا منظر مومن کے لئے سبز باغ کا منظر بن جائیگا۔

دوزخ آنجا بُود و سیاست گاہِ سخت
دوزخ اور سخت سزا کی جگہ وہیں تھی
بر شما شد باغ و بُستان و درخت
تمہارے لئے وہ باغ اور چمن اور درخت بن گئی

چوں شما ایں نفسِ دوزخ خوی را
چونکہ تم نے اس دوزخ مزاج نفس پر
آتشی و گبر و فتنہ جُوئے را
جہنمی اور کافر اور فتنہ جُو پر

جہدہا کردید تا شد پُرصفا
تم نے مجاہدے کئے یہاں تک کہ وہ مصفّیٰ ہو گیا
نار را کُشتید از بہرِ خدا
تم نے آگ کو بجھایا خدا کے لئے

آتشِ شہوت کہ شعلہ می زدے
شہوت کی آگ جو بھڑکتی تھی
سبزۂ تقویٰ شُد و نورِ ہُدے
تقوے کا سبزہ اور ہدایت کا نُور بن گئی

آتشِ خشم از شما ہم حِلم شُد
تمہارے غصہ کی آگ بھی بُردباری بنگئی
ظلمتِ جہل از شما ہم علم شُد
تمہارے جہل کی تاریکی بھی علم بن گئی

آتشِ حرص از شما ایثار شُد
تمہاری حرص کی آگ ایثار بن گئی
واں حسد چوں خار بُد گلزار شُد
جو حسد کانٹے کی طرح تھا وہ چمن بن گیا

چوں شما ایں جملہ آتشہائے خویش
چونکہ تم نے اپنی اِن تمام آگوں کو
بہرِ حق کُشتید جملہ پیش پیش
پہلے ہی پہلے اللہ (تعالیٰ) کے لئے بجھا دیا

نفسِ ناری را چو باغے ساختید
چونکہ تم نے جہنمی نفس کو باغ بنا لیا
اندرو تخمِ وفا انداختید
اس میں وفا کا بیج بو دیا

بُلبلانِ ذکر و تسبیح اندرُو
جس میں ذکر اور تسبیح کی بلبلیں
خوش سرایاں در چمن بر طرفِ جُو
نہر کے کنارے چمن میں خوش الحانی کرتی ہیں

داعیِ حق را اجابت کردہ اید
اللہ (تعالیٰ) کی طرف بُلانیوالے کی تم نے بات مان لی
وز جحیمِ نفس آب آوردہ اید
اور نفس کی دوزخ سے تم نے پانی حاصل کر لیا

دوزخِ ما نیز در حقِ شما
ہماری دوزخ بھی تمہارے لئے
سبزہ گشت و گلشن و برگ و نوا
سبزہ اور گلشن اور سازو سامان بن گئی

چیست احساں را مکافات اے پسر
اے بیٹا! احسان کا بدلہ کیا ہے؟
لُطف و احسان و ثواب مُعتبر
مہربانی اور احسان اور معقول ثواب

نے شما گفتید ما قربانیم
کیا تم نے نہیں کہا تھا، ہم فدائی ہیں
پیشِ اوصافِ شما ما فانیم
آپ کے اوصاف کے پیشِ نظر ہم فانی ہیں

---

۱ چوں. جبکہ مومن نے نفس کی جہنمی صفات کو مجاہدات سے زائل کر دیا تو آخرت میں جہنم کے صفات بھی اُن کے لئے تبدیل ہو جائینگے. نار یعنی نفسانی آگ. آتشِ شہوت. یعنی مجاہدات کے ذریعہ نفس کی بُرائیوں کو بھلائیوں میں تبدیل کر دیا.

۲ چوں شما. جب ایک انسان اللہ کے لئے نفس کی بُرائیوں کو زائل کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ آخرت کی بُرائیوں سے محفوظ فرما دیتے ہیں۔ چونکہ. جب انسان نیک اعمال والا بن جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کی بُرائیوں کو بھی بھلائیوں میں تبدیل کر دیتا ہے. بُلبلاں. اِس باغ میں دریائے معرفت کے کنارے ذکر و تسبیح کی بُلبلیں نغمے گاتی ہیں. داعیِ حق. یعنی نبی۔ وز جحیم. یعنی نفسِ امّارہ کو نفسِ مطمئنہ بنا دیا۔

۳ چیست. قرآن پاک میں ہے "نیکی کا بدلہ نیکی ہے" نے شما. پہلا خطاب تو عام مومنین کو تھا یہ خطاب عشاق کے لئے ہے۔

ما اگر قلاش و گر دیوانہ ایم — مستِ آں ساقی[1] و آں پیمانہ ایم
ہم خواہ مُفلس اور خواہ دیوانے ہیں — اسی ساقی اور اسی پیمانے کے مست ہیں

بر خطِ فرمانِ اُو سر می نہیم — جانِ شیریں را گروگاں میدہیم
اس کے ارشاد کی ہم فرمانبرداری کرتے ہیں — اپنی جانِ شیریں کو ہم گروی کرتے ہیں

تا خیالِ دوست در اسرارِ ماست — چاکری و جاں سپاری کارِ ماست
جب تک دوست کا خیال ہمارے دلوں میں ہے — خدمتگاری اور فداکاری ہمارا کام ہے

ہر کجا شمعِ بلا افروختند — صد ہزاراں جانِ عاشق سوختند
انھوں نے جہاں کہیں عشق کی شمع روشن کی ہے — عاشقوں کی لاکھوں جانیں جلا ڈالی ہیں

عاشقانے کز درونِ خانہ اند — شمعِ روئے یار را پروانہ اند
وہ عاشق جو بارگاہ کے اندر ہیں — وہ دوست کے رُخ کی شمع کے پروانے ہیں

اے دل آنجا رو کہ با تو روشن اند — وز بلاہا مر ترا چوں جوشن اند
اے دل! تو وہاں جا جہاں تیرے ساتھ روشن (دل) ہیں — جو مصائب کے لئے تیری زرہ ہیں

در میانِ[2] جاں ترا جا می کنند — تا ترا پُر بادہ چوں جامے کنند
وہ تجھے دل میں جگہ دیتے ہیں — تاکہ تجھے جام کی طرح شراب سے بھرپور کردیں

در میانِ جانِ ایشاں خانہ گیر — در فلک خانہ کن اے بدرِ منیر
اُن کے دل میں تو جگہ بنالے — اے روشن چاند! آسمان میں جگہ کرلے

چوں عُطارد دفترِ دل وا کنند — تا کہ بر تو سرہا پیدا کنند
وہ عطارد کی طرح دل کا دفتر کھول دیں گے — تاکہ تجھ پر راز کھول دیں

پیشِ خویشاں باش چوں آوارۂ — بر مہِ کامل زن ار مہ پارۂ
اپنوں کے سامنے رہ، تو آوارہ کیوں ہے — اگر تو چاند کا ٹکڑا ہے، کامل چاند سے جڑ جا

جُزو را از کلِّ خود پرہیز چیست — با مخالف ایں ہمہ آمیز چیست
جزو کو اپنے کُل سے پرہیز کیوں ہے؟ — مخالف کے ساتھ یہ میل کیوں ہے؟

جنس[3] را بیں نوع گشتہ در روش — غیبہا بیں عین گشتہ در رہش
تو اُس کے سامنے جنس کو نوع بنے ہوئے دیکھ — اُسکے طریق میں تو غیبوں کو مشاہدہ بنے ہوئے دیکھ

[1] ساقی یعنی معرفت کے علوم کا ساقی۔ شلاؔ زبان حکم۔ سر نہادن۔ اطاعت کرنا۔ گروگاں۔ گروی۔ اسرار دل کے چھپے ہوئے راز۔ چاکری۔ خدمتگاری۔ جان سپاری۔ فداکاری۔ عاشقاں۔ یعنی وہ عاشق جو خدا کی بارگاہ خداوندی میں ہیں۔ مولانا فرماتے ہیں کہ ان عاشقوں کی صحبت اختیار کرو۔ جوشن۔ لوہے کی جنگی زرہ جو تیر و تلوار سے حفاظت کرتی ہے۔

[2] در میان۔ ان عاشقوں کی صحبت اختیار کروگے تو وہ اپنے دل میں تمھیں جگہ دیں گے اور شراب معرفت سے مست کر دیں گے۔ فلک یعنی یہ عاشق جو رتبہ کی بلندی میں آسمان جیسے ہیں۔ عُطارد۔ ستارہ کا نام ہے جس کو دبیر فلک یعنی آسمان کا منشی کہا جاتا ہے اور علوم و معارف کا تعلق اس سے جانا جاتا ہے۔ پیشِ خویشاں۔ جبکہ تجھ میں صلاحیت ہے تو یہ تیرے عاشق ہیں تو ان سے کیوں بچتا ہے۔ مہ کامل یعنی یہ خدائی عشاق۔ مخالف یعنی دنیادار لوگ۔

[3] جنس۔ وہ کلی ہے جس کے ماتحت مختلف حقیقتوں کی نوعیں داخل ہوتی ہیں۔ نوع۔ وہ کلی ہے جس کے ماتحت ایک حقیقت کے فرد داخل ہوتے ہیں۔ یعنی ان عاشقانِ خدا کی صحبت میں تجھے وحدت حقیقی کا جلوہ نظر آئے گا اور تو سب چیزوں میں ایک وجود دیکھے گا۔ غیبہا۔ اُن کی صحبت میں تیرے مشاہدہ میں غیبی اسرار آجائیں گے۔

تا چو زن عشوہ خری اے پُرخرد — از دروغ و عشوہ کے یابی مدد
اے عقلمند! عورتوں کی طرح تو کب تک فریب کی قدر کریگا — جھوٹ اور فریب سے کب مدد حاصل کر سکے گا!

چاپلوسی لفظِ شیرینی فریب — می ستانی می نہی چون زن بہ جیب
خوشامد (اور) فریب کے میٹھے الفاظ — تو قبول کرتا ہے، عورتوں کی طرح جیب میں رکھ لیتا ہے

مر ترا دشنام و سیلیِ شہاں — بہتر آید از ثنائے گمرہاں
تیرے لئے شاہوں کی گالیاں اور چپت — مناسب ہیں، گمراہوں کی تعریف سے

صفعِ شاہاں خور مخور شہدِ خساں — تا کسے گردی ز اقبالِ کساں
شاہوں کا تمانچہ کھا کمینوں کا شہد نہ کھا — تاکہ تو صاحب دل لوگوں کی وجہ سے انسان بن جائے

زانکہ زایشاں دولت و خلعت رسد — در پناہِ روح جاں گردد جسد
کیونکہ انہی سے دولت و خلعت ملتی ہے — روح کی پناہ میں جسم روح بن جاتا ہے

ہر کجا بینی برہنہ بے نوا — داں کہ او بگریختست از اوستا
جس جگہ تو ننگا بے سر و سامان دیکھے — سمجھ لے کہ وہ استاد سے بھاگا ہے

تا چناں گردد کہ می خواہد دلش — آن دلِ کورِ بدِ بے حاصلش
تاکہ وہ دیسا بنے جیسا کہ اُس کا دل چاہتا ہے — وہ اُس کا اندھا، بُرا، بدنصیب دل

گر چناں گشتی کہ اُستا خواستے — خویش را و خلق را آراستے
اگر وہ ویسا بنتا جیسا کہ اُستاد چاہتا — اپنے آپ کو اور لوگوں کو سدھار دیتا

ہر کہ از اُستا گریزد در جہاں — اُو ز دولت می گریزد ایں بداں
جو دنیا میں اُستاد سے بھاگے — یہ سمجھ لے وہ دولت سے بھاگتا ہے

پیشۂ آموختی در کسبِ تن — چنگ اندر پیشۂ دیں نیز زن
تو نے جسم کی کمائی کا پیشہ سیکھ لیا — دین کے پیشہ میں بھی ہاتھ ڈال

در جہاں پوشیدہ گشتی و غنی — چوں بروں آئی ازینجا چوں کنی
تو نامرد تھا دنیا میں چھپا رہا — جب یہاں سے باہر نکلے گا کیا کرے گا

پیشۂ آموز کاندر آخرت — اندر آید کسب و دخلِ مغفرت
ایسا پیشہ سیکھ کہ آخرت میں — مغفرت کی آمدنی اور کمائی حاصل ہو

آں جہاں شہریست پُر بازار و کسب — تا نہ پنداری کہ کسب اینجاست حسب
وہ عالم (آخرت) ایک ایسا شہر ہے جو بازار اور کمائی سے بھرا ہے — تو ہرگز یہ نہ سمجھ کہ کمائی صرف اسی جگہ ہے



۱؎ چو زن۔ عورتیں بہت جلد عشق اور غلط تعریفوں کے فریب میں آجاتی ہیں مر ترا۔ ایک انسان کیلئے دنیا داروں کی جھوٹی تعریفوں سے بزرگوں کی کڑوی باتیں زیادہ مفید ہیں۔ شہاں۔ یعنی بزرگانِ دین۔ صفع۔ تماچہ یعنی کڑوی نصیحت۔ شہد۔ یعنی جھوٹی تعریف۔ کساں۔ یعنی بزرگانِ دین۔ زایشاں۔ بزرگوں کی سختی جھیلنے سے نفع پہنچتا ہے۔ در پناہ۔ جسم جو ایک بے حس چیز ہے روح کی صحبت میں حساس ہو جاتا ہے اسی طرح مرید شیخ کی صحبت سے زندگی حاصل کر لیتا ہے۔ ہر کجا۔ جو اُستاد کا ادب نہ کریگا اور صحبت برداشت نہ کریگا محروم رہیگا۔ تا چناں۔ اُستاد سے بھاگنے کا سبب یہ ہوتا ہے کہ اُستاد کو اپنی منشاء پر چلانا چاہتا ہے اور جب اُس میں کامیابی نہیں ہوتی تو بھاگتا ہے۔

۲؎ گر چناں۔ اگر مرید شیخ کی مرضی کے مطابق مجاہدے کرے تو اپنی اور دوسروں کی ہدایت کا سبب بن جائے۔ پیشۂ دیں۔ دینداری سے روح کی اصلاح ہوتی ہے جس کو بقاء حاصل ہے۔

۳؎ غنی خنین کا مخفف ہے۔ نامرد۔ دین کی نامردی دنیا میں تو چھپ جاتی ہے لیکن آخرت میں کھل کر رہیگی۔ کسب۔ کمائی۔ دخل۔ آمدنی۔ آں جہاں۔ آخرت میں اعمالِ حسنہ کے اچھے دام لگیں گے اور اعمالِ سیئہ کے کھوٹے دام

حق تعالیٰ گفت کایں کسبِ جہاں ۔ پیش آں کسبِ لعبِ[1] کودکاں

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اس عالم (دنیا) کی کمائی ۔ اُس (عالمِ آخرت) کی کمائی کے مقابلہ میں بچوں کا کھیل ہے

ہمچو آں طفلے کہ بر طفلے تند ۔ شکلِ صحبت کن مساسے می کند

اُس بچہ کی طرح جو بچہ پر چڑھے ۔ (اور) جماع کرنے والے کی طرح مساس کرے

کودکاں[2] سازند در بازی دکاں ۔ سود نبود جز کہ تعبیرِ زماں

بچے کھیل میں دکان لگاتے ہیں ۔ وقت گذاری کے علاوہ کوئی نفع نہیں ہوتا ہے

شب شود در خانہ آید گرسنہ ۔ کودکاں رفتہ بماندہ یک تنہ

رات ہو جاتی ہے تو گھر میں بھوکا آتا ہے ۔ بچے چلے جاتے ہیں، اکیلا رہ جاتا ہے

ایں جہاں بازیگہ است و مرگ شب ۔ باز گردی کیسہ خالی پُر لعب

یہ دنیا تماشا گاہ ہے اور موت رات ہے ۔ تو تھکا ماندہ خالی جیب واپس ہوگا

سوئے خانہ گور تنہا ماندہ ۔ با فغاں و احسرتا بر خواندہ

قبر کے گھر کی طرف (جانے کیلئے)، تو تنہا رہ گیا ۔ فریاد کے ساتھ ہائے افسوس کہتا ہوا

کسبِ دیں عشق ست و جذبِ اندروں ۔ قابلیت نورِ حق داں اے حروں

دین کی کمائی عشق اور باطنی جذبہ ہے ۔ اے سرکش! قابلیت اللہ کے نور کو سمجھ

کسبِ[3] فانی خواہدت ایں نفسِ خس ۔ چند کسبِ خس کنی بگذار و بس

تیرا یہ کمینہ نفس فنا ہو جانے والی کمائی چاہتا ہے ۔ کب تک کمینی کمائی کرے گا؟ چھوڑ، بس کر

نفسِ خس گر جویدت کسبِ شریف ۔ حیلہ و مکرے بود آں را ردیف

خسیس نفس اگر تجھ سے اچھی کمائی کا مطالبہ کرے ۔ کوئی حیلہ اور مکر اُس کے پس پشت ہوگا

## بیدار کردنِ ابلیس حضرت امیر المومنین معاویہؓ را کہ برخیز کہ وقتِ نماز است

شیطان کا حضرت امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ کو بیدار کرنا کہ اٹھئے نماز کا وقت ہے

در خبر آمد کہ خالِ مومناں ۔ بود اندر قصرِ خود خفتہ شباں

قصہ میں مذکور ہے کہ مسلمانوں کے ماموں ۔ رات کے وقت اپنے محل میں سو رہے تھے

قصر را از اندروں در بستہ بود ۔ کز زیارتہائے مردم خستہ بود

محل کا دروازہ اندر سے بند تھا ۔ کیونکہ وہ لوگوں کی ملاقات سے تھک گئے تھے

ناگہاں مردے اُو را بیدار کرد ۔ چشم چوں بکشاد پنہاں گشت مرد

اچانک اُن کو ایک شخص نے جگا دیا ۔ جب انھوں نے آنکھ کھولی وہ شخص چھپ گیا

---

[1] لعب۔ کھیل۔ قرآن پاک میں دنیاوی زندگی کو بے کار کھیل کود سے تعبیر کیا ہے۔ تند۔ دنیاوی کاروبار محض نمائش ہے جس میں کوئی حقیقت اور فائدہ نہیں جیسا کہ ایک بچہ دوسرے بچے سے جماع کرے جو محض جماع کی نقل ہے۔ مساس۔ چھونا، رگڑنا۔

[2] کودکاں۔ دنیاوی کاروبار بچوں کی فرضی دکان ہے۔ تعبیرِ زماں۔ وقت گذاری۔ ایں جہاں۔ اس دنیا کو بچوں کی دنیا سمجھو اور موت کو رات تصور کرو اگر دنیا میں لگے رہو گے تو جس طرح فرضی دکان والا بچہ بلا کمائی کے گھر کو تنہا لوٹتا ہے اسی طرح موت آنے پر تم تنہا بلا کمائی کے کوچ کرو گے۔ کسبِ دین۔ دین کی کمائی عشقِ خداوندی اور باطنی جذب ہے اور اس کی قابلیت خداداد ہے۔

[3] کسبِ فانی۔ نفس کا تقاضہ فانی لذتیں حاصل کرنا ہے۔ نفسِ خس۔ نفسِ امارہ اگر کسی بھلے کام کی ترغیب دیتا ہے تو اس کے پس پشت کوئی دھوکا ہوتا ہے۔ ردیف۔ ایک جانور پر دو سواروں میں سے پچھلا سوار۔ خال۔ ماموں۔ حضرت امیر معاویہؓ حضرت ام حبیبہ ام المومنین زوجۃ النبیؐ کے بھائی ہیں اس اعتبار سے وہ مسلمانوں کے ماموں ہیں۔ قصر۔ حضرت امیر معاویہؓ لوگوں کی ملاقاتوں سے تھک کر محل کے اندر کا دروازہ بند کر کے سو گئے تھے۔

گفت اندر قصر کس را رہ[1] نبود — کیست کایں گستاخی جرأت نمود
بولے محل میں کسی (کے آنے) کا راستہ نہ تھا — کون ہے جس نے یہ گستاخی اور ہمت کی؟

گرد برگشت و طلب کرد آں زماں — تا بیابد زاں نہاں گشتہ نشاں
اُنھوں نے چکر لگایا اور فوراً جستجو کی — تاکہ اُس چھپے ہوئے کا پتہ لگالیں

از پسِ در مُدبرے[2] را دید کو — در پسِ پردہ نہاں می کرد رُو
در کے پیچھے اُنھوں نے ایک پشت پھیرے ہوئے کو دیکھا کہ وہ — پردے کے پیچھے منہ چھپا رہا تھا

گفت ہی تو کیستی نامِ تو چیست — گفت نامم فاشِ ابلیسِ شقی ست
فرمایا خبردار! تو کون ہے تیرا کیا نام ہے؟ — اُس نے کہا میرا نام بدبخت شیطان مشہور ہے

## جواب گفتن مر حضرت امیر المومنین معاویہؓ را
حضرت امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ کو جواب دینا

گفت بیدارم چرا کردی بجد — راست گو با من مگو برعکس و ضد
اُنھوں نے کہا تونے مجھے کوشش کر کے کیوں جگایا؟ — سچ بتا مجھ سے اُلٹی اور خلاف (بات) نہ کہنا

گفت ہنگامِ نماز آخر رسید — سوئے مسجد زود می باید دوید
اُس نے کہا نماز کا وقت آخیر ہوگیا ہے — مسجد کی جانب جلد دوڑ جانا چاہیے

عَجِلُوا[3] الطَّاعَاتِ قَبْلَ الْفَوْت گفت — مصطفےٰ چوں گوہرِ معنیٰ بسفت
عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو فرمایا ہے — مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب معنیٰ کے موتی پروئے

گفت نے نے ایں غرض نبود ترا — کہ بخیرے رہنما باشی مرا
اُنھوں نے کہا نہیں نہیں تیرا یہ مقصد نہ ہوگا — کہ کسی بھلائی کے لئے تو میری رہنمائی کرے

دُزد آید از نہاں در مسکنم — گویدم کہ پاسبانی می کنم
چور چھپ کر میرے گھر میں آئے — (اور) مجھ سے کہے کہ میں چوکیداری کر رہا ہوں

من کجا باور کنم آں دُزد را — دُزد کے داند ثواب و مُزد را
میں اُس چور کا کب یقین کر سکتا ہوں؟ — چور ثواب اور مزدوری کو کیا جانے؟

خاصہ دُزدے چوں تو قُطّاع الطریق — از چہ رُو گشتی چنیں بر من شفیق
خصوصًا تجھ جیسا ڈاکو چور — تو مجھ پر ایسا مہربان کیوں بنا؟

## جواب گفتنِ ابلیسِ لعین بارِ دوم حضرت امیر المومنین معاویہؓ را
لعین شیطان کا دوسری بار حضرت امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ کو جواب دینا

[1] رَہ نبود۔ یعنی دروازہ بند تھا اندر آنے کا راستہ کھلا ہوا نہ تھا۔ گستاخی۔ یعنی نیند سے بیدار کرنا۔ جرأت یعنی بلا اجازت محل میں آنا۔

[2] مُدبر۔ پشت پھیرنے والا۔ بدبخت۔ فاش۔ ظاہر، مشہور۔ جِد۔ کوشش۔ برعکس۔ یعنی واقعہ کے خلاف۔ ہنگام۔ وقت۔ باید دوید۔ یعنی تاکہ نماز قضا نہ ہو جائے۔

[3] عَجِلُوا۔ یعنی وقتی عبادت کا وقت ختم ہونے سے پہلے اور غیر وقتی عبادت فوت ہونے سے پہلے ادا کرو۔ گفت۔ حضرت معاویہؓ نے شیطان سے کہا تو اللہ کے اسم مُضِل کا مظہر ہے تجھ سے خیر کی راہنمائی ممکن نہیں ہے۔ ثواب ومزد۔ انسان دوسری کی نگہبانی یا ثواب کے لئے کریگا یا اُجرت کے لئے، چور کو ان دونوں سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ قُطّاعُ الطریق۔ راہزن، ڈاکو۔

گفت[1] ما اوّل فرشته بوده ایم
اُس نے کہا میں شروع میں فرشتہ تھا
راہِ طاعت را بجاں پیمودہ ایم
میں نے فرمانبرداری کا راستہ (دل) جان سے طے کیا ہے

سالکانِ راہ را محرم بُدیم
میں راہِ (خدا) کے سالکوں کا رازدار تھا
ساکنانِ عرش را ہمدم بُدیم
عرش کے رہنے والوں کا ساتھی تھا

پیشۂ اوّل کجا از دل رَوَد
پہلا پیشہ دل سے کہاں نکلتا ہے؟
مہرِ اوّل کے ز دل بیروں شود
پہلی محبت دل سے کب نکلتی ہے؟

در سفر گر روم بینی یا ختن
سفر میں تو خواہ روم کو دیکھے یا ختن کو
از دلِ تو کے رود حُبِّ وطن
تیرے دل سے وطن کی محبت کہاں جاتی ہے؟

ما ہم از مستانِ ایں مے[2] بودہ ایم
ہم بھی اس شراب کے مستوں میں سے رہے ہیں
عاشقانِ درگہِ وے بودہ ایم
اس کے دربار کے عاشقوں میں سے رہے ہیں

نافِ ما بر مہرِ اُو بریدہ اند
ہماری نال اُس کی محبت پر کٹی ہے
عشقِ او در جانِ ما کاریدہ اند
اُس کا عشق ہماری جان میں بویا گیا ہے

روزِ نیکو دیدہ ایم از روزگار
زمانہ سے ہم نے اچھا وقت دیکھا ہے
آبِ رحمت خوردہ ایم اندر بہار
(موسم) بہار میں ہم نے رحمت کا پانی پیا ہے

نے کہ[3] ما را دستِ فضلش کاشتہ است
کیا ہمیں اُس کی مہربانی کے ہاتھ نے نہیں بویا ہے؟
از عدم ما را نہ اُو برداشتہ است
کیا وہ ہمیں عدم سے اُٹھا کر نہیں لایا ہے؟

اے بسا کز وے نوازش دیدہ ایم
ہم نے اُس کی بہت سی نوازشیں دیکھی ہیں
در گلستانِ رضا گردیدہ ایم
ہم اُس کی رضا کے باغ میں ٹہلے ہیں

بر سرِ ما دستِ رحمت می نہاد
ہمارے سر پر دستِ شفقت رکھتا تھا
چشمہائے لطف بر ما می گشاد
مہربانی کی نظروں سے ہمیں دیکھتا تھا

در گہِ طفلی کہ بودم شیر جُو
بچپن میں جبکہ میں دودھ پیتا تھا
گاہوارم را کہ جُنبانید اُو
میرا پنگوڑا کون ہلاتا تھا! ؟ وہ

از کہ خوردم شیر غیر از شیرِ اُو
میں نے اُس کے دودھ کے علاوہ کس کا دودھ پیا ہے؟!
کہ مرا پرورد جز تدبیرِ اُو
مجھے اُس کی تدبیر کے علاوہ کس نے پالا ہے؟

خوئے کاں با شیر رفت اندر وجود
وہ عادت جو دودھ کے ساتھ جسم میں گئی ہو
کے تواں اُو را ز مردم وا شود
اُس کو انسانوں سے کون نکال سکتا ہے؟

لے گفت۔ شیطان نے امیر معاویہؓ سے کہا میں ایک زمانہ میں معلم الملکوت تھا۔ محرم۔ راز دار۔ ساکنانِ عرش۔ فرشتے۔ پیشۂ اوّل۔ فرشتوں کو تعلیم دینا اور نیکی کی رہنمائی کرنا۔ در سفر۔ وطن کی محبت ابتدائی محبت ہے وہ کسی حالت میں نہیں جاتی خواہ انسان کسی دوسرے بہتر شہر میں جابسے۔ ختن۔ چین کا ایک مشہور شہر ہے۔

ٹے این مے۔ یعنی عشقِ خداوندی کی شراب۔ وے۔ یعنی خدائے تعالےٰ۔ ناف بر مہر کسے بریدن۔ کسی سے پیدائشی محبت ہونا۔ رحمت۔ یعنی رحمتِ خداوندی۔

تے نے کہ۔ جب اُسکے اِسقدر احسانات ہیں تو ہمارے دل میں اُسکی محبت کیسے نہ ہوگی۔ می نہاد۔ یعنی جب تک کہ میں راندۂ درگاہ نہ ہوا تھا۔ گہ۔ گاہ۔ گاہوارہ۔ جھولنا، پنگوڑا۔ شیرِ او۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے پرورش کی۔ خوئے۔ گھٹی میں پڑی ہوئی عادت نہیں بدلتی ہے۔

گر عتابے[1] کرد دریائے کرم — بستہ کے گردند درہائے کرم

اگر دریائے کرم نے عتاب کیا ہے — کرم کے دروازے کب بند ہو سکتے ہیں؟

اصلِ نقدش لطف و داد و بخشش ست — قہر بروے چوں غبارے از غش ست

اُسکے سکے کی اصل مہربانی اور عطا اور بخشش ہے — اُس کے اوپر قہر ایسا ہے جیسا کہ کھوٹ کا جھول

از برائے لطف عالم را بساخت — ذرّہ ہا را آفتابِ اُو نواخت

اُس نے جہان کو مہربانی کے لئے بنایا ہے — ذرّوں کو اُس کے آفتاب نے نوازا ہے

فرقت از قہرش اگر آبستن ست — بہرِ قدرِ وصلِ اُو دانستن ست

جدائی اگر اُس کے غصہ کی حامل ہے — تو اُس کے وصل کی قدر جاننے کے لئے ہے

تا دہد جاں را فراقش گوشمال — جاں بداند قدرِ ایامِ وصال

جب اُس کی جدائی جان کی گوشمالی کرتی ہے — جان، وصل کے دنوں کی قدر کو جانتی ہے

گفت پیغمبر کہ حق فرمودہ است — قصدِ من از خلق احساں بودہ است

پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا نے فرمایا ہے — پیدا کرنے سے میرا مقصود احسان کرنا ہے

آفریدم تا ز من سُودے کنند — تا ز شہدم دست آلودے کنند

میں نے پیدا کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے فائدہ اٹھائیں — (اور) تاکہ میرے شہد سے ہاتھ آلودہ کریں

نے[2] برائے آں کہ تا سُودے کنم — وز برہنہ را قبائے بر کنم

نہ اسلئے کہ میں (اُن سے) فائدہ اٹھاؤں — اور ننگے کی میں قبا اتاروں

چند روزے کہ ز پیشم راندہ است — چشمِ من در روئے خوبش ماندہ است

چند روز سے کہ مجھے سامنے سے دھتکارا ہے — میری آنکھ اس کے حسین چہرے پر جمی ہے

کز چناں روئے چنیں قہر اے عجب — ہر کسے مشغول گشتہ در سبب

کہ تعجب ہے، ایسے چہرے سے ایسا غصہ — ہر شخص سبب میں مشغول ہے

من سبب را ننگرم کاں حادث ست — زانکہ حادث حادثے را باعث ست

میں سبب کو نہیں دیکھتا ہوں کیونکہ وہ حادث ہے — (اور) اسلئے کہ حادث، حادثات کا باعث ہے

لطفِ[3] سابق را نظارہ می کنم — ہر چہ آں حادث دوپارہ می کنم

میں پہلی مہربانی کا نظارہ کرتا ہوں — جو حادث ہے اُس کے دو ٹکڑے کر دیتا ہوں

ترکِ سجدہ از حسد گیرم کہ بُود — آں حسد از عشق خیزد نہ از جحود

میں مانتا ہوں (آدم کو) سجدہ نہ کرنا حسد کی وجہ سے تھا — وہ حسد محبت سے پیدا ہوتا ہے نہ کہ انکار سے

---

لہ گر عتابے جبکہ وہ ناراض ہے میں اسکے کرم سے مایوس نہیں ہوں۔ اصلِ نقدش نقدش میں ہے خدا نے فرمایا سبقت رحمتی علی غضبی میری رحمت میرے غضب سے بڑھی ہوئی ہے۔ غش۔ کھوٹ ملمع۔ از برائے لطف۔ اللہ کی مہربانی سے ہی عالم وجود میں آیا ہے۔ فرقت۔ یعنی خدا اپنے دربار سے دور بھی کرتا ہے تو اسلئے کرتا ہے کہ وصال کی قدر معلوم ہو جائے۔ تا دہد۔ جب جدائی کی سزا ملتی ہے تو وصل کی قدر ہوتی ہے۔

[2] نے برائے۔ دنیا کے پیدا کرنے میں اللہ تعالیٰ کا اپنا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ وز برہنہ۔ ننگے سے کوئی چادر کیسے چھین سکتا ہے مخلوق جبکہ خود محتاج ہے تو اُس سے اللہ تعالیٰ کیا فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ چشمِ من۔ لہٰذا میں اُنکی رحمت کا امیدوار ہوں۔ ہر کسے۔ اللہ تعالیٰ اپنی ناراضی میں ایسا کوئی سبب پیدا فرما دیتا ہے جس سے بندہ کو تکلیف پہنچتی ہے تو عام لوگ اُس سبب پر نظر کر کے کڑھتے ہیں میں مُسبب یعنی اللہ تعالیٰ پر نظر رکھتا ہوں اور اس کا قائل ہوں ہر چہ از دوست می رسد نیکوست۔ حادث یعنی سبب۔ حادثے را یعنی تکالیف۔

[3] لطف۔ مہربانی اللہ کی قدیم صفت ہے اور قہر بعد کی چیز ہے میں قدیم صفت کو پیش نظر رکھتا ہوں اور مایوس نہیں ہوتا ہوں قہر سے قطع نظر کر لیتا ہوں۔ ترک سجدہ حضرت آدم کو سجدہ نہ کرنے

ہر حسد[1] از دوستی خیزد یقیں — کہ شود با دوست غیرے ہم نشیں
یقیناً (اصلاح کا) ہر حسد دوستی سے پیدا ہوتا ہے — کہ دوست کے ساتھ غیر ہم نشین ہو

ہست شرطِ دوستی غیرت پزی — ہمچو بعدِ عطسہ گفتن دیر زی
غیرتمندی، دوستی کا لازمہ ہے — جیسا کہ چھینک کے بعد کہنا "عمر دراز ہو"

چونکہ[2] بر نطعش جز آں بازی نبود — گفت بازی کن چہ دانم در فزود
چونکہ اُس کی بساط پر اس بازی کے سوا کچھ نہ تھا — اُس نے کہا بازی کھیل، میں بڑھنا کیا جانوں

آں یکے بازی کہ بُد من باختم — خویشتن را در بلا انداختم
وہی ایک بازی جو تھی میں نے کھیل — تو میں نے اپنے آپ کو مصیبت میں پھنسا لیا

در بلا ہم می چشم لذاتِ اُو — ماتِ اُویم ماتِ اُویم ماتِ اُو
مصیبت میں بھی میں اُس کی لذتیں چکھتا ہوں — اُسی سے ہارا ہوں اُسی سے ہارا ہوں اُسی سے ہارا ہوں

چوں رہاند خویشتن را اے سرہ — ہیچکس در شش جہت زیں ششدرہ[3]
اے کھرے! اپنے آپ کو کیسے چھڑائے — کوئی ان چھ جہتوں میں ہلاکت کی جگہ سے؟

جزوِ شش از کلِ شش چوں وا رہد — خاصہ کہ بے چوں مر اُو را کژ نہد
ششدرہ کی نرد ششدرہ سے کیسے نکلے — خصوصاً جبکہ (ذاتِ) بے مثال نے (اس نرد کو) ٹیڑھا رکھا ہو

ہر کہ در شش در درونِ آتش ست — اوش برہاند کہ خلاقِ شش ست
جو کوئی چھ جہت سے آگ میں ہے — اُسکو وہی نجات دلائے جو شش جہت کا پیدا کرنے والا ہے

خود اگر کفر ست اگر ایمانِ اُو — دست بافِ حضرتست و آنِ اُو
خواہ وہ کفر ہے اور خواہ وہ ایمان ہے — (اسی) دربار کا بنایا ہوا ہے اور اُسی کا مملوک ہے

## بازِ تقریر کردنِ امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ابلیس لعین را

امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ابلیس لعین کے سامنے دوبارہ تقریر کرنا

گفت امیر اُو را کہ اینہا راست ست — لیک بخشِ تو ازینہا کاست ست
امیر (معاویہؓ) نے اُس سے کہا یہ سب درست ہے — لیکن ان میں تیرا حصہ کم ہے

صد ہزاراں را چو من تو رہ زدی — حفرہ کردی در خزینہ آمدی
تو نے مجھ جیسے لاکھوں کو گمراہ کیا ہے — نقب لگا کر تو خزانہ میں آیا ہے

آتشی از تو نہ سوزم چارہ نیست — کیست کز دستِ تو جامہ اش پارہ نیست
تو آگ ہے تجھ سے نہ جلوں؟ کوئی چارہ نہیں ہے — کون ہے جس کا جامہ تیرے ہاتھ سے چاک نہیں ہوا؟

---

[1] ہر حسد رقابت میں جو حسد پیدا ہوتا ہے وہ دوست کی دوستی پر مبنی ہے کیونکہ حاسد رقیب یہ نہیں چاہتا کہ کوئی دوسرا محبوب کا ہم نشین بنے بہت دوستی اور عشق میں رقیب سے حسد لازمی چیز ہے جس طرح کہ دعا چھینک کے لوازم میں سے ہے۔

[2] چونکہ جبکہ تقدیر الٰہی کی بساط پر میرے لئے صرف یہی بازی تھی کہ میں آدم کو سجدہ نہ کروں اور مردود بارگاہ ہوں تو میرے لئے اس سے تجاوز کرنے کا کیا امکان تھا۔ آں یکے۔ یعنی آدم کو سجدہ نہ کرنے کی بازی میں نے کھیلی اور میں مصیبت میں پھنس گیا۔ در بلا چونکہ یہ اُسکی ذات سے بازی ہاری لہذا میں اس بازی ہارنے سے بھی لطف اندوز ہوتا ہوں۔ ششدرہ۔ وہ جگہ جس سے رہائی ناممکن ہو، وہ چھ خانے جو نرد کی بازی میں ہوتے ہیں ان میں گوٹ ایسی بند ہو جاتی ہے کہ اُس کی چال ناممکن ہو جاتی ہے۔ جزوِ شش یعنی ششدرہ کی گوٹ یعنی وہ نرد جو ششدرہ میں پھنس گئی ہو کلِ شش۔ یعنی ششدرہ۔

[3] شش یعنی چھ جہتیں۔ امیر یعنی امیر المومنین معاویہؓ بخش حصہ۔ کاست کم۔ رہ زدن۔ گمراہ کرنا۔ حفرہ۔ گڑھا، نقب۔ خزینہ، خزانہ۔ آتشی شیطان آگ سے بنا ہے جس کا کام جلا دینا ہے۔

طبعت اے آتش چو سوزانیدنیست　　تا نسوزانی تو چیزے چارہ نیست
اے آگ! جبکہ تیرا مزاج جلا ڈالنا ہے　　جبتک تو جلا نہ ڈالے، کوئی تدبیر نہیں ہے

لعنت[۱] ایں باشد کہ سوزانت کند　　اوستادِ جملہ دُزدانت کند
(تجھ پر) یہ لعنت ہوئی کہ تجھے جلانیوالا کردیا　　تجھے تمام چوروں کا اُستاد کردیا

با خدا گفتی، شنیدی رُوبرُو　　من چہ باشم پیشِ مکرت اے عدو
خدا کے روبرو، تیری کہن سُن ہوئی　　اے دشمن! میں تیرے مکر کے سامنے کیا ہوں!

معرفت ہائے تو چوں بانگِ صفیر　　بانگِ مرغانست لیکن مرغ گیر
تیری معرفت کی باتیں سیٹی کی آواز کی طرح ہیں　　بولی پرندوں کی ہے لیکن پرندوں کو پھانسنے والی ہے

صد ہزاراں مرغ را آں رہ زدست　　مرغ غرّہ کاشنائے آمدست
(اس سیٹی نے) لاکھوں پرندوں پر ڈاکہ ڈالا ہے　　پرندہ دھوکے میں ہیں کہ کوئی جان پہچان کا آیا ہے

در ہوا چوں بشنود بانگِ صفیر　　از ہوا آید شود آنجا اسیر
ہوا میں جب سیٹی کی آواز سُنتا ہے　　ہوا سے (اتر) آتا ہے وہاں قیدی بن جاتا ہے

قومِ نوحؑ از مکرِ تو در نوحہ اند　　دل کباب و سینہ شرحہ شرحہ اند
نوحؑ کی قوم تیرے مکر سے نوحہ میں لگی ہے　　دل کباب اور سینہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا ہے

عاد[۲] را برباد دادی در جہاں　　در فگندی در عذاب و اندہاں
تونے دنیا میں (قوم) عاد کو برباد کیا ہے　　عذاب اور رنجوں میں مبتلا کردیا ہے

از تو بوُدہ سنگسار آں قومِ لوطؑ　　در سیاہ آبہ ز تو خوردند غوط
قوم لوطؑ تیری وجہ سے سنگسار ہوئی　　تیری وجہ سے اُنھوں نے سڑے پانی میں غوطہ کھایا

مغزِ نمرود از تو آمد ریختہ　　اے ہزاراں فتنہا انگیختہ
نمرود کا بھیجہ تیری وجہ سے بہا　　اے (وہ کہ جس نے) ہزاروں فتنے برپا کیے

عقلِ فرعونِ ذکیِ فیلسوف　　کور گشت از تو نیابید اُو وقوف
فلسفی، ذہین فرعون کی عقل　　اندھی ہوگئی (اور) تجھے نہ سمجھی

بولہب ہم از تو نااہلے شدہ　　بوالحکم[۳] ہم از تو بوجہلے شدہ
ابولہب بھی تیری وجہ سے نالائق بنا　　ابوالحکم تیری ہی وجہ سے ابوجہل بنا

اے بریں شطرنج بہرِ یاد را　　مات کردہ صد ہزار استاد را
اے (وہ کہ جس نے) اس بساط پر یادگار کرنے　　لاکھوں اُستادوں کو مات دی ہے

---

۱ لعنت۔ تجھ پر خدا کی لعنت کی یہ صورت ہے کہ تجھے جلانے والا اور چوروں کا سردار بنا دیا ہے۔ باخدا شیطان نے آدمؑ کو سجدہ نہ کرنے کے معاملہ میں آمنا سامنا جواب دیئے بانگِ صفیر شکاری کی وہ آواز جو وہ پرندہ کی آواز کی طرح نکالتا ہے جس کو پرندہ اپنے ہم جنس کی آواز سمجھ کر دھوکا کھا جاتا ہے اور جال میں پھنس جاتا ہے۔ آں یعنی شکاری کی سیٹی۔ اسیر۔ قیدی۔ نوحہ۔ رونا۔ شرحہ شرحہ۔ پارہ پارہ۔

۲ عاد۔ قوم عاد کی ہدایت کے لئے حضرت صالحؑ بھیجے گئے تھے لیکن شیطان نے اُن کو راہِ ہدایت پر نہ آنے دیا۔ اندہاں۔ اندوہ کی جمع ہے غم۔ قومِ لوط۔ حضرت لوطؑ حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے اُنکو قوم کی ہدایت کیلئے بھیجا گیا۔ لیکن شیطان نے قوم کو بہکایا جس کی وجہ سے اُنپر سنگ باری کا عذاب آیا۔ سیاہ آبہ۔ کالا پانی یعنی عذاب۔ غوط۔ غوطہ۔ نمرود۔ خدائی کا دعویدار ہوا خدا نے ایک مچھر اُسکے دماغ میں گھسا دیا جس سے وہ ہلاک ہوا۔ فیلسوف۔ فلسفی حکیم۔ بولہب۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کی کنیت ہے جس نے آنحضورؐ کی مخالفت کی تھی۔

۳ بوالحکم۔ اسی کو ابوجہل کہا جاتا ہے۔ شطرنج۔ یعنی مکر اور فریب کی بازی۔ یاد۔ یعنی یادگار۔

**اے ز فرزین‌[1] بندہائے مشکلت — سوختہ دلہا سیہ گشتہ دلت**

اے (دھوکہ) تیرے مشکل فرزین بند (چالوں) سے — بہت سے دل جل گئے، تیرا دل سیاہ ہو گیا

**بحرِ مکری تو خلائق قطرۂ — تو چوں کوہی ویں سلیماں ذرّۂ**

تو مکاری کا سمندر ہے، لوگ ایک قطرہ ہیں — تو پہاڑ جیسا ہے اور یہ بھولے بھالے (لوگ) ایک ذرّہ ہیں

**کے رہد از مکرِ تو اے مختصم — غرقِ طوفانیم اِلّا من عصم**

اے جھگڑالو! تیرے مکر سے کب چھوٹتا ہے! — ہم تو طوفان میں غرق ہیں مگر وہ جس کو خدا بچائے

**بس ستارہ سعد از تو محترق — بس سپاہِ جمع از تو مفترق**

بہت سے نیک تارے تیری وجہ سے بے نور ہو گئے ہیں — فوج کے بہت سے سپاہی تیری وجہ سے بکھر گئے ہیں

**بس سلیماں کز تو دیں دَرباختہ — سرنگوں تا قعرِ دوزخ تاختہ**

بہت بھولے بھالے تیری وجہ سے دین کھو چکے ہیں — دوزخ کی گہرائی تک اوندھے دوڑے ہیں

**بس چو بلعم[2] از تو نومید آمدہ — بس چو برصیصا ز تو کافر شدہ**

بہت سے بلعم (باعور) جیسے تیری وجہ سے مایوس ہو گئے ہیں — بہت سے برصیصا جیسے ہیں جو تیری وجہ سے کافر بن گئے

## جواب گفتنِ ابلیسِ لعین امیر المومنین حضرت معاویہؓ را نوبتِ سوم

ابلیس لعین کا تیسری بار امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو جواب دینا

**گفت ابلیسش کشا ایں عقدہا — من محکّم[3] قلب را و نقد را**

اُن سے شیطان نے کہا ان گرہوں کو کھول لیجئے — میں تو کھرے اور کھوٹے کے لئے کسوٹی ہوں

**امتحانِ شیر و کلبم کرد حق — امتحانِ نقد و قلبم کرد حق**

مجھے اللہ تعالیٰ نے شیر اور کتے کے امتحان کا ذریعہ — مجھے اللہ تعالیٰ نے کھرے اور کھوٹے کا (ذریعہ) امتحان بنایا ہے

**قلب را من کے سیہ رُو کردہ ام — صیرفیم قیمتِ او کردہ ام**

کھوٹے کو میں نے کب سیاہ رو بنایا ہے — میں تو صراف ہوں میں نے اس کی قیمت لگا دی ہے

**نیکواں را رہنمائی می کنم — مرَبداں را پیشوائی می کنم**

میں نیکوں کی رہنمائی کرتا ہوں — (اور) بُروں کی (بھی) پیشوائی کرتا ہوں

**صالحاں را مقتدا و مامنم — طالحاں را نیز یاری می کنم**

میں نیکوں کا مقتدا اور امن کی جگہ ہوں — میں بُروں سے بھی دوستی کرتا ہوں

---

شیطان انسان کی شر کی قوت کو بروئے کار لاتا ہے لہٰذا لعنت کا مستحق ہے۔ اگر کوئی شخص بارود میں آگ لگائے اور اپنی برأت کے لئے کہے کہ اس میں خود جلنے کا مادّہ تھا تو وہ اپنی اس تقریر سے بری نہیں ہو سکتا ہے۔

[1] فرزین بند۔ وہ چال جس سے شطرنج کے مہرے فرزین کو بند کر دیا جائے اور اُس کی چال مشکل ہو جائے۔ سلیمان۔ سلیم کی جمع ہے، سادہ مزاج انسان۔ مختصم۔ جھگڑالو۔ سعد۔ مبارک۔ محترق۔ وہ ستارہ جو آفتاب کے ساتھ ایک برج میں جمع ہو کر اپنی شعاع کھو بیٹھے۔

[2] بلعم۔ بن باعور مشہور شخص تھا جو بہت عبادت گزار تھا لیکن حضرت موسیٰؑ کی مخالفت کر کے تباہ و برباد ہو گیا۔ برصیصا۔ ایک مشہور عبادت گزار راہب تھا جس کو شیطان نے گمراہ کر دیا تھا۔

[3] من محک ام میں کسوٹی ہوں۔ قلب۔ کھوٹا سکہ۔ نقد۔ کھرا سکہ۔ امتحان یعنی امتحان کا ذریعہ۔ صیرفی۔ صراف۔ سیہ رو۔ کھوٹا سکہ جب تپایا جاتا ہے تو کالا پڑ جاتا ہے۔ قیمت۔ اور شیطان کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان میں خیر و شر کی قوت میں نے نہیں پیدا کی ہے بلکہ قدرت نے پیدا کی ہے میں تو صرف اُس کو ظاہر کر دیتا ہوں لہٰذا میں قصوروار نہیں ہوں لیکن اِس کی یہ تقریر غلط ہے بیشک خیر و شر کا مادّہ اللہ نے پیدا فرمایا ہے لیکن جو شخص جس طرح کی قوت کو بروئے کار لانے کا سبب بنے گا وہ اسی طرح کی جزا و سزا کا مستحق ہو گا۔ انبیاء انسانوں کی خیر کی قوت کو بروئے کار لاتے ہیں لہٰذا جزا کے مستحق ہیں۔

باغبانم[1] شاخِ تر می پرورم — شاخہائے خشک را ہم می برم
میں باغبان ہوں ترشاخ کی پرورش کرتا ہوں — سوکھی شاخوں کو کاٹتا بھی ہوں

ایں علفہا می نہم از بہرِ چیست — تا پدید آید کہ حیوان جنسِ کیست
میں یہ چارا ڈالتا ہوں تو کس لئے ؟ — تاکہ ظاہر ہو جائے کہ حیوان کس قسم کا ہے

سگ چو از آہو بزاید کودکے — در سگے و آہوئے دارد شکے
کتیا جب ہرن کا بچہ جن دے — اُس کے کتا اور ہرن ہونے میں شک ہو جاتا ہے

تو گیاہ و استخواں پیشش بریز — تا کدامیں سو کند او گام تیز
تو اس کے سامنے گھاس اور ہڈی ڈال دے — دیکھ ! وہ کس کی طرف لپکتا ہے

گر بسوئے استخواں آید سگ ست — ور گیا خواہد یقیں آہو رگ ست
اگر ہڈی کی طرف آئے ، کتا ہے — اگر گھاس کیطرف رغبت کرے یقیناً وہ ہرن کی نسل ہے

قہر و لطفے[2] جفت شد با ہمدگر — زاد ازیں ہر دو جہانِ خیر و شر
(اللہ تعالیٰ کا) قہر اور مہر باہم ملے — اِن دونوں سے عالم خیر و شر پیدا ہوا

تو گیاہ و استخواں را عرضہ کن — قوتِ نفس و قوتِ جاں را عرضہ کن
تو گھاس اور ہڈی پیش کر — نفس کی غذا اور جان کی غذا پیش کر

گر غذائے نفس جوید ابتر ست — ور غذائے روح خواہد سرور ست
اگر وہ نفس کی غذا ڈھونڈے تو بُرا ہے — اگر رُوح کی غذا چاہے تو بڑا ہے

گر کند[3] او خدمتِ تن ہست خر — ور رود در بحرِ جاں یابد گہر
اگر وہ جسم کی خدمت کرے تو گدھا ہے — اگر وہ رُوح کے سمندر میں جاتا ہے تو موتی پاتا ہے

گرچہ ایں دو مختلف خیر و شر اند — لیک ایں ہر دو بیک کار اندر اند
اگرچہ یہ دو مختلف خیر اور شر ہیں — لیکن یہ دونوں ایک کام میں لگے ہوئے ہیں

انبیا طاعات عرضہ می کنند — دشمناں شہوات عرضہ می کنند
نبی طاعات پیش کرتے ہیں — (دین کے) دشمن شہوتیں پیش کرتے ہیں

نیک را چوں بد کنم یزداں نیم — داعیم من خالقِ ایشاں نیم
میں نیک کو بد کیسے بنا سکتا ہوں میں خدا نہیں ہوں — میں بلانے والا ہوں میں اُنکا پیدا کرنیوالا نہیں ہوں

---

[1] باغبانم ۔ شیطان کی یہ تقریر بھی غلط ہے باغبان تو ترشاخ کی پرورش کرتا ہے لیکن اُس نے تربیت سے نیکوں کو برباد کیا ہے حضرت آدم تک کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ۔ ایں علفہا ۔ یعنی شیطان نے کہا کہ انسانوں کو بُرائی کی دعوت دیکر یہ معلوم کرتا ہوں کہ بُرا کون ہے اور بھلا کون ہے ۔ سگ ۔ اگر کتیا ہرن سے جفتی کھا جائے اور بچہ پیدا ہو جائے جس کے کتے یا ہرن ہونے میں شک ہو جائے تو یہی ترکیب ہے کہ اُس کے سامنے کتے کا چارہ جو ہڈی ہے وہ اور ہرن کا چارہ جو گھاس ہے وہ ڈالکر دیکھ لو جس کی طرف وہ بڑھے سمجھ لو کہ وہ اُسی جنس کا ہے ۔

[2] قہر و لطفے ۔ اللہ تعالیٰ کے قہر و لطف کے میل جول سے خیر و شر پیدا ہوا تو نیک و بد کی شناخت کے لئے تم بھی ان کے سامنے انکی خوراک ڈال کر دیکھو نفس کی خوراک شر ہے اور روح کی خوراک خیر ہے جس کی طرف اُس کی رغبت ہو وہ اُسی جہان کا انسان ہوگا ۔

[3] گر کند ۔ تن پروری بے عقلی کی دلیل ہے جو گدھا پن ہے ۔ گرچہ ۔ خیر و شر اگرچہ دو مختلف چیزیں ہیں لیکن دونوں کا کام اچھے اور بُرے میں امتیاز پیدا کرنا ہے انبیا کا بھی یہی کام ہے کہ وہ نیکی کو بدی سے ممتاز کرتے ہیں اور شیطان کا بھی یہی کام ہے ۔ انبیا لیکن ہر دو میں فرق ہے ۔ انبیا خیر کو پیش کر کے بھلے بُرے میں امتیاز پیدا کرا دیتے ہیں اور دین کا دشمن بُرائی کو پیش کر کے امتیاز پیدا کر دیتا ہے ۔

خوب[14] را چون زشت سازم رب نیم | زشت را و خوب را آئینہ ام

بھلے کو میں بُرا کیسے بنا سکتا ہوں میں خدا نہیں ہوں | میں تو اچھے اور بُرے کا آئینہ ہوں

سوخت ہندو آئینہ از درد را | کایں سیہ رُومی نماید مرد را

جلن سے ایک کالے نے آئینہ کو پھونک دیا | کہ یہ اُس کو کالی صورت کا دکھاتا ہے

گفت آئینہ گناہ از من نبود | جُرم اُو را نہ کہ رُوئے من زدود

آئینہ نے کہا میری خطا نہ تھی | اُس کو خطاوار قرار دے جس نے میری صیقل کی ہے

اُو مرا غمّاز کرد و راست گو | تا بگویم زشت کو و خوب کو

اُس نے مجھے چغلخور اور سچی بات کہنے والا بنایا ہے | تاکہ میں کہہ دوں بدصورت کون ہے اور خوبصورت کون ہے؟

من[15] گواہم بر گوا زنداں کجاست | اہل زنداں نیستم یزداں گواست

میں گواہ ہوں، گواہ کیلئے قید خانہ کب ہے؟ | میں قیدی نہیں ہوں خدا گواہ ہے

ہر کجا بینم نہالِ میوہ دار | تربیتہا می کنم من دایہ وار

میں جہاں کہیں پھلدار درخت دیکھتا ہوں | میں دایہ کی طرح پرورش کرتا ہوں

ہر کجا بینم درختِ تلخ و خشک | می بُرم تا رہد از پشک و مشک

جہاں کہیں میں کڑوا اور خشک درخت دیکھتا ہوں | میں کاٹ دیتا ہوں تاکہ وہ مینگنی و مشکی سے بچے

خشک گوید باغباں را کاے فتیٰ | مر مرا چہ می بُری سر بے خطا

خشک (درخت)، باغبان سے کہتا ہے اے نوجوان! | تو بلا قصور میرا سر کیوں کاٹتا ہے

باغباں گوید خمش اے زشت خُو | بس نباشد خشکیِ تو جرمِ تو

باغبان کہتا ہے کہ اے بدعادت! چپ رہ | کیا تیرا خشک ہونا تیرا جرم نہیں ہے!

خشک[16] گوید راستم من کژ نیم | تو چرا بے جرم می بُری پیم

خشک (درخت) کہتا ہے میں سیدھا ہوں میں ٹیڑھا نہیں ہوں | تو بلا قصور میری جڑ کیوں کاٹتا ہے!

باغباں گوید اگر مسعودیے | کاشکے کژ بودی و تر بودیے

باغبان کہتا ہے اگر تو نیک بخت ہوتا | کاش تو ٹیڑھا اور تر ہوتا

جاذبِ آبِ حیات گشتیے | اندر آبِ زندگی آغشتیے

(اگر) آبِ حیات کو جذب کرنے والا ہوتا | تو آبِ حیات میں ڈوبا ہوا ہوتا

تخمِ تو بد بودہ است و اصلِ تو | با درختِ خوش نبودہ وصلِ تو

تیرا بیج اور تیری جڑ بُری تھی | اچھے درخت سے تیرا جوڑ نہ تھا



[14] خوب را - اچھا بُرا پیدا کرنا اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ آئینہ ام۔ شیطان نے کہا میں تیری آئینہ کی طرح اچھے بُرے کو اُس کی صورت دکھا دیتا ہوں۔ سوخت۔ اگر بدصورت آئینہ پر غصہ کرے تو اُس کی بے عقلی ہے۔ جرم اُو را۔ اگر یہ کوئی گناہ ہے تو آئینہ بنانے والے کا ہے کہ اُس نے مجھ کو ایسا کیوں بنایا کہ وہ حقیقت واضح کر دے۔

[15] من گواہم۔ شیطان نے کہا میں تو انسانوں کی برائی پر گواہ ہوں جیلخانہ مجرم کے لئے ہے نہ کہ گواہ کے لئے۔ ہر کجا۔ باغبان کا یہی کام ہے کہ اچھے درختوں کی پرورش کرے اور بُرے درختوں کو کاٹ پھینکے۔ خشک گوید جس طرح خشک درخت جس کو باغبان کاٹ دیتا ہے وہ باغبان کا شاکی ہوتا ہے اسی طرح ناقابلِ اصلاح لوگوں کو جب میں تباہ کرتا ہوں وہ شاکی ہوتے ہیں۔

[16] خشک۔ خشک درخت باغبان سے شکوے میں کہتا ہے کہ میں سیدھا تھا ٹیڑھا نہ تھا تو نے مجھے کیوں کاٹ ڈالا۔ باغبان گوید ہرے درخت کی حیات اور زندگی کی توقع ہے لیکن خشک درخت کی زندگی ممکن ہے لہٰذا اسکو کاٹا جائیگا۔ شیطان کہتا ہے کہ اسی طرح جن کے دلوں میں آبِ ایمان بالکل باقی نہیں ہے اور ان کے دل خشک ہو گئے ہیں انہیں ...

شاخِ تلخ ار با خوشے وصلت کند | آں خوشے اندر نہادش بر زند
---|---
کڑوی شاخ کو اگر اچھے کے ساتھ جوڑ دے | وہ اچھا اُس کے وجود میں اثر کرے
گر ترا بیدار کردم بہرِ دیں | خوئے اصلِ من ہمیں ست و ہمیں
اگر میں نے آپ کو دین کی خاطر جگا دیا ہے | میری اصل عادت ہی یہ ہے

## عُنف کردنِ امیر المومنین حضرت معاویہؓ با ابلیس علیہ اللعنۃ

امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ابلیس (اس پر لعنت ہو) کے ساتھ سختی کرنا

گفت امیر اے راہزن حجت مگو | مر ترا رہ نیست در من رہ مجو
---|---
امیر (المومنین) نے فرمایا اے ڈاکو! حجت نہ کر | تیرا میرے اندر راستہ نہیں ہے راستہ نہ تلاش کر
رہزنی تو من غریبِ تاجرم | ہر لباسا تے کہ آری کے خرم
تو ڈاکو ہے، میں مسافر تاجر ہوں | تو جو بھیس بھی بدلے میں کب پسند کرتا ہوں؟
گردِ رختِ من مگرد از کافری | تو نہ رختِ کسے را مشتری
بے ایمانی سے میرے سامان کے گرد چکر نہ لگا | تو کسی کے سامان کا خریدار نہیں ہے
مشتری نبود کسے را راہزن | ور نماید مشتری مکر ست و فن
ڈاکو کسی سے خریدنے والا نہیں ہوتا ہے | اگر وہ خریدار ہونا ظاہر کرے مکاری اور چالاکی ہے

## نالیدنِ امیر المومنین حضرت معاویہؓ بحق تعالیٰ از مکرِ ابلیس و نُصرت خواستن

شیطان کے مکر سے امیر المومنین کا اللہ تعالیٰ سے نالہ وزاری کرنا اور مدد چاہنا

تا چہ دارد ایں حسود اندر کدو | اے خدا فریاد رس ما زیں عدو
---|---
نہ معلوم یہ حاسد کیا چال چل رہا ہے؟ | اے خدا اس دشمن سے ہماری فریاد سن لے
گر یکے فصلِ دگر در من دمد | در رُباید از من ایں رہزن نمد
اگر وہ ایک مرتبہ اور مجھ سے گفتگو کرے گا | یہ ڈاکو نمدہ اُڑا لے جائے گا
ایں حدیثش ہمچو دود ست اے الٰہ | دست گیر ار نہ گلیمم شد سیاہ
اے خدا یہ اُس کی گفتگو دھوئیں کی طرح ہے | میری دستگیری فرما ورنہ میری کملی کالی ہو جائیگی
من بحجت بر نیایم با بلیس | کوست فتنہ ہر شریف و ہر خسیس
میں دلیل سے شیطان سے نہ جیت سکوں گا | کیونکہ وہ ہر شریف اور رذیل کے لئے باعث فتنہ ہے
آدمے کو علّم الاسماء بگ ست | در تگ چوں برق ایں سگ بے تگ ست
حضرت آدم جو علّم الاسماء والے سردار میں | اس کتے کی برق جیسی رفتار کے مقابلہ میں بے رفتار ہیں



---

۱؎ شاخِ تلخ۔ کڑوی شاخ کا اگر میٹھی جڑ سے پیوند لگا دیا جائے تو شاخ کی تلخی کم ہو جاتی ہے اسی طرح بدعمل کی اصلاح ممکن ہے لیکن بدنسل کی اصلاح ناممکن ہے۔ گر ترا۔ شیطان حضرت امیر معاویہؓ کو جواب دیتا ہے کہ جب تم یہ سمجھ گئے کہ میں بچھوں کے ساتھ اچھائی اور ناقابلِ اصلاح لوگوں کو تباہ کرتا ہوں تو سمجھ لو کہ میں نے تمہیں دین کی خاطر جگایا ہے۔

۲؎ عُنف۔ سرزنش، سختی۔ راہ زن۔ ڈاکو۔ در من۔ میرے دل میں۔ غریب تاجرم۔ سفر کی حالت میں تاجر بہت چوکنا رہتا ہے۔ تو نہ۔ شیطان کا کام نیک اعمال کو تباہ کرنا ہے نہ اُن کا معاوضہ دے کر خریدنا۔ مشتری نبود۔ ڈاکو کا کام لوٹ مار ہے نہ کہ خریداری اگر وہ اپنے آپ کو خریدار ظاہر کرے تو اس میں کوئی مکاری ہو گی۔ چیزے اندر کدو داشتن۔ دل میں کوئی بات چھپانا۔

۳؎ فصلِ دگر۔ دوسری مرتبہ۔ نمد۔ صرف پشم کا کپڑا جو عموماً درویش اور مسکین پہنتے تھے۔ من بحجت۔ شیطان پر محض دلائل سے بغیر فضلِ خداوندی غلبہ ممکن نہیں ہے۔ بگ۔ بیگ کا مخفف ہے سردار، امیر حضرت آدمؑ کے بارے میں قرآن میں مذکور ہے عَلَّمَ الْاَسْمَاءَ۔ خدا نے آدم کو اسماء کی تعلیم دی۔ تگ۔ دوڑ۔ بے تگ ست حضرت آدمؑ ہار گئے اور شیطان نے انہیں دھوکہ دے دیا۔

از بہشت اند اختش بر روئے خاک ... چوں سمکؔ در شست اُو شد از سماک
اُس نے اُن کو بہشت سے زمین پر پھینک دیا ... وہ بلندی سے مچھلی کی طرح اُس کے کانٹے میں پھنس گئے

نوحۂ اِنَّا ظَلَمْنَا می زدے ... نیست دستان و فسونش را حدے
اِنَّا ظَلَمْنَا کا رونا روتے تھے ... اُس کے مکر اور منتر کی انتہا نہیں ہے

اندرونِ ہر حدیثِ اُو شر ست ... صد ہزاراں سحر در وے مضمر ست
اُس کی ہر بات میں شر ہے ... اُس میں لاکھوں جادو پوشیدہ ہیں

مردیٔ مرداں بہ بندد در نفس ... در زن و در مرد افروزد ہوس
ایک پھونک میں بہادروں کی بہادری کو باندھ دیتا ہے ... مرد و زن میں ہوس بھڑکا دیتا ہے

اے بلیسِ خلق سوزِ فتنہ جُو ... برچیمؔ بیدار کردی راست گو
اے شیطان مخلوق کو تباہ کرنے والے فتنیں! ... سچ بتا تو نے مجھے کیوں جگایا؟

زانکہ حیلت در نگنجد با منے ... ہیں غرض را در میاں نہ بے فنے
اسلئے کہ تیری حیلہ بازی مجھ پر اثر نہیں کر سکتی ہے ... خبردار! بغیر مکاری کے مقصد بتا دے

## باز تقریر ابلیس تلبیسِ خود را با امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ

امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے سامنے اپنی مکاری کی دوبارہ تقریر کرنا

گفت ہر مردے کہ باشد بدگماں ... نشنود اُو راست را با صد نشاں
بولا، جو شخص بدگمان ہو ... وہ سَو علامتوں والی سچی بات بھی نہیں سنتا ہے

ہر درونے کہ خیال اندیش شُد ... چوں دلیل آری خیالش بیش شُد
جس کا باطن شکّی ہو ... جب تو دلیل بیان کریگا اُس کا شک اور بڑھیگا

چوں سخن در وے رَوَد علت شود ... تیغِ غازی دُزد را آلت شود
جب اُسکے (دل میں) بات جاتی ہی بیماری بنجاتی ہے ... مجاہد کی تلوار چور کا ہتھیار بن جاتی ہے

پس جوابِ اُو سکوت ست و سکوں ... ہست با ابلہ سخن گفتن جنوں
تو اُس کا جواب خاموشی اور سکوت ہے ... بیوقوف سے بات کرنا پاگل پن ہے

تو ز حق ترسؔ و ز حق جو قطعِ نفس ... کہ تو از شرش بماندستی بہ حبس
تو خدا سے ڈر اور نفس کو چھوڑنے کی خدا سے دعا کر ... کیونکہ تو اُسکے شر کی وجہ سے قیدخانہ میں ہے

تو ز من با حق چہ نالی اے سلیم ... تو بنال از شرِ ایں نفسِ لئیم
اے بھولے! تو اللہ سے میرا کیا شکوہ کرتا ہے ... تو اس لئیم نفس کے شر سے نالہ کر

---

لہ سمک۔ مچھلی۔ شست۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ سماک۔ چاند کی منزلوں میں سے چودھویں منزل ہے۔ ایک ستارہ ہے، یہاں مراد بلند رتبہ ہے۔ اِنَّا ظَلَمْنَا۔ بیشک ہم نے ظلم کیا حضرت آدمؑ نے توبہ کے وقت فرمایا تھا۔ دستاں۔ مکر۔ مضمر۔ پوشیدہ۔ مردی۔ بڑے بڑے بہادروں کی بہادری کو ایک پھونک میں ختم کر دیتا ہے۔

ٮلہ برچیم۔ برائے چہ مرا۔ غرض۔ مقصد بے فن۔ بغیر مکاری۔ با صد نشان یعنی سچائی کی سَو علامتوں کے باوجود۔ خیال اندیش۔ شکّی۔ چوں سخن۔ شکّی انسان کو جس قدر سمجھایا جاتا ہے اُس کے شکوک میں اور اضافہ ہوتا ہے اور وہ دلیلوں کا غلط استعمال کرتا ہے جیسا کہ چور کسی غازی کی تلوار چُرالے تو اُس سے غلط کام کرتا ہے۔ پس جواب۔ جواب جاہلاں باشد خموشی۔

سلہ تو ز حق ترس۔ شیطان نے امیر معاویہؓ سے کہا کہ تمہارا مجھے بُرا سمجھنا تمہارے نفس کا دھوکا ہے اور تم نفس کی قید میں گرفتار ہو اُس سے رہائی کی دعا کرو۔ تو ز من۔ شیطان حشر میں بھی یہی کہے گا۔ فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ وَلُوْمُوْا اَنْفُسَکُمْ۔ پس مجھے ملامت نہ کرو اور اپنے نفسوں کو ملامت کرو۔

توخوری[۱] حلوا ترا دُمّل شود | تب بگیرد طبعِ تو مُختل شود

تو حلوا کھائے گا تو پھوڑا پیدا ہوگا | بخار چڑھے گا طبیعت بگڑ جائے گی

بے گنہ لعنت کنی ابلیس را | چوں نہ بینی از خود آں تلبیس را

تو بے خطا ابلیس پر لعنت بھیجتا ہے | اپنی جانب سے اِس مکاری کو کیوں نہیں سمجھتا ؟!

نیست از ابلیس ز تُست اے غوی | کہ چو رُوبہ سُوئے دُنبہ می رَوی

اے گمراہ ! یہ شیطان کیجانب سے نہیں ہے بلکہ تیری جانب سے ہے | کیونکہ تو لومڑی کی طرح دُنبہ کیجانب جاتا ہے

چونکہ[۲] در سبزہ بہ بینی دُنبہ را | دام باشد ایں ندانی رُوبہا

جب تو سبزے میں دُنبہ کو دیکھتا ہے | اے لومڑی ! تو نہیں سمجھا کہ جال ہوگا

زاں ندانی کت ز دانش دور کرد | میلِ دُنبہ چشمِ غفلت کور کرد

تو اسلئے نہیں سمجھا کہ تجھے عقل سے جدا کر دیا ہے | دُنبہ کی خواہش نے تیری عقل کو اندھا کر دیا ہے

حُبُّكَ الْأَشْيَاءَ يُعْمِيكَ وَيُصِمّ | نَفْسُكَ السُّوءُ قَدْ جَنَتْ لَا تَخْتَصِمْ

چیزوں کی محبت تجھے اندھا اور بہرا کر دیتی ہے | تیرے بُرے نفس نے ظلم کیا ہے۔ نہ جھگڑ

تو گنہ بر من منہ کژ مژ مبیں | من ز بد بیزارم و از حرص و کیں

تو مجھ پر گناہ (کی ذمہ داری) نہ ڈال ترچھی نگاہوں سے نہ دیکھ | میں بُرائی اور حرص و کینے سے بیزار ہوں

من بدی کردم پشیمانم ہنوز | انتظارم تا دے ام گردد تموز

میں نے بُرائی بھی کی تھی ابھی تک شرمندہ ہوں | انتظار میں ہوں تاکہ میرا ماگھ ساون بنجائے

ہست کین و حرص از طبائع مختلف | مر مرا کے چار ضد شد مکتنف

کینہ اور حرص مختلف (عناصر سے بنی ہوئی) طبیعتوں کی پیداوار ہے | مجھے چار مخالف (عنصروں) نے کب گھیرا ہے

ہم[۳] امیدے می برم با درد و سوز | تا کے گردد شبِ دیجور روز

میں ابھی درد و سوز کے ساتھ امید رکھتا ہوں | کہ اندھیری رات کب دن بنتی ہے ؟

مُتّہم گشتم میانِ خَلق من | فعلِ خود بر من نہد ہر مرد و زن

میں لوگوں میں بدنام ہو گیا ہوں | ہر مرد و عورت اپنا کام میرے ذمہ لگاتا ہے

گرگ بیچارہ اگرچہ گرسنہ است | مُتّہم باشد کہ اُو در طنطنہ است

بیچارہ بھیڑیا اگرچہ بھوکا ہے | (لیکن) بدنام ہوتا ہے کہ وہ اکڑ میں ہے

چونکہ نتواند ز ضعف اُو راہ رفت | خَلق گوید تخمہ است از قوتِ زفت

چونکہ وہ کمزوری کی وجہ سے چل نہیں سکتا ہے | لوگ کہتے ہیں کہ موٹی خوراک سے بدہضمی ہو گئی



۱ـ تو خوری۔ یہ مولانا کی نصیحت ہے کہ انسان شیطان سے تو بچتا ہے لیکن خود اُس کا نفس شیطان سے زیادہ شریر ہے، اُسکی طرف سے بے توجہی برتتا ہے۔ بے گنہ۔ فعل۔ تو خود کریں لعنت کریں شیطان پر۔ غوی۔ گمراہ۔ روبہ۔ لومڑی جو جانوروں کا شکار کرتی ہے۔

۲ـ چونکہ۔ انسان کا نفس لذتوں کے پیچھے دوڑتا ہے اور انجام کی ہلاکت سے غافل ہوتا ہے یعنی دُنبہ خواہشِ نفس انسان کو اندھا بنا دیتی ہے۔ لا تختصم۔ یعنی نفس سے لڑ دوسرے سے نہ جھگڑ۔ من بدی کردم۔ شیطان کہتا ہے مجھے بدی سے نفرت ہے تھوڑی سی بدی مجھ سے ضرور ہوئی جس سے میں شرمندہ ہوں۔ دے۔ ماگھ جو خزاں کا مہینہ ہے۔ تموز۔ ساون جو بہار کا مہینہ ہے۔ ہست کین یعنی کینہ اور حرص تو عناصرِ اربعہ کی پیداوار ہیں اور میں ان چار عنصروں سے نہیں بنا ہوں۔

۳ـ ہم امیدے۔ یعنی میں اس خطا کی بخشش کا امیدوار ہوں۔ شبِ دیجور۔ اندھیری رات۔ فعلِ خود یعنی اپنا گناہ۔ گرگ۔ مثل مشہور ہے کھائے تو بھیڑیے کا نام نہ کھائے تو بھیڑیے کا نام۔ طنطنہ۔ دبدبہ، شان و شوکت۔ چونکہ۔ بھیڑیا بھوک کی وجہ سے چلنے پر قادر نہیں تہمت دھرنیوالے کہتے ہیں موٹا جانور کھا گیا ہو اس

## باز جستن حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حقیقت غرض را از ابلیس

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا شیطان سے مقصد کی حقیقت پھر معلوم کرنا

گفت غیر راستی نرہاندت
(حضرت معاویہؓ نے) فرمایا تجھے سچ کے سوا کچھ نہیں چھڑائیگا

دادؐ سوئے راستی می خواندت
انصاف، تجھے سچائی کی دعوت دیتا ہے

راست گوتا وارہی از چنگ من
سچ کہدے تاکہ تو میرے چنگل سے چھوٹ جائے

مکر ننشاند غبار جنگ من
مکاری میری لڑائی کے غبار کو فرو نہیں کرسکتی ہے

گفت چوں دانی دروغ و راست را
اُس نے کہا آپ جھوٹ اور سچ کو کیسے سمجھ لیں گے؟

اے خیال اندیش و پر اندیشہا
اے شکی اور توہمات سے بھرے ہوئے

گفت پیغمبر نشانے دادہ است
اُنھوں نے فرمایا پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے علامت بتا دی ہے

قلب و نیکو را محک بنہادہ است
کھوٹے اور کھرے کی کسوٹی متعین کردی ہے

گفتہ است الکذب ریبٌ فی القلوب
فرمایا ہے جھوٹ دلوں میں شک (پیدا کرنیوالا ہے)

باز الصدق طمانینٌ طروب
پھر (فرمایا) سچ اطمینان و خوشی (پیدا کرتا ہے)

دلؐ نیارامد ز گفتار دروغ
جھوٹی بات سے دل کو سکون نہیں ملتا ہے

آب و روغن ہیچ نفروزد فروغ
پانی اور تیل روشنی کو نہیں بڑھاتا ہے

در حدیث راست آرام دلست
سچی بات میں دل کا سکون ہے

راستی ہا دانۂ دام دلست
سچائیاں دل کے جال کا دانہ ہیں

دل مگر رنجور باشد بد دہاں
مگر وہ دل جو بیمار ہو اور اُسکے منھ کا ذائقہ خراب ہو

کو نداند چاشنی این و آن
کیونکہ وہ اسکے اور اُسکے مزے کو نہیں سمجھتا ہے

چونؐ شود از رنج و علت دل سلیم
جب دل تکلیف اور بیماری سے محفوظ ہو جائے

طعم صدق و کذب را باشد علیم
تو وہ سچ اور جھوٹ کے مزے سے واقف ہوتا ہے

حرص آدمؑ چوں سوئے گندم فزود
(حضرت) آدمؑ کی حرص جب گیہوں کیطرف بڑھی

از دل آدمؑ سلیمی را ربود
(حضرت) آدمؑ کے دل سے سلامتی کو اُڑا لے گئی

پس دروغ و عشوۂ ات را گوش کرد
تو تیرے جھوٹ اور مکر کو سن لیا

غرّہ گشت و زہر قاتل نوش کرد
فریب کھا گئے، اور قاتل زہر پی لیا

گندم از کژدم ندانست آں نفس
اُسوقت نہ گیہوں اور بچھو میں امتیاز نہ کرسکے

می برد تمییز از مست ہوس
(ہوس) ہوس سے مدہوش کی تمیز کو زائل کرتی ہے

---

لہ داد یعنی انصاف کا تقاضہ ہے کہ تو سچ بتادے۔ گفت شیطان نے حضرت معاویہؓ سے کہا کہ اگر میں سچ بات کہونگا تو آپ کیسے سمجھ لیں گے کہ وہ سچ ہے جبکہ آپ شکوک میں مبتلا ہیں۔ گفت۔ امیر معاویہؓ نے فرمایا کہ سچ اور جھوٹ کی علامتیں آنحضورؐ نے بتا دی ہیں۔ الکذب یعنی جھوٹی بات سُن کر مومن کا دل مطمئن نہیں ہوتا ہے بلکہ دل میں ہیجان پیدا ہوتا ہے۔ الصدق سچی بات سُن کر مومن کا دل مطمئن ہو جاتا ہے۔

لہ دل نیارامد یعنی جب جھوٹ سے مطمئن نہیں ہوتا جس طرح کہ چراغ پانی ملے ہوئے تیل سے روشن نہیں ہوتا ہے۔ دانہ جس طرح دانہ ڈالنے پر پھنستا ہے اسی طرح مومن کا دل سچائی کی طرف لپکتا ہے۔ دل مگر یعنی یہ علامت مومن کے دل کے لئے ہے اگر کسی کا دل گناہوں کی وجہ سے بیمار ہو اُس کیلئے یہ علامت نہیں ہے۔

لہ چوں شود۔ جب دل مرض سے خالی ہو تب اُس کی یہ کیفیت ہوتی ہے۔ حرص۔ چونکہ حضرت آدمؑ میں گیہوں کھانے کی حرص پیدا ہوگئی تھی اسلئے وہ شیطان کے جھوٹ کو نہ سمجھ سکے اور دھوکا کھا گئے۔ گندم یعنی گیہوں۔

خلق[۱] مست آرزو اند و ہوا — زاں پذیرا اند دستانِ ترا

لوگ تمنا اور حرص سے مست ہیں — اس لئے تیرے مکر کو قبول کرنے والے ہیں

ہر کہ خود را از ہوا خو باز کرد — گوش خود را آشنائے راز کرد

جس نے اپنے آپ کو حرص کی عادت سے چھڑا لیا — اس نے اپنے کان کو راز سے آشنا کر لیا

ہمچناں کہ در حکایت گفتہ اند — بشنو آنرا تا کشاید بستہ بند

جس طرح لوگوں نے حکایت میں بیان کیا ہے — اس کو سن لے تاکہ گرہ کھل جائے

## شکایتِ قاضی از آفت قضا و جواب نائب او

قاضی کا قضیات کی مصیبت کا شکوہ کرنا اور اس کے نائب کا جواب

قاضئے بنشاندند او می گریست — گفت نائب قاضیا گریہ زچیست

لوگوں نے ایک قاضی کو مسند نشین کیا وہ رونے لگا — نائب نے کہا اے قاضی! رونا کس وجہ سے ہے

ایں[۲] نہ وقت گریہ و فریادِ تست — وقت شادی و مبارک بادِ تست

یہ رونے اور چیخنے کا وقت نہیں ہے — تیری خوشی اور مبارکباد کا وقت ہے

گفت آہ چوں حکم راند بیدلے — درمیانِ آں دو عالم جاہلے

اس نے کہا ہائے! ایک ناواقف کس طرح فیصلہ کرے — ایک نادان خود جانکاروں کے درمیان؟

آں دو خصم از واقعہ خود واقف اند — قاضئے مسکیں چہ داند زاں دو بند

وہ دونوں فریق اپنے واقعہ سے واقف ہیں — دو بندشوں (جہل اور غفلت) کیونکہ قاضی بیچارہ کیا جانے

جاہل ست و غافل ست از حالِ شاں — چوں رود در خونِ شان و مالِ شاں

وہ ان کی حالت سے جاہل ہے اور غافل ہے — وہ ان کی جان اور مال میں کیسے مداخلت کرے؟

گفت[۳] خصماں عالم اند و علتی — جاہلی تو لیک شمع ملتی

اس (نائب) نے کہا دونوں فریق واقف ہیں اور غرض مند ہیں — آپ ناواقف ہیں لیکن ملت کی شمع ہیں

زانکہ تو علت نداری درمیاں — آں فراغت ہست نورِ دیدگاں

کیونکہ اس میں آپ کی کوئی غرض نہیں ہے — اغراض سے خالی ہونا آنکھوں کی روشنی ہے

واں دو عالم را غرض شاں کور کرد — علمِ شاں را علت اندر گور کرد

ان دونوں واقف کاروں کو ان کی غرض نے اندھا کر دیا ہے — ان کے علم کو غرض نے دفن کر دیا ہے

جہل را بے علتی عالم کند — علم را علت کژ و ظالم کند

بے غرضی ناواقفیت کو علم والا بنا دیتی ہے — غرض علم کو کج اور ظالم بنا دیتی ہے

---

۱ خلق: چونکہ عام لوگ حرص و ہوا کے مرض میں مبتلا ہیں اس لئے شیطان کی جھوٹی باتوں سے دھوکا کھا جاتے ہیں۔ دستاں: مکر۔ ہوا خو: یعنی خوئے حرص۔ راز: یعنی معرفت الٰہی کے راز۔ حکایت: اس حکایت کا خلاصہ بھی یہ ہے کہ اگر انسان ہوا اور ہوس سے پاک ہو تو ہر سچ اور جھوٹ میں امتیاز کر لیتا ہے۔

۲ ایں: یعنی قاضی بننے پر رونے کا موقع نہیں ہے یہ تو مبارکباد کا وقت ہے۔ بیدل: متردد۔ دو عالم: یعنی مدعی اور مدعیٰ علیہ دونوں دعوے کی حقیقت سے واقف ہوتے ہیں۔ زاں دو بند: یعنی جہالت اور غفلت جس کا آئندہ شعر میں بیان ہے۔

۳ گفت: نائب قاضی نے کہا کہ فریقین اگرچہ معاملہ کو جانتے ہیں لیکن ان کے دلوں میں خود غرضی سمائی ہے۔ زانکہ: انسان کی بے غرضی معاملہ کو واضح کر دیتی ہے جہل را: بے غرضی اور خلوص جہل کو علم سے بدل دیتے ہیں اور خود غرضی عالم کو جاہل بنا دیتی ہے۔

تا تو رشوت نستدی بیننده‌ٔ — چون طمع کردی ضریر و بنده‌ٔ

جب تک تو رشوت نہ لے تو بینا ہے — جب تو نے لالچ کیا تو اندھا اور (نفس کا) غلام ہے

از ہوا من خوی را وا کرده‌ام — لقمہائے شہوتی کم خورده‌ام

میں نے عادت کو ہوس سے علیحدہ کر لیا ہے — میں نے شہوت (نفس) کے لقمے نہیں کھائے ہیں

چاشنی گیر دلم شد با فروغ — راست را وا نہ حقیقت از دروغ

میرا (معارف کا) ذوق رکھنے والا دل روشن ہو گیا ہے — سچ کی حقیقت جھوٹ سے جدا کر لیتا ہے

## باقرار آوردن حضرت معاویہؓ ابلیس را کہ چرا بیدار کردی

حضرت معاویہؓ کا شیطان سے اقرار کرا لینا کہ اس نے کیوں جگایا ہے

اے سگِ ملعون جواب من بگو — راست گو و در دروغے رہ مجو

اے ملعون کتے! میرا جواب دے — سچ کہہ اور جھوٹ کا راستہ تلاش نہ کر

تو چرا بیدار کردی مر مرا — دشمنِ بیداریستی اے دغا

تو نے مجھے کیوں جگایا؟ — اے مجسم دھوکے! تو بیداری کا دشمن ہے

ہمچو خشخاشے ہمہ خواب آوری — ہمچو خمرے عقل و دانش را بری

تو خشخاش کی طرح مجسمہ خواب آور ہے — شراب کی طرح عقل اور سمجھ کو زائل کر دیتا ہے

چار میخت کرده‌ام ہیں راست گو — راست را دانم تو حیلتہا مجو

میں نے تجھے شکنجہ میں کس لیا ہے سچ کہہ دے — میں سچ کو پہچان لوں گا تو بہانے نہ بنا

من زہر کس آں طمع دارم کہ او — صاحب آں باشد اندر طبع و خو

میں ہر آدمی سے وہی توقع رکھتا ہوں — جس کا وہ طبیعت اور عادت میں مالک ہے

من ز سرکہ می نجویم شکری — مر مخنث را نہ گیرم لشکری

میں سرکہ میں مٹھاس نہیں تلاش کرتا ہوں — میں کسی ہیجڑے کو سپاہی نہیں بناتا ہوں

ہمچو گبراں می نجویم از بتے — کہ بود حق یا ز حق او آیتے

میں کافروں کی طرح بت میں جستجو نہیں کرتا ہوں — کہ وہ خدا ہو یا خدا کی کوئی نشانی ہو

من ز سرگیں می نجویم بوئے مشک — من در آب جو نجویم خشت خشک

میں گوبر میں مشک کی خوشبو نہیں تلاش کرتا ہوں — میں پانی میں سوکھی اینٹ نہیں تلاش کرتا ہوں

من نجویم پاسبانی را ز دزد — کار نا کرده نجویم ہیچ مزد

میں چور سے چوکیداری نہیں چاہتا ہوں — کام کیے بغیر میں کوئی مزدوری نہیں چاہتا ہوں

---

سلہ تا تو: جناب نے قاضی کو کہا جب تک تو رشوت لیگا حقیقت کو دیکھے گا ہر نہ دیکھ سکیگا۔ آخر اپنے بیر معاویہؓ نے فرمایا کہ میں نے ہوا و ہوس کو چھوڑ دیا ہے اور خواہشات نفسانی کی غذا ترک کر دی ہے لہٰذا میرے دل میں ایسی روشنی پیدا ہو گئی ہے کہ وہ جھوٹ اور سچ میں امتیاز کر لیتا ہے تو میں جان لونگا کہ تو سچ بول رہا ہے یا جھوٹ۔ جواب من یعنی اس بات کا جواب کہ تو نے مجھے کیوں جگایا ہے

سلہ دشمن: شیطان کا کام ہے کہ وہ خواب غفلت میں مبتلا رکھے خشخاش۔ خود بھی خواب آور ہے اور اسی کے پودے کے ڈوڈے سے افیون بنتی ہے جو خواب آور ہے۔ چار میخ۔ ایک قسم کی سزا ہے جس میں لٹا کر چاروں ہاتھ پیر چار کیلوں سے باندھ دیئے جاتے ہیں۔ من زہر کس میں ہر شخص کو پہچان لیتا ہوں اور اس سے اسی کام کی توقع رکھتا ہوں جو اس کی فطرت میں داخل ہے۔

سلہ من ز سرکہ: سرکہ کی طبیعت میں کھٹاس ہے اس سے مٹھاس کی توقع کرنا غلط ہے۔ مخنث۔ ہیجڑے سے بہادری کی توقع غلط ہے۔ بت۔ بت سے یہ توقع کرنا کہ وہ خدا ہو یا خدا کی کوئی نشانی یہ بھی غلط ہے۔ دزد۔ چور سے چوکیداری کی توقع غلط ہے۔

من[1] ز شیطاں ایں نجویم کوست غیر — کو مرا بیدار گرداند بخیر

میں شیطان سے یہ امید نہیں رکھتا کیونکہ وہ غیر ہے — کہ وہ مجھے بھلائی کے لیے جگائے

## راست گفتن ابلیس ضمیر خود را با حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ

شیطان کا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے دل کی بات سچ کہہ دینا

گفت بسیار آں بلیس از مکر و غدر — میر از و نشنید کرد استیز و نکر

شیطان نے مکر اور عذر کی بہت باتیں کیں — امیر (المؤمنین) نے نہ سنیں، جھگڑا اور انکار کیا

از بن دنداں بگفتش بہر آں — کردمت بیدار میداں اے فلاں

ان سے عاجزی سے اس نے کہا... اس لئے — سمجھ لیجئے میں نے آپکو بیدار کیا ہے اے فلاں

تا رسی اندر جماعت در نماز — از پے پیغمبر دولت فراز

تاکہ آپ نماز با جماعت میں شریک ہو جائیں — پیغمبر بلند دولت کی سنت کے لیے

گر نماز از وقت رفتے مر ترا — ایں جہاں تاریک گشتے بے ضیا

اگر نماز وقت سے گذر جاتی تو آپ کے لئے — یہ دنیا، بے رونق، اندھیری ہو جاتی

از غبین[2] و درد رفتے اشکہا — از دو چشم او مثال مشکہا

نقصان اور درد کے آنسو بہتے — ان کی دونوں آنکھوں سے مشکوں کی طرح

ذوق دارد ہر کسے در طاعتے — لاجرم نشکیبد از وے ساعتے

ہر شخص ایک عبادت کا ذوق رکھتا ہے — لامحالہ تھوڑی دیر بھی اس سے صبر نہیں کر سکتا ہے

از غبین و درد بودے صد نماز — کو نماز و کو فروغ آں نیاز

وہ نقصان اور درد سو نمازیں بن جاتا — کجا نماز اور کجا اس عاجزی کا نور

## فضیلت[3] حسرت خوردن آں شخص بر فوت نماز جماعت

نماز با جماعت کے فوت ہو جانے پر اس شخص کے افسوس کی فضیلت

آں یکے می رفت در مسجد دروں — مردم از مسجد ہمی آمد بروں

ایک شخص مسجد میں جا رہا تھا — لوگ مسجد سے باہر نکل رہے تھے

گشت پرساں کہ جماعت را چہ بود — کز مسجد می بروں آیند زود

اس نے دریافت کیا کہ جماعت کو کیا ہوا؟ — کہ لوگ مسجد سے جلدی سے باہر آرہے ہیں

آں یکے گفتش کہ پیغمبر نماز — با جماعت کرد و فارغ شد ز راز

ایک شخص نے اس سے کہا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز — با جماعت ادا کر دی اور دعا سے فارغ ہو گئے

---

[1] من ز شیطان۔ شیطان کی طبیعت میں خیر نہیں ہے لہٰذا اس سے یہ توقع رکھنا کہ وہ خیر کے لئے جگائے گا بالکل غلط ہے۔ ضمیر یعنی دل کی پوشیدہ بات۔ میر یعنی امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ۔ از بن دنداں گفتن۔ گڑگڑا کر کہنا۔ پے۔ پیروی سنت۔ گر نماز یعنی جماعت چھوٹ جاتی۔

[2] غبین۔ نقصان، ٹوٹا۔ درد یعنی جماعت کے فوت ہو جانے کا درد۔ ذوق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو نماز با جماعت کا بہت ذوق تھا۔ آں غبین۔ شیطان نے مجبور ہو کر جگانے کا صحیح سبب بتا دیا کہ جماعت فوت ہونے پر جو اُن کو صدمہ ہوتا اور اُس پر روتے اُس کی وجہ سے بہت زیادہ ثواب کے مستحق ہو جاتے اس لئے اُس سے محروم کرنے کے لئے جگایا تھا۔

[3] فضیلت۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ عبادت کے فوت ہو جانے سے جو ایک عابد کو افسوس ہوتا ہے اُس کی بہت بڑی قدر و قیمت ہے۔ گشت پرساں۔ لوگوں سے دریافت کیا کہ لوگ جلدی سے مسجد سے کیوں نکل رہے ہیں جماعت کا کیا ہوا۔ آں یکے۔ یعنی نماز پڑھ کر نکلنے والوں میں سے کسی نے اُس سے کہا حضور تو جماعت ختم کر کے دعا سے بھی فارغ ہو گئے ہیں۔ راز۔ یعنی نماز کے بعد کی خفیہ دعا۔

**تو کجا در می روی اے مردِ خام** — **چوں پیمبر باز داد آخر سلام**

اے ناقص! تو کہاں اندر جاتا ہے — جبکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری سلام پھیر دیا

**گفت آہ و درد زاں آمد بروں** — **آہِ اُو می داد از دل بوئے خوں**

اُس نے آہ کہا اور اُس آہ سے درد ظاہر ہوا — اُس کی آہ نے دل کے خون کی بُو دی

**آں یکے گفتا بدہ ایں آہ را** — **وِیں نمازِ من تُرا بادا عطا**

ایک شخص نے اُس سے کہا یہ آہ دے دے — اور یہ میری نماز تیرے لئے ہے

**گفت دادم آہ پذرفتم نماز** — **اُو ستد آں آہ را با صد نیاز**

اُس نے کہا میں نے آہ دیدی، نماز قبول کرلی — اُسنے وہ آہ لے لی جو سینکڑوں عاجزیوں کیساتھ تھی

**با نیاز و با تضرّع باز گشت** — **باز بود و در پے شہباز رفت**

وہ عاجزی اور تضرّع کے ساتھ لوٹا — باز تھا اور بعد میں شہباز ہوکر لوٹا

**شب بخواب اندر بگفتش ہاتفے** — **کہ خریدی آبِ حیوان و شفے**

ایک غیبی آواز نے خواب میں اُس سے کہا — کہ تونے آبِ حیات اور شفا خرید لی

**حُرمتِ ایں اختیار و ایں دُخول** — **شد نمازِ جملۂ خلقاں قبول**

اس پسندیدگی اور مداخلت کے احترام کی وجہ سے — تمام لوگوں کی نماز قبول ہوگئی

## تتمۂ اقرارِ ابلیس با حضرت معاویہؓ مکر و فریب خود را

شیطان کا حضرت امیر معاویہ رضؓ سے اپنے مکروفریب کے اقرار کرنے کا تتمہ

**پس عزازیلش بگفت اے میر راد** — **مکرِ خود اندر میاں باید نہاد**

اس کے بعد شیطان نے کہا، اے داتا امیر! — (مجھے) اپنا مکر بیان کردینا چاہیئے

**گر نمازت فوت می شد آں زماں** — **می زدی از دردِ دل آہ و فغاں**

اگر اُس وقت آپ کی نماز فوت ہوجاتی — تو آپ دل کے درد کیساتھ آہ و فغاں کرتے

**آں تاسّف و آں فغان و آں نیاز** — **در گذشتے از دو صد رکعت نماز**

وہ افسوس کرنا، اور وہ فریاد، اور وہ عاجزی — نماز کی دو سو رکعتوں سے بڑھ جاتی

**من ترا بیدار کردم از نہیب** — **تا نسوزاند چناں آہے حجیب**

میں نے ہی، خوف سے آپ کو جگا دیا — تاکہ ایسی آہ پردے کو نہ جلادے

**تا چُناں آہے نباشد مر ترا** — **تا بداں راہے نباشد مر ترا**

تاکہ ایسی آہ تمہیں حاصل نہ ہو جائے — تاکہ اُس آہ تک تمہاری رسائی نہ ہو

---

۱ مردِ خام۔ ناتجربہ کار۔ باز داد آخر سلام۔ آخری سلام پھیر چکے۔ گفت۔ اُس جماعت سے محروم نمازی نے ایسی آہ بھری جس میں درد تھا اور دل کے خون کی بو آرہی تھی۔ آں یکے۔ جو شخص جماعت کی نماز پڑھ چکا تھا اُس نے کہا میں اپنی نماز کا ثواب تمہیں دیتا ہوں تم اپنی اس آہ کے ثمرات مجھے عطا کردو۔ با صد نیاز۔ اس کا تعلق ستد فعل سے بھی ہوسکتا ہے اور آہ سے بھی ہوسکتا ہے۔ باز بود۔ یعنی قربِ الٰہی میں پہلے مرتبہ سے بڑھ گیا۔

۲ ہاتف۔ فرشتہ غیبی جو پکارے اور نظر نہ آئے۔ شفے۔ شفا کا امالہ ہے۔ اختیار چننا یعنی تم نے نماز اور آہ میں جو آہ کو چنا۔ دخول۔ یعنی نماز اور آہ کے معاملہ میں داخل ہونا۔ عزازیل۔ شیطان کا نام ہے۔ میرِ راد۔ دانا سردار۔

۳ گر نمازت۔ شیطان نے امیر معاویہؓ سے کہا اگر تمہاری نماز فوت ہوجاتی تو تم دل کے درد کے ساتھ آہ کرتے۔ آں تاسف۔ نماز کے فوت ہونے پر آپ جو افسوس اور فریاد اور عاجزی کرتے وہ دو سو نفلوں سے بھی بڑھ جاتی۔ نہیب۔ خوف۔ حجیب۔ یعنی قربِ الٰہی کا وہ پردہ جو ابھی تک حائل ہے۔

من حسودم[1] از حسد کردم چنیں | من عدوم کارِ من مکرست و کیں
میں تو حاسد ہوں میں نے حسد کی وجہ سے ایسا کیا | میں تو دشمن ہوں میرا کام مکاری اور کینہ وری ہے

مکرِ من دیدی مباش ایمن زمن | تا شوی صدرِ جہاں اندر زمن
آپ نے میرا مکر دیکھ لیا مجھ سے مطمئن نہ ہوجیے | تاکہ آپ زمانے میں عالم کے صدر بن جائیں

## جواب گفتنِ امیر المومنین امیر معاویہؓ ابلیس را بعد از اعتراف
اقرار کے بعد امیر المومنین معاویہؓ کا جواب دینا

گفت اکنوں راست گفتی صادقی | از تو ایں آید تو ایں را لائقی
(امیر معاویہؓ نے) فرمایا تو نے اب سچ کہا تو سچا ہے | تجھ سے یہی آتا ہے، تو اسی کے لائق ہے

عنکبوتی تو مگس داری شکار | من نیم اے سگ مگس زحمت میا
تو مکڑی ہے تو مکھی کا شکار کرتا ہے | اے کتے! میں مکھی نہیں ہوں تکلیف نہ اٹھا

بازِ اسپیدم[2] شکارم شہ کند | عنکبوتے کے بگردِ من تند
میں سفید باز ہوں، میرا شکار شاہ کرتا ہے | مکڑی میرا چکر کب کاٹے گی

کارِ تو این ست اے دزدِ لعیں | سوئے دوغ آری مگس را از انگبیں
اے ملعون چور! تیرا یہی کام ہے | مکھی کو شہد سے ہٹا کر چھاچھ پر لاتا ہے

رو مگس می گیر تا تانی ہلا | سوئے دوغے زن مگسہا را صلا
خبردار! جب تک تو کر سکے مکھی پکڑ | مکھیوں کو چھاچھ کی طرف بلا

ور بخوانی تو بسوئے انگبیں | ہم دروغ و دوغ باشد آں یقیں
اگر تو شہد کی طرف بلائے گا | یقیناً وہ بھی جھوٹ اور چھاچھ ہوگا

تو مرا بیدار کردی خواب[3] بود | تو نمودی کشتی آں گرداب بود
تو نے مجھے جگایا (لیکن جگانا) نیند تھا | تو نے کشتی دکھائی وہ بھنور تھا

تو مرا در خیر زاں می خواندی | تا مرا از خیر بہتر راندی
تو نے مجھے بھلائی کی طرف اس لئے بلایا | تاکہ مجھے بہتر خیر سے ہٹا دے

## فوت شدنِ دزد بآواز دادنِ آں شخص صاحب خانہ را
چور کا بچ نکلنا ایک شخص کے پکارنے کی وجہ سے گھر کے اس مالک کو

## کہ نزدیک شدہ بود کہ دزد را دریابد
جو قریب تھا کہ وہ چور کو پکڑ لے

---

[1] من حسودم۔ لہٰذا میرا اصلی کام حسد پر مبنی تھا۔ مکرِ من۔ یعنی نماز کیلئے جگانا۔ ایمن۔ مطمئن۔ زمن۔ زمانہ۔ اعتراف۔ اقرار۔ ایں آید یعنی گمراہ کرنا اور ثواب سے محروم کرنا۔ عنکبوت۔ مکڑی جو کھیوں کا شکار کرتی ہے۔ من نیم۔ قرآن پاک میں ہے۔ اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطَانٌ۔ یعنی اے شیطان میرے مخلص بندوں پر تیرا زور نہ چلے گا۔

[2] بازِ اسپید۔ سفید باز زیادہ قیمتی ہوتا ہے۔ شہ۔ باز کو شاہ پھانستے ہیں۔ سوئے دوغ۔ یعنی شیطان کا کام اچھائی سے ہٹا کر برائی کی طرف لانا ہے۔ صلا۔ کھانے کی دعوت دینا۔ انگبیں۔ یعنی جس کو تو شہد بتائیگا وہ چھاچھ ہوگی۔

[3] خواب بود۔ چونکہ بیدار کرنے میں ثواب سے محروم کیا تو یہ بیدار کرنا دراصل سلانا تھا جو ثواب سے محروم رکھتا ہے۔ کشتی یعنی تو نے جو بھلائی دکھائی وہ تباہی تھی۔ فوت شدن۔ یہ قصہ نقل کرکے بھی یہ بتانا ہے کہ بہت سی باتیں ایسی ہیں جو بظاہر بھلی معلوم ہوتی ہیں لیکن ان کی تہ میں شرارت ہوتی ہے۔

ایں[1] بداں ماند کہ شخصے دزد دید — در وثاق اندر پئے اُو می دوید
یہ اس طرح کی بات ہے کہ ایک شخص نے چور کو دیکھا — گھر میں (اور) وہ اُس کے پیچھے دوڑنے لگا

تا دو سہ میداں دوید اندر پیش — تا درافگند از تعب اندر خوئش
دو تین میدانوں تک اُس کے پیچھے دوڑا — یہاں تک کہ مشقت سے اُس (چور) کو پسینہ میں ڈبو دیا

اندراں حملہ کہ نزدیک آمدش — تا بدو اندر جہد دریابدش
اُس حملے کے دوران کہ وہ اُس کے نزدیک پہنچا — یہاں تک کہ ایک جست میں اُس کو پکڑ لے

دزدِ دیگر بانگ کردش کہ بیا — تا بہ بینی ایں علاماتِ بلا
دوسرے چور نے اُس کو پکارا کہ آ — تاکہ تو مصیبت کی اِن علامتوں کو دیکھ لے

زود باش و باز گرد اے مردِ کار — تا بہ بینی حالِ ایں جا زار زار
جلدی کر، واپس آ، اے کام کے دھنی! — تاکہ تو یہاں کا حالِ زار دیکھ لے

چوں شنید ایں مرد گشت اندیشناک — گفت با خود کشتہ گیر ایں جا مہ چاک
جب اُس شخص نے سنا فکر میں پڑ گیا — اپنے آپ سے بولا اِس مرتے کو مُردہ سمجھ

گفت باشد کاں طرف دزدے بود — گر نہ گردم زود زاں بر من دود
(اور) کہنے لگا ہو سکتا ہے کہ اُس طرف چور ہو — اگر میں جلد واپس نہ ہوا تو وہ مجھ پر حملہ کر دیگا

بر زن[2] و فرزندِ من دستے زند — کشتنِ ایں دزد سودم کے کند
میرے بیوی اور بچوں پر ہاتھ مار دے — (پھر) مجھے اِس چور کو مار ڈالنا کب فائدہ دیگا؟

ایں مسلماں از کرم می خواندم — گر نگردم زود پیش آید ندم
یہ مسلمان مہربانی سے مجھے بُلاتا ہے — اگر میں جلد نہ لوٹوں تو ندامت کا سامنا ہوگا

بر امیدِ شفقتِ آں نیک خواہ — دزد را بگذاشت باز آمد براہ
اُس خیر خواہ کی شفقت کی امید کی بنا پر — چور کو چھوڑ دیا اور راستہ سے لوٹ آیا

گفت[3] اے یارِ نکو احوال چیست — ایں فغان و بانگ تو از دستِ کیست
کہا اے اچھے دوست! کیا احوال ہیں! — یہ تیری چیخ و پکار کس کی وجہ سے ہے؟

گفت اینک بیں نشانِ پائے دزد — ایں طرف رفت ست دزدِ زن بمزد
اُس نے کہا یہ ہیں چور کے پاؤں کے نشان دیکھ لے — بھڑوا، چور اِس طرف گیا ہے

نک نشانِ پائے دزدِ قلتباں — در پئے اُو رو بدیں نقش و نشاں
دیوث چور کے پاؤں کا نشان یہ ہے — اِس علامت اور نشان کے ذریعہ اُسکا پیچھا کر

[1] ایں۔ یعنی شیطان کا کام کرنے جیسا ہے۔ وثاق گھر۔ تا درافگند گھر کے مالک نے چور کو دوڑا کر تھکا دیا۔ آمدش۔ اب استقدر قریب ہو گیا تھا کہ ایک حملہ میں اُس چور کو پکڑ لے۔ بیا یعنی مالک کو جو چور کے پیچھے بھاگ رہا تھا پکارا۔ گفت باخود۔ پکارنے والے چور کی آواز سنکر دل میں کہنے لگا۔ کشتہ گیر مُردہ سمجھ لے۔ جامہ چاک۔ مُردہ یعنی وہ چور جس کے پیچھے یہ بھاگ رہا تھا۔ آں طرف۔ جدھر سے آواز آئی ہے۔ بر من دود۔ مجھ پر حملہ کر دے۔

[2] بر زن۔ یعنی جس طرف وہ پکارنے والا پکار رہا ہے وہاں کوئی دوسرا چور ہو جو بال بچوں پر حملہ کر دے تو اُس چور کو مار ڈالنے سے بھی مجھے کیا ملیگا۔ ندم۔ یعنی بال بچوں سے غفلت برتنے کی ندامت۔ نیک خواہ۔ یعنی پکارنے والا۔

[3] گفت یعنی مالک نے پکارنے والے سے کہا۔ گفت اینک۔ پکارنے والے نے کہا۔ زن بمزد۔ وہ شخص جو بیوی کی نسبت کی کمائی کھائے۔ قلتبان۔ دیوث۔ در پئے او یعنی چور کے پیچھے۔

گفت اے ابلہ چہ میگوئی مرا
من گرفتہ بودم آخر دزد را
اُس نے کہا اے بیوقوف! مجھے کیا کہتا ہے؟
میں نے تو چور کو پکڑ ہی لیا تھا

دزد را از بانگِ تو بگذاشتم
من تو خر را آدمی پنداشتم
تیری پکار کی وجہ سے میں نے چور کو چھوڑ دیا
میں نے تجھ گدھے کو آدمی سمجھا

ایں چہ ژاژست و چہ ہرزہ اے فلاں
من حقیقت یافتم چہ بود نشاں
اے فلاں! یہ کیا بکواس اور بیہودگی ہے
میں نے اس کو پکڑ لیا تھا علامت کیا ہوتی ہے؟

گفت من از حق نشانت میدہم
ایں نشانست از حقیقت آگہم
اُس نے کہا میں تجھے صحیح علامت بتا رہا ہوں
یہ نشانات ہیں میں حقیقت سے واقف ہوں

گفت طراری تو یا خود ابلہی
بلکہ تو دزدی و زیں حال آگہی
اُس نے کہا تو گرہ کٹ ہے یا پاگل ہے
بلکہ تو چور ہے اور اس حالت سے واقف ہے

خصمِ خود را می کشیدم من کشاں
تو رہانیدی ورا کاینک نشاں
میں اپنے دشمن کو بال پکڑ کر گھسیٹتا
تو نے اس کو چھڑا دیا کہ یہ نشان ہے

تو جہت گو من بروم از جہات
در وصال آیات کو یا بینات
تو سبب کی بات کرتا ہے میں اسباب سے آگے ہوں
وصال (کی صورت) میں نشانیاں اور دلائل کہاں؟

صنع بیند مردِ محجوب از صفات
در صفات آنست کو گم کرد ذات
افعال وہ دیکھتا ہے جو صفات سے محجوب ہو
صفات میں وہ (مقید) ہے جس نے ذات کو گم کر دیا ہو

واصلاں چوں غرقِ ذات اند اے پسر
کے کنند اندر صفاتِ او نظر
اے صاحبزادے! واصلین جبکہ ذات میں مستغرق ہیں
وہ اس کی صفات پر کب نظر کرتے ہیں!

چونکہ اندر قعرِ جو باشد سرت
کے برنگِ آب افتد منظرت
جبکہ تیرا سر نہر کی تہ میں ہو
پانی کے رنگ پر تیری نظر کب پڑتی ہے!

ور برنگِ آب باز آئی ز قعر
پس پلاسے بستدی دادی شعر
اگر تو دریا کی تہ سے پانی کے رنگ پر واپس آجائے
تو تو نے ٹاٹ لے لیا اور پشمینہ دے دیا

طاعتِ عامہ گناہِ خاصگاں
وصلتِ عامہ حجابِ خاص داں
عوام کی طاعت خاصوں کے لئے گناہ ہے
عوام کے وصال کو خواص کا پردہ سمجھ

## حکایت وزیرکہ پادشاہ اورا از وزارت معزول کرد بود و محتسبی داد

بادشاہ کے اس وزیر کا قصہ جس کو بادشاہ نے وزارت سے معزول کر کے کوتوالی دے دی



لـ گفت اے ابلہ۔ مالک نے پکارنے والے سے کہا حق تو خر را یعنی گدھا ہے میں نے تجھے آدمی سمجھا۔ ژاژ۔ بکواس۔ ہرزہ۔ بیہودہ بات۔ حقیقت یعنی اصل چور۔ نشان یعنی نشانِ قدم طرار۔ گرہ جیب تراش ہے۔ دزدی یعنی تو اس چور کا شریک کار ہے۔
ــہ خصم خود۔ مالک نے کہا تو نے یہ کہہ کر اسے چھڑا دیا کہ چور کی نشانی دیکھ لے تو جہت گو۔ جبکہ میں اصل مقصد تک پہنچ چکا تھا تو مقصد کے اسباب اور وجوہ بتا رہا تھا۔ صنع۔ سالک پر افعال کی تجلی پڑتی ہے پھر صفات کی پھر ذات کی۔ جب سالک صفات کی تجلی سے محروم ہوتا ہے تو افعال کی تجلی میں لگا رہتا ہے اور صفات کی تجلی کے بعد افعال کی تجلی سے قطع نظر کر لیتا ہے اور جبکہ اس کو ذات کی تجلی حاصل ہو جاتی ہے تو اسکو صفات کی تجلی کی ضرورت نہیں رہتی ہے۔ واصلان۔ واصل بحق ذات کی تجلی میں مستغرق رہتے ہیں چونکہ۔ اسکی مثال یہ ہے کہ اگر کوئی شخص پانی کی تہ میں پہنچ جائے تو پانی کا رنگ اسکے پیش نظر نہیں رہتا ہے۔
ــہ ور برنگ آب۔ اگر کوئی ذات کی تجلی کے بعد صفات کی تجلی میں مستغرق ہو جائے تو وہ ایک اونچے مرتبہ سے گر کر ادنی مرتبہ پر گیا پلاس ٹاٹ شعر پشمینہ۔ طاعت عامہ مشہور مقولہ ہے حسنات الابرار سیئات المقربین عام لوگوں کی نیکیاں مقربین کیلئے بمنزلہ گناہ ہیں۔

گر وزیرے را کند شہ محتسب[۵] | شہ عدو او بود نبود محب
اگر بادشاہ کسی وزیر کو کوتوال بنا دے | تو بادشاہ اس کا دشمن ہوگا دوست نہ ہوگا

ہم گناہے کردہ باشد آں وزیر | بے سبب نبود تغیر ناگزیر
اُس وزیر نے کوئی خطا کی ہوگی | لازمی تغیر بے وجہ نہیں ہوتا ہے

زانکہ اوّل محتسب بُد خود ورا | بخت و روزی آں بُدست از ابتدا
جو پہلے سے کوتوال تھا خود اس کے لئے | وہ (کوتوالی) شروع سے نصیبہ اور روزی تھی

لیک کاں اوّل وزیر شہ بُدست | محتسب کردن سبب فعل بدست
لیکن جو کہ پہلے بادشاہ کا وزیر ہو | (اُس کو) کوتوال بنانا کسی بُرے کام کی وجہ سے ہے

چوں ترا شہ ز آستانہ پیش خواند | باز سوئے آستانہ باز راند
جیسے بادشاہ نے تجھے چوکھٹ سے آگے بلایا | پھر چوکھٹ کی طرف واپس کر دیا

تو یقیں[۶] میداں کہ جرمے کردۂ | جبر را از جہل پیش آوردۂ
تو یقین کرلے کہ تو نے کوئی غلطی کی ہے | تو جبر کو نادانی سے پیش کرتا ہے

کہ مرا روزی و قسمت ایں بُدست | پس چرا دی بودت آں دولت بدست
کہ میری تقدیر اور قسمت یہی تھی | تو کل یہ دولت تیرے ہاتھ میں کیوں تھی؟

قسمت خود خود بُریدی تو ز جہل | قسمت خود را فزاید مرد اہل
تو نے نادانی سے اپنے حصہ کو خود منقطع کر دیا | لائق آدمی اپنا حصہ بڑھاتا ہے

یک مثال دیگر اندر کژروی | شاید ار از نقل قرآں بشنوی
کج روی کی ایک دوسری مثال | مناسب ہے اگر تو قرآن کی آیتوں سے سن لے

## قصۂ[۷] منافقان و مسجد ضرار ساختن ایشاں

منافقوں اور اُن کے مسجدِ ضرار بنانے کا قصہ

ایں چنیں کژ بازی در جفت و طاق | با نبی می باختند اہل نفاق
اسی طرح اُلٹی بازی داؤں میں | نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ منافق کھیلتے تھے

کز برائے عزّ دین احمدی | مسجدے سازیم و بود آں مرتدی
کہ احمدی دین کی عزت کے لئے | ہم ایک مسجد بناتے ہیں اور وہ (اُن کی) بے دینی تھی

ایں چنیں کژ بازی می باختند | مسجدے جز مسجدش می ساختند
اسی طرح کی اُلٹی بازی انھوں نے کھیلی | اُن کی مسجد کے علاوہ انھوں نے ایک مسجد بنائی

---

۵ محتسب۔ کوتوال۔ زانکہ ... ابتداً کوتوالی کے عہدہ پر فائز ہونا اس کی خوش نصیبی ہے لیکن وزارت سے کوتوالی پر آجانا سزا ہے۔ لیک ... وزارت کے بعد کوتوال بن جانا سزا ہے۔ چوں ترا آستانہ پر ... پیشی میں رہنے کے مرتبہ سے گرا ہوا ہے۔

۶ تو یقیں۔ انسان اپنے ... گناہ کو تقدیر پر محمول کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ... قسمت میں ہی لکھا تھا۔ ... اس میں خود اس کا قصور ہوتا ہے ورنہ اس کو پہلے یہ ... کیوں حاصل تھا۔ قسمت ... انسان اپنی نادانی سے اپنی قسمت گھٹاتا ہے ورنہ اہل ... انسان جد و جہد سے اپنی قسمت بڑھا لیتا ہے۔

۷ قصہ شیطان کے واقعہ سے یہ سمجھایا تھا کہ بسا اوقات ... بظاہر اچھا نظر آتا ہے لیکن اس میں بُرائی پوشیدہ ہوتی ہے اسی بات کو منافقوں کے مسجد ضرار کے بنانے سے سمجھایا ہے مسجد بنانا بظاہر ... لیکن اس کا مقصد ... ناپاک تھا۔ مسجد ضرار ... مسجد جو منافقوں نے مسجد قبا ... تیار کی تھی۔ جفت ... جوڑا ... طاق ... بازی کا داؤ ... ہوجاتا ہے۔ اہل نفاق۔ ... ابن ابی اور اس کے ساتھی۔ ... یعنی اُن کا یہ فعل ...

فرش و سقف و قبہ اش آراستہ — لیک تفریقِ جماعت[1] خواستہ
فرش اور چھت اور اس کا گنبد بنایا — لیکن (انھوں نے) جماعت کو متفرق کرنا چاہا

نزدِ پیغمبر بلابہ آمدند — ہمچو اشتر پیشِ او زانو زدند
خوشامد کرتے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس آئے — اونٹ کی طرح اُن کے سامنے گھٹنے ٹیک دیئے

کاے رسولِ حق برائے محسنی — سوئے آں مسجد قدم رنجہ کنی
کہ اے اللہ کے رسولؐ برائے کرم — اُس مسجد کی جانب تشریف لے چلیں

تا مبارک گردد از اقدامِ تو — تا قیامت تازہ بادا نامِ تو
تاکہ آپ کی تشریف آوری سے وہ متبرک ہو جائے — خدا کرے قیامت تک آپ کا نام زندہ رہے

مسجدِ روزِ گل ست و روزِ ابر — مسجدِ روزِ ضرورت وقتِ صبر
(یہ) مسجد کیچڑ اور بارش کے دن کے لئے ہے — (یہ) مسجد ضرورت اور مجبوری کے دن کیلئے ہے

تا غریبے[2] یابد آنجا خیر و جا — تا فراواں گردد ایں خدمت سرا
تاکہ کوئی مسافر اُس جگہ ٹھکانا اور بھلائی پاسکے — تاکہ یہ خدمت کی جگہیں زیادہ ہو جائیں

تا شعارِ دیں شود بسیار و پُر — زانکہ با یاراں شود خوش کارِ مُر
تاکہ دین کا شعار زیادہ اور پُر ہو جائے — کیونکہ دوستوں کے ساتھ تلخ کام شیریں ہو جاتا ہے

ساعتے آں جائیگہ تشریف دہ — تزکیہ ما کن زماں تعریف دہ
تھوڑی دیر کے لئے اُس جگہ تشریف رکھیں — ہمیں پاک کریں اور معرفت سکھائیں

مسجد و اصحابِ مسجد را نواز — تو مہی ما شب دمے با ما بساز
مسجد اور مسجد والوں کو نواز دیجئے — ہم رات ہیں آپ چاند تھوڑی دیر ہمارے ساتھ رہیں

تا شود شب از جمالت جملہ روز — اے جمالت آفتابِ جاں فروز
تاکہ آپ کے جمال سے رات مجسّم دن بن جائے — اے وہ (ذات) کہ آپکا جمال روح کو روشن کرنیوالا

اے[3] دریغا کاں سخن از دل بُدے — تا مرادِ آں نفر حاصل شدے
ہائے افسوس! کاش یہ باتیں دل سے ہوتیں — تاکہ اُس گروہ کا مقصد حاصل ہو جاتا

لفظ کاید بے دل و جاں بر زباں — ہمچو سبزہ تُوں بُود اے دوستاں
جو لفظ بے دل اور بغیر روح کے زبان پر آتا ہو — اے دوستو! وہ کوڑی کے سبزے کی طرح ہوتا ہے

ہم ز دُورش بنگر و اندر گذر — خوردن و بُو را نشاید اے پسر
اُس کو دُور سے دیکھ لے اور گزر جا — اے بیٹا! وہ کھانے اور سونگھنے کے لائق نہیں ہے

[1] جماعت یعنی مدینہ کی جماعت۔ لابہ خوشامد۔ [illegible] زوند۔ زدوز [illegible] آں مسجد یعنی مسجد ضرار۔ اقدام۔ تشریف آوری۔ تا قیامت انھوں نے حضورؐ کو [illegible] مسجد روز گل یعنی ہم نے یہ مسجد اسلئے بنائی ہے کہ کیچڑ اور بارش کی مجبوری اور ضرورت میں یہاں نماز پڑھ لیا کریں گے۔

[2] تا غریبے۔ اس مسجد میں یہ بھی فائدہ ہے کہ اس میں مسافر ٹھہر جایا کریں گے اور مسجدوں کی کثرت بھی ہو جائیگی۔ با یاراں۔ مسجد بنانا مشکل کام ہے۔ ہمارے اتحاد میں اور دوسروں کی مدد سے مسجدیں بنانا آسان ہو جائے گا۔ تزکیہ۔ نبی کا کام لوگوں کے دلوں کو پاک کرنا ہے۔ تعریف۔ یعنی معرفت خداوندی کی باتیں۔ تو مہی۔ آپ کے نور سے ہم سیاہ باطن منوّر ہو جائیں گے۔

[3] اے دریغا۔ مولانا فرماتے ہیں یہ سب اُن کی جھوٹی باتیں تھیں اگر سچی ہوتیں تو اُن کا مقصد ضرور پورا ہوتا۔ لفظ۔ خوشامد کی جھوٹے لفظوں کی مثال کوڑی کے سبزے جیسی ہے۔ سبزتوں کوڑی یا گھورے کا سبزہ۔

سوئے لطف[1] بے وفایاں ہیں مرو ... کاں پُلِ ویراں بود نیکو شنو

خبردار! بے وفاؤں کی مہربانی کی طرف نہ جا ... اچھی طرح سُن لے وہ ٹوٹے ہوئے پُل کی طرح ہے

گر قدم را جاہلے بروے زند ... بشکند پُل واں قدم را بشکند

اگر کوئی ناواقفیت سے اس پہ قدم رکھے گا ... پُل ٹوٹ جائے گا اور وہ پیر کو توڑ دے گا

ہر کجا لشکر شکستہ می شود ... از دو سہ سُست و مخنث می بود

کسی جگہ کوئی لشکر شکست کھاتا ہے ... تو ایسا دو تین سُست اور نامردوں کی وجہ سے ہوتا ہے

در صف آید با سلاح[2] و مرد وار ... دل برو بنہند کاینک یارِ غار

وہ نامرد ہتھیار باندھ کر اور مردانہ وار آتا ہے ... (لشکری) اُس پر بھروسہ کرتے ہیں کہ یہ سچا دوست ہے

رُو بگرداند چو بیند زخمہا ... رفتنِ اُو بشکند پُشتِ ترا

جب گھاؤ ہوتا ہے تو منہ موڑ لیتا ہے ... اُس کا بھاگنا تیری کمر توڑ دیتا ہے

ایں دراز ست و فراواں می شود ... وانچہ مقصود ست پنہاں می شود

یہ (قصہ) لمبا اور زیادہ ہو رہا ہے ... اور جو مقصد ہے وہ مخفی ہو رہا ہے

## فریفتن منافقان پیغمبر علیہ السلام را تا کہ بمسجد ضرار برندو

منافقوں کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو بہکانا تاکہ مسجد ضرار میں لے جائیں اور

## اظہار ناکردن مصطفیٰ مکر ایشاں را از کمالِ حلمِ خود

مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتہائی بردباری کی وجہ سے انکے مکر کو ظاہر نہ کرنا

بر رسولِ حق فسونہا خواندند ... رخشِ دستان و حیل می راندند

اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر انھوں نے بہت سے ... مکر اور فریب کا گھوڑا دوڑاتے تھے

چاپلوسی و فسونہا خواندند ... نُزلِ[3] خدمت سُوئے حضرت راندند

خوشامد کرتے تھے اور منتر پڑھتے تھے ... خدمت اور خاطر تواضع کی بات آنحضورؐ کی جانب بڑھائی

آں رسولِ مہربان و رحم کیش ... جز تبسم جز بلے ناورد پیش

وہ مہربان اور رحم کی عادت والے رسولؐ ... سوائے مسکراہٹ کے (اور) سوائے ہاں کے پیش نہ آئے

شکرہائے آں جماعت یاد کرد ... در اجابت قاصداں را شاد کرد

اس جماعت کا شکریہ ادا فرمایا ... قبول کرنے (کے معاملہ) میں قاصدوں کو خوش کر دیا

می نمود آں مکر ایشاں پیشِ او ... یک بیک زانساں کہ اندر شیر مُو

آپ کے سامنے اُن کا مکر ظاہر ہو جاتا تھا ... فوراً اس طرح جیسا کہ دودھ میں بال

[1] لطف بے وفایاں۔ بے وفاؤں کی مہربانی پرانے پُل کی طرح ہے۔ انسان بے خبری میں اس پر سے گذرتا ہے، پُل بھی بیٹھ جاتا ہے اور وہ پیر کو بھی توڑ دیتا ہے۔ ہر کجا۔ لشکر کی شکست بھی عموماً بے وفاؤں کی وجہ سے ہوتی ہے۔

[2] سلاح۔ ہتھیار۔ یارِ غار۔ سچا دوست۔ رفتنِ او۔ ایک بُزدل کے بھاگنے سے پورے لشکر کی ہمت ٹوٹ جاتی ہے۔ ایں یعنی بے وفاؤں کے نقصانات کے قصے۔ مقصود۔ یعنی مسجد ضرار کا قصہ۔ فسوں۔ فسوں، منتر۔ رخش۔ رستم کا گھوڑا، گھوڑا۔ حیل۔ حیلہ کی جمع ہے۔

[3] نُزل۔ مہمانی کا کھانا۔ کیش۔ خصلت، عادت۔ بلے۔ ہاں۔ کسی بات کی تصدیق کے لئے بولا جاتا ہے۔ اجابت۔ دعوت کو قبول کرنا۔ می نمود۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم منافقوں کی چالوں کو سمجھ جاتے تھے لیکن اپنی شرافت نفس کی وجہ سے اُس کا اظہار نہ فرماتے تھے۔

مُوی را نادیدہ میکرد آں لطیف[1]
وہ مہربانؐ، بال کو اَن دیکھا کر دیتے تھے
شیر را شاباش می گفت آں ظریف
وہ عالی ظرف دودھ کی تعریف کر دیتے تھے

صد ہزاراں مُوی مکر و دَمدمہ
مکر اور فریب کے لاکھوں بال تھے
چشم خوابانید آں دم از ہمہ
اُس وقت انھوں نے سب سے آنکھ بند کر لی

راست می فرمود آں بحرِ کرم
اُس دریائے کرم نے سچ فرمایا ہے
بر شما من از شما مُشفق ترم
میں تم پر تم سے بھی زیادہ مہربان ہوں

من نشستہ بر کنارِ آتشے
میں ایک آگ کے کنارے بیٹھا ہوں
با فروغ و شعلہ بس ناخوشے
جو بہت بھڑکنے والی اور خراب شعلوں والی ہے

ہمچو پروانہ شما آں سُو دواں
تم پروانوں کی طرح اُس طرف دوڑتے ہو
ہر دو دستِ من شدہ پروانہ راں
میرے دونوں ہاتھ پروانوں کو ہٹانے والے بنے ہیں

چوں[2] براں شد تا رواں گردد رسول
جب معاملہ یہاں پہنچا کہ رسولؐ مسجدِ ضرار کی طرف روانہ ہوں
غیرتِ حق بانگ زد مشنو ز غول
اللہ (تعالیٰ) کی غیرت نے آواز دی چھلاوے کی بات نہ سنو

کیں خبیثاں مکر و حیلت کردہ اند
کہ اِن خبیثوں نے مکر اور حیلہ کیا ہے
جملہ مقلوب ست آنچہ آوردہ اند
جو انھوں نے کہا ہے سب اُلٹا ہے

قصدِ ایشاں جز سیاہ رُوئی نبود
اُن کا ارادہ روسیاہی کے علاوہ کچھ نہ تھا
خیرِ دیں کے جُست ترسا و یہود
عیسائی اور یہودیوں نے دین کی بھلائی کب چاہی ہے؟

مسجدے بر جسرِ دوزخ ساختند
انھوں نے دوزخ کے پُل پر مسجد بنائی ہے
با خدا نَردِ دَغا ہا باختند
انھوں نے خدا کے ساتھ دھوکے کی چال چلی ہے

قصدِ شاں تفریقِ اصحابِ رسول
اُنکا مقصد رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے صحابہ میں تفرقہ
فضلِ حق را کے شناسد ہر فضول
کوئی بیہودہ خدا کے فضل کو کب جانتا ہے؟

تا جُہودے[3] را ز شام اینجا کشند
تاکہ ایک یہودی کو شام سے اِس جگہ لائیں
کہ بوعظِ اُو جہوداں سرخوش اند
جس کے وعظ سے یہودی مانوس ہیں

گفت پیغمبر کہ آرے لیک ما
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا ہاں لیکن ہم
بر سرِ راہیم و بر عزمِ غزا
سفر پر (تیار) ہیں اور جہاد کا ارادہ ہے

زیں سفر چوں باز گردم آنگہاں
جب میں سفر سے واپس آجاؤں گا، تب
سوئے آں مسجد رواں گردم رواں
اُس مسجد کی طرف چلوں گا

[1] لطیف۔ مہربان، نازک۔ (٢،١) خوشا۔ درزن چشم خوابانید۔ چشم پوشی کرنا۔ بحر کرم۔ یعنی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ من نشستہ۔ آنحضورؐ نے فرمایا ہے کہ میری مثال اور تمہاری مثال یہ ہے کہ ایک شخص نے آگ روشن کی پتنگے اُس میں آکر گرنا چاہتے ہیں اور وہ شخص اُن کو روکتا ہے۔

[2] چوں براں شد۔ آنحضورؐ نے پہلے تشریف لے جانے کا ارادہ کر لیا تھا لیکن بعد میں وحی کے ذریعہ منافقت اور اُن منافقین کے احوال سے آنحضورؐ کو باخبر کر دیا گیا۔ اشعار میں واقعات کی ترتیب بدل گئی ہے۔ غول۔ چھلاوا، جو راستے سے بھٹکاتا ہے۔ مقلوب۔ جیسا کہ اُن منافقوں نے ظاہر کیا ہے اُنکے پیش نظر دین کا فروغ نہیں ہے بلکہ اُن کا مقصد دین کو برباد کرنا ہے۔

[3] تا جہودے۔ ابو عامر جو مدینہ کا رہنے والا تھا اُس نے عیسائی مذہب اختیار کر لیا تھا اور اُس کو راہب کہا جاتا ہے۔ وہ ابتداءً آنحضورؐ کی اُن پیشگوئیوں کا بھی ذکر کرتا تھا جو آنحضورؐ کے بارے میں انجیل میں تھیں لیکن ہجرت کے بعد اُس نے آنحضورؐ کی مخالفت شروع کر دی تھی۔ جنگ بدر کے بعد وہ مدینہ چھوڑ کر مکہ چلا گیا تھا اور پھر وہاں سے شام کے علاقہ میں جا بسا تھا اور وہاں سے مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرتا رہتا تھا۔ غزوہ۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کیلئے روانہ ہونیوالے تھے۔

دفعِ شاں گفت و بسوئے غزو تاخت | باد غایاں از دغا نردے بباخت
اُن کو ٹال دیا اور جہاد کے لئے روانہ ہو گئے | دغا بازوں کے ساتھ دغا کی چال چلی

چوں بیامد از غزا[1] باز آمدند | چنگ اندر وعدۂ ماضی زدند
جب (رسول) غزوے سے آئے وہ پھر آئے | (اور) پہلے وعدے کا سہارا لیا

گفت حقش کاے پیمبر فاش گو | عذر آور، جنگ باشد باش گو
اللہ (تعالےٰ) نے اُن سے فرمایا اے پیغمبر صاف کہہ دیجئے | (جلسہ) عذر کر دیجئے، جنگ ہوتی ہے تو ہو

گفت اے قومِ دغل خامش کنید | تا نگویم رازہا تاں تن زنید
(پیغمبر نے) فرمایا اے مکار قوم! چپ رہو | خاموش ہو جاؤ، تاکہ میں تمہارے راز نہ کہہ ڈالوں

گفت تاں بس بد درون و دشمنید | من نخواہم آمد از من بگذرید
(پیغمبر نے) فرمایا تم بدباطن اور دشمن ہو | میں نہیں آؤں گا، میرا خیال چھوڑ دو

چوں نشانِ[2] چند از اسرارِ شاں | در بیاں آورد بد شد کارِ شاں
جب آپ نے ان کے بھیدوں کے کچھ نشان | بیان کر دیئے تو اُن کا کام بگڑ گیا

قاصداں زو باز گشتند آں زماں | حاش للہ حاش للہ دم زناں
قاصد آپ کے پاس سے واپس ہو گئے (اور) دوسرے وقت | خدا بچائے خدا بچائے کہتے ہوئے

ق

ہر منافق مصحفے زیرِ بغل | سوئے پیغمبر بیاورد از دغل
ہر منافق قرآن بغل میں دبا کر | مکاری سے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس لایا

تا خورد سوگند کایماں جُنّے ست | زانکہ سوگند آں کژاں را سنّتے ست
تاکہ قسم کھائے کیونکہ قسم ڈھال ہے | اس لئے کہ قسم کھانا اُن کجوں کی عادت ہے

چوں[3] ندارد مردِ کژ در دیں وفا | ہر زمانے بشکند سوگند را
کج انسان چونکہ دین (کے معاملہ) میں وفا نہیں رکھتا ہے | ہر وقت قسم توڑ دیتا ہے

راستاں را حاجتِ سوگند نیست | زانکہ ایشاں را دو چشمِ روشنے ست
سچوں کو قسم کی ضرورت نہیں ہے | اس لئے کہ اُن کی دونوں آنکھیں روشن ہیں

نقضِ میثاق و عہود از احمقی ست | حفظِ ایمان و وفا کارِ تقی ست
عہد اور پیمان کا توڑنا بیوقوفی ہے | قسموں کی حفاظت اور پورا کرنا متقی کا کام ہے

گفت پیغمبر کہ سوگندِ شما | راست گیرم یا کہ پیغامِ خدا
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ تمہاری قسم | سچ سمجھوں یا خدا کا پیغام

[1] غزا۔ یعنی غزوۂ تبوک گئے۔ حضور کو اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا کہ اُن سے صاف انکار کر دو خواہ تم کو جنگ برداشت کرنی پڑے۔ خاش خاش۔ آنحضور نے منافقوں سے فرمایا چپ ہو ورنہ تمہاری دیگر جعلسازشیں کھول دونگا۔

[2] چون نشان۔ صحابہ کو آگاہ کرنے کیلئے اُن کی چند سازشیں ذکر کر دیں۔ قاصداں یعنی وہ منافق آنحضور کے راز کھول دینے پر شرمندہ ہو کر اس وقت تو واپس ہو گئے پھر دوسرے وقت اپنی برأت کرتے ہوئے قرآن بغل میں آنحضور کے پاس آئے۔ کایمان جُنّتے۔ قرآن نے فرمایا ہے کہ منافقوں نے اپنی قسموں کو اپنی ڈھال بنا رکھا ہے۔ کژان۔ کج فطرت جھوٹے زیادہ قسمیں کھاتے ہیں۔

[3] چون ندارد۔ کج فطرت میں دینداری نہیں ہوتی لہٰذا وہ قسم توڑ دیتا ہے۔ دو چشم یعنی وہ بد عہدوں کا انجام دیکھتے ہیں۔ پیغام خدا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے۔ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ۔ خدا گواہی دیتا ہے کہ منافق حق جھوٹے ہیں۔

بازسوگندِ دگر خوردند قوم[1] — مُصحف اندر دست و برلب مُہرِ صوم
قوم نے پھر دوسری قسم کھائی — ہاتھ میں قرآن منہ پر روزے کی مُہر

کہ بحقِ ایں کلامِ پاک و راست — کہ بنائے مسجد از بہرِ خداست
کہ اِس سچے اور پاک کلام کی قسم — مسجد کی تعمیر خدا کے لئے ہے

اندریں جا ہیچ مکر و حیلہ نیست — قصدِ ما زاں صدق و ذکر و یاربیست
اِس میں کوئی مکر اور حیلہ نہیں ہے — اُس سے ہمارا ارادہ سچائی اور ذکر اور یارب کہنا ہے

گفت پیغمبرؐ کہ آوازِ خدا — می رسد در گوشِ من ہمچوں صدا
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ خدا کی آواز — میرے کان میں صدا کی طرح آتی ہے

مُہر بر گوشِ شما بنہاد حق — تا بآوازِ خدا نارد سبق
اللہ (تعالےٰ) نے تمہارے کان پر مُہر لگا دی ہے — تاکہ خدا کی آواز سے سبق نہ سیکھے

نک صریح آوازِ حق می آیدم — ہمچو صاف از دُرد می پالایدم
اب میرے پاس خدا کی صاف آواز آتی ہے — جو تلچھٹ کی طرح مجھے تلچھٹ سے صاف کر دیتی ہے

چوں کلیم اللہ[2] کز سوئے درخت — بانگِ حق بشنید کائے مسعود بخت
جس طرح (موسیٰ) کلیم اللہ نے درخت کی جانب سے — اللہ (تعالےٰ) کی آواز سُنی کہ اے نیک نصیب!

از درخت اِنّی اَنَا اللہ می شنید — با کلام انوار می آمد پدید
درخت سے "بیشک میں ہی خدا ہوں" سُنتے تھے — کلام کے ساتھ انوار ظاہر ہو رہے تھے

چوں ز نورِ وحی وا می ماندند — باز نو سوگندہا می خواندند
جب وہ (منافق) وحی کے نور سے عاجز آجاتے — پھر نئی قسمیں کھانے لگتے

چوں خدا[3] سوگند را خواندہ سپر — کے نہد اسپر زکف پیکارگر
جبکہ اللہ (تعالےٰ) نے قسم کو ڈھال قرار دیا ہے — جنگجو ہاتھ سے ڈھال کب چھوڑتا ہے؟

باز پیغمبرؐ بہ تکذیبِ صریح — قَدْ کَذَبْتُمْ گفت با ایشاں فصیح
پھر پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے صاف جھٹلاتے ہوئے — صاف لفظوں میں کہہ دیا کہ تم جھوٹے ہو

## اندیشیدنِ یکے از اصحاب بانکار کہ حضرتِ رسالت
صحابہ میں سے ایک کا شبہ کے ساتھ سوچنا کہ حضرتِ رسالت رسول

## رسولؐ چرا ستاری نمیکند
پردہ پوشی کیوں نہیں کرتے ہیں

---

[1] بازسوگند یعنی انھوں نے ہاتھ میں قرآن لیکر قسم کھائی اور یہ بھی کہا کہ ہم روزے دار ہیں۔ کہ بحق یعنی قرآن کی قسم کھاکر کہا کہ یہ مسجد خدا کے لئے بنائی ہے۔ یاربیست یعنی یارب یارب کہنا ہے۔ آوازِ خدا یعنی لَاتَقُمْ فِیْهِ اَبَدًا یعنی اِس مسجد ضرار میں کبھی قیام نہ کرنا۔ مُہر بر گوش قرآن پاک میں ہے خدا نے ان منافقین کے کانوں اور دلوں پر مُہریں لگا دی ہیں۔ صاف۔ صاف شدہ شراب۔

[2] کلیم اللہ حضرت موسیٰؑ کو کوہِ طور پر ایک درخت سے آواز آئی تھی اِنّی اَنَا اللہ۔ چوں ز نور جب یہ دیکھتے کہ وحی کے نور کی وجہ سے آنحضورؐ تکذیب پر مُصر ہیں تو دوبارہ قسمیں کھانے لگتے۔

[3] چوں خدا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اِتَّخَذُوْا اَیْمَانَهُمْ جُنَّةً۔ انھوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنالیا ہے۔ ڈھال کو جنگجو کسی حالت میں نہیں چھوڑتا ہے لہٰذا وہ بھی نا امیدی کے باوجود قسمیں کھا رہے تھے۔

تا یکے یارے ز یاران رسول | دردلش انکار آمد زاں نکول[1]
رسول کے دوستوں میں سے ایک کے | دل میں قسم کے نہ ماننے سے وسوسہ آیا

کاینچنیں پیران با شیب و وقار | می کندشاں ایں پیمبر شرمسار
کہ ایسے بوڑھے اور باوقار لوگوں کو | یہ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) شرمندہ کر رہے ہیں

کو کرم کو ستر پوشی کو حیا | صد ہزاراں عیب پوشند انبیاء
کرم کہاں ہے؟ پردہ پوشی کہاں ہے؟ حیا کہاں ہے؟ | انبیاء تو لاکھوں عیب چھپاتے ہیں

باز[2] در دل زود استغفار کرد | تا نگردد ز اعتراض او روئے زرد
پھر دل میں بہت جلد استغفار کی | تاکہ وہ اعتراض کرنے سے (خدا کے سامنے) شرمندہ نہ ہو

لیک آں نقش کجش از دل نخفت | مہر بداز طبع بے حاصل نرفت
لیکن اُن کے دل سے وہ ٹیڑھا نقش نہ مٹا | دل سے بُروں کی محبت بے نتیجہ نہ رہی

شومی یاری اصحاب نفاق | کرد مؤمن را چو ایشاں زشت و عاق
منافقوں کی دوستی کی نحوست نے | مومن کو اُن (منافقوں) کی طرح بُرا اور نافرمان بنا دیا

باز می زارید کاے علام سر | مر مرا مگذار بر کفراں مصر
انھوں نے پھر گریہ و زاری کی کہ اے بھیدوں کے جاننے والے! | مجھے کفر پر مصر نہ رکھ

دل بدستم نیست ہمچو دید چشم | ورنہ دل را سوزمے ایندم بخشم
آنکھ کی طرح دل میرے قبضہ میں نہیں ہے | ورنہ غصہ میں میں اسی وقت دل کو پھونک دیتا

اندریں اندیشہ خوابش درربود | مسجد ایشانش پر سرگیں نمود
اس فکر میں اُن کو نیند آگئی | اُن کو اُن کی مسجد گوبر سے پُر نظر آئی

سنگہاش اندر حدث[3] جائے تباہ | می دمید از سنگہا دود سیاہ
اس کے پتھر ناپاکی میں بُری جگہ (تھے) | اس کے پتھروں سے کالا دھواں اٹھ رہا تھا

دود در حلقش[4] شد و حلقش بخست | از نہیب دود تلخ از خواب جست
دھواں اُنکے حلق میں گھسا اور اُنکے حلق کو زخمی کردیا | کڑوے دھوئیں کے خوف سے وہ نیند سے بیدار ہوئے

در زماں در رو فتاد و می گریست | کاے خدا اینہا نشان منکریست
فوراً چہرے کے بل گرے اور روتے تھے | اے خدا یہ منکر ہونے کی علامتیں ہیں

خشم بہتر از چنیں حلم اے خدا | کو کند از نور ایمانم جدا
اے خدا ایسی بردباری سے غصہ بھلا | جو کہ مجھے نور ایمان سے جدا کر رہا ہے

---

[1] انکار یعنی وسوسہ۔ نکول۔ قسم کھانے سے انکار کرنا یہاں قسم کو قبول نہ کرنا مراد ہے۔ شیب۔ بڑھاپا۔ کو کرم۔ اُن صحابی نے آنحضورؐ کی جانب سے منافقوں کی تکذیب کو کرم اور ستر پوشی اور حیا کے خلاف سمجھا۔ روئے زرد۔ یعنی خدا کے سامنے شرمندگی نہ ہو۔ مہر بد یعنی بُروں کی محبت جو اُن صحابی کے دل میں منافقوں کی محبت سے پیدا ہوئی۔ بے حاصل۔ بے نتیجہ یعنی یہ محبت اپنا رنگ لا کر رہی اور باوجود استغفار کے اُس وسوسہ کا ازالہ نہ ہوا۔ شومی۔ یہ محبت کا نتیجہ اور حاصل ہوا۔

[2] باز۔ وہ صحابی۔ کفراں یعنی آنحضورؐ سے متعلق وسوسہ۔ ہمچو نظر۔ انسان کا دل اور نظر قابو میں نہیں ہوتا ہے۔ نمود۔ اُن صحابی نے خواب میں دیکھا کہ وہ مسجد ضرار نجاست سے پُر ہے۔ سنگہاش۔ اس مسجد ضرار کے پتھر۔ حدث۔ پلیدی۔

[3] حلقش۔ یعنی خواب دیکھنے والے صحابی کا حلق۔ نہیب۔ خوف۔ در زماں۔ چونکہ وہ صحابی سمجھے کہ یہ خواب اُنکے لئے تازیانہ ہے۔ خشم۔ ناک کی ریزش یعنی نفرت یعنی کہ آنحضورؐ نے جس غصہ کا اظہار کیا وہ بہتر تھا بہ نسبت اُس حلم کے جسکو میں نے اچھا سمجھا تھا اور اسکو بہتر سمجھنے کی بدولت نور ایمان سے محروم ہو رہا ہوں۔

گر بکادی کوششِ اہلِ مجاز[۱]
اگر تو نام کے مسلمانوں کی کوشش کی کھود کرید کرے گا

تو بتو گندہ بُوَد ہمچوں پیاز
تو وہ پیاز کی طرح تہہ بہ تہہ بدبودار ہوگی

ہر یکے از یکدگر بے مغز تر
ہر (تہہ) دوسری سے زیادہ بے مغز ہوگی

صادقاں را یک ز دیگر نغز تر
سچوں کی ایک (تہہ) دوسری سے زیادہ اچھی ہوگی

صد کمر بستہ بکر آں قومِ سُست
اس سست قوم نے مکاری پر سو طرح سے کمر باندھی تھی

از نفاق و زُرق و دینِ نادرست
نفاق اور جھوٹ اور غلط دین کی وجہ سے

صد کمر آں قوم بستہ بر قبا
وہ قوم سو طرح سے، قبا پر کمر کسے ہوئی تھی

بہرِ ہدمِ مسجدِ اہلِ قبا
قبا والوں کی مسجد کو منہدم کرنے کے لئے

ہمچو آں اصحابِ فیل اندر حبش
ان ہاتھی والوں کی طرح جنھوں نے حبشہ میں

کعبۂ کردند و حق آتش زدش
کعبہ بنایا اور اللہ نے اس میں آگ لگا دی

قصدِ خانہ کعبہ کردند ز انتقام
بدلہ لینے کے لئے انھوں نے خانہ کعبہ کا قصد کیا

حالِ شاں چوں شد فروخواں از کلام
ان کا کیا حال ہوا؟ کلام اللہ میں پڑھ لے

مر سیہ رویانِ دیں را خود جہیز
دین کے رُوسیاہوں کا سامان

نیست الا حیلت و مکر و ستیز
حیلہ اور مکر اور لڑائی کے سوا کچھ نہیں ہے

ہر صحابی[۲] دید زاں مسجد عیاں
ہر صحابی نے اس مسجد کو دیکھ لیا نمایاں

واقعہ، تا شد یقیں شاں سرِّ آں
واقعہ، یہاں تک کہ ان کو اصلیت کا یقین آگیا

واقعات ار باز گویم یک بیک
میں اگر ایک ایک کرکے واقعات بتاؤں

پس یقیں گردد صفا بر اہلِ شک
تو شکی لوگوں کو صاف یقین ہو جائے

لیک می ترسم ز کشفِ رازِ شاں
لیکن ان کا راز کھولنے سے میں ڈرتا ہوں

نازنینانند و زیبد ناز شاں
وہ نازوں کے پالے ہوئے ہیں انکو ناز کرنا زیب دیتا ہے

شرع[۳] بے تقلید می بپذرفتہ اند
انھوں نے شریعت کو بے تقلید قبول کیا ہے

بے محک آں نقد را بگرفتہ اند
بغیر کسوٹی کے اس نقد کو لیا ہے

حکمتِ قرآں چو ضالۂ مومن ست
قرآن کی حکمت چونکہ مومن کی گم شدہ چیز ہے

ہر کسے از ضالۂ خود موقن ست
ہر شخص کو اپنی گمشدہ چیز پر (دیکھنے کے بعد) یقین آجاتا ہے

[۳] شرع۔ صحابہ اصلی مسلمان تھے نسل در نسل سے نہ تھے محک۔ نبوت کی تصدیق اور احکام پر آنکھ بند کر کے عمل کرتے تھے۔ حکمتِ قرآن۔ قرآنی احکام ان کے لئے اپنی گمشدہ چیز کی طرح تھے جس کو دیکھ کر انسان فوراً بغیر دلیل کے پہچان جاتا ہے۔

[۱] اہلِ مجاز۔ وہ لوگ جو حقیقت سے محروم ہیں ان کے اعمال کی ہر تہہ پیاز کے چھلکوں کی طرح بے مغز اور بدبودار ہوگی۔ صد کمر یعنی یہ منافقین مسجدِ قبا کو تباہ کرنے کی سو سو چالیں چل رہے تھے۔ قبا۔ قاف کے فتحہ کے ساتھ مدینہ کے قریب وہ بستی ہے جس میں آنحضورؐ ہجرت کے بعد آکر مقیم ہوئے تھے اور وہاں وہ مسجد تعمیر فرمائی تھی جس کو منافقین برباد کرنا چاہتے تھے۔ پھر ان منافقوں کا مسجدِ قبا کو برباد کرنے کا ارادہ اسی طرح کا تھا جیسا کہ ابرہہ کے لشکر نے خانہ کعبہ کو برباد کرنا چاہا تھا۔ کعبۂ کردند۔ کہ کعبہ کے بالمقابل یمن کے شہر صنعاء میں ایک کعبہ بنایا گیا حبشہ میں نہیں بنایا گیا تھا لیکن مولانا نے حبشہ کا ذکر اس لئے فرما دیا ہے کہ یمن اس دور میں شاہِ حبشہ کے تحت تھا۔ آتش۔ حقیقتاً آگ نہیں بلکہ اس فرضی کعبہ پر ایک شخص نے پاخانہ کر دیا تھا۔ کلام۔ سورۂ الم ترکیف میں سارا واقعہ منقول ہے۔

[۲] ہر صحابی۔ جس طرح سے ہر صحابی آنحضورؐ کے اس معاملہ میں منشکوک تھے بعض دوسرے صحابہ بھی مشکوک ہوتے تھے ان سب نے بھی ایسا ہی خواب دیکھا۔ نازنینانند صحابہ کی جماعت نازپروردہ تھی اس طرح کا ناز ان کو زیبا تھا۔

## قصۂ[۱] آں شخص کہ اشتر ضالۂ خود را می جست و نشاں می پرسید

اس شخص کا قصہ جو اپنے گم شدہ اونٹ کو تلاش کرتا تھا اور پتہ پوچھتا تھا

اشترے گم کردی و جستیش جست ❊ چوں بیابی چوں ندانی کاں تست
تو نے اونٹ گم کیا اور اس کو چستی سے ڈھونڈا ❊ جب تو اسے پائیگا کیسے نہ سمجھے گا کہ وہ تیری ملکیت ہے

ضالہ چہ بود ناقۂ گم کردہ ❊ از کفت بگریختہ در پردہ
گم شدہ چیز کیا تھی، گم شدہ اونٹنی ❊ جو تیرے ہاتھ سے نکل بھاگی، چھپ گئی

آمدہ در بار کردن کارواں ❊ اشتر تو زاں میاں گشتہ نہاں
قافلہ لادنے کے لئے آیا ❊ تیرا اونٹ اس دوران چھپ گیا

کارواں در بار کردن آمدہ ❊ اشتر تو زاں میانہ گم شدہ
قافلہ لادنے کے لئے آیا ❊ تیرا اونٹ اس درمیان میں گم ہو گیا

می دوی ایں سو و آں سو خشک لب ❊ کارواں دور شد و نزدیک شب
تو خشک ہونٹوں کے ساتھ ادھر ادھر دوڑتا ہے ❊ قافلہ دور ہو گیا اور رات نزدیک ہے

رخت ماندہ بر زمیں در راہ خوف ❊ تو پئے اشتر رواں گشتہ بطوف
خوفناک راستے میں سامان زمین پر پڑا ہے ❊ تو اونٹ کے پیچھے چکر کاٹ رہا ہے

کائے[۲] مسلماناں کہ دیدست اشترے ❊ جستہ بیروں بامداد از آخرے
کہ اے مسلمانو! کسی نے وہ اونٹ دیکھا ہے ❊ جو صبح کو چرنے سے نکل بھاگا ہے

ہر کہ بر گوید نشان از اشترم ❊ مژدگانی می دہم چندیں درم
جو میرے اونٹ کا پتہ بتائے گا ❊ میں اس کو اتنے درہم انعام میں دونگا

باز می جوئی نشاں از ہر کسے ❊ ریشخندت می کنند زیں ہر خسے
پھر تو ہر شخص سے پتہ پوچھتا ہے ❊ اس پر ہر کمینہ تیری مذاق اڑاتا ہے

کاشترے دیدیم می رفت ایں طرف ❊ اشترے سرخے بسوئے آں علف
کہ میں نے ایک اونٹ دیکھا ہے جو ادھر جا رہا تھا ❊ ایک سرخ اونٹ اس چراگاہ کی جانب

آں[۳] یکے گوید بریدہ گوش بود ❊ واں دگر گوید جلش منقوش بود
ایک کہتا ہے کہ کنکٹا تھا ❊ دوسرا کہتا ہے اس کی جھول منقش تھی

آں یکے گوید شتر یک چشم بود ❊ واں دگر گوید زگر بے پشم بود
ایک کہتا ہے، اونٹ کانا تھا ❊ دوسرا کہتا ہے خارش کی وجہ سے بے اون تھا

---

۱ قصہ۔ اس قصہ کا مقصد یہ ہے کہ انسان اپنی گم شدہ چیز کو بلا تامل پہچان جاتا ہے۔ آنِ تست۔ تیری ملکیت ہے۔ ضالہ۔ یہاں گم شدہ چیز اونٹ سمجھو۔ کارواں۔ یعنی وہ قافلہ جس میں تم شریک تھے۔ کارواں دور شد۔ وہ قافلہ چل دیا اور رات قریب آگئی۔ راہِ خوف۔ یعنی راستہ بھی خطرناک تھا جو اور پریشانی کا باعث تھا۔

۲ کائے مسلماناں۔ جس کا اونٹ گم ہو گیا تھا وہ مسلمانوں سے یہ کہتا تھا۔ آخر۔ چرہ جس میں گھاس ڈال کر جانوروں کو کھلائی جاتی ہے۔ مژدگانی۔ انعام۔ ریشخند۔ مذاق اڑانا۔ خس۔ کمینہ۔ علف۔ گھاس، یعنی چراگاہ۔

۳ آں یکے۔ لوگ اس گمشدہ اونٹ کی مختلف علامتیں ظاہر کر رہے تھے۔ جُلش۔ اس کی جھول۔ منقوش۔ کڑھی ہوئی۔ یک چشم۔ کانا۔ گر۔ خارش کا مرض۔ بے پشم۔ بغیر اون۔

ازبرائے مژدگانی صد نشاں — از گزافہ[1] ہر خسے کردہ بیاں

انعام کے لئے سو علامتیں — گپ شپ میں ہر کمینہ نے بتائیں

اے دل ایں اسرار را در گوش کن — قسمِ تو گر ہست زیں خوش نوش کن

اے دل! ان رازوں کو سن لے — اگر تیری قسمت میں ہو، اس سے خوشگوار غذا حاصل کر لے

ہمچنانکہ ہر کسے در معرفت — می کند موصوفِ غیبی[2] را صفت

جس طرح کہ ہر شخص خداشناسی میں — غیبی موصوف کی صفتیں بیان کرتا ہے

## متردد شدن درمیانِ مذاہبِ مختلف و بیروں شدن و مخلصی یافتن

مختلف مذہبوں میں متردد ہونا اور اُن سے باہر ہونا اور خلاصی پاتا

فلسفی[3] از نوعِ دیگر کردہ شرح — باحثے[4] مر گفت اورا کردہ جرح

فلسفی نے دوسرے طریقے پر شرح کی — متکلم نے اُس کی بحث پر جرح کی

صوفیاں[5] در ہر دو طعنہ می زنند — باقیاں[6] از زرق جانے می کنند

صوفی دونوں کو طعنے دیتے ہیں — باقی مکاری سے مر رہے ہیں

ہر یکے زاں رہ ایں نشانہا زاں دہند — تا گماں آید کہ ایشاں زاں رہ اند

ہر ایک ایک طریقہ سے اسلئے علامتیں بتاتا ہے — تاکہ خیال ہو جائے کہ وہ اسی راہ کا ہے

ایں حقیقت داں نہ حق اند ایں ہمہ — نے بکلی گمرہاں اند ایں رمہ

یہ سمجھ لے کہ یہ سب حق نہیں ہیں — نہ یہ لوگ بالکلیہ گمراہ ہیں

زانکہ[7] بے حق باطلے ناید پدید — قلب را ابلہ ببوئے زر خرید

اس لئے کہ حق کے بغیر باطل واضح نہیں ہوتا ہے — بیوقوف کھوٹے کو کھرے کی اُمید پر خریدتا ہے

گر نبودے در جہاں نقدِ رواں — قلبہا را خرج کردن کے تواں

اگر دنیا میں صحیح سکہ چالو نہ ہوتا — کھوٹوں کو کب صرف کیا جا سکتا!

تا نباشد راست کے باشد دروغ — آں دروغ از راست میگیرد فروغ

جب تک سچ نہ ہو جھوٹ کب ہوگا؟ — جھوٹ، سچ سے فروغ پاتا ہے

بر امیدِ راست کژ را می خرند — زہر در قندے رود آنگہ خورند

سیدھے کی اُمید پر ٹیڑھے کو خرید لیتے ہیں — زہر شکر میں ہوتا ہے تب کھا لیتے ہیں

گر نباشد گندمِ محبوب نوش — چہ برد گندم نمائے جو فروش

اگر لذیذ گیہوں نہ ہو — گندم نما جو فروش کیا حاصل کرے!

---

[1] گزافہ۔ بکواس۔ احتمال۔ غرضیکہ راز یہی ہے کہ جس میں قبولِ حق کی استعداد ہوتی ہے وہی حق کو قبول کرتا ہے معرفت پہچان یعنی خدا کی پہچان۔

[2] موصوفِ غیبی۔ وہ ذاتِ حق جو نظروں سے غائب ہے اور لوگ اُس کی صفات بیان کرتے ہیں

[3] فلسفی۔ صفاتِ باری کے معاملہ میں فلاسفہ کا قول ہے کہ ذاتِ باری ذاتِ خالص ہے اور صفات محض فرضی ہیں۔

[4] باحثے یعنی متکلم۔ متکلمین صفاتِ باری کے وجود کے قائل ہیں بعض صفات جیسا کہ یدٌ، وجہٌ وغیرہ میں تاویل کرتے ہیں۔

[5] واں دگر یعنی محقق صوفیا جو کل صفات کو ثابت مانتے ہیں اور کیفیت کی تفصیل نہیں کرتے ہیں۔

[6] باقیاں یعنی جو عرفان کے محض مدعی ہیں اور حقیقت سے خالی ہیں۔ ساتھ حقیقت یہ مولانا فرماتے ہیں کہ ان گروہوں کی نہ سب باتیں صحیح ہیں نہ سب باتیں غلط ہیں کچھ صحیح ہیں کچھ غلط ہیں۔

[7] زانکہ۔ ہر باطل کے ساتھ کچھ نہ کچھ حق ضرور ملا ہوا ہوتا ہے مولانا نے چند مثالیں اس کی بیان فرمائی ہیں کھوٹے سکے میں ملاوٹ کے ساتھ کچھ اصل ضرور ہوتی ہے۔ تا نباشد جھوٹا آدمی بھی جھوٹ میں سچ ملا کر بات کرتا ہے۔ بر امید۔ اگر کجی کے ساتھ سیدھا پن نہ ہو تو کجی کا کوئی خریدار نہیں بن سکتا۔ زہر۔ زہر میں اگر شکر نہ ہو تو کوئی زہر کو نہیں کھا سکتا ہے۔

پس مگو ایں جملہ دیں ہا[1] باطل اند — باطلاں بر بوئے حق دامِ دل اند
یہ نہ کہہ یہ سب دین باطل ہیں — باطل حق کی خوشبو کی وجہ سے دل کا جال ہیں

پس مگو جملہ خیال ست و ضلال — بے حقیقت نیست در عالم خیال
لہٰذا یہ نہ کہہ کہ سب وہم اور گمراہی ہے — دنیا میں وہم حقیقت کے بغیر نہیں ہوتا ہے

حق شبِ قدر ست در شبہا نہاں — تا کند جاں ہر شبے را امتحاں
حق، شبِ قدر ہے جو راتوں میں پوشیدہ ہے — تاکہ جان ہر رات کو آزمائے

نے ہمہ شبہا بود قدر اے جواں — نے ہمہ شبہا بود خالی ازاں
اے نوجوان! سب راتیں شبِ قدر نہیں ہیں — نہ سب راتیں اُس سے خالی ہیں

درمیانِ دلق پوشاں یک فقیر — امتحاں کن وانکہ حق ست آں بگیر
گدڑی پہننے والوں میں کوئی ایک فقیر ہے — آزمالے، جو حق ہے اُس کو اختیار کرلے

مومنِ کیّس ممیّز کو کہ تا — باز داند بادشہ را از گدا
سمجھدار مومن تمیز کرنے والا کہاں ہے؟ تاکہ — شاہ کو گدا سے ممتاز کرلے

گر نہ معیوبات[2] باشد در جہاں — تاجراں باشند جملہ ابلہاں
اگر دنیا میں عیب دار چیزیں نہ ہوں — سب بے وقوف تاجر بن جائیں

پس بود کالا شناسی سخت سہل — چونکہ عیبے نیست چہ نا اہل و اہل
پھر تو سامان کو پہچاننا بہت آسان ہو — جب کوئی عیب نہیں ہے پھر کیا اہل کیا نا اہل

ور ہمہ عیب ست دانش سود نیست — چوں ہمہ چوب ست اینجا عود نیست
اگر سب عیب ہے تو عقل کا فائدہ نہیں ہے — جب سب لکڑیاں ہیں تو اُس جگہ اگر ہے ہی نہیں

آنکہ گوید جملہ حق ست احمقی ست — وانکہ گوید جملہ باطل اُو شقی ست
جو یہ کہتا ہے کہ سب حق ہیں، بیوقوفی ہے — جو یہ کہے کہ سب باطل ہیں وہ بدبخت ہے

تاجرانِ انبیا کردند سود — تاجرانِ رنگ و بو کور و کبود
انبیاء کے تاجروں نے فائدہ کمالیا — رنگ و بو کے تاجر، اندھے اور بہرے ہیں

می نماید[3] مار اندر چشم مال — ہر دو چشم خویش را نیکو بمال
تیری نگاہ میں سانپ مال نظر آتا ہے — اپنی دونوں آنکھوں کو خوب مل لے

منگر اندر غبطۂ ایں بیع و سود — بنگر اندر خسر فرعون و ثمود
اس معاملہ اور فائدہ میں رشک کو پیشِ نظر نہ رکھ — فرعون اور ثمود کے ٹوٹے کو دیکھ لے

---

[1] جملہ دینہا۔ یہی حال مذاہب کا ہے کہ اُس میں بھی حق و باطل ملا جلا ہے۔ پس مگو۔ ہر مذہب کی ہر بات کو باطل قرار نہیں دیا جاسکتا ہے۔ حق شبِ قدر۔ حق، باطل میں اسی طرح پوشیدہ ہوتا ہے جیسا کہ شبِ قدر دوسری راتوں میں۔ تا کند۔ پوشیدہ رکھنے میں یہ حکمت ہے کہ ہر شب میں اُس کی تلاش جاری ہے۔ درمیانِ دلق۔ مصنوعی فقراء میں بھی کوئی اللہ کا خاص بندہ ہوتا ہے۔ مومنِ کیّس عقلمند مومن کا کام یہ ہے کہ وہ اُن میں سے اُس کی جستجو کرے۔

[2] گر نہ معیوبات۔ اگر سب سودے بے عیب ہوں تو ہر بیوقوف تاجر بن بیٹھے۔ ور ہمہ۔ اگر سب معیوب ہوں تو عقل بیکار ہے اُس کا کام باقی نہیں رہتا ہے۔ احمقی۔ دن رات کو یکساں سمجھنے والا احمق ہے شقی۔ سب کو باطل کہنا خود رائی پر مبنی ہے جو شقاوت ہے۔ تاجرانِ انبیاء۔ جو لوگ انبیاء کی ہدایت کے ماتحت اعمالِ حسنہ کا کاروبار کرتے ہیں وہ نفع میں ہیں۔ رنگ و بو یعنی دنیاوی نعمے۔

[3] می نماید۔ دنیا دار سانپ یعنی دنیوی فوائد کو مال سمجھتا ہے۔ بیکو بمال۔ تاکہ صحیح نظر آنے لگے۔ منگر۔ دنیاوی نفع نقصان پر غبطہ نہ کر۔ فرعون اور ثمود نے دنیاوی نفع کو نفع سمجھا اُن کا حشر دیکھ لو۔

## امتحان کردن ہر چیزے تا ظاہر شود خیرے وشرے کہ در ویست

ہر چیز کی آزمائش کرنا تاکہ اس میں جو بھلائی اور بُرائی ہے وہ ظاہر ہو جائے

اندریں گردوں مکرر کُن نظر — زانکہ حق فرمود ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَر

اس آسمان پر مکرر نظر ڈال — کیونکہ اللہ (تعالیٰ) نے فرمایا ہے، پھر نگاہ لوٹا

یک نظر قانع مشو زیں سقفِ نور — بارہا بنگر ببیں هَلْ مِنْ فُطُور

نور کی اس چھت پر ایک نگاہ پر قانع نہ بن — بار بار دیکھ، دیکھ کوئی شگاف ہے؟

چونکہ گفتت کاندریں سقفِ نکو — بارہا بنگر چو مردِ عیب جُو

چونکہ اس نے تجھ سے فرمایا ہے کہ اس اچھی چھت میں — عیب تلاش کرنے والے کی طرح بار بار دیکھ

پس زمینِ تیرہ را دانی کہ چند — دیدن و تمییز باید در پسند

تو تاریک زمین کے بارے میں سمجھ لے کہ کسقدر — دیکھنا اور تمیز کرنا پسندیدگی میں درکار ہے

تا بپالائیم صافاں را ز دُرد — چند باید عقلِ ما را رنج بُرد

تاکہ ہم صاف اخلاق کو تلچھٹ سے صاف کریں — ہماری عقل کو کتنی مرتبہ تکلیف اٹھانی چاہئے؟

امتحانہائے زمستان و خزاں — تابِ تابستاں بہارِ ہمچو جاں

جاڑوں اور خزاں کی آزمائشیں — گرمیوں کی گرمی، جان جیسی بہار

بادہا و ابرہا و برقہا — تا پدید آرد عوارض فرقہا

ہوائیں اور ابر اور بجلیاں (زمین پر یہ ساری آزمائشیں اسلئے ہیں) — تاکہ یہ عوارض فرقوں کو واضح کر دیں

تا بروں آرد زمینِ خاک رنگ — ہر چہ اندر جیب دارد لعل و سنگ

تاکہ خاکی رنگ کی زمین نکال ڈالے — جو کچھ اس کی جیب میں لعل اور پتھر ہیں

ہر چہ دُزدیدست ایں خاکِ دژم — از خزانہ حق و دریائے کرم

اس افسردہ خاک نے جو چرایا ہے — اللہ (تعالیٰ) کے خزانے اور دریائے کرم سے

شحنۂ تقدیر گوید راست گو — آنچہ بُردی شرح دہ اے حیلہ جو

تقدیر کا کوتوال کہتا ہے، سچ بتا دے — اے حیلہ جو! جو کچھ تو نے چرایا ہے اس کی تشریح کر دے

تا میانِ قہر و لطف آں خُفیہا — ظاہر آید ز آتشِ خوف و رجا

تاکہ قہر اور مہر کے درمیان وہ پوشیدہ چیزیں — خوف اور امید کی آگ کی وجہ سے ظاہر ہو جائیں

---

امتحانات سے گذار کر چھپی چیزوں کا اقرار کرانا ایسا ہی ہے جیسا کہ کوتوال مجرم سے کبھی نرم اور کبھی سخت برتاؤ کرتا ہے تاکہ وہ اقرار کرے اور راز بتا دے۔

ؔ۱ امتحان کردن۔ چونکہ دنیا میں نہ خیرِ محض ہے نہ شرِ محض لہٰذا ہر چیز پر غور کرنا چاہیئے حق فرمود۔ قرآن پاک میں ہے ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِيرٌ پھر بار بار نظر کو لوٹا وہ کھسیانی ہو کر تھکی ماندی تیری طرف واپس ہوگی۔

ؔ۲ هَلْ مِنْ فُطُور۔ قرآن پاک میں ہے۔ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرَىٰ مِنْ فُطُورٍ نظر کو لوٹا کیا تو کوئی شگاف دیکھتا ہے چونکہ۔ جب اللہ (تعالیٰ) نے آسمان جیسی شفاف چیز پر بار بار نظر کرنے کا حکم دیا ہے تو تاریک زمین پر کتنی بار نظر ڈالنا اسکو پسند ہوگا۔ تا بپالائیم۔ خارجی چیزوں میں غور و فکر کو ظاہر کرنے کے بعد مولانا فرماتے ہیں اپنے اخلاق میں سے اچھے بُرے میں تمیز کرنے کے لئے عقل پر بہت زیادہ زور دینے کی ضرورت ہے۔

ؔ۳ امتحانہائے۔ تکوینیات میں زمین پر یہ مختلف عوارض اس لئے طاری کئے ہیں تاکہ زمین میں مخفی چیزوں میں فرق واضح ہو جائے۔ تا بروں۔ ان ہی آزمائشوں کی وجہ سے زمین لعل و سنگ اگلتی ہے اور لعل و سنگ کا امتیاز واضح ہو جاتا ہے۔ ہر چہ۔ لعل و سنگ وغیرہ سب زمین نے چھپا رکھے ہیں جو اللہ کے خزانوں کی چیزیں ہیں۔ راست گو۔ یعنی زمین سے یہ امتحانات اقرار کرا لیتے ہیں۔ تا میاں۔ زمین کو گرم و سرد

آں بہاراں[1] لطفِ شحنۂ کبریاست ۔۔۔ واں خزاں تخویف و تہدیدِ خداست

موسم بہار اللہ (تعالیٰ) کے کوتوال کی مہر ہے ۔۔۔ اور (موسم) خزاں اللہ تعالیٰ کی دھمکی اور ڈرانا ہے

واں زمستاں چار میخِ معنوی ۔۔۔ تا تو اے دزدِ خفی ظاہر شوی

جاڑا باطنی طریقہ پر چار میخ ہے ۔۔۔ تاکہ اے چھپے ہوئے چور تو ظاہر ہو جائے

پس مجاہد را زمانے بسطِ دل ۔۔۔ یک زمانے قبض و درد و غش و غل

تو مجاہدہ کرنے والے کیلئے کسی وقت دل کا انبساط ۔۔۔ کسی وقت انقباض اور درد اور کھوٹ اور کدورت

زانکہ ایں آب و گل کابدان ماست ۔۔۔ منکر و دزدِ ضیائے جانہاست

اسلئے ہے کہ ہمارے بدن جو پانی اور مٹی کے ہیں ۔۔۔ ہماری روحوں نور کے منکر اور چور ہیں

حق تعالیٰ[2] گرم و سرد و رنج و درد ۔۔۔ بر تنِ ما می نہد اے شیر مرد

اللہ تعالیٰ گرم اور سرد اور رنج اور درد ۔۔۔ اے بہادر! ہمارے جسم پر ڈالتا ہے

خوف و جوع و نقصِ اموال و بدن ۔۔۔ جملہ بہرِ نقدِ جاں ظاہر شدن

خوف اور بھوک اور جان و مال کا گھاٹا ۔۔۔ سب جان کا مال ظاہر ہونے کے لئے ہیں

ایں وعید و وعدہا انگیختست ۔۔۔ بہرِ ایں نیک و بدے کامیختست

یہ دھمکی اور وعدے پیدا کئے ہیں ۔۔۔ کیونکہ نیک اور بد کو ملا رکھا ہے

چونکہ حق و باطلے آمیختند ۔۔۔ نقد و قلب اندر چرمداں ریختند

چونکہ حق اور باطل کی آمیزش کر دی ہے ۔۔۔ کھرے اور کھوٹے کو ایک تھیلے میں بھر دیا ہے

پس[3] محک می بایدش بگزیدہ ۔۔۔ در حقائق امتحانہا دیدہ

تو ایک منتخب کسوٹی کی ضرورت ہے ۔۔۔ جو حقیقتوں میں آزمائی ہوئی ہو

تا شود فاروق ایں تزویرہا ۔۔۔ تا بود دستورِ ایں تدبیرہا

تاکہ وہ ان مکاریوں میں فرق کرنے والی بن جائے ۔۔۔ تاکہ وہ ان تدبیروں کا وزیرِ اعظم بن جائے

شیر دہ اے مادرِ موسیٰ ورا ۔۔۔ واندر آب افگن میندیش از بلا

اے موسیٰ کی ماں! اُس کو دودھ پلا ۔۔۔ اور دریا میں ڈالدے، مصیبت کی فکر نہ کر

ہر کہ در روزِ الست آں شیر خورد ۔۔۔ ہمچو موسیٰ شیر را تمییز کرد

جس نے اَلست کے دن وہ دودھ پی لیا ۔۔۔ اُس نے موسیٰ کی طرح دودھ کو پہچان لیا

خود بر تو ایں حکایت روشن ست ۔۔۔ کہ غرض زیں حکایت گفتن ست

خود تجھ پر یہ بات واضح ہے ۔۔۔ کہ مقصد کہانی سُنانا نہیں ہے



[1] بہاراں۔ زمین پر موسم بہار کا آنا یہ تو کوتوال کا قہر ہے۔ زمستان۔ سرزمین کیلئے جاڑوں کا موسم چار میخ کی سزا ہے۔ چار میخ۔ شکنجہ میں مجرم کے چاروں ہاتھ پیر چار میخوں سے کس دیئے جاتے تھے۔ پس مجاہد۔ مجاہدہ کرنیوالے پر جو اچھی بری حالتیں طاری ہوتی ہیں وہ بھی اسی لئے ہیں کہ جسم نے جو منزلہ زمین کے ہے روح کا نور چرا رکھا ہے۔

[2] حق تعالیٰ۔ انسانی جسم پر جو قدرت کی جانب سے مختلف سختیاں ہوتی ہیں وہ اسی لئے ہیں کہ اس نے روح کے نقد کو چرا رکھا ہے۔ جوع۔ بھوک۔ نقص اموال۔ مالوں کا نقصان۔ ایں وعید۔ اللہ تعالیٰ کی جانب سے جنتوں اور نعمتوں کے وعدے اور نعوذ باللہ جہنم کی وعیدیں بھی اسی لئے ہیں تاکہ اچھے اور برے میں امتیاز ہو جائے چرمداں۔ چمڑے کا تھیلا۔

[3] پس محک۔ مولانا نے اچھے برے میں امتیاز کرنے کی عقل کے علاوہ یہ ترکیب بھی بتائی کہ تجربہ کار شیخ کے ذریعہ اس کام کی تکمیل کی جائے اور اس کو ان تدبیروں کا دستورِ اعظم بنا یا جائے۔ غیر قرہ۔ شیخ کو پہچاننے کے لئے فطرتِ سلیمہ کی ضرورت ہے۔ سلیم الفطرت روحِ عہد الست سے اس ذوق سے واقف ہے جس کے پاس یہ ذوق ہوگا وہ اس کو فوراً پہچان لے گا۔ حضرت موسیٰ کی والدہ کو دودھ پلاکر اور صندوق میں بند کر کے دریائے نیل میں ڈالنے کا حکم اسی لئے ہوا تھا کہ وہ اپنی ماں کے دودھ کے ذائقہ سے واقف ہو جائیں جب دودھ پلانے والیاں دودھ پلانے آئیں تو ماں کے دودھ کو پہچان لیں۔

**گر تو بر تمییزِ طفلت مُولعی** — **ایں زماں یا اُمِّ موسیٰؑ اِرضِعی**

اگر تو اپنے بچے کے تمیز کرنے کی خواہشمند ہے — اب اے موسیٰؑ کی ماں ! دودھ پلا

**تا بہ بیند طعمِ شیرِ مادرش** — **تا فرو ناید بہ دایہ بد سرش**

تاکہ وہ اپنی ماں کے دودھ کا مزا سمجھ لے — تاکہ بُری دایہ کے سامنے اُس کا سر نہ جھکے

## شرحِ فائدۂ حکایتِ آں شخصِ شتر جوئندہ

اونٹ تلاش کرنیوالے شخص کی حکایت کے فائدہ کی تشریح

**اُشترے گم کردۂ اے معتمد** — **ہر کس از اُشتر نشانت می دہد**

اے معتمد ! تو نے اونٹ گم کر دیا ہے — ہر شخص تجھے اونٹ کی نشانی بتا رہا ہے

**تو نمی دانی کہ آں اشتر کجاست** — **لیک دانی کایں نشانہا خطاست**

تجھے معلوم نہیں کہ وہ اونٹ کہاں ہے — لیکن تو جانتا ہے کہ یہ نشانیاں غلط ہیں

**واں کہ اُشتر گم نہ کرد اُو از مِرے**[۲] — **ہمچو آں گم کردہ جوید اُشترے**

جس نے اونٹ گم نہیں کیا وہ جھگڑے کے لئے — اونٹ گم کرنیوالے کی طرح اونٹ ڈھونڈتا ہے

**کہ بلے من ہم شتر گم کردہ ام** — **ہر کہ یابد اجرتش آوردہ ام**

کہ ہاں میں نے بھی اونٹ گم کیا ہے — جو اُس کو پائے اُس کے لئے میں انعام لایا ہوں

**تا در اشتر با تو انبازی کند** — **بہرِ طمعِ اُشتر ایں بازی کند**

تاکہ اونٹ میں تیرے ساتھ شریک ہو جائے — اونٹ کے لالچ میں یہ کھیل کھیلتا ہے

**اُو نشانِ**[۳] **کژ نہ بشناسد ز راست** — **لیک گفتِ آں مقلِّد را عصاست**

وہ غلط علامت کو صحیح علامت سے جدا نہیں کر سکتا ہے — لیکن تیری گفتگو اُس مقلد کی لاٹھی ہے

**ہر چہ را گوئی خطا بود آں نشاں** — **اُو بتقلیدِ تو می گوید ہماں**

جس کو تو کہتا ہے یہ علامت غلط ہے — وہ تیری تقلید میں وہی کہہ دیتا ہے

**چوں نشانِ راست گویند و شبیہ** — **پس یقیں گردد ترا لاریب فیہ**

جب وہ سچی علامت اور ملتی جلتی بتاتے ہیں — تو تجھے یقین آجاتا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے

**آں شفائے جانِ رنجورت شود** — **مُظہرِ حسن چو گنجورت شود**

وہ علامت ، تیری فکرمند جان کی شفا بنجاتی ہے — تیرے خزانچی جیسے حسن کو ظاہر کرنیوالی بنجاتی ہے

---

بتانے والا جب اُس کی صحیح نشانیاں بتاتا ہے تو اُس کو یقین آجاتا ہے اور یہ نشانیاں اُس کی خوشی کا سبب بنجاتی ہیں اور اُس کے بیان کو بلا شبہ یقین قرار دیتا ہے اور اُس کو اپنا پیشرو بنا لیتا ہے۔

---

۱ گر تو - اگر تو چاہتا ہے کہ تیرے بچہ میں بھی دودھ اصل کو امتیاز کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے تو اُسکو پہلے سے دودھ پلا دے تاکہ وہ بروقت اور دودھوں سے تیرے دودھ کو ممتاز کرے اور شیخ کامل اور شیخِ ناقص کو سمجھ سکے۔ اُشترے گم کردہ تلاشِ حق میں جب انسان نکلتا ہے تو مختلف لوگوں سے اُس کو واسطہ پڑتا ہے بعض صحیح رہنمائی کرتے ہیں اور بعض غلط اگر انسان میں فطرت سلیمہ ہے اور اُس میں عہدِ الست کی بو ہے تو وہ اُن لوگوں کی صحیح اور غلط نشاندہی میں امتیاز کر لیتا ہے اور صحیح انسان کی دستگیری کرتا ہے۔

۲ اُشتر گم نہ کرد بعض لوگوں میں حقیقی طلب نہیں ہوتی تو دیکھا دیکھی پیر کے ساتھ لگ جاتے ہیں اور تلاش کے مدعی بن جاتے ہیں اور طالب کے حصہ میں سے حصہ پانے کی فکر کرنے لگتے ہیں۔ ایں بازی۔ یعنی بغیر اونٹ کھوئے اونٹ کی تلاش کرنا۔

۳ اُو نشانِ کژ۔ اگر کوئی شخص کو اونٹ کی غلط نشاندہی کرتا ہے تو وہ غلط صحیح میں کوئی فرق نہیں کر سکتا ہے محض تمہاری باتوں کو اپنا سہارا بنا کر کسی نشانی کو غلط اور کسی نشانی کو صحیح ظاہر کرتا ہے۔ چوں نشانِ راست۔ جس کا اونٹ حقیقتاً گم ہوا ہو

رنگِ روئے وقوتِ بازو شود — خُلق[1] وخُلقِ یکتوات صد تو شود
چہرے کی رونق اور بازو کی طاقت ہوجاتی ہے — تیرا ظاہراجسم اور اخلاق سو گنا ہوجاتا ہے

چشمِ تو روشن شود پایت دوان — جسمِ تو جاں گردد وجانت روان
تیری آنکھ روشن ہوجاتی ہے تیرے پیر دوڑنے لگتے ہیں — تیرا جسم روح (جیسا) بنجاتا ہے اور تیری روح جیسا چلنے والی

پس بگوئی راست گفتی اے امین — ایں نشانی ہا بلاغ آمد مبین
پس تو کہتا ہے اے امانت دار تو نے سچ کہا — یہ علامتیں واضح پیغام ہیں

فِیهِ آیَاتٌ ثِقَاتٌ بَیِّنَاتٌ — ایں براتے باشد وقدر ونجات
اس میں روشن، معتبر علامتیں ہیں — یہ دستاویز ہیں اور قابل قدر ہیں اور ذریعہ نجات ہیں

ایں نشاں چوں داد گوئی پیش رو — وقتِ آہنگست پیش آہنگ شو
جب اس نے یہ علامت بتادی تو کہیگا آگے چل — اب چلنے کا وقت ہے آگے آگے چل

پیروی تو کنم اے راست گو — بوئے بُردی زاشترم بنما کہ کو
اے سچے! میں تیرے پیچھے چلوں گا — تو نے میرے اونٹ کا سراغ پالیا، دکھا وہ کہاں ہے؟

پیشِ[2] آں کس کہ نہ صاحب اشتریست — کو دریں جستِ شتر بہر مریست
اُس شخص کے لئے جو اونٹ کا مالک نہیں ہے — جو اونٹ کی تلاش میں مقابلہ کے لئے (لگا) ہے

زیں نشانِ راست نفزودش یقیں — جز ز عکسِ ناقہ جوئے راستیں
اس سچی علامت نے اُسکے یقین میں اضافہ نہیں کیا — حقیقی طور پر اونٹ تلاش کرنے والے کی نقل کے سوا

بوئے[3] بُرد از جدّ وگرمہائے او — کہ گزافہ نیست ایں ہیہائے او
اُس کی کوشش اور اُس کی سرگرمیوں سے اُسکو پتہ لگا — کہ اس کا شور وغل خواہ مخواہ نہیں ہے

اندریں اشتر نبودش حق وَلے — اشترے گم کردہ است اُو ہم بلے
اس اونٹ میں اُس کا کوئی حق نہ تھا لیکن — اُس نے بھی ایک اونٹ ضرور کھویا ہے

طمعِ ناقہ غیر رو پوشش شدہ — آنچہ زو گم شد فراموشش شدہ
دوسرے کے اونٹ کا لالچ اُسکے کھوئے کا پردہ بنگیا — جو اُس کا کھویا گیا ہے اسکو اس نے بھلا دیا ہے

ہر کجا او می دَوَد ایں ہم دَوَد — از طمع ہمدردِ صاحب می شود
جدھر وہ بھاگتا ہے یہ بھی بھاگتا ہے — لالچ سے مالک کا ہمدرد بنتا ہے

کاذبے با صادقے چوں شد رَواں — آں دروغش راستی شد ناگہاں
ایک جھوٹا جب سچے کے ساتھ روانہ ہوتا ہے — اُس کا وہ جھوٹ خواہ مخواہ سچ ہوجاتا ہے

[1] خُلق وخَلق۔ یعنی اُس کی جسمانی اور روحانی طاقت میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ راست گفتی۔ حقیقی طالب صحیح علامتیں بتانیوالے سے کہتا ہے۔ بلاغِ مبین۔ واضح پیام۔ برات۔ شاہی حکم، دستاویز۔ ایں نشاں۔ تو نے جبکہ صحیح علامتیں بتادی ہیں تو اب میرے ساتھ چل کر اُس کو پکڑوادے۔

[2] پیشِ آں کس۔ جو اُس گمشدہ اونٹ کا مالک نہیں اور محض مقابلہ کیلئے تلاش کا مدعی بن گیا ہے اُسکے لئے صحیح علامتیں بھی کوئی معنی نہیں رکھتی ہیں۔ جز زعکس۔ یہ مدعی تو حقیقی طالب کی نقل میں اتار رہا ہے۔

[3] بوئے بُرد۔ اس نقال کو طالب کی کوشش سے یہ محسوس ہوا کہ یہ حقیقی طالب تھا۔ اندریں اشتر۔ حقیقی طالب کا جو اونٹ تھا اُس نقال کا اُس میں کوئی حصہ نہ تھا لیکن اس کا اونٹ بھی گم ہوا تھا۔ اُس اونٹ کے لالچ میں اُس نے اُس کو فراموش کر رکھا تھا۔ کاذبے۔ صحیح طالبوں کے ساتھ جب نقال لگتا ہے تو بسا اوقات اُس کو اپنی گمشدہ چیز بھی یاد آجاتی ہے اور وہ اُس کو حاصل کرلیتا ہے۔

اندراںؑ صحرا کہ آں اشتر شتافت — اشتر خود نیز آں دیگر بیافت
جس جنگل میں وہ اونٹ بھاگا — اس دوسرے نے اپنا اونٹ بھی پا لیا

چوں بدیدش یاد آورد آنِ خویش — بے طمع شد زاشترِ آں یار بیش
جب اُسنے اُس کو دیکھا تو اپنا اونٹ یاد آ گیا — (اور) اُس دوست کے اونٹ سے بہت بے طمع ہو گیا

آں مقلد شد محقق چوں بدید — اشترِ خود را کہ آنجا می چرید
وہ مقلد محقق بن گیا جب اُس نے دیکھا — اپنے اونٹ کو کہ اس جگہ چر رہا ہے

او طلبگارِ شتر آں لحظہ گشت — می نجستش تا ندید اورا بدشت
وہ اُسی لمحہ اونٹ کا طلبگار بن گیا — جب تک اُسکو جنگل میں نہ دیکھا تھا اُسکی جستجو میں نہ تھا

بعد ازاں تنہا روی آغاز کرد — چشم سوئے ناقۂ خود باز کرد
اُس کے بعد اُس نے تنہا روی شروع کر دی — اپنی اونٹنی کو نصب العین بنا لیا

گفتؑ آں صادق مرا بگذاشتی — تا بہ اکنوں پاسِ من می داشتی
سچے نے اُس سے کہا تو نے مجھے چھوڑ دیا — اب تک تو میرا ساتھ دے رہا تھا

گفت تا اکنوں فسوسی بودہ ام — وز طمع در چاپلوسی بودہ ام
اُس نے کہا اب تک میں بناوٹی تھا — لالچ سے خوشامد میں لگا تھا

ایں زماں ہمدردِ تو گشتم کہ من — در طلب از تو جدا گشتم بہ فن
اب میں تیرا ہمدرد ہوں کیونکہ میں — طلب میں مصلحتاً تجھ سے جدا ہوا ہوں

از تو می دُزدیدمے وصفِ شتر — جانِ من دید آنِ خود شد چشم پُر
میں تجھ سے اونٹ کے اوصاف چھپاتا تھا — میں نے مطلوب پا لیا میں سیر چشم ہو گیا

تا نیاؑ بیدم نہ بودم طالبش — مِس کنوں مغلوب شد زر غالبش
جب تک میں نے اُسکو نہ پایا تھا میں اُسکا طلبگار نہ تھا — تانبا اب مغلوب ہو گیا اُس پر سونا غالب آ گیا

سیئاتم شد ہمہ طاعات شکر — ہزل شد فانی و جد اثبات شکر
خدا کا شکر ہے میری بُرائیاں سب بھلائیاں بن گئیں — شکر ہے، مذاق ختم ہو گیا اور سنجیدگی آ گئی

سیئاتم چوں وسیلت شد بحق — پس مزن بر سیئاتم ہیچ دق
میری بُرائیاں چونکہ حق کا وسیلہ بن گئیں — تو میری بُرائیوں پر اعتراض نہ کر

مر ترا صدقِ تو طالب کردہ بود — مر مرا جد و طلب صدقے کشود
تجھے تیری سچائی نے طلبگار بنا یا تھا — میرے لئے کوشش اور طلب نے سچائی واضح کر دی

---

لہ اندراں صحرا۔ طالب حقیقی کو جس جگہ مطلوب ملا اُس نقل کو بھی اُسکا فراموش شدہ مطلوب مل گیا چوں بدیدش۔ نقال میں اب اخلاص پیدا ہو گیا۔ اور اپنی گم شدہ چیز کے حصول کے درپے ہو گیا آں لحظہ۔ طالب حقیقی تو فطری صلاحیت کی بنا پر کامیاب ہوا اور یہ اُس کی کامیابی کو دیکھ کر راہ پر لگا۔ بعد ازاں۔ پہلے اُس کی نقلی طلب تھی اب حقیقی طلب ہو گئی۔

کلہ گفت۔ اب یہ نقلی بھی حقیقی طالب بنکر اپنے راستہ پر لگ گیا۔ فسوس۔ استہزا، مذاق، بناوٹ۔ وز طمع۔ یعنی تیرے اونٹ کے لالچ سے ہمدردی۔ اب میں حقیقی معنی میں بھائی اور ہمدرد ہوں۔ جانِ من۔ جب میں نے اپنے حقیقی مطلوب کو سمجھ لیا تو تمہاری چیز سے استغنا پیدا ہو گیا۔

سلہ تا نیابیدم۔ جب تک مجھے اپنا مطلوب نظر نہ آیا تھا میں اُس کا حقیقی طالب نہ بنا تھا اب نقلی طلب ختم ہو گئی ہے اور حقیقی طلب غالب آ گئی ہے۔ سیئاتم۔ میری نقالی جو ایک برائی تھی بھلائی میں تبدیل ہو گئی اور حقیقی طالب بن گیا ہوں۔ مر ترا۔ تیری حقیقی طلب نے تجھے طالب بنایا تھا میری نقالی نے مجھے حقیقی طلب تک پہنچا دیا۔

صدقِ تو آورد در جُستن مُرا    جُستنم آورد در صدقے مُرا
تیری سچائی نے مجھے جستجو میں مبتلا کیا    میری جستجو نے مجھے سچائی میں پہنچا دیا

تخمِ دولت در زمیں می کاشتم    سخرہ و بیکار می پنداشتم
میں نے نصیبے کا بیج زمین میں بویا تھا    (جس کو) میں مذاق اور بیکار سمجھ رہا تھا

آں نہ بُد بیکار کسبے بُد درست    ہر یکے دانہ کہ کشتم صد برست
وہ بیکار نہ تھا صحیح محنت تھی    میں نے جو ایک دانہ بویا سَو اُگے

دُزد سُوئے خانۂ شد زیر دست    چوں در آمد دید کاں خانۂ خودست
چور چھپ کر ایک گھر میں گیا    جب اندر پہنچا، دیکھا کہ وہ اسی کا گھر ہے

گرم[۲] باش اے سرد تا گرمی رسد    با درشتی ساز تا نرمی رسد
اے افسردہ! سرگرم ہو تاکہ جذبہ حاصل ہو    سختی جھیل، تاکہ راحت ملے

آں دو اشتر نیست آں یک اشترست    تنگ آمد لفظ معنیٰ بس پُرست
وہ دو اونٹ نہیں ہیں، ایک اونٹ ہے    الفاظ تنگ ہیں، معنیٰ بہت زیادہ ہیں

لفظ در معنیٰ ہمیشہ نارساں    زاں پیمبر گفت قَدْ کَلَّ اللِّسَانْ
لفظ معنیٰ (کی ادائگی) میں ہمیشہ کوتاہ ہیں    اسی لئے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا زبان عاجز آ گئی

نطق اُصطرلاب باشد در حساب    چہ قدر داند ز چرخ و آفتاب
حساب کرنے میں نطق، اصطرلاب ہیں    وہ آسمان اور سورج کا اندازہ کیا جانے

خاصہ[۳] چرخے کایں فلک زو پرّہ ایست    آفتاب از آفتابش ذرّہ ایست
خصوصاً وہ آسمان کہ یہ آسمان اُسکا ایک تنکا ہو    (یہ) سورج اُس (فلک) کے سورج کا ایک ذرہ ہو

## دربیانِ آنکہ در ہر نفسے فتنۂ مسجدِ ضرارست
اِس بیان میں کہ ہر ایک نفس میں مسجدِ ضرار کا فتنہ (موجود) ہے

چوں پدید آمد کہ آں مسجد نبود    خانۂ حیلت بُد و دامِ جہود
جب ظاہر ہوگیا کہ وہ مسجد نہ تھی    مکاری کا گھر اور یہودیوں کا جال تھا

---

[۳] خاصہ چونکہ نطق اور لفظ بمنزلہ اصطرلاب کے ہیں اور وہ آسمان کے جملہ حقائق کو نہیں بتا سکتا ہے تو اِسی طرح الفاظ عالمِ غیب کے اِس آسمان اور سورج کی حقیقت واضح نہیں کر سکتے ہیں جس کے بالمقابل یہ آسمان اور سورج بے حقیقت ہیں۔ چوں۔ جب یہ بات کھل گئی کہ مسجدِ ضرار حقیقتاً مسجد نہیں ہے بلکہ یہود کا ایک جال اور دھوکا ہے تو آنحضورؐ نے اُس کو گروا کر کوڑی میں تبدیل کرا دیا۔

[۱] صدق۔ تیری صادق طلب نے تجھے جستجو میں لگایا میری نقلی جستجو نے مجھے طالب صادق بنا دیا۔ تخمِ دولت۔ طلب اور جستجو تو تھی لیکن نقالی کی وجہ سے بیکار تھی لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل نے اُسکو کارآمد بنا دیا اور اسکے بہترین نتائج سامنے آ گئے۔ زیر دست۔ مطلوب مخفی، غلط کار بھی بسا اوقات صحیح مقصد حاصل کر لیتا ہے، ریاکاری کے بعد خلوص حاصل ہو جاتا ہے۔
[۲] گرم باش۔ انسان کو جدوجہد کرنی چاہیئے اور سختیاں برداشت کرنی چاہئیں تب راحت ملے گی۔ آں دو اشتر۔ تمنا اور طلب کیلئے دو اونٹ بتائے گئے تھے۔ یہ تعبیر لفظوں کی کوتاہی تھی ورنہ حاصل ایک ہی اونٹ تھا جس آخر میں دونوں واصل بحق ہوئے اور ذات حق واحد ہے۔ قَدْ کَلَّ اللِّسَانْ۔ کسی بزرگ کا مقولہ ہے۔ مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ کَلَّ لِسَانُہٗ۔ جس نے اپنے خدا کو پہچان لیا اُس کی زبان گونگی ہو گئی یعنی ذات و اوصاف کے بیان کرنے سے الفاظ عاجز ہیں۔ اُصطرلاب۔ وہ آلہ جس سے آسمانوں اور ستاروں کے فاصلے ناپے جاتے ہیں ظاہر ہے کہ یہ آلہ آسمان کے تمام احوال اور آسمان و سورج کے تمام حقائق نہیں بتا سکتا ہے۔ اسی طرح الفاظ کا حال ہے۔

پس نبی فرمود کانرا بر کنند — مطرحِ خاشاک و خاکستر کنند
تو نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا اُسکو اکھاڑ دیں — کوڑے اور مٹی کی کوڑی بنا دیں

صاحبِ[1] مسجد چو مسجد قلب بُود — دانہا بر دام ریزی نیست جُود
مسجد والا مسجد کی طرح اُلٹا تھا — تو جال پر دانہ ڈالے، سخاوت نہیں ہے

گوشت کاندر شستِ تو ماہی رُباست — آنچناں لقمہ نہ بخشش نہ سخاست
وہ گوشت جو تیرے کانٹے میں مچھلی کو اُچکنے والا ہے — ایسا لقمہ نہ بخشش ہے نہ سخاوت ہے

مسجدِ اہلِ قبا کاں بُد جماد[2] — آنچہ کفوِ آں نہ بُد راہش نہ داد
قبا والوں کی مسجد جو پتھر کی تھی — جو (مسجد) اُسکے ہم جنس نہ تھی اُسنے اُسکو راستہ نہ دیا

در جمادات ایں چنیں حیفے نہ رفت — زد دراں ناکفو میرِ داد نفت
جمادات میں (بھی) ایسا ظلم چالو نہ ہوا — اُس غیر جنس میں حاکمِ اعلیٰ نے تیل چھڑکوا دیا

پس حقائق را کہ اصلِ اصلہاست — داں کہ آنجا فرقہا و فصلہاست
تو وہ حقائق جو اصلوں کی اصل ہیں — سمجھ لے اُن میں بہت سے فرق اور امتیازات ہیں

نے حیاتش[3] چوں حیاتِ اُو بُود — نے مماتش چوں مماتِ اُو بُود
نہ اُس (مفضول) کی زندگی اُس (فاضل) جیسی ہوگی — نہ اُس (مفضول) کی موت اس (فاضل) کی موت کی طرح ہوگی

گورِ اُو ہرگز چو گورِ اُو مداں — خود چہ گویم حالِ فرقِ آنجہاں
اُس (مفضول) کی قبر کو اُس (فاضل) کی قبر کی طرح نہ سمجھ — اب میں اُس عالم (آخرت) کے فرق کی حالت کیا بتاؤں؟

بر محک[4] زن کارِ خود اے مردِ کار — تا نسازی مسجدِ اہلِ ضرار
اے موصوفِ عمل! اپنے عمل کو کسوٹی پر پرکھ لے — کہیں تو اہلِ ضرار کی مسجد بنا لے

بس براں مسجد کناں تسخر زدی — چوں نظر کردی تو خود زاں ملی
تو نے اُس مسجد کے بنانیوالوں کی بہت مذاق اڑائی — جب تو نے غور کیا تو خود دیسا تھا

## حکایت ہندو کہ با یارانِ خود جنگ می کرد کہ بدکارید

اُس ہندوستانی کا قصہ جو اپنے ساتھیوں سے لڑ رہا تھا کہ تم بدکار ہو

## و خبر نداشت کہ خود نیز بداں مبتلاست

اور اُس کو خبر نہ تھی کہ خود اُس بُرائی میں مبتلا ہے

چھپا ہوا حسد اور ریا کار فرما نہ ہو اور اُس کے عمل کی صورت مسجدِ ضرار کی سی صورت نہ ہو۔ لیکن بسا اوقات انسان دوسروں کے انہی عیوب کی مذاق اُڑاتا ہے جو اُس میں خود چھپے ہوئے ہیں۔ اسی مضمون کو مولانا نے اس حکایت سے واضح فرمایا ہے۔

[1] صاحبِ مسجد۔ یعنی ابوعامر راہب جس کے لفظی معنی ہیں آباد کنندہ۔ مطلب یہ وہ آباد کنندہ نہ تھا بلکہ اُس کا تباہ کنندہ تھا لہٰذا وہ برعکس نام نہند زنگی کافور کا مصداق تھا۔ گوشت۔ صورت پر حکم نہیں لگتا بلکہ حقیقت پر حکم لگتا ہے۔ ابوعامر کی صورت تعمیر کی تھی لیکن حقیقتاً تخریب تھی، کانٹے میں مچھلی کی خوراک کی صورت لقمہ کی ہے لیکن حقیقت نہیں ہے لہٰذا اُس کو بخشش اور سخاوت نہیں کہا جا سکتا ہے۔

[2] بُد جماد۔ مسجدِ قبا پتھر کی بنی ہوئی تھی جس میں احساس نہیں ہوتا ہے لیکن اُس نے بھی غیر جنس یعنی مسجدِ ضرار کو گوارا نہ کیا۔ حیفے۔ ظلم یعنی مسجدِ ضرار مسجدِ قبا کے برابر کردی جائے۔ نفت۔ آگ پکڑنے والا مادہ ہے۔ حقائق۔ یعنی جس طرح مسجد اور مسجد میں فرق ہے اسی طرح حقائقِ انسانیہ جو تمام حقائق کی اصل اور جڑ ہیں انمیں بہت فرق ہیں ایک انسان اور دوسرے انسان میں بہت بڑا فرق اور فصل ہے۔

[3] نے حیات۔ افضل اور مفضول کی نہ زندگی یکساں ہو نہ موت دنیا میں دونوں کی قبروں میں بھی بہت بڑا فرق ہے آخرت میں جو فرق ہوگا اس کا تو بیان ہی کیا ہو سکتا ہے۔

[4] بر محک۔ انسان کو اپنے اعمال کو پرکھنا چاہیے کہیں اُن میں

چار ہندو[1] در یکے مسجد شدند ... بہرِ طاعت راکع و ساجد شدند

چار ہندوستانی ایک مسجد میں پہنچے ... عبادت کے لئے رکوع اور سجدے میں گئے

ہر یکے بر نیتے تکبیر کرد ... در نماز آمد بہ مسکینی و درد

ہر ایک نے ایک نیت کرکے تکبیر کہی ... مسکینی اور درد کے ساتھ نماز میں لگ گیا

موذن آمد زاں یکے لفظے بجست ... کاے موذن بانگ کردی وقت ہست

موذن آیا، انہیں سے ایک کی زبان سے یہ لفظ نکلا ... اے موذن! تو نے اذان دیدی؟ وقت ہوگیا ہے

گفت[2] آں ہندوے دیگر از نیاز ... ہے سخن گفتی و باطل شد نماز

دوسرے ہندوستانی نے لجاجت سے کہا ... ہائے! تو نے بات کرلی اور نماز ٹوٹ گئی

آں سوم گفت آں دوم را اے عمو ... چہ زنی طعنہ بر او خود را بگو

تیسرے نے دوسرے سے کہا، اے چچا! ... اس کو کیا طعنہ دیتا ہے، خود کو دے

آں چہارم گفت حمد اللہ کہ من ... در نیفتادم بچہ چوں ایں سہ تن

چوتھا بولا، خدا کا شکر ہے کہ میں ... ان تینوں کی طرح میں کنویں میں نہیں گرا

پس نماز ہر چہاراں شد تباہ ... عیب جویاں بیشتر گم کردہ راہ

تو چاروں کی نماز برباد ہوئی ... عیب جو خود زیادہ گمراہ ہوئے

اے خنک جانے کہ عیب خویش دید ... ہر کہ عیبے گفت آں بر خود خرید

قابلِ مبارک باد ہے وہ شخص جو اپنا عیب دیکھے ... جو کوئی عیب بتائے، اپنے لئے تسلیم کرلے

زانکہ[3] نیمے او ز عیبستاں بُدست ... واں دگر از وے ز غیبستاں بُدست

کیونکہ اس کا آدھا، عیبوں کی دنیا کا ہے ... دوسرا (آدھا) عالمِ غیب کا ہے

چونکہ بر سر مر ترا صد ریش ہست ... مرہمش بر خویش باید کار بست

چونکہ تیرے سر پر سو زخم ہیں ... ان کا مرہم اپنے اوپر لگانا چاہیئے

عیب کردن ریش را داروے اوست ... چوں شکستہ گشت جاے ارحموا ست

زخم کو بُرا سمجھنا (ہی) اس کا علاج ہے ... جب خاکسار بن گیا ارحموا کا محل ہے

گر ہماں عیبت نبود ایمن مباش ... بو کہ آں عیب از تو گردد نیز فاش

اگر وہ عیب تجھ میں نہیں ہے تو بھی مطمئن نہ ہو ... ہوسکتا ہے کہ وہ عیب تجھ میں ظاہر ہوجائے

---

[1] ہندو یعنی ہندوستانی مسلمان۔ طاعت یعنی نماز۔ تکبیر یعنی تکبیر تحریمہ۔ موذن یعنی موذن آیا تو نماز کی حالت میں اس سے باتیں کرنے لگا۔ وقت ہست یعنی اذان کا وقت ہوگیا ہے۔

[2] گفت آں۔ دوسرے نمازی نے نماز کی حالت میں پہلے نمازی سے کہا تو نے نماز میں بات کرلی تیری نماز ٹوٹ گئی۔ سوم۔ تیسرے نے نماز کی حالت میں دوسرے سے کہا تو پہلے کو کیا طعنہ دیتا ہے تیری نماز خود ٹوٹ گئی۔ چہارم۔ چوتھا نماز کی حالت میں بولا خدا کا شکر ہے میں نے ان تینوں کی طرح اپنی نماز خراب نہیں کی۔ پس۔ ان چاروں میں سے ہر ایک دوسرے کا عیب ظاہر کررہا تھا حالانکہ وہی عیب خود اس میں موجود تھا۔ اے خنک۔ وہ شخص قابلِ مبارکباد ہے جو دوسرے کی عیب جوئی نہ کرے اور اپنے عیب کو تسلیم کرے۔

[3] زانکہ نیمے۔ انسان کا آدھا حصہ جسم ہے اور آدھا حصہ روح ہے جسم عالمِ خلق کی چیز ہے جو مفاسد سے پُر ہے لہٰذا ہر انسان کا عیب دار ہونا ممکن ہے لہٰذا اس کو اپنا عیب تسلیم کرلینا چاہیئے چونکہ ہر انسان میں جب عیوب موجود ہیں تو اپنے عیوب کی صلاح کی فکر کرنی چاہیئے۔ عیب کردن ریش۔ اگر انسان اپنے زخم کو بُرا سمجھتا ہے تو ضرور اسکے معالجہ میں لگے گا اپنے عیب کو تسلیم کرنا۔ انکساری اختیار کرنا ہے جو رحمت کا سبب اور دعا ہے۔ ارحموا تم رحم کرو یعنی شکستہ انسان پر خدا نے رحم کرنے کا حکم صادر فرمادیا ہے۔ گر ہماں جو عیب تو دوسرے میں بتا رہا ہے اگر وہ تجھ میں نہیں ہے تو بھی تو اس عیب کے بارے میں مطمئن نہ ہو خدا عیب جو بھی



عیب پیدا کر دیتا ہے

لَا تَخَافُوْا از خدا نشنیدۂ | پس چہ خود را ایمن و خوش دیدۂ
تونے خدا سے "نہ ڈرو" نہیں سنا ہے | تو اپنے آپ کو مطمئن اور بھلا کیوں سمجھتا ہے؟

سالہا ابلیس نیکونام زیست | گشت رسوا ببیں کہ او را نام چیست
شیطان سالہا سال نامامی سے جیا | (پھر) رسوا ہوا، دیکھ اس کا کیا نام ہے؟

در جہاں معروف بُد عُلیائے او | گشت معروفی بعکس اے وائے او
جہاں میں اس کی بلندی مشہور تھی | (اس کی) شہرت برعکس ہوگئی اس پر افسوس ہے

تا نہٗ ایمن تو معروفی مجو | پاک شو از خوف پس از امن گو
جب تک تو مطمئن نہ ہو، شہرت نہ چاہ | پہلے خوف سے پاک ہوجا، پھر امن کی بات کر

تا نروید ریش تو اے خوش ذقن | بر دگر سادہ زنخ طعنہ مزن
اے خوبصورت تھوڑی والے! جب تک داڑھی نکل آئے | دوسرے صاف تھوڑی والے کو طعنہ نہ دے

ایں نگر کہ مبتلا شد جانِ او | در چہے افتاد تا شد پندِ تو
یہ غور کر کہ اس کی جان مبتلا ہوئی | وہ کنویں میں گرا یہاں تک کہ تیرے لئے باعث نصیحت بنا

تو نیفتادی کہ باشی پندِ او | زہرِ او نوشیدہ تو خور قندِ او
تو نہ گرا کہ اس کے لئے باعث نصیحت ہوتا | اس نے زہر پیا ہے تو اس کی شکر کھا

## قصد کردنِ غُزان بکشتنِ یک مردے تا آں مردِ دیگر بترسد

غزوں کا ایک شخص کو قتل کرنے کا ارادہ کرنا تاکہ دوسرا ڈر جائے

آں غُزانِ ترکِ خونریز آمدند | بہرِ یغما بر دہے ناگہ زدند
خونریز ترک غز آئے | لوٹ کے لئے انہوں نے اچانک ایک گاؤں پر حملہ کردیا

دو کس از اعیانِ آں دہ یافتند | در ہلاکِ آں یکے بشتافتند
اس شہر کے دو بڑے شخصوں کو انہوں نے پکڑ لیا | ان میں سے ایک کو قتل کرنے کیلئے دوڑ پڑے

دست بستندش کہ قربانش کنند | گفت اے شاہان و ارکانِ بلند
اس کے ہاتھ باندھ دیئے تاکہ اسکو ذبح کریں | اس نے کہا اے شاہو اور بلند شخصیتو!

در چہِ مرگم چرا می افگنید | از چہ آخر تشنۂ خونِ منید
مجھے موت کے کنویں میں کیوں گراتے ہو؟ | آخر میرے خون کے پیاسے کیوں ہو؟

چیست حکمت چہ غرض در کشتنم | چوں چنیں درویشم و عُریاں تنم
میرے قتل کرنے میں کیا حکمت کیا غرض ہے؟ | جبکہ میں مفلس اور ننگا ہوں

---

لے لَا تَخَافُوْا۔ کامل مومن کے لئے قرآن میں لَا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا، دونوں ڈرو نہ خوف کھاؤ کی بشارت ہے لیکن وہ کامل مومن کے لئے ہے تونے تو اپنے لئے نہیں سنی تو کیوں مطمئن بنتا ہے۔ سالہا شیطان معلم الملکوت تھا پھر ابلیس بنا تو انسان کو اپنے بارے میں مطمئن نہ ہونا چاہیئے دوسروں کی عیب جوئی نہ کرنی چاہیئے اپنے عیب کی نگرانی چاہیئے بعکس یعنی ذلت۔ تا نہٗ۔ زندگی میں تو نہ امن حاصل ہوگا نہ خوف سے رہائی ہوگی۔

لے تا نروید۔ بے ریش ہونا مردانگی کا عیب ہے تو جب تک اپنا عیب زائل نہ کرلو دوسرے کو طعنہ نہ دو بلکہ دوسرے کے عیب سے تم عبرت حاصل کرو۔ تو نیفتادی۔ خدا کا شکر کر تو اسکے لئے باعث عبرت نہ بنا۔ زہر او نوشید یعنی وہ عبرت ہے۔ قندِ او یعنی تو عبرت حاصل کر۔

سے غزان۔ غز۔ ترکوں کی ایک قوم تھی جس کا پیشہ غارتگری تھا۔ یغما۔ لوٹ۔ دو کس یعنی اس گاؤں کے دو بڑے آدمی پکڑ لئے۔ چیست۔ جبکہ میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے تو مجھے قتل کرنے سے کیا فائدہ ہے

گفت۱ تا هیبت برین یارت زنند — تا بترسد او و زر پیدا کند
اس نے کہا تاکہ تیرے اس دوست پر ہیبت طاری — تاکہ وہ ڈرے اور روپیہ بتا دے

گفت آخر او ز من مسکین‌تر است — گفت قاصد کرده آن او را زر است
ہو جائے اُس نے کہا وہ تو مجھ سے بھی زیادہ مسکین ہے — اسنے کہا کہ قصداً (ایسا) کر رکھا ہے (ورنہ) وہ مالدار ہے

گفت چون وهم ست ما هر دو یکیم — در مقام احتمال و در شکیم
اسنے کہا جبکہ یہ وہم ہے تو ہم دونوں یکساں ہیں — دونوں احتمال کی جگہ اور مشکوک ہیں

خود ورا بکشید اول ای شهان — تا بترسم من دهم زر را نشان
اے شاہو! پہلے اُس کو قتل کر دو — تاکہ میں ڈروں اور روپے کا پتہ بتا دوں

پس۲ کرمهای الهی بین که ما — آمدیم آخر زمان در انتها
تو خدا کا کرم دیکھ کہ ہم — آخری زمانے میں خاتمہ پر آئے

آخرین قرنها پیش از قرون — در حدیث ست آخرون السابقون
آخری زمانے والے پہلے زمانہ والوں سے پہلے ہیں — حدیث میں ہے (ہم) آخر میں ہیں، پہلے ہیں

تا هلاک قوم نوح و قوم هود — عارض رحمت بجان ما نمود
یہانتک کہ قوم نوح اور قوم ہودؑ (عاد) کی ہلاکت نے — رحمت کا بادل ہمیں دکھا دیا

کشت ایشان را که تا ترسم ازو — ور خود این برعکس کردے وای تو
اُن کو برباد کیا تاکہ ہم اس سے ڈریں — اگر وہ اسکے بالعکس کرتا تیری تباہی تھی

## در بیان حال خودپرستان و ناشکران در نعمت وجود انبیاء و اولیاء

اُن لوگوں کی حالت کا بیان جو انبیاء اور اولیاء کے وجود کی نعمت کے ناشکرا اور خود پرست ہیں

هرچه۳ زایشان گفت از عیب و گناه — وز دل چون سنگ و ز جان سیاه
اُن کے عیب اور گناہوں کا جو کچھ (اللہ نے ذکر فرمایا) — اور اُن کے پتھر جیسے دل اور سیاہ باطن کا

وز سبکداری فرمانهای او — وز فراغت از غم فردای او
اور اُس (اللہ تعالیٰ) کے احکام کی بے وقعتی کا — اور اپنی قیامت کے غم سے بے فکری کا

وز هوس وز عشق این دنیای دون — چون زنان مر نفس را بودن زبون
اور کمینی دنیا کے عشق اور ہوس کا — اور عورتوں کی طرح نفس کے فرمانبردار ہونیکا

---

اور اُس کی خبر "از وعبرت نگرفتی" محذوف ہے۔ سبکداری۔ بے وقعتی۔ فردا۔ یعنی قیامت کی فکر سے لاپرواہی۔ چون زناں۔ عورتیں اپنے نفس سے بہت مغلوب ہوتی ہیں۔

۱ گفت۔ اُس ترک نے کہا تجھے اس لئے قتل کرتا ہوں تاکہ دوسرا مجھ سے عبرت حاصل کرے اور اپنی نقدی نکال دے۔ قاصد یعنی اُس نے قصداً اپنے آپ کو مفلس بنا رکھا ہے ورنہ وہ مالدار ہے۔ چونکہ وہم یعنی اُس کی مالداری کا وہم ہے یقین تو نہیں ہے۔ یہ وہم مجھ پر بھی ہو سکتا ہے لہٰذا اُس معاملہ میں ہم دونوں یکساں ہیں لہٰذا اُس کو قتل کر تاکہ میں عبرت حاصل کر لوں۔

۲ پس۔ جب اس تقریر سے بھی یہ ثابت ہو گیا کہ وہ خوش نصیب ہے جو دوسرے سے عبرت حاصل کرے تو یہ اللہ کا کرم ہے کہ اُمتِ محمدیہ کو اللہ تعالیٰ نے تمام اُمتوں کے بعد پیدا کیا تاکہ وہ پہلی اُمتوں کے زمانوں سے عبرت حاصل کریں اور زیادہ نیکیاں کر سکیں چنانچہ حدیث شریف ہے نحن الآخرون السابقون یعنی ہم دنیا میں سب اُمتوں سے بعد میں پیدا ہوئے لیکن قیامت میں ہمیں سب پر سبقت حاصل ہوگی۔ تا ہلاک یعنی اُن قوموں سے عبرت حاصل کرنا ہمارے لئے رحمت بن گیا۔ عارض۔ بادل یعنی ان کے لئے بادل بصورت عذاب نمودار ہوا اور ہم پر ابرِ رحمت تھا۔ برعکس یعنی ہمیں اُن کے لئے باعث عبرت بنا دیتا۔

۳ ہرچہ یہاں سے پہلے شعر سیر چشماں تک مبتدا ہے

وان فرار از نکتہائے ناصحان — وان رمیدن از لقائے صالحان
اور نصیحت کرنیوالوں کے نکتوں سے بھاگنے کا — اور نیکوں کی ملاقات سے گریز کرنے کا

بادل و با اہلِ[۱] دل بیگانگی — با شہان تزویر و روبہ شانگی
دل اور اہلِ دل سے اجنبیت کا — اور بادشاہوں کے ساتھ مکاری اور چالاکیوں کا

سیر چشماں را گدا پنداشتن — وز حسدشاں خفیہ دشمن داشتن
اہلِ قناعت کو بھکاری سمجھنا — اور حسد انہیں چھپا دشمن سمجھنا (اُنسے تونے عبرت پکڑی)

گر پذیرد چیز تو گوئی گداست — ورنہ گوئی مکر و تزویر و دغاست
اگر وہ تیری عطا قبول کرے تو تو کہتا ہے گدا ہے — ورنہ تو کہتا ہے کہ مکر اور جھوٹ اور دغابازی ہے

گر در آمیزد تو گوئی طامع ست — ورنہ گوئی در تکبر مولع ست
اگر وہ میل جول کرے تو تو کہتا ہے لالچی ہے — ورنہ تو کہتا ہے تکبر پر فریفتہ ہے

گر تحمل[۲] کرد گوئی عاجز ست — ور غیور آمد تو گوئی گر پرست
اگر وہ تحمل کرے تو کہتا ہے عاجز ہے — اگر غیرت مند ہے تو کہتا ہے غصہ ور ہے

یا منافق وار عذر آری کہ من — ماندہ ام در نفقۂ فرزند و زن
یا منافق کی طرح تو عذر کرتا ہے کہ میں — بچوں اور بیوی کے اخراجات میں پھنسا ہوں

نے مرا پروائے سر خاریدن ست — نے مرا پروائے دین ورزیدن ست
نہ مجھے سر کھجانے کی فرصت ہے — نہ میرے لئے دین میں لگنے کا موقع ہے

اے فلاں مارا بہمت یاد دار — تا شویم از اولیا پایانِ کار
اے فلاں ہمیں (بھی) دعا میں یاد رکھئے — تاکہ انجام کار ہم بھی اولیاء میں سے ہوجائیں

ایں[۳] سخن ہم نے ز درد و سوز گفت — خوابناکے ہرزہ گفت و باز خفت
یہ بات بھی درد اور سوز سے نہیں کہی — نیند کا ماتا بڑبڑایا اور پھر سو گیا

ہیچ چارہ نیست از قوتِ عیال — از بنِ دنداں کنم کسبِ حلال
بال بچوں کی روزی سے کوئی چھٹکارا نہیں ہے — بڑی محنت سے حلال روزی کماتا ہوں

چہ حلال اے گشتہ ز اہلِ ضلال — غیر خونِ تو نمی بینم حلال
حلال کیا! تو گمراہوں میں سے ہوگیا ہے — تیرے خون کے سوا میں کچھ حلال نہیں سمجھتا ہوں

از خدا چارہ استش و از قوت نے — چارہ است از دین و از طاغوت نے
خدا سے چھٹکارا ہے اور روزی سے نہیں ہے — دین سے چھٹکارا ہے، شیطان سے نہیں ہے

---

[۱] اہلِ دل۔ باخدا لوگ۔ شہاں یعنی اہلِ دنیا۔ سیر چشم مستغنی۔ وز حسد۔ غرضیکہ ان فہموں کے یہ بُرے احوال کہ ان کا بُرا انجام تیرے سامنے ہے لیکن تو نے ان سے کوئی عبرت حاصل نہ کی۔ طامع لالچی۔ مولع۔ فریفتہ۔

[۲] گر تحمل۔ تیری حالت یہ ہے کہ اگر کوئی بزرگ لوگوں کی بُرائی پر برداشت سے کام لیتا ہے تو کہتا ہے کہ یہ عاجز ہے کسی کا بگاڑ ہی کیا سکتا ہے اور اگر وہ ناگواری کا اظہار کرے تو اسکو مغلوب الغضب کہتا ہے۔ یا منافق۔ بزرگوں سے تو منافقانہ برتاؤ کرتا ہے دین کے کاموں میں نہ لگنے کی وجہ بال بچوں کی مصروفیت بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ سر کھجانے کی فرصت نہیں دین کے کاموں میں کیسے لگوں۔ اے فلاں۔ بغیر کچھ کئے بزرگوں سے باطنی توجہ کا خواستگار ہے تاکہ ولی بنجائے۔

[۳] ایں سخن۔ یعنی دعا اور باطنی توجہ کی درخواست بھی۔ تیری اس درخواست کی یہ حال ہے جیسے کوئی نیند میں بڑبڑائے اور پھر سو جائے۔ ہیچ چارہ۔ مجبوری ظاہر کرتا ہے کہ بال بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے محنت سے حلال روزی کمانے میں مصروف ہوں۔ غیر خون۔ ان صورتوں میں تو حلال روزی تو کیا کما تیرا خون بہانا ہی حلال ہو اور تو واجب القتل ہے۔ از خدا۔

ایکہ[1] صبرت نیست از دنیائے دوں — صبر چون داری ز نعم الماہدون

اے وہ کہ تجھے کمینی دنیا کے بغیر صبر نہیں ہے — بہترین فرش بچھانے والے کے بغیر تجھے کیسے صبر ہے؟

ایکہ صبرت نیست از ناز و نعیم — صبر چوں داری ز اللہ کریم

اے وہ کہ عیش و عشرت کے بغیر تجھے صبر نہیں ہے — اللہ کریم کے بغیر تجھے کیسے صبر ہے؟

ایکہ صبرت نیست از پاک و پلید — صبر چوں داری ازاں کت آفرید

اے وہ کہ پاک ناپاک کے بغیر تجھے صبر نہیں ہے — جس نے تجھے پیدا کیا ہے اسکے بغیر تجھے کیسے صبر ہے؟

ایکہ صبرت نیست از آب سیاہ — صبر چوں داری تو از چشمہ الٰہ

اے وہ کہ تیرے لئے بغیر کنگ ربانی کے صبر نہیں ہے — اللہ تعالیٰ کے چشمے کے بغیر تو کیسے صابر ہے؟

ایکہ صبرت نیست از فرزند و زن — صبر چوں داری ز حیِّ ذو المنن

اے وہ کہ تجھے بال بچوں کے بغیر صبر نہیں ہے — حیّ ذو المنن سے تو کیسے صبر کرتا ہے؟

اے کہ می گوئی[2] خدا بخشد ترا — آں فریب غول میداں بر ترا

اے وہ کہ تو کہتا ہے کہ خدا تجھے بخشدے گا — بھٹکا دینے والے کا فریب سمجھ، اس سے نکل

کو خلیلے کو بروں آمد ز غار — گفت ہٰذا ربّ ہاں کو کردگار

کہاں ہے وہ خلیل کہ جو غار سے نکلا؟ — کہا یہ خدا ہے، ہاں خدا کہاں ہے؟

من[3] نخواہم در دو عالم بنگریست — تا ندانم کایں دو مجلس آن کیست

میں دونوں جہان کو نہ دیکھوں گا — جب تک یہ نہ جان لوں کہ یہ دونوں مجلسیں کس کی ہیں

بے تماشائی صفتہائے خدا — گر خورم ناں در گلو گیرد مرا

خدا کی صفات کو دیکھے بغیر — اگر میں روٹی کھاؤں تو میرے گلے میں پھنس جائے

چوں گوارد لقمہ بے دیدار او — بے تماشائی گل و گلزار او

اسکے دیدار کے بغیر لقمہ کیسے گوارا ہو سکتا ہے؟ — (اور) اس کے گل و گلزار کے بغیر دیکھے

جز بامید خدا زیں آب خور — کہ خورد یک لقمہ الّا گاو و خر

اس دنیا میں اس کے وصل کی امید کے بغیر — گاؤ اور خر کے سوا کون ایک لقمہ کھاتا ہے؟

آنکہ کالانعام بد بل ہم اضل — گرچہ پر مکر ست آں گندہ بغل

وہ کھاتے ہیں جو چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی گمراہ — اگرچہ وہ گندے بڑے چالاک ہیں

---

براہیم کا یہ حال تھا تو ان لوگوں پر تعجب ہے جو خدا کی ذات و صفات کو پہچانے بغیر زندگی بسر کرتے ہیں۔ جز بامید خدا کی معرفت کے بغیر کھانا پینا جانوروں کا کام ہے۔ آنکہ۔ جو لوگ خدا کی معرفت کے بغیر زندگی گذارتے ہیں ان کو قرآن نے چوپایہ بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ قرار دیا ہے۔ گندہ بغل۔ وہ شخص جس کو بغل گندگی کی بیماری ہو۔

[1] ایکہ۔ دنیاداری میں بھاگا پھرتا ہے اور دین کے معاملہ میں بے عمل بنکر صابر بنا بیٹھا ہے۔ نعم الماہدون۔ قرآن میں خدا نے اپنے بارے میں فرمایا ہے کہ ہم اچھا فرش بچھانے والے ہیں۔ از ناز و نعیم۔ دنیا کی لذتوں سے صابر نہیں ہے اس کیلئے تگ و دو میں ہے اللہ کے معاملہ میں صبر ہے کوئی کاوش نہیں ہے۔ پاک و پلید۔ دنیا کی ہر اچھی بُری چیز کے لئے جدوجہد ہے اللہ جو خالق ہے اس سے بے نیازی ہے۔ حیّ ذو المنن۔ دونوں خدا کے نام ہیں۔

[2] می گوئی۔ بے عمل پر عذر کے طور پر کہا جاتا ہے اللہ غفور و رحیم ہے بخشدیگا۔ مولانا فرماتے ہیں یہ شیطانی دھوکہ ہے۔ کو خلیلے۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے غار میں سے نکلتے ہی جہاں انکی پرورش کی جارہی تھی خدا کی جستجو شروع کردی تھی ستارے کو دیکھ کر فرمایا کیا یہ خدا ہو سکتا ہے جب وہ غروب کرگیا تو فرمایا کہ غروب کر جانے والا ستارہ خدا نہیں ہو سکتا ہے تو بتاؤ خدا کہاں ہے۔

[3] من نخواہم۔ حضرت ابراہیم نے فرمایا میں دونوں جہان میں کسی طرف نگاہ بھی نہ اٹھاؤنگا جب تک کہ خدا کو نہ پہچان جاؤں۔ بے تماشائی۔ پھر فرمایا خدا کی صفات کو دیکھے بغیر میں روٹی بھی نہ کھاؤں گا۔ چوں گوارد۔ مولانا فرماتے ہیں کہ جب حضرت

مکرِ اُو سر زیر و اُو سر زیر شد — روزگارش بُرد و روزش دیر شد
اُس کا مکر ذلیل، اور وہ خود ذلیل ہوگیا — اُس کا زمانہ گذرا اُس کا وقت ضائع ہوا

فکرِ کاہش کُند شد عقلش خَرِف — عمر شد چیزے ندارد چوں اَلِف
اُس کی گھاس کی فکر سست پڑ گئی اُس کی عقل کمزور ہوگئی — عمر ختم ہوگئی، الف کیطرح اسکے پاس کوئی بھلائی نہیں ہے

آنچہ می گوید دریں اندیشہ ام — ایں ہم از دستانِ ایں نفس ست ہم
وہ جو یہ کہتا ہے فکرمند ہوں — یہ بھی اُس نفس کی مکاری ہے

وانچہ می گوید غفور ست و رحیم — نیست آں جز حیلۂ نفسِ لئیم
وہ جو یہ کہتا ہے (وہ) غفور اور رحیم ہے — کمینے نفس کے حیلہ کے علاوہ کچھ نہیں ہے

اے زغم مُردہ کہ دست از ناں تہی — چوں غفور ست و رحیم ایں ترس چیست
تو اس غم سے مرا جاتا ہے کہ ہاتھ میں روٹی نہیں ہے — جب وہ غفور اور رحیم ہے تو یہ ڈر کیوں ہے؟

## شکایت کردن پیرے پیش طبیب از رنجوریہا و جواب طبیب اُورا
ایک بڑھے کا ایک طبیب سے بیماریوں کی شکایت کرنا اور طبیب کا اُسکو جواب دینا

گفت پیرے مر طبیبے را کہ من — در زحیرم از دماغِ خویشتن
ایک بڑھے نے ایک طبیب سے کہا کہ میں — اپنے دماغ کے معاملہ میں بڑی مشکل میں ہوں

گفت از پیریست آں ضعفِ دماغ — گفت بر چشمم ز ظلمت ہست داغ
اُس (طبیب) نے کہا یہ دماغ کی کمزوری بڑھاپے کی وجہ سے ہے — اُس (بڈھے) نے کہا میری آنکھوں پر اندھیرے کا داغ ہے

گفت از پیریست اے شیخ قدیم — گفت پشتم درد می آرد عظیم
اُس (طبیب) نے کہا اے بڑے میاں بڑھاپے کی وجہ سے ہے — اُس (بڈھے) نے کہا میری کمر میں بہت درد ہے

گفت از پیریست اے شیخِ نزار — گفت ہر چہ می خورم نبود گوار
اُس (طبیب) نے کہا اے کمزور بڈھے بڑھاپے کی وجہ سے ہے — اُس بڈھے نے کہا میں جو کھاتا ہوں وہ ہضم نہیں ہوتا ہے

گفت ضعفِ معدہ ہم از پیریست — گفت وقتِ دم مرا دم گیریست
اُس (طبیب) نے کہا معدہ کی کمزوری بھی بڑھاپے کی وجہ سے ہے — اُس (بڈھے) نے کہا سانس لینے میں سانس گھٹتا ہے

گفت آرے انقطاعِ دم بود — چوں رسد پیری دو صد علت شود
اُس (طبیب) نے کہا ہاں سانس ٹوٹنے لگتا ہے — جب بڑھاپا آجاتا ہے سینکڑوں بیماریاں آجاتی ہیں

گفت کم شد شہوتم یکبارگی — گفت کز پیریست ایں بیچارگی
اُس (بڈھے) نے کہا میری شہوت ایکدم سے کم ہوگئی ہے — اُس (طبیب) نے کہا یہ معذوری بھی بڑھاپے کی وجہ سے ہے

ل مکرِ او۔ جس نے معرفت کے بغیر زندگی گذاری اگرچہ وہ کتنا ہی چالاک ہو لیکن اسکی مکاری اور زندگی سب تباہ ہے۔ فکر کاہش۔ یعنی اُس میں دنیا کی بھی عقل نہ رہی پوری زندگی ختم کردی۔ اور آخرت کا کوئی توشہ حاصل نہ کیا۔ چوں اَلِف۔ الف کو خالی کہا جاتا ہے چونکہ اُس پر کوئی نقطہ نہیں لگتا ہے۔ آنچہ می گوید۔ دین کے کاموں میں نہ لگنے والے عموماً یہی کہا کرتے ہیں کہ فلاں کام سے فارغ ہوکر دین کے کاموں میں لگوں گا اور خدا غفور رحیم اور نکتہ نواز ہے بلا عمل بھی بخشدیگا یہ سب نفس کے دھوکے ہیں۔

ٹ اے زغم۔ اسکی صفات کا بہانہ کرکے دین کا عمل ترک کرتا ہے لیکن اپنے پیٹ کی فکر میں مارا مارا پھرتا ہے وہاں اُس کی رزاقیت پر بھروسہ کرکے ترک عمل کیوں نہیں کرتا؟

ٹ گفت۔ اس حکایت کا مقصد یہ ہے کہ جب کسی کے نفس کی برائی ظاہر کی جاتی ہے تو نفس کو بہت برا لگتا ہے لہذا اس مرض کا علاج ضروری ہے ورنہ لاعلاج ہو جائیگا۔ زحیر۔ پیچش، پیچیدگی۔ ظلمت تاریکی۔ نزار۔ لاغر، کمزور۔ گوار یعنی کھانا ہضم نہیں ہوتا ہے۔ دم گیری۔ سانس گھٹنا۔ انقطاع ٹوٹنا جدا ہونا۔ چوں رسد۔ شہور ہے ایک پیری و صد عیب۔

**گفت پایم سست شد از رہ بماند** — **گفت کز پیریست در کنجت[1] نشاند**
اُس (بڈھے) نے کہا میرے پیر سست ہو گئے ہیں چلنے سے عاجز — اُس (طبیب) نے کہا بڑھاپے کی وجہ سے تجھے گوشہ نشین بنا دیا ہے

**گفت پشتم چوں کمانے شد دوتا** — **گفت کز پیریست ایں رنج و عنا**
اُس (بڈھے) نے کہا کہ میری کمر کمان کی طرح دوہری ہو گئی ہے — اُس (طبیب) نے کہا یہ تکلیف اور مشقت بڑھاپے کی وجہ سے ہے

**گفت تاریک ست چشمم اے حکیم** — **گفت کز پیریست اے پیرِ حلیم**
اُس (بڈھے) نے کہا اے حکیم! میری آنکھوں میں دھند ہے — اُس (طبیب) نے کہا اے بردبار بوڑھے بڑھاپے کی وجہ سے ہے

**گفت اے احمق بریں بر دوختی** — **از طبیبی تو ہمیں آموختی**
اُس (بڈھے) نے کہا اے بیوقوف تو اسی پر جم گیا — طبابت سے تو نے یہی سیکھا ہے

**اے مُدَمَّغ[2] عقلت ایں دانش نداد** — **کہ خدا ہر درد را درماں نہاد**
اے بددماغ! تیری عقل نے تجھے یہ سمجھ نہیں دی — کہ خدا نے ہر درد کا علاج رکھا ہے

**تو خرِ احمق ز اندک مایگی** — **بر زمیں ماندی ز کوتہ پائگی**
تو کم علمی کی وجہ سے احمق گدھا ہے — تو کوتاہ قدمی کی وجہ سے زمین پر رہ گیا ہے

**پس طبیبش[3] گفت اے عمرِ تو شصت** — **ایں غضب ویں خشم ہم از پیریست**
تب طبیب نے اُس سے کہا اے ساٹھے! — یہ غصہ اور غضب بھی بڑھاپے کی وجہ سے ہے

**چوں ہمہ اجزا و اعضا شد نحیف** — **خویشتن داری و صبرت شد ضعیف**
جب سب اجزا اور اعضاء کمزور ہو گئے ہیں — تیری قوتِ ضبط اور صبر بھی کمزور ہو گئی ہے

**بر نتابد دو سخن زو ہے کند** — **تاب یک جرعہ ندارد قے کند**
دو باتوں کی بھی برداشت نہیں کرتا اُن سے ہائے ہائے کرتا ہے — ایک گھونٹ کی برداشت نہیں کرتا قے کر دیتا ہے

**جز مگر پیرے کہ از حق ست مست** — **در درونِ اُو حیاتِ طیبست**
بجز اس بڈھے کے جو خدا کا مست ہے — اُس کے باطن میں پاکیزہ زندگی ہے

**از بروں پیرست و در باطن صبی** — **خود کیانند آں ولی و آں نبی**
باہر سے (بظاہر) بوڑھا ہے اور حقیقت میں بچہ ہے — وہ کون ہیں؟ وہ ولی اور نبی ہیں

**گر نہ پیدا اند پیشِ نیک و بد** — **چیست با ایشاں خساں را ایں حسد**
اگر (وہ) ہر نیک و بد کے سامنے کھلے ہوئے نہیں ہیں — (تو) کمینوں کو اُن سے یہ حسد کیوں ہے؟

**ور نمی دانند شاں علم الیقیں** — **چیست ایں بغض و حیل سازی و کیں**
اگر وہ اُن کو یقینی طور پر نہیں جانتے ہیں — تو یہ بغض اور حیلہ سازی و کینہ کیوں ہے؟

---

[1] گُنج۔ گوشہ۔ دوتا۔ دوہری۔ عنا۔ مشقت۔ گفت تاریک۔ یعنی آنکھوں میں روشنی نہیں رہی۔ حلیم۔ بردبار۔ گفت۔ بڈھے نے غصہ میں طبیب سے کہا بس تیرے پاس ہر بیماری کا ایک ہی جواب ہے اور طبابت میں تو نے صرف یہی سیکھا ہے۔

[2] مُدمَّغ۔ متکبر، بددماغ۔ ہر درد را۔ حدیث شریف میں ہے۔ مَا اَنزَلَ اللّٰہُ دَاءً اِلَّا اَنزَلَ لَہٗ شِفَاءً یعنی خدا نے کوئی ایسی بیماری نہیں پیدا کی جس کے لئے علاج نہ پیدا کر دیا ہو۔ بر زمین یعنی نچلا مرتبہ۔

[3] پس طبیبش۔ طبیب نے اُس بڈھے سے کہا تیری ساٹھ کی عمر ہے جس میں آدمی سٹھیا جاتا ہے اور غصہ و غضب بڑھ جاتا ہے یہ بڑھاپے کا ہی اثر ہے، جوان میں قوتِ برداشت زیادہ ہوتی ہے۔ نحیف۔ لاغر، کمزور۔ خویشتن داری۔ اپنے آپ کو سنبھالے رکھنا۔ بر نتابد۔ بڑھاپے میں قوتِ برداشت کم ہو جاتی ہے۔ جز مگر۔ جن کو روحانی طاقت حاصل ہوتی ہے اُن پر بڑھاپے کے آثار نمایاں نہیں ہوتے ہیں۔ از بروں۔ اولیاء اور انبیاء کا جسم بڑھا ہوتا ہے ہمت جوان رہتی ہے۔ گر نہ پیدا اند۔ ناقص لوگوں کا بغض و حسد کامل لوگوں کے کمال کی دلیل ہے۔

دربدانندے جزائے رستخیز — چوں نندے خویش بر شمشیر تیز
اگر وہ قیامت کی سزا کو جانتے — تو اپنے آپ کو تیز تلوار سے کیوں بھڑاتے؟

بر تو می خندد مبیں او را چناں — صد قیامت در درونستش نہاں
وہ تیرے سامنے ہنستا ہے اس کو ایسا نہ سمجھ — اس کے باطن میں سو قیامتیں چھپی ہوئی ہیں

دوزخ و جنت ہمہ اجزائے اوست — ہر چہ اندیشی تو آں بالائے اوست
اس کے اجزاء سب دوزخ و جنت ہیں — (اس کے بارے میں)، تو جو سوچے وہ اس سے بلند ہے

ہر چہ اندیشی پذیرائے فناست — آنکہ در اندیشہ نیاید آں خداست
تو جو سوچے وہ فنا کو قبول کرنے والا ہے — جو تیرے اس میں نہ آئے وہ خدا ہے

بر در ایں خانہ گستاخی زچیست — گر ہمی دانند کاندر خانہ کیست
اس گھر کے دروازے پر گستاخی کیوں ہے؟ — اگر وہ جانتے ہیں کہ گھر میں کون ہے؟

ابلہاں تعظیم مسجد می کنند — در جفائے اہلِ دل جدّ می کنند
بے وقوف مسجد کی تعظیم کرتے ہیں — اہل دل پر ظلم کے کوشاں ہیں

آں مجازست ایں حقیقت اے خراں — نیست مسجد جز درونِ سروراں
اے گدھو! وہ مجاز ہے یہ حقیقت ہے — بزرگوں کے دل کے علاوہ مسجد (اور کچھ) نہیں ہے

مسجدے کاں اندرونِ اولیاست — سجدہ گاہ جملہ است آنجا خداست
وہ مسجد جو اولیا کے باطن میں ہے — وہ سب کی سجدہ گاہ ہے، خدا اس میں ہے

تا دلِ مردِ خدا نامد بدرد — ہیچ قومے را خدا رسوا نکرد
جب تک مرد خدا کے دل کو تکلیف نہیں پہنچی — خدا نے کسی قوم کو رسوا نہیں کیا

قصدِ جنگِ انبیا می داشتند — جسم دیدند آدمی پنداشتند
انہوں نے انبیاء سے لڑائی کا ارادہ کیا — انہوں نے صرف جسم دیکھا (صرف) آدمی سمجھا

در تو ہست اخلاقِ آں پیشینیاں — چوں نمی ترسی کہ باشی تو ہماں
تیرے اندر ان پہلی قوموں کے اخلاق ہیں — تو کیوں نہیں ڈرتا کہ تو بھی ویسا ہی ہو جائیگا

عادتِ آں ناسپاساں در تو رست — نایدت ہر بار دلو از چہ درست
تیرے اندر ان ناشکروں کی عادت پیدا ہو گئی ہے — ہر بار ڈول کنوئیں سے درست نہیں نکلتا ہے

---

لہ در بدانندے۔ اگر جاہلوں کو اپنی اس سزا کا یقین ہو جائے جو قیامت میں ان کو ملے گی تو وہ کبھی اولیاء انبیا پر حسد نہ کریں اور ان کو برہنہ شمشیر سمجھیں اور ان سے نہ بھڑیں نہ کریں۔ بر تو می خندد۔ بزرگوں کے ظاہری حلم سے دھوکے میں نہ پڑنا چاہیے۔ انکا وجود منکرین کے قہر کا مظہر ہے۔ ۲ دوزخ۔ یعنی انبیا اور اولیا کے جسم کے اجزا اللہ کی دوزخ اور بہشت کے مظہر ہیں۔ ہر چہ۔ چونکہ اولیا اور انبیا اخلاق خداوندی حاصل کر چکے ہیں لہٰذا انکے مراتب تصور سے بالاتر ہیں۔ ہر چہ اندیشی۔ جو انسانی فکر میں سما جائے وہ فانی ہے وہ خدا نہیں ہو سکتا ہے خدا وہی ہے جو انسانی فکر و عقل سے بالاتر ہے۔ بر در۔ انبیا اور اولیاء سے گستاخی کرنیوالے اگر یہ جان لیں کہ ان کے باطن میں کون بس رہا ہے تو کبھی گستاخی کی جرأت نہ کریں۔ ابلہاں۔ بیوقوف مسجد کی تعظیم تو کرتے ہیں اور بزرگوں کے دل کی تعظیم نہیں کرتے جو حقیقی مسجد اور خانہ خدا ہے۔ ۳ آں۔ یعنی ظاہری مسجد۔ ایں۔ یعنی نبی اور ولی کا دل اصلی خانۂ خدا ہے۔ اندرون اولیا یعنی اولیاء اللہ کا دل۔ سجدہ گاہ۔ دل بدست آور کہ حج اکبر است — از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است۔ تا دل۔ اولیاء کے دل کو ستانا قوم کی ہلاکت کا سبب بنتا ہے۔ جسم دیدند یعنی ان معاندین کی نگاہ

صرف اولیاء کے جسم پر ہے ان کی روح ان کے پیش نظر نہیں ہے۔ در تو۔ ہر انسان میں ہلاک شدہ قوموں کے اخلاق موجود ہیں تو اسکو ڈرنا چاہیے کہ کہیں لگے رہ کر بھی وہ سلوک نہ ہو جائے جو ان کیساتھ ہوا۔ عادت۔ جبکہ ہلاک شدہ قوم کی عادتیں موجود ہیں تو مطمئن نہ ہونا چاہیے اگر کسی وقت ان پر گرفت نہیں ہوئی تو نہ سمجھنا چاہیے کہ کبھی بھی گرفت نہ ہوگی۔

آں نشانیہا ہمہ چوں در تو ہست — چوں تو زاں ایشانی کجا خواہی برست

جبکہ وہ تمام علامتیں تیرے اندر ہیں — جب تو اُن میں سے ہے، کہاں بچ سکتا ہے!

## قصۂ[1] کودکے کہ در پیشِ تابوتِ پدر می نالید و سخنِ جوحی

ایک بچہ کا قصہ جو باپ کے جنازے کے آگے رو رہا تھا اور شیخ چلّی کی بات

کودکے در پیشِ تابوتِ پدر — زار می نالید و بر می کوفت سر

ایک بچہ باپ کے جنازے کے آگے — بہت روتا تھا اور سر پیٹتا تھا

کاے پدر آخر کجایت می برند — تا ترا در زیرِ خاکے آورند

اے ابا! آخر تجھے کہاں لے جا رہے ہیں؟ — تاکہ تجھے مٹی کے نیچے گاڑ دیں

می برندت خانۂ تنگ و زحیر[2] — نے درو قالی و نے در وے حصیر

تجھے تنگ و تکلیف دہ گھر میں لے جا رہے ہیں — نہ اُس میں قالین ہے نہ اُس میں بوریا ہے

نے چراغے در شب و نے روزناں — نے درو بوئے طعام و نے نشاں

نہ رات میں چراغ ہے، نہ روشندان ہیں — نہ اُس میں کھانے کی خوشبو ہے اور نہ پتہ

نے درش معمور و نے سقف و نہ بام — نے درو بہرِ ضیائے ہیچ جام

نہ اُس کا دروازہ درست ہے نہ چھت نہ بالاخانہ — نہ اُس میں روشنی کیلئے کوئی شیشہ کا روشندان ہے

نے درو از بہرِ مہماں آبِ چاہ — نے یکے ہمسایہ کو باشد پناہ

نہ اُس میں مہمان کے لئے کنویں کا پانی ہے — نہ کوئی ہمسایہ ہے جو سہارا ہو

جسمِ[3] تو کہ بوسہ گاہِ خلق بود — چوں شود در خانۂ کور و کبود

تیرا بدن جو لوگوں کی بوسہ گاہ تھا — سیاہ رنگ گھر میں اُس کا کیا حال ہوگا؟

خانۂ بے زینہار و جائے تنگ — کہ درو نے روی می ماند نہ رنگ

وہ بے پناہ گھر اور تنگ جگہ — نہ اُس میں چہرہ باقی رہتا ہے نہ رنگ

زیں نسق اوصافِ خانہ می شمرد — وز دو دیدہ اشکِ خونی می فشرد

اس طرح سے وہ گھر کے اوصاف گنتا تھا — اور دونوں آنکھوں سے خون کے آنسو بہاتا تھا

گفت جوحی با پدر اے ارجمند — واللہ ایں را خانۂ ما می برند

شیخ چلّی نے باپ سے کہا، اے بزرگوار! — خدا کی قسم اس کو ہمارے گھر لے جا رہے ہیں

گفت جوحی را پدر ابلہ مشو — گفت اے بابا نشانیہا شنو

شیخ چلّی سے (اُسکے) باپ نے کہا بیوقوف نہ بن — اُس نے کہا اے ابا! علامتیں سن لے

---

[1] قصہ۔ پہلے یہ سمجھایا تھا کہ ہر انسان میں وہ خصلتیں موجود ہیں جو برباد شدہ قوموں میں تھیں لیکن وہ انسے غافل ہے۔ اِس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ رونے والا بچہ جو قبر کی خصوصیات بیان کر رہا تھا وہ شیخ چلی کے گھر میں موجود تھیں۔ جوحی۔ ایک فرضی شخصیت ہے جس کی طرف ہنسی مذاق کے قصے منسوب کر دیئے جاتے ہیں جیسا کہ ہندوستان میں شیخ چلی۔ تابوتِ پدر۔ باپ کا جنازہ۔ خاکے۔ یعنی قبر کی مٹی۔

[2] زحیر۔ پیچش، مشکل، تنگی۔ قالی۔ قالین۔ حصیر۔ بوریا۔ معمور۔ آباد، درست۔ سقف۔ چھت۔ بام۔ بالاخانہ۔ جام۔ شیشہ کا روشندان۔

[3] جسمِ تو۔ تیرے جسم کو لوگ چومتے تھے۔ کور و کبود۔ تیرہ و تاریک۔ نسق۔ ترتیب۔ خانۂ ما می برند۔ رونے والے لڑکے نے جس تنگ قبر کے اوصاف گنائے تھے وہ سب شیخ چلی کے گھر میں پائے جاتے تھے۔

ایں نشانیہا کہ گفت[1] او یک بیک — خانۂ ماراست بے تزویر و شک
یہ جو اس نے تمام نشانیاں بتائی ہیں — بے شک و شبہ ہمارے گھر کی ہیں

نے حصیر و نے چراغ و نے طعام — نے درش معمور و نے سقف و نہ بام
نہ بوریا اور نہ چراغ اور نہ کھانا — نہ اس کا دروازہ درست نہ چھت اور نہ بالاخانہ

زیں نمط دارند در خود صد نشاں — لیک کے بینند آں را طاغیاں
اسیطرح (ہلاک شدہ قومیں) اپنے اندر سو علامتیں رکھتی ہیں — لیکن سرکش انھیں کب دیکھتے ہیں

خانۂ آں دل کہ ماند بے ضیا — از شعاعِ آفتابِ کبریا
اس دل کا خانہ جو بے نور ہے — خدا کے آفتاب کی شعاعوں سے

تنگ و تاریک ست چوں جانِ یہود — بے نوا از ذوقِ سلطانِ وَدود
وہ یہود کے باطن کیطرح تنگ و تاریک ہے — محبت کرنیوالے شہنشاہ کے ذوق سے محروم

نے دراں دل تابِ نورِ آفتاب — نے کشادِ عرصہ و نے فتحِ باب
اس دل میں نہ تو سورج کی روشنی کی چمک ہے — نہ صحن کی وسعت ہے اور نہ دروازہ کھلا ہے

گور خوشتر از چنیں دل مر ترا — آخر از گورِ دلِ خود بر تر آ
تیرے لئے ایسے دل سے قبر بہتر ہے — بالآخر اپنے دل کی قبر سے باہر نکل

یوسفِ[2] وقتی و خورشیدِ سما — زیں چہ و زنداں بر آ و رُو نما
تو یوسفِ دوراں ہے اور آسمان کا سورج ہے — اس کنوئیں اور قیدخانہ سے نکل اور چہرہ دکھا

یونست در بطنِ ماہی پختہ شد — مخلصش را نیست از تسبیح بُد
تیرا یونس مچھلی کے پیٹ میں پک رہا ہے — اس کی نجات کے لئے تسبیح کے سوا چارہ نہیں ہے

گر نبودے او مسبّحِ بطنِ نون — حبس و زنداں‌ش بُدے تا یُبعثون
اگر وہ تسبیح خواں نہ بنتے، مچھلی کا پیٹ — تو قیامت تک اُن کے لئے قید اور جیلخانہ ہوتا

او بہ تسبیح از تنِ ماہی بجست — چیست تسبیح آیتِ روزِ الست
انھوں نے تسبیح کے ذریعہ مچھلی کے پیٹ سے نجات پائی — تسبیح کیا ہے؟ الست کے دن کی علامت

گر فراموشت[3] شد آں تسبیحِ جاں — بشنو ایں تسبیحہائے ماہیاں
تو اگر وہ روحانی تسبیح بھول گیا ہے — تو مچھلیوں کی یہ تسبیح سن لے

---

[3] گر فراموشت شد۔ اگر کسی انسان میں عہدِ الست کی فطرت سلیمہ باقی نہیں رہی ہے تو اولیاء اللہ سے اس کو حاصل کرے۔ ماہیاں۔ یعنی اولیاء اللہ۔

[1] گفت یعنی رونے والے لڑکے نے کہا۔ زیں نمط جس طرح شیخ چلی نے قبر کی جملہ علامتوں کو اپنے گھر میں دیکھا اسیطرح ہلاک شدہ قوموں کی علامتیں ہر انسان میں موجود ہیں۔ طاغی۔ سرکش۔ نافرمان۔ جس دل میں خدا کا نور نہ ہو وہ اللہ (تعالیٰ) کی محبت سے بے ذوق ہے ایسے دل سے تو قبر کا گڑھا بہتر ہے۔ آخر آزاد کر۔ اپنے دل کو اس گڑھے سے نکالنا خود انسان کا کام ہے۔

[2] یوسفِ وقتی۔ جس طرح عارضی طور سے حضرت یوسف قیدخانہ میں چلے گئے تھے اور باہر نکلے تم بھی دل کو قیدخانہ سے باہر نکال۔ یونست یعنی تیری روح جو بمنزلہ یونس کے ہے۔ بطنِ ماہی یعنی جسم۔ مسبح تسبیح۔ حضرت یونس نے نجات کیلئے تسبیح پڑھی تو مچھلی کے پیٹ سے باہر نکلے قرآن میں تسبیح پڑھنے ... یبعثون۔ حضرت یونس کے تذکرہ میں ہے۔ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ۔ یعنی اگر وہ یونس تسبیح پڑھنے والوں میں سے نہ ہوتے تو اس دن تک اس مچھلی کے پیٹ میں رہتے جبکہ لوگوں کا حشر ہوگا یعنی قیامت تک۔ آیتِ روزِ الست۔ ازل میں اللہ (تعالیٰ) نے روحوں سے اپنی ربوبیت کا اقرار لیا تھا تو انسان کی تسبیح اور خدا کیطرف فطری میلان اُس عہدِ الست کی علامت اور نشانی ہے۔

| | |
|---|---|
| **هر که دید الله را اللهی ست** | **هر که دید آن[1] بحر را او ماهی ست** |
| جس نے اللہ تعالیٰ کو دیکھ لیا وہ اللہ والا ہے | جس نے اُس سمندر کو دیکھ لیا وہ مچھلی ہے |
| **این جهان دریاست تن ماهی و روح** | **یونس محجوب از نور صبوح** |
| یہ دنیا سمندر ہے، جسم مچھلی اور روح | وہ یونسؑ ہے جو صبح کے نور سے محروم ہے |
| **گر مسبح شد تو از ماهی رهید** | **ورنه در وی هضم گشت و ناپدید** |
| اگر تو تسبیح خواں بن گیا، مچھلی سے نجات پا گیا | ورنہ اُس میں ہضم اور ناپید ہوگیا |
| **ماهیان[2] جان درین دریا پُرند** | **تو نمی بینی که کوری اے نژند** |
| اس دریا میں روحانی مچھلیاں بھری ہیں | اے بدحال! تو نہیں دیکھتا ہے کیونکہ تو اندھا ہے |
| **بر تو خود را می زنند آن ماهیان** | **چشم بکشا تا ببینی شان عیان** |
| وہ مچھلیاں تجھ سے ٹکرا رہی ہیں | آنکھ کھول تاکہ تو اُن کو نمایاں دیکھ لے |
| **ماهیان را گر نمی بینی پدید** | **گوش تو تسبیح شان آخر شنید** |
| اگر تو مچھلیوں کو واضح طور پر نہیں دیکھتا ہے | آخر تیرے کان نے اُن کی تسبیح تو سنی ہے |
| **ماهیان جمله روح بے جسد** | **نے در ایشان کبر و نے کین و حسد** |
| وہ مچھلیاں بغیر جسم کے مجسّم روح ہیں | نہ اُن میں تکبر ہے، نہ کینہ، نہ حسد |
| **صبر کردن جان تسبیحات تست** | **صبر کن کانست تسبیح درست** |
| تیری تسبیحوں کی روح صبر کرنا ہے | صبر کر وہ صحیح تسبیح ہے |
| **هیچ تسبیحے ندارد آن درج** | **صبر کن کالصبر مفتاح الفرج** |
| کوئی تسبیح وہ مرتبہ نہیں رکھتی ہے | صبر کر، صبر کشادگی کی کنجی ہے |
| **صبر چون جسر صراط آن سو بهشت** | **هست با هر خوب یک لالای زشت** |
| صبر پل صراط کی طرح ہے اُس جانب بہشت ہے | ہر خوبصورت کے ساتھ ایک بدصورت غلام ہے |
| **تا[3] ز لالا می گریزی وصل نیست** | **زانکه لالا را ز شاهد فصل نیست** |
| جب تک تو غلام سے بھاگتا ہے وصل نہیں ہے | اسلئے کہ غلام کی محبوب سے جُدائی نہیں ہے |
| **تو چه دانی ذوق صبر اے شیشه دل** | **خاصه صبر از بهر آن نقش چگل** |
| اے نازک دل! تو صبر کا ذائقہ کیا جانتا ہے | خصوصاً اُس صبر کا جو چگل کے معشوق کیلئے ہے |
| **مرد را ذوق از غزا و کر و فر** | **مر مخنث را بود ذوق از ذکر** |
| مرد کو جہاد اور شان و شوکت کا ذوق ہے | نامرد کو آلۂ تناسل کا ذوق ہے |

[1] آن بحر یعنی جس نے بحر وحدت کا مشاہدہ کر لیا وہ ماہی کہلائیگا۔ این جہاں دُنیا کو سمندر اور جسم کو مچھلی اور روح کو یونسؑ سمجھو۔ گر مسبح۔ جس طرح حضرت یونسؑ نے تسبیح کی برکت سے مچھلی کے پیٹ سے نجات پائی ورنہ قیامت تک اُسمیں رہتے اسی طرح تم اپنی روح کو تسبیح کے ذریعہ جسم کی مچھلی سے نجات دلاؤ ورنہ مچھلی ہضم کریگی۔

[2] ماہیانِ جاں یعنی روحانی مچھلیاں اولیاء اللہ۔ بر تو۔ اولیاء اللہ خواہشمند ہیں کہ تو اُن سے فیض حاصل کرے۔ بے جسد یعنی تن پروری کے بغیر۔ صبر کردن یعنی مجاہدات پر صبر کرنا۔ صبر جس طرح پلصراط سے گذر کر بہشت میں داخلہ ہوگا اسی طرح صبر سے کشادگی حاصل ہوگی۔ لالا۔ غلام۔

[3] تا ز لالا صبر بدصورت غلام ہے اور کشادگی محبوب ہے کشادگی حاصل کرنے کیلئے صبر کی تلخی برداشت کرنا ضروری ہے تو چہ دانی۔ واصل بحق ہونے میں صبر کی دشواریوں سے اہل اللہ لذت حاصل کرتے ہیں۔ دوسرا اس صبر کی لذتوں سے واقف نہیں ہے مرد را۔ صبر کی لذت مرد خدا جانتا ہے جس طرح کہ مرد میدان جنگ اور شان و شوکت کی لذت سمجھتا ہے، نامرد ان لذتوں سے واقف نہیں ہے اُس کی کو لذت صبر کا علم ذکر کی لذت سے ہے

جز ذکرِ نے دینِ او و ذکرِ او | سوئے اسفل برد او را فکرِ او
اُس کا دین اور تسبیح آلۂ تناسل کے سوا کچھ نہیں ہے | اُس کا خیال اُس کو پستی کی طرف لے گیا

گر[1] بر آید تا فلک از وے مترس | کو بعشقِ سفل آموزید درس
اگر وہ آسمان تک چڑھ جائے اس کی پرسش نہ کر | اسلئے کہ اُس نے تو پستی کے عشق کا سبق سیکھا ہے

او بسوئے سفل می راند فرس | گرچہ سوئے علو جنباند جرس
وہ پستی کی طرف گھوڑا دوڑا رہا ہے | اگرچہ بلندی کی جانب گھنٹہ بجا رہا ہے

از علمہائے گدایاں ترس چیست | کاں علمہا لقمۂ ناں را رہی ست
بھیک منگوں کے جھنڈوں سے ڈرنا کیسا؟ | کیونکہ وہ جھنڈے روٹی کے ایک لقمہ کے غلام ہیں

ایں سخن ہا رانکو دریاب تو | ورنمی دانی شنو از باب تو
ان باتوں کو خوب سمجھ لے | اگر تو نہیں جانتا ہے تو اس سلسلہ کی بات سن لے

## ترسیدنِ[2] کودکے ازاں شخصِ صاحب جثہ و گفتن آں شخص
ایک بچہ کا ایک بھاری بھرکم انسان سے ڈرنا اور اُس شخص کا کہنا

کہ اے کودک مترس کہ من نامردم و مرد توئی
کہ اے بچے تو نہ ڈر میں نامرد ہوں، تو مرد ہے

کنگ زفتے کودکے را یافت فرد | زرد شد کودک زبیم قصدِ مرد
ایک موٹے بھاری شخص نے ایک بچہ کو تنہا پایا | بچہ اُس مرد کے ارادہ کے ڈر سے زرد ہو گیا

گفت ایمن باش اے زیبائے من | کہ تو خواہی بود بر بالائے من
اس (موٹے) نے کہا مطمئن رہ اے میرے حسین! | کہ تو میرے اوپر ہوگا

من[3] اگر ہولم مخنث داں مرا | ہمچو اشتر بر نشیں می راں مرا
میں اگرچہ ہولناک ہوں مجھے ہیجڑا سمجھ | اوپر بیٹھ اونٹ کی طرح مجھے ہانک

صورتِ مرداں و معنی ایں چنیں | از بروں آدم درون دیوِ لعیں
مَردوں کی صورت، اور باطن ایسا | باہر سے آدمی اندر سے لعین شیطان

آں دہل را مانی اے زفت چو عاد | کہ برو آں شاخ را می کوفت باد
اے عاد کی طرح موٹے تو اُس ڈھول کی طرح ہے | کہ جس پر ہوا شاخ کو مار رہی تھی

روبہے اشکارِ خود را باد داد | بہرِ طبلے ہمچو خیکے پُر ز باد
لومڑی نے اپنا شکار برباد کر دیا | اُس ڈھول کی وجہ سے جو مشک کی طرح ہوا سے پُر تھا

---

[1] گر برآید۔ اگر کوئی مردِ خدا نہیں ہے اور اس میدان کا مرد نہیں ہے تو اُس کا عروج عارضی ہے اُس پر اعتماد نہ کرنا چاہیئے۔ از علمہائے۔ نامرد کا عروج تو ایسا ہی ہے جیسے فقیروں کے جھنڈے جو صرف روٹی مانگنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں، انہیں غازیوں کے جھنڈوں سے کوئی نسبت نہیں۔

[2] ترسیدن۔ نامرد کا ظاہری دکھاوا ناقابلِ اعتبار ہے وہ محض ہیجڑے کا تن و توش ہے۔ کنگ۔ قوی ہیکل۔ زبیم قصدِ۔ یعنی وہ لڑکا اُس موٹے ہیجڑے کے ارادہ سے ڈرا۔ کہ تو خواہی بود۔ یعنی مرد تو ہے اور میرے اوپر ہوگا۔

[3] من اگر ہولم۔ میرا بھاری بھرکم بدن ہی خوفناک ہے ہمت اور بہادری سے خالی ہوں تو میرے اوپر سوار ہو کر اونٹ کی طرح مجھے ہانک سکتا ہے۔ صورت۔ بہت سے انسان بظاہر بہادر معلوم ہوتے ہیں لیکن اندر سے بزدل شیطان ہوتے ہیں۔ دہل۔ ڈھول جو کہ تندومند ہوتا ہے اور اندر سے خالی ہوتا ہے وہ درخت پر ایسی جگہ لٹکا ہوا تھا جہاں ہوا اُس پر شاخ ... لگا دیتی تھی۔ روبہے۔ بس لومڑی نے اُس کو موٹا شکار سمجھ کر اپنا چھوٹا شکار بھی چھوڑ دیا خیکے۔ مشک۔

چوں ندید اندر دُہل اُو فربہی ... گفت خوکے بہ ازیں خیکے تہی

جب اس نے ڈھول کے اندر موٹاپا نہ دیکھا ... بولی اس خالی مشک سے تو سور بہتر ہے

روبہاں ترسند ز آوازِ دُہل ... عاقلش چنداں زند کہ لاتقل

ڈھول کی آواز سے لومڑیاں ڈرتی ہیں ... عقلمند اس کو اتنا پیٹتا ہے، کہ کچھ نہ بول

## قصۂ تیر اندازے و ترسیدنِ اُو از سوارے کہ در بیشہ می رفت

ایک تیر انداز کا قصہ اور اس کا اس سوار سے ڈرنا جو جنگل میں جا رہا تھا

یک سوارے با سلاح و بس مہیب ... مے شد اندر بیشہ بر اسپے نجیب

ایک ہتھیار بند سوار اور بہت ہیبتناک ... ایک عمدہ گھوڑے پر جنگل میں جا رہا تھا

تیر اندازے بحکم اُو را بدید ... پس ز خوف اُو کماں را بر کشید

ایک قدر انداز نے اس کو دیکھا ... اس کے ڈر سے اس نے کمان تانی

تا زند تیرے سوارش بانگ زد ... من ضعیفم گرچہ زفتستم جسد

تاکہ اس پر تیر چلا دے سوار نے اس کو پکارا ... میں کمزور ہوں اگرچہ میرا بدن موٹا ہے

ہاں وہاں منگر تو در زفتیِ من ... کم کمم در وقتِ جنگ از پیرزن

خبردار خبردار! تو میرے موٹاپے کو نہ دیکھ ... کیونکہ میں لڑائی میں بوڑھی عورت سے بھی بہت کم ہوں

گفت رو کہ نیک گفتی ورنہ نیش ... بر تو می انداختم از ترسِ خویش

اس نے کہا چلا جا، تو نے اچھا ہوا بتا دیا ورنہ تیر ... میں اپنے ڈر سے تجھ پر چلا دیتا

بے رجولیت چناں تیغے بمشت ... بس کساں را کالت پیکار کشت

بغیر بہادری کے اس طرح سے ہاتھ میں تلوار ... بہت سے لوگ ہیں جن کو جنگ کے ہتھیار نے مروایا

گر بپوشی تو سلاحِ رستماں ... رفت جانت چوں نباشی مرد آں

اگر تو رستموں کے ہتھیار باندھے ... جب تو اس کا اہل نہیں ہے تو تیری جان گئی

جاں سپر کن تیغ بگذار اے پسر ... ہر کہ بے سر بود زیں شہ برد سر

اے بیٹا! جان کی ڈھال بنا لے تلوار کو چھوڑ ... جو بے سر تھا اس نے اس شاہ سے سر کو بچا لیا

آں سلاحت حیلہ و مکرِ تو است ... ہم ز تو زائید و ہم جانِ تو خست

وہ تیرے ہتھیار تیرا حیلہ اور مکر ہیں ... جو تجھ سے ہی پیدا ہوئے اور تیری ہی جان کو زخمی کر دیا

چوں نکردی ہیچ سودے زیں حیل ... ترکِ حیلت کن کہ پیش آید دول

جب تو نے ان حیلوں سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا ... حیلے چھوڑ دے تاکہ دولتیں سامنے آئیں

لہ کوک۔ سور۔ روبہاں لومڑیاں کے فربہ اور ہمت کے کوتاہ شخص سے بے عقل لوگ ڈرتے ہیں۔ لاتقل یعنی اتنی پٹائی کرتے ہیں جو ناقابلِ بیان ہے۔ یہی صورت بنے ہوئے شیخوں کی ہے کہ عوام ان کے دھوکے میں آجاتے ہیں۔ سلاح۔ ہتھیار۔ مہیب۔ ہیبتناک۔ بیشہ۔ جھاڑی، جنگل۔ نجیب۔ اصل گھوڑا۔ تیر انداز بحکم۔ حکمی طور پر نشانہ پر تیر مارنے والا۔ من ضعیفم یعنی میرا جسم ہی بھاری بھرکم ہے اندر کچھ نہیں ہے۔

لہ نیش۔ تیر، ڈنک، برچھی۔ موف۔ رجولیت۔ مردانگی، بہادری۔ آلتِ پیکار۔ جنگی ہتھیار جن کو استعمال کرنے کی ان میں صلاحیت نہ تھی لہٰذا مزید لینے ان کی ظاہری حالت ہی تباہی کا سبب بنے گی۔

لہ گر بپوشی۔ اگر بزدل، میدان میں بہادری کے ہتھیار باندھ کر آتا تو بیکار تھا۔ جاں سپر کن۔ دنیا داروں کے مقابلہ میں دنیا داری کے ہتھیار، مکر و فریب سے مسلح نہ ہو نجات پاؤ گے۔ یہ حیلہ تو مکر و فریب کا ہتھیار خود انسان کا پیدا کردہ ہے اور خود اسی کی ہلاکت کا باعث ہے

چوں[۱] یکے لحظہ نخوردی بر ز فن — ترک فن گوئی طلب ربّ المنن
جبکہ حیلے سے تونے ایک لمحہ کیلئے پھل نہ کھایا — حیلے چھوڑ دے، اللہ کو طلب کر

چوں مبارک نیست بر تو ایں علوم — خویشتن گولی کن و بگذر ز شوم
جبکہ یہ فن تیرے لئے مبارک نہیں ہیں — اپنے آپ کو سادہ لوح بنالے اور بدبختی سے نکل جا

چوں ملائک گوئی لَا عِلْمَ لَنَا — یا الٰہی! غَیْرَ مَا عَلَّمْتَنَا
تو فرشتوں کی طرح کہدے ہمارے لئے علم نہیں ہے — اے خدا! سوائے اس کے جو تونے سکھایا

حیلہ و مکر اندریں رہ سود نیست — ہر کہ شد مغرورِ عقل او کودنیست
اس راستہ میں حیلہ اور مکر کا کوئی فائدہ نہیں ہے — جس نے عقل پر گھمنڈ کیا وہ بے وقوف ہے

یک حکایت بشنو اے صاحب قبول — در بیانِ جہل و عقلِ بو الفضول
اے صاحب قبول! ایک حکایت سن لے — جہل اور فضول عقل کے بارے میں

## قصۂ اعرابی و ریگ در جوال[۲] کردن و ملامت کردن آں فیلسوف اورا

ایک بدو اور اس کے بورے میں ریت بھرنے کا قصہ اور ایک عقلمند کا اس کو ملامت کرنا

یک عرابی بار کردہ اشترے — یک جوالے زفت از دانہ برے
ایک بدو اونٹ پر لادے ہوئے — گیہوں کے دانوں کا ایک موٹا بورا لے جارہا تھا

یک جوالِ دیگرش از ریگ پُر — ہر دو را او بار کردہ بر شتر
دوسرا ایک بورا ریتے سے بھرا ہوا — دونوں کو اس نے اونٹ پر لادا

او نشستہ بر سرِ ہر دو جوال — یک حدیث انداز کرد او را سؤال
وہ دونوں بوروں پر بیٹھ گیا — ایک سوال کرنے والے نے اس سے سوال کیا

از[۳] وطن پرسید و آوردش بگفت — وندراں پرسش بسے دُرہا بسفت
اس کا وطن پوچھا اور اسکو گویا کیا — اور اس سوال میں بہت سے موتی پروئے

بعد ازاں گفتش کہ ایں ہر دو جوال — چیست آگندہ بگو مصدوقِ حال
اس کے بعد اس سے کہا کہ ان دونوں بوروں میں — کیا بھرا ہوا ہے؟ ٹھیک کہنا

گفت اندر یک جوالم گندم ست — در دگر ریگے نہ قوتِ مردم ست
اس نے کہا میرے ایک بورے میں گیہوں ہیں — دوسرے میں ریت ہے انسانوں کی خوراک نہیں ہے

گفت تو چوں بار کردی ایں رمال — گفت تا تنہا نماند آں جوال
اس نے کہا تونے یہ ریت کیوں لادا ہے؟ — اس نے کہا تاکہ یہ دوسرا بورا اکیلا نہ رہے

---

[۱] چوں یکے لحظہ۔ انسان کی مکاری ایک منٹ کے لئے بھی انسان کے لئے مفید نہیں ہے۔ ربّ المنن۔ اللہ تعالیٰ۔ ایں علوم۔ یعنی دنیا طلبی کے مکر و فریب۔ گولی۔ بیوقوف۔ شوم۔ یعنی مکر و فریب۔ اندریں رہ۔ دین اور آخرت کے معاملہ میں محض عقل سے رہنمائی حاصل نہیں ہوسکتی ہے۔ بیکار عقل سے جہل بہتر ہے۔ آئندہ مولانا جو قصہ نقل فرمارہے ہیں اس کا خلاصہ یہی ہے۔

[۲] جوال۔ بورا، گون جس میں سامان بھر کر چوپایوں پر لادا جاتا ہے۔ فیلسوف۔ حکیم، دانا۔ بُر۔ گیہوں۔ ریگ۔ ریت۔ حدیث انداز۔ بات کو شروع کرنے والا۔

[۳] از وطن۔ یعنی اس بدو سے اس کا وطن دریافت کیا۔ آوردش بگفت۔ اس کو ہمکلام بنایا۔ وندراں۔ یعنی یہ باتیں بہت بہتر انداز سے کیں۔ مصدوق۔ سچی بات کرنے والا۔ قوت۔ روزی، خوراک۔ رمال۔ ریت۔ تنہا نماند۔ دو برابر کے بورے لادے جاتے ہیں تاکہ توازن قائم رہے۔

گفت[1] نیم گندمِ آں تنگ را — در دگر ریز از پئے پاسنگ را

اُس نے کہا اُس بورے کے آدھے گیہوں — توازن کے لئے دوسرے بورے میں کرے

تا سُبک گردد جوال و ہم شتر — گفت شاباش اے حکیمِ اہلِ حُر

تاکہ بورے اور اونٹ ہلکے ہو جائیں — اُس نے کہا اے دانا اور اہل اور شریف تجھے شاباش ہے

ایں چنیں فکرِ دقیق و رای خوب — تو چنیں عُریاں پیادہ در لغوب

ایسی لطیف سمجھ اور بہتر رائے — تو ننگا اور پاپیادہ تھکن میں ہے

رحمش[2] آمد بر حکیم و عزم کرد — کِش بر اُشتر بر نشاند نیک مَرد

دانا پر اُس کو ترس آگیا اور اُس نے ارادہ کیا — کہ وہ اُس بھلے آدمی کو اونٹ پر بٹھا لے

باز گفتش اے حکیمِ خوش سخن — شمۂ از حالِ خود ہم شرح کُن

پھر اُس نے اُس سے کہا اے شیریں کلام دانا! — کچھ اپنی حالت کی تفصیل بھی بتا

ایں چنیں عقل و کفایت کہ تراست — تو وزیری یا شہی برگوی راست

ایسی عقل اور لیاقت جو تجھے (حاصل) ہے — سچ بتا تو وزیر ہے یا بادشاہ ہے؟

گفت ایں ہر دو نِیَم از عامہ ام — بنگر اندر حال و اندر جامہ ام

اُس نے کہا میں دونوں نہیں ہوں، عوام میں سے ہوں — میری حالت اور میرا لباس دیکھ لے

گفت اُشتر چند داری چند گاؤ — گفت نے ایں و نہ آں ما را مکاؤ

اُس نے کہا تیرے پاس کتنے اونٹ اور کتنی گائیں ہیں! — کہا نہ یہ ہے نہ وہ ہے ہمیں (زیادہ) نہ کُرید

گفت رختت چیست بارے در دکاں — گفت ما را کو دکان و کو مکاں

اُس نے کہا ہاں تو تیری دکان میں کیا سامان ہے؟ — کہا ہماری دکان کہاں ہے اور ہمارا مکان کہاں ہے

نیست قوت و نے زخوت[3] و نے قماش — نے متاع و نیست مطبخ نیست آش

نہ کھانا ہے اور نہ لباس اور نہ اسباب — نہ گذارا ہے اور نہ مطبخ، نہ دلیا

گفت پس از نقد پُرسم نقد چند — کہ توئی تنہا رو و محبوب پند

اُسنے کہا تو میں نقد (کے بارے میں) پوچھتا ہوں کتنا نقد ہے؟ — کیونکہ تو اکیلا چل رہا ہے اور پیاری نصیحت کرنیوالا ہے

کیمیائے مِسِ عالم با تو است — عقل و دانش را گہر تو بر تو است

دنیا کے تانبے کی کیمیا تیرے پاس ہے — عقل اور سمجھ کے موتی تہ بر تہ ہیں

گنجہا بنہادہ باشی بر مکاں — نیست عاقل تر ز تو کس در جہاں

مکان پر تونے خزانے جمع کر رکھے ہوں گے — تجھ سے زیادہ عقلمند دنیا میں کوئی نہیں ہے

---

[1] گفت۔ اُس عقلمند نے کہا بجائے اِس کے کہ دوسرے بورے میں ریت بھر کر توازن قائم کیا جائے یہ کرے کہ اِس بورے کا آدھا گیہوں دوسرے بورے میں بھرے توازن ہو جائیگا اور بوجھ بھی ہلکا ہو جائیگا۔ شاباش۔ بدو کی عقل میں یہ ترکیب نہ آئی تھی بہت خوش ہوا اور اُس کی تعریف کرنے لگا۔ تو چنیں۔ پھر بدو نے کہا اِس عقل و ذہانت کے باوجود تو ننگا اور پیادہ کیوں ہے۔ لغوب۔ تھکن۔

[2] رحمش۔ بدو کو اُس دانا پر ترس آیا۔ شمۂ۔ یعنی بدو نے اُس سے کہا اپنے کچھ احوال بتا۔ کفایت۔ یعنی بڑے کاموں کو تنہا انجام دینے کی صلاحیت۔ وزیری۔ یعنی تو وزیر ہے یا بادشاہ ہے اِس عقل کیساتھ یہی [illegible] ہے۔ مکاؤ۔ کھود کرید نہ کر۔ رختت۔ یعنی اگر بادشاہ اور وزیر نہیں ہے تو تاجر ہوگا۔

[3] زخوت۔ رخت کی جمع، لباس۔ آش۔ پتلا کھانا، کھانا۔ کیمیا۔ یعنی عقل و دانش تجھ کو۔ تو نے اپنی عقل و دانش سے بہت کچھ کما یا ہوگا۔

گفت واللہ نیست یا وجہ العرب[1] — در ہمہ ملکم وجوہِ قوتِ شب
اس نے کہا خدا کی قسم اے عرب کے سردار! نہیں ہے — میری ساری ملکیت میں رات کا گذارا

پا برہنہ تن برہنہ می روم — ہر کہ نانے می دہد آنجا روم
ننگے پیر، ننگے بدن گھومتا ہوں — جو روٹی دے دیتا ہے وہاں چلا جاتا ہوں

مر مرا زیں حکمت و فضل و ہنر — نیست حاصل جز خیال و دردِ سر
مجھے اس دانائی اور فضیلت اور ہنر سے — سوائے خیال اور دردِ سر کے کچھ حاصل نہیں ہے

پس عرب گفتش کہ شو دور از برم — تا نہ بارد شومیِ تو بر سرم
تو بدو نے اس سے کہا میرے پاس سے دور ہو — تاکہ تیری بدبختی میرے سر پر نہ برس پڑے

دور بر آں حکمتِ شومت زِ من — نطقِ تو شوم ست بر اہلِ زمن
اپنی منحوس دانائی کو مجھ سے دور لے جا — زمانہ والوں پر تیری باتیں بھی بدبختی ہیں

یا تو آں سو رو من ایں سو می روم[2] — ور ترا رہ پیش من واپس شوم
یا تو ادھر جا اور میں ادھر جاؤں — اور اگر تجھے آگے جانا ہے تو میں واپس ہوتا ہوں

یک جوالم گندم و دیگر ز ریگ — بہ بود زیں حیلہائے مردہ ریگ
میرا ایک گیہوں کا بورا اور دوسرا ریت کا — ان ذلیل تدبیروں سے بہت اچھا ہے

کیں جوال گندم و ریگم یقیں — بہ بود زاں حکمتِ تو اے مہیں
کیونکہ میرے گیہوں اور ریت کا بورا یقیناً — اے ذلیل! تیری دانائی سے بہتر ہوگا

احمقی ام بس مبارک احمقی ست — کہ دلم با برگ و جانم متقی ست
میری بیوقوفی بہت مبارک بیوقوفی ہے — کہ میرا دل صاحبِ ساز و سامان ہے اور جان محفوظ ہے

گر تو خواہی ایں شقاوت کم شود[3] — جہد کن تا از تو حکمت کم شود
اگر تو چاہتا ہے کہ یہ بدبختی کم ہو جائے — تو کوشش کر کہ تیری دانائی کم ہو جائے

حکمتے کز طبع زاید وز خیال — ق — حکمتے بے فیضِ نورِ ذو الجلال
وہ دانائی جو خیال اور طبیعت سے پیدا ہو — وہ دانائی جو اللہ تعالیٰ کے نور سے بے فیض ہو

حکمتِ دنیا فزاید ظن و شک — حکمتِ دینی برد فوقِ فلک
دنیا کی سمجھ ظن اور شک بڑھاتی ہے — دین کی سمجھ آسمان پر لے جاتی ہے

زوبہانِ زیرکِ آخر زماں — برفزودہ خویش بر پیشینیاں
آخری زمانہ کی چالاک لومڑیوں نے — اپنے آپ کو اگلوں سے بڑھا رکھا ہے

---

[1] وجہ العرب۔ عرب کے سردار۔ ترجمہ۔ گذارے کا سامان۔ پابرہنہ ننگے پیر اور ننگے بدن مارا مارا پھرتا ہوں جدھر روٹی کی اُمید ہوتی ہے اُدھر چلا جاتا ہوں۔ تیرا پہلو۔ شومی۔ اس عقل کے ہوتے ہوئے اتنا افلاس بدبختی کی دلیل ہے۔ وقدبہ۔ دور لیجا۔

[2] یا تو آں سو۔ جدھر تو جائیگا میں اُدھر نہ جاؤں گا غرضیکہ تیرا ساتھ مجھے گوارا نہیں ہے۔ یک جوالم یعنی میری وہ بیوقوفی تیری اس عقلمندی سے بدرجہا بہتر ہے۔ مردہ ریگ ناکارہ۔ مہین۔ ذلیل۔ متقی یعنی مصائب سے بچنے والی۔

[3] گر تو خواہی۔ تیری عقل و دانائی ہی بدبختی کا سبب ہے تو اپنی دانائی کو کم کرلے تاکہ بدبختی کم ہو جائے۔ حکمتے یعنی وہ چالاکی اور دانائی جو طبعزاد ہو اور اللہ کے نور سے بے فیض ہو وہی بدبختی کا سبب بنتی ہے۔ حکمتِ دینی۔ دین کی فطانت اور سمجھ انسان کے عروج کا سبب ہے۔ روبہاں یعنی وہ فلاسفر جو محض اپنے عقلی تخمینوں کی وجہ سے متقدمین کی تحمیق کرتے ہیں۔

رو بہانِ زیرکِ صاحب کمال — بر فزودہ خویش را اصحابِ حال[1]
صاحبِ کمال، چالاک لومڑیوں نے — اصحاب حال پر اپنے آپ کو بڑھا رکھا ہے

حیلہ آموزاں جگرہا سوختہ — حیلہا و مکرہا آموختہ
حیلہ بازوں نے، جگر جلا کر — حیلے اور مکر سیکھے ہیں

صبر و ایثار و سخائے نفس و جود — باد دادہ کاں بود اکسیر سود
صبر اور ایثار اور نفس کی سخاوت اور بخشش — کو برباد کر دیا جو نفع کی اکسیر ہوتی ہے

فکر آں باشد کہ بکشاید رہے — راہ آں باشد کہ پیش آید شہے
سمجھ تو وہ ہے جس سے راستہ کھلے — راستہ وہ ہے کہ کوئی شاہ سامنے آئے

شاہ[2] آں باشد کہ از خود شہ بود — نے بمخزن ہا و لشکر شہ بود
شاہ وہ ہوتا ہے جو خود شاہ ہو — نہ کہ خزانوں اور لشکر کی وجہ سے شاہ ہو

تا بماند شاہیٔ اُو سرمدی — ہمچو عزِّ مُلکِ دینِ احمدی
تاکہ اُس کی شاہی ابدی رہے — جیسے دینِ احمدی کی بادشاہی اور عزت

تا قیامت نیست شرعش را زوال — گشتہ دور از مُلکِ اُو عینُ الکمال
قیامت تک اُن کی شریعت کو زوال نہیں ہے — نظرِ بد اُن کی سلطنت سے دور ہے

## کراماتِ[3] سلطان ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ برلبِ دریا

دریا کے کنارے پر سلطان ابراہیم ابن ادہم رح کی کرامات

ہم ز ابراہیم ادہم آمدست — کو ز راہے برلبِ دریا نشست
ابراہیم (ابن) ادہم رح کے بارے میں منقول ہے — کہ وہ ایک راستہ پر ایک دریا کے کنارے بیٹھے

دلقِ خود می دوخت آں سلطانِ جاں[4] — یک امیرے آمد آنجا ناگہاں
وہ روحانی بادشاہ اپنی گدڑی سی رہے تھے — اچانک اُس جگہ ایک سردار آگیا

آں امیر از بندگانِ شیخ بود — شیخ را بشناخت سجدہ کرد زود[5]
وہ امیر شیخ کے نوکروں میں سے تھا — اُس نے شیخ کو پہچان لیا بہت جلد سجدہ کیا

خیرہ شد در شیخ و اندر دلقِ او[6] — شکلِ دیگر گشت خَلق و خُلقِ اُو
شیخ پر اُن کی گدڑی کے بارے میں حیران ہو گیا — اُس کی جسمانی اور اخلاقی حالت بدل گئی

کو رہا کرد آنچناں مُلکِ شگرف — برگزید ایں فقرِ بس باریک حرف[7]
کہ اُنھوں نے ایسی عجیب سلطنت چھوڑ دی — اس فقیری کو اختیار کر لیا جو بہت باریک حرف ہے

[1] اصحاب حال: یہ لوگ حقائق کا مشاہدہ کرتے ہیں محض ظن و تخمین سے کام نہیں لیتے ہیں۔ حیلہ آموزاں: بعض دنیا کے لئے حیلے اور تدبیریں بھی جگر سوزی سے حاصل کی ہیں۔ صبر و ایثار: علوم خداوندی سے اخلاقِ حسنہ پیدا ہوتے ہیں اور وہ اصل خزانہ ہیں جس کو انھوں نے برباد کر دیا ہے۔ فکر: دنیوی معاش کی تدبیر اور فکر بے حقیقت ہے۔ تدبیر اور فکر تو وہ ہے جس سے کسی شیخ کی طرف راہ نمودار ہو جو حقیقی شاہ ہے۔

[2] شاہ: دنیوی بادشاہ تو لشکر اور خزانے کے ذریعہ شاہی کرتے ہیں شیخ وہ شاہ ہے جس کو اپنی شاہی کے لئے اِن چیزوں کی ضرورت نہیں۔ تا بماند: شیخ کی شاہی لازوال ہے جیسا کہ دینِ احمدی کی عزت اور سلطنت لازوال ہے۔ گشتہ: اس کو نظرِ بد نہیں لگ سکتی۔

[3] کرامات: اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ شیخ کی بادشاہت دنیاوی شاہوں سے بڑھ کر ہے۔ ابراہیم یعنی ادہم کے بیٹے ایک دریا کے کنارے بیٹھے ہوئے اپنی پھٹی ہوئی گدڑی سی رہے تھے۔

[4] سلطان جاں: یعنی روحانی شاہ و ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ۔ امیر: سردار۔

[5] سجدہ کرد: تعظیمی سجدہ جس کا بادشاہوں کے درباروں میں رواج تھا جو شرعی اعتبار سے ناجائز ہے۔

[6] خیرہ شد: اُس نے اس سے پہلے حضرت ابراہیم کا شاہی ٹھاٹ باٹ دیکھا تھا تو اس حالت کو دیکھ کر حیران ہو گیا۔

[7] باریک حرف: جس کی تحریر میں ظاہری نشان و شوکت نہیں ہوتی ہے اور اس پر عبور دشوار ہوتا ہے یعنی حال فقر اور تصوف کا ہے۔

ترک کرد اُو مُلکِ ہفت[1] اقلیم را
اُنھوں نے ساتوں اقلیم کی سلطنت کو چھوڑ دیا
می زند بر دلق سوزن چوں گدا
فقیروں کی طرح گدڑی پر سوئی چلا رہے ہیں

مُلکِ ہفت اقلیم ضائع می کُند
ساتوں اقلیم کی سلطنت کو برباد کر رہے ہیں
چوں گدا بر دلق سوزن می زند
فقیروں کی طرح گدڑی پر سوئی چلا رہے ہیں

شیخ واقف گشت از اندیشہ اش
اُس کے اِس خیال سے شیخ آگاہ ہو گئے
شیخ چوں شیر ست و دلہا بیشہ اش
شیخ شیر کی طرح ہے اور دل اُسکے جنگل ہیں

چوں رجا و خوف در دلہا رواں
دلوں میں امید اور ڈر کی طرح رواں ہے
نیست مخفی بر وے اسرارِ نہاں
اُس پر چھپے ہوئے راز پوشیدہ نہیں ہیں

دل نگہدارید اے بے حاصلاں
اے مفلسو! دل کی حفاظت رکھو
در حضورِ حضرتِ صاحب دلاں
اہلِ دل کی مجلس کی حاضری میں

پیشِ اہلِ تن ادب بر ظاہر ست
اہلِ ظاہر کے سامنے ظاہری ادب ضروری ہے
کہ خدا از ایشاں نہاں را ساتر ست
کیونکہ خدا اُن سے رازوں کو پوشیدہ رکھنے والا ہے

پیشِ اہلِ دل ادب بر باطن ست
اہلِ دل کے سامنے باطنی ادب ضروری ہے
زانکہ دلشاں بر سرائر فاطن ست
کیونکہ اُن کا دل باطنی احوال پرکھنے والا ہے

تو بعکسے[2] پیشِ کوراں بہرِ جاہ
تو برعکس اندھوں کے سامنے رُتبہ کی خاطر
با حضور آئی نشینی پائگاہ
حضور (دل) کے ساتھ آتا ہے اور نچلی جگہ بیٹھتا ہے

پیشِ بینایاں کُنی ترکِ ادب
بیناؤں کے سامنے تو ادب کو ترک کرتا ہے
نارِ شہوت را ازاں گشتی حطب
اسی لئے تو شہوت کی آگ کا ایندھن بنا ہے

چوں[3] نداری فطنت و نورِ ہُدیٰ
چونکہ تو سمجھ اور ہدایت کا نور نہیں رکھتا ہے
بہرِ کوراں روی را میزن جلا
اندھوں کے لئے چہرے کو مانجھتا رہ

پیشِ بینایاں حدث بر روی مال
بیناؤں کے سامنے چہرے پر پلیدی مل لے
ناز کم کُن با چنیں گندیدہ حال
اِس گندی حالت پر فخر نہ کر

شیخ سوزن زود در دریا فگند
شیخ نے فوراً سوئی دریا میں پھینک دی
خواست سوزن را بآوازِ بلند
(پھر) زور سے سوئی مانگی

---

فخر نہیں ہے شیخ۔ چونکہ اُس امیر نے روحانی شاہی کو کمتر سمجھا تھا لہٰذا اُسکی اصلاح کے لئے یہ کرامت دکھائی کہ اپنی سوئی اُس دریا میں پھینک دی جس کے کنارے بیٹھے تھے اور پھر آواز بلند اُس سوئی کو مانگا۔

[1] ہفت اقلیم حضرت ابراہیم نے بہت بڑی سلطنت چھوڑ کر فقیری اختیار کی تھی۔ شیخ واقف گشت بزرگانِ دین لوگوں کے قلبی وساوس کو تاڑ جاتے ہیں وہ بمنزلہ شیر کے ہیں اور لوگوں کے قلوب اُنکی کچھاریں ہیں۔ چونکہ جس طرح اُمید و بیم قلب میں سرایت کرتے ہیں اسی طرح شیخ بھی لوگوں کے قلوب میں رواں دواں رہتے ہیں اور چھپے ہوئے وسوسوں کو جان جاتے ہیں۔ دل نگہدارید بزرگوں کے سامنے جاکر دل میں بُرے وسوسے نہ آنے چاہئیں۔ بے حاصل۔ وہ شخص جس کو روحانی دولت نہیں ملی۔ اہلِ تن۔ جو اہلِ ظاہر ہیں انکے سامنے تو ظاہر کو مرتب رکھنا ضروری ہے اہلِ باطن کے سامنے باطن کو مرتب رکھنا ضروری ہے۔ فاطن سمجھنے والا۔
[2] تو بعکسے لیکن عموماً لوگ اسکے بالکل برعکس معاملہ کرتے ہیں ظاہری شاہوں کے سامنے خلوص سے جاتے ہیں اور بزرگوں کی مجلس میں فاسد خیالات لیکر جاتے ہیں۔ کوراں۔ یعنی باطن کے اندھے۔ بینایاں۔ وہ شیوخ جنکو باطنی بصیرت حاصل ہے حطب۔ ایندھن۔
[3] چوں نداری۔ اگر تو کورباطن ہے تو کوربا طنوں کی مجلس میں منہ کو خوب رونق بنا کر جا پیشِ بینایاں۔ اگر تو کورباطن ہے تو بزرگوں کے سامنے منہ پر اور گندگی لگا کر جا۔ ناز کم کن لیکن یہ تیری حالت تیرے لئے باعث

صد ہزاراں ماہیِ اَللّٰہیے — سوزنِ زر بر لبِ ہر ماہیے

لاکھوں خدائی مچھلیاں — ہر مچھلی ہونٹوں میں سونے کی سوئی دبائے ہوئے

سوزنِ زرّیں دراں دندانِ او — کہ بگیر اے شیخ سوزنہائے ہُو

سونے کی سوئی اُس کے دانتوں میں — کہ اے شیخ! اللہ کی سوئیاں لے لے

سر بر آوردند از دریائے حق — کہ بگیر اے شیخ سوزنہائے حق

اللہ (تعالیٰ) کے دریا سے انھوں نے سر اُبھارا — کہ اے شیخ! اللہ کی سوئیاں لے لے

گفت الٰہی سوزنِ خود خواستم — وادہ از فضلت نشانِ راستم

اُس شیخ نے کہا میرے خدا میں نے اپنی سوئی مانگی ہے — اپنی مہربانی سے مجھے ٹھیک نشانی دکھا دے

ماہیے دیگر برآمد در زماں — سوزنِ اُو را گرفتہ در دہاں

فوراً ایک دوسری مچھلی برآمد ہوئی — اُن کی سوئی منہ میں لئے ہوئے

رُو بدو کرد و بگفتش اے امیر — مُلکِ دل بہ یا چناں مُلکِ حقیر

اُس کی طرف رخ کیا اور کہا، اے سردار! — دل کی بادشاہی اچھی ہے یا وہ حقیر سلطنت

ایں نشانِ ظاہرست ایں ہیچ نیست — باطنے جوی و بظاہر بر مایست

یہ ظاہر کی نشانی ہے اور یہ کچھ نہیں ہے — باطن کی جستجو کر اور ظاہر پر نہ ٹھہر

سوئے شہر از باغ شاخے آورند — باغ و بستاں را کجا آنجا برند

شہر کی جانب باغ سے ایک شاخ لاتے ہیں — باغ اور بستان کو وہاں کہاں لے جاتے ہیں

خاصہ باغے کاں فلک یک برگِ اوست — بلکہ آں مغزست وایں عالم چو پوست

خصوصاً وہ باغ کہ یہ آسمان اُس کا ایک پتہ ہو — بلکہ وہ گویا گودا ہے اور یہ عالم چھلکے کی طرح ہو

بر نمیداری سوئے آں باغ گام — بوئے افزوں جوی و کن دفعِ زکام

اگر تو اس باغ کی طرف قدم نہیں اُٹھاتا ہے — تو بڑھی ہوئی خوشبو کی جستجو کر اور زکام کو دفع کر

تا کہ آں بُو جاذبِ جانت شود — تا کہ آں بُو نورِ چشمانت شود

تاکہ وہ خوشبو تیری رُوح کی کشش کا سبب بن جائے — تاکہ وہ خوشبو تیری آنکھوں کا نور بن جائے

تا کہ آں بُو سوئے بستانت کشد — وا نماید مر ترا راہِ رشد

تاکہ وہ خوشبو تجھے باغ کی طرف کھینچے — تیرے لئے ہدایت کا راستہ نمودار کر دے

چشمِ نابینات را بینا کند — سینہ ات را سینۂ سینا کند

تیری اندھی آنکھوں کو بینا بنا دے — تیرے سینے کو رشکِ سینا کا سینہ بنا دے



---

لے صد ہزاراں۔ لاکھوں مچھلیاں سونے کی سوئیاں ہونٹوں میں دبائے دریا سے نمودار ہوئیں۔ گفت شیخ۔ اس پر شیخ نے فرمایا اے خدا میں تیری دی ہوئی سوئی چاہتا ہوں۔ مدعا یہ کہ اپنی مہر کی سچی نشانی ظاہر فرما دے۔ ماہیے دیگر۔ ان مچھلیوں کے علاوہ ایک مچھلی نمودار ہوئی جس کے منہ میں شیخ کی سوئی تھی۔ رُو بدو کرد۔ تب شیخ ابراہیم نے اُس سردار سے کہا۔ ایں یعنی دنیوی شاہی۔ باطنے جو۔ یعنی روحانی شاہی کا طالب بن ظاہری شاہی پر اکتفا نہ کر۔ لے سوئے شہر۔ دنیا کی مثال ایک شہر کی سی ہے اور عالمِ غیب ایک باغ ہے جس کا تھوڑا سا حصہ اس دنیا میں دکھا دیا گیا ہے۔ بہشت سے چند پھولدار شاخیں شہر میں لائی جاتی ہیں۔ خاصہ باغے۔ اس دنیا کا آسمان بھی اس باغ کا ایک پتہ ہے۔ بلکہ۔ عالمِ غیب مغز ہے اور عالمِ محسوس اس کا چھلکا ہے۔ بر نمیداری۔ عالمِ غیب کے باغ تک اگر تو نہیں پہنچتا ہے تو اس کی خوشبو حاصل کر لی جائے۔ زکام کو دفع کیا جائے جو خوشبو نہ آنے کی وجہ سے تیرے اوپر طاری ہو گیا ہے۔ تا کہ آں بو جب عالمِ غیب کی خوشبو سونگھے گا تو روح عالمِ غیب کی طرف کھینچے گی ورنہ وہ خوشبو آنکھوں کیلئے نورِ بصیرت بنے گی اور عالمِ غیب کے لئے راہ نمودار ہو گی۔

گفت یوسف ابن یعقوب نبی — بہر بو القوا علی وجہ ابی

حضرت یعقوب نبی کے بیٹے حضرت یوسف نے فرمایا — خوشبو کے لئے میرے باپ کے چہرے پر ڈال دو

بہر ایں بو گفت احمد در عظات — دائما قرۃ عینی فی الصلوٰۃ

اسی خوشبو کیلئے احمد صلی اللہ علیہ وسلم نے وعظوں میں فرمایا — ہمیشہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے

پنج حس در ہمدگر پیوستہ اند — رستہ ایں ہر پنج از اصل بلند

پانچوں حواس ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں — ایک بلند جڑ سے یہ پانچوں اُگے ہیں

قوت یک قوت باقی شود — ما بقی را ہر یکے ساقی بود

ایک کی خوراک بقیہ کے لئے قوت بن جاتی ہے — باقی میں سے ہر ایک کو سیراب کرنے والی ہو جاتی ہے

دیدن دیدہ فزاید عشق را — عشق در دیدہ فزاید صدق را

آنکھ کا دیکھنا عشق کو بڑھاتا ہے — عشق، آنکھوں میں صدق کو بڑھاتا ہے

صدق بیداری ہر حس می شود — حس ہا را ذوق مونس می شود

صدق، ہر حس کی بیداری بن جاتا ہے — حواس کے لئے ذوق دوست بن جاتا ہے

## آغاز منور شدن حواس عارف بنور غیب بین

غیب کو دیکھنے والے نور سے عارف کے حواس کے پاکیزہ ہونے کا آغاز

چوں یکے حس در روش بکشاد بند — ما بقی حس ہا ہمہ مبدل شوند

جب ایک حس نے رفتار میں بندش کو کھول دیا — باقی حواس سب بدل جاتے ہیں

چوں یکے حس غیر محسوسات دید — گشت غیبے بر ہمہ حس ہا پدید

جب ایک حس نے غیر محسوس کو دیکھا — تو غیب ہر حس پر ظاہر ہو جاتا ہے

چوں ز جو جست از گلہ یک گوسفند — پس پیاپے جملہ زانسو بر جہند

جب ریوڑ میں سے ایک بکری نہر کو کود جائے — تو سب پے در پے اس جانب کود جاتی ہیں

گوسفندان حواست را بران — در چرا از اخرج المرعیٰ چران

تو اپنے حس کی بکریوں کو ہانک — اَخرَجَ المرعیٰ کی چراگاہ میں چرا

---

ہر ا تو اس سے دیگر جملہ حواس متاثر ہوتے ہیں اور انہیں وصل محبوب کا ذوق پیدا ہو جاتا ہے۔ چوں یکے حس۔ جب ایک لطیفہ موانع کی قید سے آزاد ہو جاتا ہے تو بقیہ لطائف میں بھی تبدیلی آنے لگتی ہے۔ غیر محسوسات۔ ایک لطیفہ کو عالم غیب کا مشاہدہ ہونے لگتا ہے تو بقیہ لطائف بھی عالم غیب کا ادراک شروع کر دیتے ہیں۔ چوں ز جو۔ ایک لطیفہ سے دوسرے لطائف کا آزادی حاصل کرنے کی مثال ہے کہ گلہ میں سے ایک بکری اگر نہر میں کود جاتی ہے تو بقیہ بکریاں بھی نہر کود جاتی ہیں۔
گوسفندان۔ سالک کو چاہیئے کہ اپنے لطائف کی بکریوں کو عالم غیب کی چراگاہ میں چرائے اور لطائف کیلئے اس عالم سے ہر ا ر دمعارف کی غذا حاصل کرے۔ اخرج المرعیٰ۔ اس خدا نے چراگاہ پیدا فرمائی مولانا نے چراگاہ سے عالم غیب کی چراگاہ مراد لی ہے۔

---

[1] گفت یوسف جبکہ حضرت یعقوبؑ حضرت یوسفؑ کے فراق میں روتے روتے نابینا ہو گئے تھے تو حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائیوں کے ذریعہ اپنی قمیص بھیجی تھی اور کہا تھا کہ اس کو حضرت یعقوبؑ کے چہرے پر ڈال دینا۔ مولانا فرماتے ہیں اس قمیص میں وہی عالم غیب کی خوشبو تھی جس کے اثر سے حضرت یعقوبؑ کی بینائی لوٹ آئی تھی۔ بہر ایں بھی عالم غیب کی خوشبو تھی جو آنحضورؐ کو نماز کی حالت میں محسوس ہوتی تھی جس کی وجہ سے آنحضورؐ نے فرمایا میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز ہے۔

[2] پنج حس یعنی لطائف ستہ قلب، روح، نفس، سر، خفی، اخفی۔ چونکہ بعض صاحبان نے نفس کو روح کے تابع مانا ہے اسلئے ان کو پانچ کہدیا ہے اگر سالک ایک لطیفے کو مصفی بنا لیتا ہے تو دوسرے لطائف بھی تصفیہ قبول کر لیتے ہیں اگر ایک کو غذا حاصل ہوتی ہے تو بقیہ لطائف کے لئے بھی وہ قوت کا سبب بن جاتی ہے مثلاً لطیفہ قلب کو ذکر کی غذا حاصل ہوتی ہے تو یہ دوسرے لطائف کے لئے باعث تقویت ہے۔ دیدن دیدہ۔ ایک لطیفہ کے تاثر سے دوسرے لطائف کے متاثر ہونے کی مثال ہے۔ آنکھ متاثر ہوتی ہے تو اس سے دل متاثر ہو جاتا ہے اور اس میں کیفیت عشق پیدا ہو جاتی ہے جس سے صدق اور اخلاص پیدا ہو جاتا ہے۔

[3] صدق۔ عشق سے اخلاص پیدا

تا در آنجا سُنبل و ریحاں چَرند ... تا بہ گلزارِ حقائق[1] رہ برند

تاکہ وہاں وہ سنبل و ریحان چریں ... تاکہ حقیقتوں کے چمن کی طرف راستہ پائیں

ہر حِسَت پیغمبرِ حِس ہا شود ... تا یکایک سُوئے آں جنت رَوَد

تیری ہر حس (باقی) حواس کے لئے پیغامبر بن جائے ... تاکہ فوراً اُس جنت کی طرف چل جائے

حِس ہا با حِسِ تو گویند راز ... بے حقیقت بے زبان و بے مجاز

حواس تیری حس سے راز کہہ دیں گے ... بغیر زبان اور بغیر حقیقت و مجاز کے

کیں حقیقت قابلِ تاویلہاست ... ویں توہم مایۂ تخیلہاست

کیونکہ یہ حقیقت تاویلوں کے قابل ہے ... اور یہ توہم خیالات کا سرمایہ ہے

آں حقیقت را کہ باشد از عیاں ... ہیچ تاویلے نگنجد در میاں

وہ حقیقت جو مشاہدہ سے حاصل ہو ... اس میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں ہے

چونکہ[2] ہر حس بندۂ حسِ تو شُد ... مر فلکہا را نباشد از تو بُد

جب ہر حس تیرے حس کی غلام ہو گئی ... تو آسمانوں کے لئے بھی، تیرے سوا چارہ نہیں

چونکہ[3] دعویٰ میرود در ملکِ پوست ... مغز آں را کہ بُوَد قشر آنِ اوست

جب چھلکے کی ملکیت میں جھگڑا ہے ... مغز جس کی ملکیت ہوگا، چھلکا اُسی کی ملکیت ہوگا

چوں تنازع در فتد در تنگِ کاہ ... دانہ آنِ کیست آں را کن نگاہ

جب گھاس کے گٹھر میں جھگڑا ہو ... دانہ کس کا ہے اُس کو دیکھ لے

پس فلک قشر ست و نورِ روح مغز ... ایں پدیدست آں خفی زیں رو ملغز

تو آسمان چھلکا ہے اور روح کا نور مغز ہے ... یہ کھلا ہے وہ (نورِ روح) چھپا ہوا ہے اس سے لغزش نہ کھا

جسم ظاہر روح مخفی آمدست ... جسم ہمچوں آستیں جاں ہمچو دست

جسم ظاہر ہے، روح چھپی ہوئی ہے ... جسم آستین کی طرح ہے جان ہاتھ کی طرح ہے

باز عقل از روح مخفی تر بُوَد ... حس بسُوئے روح زوتر رہ برد

پھر عقل، روح سے زیادہ پوشیدہ ہے ... حس روح کی جانب جلد راہ پاتی ہے

جُنبشے بینی بدانی زندہ است ... ایں ندانی تو زِ عقل آگندہ است

تو حرکت کو دیکھتا ہے تو سمجھ جاتا ہے کہ وہ زندہ ہے ... تو نہیں جانتا کہ وہ عقلمند ہے

---

جیسے نے ظہور اور خفا کی مثالیں دیتے ہیں اور عقل کے مراتب کا ذکر فرماتے ہیں۔ جسم اور روح کی وہی نسبت ہے جیسے آستین اور ہاتھ کی۔ باز عقل: عقل اور روح کے مخفی ہونے میں فرق ہے عقل روح کے اعتبار سے زیادہ مخفی ہے اسی لئے حس دوسرے کی روح کو پہچان جاتی ہے جلد از عقل کو دیر سے پہچانتی ہے جنبش کسی جسم میں حرکت دیکھتے ہو تو فوراً سمجھ جاتے ہو کہ اس میں روح ہے لیکن محض حرکت سے عقل کا پتہ نہیں لگتے ہو۔

[1] حقائق: یعنی معرفتِ خداوندی کے حقائق۔ ہر حست: ہر لطیفہ دوسرے لطائف کے لئے معارف جنت کی پیغامبری کا کام دینے لگے حس ہا: جب لطائف شیخ مُصفّیٰ بنجاتے ہیں تو مُریدین اور مسترشدین لطائف بغیر لفظی گفتگو کے جس میں حقیقت اور مجاز اور زبان کا استعمال نہیں ہوتا ہے شیخ کے لطائف سے اپنا راز کہہ دیتے ہیں کیں حقیقت: لفظی عبارت جسمیں حقیقت اور مجاز کا استعمال ہوتا ہے اُسمیں تو تاویل کی گنجائش ہوتی ہے لیکن لطائف کی باہمی گفتگو میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں ہوتی کیونکہ یہاں نفس الامر مشاہدہ ہوتا ہے۔

[2] چونکہ ہر حس: جبکہ دوسروں کے حواس شیخ کے حواس کے تابع ہوگئے تو آسمان و زمین تک شیخ کے تابع ہوجائیں گے۔

[3] چونکہ دعویٰ: اگر چھلکے میں دو شخصوں کا نزاع ہو تو چھلکا اُسی کی ملکیت قرار دیا جائے گا، مغز جس کی ملکیت میں ہے، آسمان کائنات کا چھلکا ہے تو جب کائنات کے مطلوب کسی کے تابع ہوں تو لامحالہ آسمان بھی اُسکے تابع ہوگا۔ چوں تنازع: یہ دوسری مثال ہے اگر بھوسے پر جھگڑا ہو تو بھوسا اُسی کا قرار دیا جائیگا جو اُسکے اندر کے دانوں کا مالک ہوگا۔ پس فلک: چھلکا گودے پر ہوتا ہے اور اُس کو گھیرے ہوئے ہوتا ہے اور ظاہر ہوتا ہے مغز اُسمیں چھپا ہوا ہوتا ہے دوسرا مصرعہ پہلے مصرع کی دلیل ہے جسم ظاہر اب چند

تا[1] کہ جنبشہائے موزوں سر کند — جنبشِ مس را بدانش زر کند
جب تک کہ وہ موزوں (اور مناسب) حرکتیں کرے — تانبے کو حرکت سے عقل کے ذریعہ سونا بنا دیتا ہے

زاں مناسب آمدن افعالِ دست — فہم آید مر ترا کہ عقل ہست
ہاتھ کے مناسب کاموں کی وجہ سے — تو سمجھتا ہے کہ عقل ہے

روحِ وحی از عقل پنہاں تر بود — زانکہ اُو غیبست و اُو زاں سر بود
وحی کی استعداد عقل سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے — اسلئے کہ وہ عالمِ غیب ہے وہاں سے ہی ظہور میں آئی ہو

عقلِ احمدؐ از کسے پنہاں نشد — روحِ وحیش مدرکِ ہر جاں نشد
احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی عقل کسی سے پوشیدہ نہ ہوئی — اُن کی وحی کی استعداد ہر انسان کو محسوس نہ ہوئی

روحِ[2] وحیی را مناسبہاست نیز — در نیابد عقل کاں آمد عزیز
وحی کی استعداد کے بھی آثار ہیں — عقل اُن کو نہیں سمجھتی ہے چونکہ وہ نادر ہیں

گہ جنوں بیند گہے حیراں شود — زانکہ موقوفست تا اُو آں شود
(عقل) کبھی اُن آثار کو جنون سمجھتی ہے کبھی حیران ہوتی ہے — کیونکہ یہ اس بات پر موقوف ہے کہ (عقل، وہ (وحی کی استعداد) بن جائے

چوں مناسبہائے افعالِ خضرؑ — عقلِ موسیٰؑ بود در دیدش کدر
جیسا کہ حضرت (حضرؑ) کے افعال کی مناسبتیں — (حضرت) موسیٰؑ کی عقل اُن کو دیکھ کر مکدر تھی

نامناسب می نمود افعالِ اُو — پیشِ موسیٰؑ چوں نبودش حالِ اُو
اُن (حضرت خضرؑ) کے افعال نامناسب نظر آئے — (حضرت) موسیٰ کیلئے چونکہ (موسیٰؑ) کیحالت اُن (خضرؑ) کیطرح نہ تھی

عقلِ[3] موسیٰؑ چوں بود در غیب بند — عقلِ موشی خود کیست اے ارجمند
(حضرت) موسیٰ کی عقل جب اسرار میں عاجز ہو — چوہے جیسی عقل اے بزرگ! خود کیا ہے؟

علمِ تقلیدی بود بہرِ فروخت — چوں بیابد مشتری خوش بر فروخت
تقلیدی علم فروخت کرنے کے لئے ہوتا ہے — جب کوئی خریدار پاتا ہے چمک اُٹھتا ہے

مشتریِ علمِ تحقیقی حق ست — دائماً بازارِ اُو بارونق ست
تحقیقی علم کا خریدار خدا ہے — اُس کا بازار ہمیشہ بارونق ہے

لب ببستہ ہست در بیع و شری — مشتری بیحد کہ اَللّٰہُ اِشْتَرٰی
منہ بند کئے ہوئے خرید و فروخت میں لگا ہے — خریدار لامحدود (ذات) ہے کیونکہ اللہ نے خریدا ہے

درسِ آدمؑ را فرشتہ مشتری — محرمِ درسش نہ دیو و نے پری
حضرت آدمؑ کے درس کا فرشتہ خریدار ہے — اسکے درس کا رازداں نہ شیطان ہے نہ پری ہے

---

[1] تاکہ۔ اگر اُسکے حرکات اور سکنات موزوں ہیں تب تمھیں یقین ہوگا کہ وہ صاحبِ عقل ہے۔ روحِ وحی۔ وحی کی قبولیت کی استعداد عقل سے بھی زیادہ مخفی ہے، ہر انسان نے آنحضورؐ کی عقل کو جان لیا اور آپکو عقلمند کہا لیکن بہت سے انسان آپکی قبولِ وحی کی استعداد کو نہ پہچان سکے۔

[2] روحِ وحیی۔ وحی کی استعداد کے بھی کچھ آثار اور کچھ علامتیں ہیں لیکن چونکہ وہ نادر ہوتی ہیں اسلئے ان کو عقل نہیں پہچانتی ہے۔ گہ جنوں۔ اُن آثار کو عقل جنون کا اثر سمجھتی ہے کبھی حیران ہوجاتی ہے اور یہ اس لئے کہ عقل کا اس استعداد کو سمجھنا اس بات پر موقوف ہے کہ دونوں میں پوری مناسبت پیدا ہوجائے۔ چوں مناسبہائے۔ حضرت موسیٰؑ نے حضرت خضرؑ کے کاموں کو غیر موزوں قرار دیا اور اعتراض کیا۔

[3] عقلِ موسیٰؑ۔ اسرارِ غیبی کو سمجھنے میں جب حضرت موسیٰؑ جیسے عظیم پیغمبر کی عقل ناکارہ ثابت ہوئی تو چوہے جیسی عقل والے کب اُن کا ادراک کرسکتے ہیں۔ علمِ تقلیدی۔ سنا سنایا علم۔ علمِ تحقیقی۔ جو مشاہدہ اور ذاتی تجربہ سے حاصل ہو۔ لب بہ بند۔ تحقیقی علم والا خاموشی کے ساتھ اللہ کے ساتھ خرید و فروخت میں لگا رہتا ہے۔ اللہ اشتریٰ قرآن پاک میں ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَہُمْ وَاَمْوَالَہُمْ بِاَنَّ لَہُمُ الْجَنَّۃَ۔ خدا نے مومنین سے الخ

آدم انبئھم باسمآ درس گو — شرح کن اسرارِ حق را مو بمو
(اے) آدم ان کو اسما کی تعلیم کردہ کا درس دو — ایک ایک کر کے اللہ (تعالےٰ) کے اسرار کی تشریح کرو

آنچناں کس راکہ کوتہ بین بود — در تلوّن غرق و بے تمکین بود
وہ شخص جو کوتاہ نظر ہو — تلوّن میں غرق اور بے ثبات ہو

موش گفتم زانکہ در خاکست جاش — خاک باشد موش را جائے معاش
میں نے اسکو چوہا اسلئے کہا کہ اس کا مقام مٹی میں ہے — چوہے کے رہنے کی جگہ مٹی ہوتی ہے

راہہا داند ولے در زیرِ خاک — ہر طرف او خاک را کردست چاک
راستے جانتا ہے لیکن مٹی کے نیچے کے — (اسلئے) ہر طرف مٹی میں سوراخ کر رکھے ہیں

نفسِ موشے نیست اِلّا لقمہ رند — قدرِ حاجت موش را عقلے دہند
چوہے کا نفس صرف لقمہ اڑانے والا ہے — ضرورت کے بقدر چوہے کو عقل دیتے ہیں

زانکہ بے حاجت خداوندِ عزیز — می نہ بخشد ہیچکس را ہیچ چیز
اس لئے کہ بلا ضرورت اللہ تعالےٰ — کسی کو کوئی چیز نہیں بخشتے ہیں

گر نبودے حاجتِ عالم زمیں — نافریدے ہیچ رب العالمیں
اگر دنیا کو زمین کی ضرورت نہ ہوتی — اللہ تعالےٰ کبھی پیدا نہ فرماتا

ویں زمینِ مضطرب محتاجِ کوہ — گر نبودے نافریدے باشکوہ
اور یہ ہلنے والی زمین پہاڑ کی محتاج — اگر نہ ہوتی تو اس پُر شکوہ (پہاڑ) کو پیدا نہ فرماتا

ور نبودے حاجتِ افلاک ہم — ہفت گردوں نافریدے از عدم
اگر آسمانوں کی بھی ضرورت نہ ہوتی — تو عدم سے سات آسمانوں کو پیدا نہ فرماتا

آفتاب و ماہ و ایں استارگاں — جز بحاجت کے پدید آمد عیاں
سورج اور چاند اور یہ ستارے — ضرورت کے بغیر کب نمودار ہوئے؟

پس کمندِ ہستہا حاجت بود — قدرِ حاجت مرد را آلت بود
تو موجودات کی کمند ضرورت ہے — بقدرِ ضرورت انسان کے لئے سامان ہوتا ہے

پس چو حاجت شد کمندِ ہستہا — قدرِ حاجت میرسد از حق عطا
تو جب ضرورت موجودات کی کمند ہے — اللہ تعالیٰ کی جانب سے بقدرِ ضرورت عطا پہنچتی ہے

پس بیفزا حاجت اے محتاج زود — تا بجوشد از کرم دریائے جود
اے محتاج! حاجت کو جلد بڑھا — تاکہ کرم سے عطا کا سمندر جوش مارے

---

[1] آدم: قرآن پاک میں ہے یٰاٰدَمُ اَنْبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ یعنی اے آدم ان فرشتوں کو اسمار کی تعلیم دو۔ آنچناں کس: پہلے اشعار میں عقل علوم والوں کی عقل کو چوہے کی عقل والا کہا تھا اب اس کی وجہ بیان کرتے ہیں۔ تلوّن: رنگ بدلنا۔ بے تمکین: ناپائیدار۔ جاش: یعنی ان لوگوں کو تعلق عالم سفلی سے ہے۔ راہہا: چوہے کے علم کا تعلق زمین سے ہے۔

[2] نفس موشے: چوہے کو صرف خوراک کی ضرورت ہے لہٰذا اس کو اتنی عقل عطا ہوئی ہے۔ زانکہ: بلا ضرورت کسی کو کوئی عطیہ نہیں ملتا۔ زمین: دنیا کو اگر زمین کی ضرورت نہ ہوتی زمین وجود میں نہ آتی۔ کوہ: اگر زمین کے ٹھہراؤ کیلئے پہاڑوں کی ضرورت نہ ہوتی تو وہ پیدا نہ ہوتے۔

[3] ور نبودے: اگر دنیا کو آسمانوں کی ضرورت نہ ہوتی تو وہ پیدا نہ کئے جاتے۔ آفتاب: سورج، چاند، ستارے سب ضرورت کے ماتحت پیدا فرمائے گئے ہیں۔ ہستی: یعنی اشیاء کا وجود ضرورت کی وجہ سے ہے جس قدر ضرورت ہوتی ہے اسی قدر ذرائع دیدیئے جاتے ہیں۔ پس بیفزا: اپنی احتیاج اور ضرورت کو بڑھا تاکہ دریائے کرم جوش میں آئے۔

ایں[1] گدایاں بر رہ و ہر مُبتلا — حاجتِ خود می نماید خلق را

یہ فقیر اور مصیبت زدہ ، سرِ راہ — اپنی حاجت لوگوں پر ظاہر کرتے ہیں

کوری و شلی و بیماری و دَرد — تا ازیں حاجت بجنبد رحمِ مَرد

اندھاپن اور اپاہج پن اور بیماری اور تکلیف — تاکہ ان ضرورتوں کی وجہ سے انسانوں کا رحم حرکت میں آجائے

ہیچ گوید ناں دہید اے مرد ماں — کہ مرا مال ست و انبار ست و خواں

کوئی کہتا ہے؟ اے لوگو! روٹی دے دو — کیونکہ میرے پاس مال ہے اور سامان ہے اور دسترخوان نعمت ہے

چشم ننہادہ ست حق در کور موش — زانکہ بے چشمے ربودن ہست کش

چھچھوندر کو اللہ (تعالیٰ) نے آنکھیں نہیں دیں — اس لئے بغیر آنکھوں کے اس کا اچک لینا بھلا ہے

می تواند زیست بے چشم و بصر — فارغ ست از چشم او در خاکِ تر

وہ بغیر آنکھ اور بینائی کے جی سکتا ہے — وہ تر زمین میں آنکھوں سے بے نیاز ہے

جز[2] بدزدی او بروں ناید ز خاک — تا کُند خالق ازاں دزدیش پاک

وہ چوری کرنے کے علاوہ زمین سے نہیں نکلتا ہے — تاکہ اللہ (تعالیٰ) اس چورپن سے اسے پاک کردے

بعد ازاں پر یابد و مرغے شود — چوں ملائک جانب گردوں رود

اسکے بعد وہ پر حاصل کرلے اور پرندہ بنجائے — فرشتوں کی طرح آسمان کی جانب جائے

ہر زماں در گلشنِ شکرِ خدا — او بر آرد ہمچو بلبل صد نوا

ہر وقت اللہ (تعالیٰ) کے شکر کے گلشن میں — وہ بلبل کی طرح سینکڑوں نغمے گائے

کاے رہانندہ مرا از وصفِ زشت — اے کنندہ دوزخے[3] را تو بہشت

کہ اے مجھے بُرائی سے چھڑا دینے والے! — اے دوزخ کو بہشت بنا دینے والے!

می نہی در پیہ نور و روشنی — استخواں را می دہی سمع اے غنی

تو چربی میں نور اور روشنی پیدا کردیتا ہے — اے بے نیاز! تو ہڈیوں کو سننے کی طاقت عنایت کرتا ہے

چہ تعلق آں معانی را بہ جسم — چہ تعلق فہمِ اشیا را با سم

ان صفات کا جسم سے کیا تعلق! — ناموں سے اشیاء کو سمجھ جانے کا کیا علاقہ!

لفظ چوں وکر ست معنیٰ طائر ست — جسم جوی و روح آبِ سائر ست

لفظ گھونسلے کی طرح ہیں، معنیٰ پرندہ ہیں — جسم نہر ہے، اور روح رواں پانی ہے

در روانی روئے آبِ جوئے فکر — نیست بے خاشاکِ خوب و زشت دگر

فکر کی نہر کے پانی کی سطح، روانی میں — کوڑے اور اچھے برے خیال کے بغیر نہیں ہے

---

[1] ایں گدایاں۔ دنیا کا یہ دستور ہے کہ فقیر جب تک اپنی مجبوری اور ضرورت کا اظہار نہیں کرتا ہے اسکو کوئی کچھ نہیں دیتا ہے۔ لیکن کوئی فقیر کبھی یہ نہیں کہے گا کہ میں بہت مالدار ہوں لہٰذا مجھے روٹی کھلادو۔ کور موش۔ چھچھوندر کو آنکھ کی ضرورت نہ تھی لہٰذا اس کو آنکھ عطا نہ ہوئی۔

[2] جز بدزدی۔ عالمِ ناسوت میں پھنسے ہوئے اگر ضرورت محسوس کریں تو خدا انکو نورِ بصیرت عطا کرے۔ بعد ازاں۔ جب انکو نورِ بصیرت حاصل ہوجائے تو وہ عالمِ لاہوت کی طرف پرواز ہونے لگے۔ ہر زماں۔ پھر اُن پر اسرارِ خداوندی کھلیں اور وہ بلبل کی طرح نغمہ سرائی کرنے لگیں۔ گائے۔ یہ اُن کے نغمے ہوں گے۔

[3] دوزخے۔ یعنی بُرے اعمال۔ بہشت۔ یعنی نیک اعمال۔ استخواں۔ کان کی ہڈی میں سُننے کی قوت پیدا فرما دی۔ معانی۔ یعنی صفات بصر و سمع وغیرہ۔ با اسم۔ جب کوئی نام پکارتے ہیں تو اس سے کچھ سمجھ میں آجاتا ہے۔ لفظ۔ اسم اور معنیٰ میں باہمی تعلق اگر سمجھ میں آتا ہے تو صرف اسقدر جیسا کہ پرندہ کا تعلق گھونسلے سے۔ جسم اور روح کی نسبت اگر مفہوم ہوتی ہے تو صرف اسقدر جیسا کہ پانی اور نہر کی نسبت ہے لیکن اس تعلق اور نسبت کی حقیقت غیر معلوم ہے۔ در روانی یعنی روح کی قوتِ فکریہ میں اچھا بُرا

اُو روانست[١] و تو گوئی واقف ست
وہ جاری ہے، تو کہتا ہے ٹھہری ہوئی ہے
اُو دوانست تو گوئی عاکف ست
وہ دوڑ رہی ہے اور تو کہتا ہے وہ ٹھہری ہو

گر نہ بینی سیرِ آب از جا بجا
اگر پانی کی روانی ایک جگہ سے دوسری جگہ نہیں ہو
چیست بر روئے نو بنو خاشاکہا
تو کوڑا کرکٹ اُس پر نیا نیا کیوں ہے؟

ہست خاشاکِ نو صورتہا فکر
فکر کی صورتیں نیا نیا کوڑا کرکٹ ہیں
نو بنو در میرسد اشکالِ بکر
نئی شکلیں تازہ بتازہ پیدا ہوتی ہیں

روئے آبِ جوئے فکر اندر روش
فکر کے نہر کے پانی کی سطح رفتار میں
نیست بے خاشاکِ محبوب و وحش
اچھے اور بُرے (خس) خاشاک کے بغیر نہیں ہے

قشرہا[٢] بر روئے ایں آبِ رواں
اس رواں پانی کی سطح پر، چھلکے
از ثمارِ باغِ غیبی شد دواں
عالمِ غیب کے باغ کے پھلوں سے چل رہے ہیں

قشرہا را مغز اندر باغ جو
چھلکوں کا گودا، باغ میں تلاش کر
زانکہ آب از باغ می آید بجو
اس لئے کہ پانی نہر میں باغ سے آرہا ہے

گر نہ بینی رفتنِ آبِ حیات
اگر تو زندگی کے پانی کا جاری ہونا نہیں دیکھتا ہے
بنگر اندر سیرِ ایں جوئے نبات
اس نہر اور خس و خاشاک کی روانی پر غور کرلے

آبِ جو انبوہ تر آید در گذر
نہر کا پانی جب کثرت سے گذرے
زو کُند قشرِ صُور زو تر گذر
اس میں صورتوں کے چھلکے تیزی سے گذر جاتے ہیں

چوں بغایت تیز شد ایں جو رواں
جب یہ نہر بہت تیزی سے چلتی ہے
غم نہ پاید در ضمیرِ عارفاں
تو عارفوں کے دل میں غم نہیں ٹھہرتا ہے

چوں[٣] بغایت ممتلی بود و شتاب
جب (وہ نہر) انتہائی بھری ہوئی اور تیز ہو
بس نگنجد اندر و الا کہ آب
تو اُس میں پانی کے علاوہ کچھ نہیں ٹھہرتا ہے

## طعنہ زدن بیگانہ بر شیخے و جواب گفتن مریدِ شیخ آں بیگانہ را

ایک اجنبی شخص کا ایک شیخ پر طعنہ زنی کرنا اور شیخ کے ایک مرید کا اسکو جواب دینا

ابلہے یک شیخ را تہمت نہاد
ایک بیوقوف نے ایک شیخ پر تہمت رکھی
کو بدست و نیست بر راہِ رشاد
کہ وہ بُرا ہے اور راہِ ہدایت پر نہیں ہے

شاربِ خمرست و سالوس و خبیث
شرابی ہے اور مکار ہے اور خبیث ہے
مر مریداں را کجا باشد مغیث
تو مُریدوں کا کب دستگیر ہوگا؟

---

[١] اُو روانست۔ روح کو پانی سے تشبیہ دی تھی تو جس طرح سطحِ آب ٹھہری ہوئی نظر آتی ہے حالانکہ وہ رواں ہے، اسی طرح سے روح طرف اعلیٰ کی طرف سے رواں ہے لیکن اس کا احساس نہیں ہے۔ گر نہ بینی۔ سطحِ آب کی روانی نئے نئے خس و خاشاک کے گذرنے سے معلوم کی جاتی ہے۔ اسی طرح روح کی قوتِ فکریہ میں مختلف خیالات کے آنے سے اس کی روانی معلوم کی جاسکتی ہے۔ روئے آب۔ سطح کی قوتِ فکریہ کی سطح پر بھی اچھے بُرے خیالات کا ظہور ہوتا رہتا ہے۔

[٢] قشرہا۔ روح کی قوتِ فکریہ کی سطح پر جو چھلکے ہیں وہ غیبی پھلوں کے چھلکے ہیں اُن چھلکوں کا مغز غیبستان میں تلاش کر وہاں سے ہی یہ پانی چلا ہے وہاں معارفِ غیبیہ کے مغز تجھے حاصل ہونگے۔ بنگر۔ لامحالہ اس کا کوئی منبع ہے۔ چوں بغایت۔ عام عارفوں کی روح کی روانی تیز ہے اسی لئے اُس پر غم و غصہ کے خس و خاشاک زیادہ دیر نہیں ٹھہرتے ہیں۔

[٣] چوں بغایت۔ خاص عارفوں کی روح غم و غصہ کو قبول ہی نہیں کرتی ہے طعنہ زدن۔ اس حکایت کا خلاصہ یہ ہے کہ عارفین کاملین کی روح کسی معصیت کو قبول ہی نہیں کرتی ہے۔ اچھے معترض کے لئے بیوقوف تھا کہ وہ شیخ کے مقامِ فنا کو نہیں سمجھ سکا تھا۔ شارب۔

آں یکے گفتش ادب را ہوش دار
ایک شخص نے اُس سے کہا ادب کو ملحوظ رکھ

خوردؔ نہ بود ایں چنیں ظن بر کبار[1]
بڑوں پر ایسا گمان چھوٹا نہیں ہے

دُور از رُوئے دُور از اوصافِ اُو
اُس سے اور اُس کے اوصاف سے بعید ہے

کہ ز سیلے تیرہ گردد صافِ اُو
کہ اُس کا صاف پانی بہاؤ کے پانی، سے مکدر ہوجائے

ایں چنیں بہتاں منہ بر اہلِ حق
اہلِ حق پر اس طرح کا جھوٹ نہ بول

کایں خیالِ تست گرداں ورق
یہ تیرا (محض) خیال ہے ورق پلٹ دے

ایں نباشد ور بودائے مرغِ خاک
اے خشکی کے پرند! ایسا نہ ہوگا اور اگر ہو

بحرِ قلزم را ز مُردارے چہ باک
بحرِ قلزم کو ایک مُردار سے کیا خطرہ؟

نیست دُون القلتین و حوضِ خورد
دو قلتین سے کم اور چھوٹی حوض نہیں ہے

کِش تواند قطرہ آب از کار بُرد
کہ اُسکو (گندے) پانی کا ایک قطرہ بیکار کردے

ز آتش[2] ابراہیم را نبوَد زیاں
(حضرت) ابراہیمؑ کو آگ سے کوئی نقصان نہیں ہے

ہر کہ نمرودیست گو می ترس ازاں
جو نمرودی ہے کہہ دے وہ اُس سے ڈرے

نفس نمرودست و عقل و جاں خلیلؑ
نفس نمرود ہے اور عقل اور جان خلیلؑ ہے

رُوح در عین ست و نفس اندر دلیل
روح (مشاہدہ) ذات میں ہے اور نفس دلیل میں ہے

ایں دلیل[3] راہ رہرو را بوَد
مسافر کو رہبر کی ضرورت ہوتی ہے

کو بہر دم در بیاباں گم شود
کیونکہ وہ ہر وقت جنگل میں گم ہو سکتا ہے

واصلاں را نیست جز چشم و چراغ
(اللہ تک) پہنچ جانیوالوں کیلئے صرف آنکھ اور چراغ کیضرورت ہے

از دلیلِ راہ شاں باشد فراغ
راہنما سے اُن کو بے نیازی ہوتی ہے

گر دلیلے گفت آں مردِ وصال
اگر وہ واصل شخص کوئی دلیل بیان کرتا ہے

گفت بہرِ فہمِ اصحابِ جدال
تو بحث کرنیوالوں کی عقل کیلئے بیان کرتا ہے

بہرِ طفلے نو پدر تی تی کند
نو عمر بچے کے لئے باپ تُتلاتا ہے

گرچہ عقلش ہندسۂ گیتی کند
اگرچہ اُس کی عقل جہان کی پیمائش کرڈالے

---

[3] ایں دلیل۔ راہنما اور دلیل راہرو کے لئے ضروری ہے جو مقصود تک پہنچ گئے وہ ان چیزوں سے بے نیاز ہوگئے ہیں۔ گر دلیل۔ حالانکہ جو واصل ہوتے ہیں وہ بھی کبھی استدلال سے کام لیتے ہیں تو وہ اُن کے اپنے لئے نہیں ہوتا بلکہ دوسروں کی تفہیم کیلئے اپنے مرتبے سے گر کر استدلال سے کام لیتے ہیں۔ بہرِ طفلے۔ باپ کی زبان صاف ہوتی ہے لیکن بچے کی خاطر تتلا کر بات کرنے لگتا ہے۔ بڑے سے بڑا عالم بچہ کو پڑھاتے وقت اَلف خالی باکے نیچے ایک نقطہ کہتا ہے تو وہ مبتدی کی خاطر کہتا ہے ورنہ اُس کا مقام اس سے بہت بلند ہے۔

[1] خوردؔ نبود۔ بڑوں پر تہمت دھرنا چھوٹی بات نہیں ہے۔ کہ ز سیلے۔ مثلاً بہاؤ کا پانی گدلا ہوتا ہے۔ ایں نباشد۔ تو نے جو بُرائیاں بیان کی ہیں وہ اُن میں نہ ہونگی اور اگر ہوں تو اُن کے لئے معصیت نہ سمجھی جائیگی کیونکہ نورانیت کے غلبہ کی وجہ سے اُس معصیت کو شرعی اعتبار سے اُن کے لئے معصیت نہ سمجھا جائیگا جیسا کہ بڑے دریا میں اگر مردار گر جائے تو شرعی اعتبار سے اُس دریا کو گندہ نہ قرار دیا جائیگا۔ اَلْقُلَّتَیْن یعنی دو مٹکے پانی جو اندازہ ۱۲ سو رطل ہوتا ہے اگر اس مقدار میں پانی ہو تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اُس میں تھوڑی سی نجاست گرنے سے وہ ناپاک نہ ہوگا۔ اگر اس مقدار سے کم ہے تو نجس ہو جائے گا۔

[2] آتش۔ مختلف متعلقات پر اشیاء کے احکام اور آثار بدل جاتے ہیں۔ سطرہ نجاست تھوڑے پانی کو نجس بنا سکا زیادہ کو نہ بنا سکا۔ آگ نے نمرود کو نقصان پہنچایا حضرت ابراہیمؑ کو نقصان نہ پہنچا سکی۔ نفس۔ نفس کی خواہش سے وہی فعل بمنزلہ آگ کے ہے اور بتقاضائے روحانیت وہ گلزار ہے۔ رُوح در عین۔ روح اور نفس کے اعتبار سے احکام میں فرق ہے اور اُس کی وجہ یہ ہے کہ رُوح مشاہدۂ حق میں لگی ہے جس کو دلیل کی حاجت نہیں۔ نفس اُس سے محروم ہے اور طالبِ دلیل ہے۔

کم نہ گردد فضلِ استاد از علو
استاد کی بزرگی بلندی سے کم نہیں ہو جاتی

گر الف چیزے ندارد گوید او
اگرچہ وہ سمجھے الف خالی ہے

از پئے[1] تعلیم آں بستہ دہن
منہ نہ کھولنے والے بچہ کی تعلیم کے لئے

گوید او خلّی و ہوّز کلمن
وہ خلّی اور ہوّز (اور) کلمن کہتا ہے

در زبانِ او بباید آمدن
اُس کی زبان میں آنا چاہیئے

از زبانِ خود بروں باید شدن
اپنی زبان سے نکل جانا چاہیئے

تا بیاموزد ز تو او علم و فن
تاکہ وہ تجھ سے علم اور فن سیکھ لے

جملگی از خود بباید گم شدن
اپنے آپ سے گم ہو جانا چاہیئے

پس ہمہ خلقاں چو طفلانِ وے اند
لہٰذا تمام مخلوق اُس کے بچے جیسے ہیں

لازم است ایں پیر را در وقتِ پند
نصیحت کے وقت یہ بات پیر کیلئے ضروری ہے

آں[2] مریدِ شیخ بد گوینده را
شیخ کے مرید نے بُرا کہنے والے کو

آں بکفر و گمرہی آگنده را
اُس کفر اور گمراہی سے بھرے ہوئے کو

گفت تو خود را مزن بر تیغِ تیز
کہا، تو اپنے آپ کو تیز تلوار سے نہ بھڑا

ہیں مکن با شاہ و با سلطاں ستیز
خبردار بادشاہ اور سلطان سے جھگڑا نہ کر

حوض با دریا اگر پہلو زند
حوض اگر دریا سے ٹکرائے گا

خویش را از بیخ ہستی بر کند
اپنے وجود کو جڑ سے کھود دے گا

نیست بحرے کو کراں دارد کہ تا
وہ ایسا دریا نہیں ہے جس کا کنارا ہو تاکہ

تیره گردد او ز مردارِ شما
تمہارے مُردار سے وہ گدلا ہو

کفر را حدست و اندازه بداں
کفر کا ایک اندازہ اور حد ہے، سمجھ لے

شیخ و نورِ شیخ را نبود کراں
شیخ اور اُس کے نور کا کنارا نہیں ہے

پیشِ[3] بے حد ہر چہ محدود است لاست
لامحدود کے سامنے محدود معدوم ہے

کُلُّ شَیْءٍ غَیْرُ وَجْہِ اللّٰہِ فناست
اللہ (تعالےٰ) کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے

کفر و ایماں نیست آنجائیکہ اوست
جس مقام پر وہ (شیخ) ہے وہاں کفر اور ایمان نہیں ہے

زانکہ او مغز است ایں دو رنگ و پوست
کیونکہ وہ مغز ہے اور یہ دونوں رنگ اور چھلکا ہیں

ایں فناہا پردۂ آں وجہ گشت
یہ فانی چیزیں اُس ذات کا پردہ بنگئی ہیں

چوں چراغ خفیہ اندر زیر طشت
جیسے کہ طشت کے نیچے چراغ چھپا ہوا ہو

---

[1] از پئے تعلیم۔ بچہ کو پڑھانے کے لئے حروف ابجد کا تلفظ کرتا ہے اور ابجد ہوّز حطّی کلمن سعفص قرشت تخذ ضظغ بولتا ہے۔ بچہ کی زبان جو وہ سمجھتا ہے اُسی لہجہ اور زبان میں اُس کو تعلیم دیتا ہے اپنے لب و لہجہ سے قطع نظر کرتا ہے پس شیخ کو بھی اپنے مریدوں کو اُن کی استعداد اور حالت کے مطابق تعلیم دینی چاہیئے۔

[2] آں مرید۔ اُس مُعترض سے کہا جو کفر اور گمراہی سے پُر تھا کہ شیخ کی مثال تیز تلوار اور شاہ کی ہے جس سے بھڑنا اپنے آپ کو ہلاک کرنا ہے نیست بحرے۔ چونکہ شیخ اخلاق خداوندی کے ساتھ متصف ہے لہٰذا وہ بھی لامحدود دریا ہے اور دریا نے ناپید کنار ہے۔

[3] پیشِ بے حد جب شیخ لامحدود بن گیا ہے تو محدود کفر اُسکے اعتبار سے غیر موجود ہے خدا کے سوا سب کچھ فانی ہے۔ کفر و ایمان۔ یہ دونوں جلاب کے لعل ہیں اور مقام فنا میں پہنچ کر جبکہ ذاتِ باری سے وحدت ہو گئی تو اُس مقام پر کفر و ایمان اُس کی صفت نہیں بن سکتے۔ اس شعر کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اگر وہ کفر کرے تو کفر کفر نہیں ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ اُس مقام پر کفر سے موصوف ہی نہیں ہو سکتا ہے۔ ایں فناہا۔ فانی چیزیں جو شیخ سے متعلق ہیں وہ اُس کی حقیقت غیر فانی کیلئے پردہ ہیں اسلئے لوگ اُسکو نہیں سمجھ پاتے ہیں۔

پس سرِ[1] ایں تن حجابِ آں سر ست
تو اس جسم کا سر اس سر کا پردہ ہے

پیشِ آں سر ایں سرِ تن کافر ست
اس سر کے آگے جسم کا یہ سر کافر ہے

کیست کافر غافل از ایمانِ شیخ
کافر کون ہے؟ شیخ کے ایمان سے غافل

کیست مُردہ بیخبر از جانِ شیخ
مُردہ کون ہے؟ شیخ کی جان سے بیخبر

جاں نباشد جز خبر در آزموں
آزمائش میں علم حاصل ہونے کے سوا کسی اور چیز کا نام جان (ثابت) نہیں ہے

ہر کرا افزوں خبر جانش فزوں
جس کا علم بڑھا ہوا ہے اس کی جان بڑھی ہوئی ہے

جانِ ما از جانِ حیواں بیشتر
ہماری جان حیوان کی جان سے بڑھی ہوئی ہے

از چہ زاں رو کہ فزوں دارد خبر
کس وجہ سے؟ اس لئے کہ اس کا علم بڑھا ہوا ہے

پس فزوں از جانِ ما جانِ ملک
ہماری جان سے فرشتہ کی جان بڑھی ہوئی ہے

کو منزہ شد ز حسِ مشترک[2]
کیونکہ وہ (انسان اور حیوان کی) مشترک حس سے پاک ہے

وز ملک جانِ خداوندانِ دل
اور فرشتے سے اہلِ دل کی جان

باشد افزوں تو تحیر را بہل
بڑھی ہوئی ہوگی، تو حیرانی چھوڑ دے

زاں سبب آدم بود مسجودِ شاں
اسی لئے آدم ان کے مسجود بنے

جانِ او افزوں ترست از بودِ شاں
انکی جان ان کی جانوں سے بہت بڑھی ہوئی ہے

ورنہ بہتر را سجودِ دُوں ترے
ورنہ اعلیٰ کو کمتر کے سجدہ کرنے کا

امر کردن ہیچ نبود در خورے
حکم دینا کسی طرح مناسب نہ تھا

کے پسندد عدل و لطفِ کردگار
اللہ تعالیٰ کا انصاف اور مہربانی کب پسند کرتی

کہ گلے سجدہ کند در پیشِ خار
کہ پھول کانٹے کے آگے سجدہ کرے

جانِ[3] چو افزوں شد گذشت از انتہا
جان جب بڑھ گئی، انتہا سے گذر گئی

شد مطیعش جانِ جملہ چیزہا
تمام چیزوں کی جانیں اس کی فرمانبردار بن گئیں

مرغ و ماہی و پری و آدمی
پرند اور مچھلی اور پری اور آدمی

زانکہ او بیش ست و ایشاں در کمی
کیونکہ وہ بڑھا ہوا ہے، وہ کمی میں ہیں

ماہیاں سوزنگرِ دلقش شوند
مچھلیاں اس کی گدڑی کیلئے سوئیاں بنانیوالی بنجاتی ہیں

سوزناں را رشتہا تابع بوند
دھاگے سوئیوں کے تابع ہوتے ہیں

---

[1] سرِ ایں تن یعنی جسمانی سر انکے حقیقی سر کو چھپائے ہوئے ہے اور دونوں میں اس قدر فرق ہے جیسا کہ مومن اور کافر میں، اسی لئے ہر ظاہری پر تکلیف اور بیمن وطعن ہوتا رہتا ہے۔ کیست۔ مولانا نے چونکہ شیخ کے جسمانی سر کو کافر کہا ہے اس سے رجوع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کافر اور مُردہ تو حقیقتاً شیخ کا منکر ہے اور انکے اوصاف سے جاہل ہے۔ جاں نباشد۔ علم جان کے لوازم میں سے ہے جبکہ وہ شیخ کے اوصاف سے جاہل ہے تو بے جان اور مُردہ ہے علم کی کثرت اور قلت سے جان کی قوت اور کمزوری کا پتہ چلتا ہے۔ جانِ ما۔ انسان کی جان حیوان کی جان سے زیادہ قوی ہے، چونکہ اس کا علم بڑھا ہوا ہے۔ انسان کو کلیات اور جزئیات دونوں کا علم حاصل ہے حیوانات کا علم جزئیات تک محدود ہے۔

[2] حسِ مشترک۔ یعنی حواس اور حواس انسان اور حیوان میں مشترک ہیں فرشتہ اُن سے بالا تر ہے لہٰذا کثرتِ معلومات کی بنا پر وہ انسان سے افضل ہو اگرچہ دوسرے اعتبارات سے انسان افضل ہے۔ وز ملک۔ اہل اللہ کی جان فرشتوں سے زیادہ قوی ہے اسی لئے آدم ملائک کے مسجود بنے۔ ورنہ۔ اگر حضرت آدم کی جان اور روح فرشتوں سے کم ہوتی تو افضل سے کمتر کو کیسے سجدہ کرایا جاتا۔ گلے۔ پھول کانٹے سے افضل ہو تو وہ کانٹے کا مسجود نہیں ہو سکتا ہے۔

[3] جان چو۔ جب اہل اللہ کی جان سب جانوں سے قوی ہے تو دیگر جانداروں کی جانیں انکے تابع فرمان ہیں اسی لئے مچھلیاں حضرت ابراہیم ادہم کی خادم بنگئیں اور انکی گدڑی سینے کیلئے سوئیاں لیکر نمودار ہوئیں۔

## بقیۂ قصۂ ابراہیم ادہم قدس سرہٗ بر لبِ دریا
دریا کے کنارے پر حضرت ابراہیم ابن ادہمؒ کے قصہ کا باقی

چوں نفاذِ امرِ شیخ آں میر دید — ز آمدِ ماہی شدش وجدے پدید
جب اُس سردار نے شیخ کے حکم کے جاری ہونے کو دیکھا — مچھلیوں کی آمد سے اُس پر وجد طاری ہو گیا

گفت آہ ماہی زپیراں آگہ ست — تُف تنے را کو لعینِ درگہ است
اُس نے کہا افسوس! مچھلیاں پیر والے سے واقف ہیں — اُس پر تُف ہے جو مردودِ بارگاہ ہے

ماہیاں از پیر آگہ ما بعید — ما شقی زیں دولت ایشاں سعید
مچھلیاں پیر سے باخبر ہیں، ہم دور ہیں — ہم اِس دولت سے بدبخت ہیں وہ نیک بخت ہیں

سجدہ کرد و رفت گریان و خراب — گشت دیوانہ ز عشقِ فتحِ باب
اُس نے سجدہ کیا اور بدحال روتا ہوا روانہ ہو گیا — (اور) دروازہ کھلنے کے عشق میں دیوانہ ہو گیا

پس توائے ناشستہ رُو در چیستی — در نزاع و در حسد با کیستی
تو اے گندہ رُو! تو کس خیال میں ہے؟ — کس سے جھگڑے اور حسد میں (الجھا) ہے؟

با دمِ شیرے تو بازی می کنی — بر ملائک ترکتازی می کنی
تو شیر کی دُم سے کھیل رہا ہے — فرشتوں پر حملہ کر رہا ہے

بد چہ می گوئی تو خیرِ محض را — ہیں ترفّع کم شمر ایں خفض را
تو خالص خیر کو بُرا کیوں کہہ رہا ہے؟ — خبردار! اِس گراوٹ کو بڑائی نہ سمجھ

بد چہ باشد مسِ محتاجِ مہاں — شیخ کہ بود کیمیائے بیکراں
بد کیا ہوتا ہے؟ محتاج، ذلیل تانبہ — شیخ کیا ہوتا ہے؟ لامحدود کیمیا

مس اگر از کیمیا قابل نہ بد — کیمیا از مس ہرگز مس نہ شد
اگر تانبا، کیمیا کو قبول کرنے والا نہ تھا — تو کیمیا تانبے کی وجہ سے ہرگز تانبا نہ بنی

بد چہ باشد سرکش آتش عمل — شیخ کہ بود عینِ دریائے ازل
بد کیا ہوتا ہے؟ سرکش آتشیں عمل والا — شیخ کون ہوتا ہے؟ بعینہ ازلی دریا

بد کہ باشد ظالمِ ظلمت فزا — شیخ کہ بود عکسِ انوارِ خدا
بد کون ہوتا ہے؟ تاریکی کو بڑھانے والا ظالم — شیخ کون ہوتا ہے؟ خدا کے نوروں کا پرتو

بد چہ باشد آتشِ پُر دود و سوز — شیخ آبِ کوثرے اندر تموز
بد کیا ہوتا ہے؟ دھوئیں اور سوزش سے بھری ہوئی آگ — شیخ ساون میں آبِ کوثر ہے

لہ چوں نفاذ۔ جب اُس امیر نے مچھلیوں کو حضرت ابراہیمؒ کے تابع فرمان دیکھا اور دیکھا کہ ایک مچھلی ان کی سوئی لائی تو اُس پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔ گفت۔ اُس سردار نے اپنی ناسمجھی پر اظہارِ افسوس کیا کیونکہ اُس کے دل میں پہلے وسوسہ آچکا تھا اور شاہی چھوڑ کر فقر اختیار کر لینے پر متعجب تھا۔ فتح باب۔ چونکہ اُس پر اسرار کا دروازہ کھل گیا اُنکے عشق میں دیوانہ ہو گیا۔ پس۔ اب پھر شیخ پر معترض کو خطاب ہے۔ با دمِ شیرے۔ شیر کی دُم سے کھیلنے والا یقیناً مارا جائیگا۔

لہ بد چہ می گوئی۔ اُس نے شیخ کو مُرائی وغیرہ کہا تھا جو مجسم نیکی تھے۔ ترفع۔ اپنے آپ کو بلند کرنا خفض پستی۔ بد چہ بود۔ بد تو وہ شخص ہے جو تانبے کی طرح ہے اور شیخ کا محتاج ہے جو کہ کیمیا کی طرح ہے۔ مس۔ اگر کوئی مرید فیض نہ حاصل کرے تو اُس سے شیخ میں کوئی نقصان نہیں پیدا ہوتا۔ تانبا اگر کیمیا کا اثر نہ قبول کرے تو کیمیا میں کوئی خرابی نہیں آتی۔

لہ بد چہ باشد۔ جس کے جہنمی اعمال ہیں وہ بد ہے۔ شیخ ازلی دریا ہے۔ بد ظالم اور ظلمت افزا ہے شیخ خدائی انوار کا پرتو ہے۔ تموز۔ ایک رومی مہینہ ہے جو ہندی حساب سے تقریباً ساون میں آتا ہے

[۱] دائم آتش را بترسانند ز آب — آب کے ترسید ہرگز ز التہاب

ہمیشہ آگ کو پانی سے ڈراتے ہیں — شعلہ زنی سے پانی کب ڈرا ہے؟

در رخِ مہ عیب بینی می کنی — در بہشتے خار چینی می کنی

تو چاند کے رُخ میں عیب بینی کر رہا ہے — بہشت میں کانٹے چُن رہا ہے

[۲] گر بہشت اندر روی اے خار جُو — ہیچ خار آنجا نیابی غیرِ تو

اے کانٹے تلاش کرنیوالے! اگر تو بہشت میں جائیگا — اپنے علاوہ تو اور کوئی کانٹا نہ پائے گا

می بپوشی آفتاب اندر گِلے — رخنہ می جوئی ز بدرِ کاملے

تو سورج کو مٹی میں چھپا رہا ہے — چودھویں رات کے چاند میں تو رخنہ تلاش کرتا ہے

آفتابے کہ بتابد در جہاں — بہرِ خفاشے کجا گردد نہاں

وہ سورج جو عالم پر چمکتا ہے — چمگادڑ کے لئے کہاں چھپ جائے؟

عیبہا از ردِّ پیراں عیب شُد — غیبہا از رشکِ پیراں غیب شُد

عیب پیروں کے رد کرنے سے عیب بن گئے — (اسرار) غیب پیروں کے رشک کی وجہ سے غیب بن گئے

بس ہُنر از ردِّ آنہا عیب شُد — بس یقیں کز رشکِ ایشاں ریب شد

بہت سے ہُنر ہیں جو انکی ناپسندیدگی کی وجہ سے عیب بن گئے — بہت سے یقین ہیں جو انکے رشک کی وجہ سے مشکوک ہو گئے

[۳] بارے از دوری ز خدمت یار باش — در ندامت چابک و پُرکار باش

آخرکار خدمت سے دوری کی بجائے یار بن جا — ندامت میں چُست اور کار آمد بن جا

تا ازاں راہت نسیمے می رسد — آبِ رحمت را چہ بندی از حسد

تاکہ اُس راستے سے تیرے پاس نسیم پہنچ جائے — حسد کی وجہ سے رحمت کے پانی کو کیوں روکتا ہے؟

گرچہ دوری دور می جُنبان تو دُم — حَیْثُمَا کُنْتُمْ فَوَلُّوْا وَجْهَکُمْ

اگرچہ تو دور ہے، دور سے ہی دُم ہلا — تم جہاں بھی ہو اپنا چہرہ (اسکی طرف) پھیر لو

چوں خرے در گِل فتد از گام تیز — دم بدم جُنبد برائے عزمِ خیز

تیز روی کی وجہ سے جب کوئی گدھا کیچڑ میں پھنس جاتا ہے — اٹھنے کے ارادے سے پے در پے حرکت کرتا ہے

جائے را ہموار نہ کُند بہرِ باش — داند اُو کہ نیست آں جائے معاش

رہنے کے لئے جگہ کو ہموار نہیں کرتا ہے — وہ جانتا ہے کہ وہ رہنے کی جگہ نہیں ہے

---

کی طرف دور سے بھی رُخ کرنے سے فیض حاصل ہو سکتا ہے۔ چوں خرے۔ گدھا دلدل میں پھنسنے کے بعد نکلنے کی مسلسل کوشش کرتا ہے اور اُس کو جائے رہائش نہیں سمجھتا تو اگر انسان دنیا داری کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے اُس کو نکلنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

[۱] دائم۔ بد جبکہ آگ ہے اور شیخ آب کو ڈر تو آگ کو پانی سے نقصان پہنچتا ہے پانی کو آگ سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے۔ در رخِ مہ۔ شیخ آفتاب ہے اُسمیں کوئی عیب نہیں ہے۔ بہشت میں کانٹے کی تلاش سعی لاحاصل ہے اسی طرح شیخ میں عیب تلاش کرنا عیب ہے۔

[۲] گر بہشت۔ اگر کوئی بہشت میں کانٹا تلاش کرنے جائے تو خود اُس کا وجود کانٹا ہے اسی طرح شیخ میں عیب تلاش کرنیوالا خود عیب دار ہے۔ آفتاب۔ یعنی شیخ۔ گِل یعنی عیوب۔ بدرِ کامل یعنی شیخ۔ خفاش۔ چمگادڑ یعنی شیخ کا عیب جُو۔ عیبہا۔ عیوب تو عیوب اسی وجہ سے بنے ہیں کہ اُن کو شیوخ نے اپنے اندر پسند نہیں کیا ہے۔ غیبہا۔ اسرار غیبی اسی وجہ سے غیب ہیں کہ اُن کو شیوخ نے ظاہر کرنا گوارا نہیں کیا ہے۔ بس ہنر۔ جس ہنر کو شیوخ پسند نہ کریں وہ ہنر نہیں ہے۔ جس یقین کو شیوخ یقین نہ سمجھیں وہ شک ہے۔

[۳] بارے۔ آخرکار ندامت۔ یعنی اب تک دربارِ شیخ پہنچنے کی شرمندگی۔ آبِ رحمت حسد کی وجہ سے انکے فیضان سے محروم نہ بن۔ می جنباں دُم۔ تو دُم ہلا یعنی محبت کر حیثما کنتم۔ جس طرح سے قبلہ کا حکم ہے کہ دور سے بھی اُس طرف رُخ کرکے نماز پڑھی جاتی ہو اسی طرح پیر بھی قبلہ ہے [illegible]

حسِ[1] تو از حسِ خر کمتر بدست … کہ دلِ تو زیں وَحلہا بر نجست

تیری حس گدھے کی حس سے بھی کم ہے … کہ تیرا دل ان کیچڑوں سے باہر نہ نکلا

در وَحل تا دل رخصت می کُنی … چوں نمی خواہی کزاں دل بر کَنی

تو کیچڑ میں پڑے رہنے کی اجازت کی دلیل تلاش کرتا ہے … چونکہ نہیں چاہتا کہ اس سے دل ہٹائے

کایں روا باشد مرا من مُضطرم … حق نگیرد عاجزے را از کرم

کہ میرے لئے یہ جائز ہے، میں مجبور ہوں … اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے مجبور کی گرفت نہیں کرتا ہے

اے[2] چو گفتاری گرفتارِ فجور … ایں گرفتن را نہ بینی از غرور

اے بدکاری میں مبتلا! تو بجّو کی طرح ہے … دھوکے کی وجہ سے تو گرفتار ہونے کو نہیں دیکھتا ہو

می بگویند اندروں کفتار نیست … از بروں جوئید کاندر غار نیست

(شکاری) کہتے ہیں بجّو اندر نہیں ہے … باہر تلاش کرو، کیونکہ غار میں نہیں ہے

نیست در سوراخ گفتار اے پدر … رفت تازاں او بسوئے آبخور

اے ابا! بجّو بھٹ میں نہیں ہے … وہ گھاٹ کی جانب دوڑ گیا ہے

ایں ہمی گویند و بندش می نہند … او ہمی گوید ز من کے آگہند

یہ کہتے ہیں اور اس کو پھانس لیتے ہیں … وہ یہی کہتا ہے کہ مجھ سے کہاں واقف ہیں؟

گر ز من آگاہ بودے ایں عدو … کے ندا کردے کہ ایں گفتار کو

اگر یہ دشمن مجھ سے آگاہ ہوتے … تو یہ کب کہتے کہ یہ بجّو کہاں ہے؟

تا کہ بر بندند و بیروںش کنند … غافل آں گفتار ازیں ریشخند

تاکہ باندھ لیں اور اس کو باہر نکال لیں … بجّو اس مذاق سے غافل ہے

## دعوٰی[3] کردنِ آں شخص کہ حق تعالےٰ مرا نہ گیرد بگناہ و جواب گفتن شعیبؑ اُو را

ایک شخص کا دعوٰی کرنا کہ خدا گناہ کی وجہ سے میری گرفت نہیں کرتا ہے اور حضرت شعیبؑ کا اس کو جواب دینا

آں یکے می گفت در عہدِ شعیبؑ … کہ خدا از من بسے دیدست عیب

(حضرت) شعیبؑ کے زمانہ میں ایک شخص کہتا تھا … کہ خدا نے میرے بہت سے عیب دیکھے ہیں

چند دید از من گناہ و جُرمہا … وز کرم یزداں نمی گیرد مرا

اس نے میرے گناہ اور جرم بہت دیکھے ہیں … اور اللہ کرم سے مجھے نہیں پکڑتا ہے۔

---

[1] حسِّ تو۔ بدحس اگر بداعمالی سے نجات پانے کی کوشش نہ کرے تو گدھے سے بدتر ہے۔ وَحل۔ کیچڑ۔ قدذومل۔ بعض بد اعمال اور کوتاہ عمل اپنی مجبوری کا اظہار کرکے اپنے آپ کو مُضطر قرار دیتے ہیں اور کہنے لگتے ہیں کہ مجبور کو خدا معذور سمجھتا ہے یہ اُن کا نہایت غلط خیال ہے۔

[2] اے چو گفتاری۔ وہ گنہگار جس کا خیال ہے کہ اس کے گناہوں پر خدا اس کی گرفت نہیں کرتا ہے مولانا اس کو اس بجّو سے تعبیر کرتے ہیں جو شکاریوں کے طرزِ عمل سے دھوکے میں ہے اور گرفتار ہو جاتا ہے۔ می بگویند مشہور ہے کہ شکاری بجّو کے بھٹ پر کھڑے ہو کر آپس میں ایسی باتیں کرتے ہیں جس سے یہ ظاہر ہو کر وہ بجّو کو بھٹ سے باہر سمجھ رہے ہیں اور در اصل بجّو کو دھوکا دینے کیلئے ایسی گفتگو کرتے ہیں، بجّو اس گفتگو سے مطمئن ہو جاتا ہے اور گرفتار ہو جاتا ہے۔ رفت تازاں۔ یعنی بھاگ کر پانی پینے گیا ہے۔ ریشخند۔ مذاق۔

[3] دعوٰی کردن۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ گنہگار گرفتار ہوتا ہے اور اس کو اپنی گرفتاری کا احساس نہیں ہوتا ہے۔

**حق تعالیٰ[۱] گفت در گوشِ شعیبؑ** — **در جوابِ او فصیح از راہِ غیب**
اللہ تعالیٰ نے حضرت شعیبؑ کے کان میں کہا — صاف صاف جواب غیب کے راستے سے

**کہ بگفتی چند کردم من گناہ** — **وز کرم نگرفت در جرمم الٰہ**
کہ تو یہ کہتا ہے کہ میں نے بہت گناہ کئے ہیں — اور خدا نے کرم سے جرم میں مجھے نہیں پکڑا ہے

**عکس می گوئی و مقلوب اے سفیہ** — **اے رہا کردہ رَہ و بگرفتہ تیہ**
اے بیوقوف! تو اُلٹی اور بالعکس بات کہتا ہے — اے گم کردہ راہ اور تیہ (کا راستہ) اختیار کرنے والے

**چند چندت گیرم و تو بے خبر** — **در سلاسل ماندہ پا تا بہ سر**
میں تیری بار بار گرفت کرتا ہوں اور تو بے خبر ہے — پیر سے سر تک تو زنجیروں میں ہے

**زنگِ[۲] تو بر توت اے دیگِ سیاہ** — **کرد سیمائے درونت را تباہ**
اے کالی دیگ! تیرے تہ بہ تہ زنگ نے — تیرے باطن کی خصوصیتوں کو تباہ کر دیا ہے

**بر دلت زنگار بر زنگار ہا** — **جمع شد تا کور شد ز اسرار ہا**
تیرے دل پر زنگوں پہ زنگ — جمع ہو گیا یہاں تک کہ وہ اسرار سے اندھا ہو گیا

**گر زند آں دود بر دیگِ نوے** — **آں اثر بنماید ار باشد جوے**
اگر نئی دیگ پر دھواں لگے — وہ اثر دکھاتا ہے خواہ جَو کے برابر ہو

**زانکہ ہر چیزے بضد پیدا شود** — **بر سفیدی آں سیہ رسوا شود**
کیونکہ ہر چیز بالمقابل سے ظاہر ہوتی ہے — سفیدی پر سیاہ بدنام ہوتا ہے

**چوں سیہ شد دیگ پس تاثیرِ دود** — **بعد ازاں بر وے کہ بیند اے عنود**
جب دیگ کالی ہو گئی تو دھوئیں کی تاثیر — اے سرکش! اس کے بعد اس پر کون دیکھتا ہے؟

**مردِ آہنگر[۳] کہ او زنگی بود** — **دود را با رویش ہم رنگی بود**
جو لوہار حبشی ہو — دھواں اُس کے چہرے کے ہم رنگ ہوتا ہے

**مردِ رومی کو کند آہنگری** — **رویش ابلق گردد از دود آوری**
رومی جو لوہار کا کام کرتا ہے — دھواں دینے سے اُس کا چہرہ چتکبرا ہو جائیگا

**پس نداند زود تاثیرِ گناہ** — **تا بنالد زود گوید اے الٰہ**
تو وہ گناہ کی تاثیر کو جلدی سے نہیں سمجھتا ہے — تاکہ روئے (اور) جلد کہے اے خدا!

**چوں کند اصرار و بد پیشہ کند** — **خاک اندر چشمِ اندیشہ کند**
جب اصرار کرتا ہے اور برائی کو پیشہ بنا لیتا ہے — تو فکر کی آنکھ میں دھول جھونکتا ہے

---

۱ حق تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ نے بطورِ وحی اس کا جواب حضرت شعیبؑ سے فرمایا۔ عکس می گوئی یعنی تو واقعہ کے خلاف کہتا ہے کہ گناہ کرتا ہے اور کہتا ہے خدا میری گرفت نہیں کرتا ہے۔ رَہ۔ یعنی راہِ ہدایت۔ تیہ۔ وہ جنگل تھا جس میں بنی اسرائیل نے راستہ گم کر دیا تھا اور چالیس برس اُس میں چکر کاٹتے رہے یعنی گمراہی۔ سلاسل، سلسلہ کی جمع ہے، زنجیر۔

۲ زنگ۔ مسلسل گناہ کرنے والے کو اپنے گناہ کے اثر کا اور اُسپر گرفت کا احساس نہیں رہتا اس کو چند مثالوں سے سمجھایا ہے۔ گر زند۔ نئی دیگ پر دھوئیں کا اثر نمایاں ہوتا ہے جس پر تہ بہ تہ دھواں جم چکا ہو وہاں اثر نمودار نہیں ہوتا۔

۳ مردِ آہنگر۔ اگر حبشی لوہار ہو تو اُس کے چہرے کا رنگ خود کالا ہے دھوئیں کا اثر نمودار نہ ہوگا۔ رومی چونکہ گورا ہوتا ہے اُس کے چہرے پر دھوئیں کے دھبے نمودار ہوں گے۔ پس نداند۔ جب اُسکو گناہ کا احساس ہی نہیں رہتا تو وہ یا خدا یا خدا کہہ کر کہاں روئیگا۔ اصرار جمانا۔ خاک۔ اب اُس کو گناہ، گناہ نظر نہیں آتا ہے۔

توبہ[1] نندیشد دگر شیریں شود | بر دلش آں جرم تا بیدیں شود
توبہ کی فکر نہیں کرتا ہے پھر بیشاب بن جاتا ہے | اسکے دل پر وہ گناہ یہاں تک کہ وہ بیدین بنجاتا ہے

آں پشیمانی و یارب رفت ازو | شست بر آئینہ زنگ شش تو
اس سے وہ شرمندگی اور یارب (کہنا) جاتا رہا | ناشستہ کا زنگ آئینہ پر بیٹھ گیا

آہنش را زنگہا خوردن گرفت | گوہرش را رنگ کم کردن گرفت
اس کے لوہے کو زنگوں نے کھانا شروع کر دیا | اسکے جوہر کا رنگ کم کرنا شروع کر دیا

چوں نویسی کاغذِ اسپید بر | آں نبشتہ خواندہ آید در نظر
جب تو سفید کاغذ پر لکھے | وہ لکھا ہوا پڑھنے کے قابل نظر آتا ہے

چوں نویسی بر سرِ بنوشتہ خط | فہم ناید خواندنش گردد غلط[2]
جب تو لکھے ہوئے پر لکھے | سمجھ میں نہیں آتا ہے اس کا پڑھنا غلط ہوجاتا ہے

کاں سیاہی بر سیاہی اوفتاد | ہر دو خط شد کور و معنی رو نداد
اسلئے کہ سیاہی سیاہی پر پڑی | دونوں خط اندھے ہوگئے اور معنی غائب ہوگئے

ور سوم بارہ نویسی بر سرش | پس سیہ کردی چو جانِ کافرش
اور اگر اس پر تو تیسری بار لکھے | تو تو نے کافر کی جان کی طرح اسکو بالکل کالا کر دیا

پس چہ چارہ جز پناہِ چارہ گر | ناامیدی مِس و اکسیرش نظر
تو چارہ گر کی پناہ کے سوا کیا چارہ ہے؟ | ناامیدی تانبا ہے اور اس کی نظر اکسیر

ناامیدیہا بہ پیشِ او نہید | تا ز دردِ بے دوا بیروں جہید
ناامیدیوں کو اس کے سامنے رکھو | تاکہ لا علاج درد سے نکلو

چوں شعیب[3] ایں نکتہا بارے بگفت | زاں دمِ جاں در دلِ او گل شگفت
جب حضرت شعیبؑ نے یہ نکتے اس سے کہے | اس روحانی پھونک سے اسکے دل میں پھول کھل گئے

جانِ او بشنید وحیِ آسماں | گفت اگر بگرفت مارا کو نشاں
اس کی جان نے آسمانی وحی سنی | بولا، اگر اس نے ہمیں پکڑا ہے تو علامت کیا؟

گفت یا رب دفعِ من می گوید او | آں گرفتن را نشاں می جوید او
ان (حضرت شعیبؑ) نے کہا اے خدا! وہ مجھ پر اعتراض کرتا ہے | اس گرفت کی علامت چاہتا ہے

گفت ستارم نگویم رازہاش | جز یکے رمزے برائے ابتلاش
(اللہ نے) فرمایا میں پردہ پوش ہوں اسکے راز نہیں بتاتا ہوں | سوائے ایک اشارے کے اسکی آزمائش کے

[1] توبہ جب گناہ کے بارے میں گناہ کا تصور نہیں رہتا تو توبہ بھی نہیں کرتا ہے اور دین سے خارج ہوجاتا ہے۔ پشیمانی یعنی گناہ کرنے کی ندامت۔ بشت۔ نشست کا مخفف ہے۔ آہنش دل کے لوہے کو گناہوں کا زنگ کھانا شروع کر دیتا ہے اور دل کا گوہر بدرنگ ہوجاتا ہے۔ چوں نویسی سفید کاغذ پر لکھو گے تو کتابت نظر آئے گی لکھے پر لکھو گے تو کتابت کا اثر نہ معلوم ہوگا، یہی حال گناہ کا ہے۔ انسان شروع میں گناہ کرتا ہے تو گناہ کا اثر محسوس کرتا ہے جب بار بار گناہ کرتا ہے تو اس کا اثر نظر سے غائب ہوجاتا ہے۔

[2] گردد غلط لکھے ہوئے پر لکھو گے تو پڑھ نہ سکو گے۔ ہر دو خط پہلی اور اب کی تحریر نہ پڑھی جائیگی نہ انکے معانی سمجھ میں آئیں گے۔ جانِ کافر کافر کو گناہوں کا احساس بالکل نہیں رہتا ہے بس چہ چارہ۔ ایسے معصیت کار کی حالت بڑی خطرناک ہوجاتی ہے لیکن پھر بھی مایوس نہ ہو اللہ کی نظر کرم اصلاح کر سکتی ہے۔ ناامیدیہا۔ اپنی مایوسیوں کو دربارِ خداوندی میں پیش کرکے اصلاحِ حال کی دعا کرے۔

[3] چوں شعیب۔ حضرت شعیبؑ پر جو وحی نازل ہوئی وہ اس گنہگار نے سنی تو اسکے دل میں کچھ روشنی پیدا ہوئی۔

[illegible]

**یک نشان آنکہ می گیرم ورا**[۱] — **آنکہ طاعت دارد از صوم و دعا**

اس کی علامت کہ میں اس کو پکڑتا ہوں ایک — یہ ہے کہ وہ روزے اور نماز کی عبادت کرتا ہے

**وز نماز و از زکوٰۃ و غیر آں** — **لیک یک ذرہ ندارد ذوق جاں**

اور نماز اور زکوٰۃ وغیرہ کی — لیکن روح کے ذوق کا ایک ذرہ نہیں رکھتا ہے

**می کند طاعات و افعالِ سنی** — **لیک یک ذرہ ندارد چاشنی**

وہ عبادات اور اعلیٰ اعمال کرتا ہے — لیکن ایک ذرہ لطف نہیں پاتا ہے

**طاعتش نغز است و معنی نغز نے** — **جوزہا بسیار و در وے مغز نے**

اس کی (ظاہری) عبادت اچھی ہے اور روح کی (عبادت) اچھی نہیں ہے — اخروٹ بہت ہیں اُن میں گری نہیں ہے

**ذوق باید تا دہد طاعات بر**[۲] — **مغز باید تا دہد دانہ شجر**

ذوق چاہیے تاکہ عبادات پھل دیں — گری چاہیے تاکہ دانہ درخت اگائے

**دانۂ بے مغز کے گردد نہال** — **صورتِ بیجاں نباشد جز خیال**

بے گری کا دانہ کب پودا بنتا ہے؟ — بے جان تصویر سوائے خیال کے کچھ نہیں ہے

**چوں شعیب ایں نکتہا بر وے بخواند** — **از تفکر ہمچو خر در گل بماند**

جب حضرت شعیب نے یہ نکتے اس کو سنائے — سوچ میں دلدل میں پھنسے ہوئے گدھے کی طرح رہ گیا

## بقیہ قصہ طعنہ زدن آں مردِ بیگانہ بر شیخ و جواب مرید اُو را

اس بیگانے انسان کا شیخ پر طعنہ کرنے اور اس کو مرید کے جواب دینے کے قصہ کا بقیہ

**آں خبیث از شیخ می لائید ژاژ** — **کژ نگر باشد ہمیشہ چشمِ کاژ**

وہ خبیث شیخ کے بارے میں بیہودہ بکواس کر رہا تھا — بھینگے کی آنکھ ہمیشہ ٹیڑھا دیکھنے والی ہوتی ہے

**کہ منم بر حالِ زشتِ اُو گواہ**[۳] — **خمر خوار است و بد و کارش تباہ**

کہ میں اس کی بری حالت کا گواہ ہوں — شرابی ہے اور برا ہے اور اس کا کام برباد ہے

**کہ منش دیدم میانِ مجلسے** — **اُو ز تقویٰ عاری است و مفلسے**

کہ میں نے اس کو ایک مجلس میں دیکھا ہے — وہ پرہیزگاری سے خالی اور مفلس ہے

**ور کہ باور نیست خیزی امشباں** — **تا ببینی فسقِ شیخت را عیاں**

اگر یقین نہیں ہے تو آج رات کو اٹھ — تاکہ اپنے پیر کا فسق تو آنکھ سے دیکھ لے

**شب ببردش بر سرِ یک روزنے** — **گفت بنگر فسق و عشرت کردنے**

رات کو وہ اسے ایک روشندان پر لے گیا — بولا، دیکھ فسق اور مزے اڑانا

---

۱ یک نشان۔ گناہ پر گرفت کی ایک معمولی نشانی یہ ہے کہ گنہگار ہر طرح کی عبادت کرتا ہے لیکن ذوق اور لطفِ عبادت سے محروم رہتا ہے۔ سنی۔ بلند، روشن۔ چاشنی، لذت۔ طاعتش یعنی ظاہری عبادات تو ٹھیک ہیں لیکن وہ اس کے مغز اور روح سے محروم ہے اور اس کی عبادت ایسی ہے جیسے بے گری کا اخروٹ۔

۲ ذوق باید۔ جب تک ذوقِ عبادت حاصل نہ ہو جو بمنزلہ مغز کے ہے تو اس عبادت سے شجر و ثمر پیدا نہ ہوگا۔ نہال۔ پودا۔ صورت بے جان۔ بے جان تصویر۔ می لائید۔ بکواس کرتا تھا۔ ژاژ۔ بکواس۔ کاژ۔ بھینگا۔

۳ کہ منم۔ معترض نے کہا میں اس شیخ کی بد چلنی کا گواہ ہوں وہ شرابی اور برا ہے۔ مجلسے۔ یعنی شراب کی محفل۔ مفلس۔ یعنی نیکیوں سے خالی۔ ور کہ۔ اگر تجھے یقین نہیں ہے تو آج رات میرے ساتھ چل اور آنکھوں سے دیکھ لے۔ روزنے۔ یعنی اس مجلس کے ایک روشندان کے پاس جہاں شیخ شراب کی مجلس میں تھا۔

بنگر آں سالوسِ وزد فسقِ شب | روز ہمچوں مصطفیٰ شب بولہب
دیکھو دن کا وہ مکر اور رات کا فسق | دن میں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح رات میں ابولہب

روز عبد اللہ اُورا گشتہ نام | شب نعوذ باللہ و در دست جام
دن میں اُس کا نام اللہ کا (خاص) بندہ تھا | رات کو نعوذ باللہ اور ہاتھ میں شراب کا جام

دید شیشہ در کفِ آں پیرِ پُر | گفت شیخا مر ترا ہم ہست غر
اُس پیر کے ہاتھ میں بھرا ہوا شیشہ دیکھا | بولا، اے شیخ! تجھے بھی دھوکا لگا

تو نمی گفتی کہ در جامِ شراب | دیو می میزد بجِد ہر دم شتاب
تو نے نہیں کہا ہے کہ شراب کے جام میں | شیطان کوشش کر کے ہر وقت جلد پیشاب کرتا ہے

گفت شیخ جامم را چناں پُر کردہ اند | کاندرو اندر نگنجد یک سپند
اُس (شیخ) نے کہا میرے جام کو اُنھوں نے اتنا بھر دیا ہے | کہ اُس کے اندر ایک کالا دانہ بھی نہیں سما سکتا ہے

بنگر ایں جا ہیچ گنجد ذرہ | ایں سخن را کژ شنیدہ غرہ
دیکھو اِس میں کوئی ذرہ سماتا ہے | بہکے ہوئے نے اُس کی بات کو ٹیڑھا سمجھا

جامِ ظاہر خمرِ ظاہر نیست ایں | دُور دار ایں را ز شیخِ غیب بیں
یہ ظاہری جام، ظاہری شراب، نہیں ہے | غیب بین شیخ کو اِس سے دُور رکھ

جامِ مے ہستئ شیخ ست اے فلیو | کاندرو ناید در نہ گنجد بولِ دیو
اے بیہودہ! جامِ شراب، شیخ کا وجود ہے | کہ اب اُس کے اندر شیطان کا پیشاب نہیں سما سکتا ہے

پُر و مالامال از نورِ حق ست | جامِ تن بشکست و نورِ مطلق ست
وہ اللہ (تعالیٰ) کے نور سے پُر اور مالامال ہے | جسم کا جام شکستہ ہو گیا ہے اور وہ مطلق نور ہے

نورِ خورشید ار بیفتد بر حدث | اُو ہماں نور ست نپذیرد خبث
سورج کی شعاع اگر ناپاکی پر پڑے | وہ وہی نور ہے، نجاست کو قبول نہیں کرتی ہے

شیخ گفت ایں خود نہ جام ست و نہ مے | ہیں بزیر آ منکرا بنگر بے
شیخ نے فرمایا یہ نہ جام ہے اور نہ شراب | خبردار! اے منکر نیچے آ اس کو دیکھ لے

آمد و دید انگبین خاص بود | کور شد آں دشمن کور و کبود
وہ آیا اور اُس نے دیکھا خالص شہد تھا | وہ اندھا، نیلا دشمن اندھا ہو گیا

بزیر آ۔ چونکہ یہ باتیں روشندان کے ذریعہ ہو رہی تھیں۔ دید۔ یعنی اُس کے ہاتھ میں شراب نہ تھی بلکہ خالص شہد تھا۔

لہ سالوس۔ دن میں مکاری سے بزرگ بنا رہتا۔ فسق شب یعنی رات کو فسق و فجور کرنا۔ ہمچوں یعنی دن میں سنتِ نبوی پر عمل ہے اور شب کو بولہبی میں مبتلا ہے۔ عبد اللہ یعنی خدا کا نیک بندہ۔ نعوذ باللہ یعنی شیطان جس سے ہم پناہ چاہتے ہیں۔ غر۔ دھوکا، فریب۔ تو نمی گفتی۔ تو تے خود کہا تھا کہ شراب کے جام میں شیطان پیشاب کر دیتا ہے۔

لہ گفت۔ شیخ نے کہا کہ میرا جام اس قدر پُر ہے کہ اُس میں شیطان کے پیشاب کی گنجائش ہی نہیں ہے سپند۔ حرمل، ایک دانہ ہے جس کی دھونی نظر بد کے دفعیہ کے لئے دی جاتی ہے۔ کژ شنیدہ یعنی شیخ کی بات کا مطلب وہ صحیح نہ سمجھا شیخ نے جام سے جامِ شراب مراد نہ لیا تھا بلکہ جامِ مے سے مراد شیخ کا اپنا وجود تھا فلیو۔ بوزن نشیب احمق بیہودہ۔ ایدر۔ بوزن دیگر، ایں جا، اکنوں۔

سے پُر۔ پورا جسم نورِ حق سے پُر ہے اُس میں شیطان کے اثرات کی گنجائش نہیں ہے۔ جامِ تن۔ بلکہ وہ تو اب مقامِ فنا میں ہے۔ نورِ خورشید جیسے شیخ نورِ مطلق ہے تو کوئی ادنیٰ مقام اُسکو نقصان نہیں پہنچا سکتا ہے سورج کا نور اگر گندگی پر پڑے تو اُس سے وہ نجس نہ ہو گی۔

گفت پیر آں دم مُریدِ خویش را ۱؎ — رَو برائے من بجُو مے اے کیا
اُس وقت پیر نے اپنے مُرید سے کہا — ارے میاں! جاؤ میرے لئے شراب تلاش کرو

کہ مرا رنج ست مُضطر گشتہ ام — من ز رنج از مخمصہ بگذشتہ ام
کیونکہ میرے درد ہے میں مجبور ہو گیا ہوں — میں درد کی وجہ سے بھوک (کی مجبوری) سے بڑھ گیا ہوں

در ضرورت ہست ہر مُردار پاک — بر سرِ مُنکر ز لعنت باد خاک
مجبوری میں ہر مُردار پاک ہے — مُنکر کے سر پر لعنت کی خاک ہو

گِردِ خمخانہ برآمد آں مُرید — بہرِ شیخ از ہر خُمے او مے چشید
وہ مُرید شراب خانہ کی جانب گیا — اُس نے شیخ کے لئے ہر مٹکے میں سے شراب چکھی

در ہمہ خُمخانہا اُو مے ندید — گشتہ بُد پُر از عسل خُمِ نبیذ
اُس نے تمام شراب خانوں میں شراب نہ دیکھی — شراب کے مٹکے شہد سے بھر گئے تھے

گفت اے رندان چہ حال ست ایں چہ کار ۲؎ — ہیچ خُمے در نمی بینم عُقار
اُس نے کہا: اے رندو! کیا حال ہے یہ کیا کام ہے؟ — میں کسی مٹکے میں شراب نہیں دیکھتا ہوں

جملہ رنداں نزدِ آں شیخ آمدند — چشم گریاں دست بر سر می زدند
سب رند اُس شیخ کے پاس آئے — روتے ہوئے سروں کو پیٹتے تھے

در خرابات آمدی شیخِ اجل — جملہ مُیہا از قدومت شُد عسل
کہ اے بزرگ شیخ! آپ شراب خانہ میں آئے — آپ کی تشریف آوری سے تمام شرابیں شہد بن گئیں

کردہ مے را تو مبدّل از حدث — جانِ ما را ہم بدل کن از خبث
آپ نے شراب کو ناپاکی سے تبدیل کر دیا — ہماری جان کو بھی ناپاکی سے تبدیل کر دیجئے

گر شود عالم پُر از خون مال مال ۳؎ — کے خورد بندہ خدا اِلّا حلال
اگر عالم خون سے لبریز ہو جائے — اللہ کا (مخلص) بندہ سوائے حلال کے کب کھاتا ہے؟

## گفتنِ عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم را

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرنا کہ آپ

## کہ تو بے مصلّیٰ بہر جا کہ میروی نماز میکنی

بے مصلّے کے جہاں جاتے ہیں نماز پڑھ لیتے ہیں

عائشہؓ روزے بہ پیغمبر بہ گفت — یا رسول اللہ تو پیدا و نہفت
ایک دن (حضرت) عائشہؓ نے پیغمبرؐ سے عرض کیا — یا رسول اللہ آپ مجمع اور تنہائی میں

---

۱؎ گفت۔ شیخ نے اپنے مرید کی بدگمانی دُور کرنے کے لئے اُس سے کہا۔ کہ مرا رنج یعنی میری تکلیف بھوک کی تکلیف سے بھی بڑھ گئی اور میں مُضطر کے حکم میں ہوں جس کے لئے جان بچانے کیلئے حرام چیز کھا لینا جائز ہو جاتا ہے۔ مخمصہ قرآن پاک میں فَمَنِ اضْطُرَّ فِیْ مَخْمَصَۃٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ یعنی جو بھوک کی وجہ سے مجبور ہو جائے اور گناہ کی طرف اُس کا جھکاؤ نہ ہو اور وہ حرام کھائے تو اللہ غفور و رحیم ہے۔ منکر۔ یعنی جو اس جواز کا انکار کرے پُر از عسل یعنی ہر مٹکا بجائے شراب کے شہد سے بھرا ہوا تھا۔

۲؎ گفت۔ مرید نے دوسرے شرابیوں سے دریافت کیا کہ کیا معاملہ ہے کسی مٹکے میں بھی شراب نہیں ہے۔ عُقار۔ شراب۔ جملہ رنداں۔ شیخ کی اس کرامت سے شرابی متاثر ہو گئے۔ خرابات۔ میخانہ۔ مبدّل از حدث۔ شراب ناپاک ہے شہد پاک ہے۔ خبث۔ یعنی گناہوں کی خباثت۔

۳؎ گر شود۔ اللہ اپنے نیک بندوں کیلئے حلال روزی کی بہر حال سبیل پیدا فرما دیتا ہے۔ آئندہ حکایت کا بھی یہی خلاصہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُمتِ محمدیہ کیلئے ناپاک زمین کو بھی حکماً پاک بنا دیا ہے۔ بے مصلیٰ۔ یعنی زمین پر آپ کچھ

ہر کجا یابی نمازے می کُنی — می رَوی دَر خانۂ ناپاک وَدَنی[1]
جہاں موقع ملتا ہے نماز پڑھ لیتے ہیں — آپ ہرادنیٰ اور ناپاک گھر میں چلے جاتے ہیں

بے مصلّٰی می گذاری تو نماز — ہر کجا روئے زمیں بکشای راز
بغیر مصلّے کے آپ نماز پڑھ لیتے ہیں — جہاں بھی روئے زمین ہو، راز بتلائے؟

گرچہ میدانی کہ ہر طفلِ پلید — کرد مُستعمل بہر جا کہ رسید
اگرچہ آپ جانتے ہیں کہ ہر ناپاک بچہ — جہاں وہ جاتا ہے (زمین) کو مُستعمل کردیتا ہے

گفت پیغمبر کہ از بہرِ مہاں — حق نجس را پاک کرد ایں را بداں
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا بڑے لوگوں کیلئے — اللہ (تعالیٰ) نے نجس کو پاک کردیا ہے، اسکو سمجھ لے

سجدہ گاہم را ازاں رو لُطفِ حق — پاک گردانید تا ہفتم طبق
اِسلئے اللہ (تعالیٰ) کی مہربانی نے میری سجدہ گاہ کو — ساتوں طبقوں تک پاک کردیا ہے

ہاں وہاں ترکِ حَسَد کُن با شہاں — ورنہ ابلیسے شَوی اندر جہاں
خبردار خبردار! شاہوں سے حَسَد کرنا چھوڑدے — ورنہ تو دنیا میں شیطان ہو جائے گا

کو[2] اگر زہرے خورد شہدے شَود — تو اگر شہدے خوری زہرے بُوَد
کیونکہ وہ اگر زہر کھالے تو شہد بن جائیگا — تو اگر شہد کھائے، زہر ہوگا

کو بدل گشت و بدل شد کارِ اُو — لُطف گشت و نُور شد مَر نارِ اُو
کیونکہ وہ بدل گیا اور اُس کا کام بدل گیا — وہ محبت بن گیا، اُس کی آگ نور بنگئی ہے

قُوتِ حق بُود مر بابیل را — ورنہ مُرغے چوں کُشد مر پیل را
ابابیل میں اللہ کی طاقت تھی — ورنہ ایک پرندہ ہاتھی کو کیسے مارسکتا ہے؟

لشکرے را مُرغکے چندے شکست — تا بدانی کاں صلابت[3] از حق است
بڑے لشکر کو چھوٹے پرندوں نے شکست دیدی — تاکہ تو سمجھ جائے کہ وہ سختی اللہ کی طرف سے تھی

گر ترا وسواس آید زیں قبیل — رَو بخواں تو سورۂ اصحابِ فیل
اگر تجھے اس سلسلہ میں شک ہو — جا، تو اصحابِ فیل کی سورۃ پڑھ لے

ور کُنی با اُو مِرے وہمسَری — کافرم داں گر تو زیشاں سَر بَری
اگر تو اُس سے جھگڑا اور برابری کرے گا — مجھے کافر سمجھ اگر تو اُن سے جیت جائے

## کشیدن مُوش مہارِ اُشترے را و مُعجب شُدن مُوش دَر خود

چوہے کا اُونٹ کی مہار کو کھینچنا اور چوہے کا گھمنڈ میں آجانا

[1] دَنی: کمتر درجہ کا۔ گرچہ میدانی: مطلب یہ کہ بچے جب پاخانہ سے گھر کی زمین کو ناپاک کردیتے ہیں۔ مہاں: بزرگ، بڑے لوگ۔ سجدہ گاہم: آنحضورؐ نے ارشاد فرمایا ساری زمین میرے لئے سجدہ گاہ اور باعثِ پاکی بنادی گئی ہے۔ یعنی میں ہر جگہ نماز پڑھ سکتا ہوں۔ دیگر اُمتوں کو حکم تھا کہ وہ صرف عبادتخانوں میں عبادت کریں اور پانی نہ ہونے کی صورت میں زمین سے تیمم کرلینا تیرے لئے پاکی ہے۔

[2] کو اگر: خدا کا خاص بندہ اگر زہر بھی کھائے تو خدا اُس کی تاثیر بدل دیتا ہے اور وہ اُولٰئِکَ یُبَدِّلُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِہِمْ حَسَنٰتٍ کا مصداق ہوتا ہے۔ تو اگر: ایک گنہگار کا نماز روزہ بھی مردود ہوجاتا ہے۔ قوتِ حق: اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں اپنی صفت کا پرتو ڈالدیتا ہے ورنہ ابابیل جیسا پرندہ ابرہہ کے ہاتھیوں کو کیسے شکست دیدیتا۔

[3] صلابت: سختی۔ سورہ: سورہ الفیل میں ابابیلوں کے ذریعہ ابرہہ کے ہاتھیوں کی ہلاکت کا ذکر ہے۔ ور کُنی: بڑوں سے جھگڑا اور ہمسری کا دعویٰ کرنا ہلاکت کا سبب ہے۔ کشیدن: اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ چوہے نے اپنے سے بڑے اونٹ سے ہمسری کی اور شرمندہ ہوا۔ مُعجب: متکبر۔

موشکے در کف مہار اشترے — در ربود و شد رواں او از مرے[۱]
ایک حقیر چوہے نے ایک اونٹ کی مہار ہاتھ میں — لے لی، اور اکڑتا ہوا روانہ ہوا

اشتر از چستی کہ با او شد رواں — موش غرہ شد کہ ہستم پہلواں
جب اونٹ تیزی سے اس کے ساتھ چلا — چوہے کو گھمنڈ ہوگیا کہ میں پہلوان ہوں

بر شتر زد پرتو اندیشہ اش — گفت بنمایم ترا تو باش خوش
اس کے خیال کا عکس اونٹ پر پڑا — اس نے کہا تو خوش ہو لے میں تجھے دکھاؤنگا

تا بیامد بر لب جوئے بزرگ — کاندرو گشتے زبوں پیل سترگ
یہاں تک کہ وہ بڑی نہر کے کنارے پر پہنچا — جس میں بڑا ہاتھی بھی عاجز آجائے

موش آنجا ایستاد و خشک گشت — گفت اشتر اے رفیق کوہ و دشت
چوہا وہاں کھڑا ہوگیا اور خشک ہوگیا — اونٹ بولا، اے پہاڑ اور جنگل کے ساتھی

ایں توقف چیست حیرانی چرا — پا بنہ مردانہ اندر جو درآ
یہ ٹھہراؤ کیسا ہے؟ حیرانی کیوں ہے؟ — بہادری سے قدم بڑھا، نہر میں آجا

تو قلاؤوزی[۲] و پیش آہنگ من — در میان رہ مباش و تن مزن
تو میرا رہبر اور پیش رو ہے — راستہ میں نہ رک اور چپ نہ ہو

گفت ایں جوئے شگرف است و عمیق — من ہمی ترسم ز غرقاب اے رفیق
(چوہا) بولا یہ نہر خوفناک اور گہری ہے — اے ساتھی! میں ڈوبنے سے ڈر رہا ہوں

گفت اشتر تا ببینم حد آب — پا درو بنہاد آں اشتر شتاب
اونٹ نے کہا (ٹھہر) تاکہ میں پانی کا اندازہ لگاؤں — اونٹ نے فوراً پاؤں اندر رکھ دیا

گفت تا زانوست آب اے کور موش — از چہ حیراں گشتی و رفتی ز ہوش
(اونٹ) بولا اے اندھے چوہے! پانی ران تک ہے — تو کیوں حیران ہوگیا اور ہوش کھو بیٹھا

گفت[۳] مور تست و مارا اژدہاست — کہ ز زانو تا بزانو فرقہاست
چوہے نے، کہا تیرے لئے چیونٹی ہے ہمارے لئے اژدہا ہے — اس لئے کہ ران اور ران میں بہت فرق ہے

گر ترا تا زانوست اے پرہنر — مر مرا صد گز گذشت از فرق سر
اے ہنرمند! اگر تیری ران تک ہے — تو میرے سر کی چندیا سے سو گز اونچا ہے

گفت گستاخی مکن بار دگر — تا نسوزد جسم و جانت زیں شرر
(اونٹ) بولا پھر گستاخی نہ کرنا — کہیں اس چنگاری سے تیرا جسم اور جان جل جائے

---

۱ مرے۔ مقابلہ، جھگڑا۔ پہلواں۔ یعنی مجھ میں اتنی طاقت ہے کہ اونٹ کو قابو میں کر رکھا ہے۔ اندیشہ یعنی اونٹ کی ہمسری کا خیال۔ تا بیامد۔ ایسی نہر آگئی جس میں ہاتھی بھی نہ ٹھہر سکے۔ خشک گشت۔ یعنی نہر کے ڈر سے۔ توقف۔ ٹھہراؤ۔

۲ قلاؤوز۔ رہنما۔ تن مزن۔ خاموش نہ ہو۔ شگرف۔ عجیب و غریب، خوفناک۔ غرقاب۔ پانی میں ڈوبنا۔ حد آب یعنی پانی کی گہرائی۔ کور موش۔ اندھا چوہا، چھچھوندر۔

۳ گفت۔ چوہے نے کہا کہ تیرے نزدیک معمولی اور چھوٹی چیز میرے لئے خطرناک اور بڑی ہے تیرے زانو اور میرے زانو میں بہت فرق ہے۔ فرق سر۔ سر کا وہ اگلا حصہ جس پر مانگ نکالی جاتی ہے۔ گستاخی یعنی ہمسری کا دعویٰ۔ شرر۔ چنگاری۔

توُ مرے با مثلِ خود موشاں بکن | با شتر مر موش را نبوُد سخن

تو اپنے جیسے چوہوں سے مقابلہ کر | چوہے کے لئے اونٹ سے بات مناسب نہیں ہے

گفت توبہ کردم از بہرِ خدا | بگذراں زیں آبِ مہلک مر مرا

اُس (چوہے) نے کہا کہ میں نے توبہ کی خدا کیلئے | اِس مہلک پانی سے مجھے پار کردے

رحم آمد مر شتر را گفت ہیں | بر جہ و بر گردبانِ من نشیں

اونٹ کو رحم آگیا، بولا، ہاں | کود، اور میرے پالان پر بیٹھ جا

ایں گذشتن شد مسلّم مر مرا | بگذرانم صد ہزاراں چوں ترا

میرا پار کرنا یقینی ہے | تجھ جیسے لاکھوں کو پار کردوں گا

چوں پیمبر نیستی پس رو براہ | تا رسی از چاہ روزے سوئے جاہ

جب تو پیغمبر نہیں ہے تو راستے لگ جا | تاکہ کسی دن کنویں سے (نکل کر) رتبہ پر پہنچ جائے

تو رعیّت باش چوں سلطاں نۂ | تگ مراں چوں مردِ کشتیباں نۂ

تو رعیّت بن جا جبکہ تو بادشاہ نہیں ہے | گہرائی میں (کشتی) نہ چلا چونکہ تو ملّاح نہیں ہے

چوں نۂ کامل دکاں تنہا مگیر | دستِ خوش می باش تا گردی خمیر

جب کہ تو ماہر نہیں ہے تنہا دکان نہ کر | تابع بن جا تاکہ تو خمیر بن جائے

چونکہ آزادیت ناید بندہ باش | ہیں بپوش اطلس برو در ژندہ باش

جب تجھے آزاد رہنا نہیں آتا، غلام بن جا | خبردار! اطلس نہ پہن جا گدڑی میں رہ

اَنصِتُوا را گوش کن خاموش باش | چوں زبانِ حق نگشتی گوش باش

تم چپ رہو، کو سُن، چُپ رہ | جب تو اللہ کی زبان نہ بنا، کان بن جا

ور بگوئی مشکل استفسار گو | با شہنشاہاں تو مسکیں وار گو

تو اگر کوئی اشکال کرے تو پوچھنے کے طریقہ پر کر | شہنشاہوں سے مسکین کی طرح بات کر

ابتدائے کبر و کیں از شہوت است | راسخی شہوتت از عادت است

تکبر اور کینہ کی ابتدا خواہش نفسانی سے ہے | خواہش نفسانی تیری کا جماؤ، عادت کی وجہ سے ہے

چوں ز عادت گشت محکم خوئے بد | خشم آید بر کسے کت واکشد

جب عادت کی وجہ سے بُری عادت پختہ ہو جائے | تجھے اُس پر غصہ آتا ہے جو تجھے ہٹائے

---

انسان ان برائیوں کو بار بار کرتا ہے تو نفس کی اس خواہش میں جماؤ پیدا ہو جاتا ہے جس کے سبب اگر کوئی اس برائی سے روکے تو غصہ آتا ہے۔

---

لہ تر جہ۔ جستن سے بنا ہے کودنا۔ گردبان۔ پالان، مسلّم۔ تسلیم شدہ یقینی۔ چوں پیمبر۔ جب انسان میں صلاحیت نہ ہو تو صلاحیت پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ تو رعیت باش انسان کو اپنی حیثیت میں رہنا چاہیے۔ تگ مراں۔ اگر کشتی بانی کی صلاحیت نہیں ہے تو کشتی کنارے کنارے لے جانی چاہیے گہرائی میں نہ لے جانی چاہیے۔

سے چوں نہ۔ جب تک تجارت میں مہارت نہ ہو مستقل دکان نہ کرنی چاہیے ورنہ نقصان ہوگا۔ دستِ خوش۔ تابع مُطیع، عاجز۔ خمیر۔ آٹے میں جب خمیر اٹھ جاتا ہے تب روٹی پکانے کے قابل ہوتا ہے چونکہ۔ آزادانہ زندگی بسر کرنے کی صلاحیت نہ ہو تو غلام بنا رہنا چاہیے۔ اطلس۔ مشہور ریشمیں کپڑا ہے۔ ژندہ۔ گدڑی، غرضیکہ جب تک کمال حاصل نہ ہو کسی شیخ کے تابع رہنا ضروری ہے۔ اَنصِتُوا قرآن پاک میں ہے جب قرآن پڑھا جائے تو خاموش رہو یعنی جب تک وعظ و تلقین کی صلاحیت نہ ہو خاموشی سے شیخ کی نصیحت سنا کرو۔

سے ور بگوئی۔ اگر کوئی اشکال پیش آئے تو معترضانہ سوال نہ کرو بلکہ تعلیم حاصل کرنے کے طور پر دریافت کیجئے۔ ابتدا۔ انسان بزرگوں سے ہمسری تکبر کی وجہ سے کرتا ہے یہ اور اس قسم کی برائیاں نفس کے تقاضے سے پیدا ہوتی ہیں اور جب

چونکہ تو گلخوار[1] گشتی ہر کہ او ۔۔ واکشد از گل ترا باشد عدو

چونکہ تو مٹی کھانے والا بن گیا ہے، جو بھی ۔۔ تجھے مٹی سے ہٹاتا ہے دشمن ہوگا

بت پرستاں چونکہ خو با بت کنند ۔۔ مانعانِ راہِ خود را دشمن اند

بت پرست چونکہ بتوں کی عادت ڈال لیتے ہیں ۔۔ اپنے راہ سے ہٹانے والوں کے دشمن ہیں

چونکہ کرد ابلیس خو با سروری ۔۔ دید آدمؑ را بہ تحقیر از خری

چونکہ شیطان سرداری کا عادی ہوگیا تھا ۔۔ گدھے پن سے اس نے آدمؑ کو حقارت سے دیکھا

کہ بہ از من سرورے دیگر بود ۔۔ تا کہ او مسجودِ چون من کس شود

مجھ سے بہتر کوئی دوسرا سردار ہوگا؟ ۔۔ تاکہ وہ مجھ جیسے کا مسجود بنے

سروری زہرست جز آں روح را ۔۔ کہ بود تریاقِ لانی ز ابتدا

اس روح کے سوا کے لئے سرداری زہر ہے ۔۔ جو شروع سے لان (پہاڑ) کا تریاق ہو

کوہ گر پر مار شد باکے مدار ۔۔ کو بود اندر درون تریاق زار

پہاڑ اگر سانپوں سے بھرا ہو، پروا نہ کر ۔۔ کیونکہ اس میں تریاق زار ہوتا ہے

سروری چون شد دماغت را ندیم ۔۔ ہر کہ بشکستت شود خصمِ عظیم

سرداری جب تیرے دماغ کی ساتھی بن گئی ۔۔ جو تجھے شکست دے تیرا دشمن ہوگا

چون[2] خلافِ خوئے تو گوید کسے ۔۔ کینہا خیزد ترا با او بسے

جب کوئی تیری عادت کے خلاف بولے ۔۔ تجھ میں اس سے بہت سے کینے پیدا ہونگے

کہ مرا از خوئے من بر میکند ۔۔ خویش بر من میر و سرور میکند

کہ وہ مجھے میری خصلت سے جدا کرتا ہے ۔۔ اپنے آپ کو میرے اوپر امیر اور سردار بناتا ہے

چون[3] نباشد خوئے بد سرکش درو ۔۔ کے فروزد از خلاف آتش درو

اس میں جب کوئی بری عادت ظہور پذیر نہ ہو ۔۔ تو مخالفت کی آگ اس میں کیوں بھڑکے؟

چون نباشد خوئے بد محکم شدہ ۔۔ کے شود اندر خلاف آتشکدہ

جب اس میں بری عادت مستحکم نہ ہوئی ہو ۔۔ تو اختلاف میں آگ کی بھٹی کیوں ہو؟

با مخالف او مدارا می کند ۔۔ در دلِ او خویش را جا می کند

وہ مخالف کی (بھی) خاطر تواضع کرتا ہے ۔۔ اس کے دل میں اپنی جگہ کر لیتا ہے

زانکہ خوئے بد بگشتست استوار ۔۔ مور شہوت شد ز عادت ہمچو مار

کیونکہ تیری عادت بری مضبوط ہوگئی ہے ۔۔ نفسانی خواہش کی چیونٹی عادت کی وجہ سے سانپ ہوگئی ہے

---

[1] گلخوار: مٹی کھانے والا۔ چونکہ کرد: شیطان کو سرداری کی عادت پڑ گئی تھی اس لئے حضرت آدمؑ کو سجدہ نہ کیا۔ سروری: سرداری۔ زہرست: حبِ جاہ نفس کا بہت بڑا رذیلہ ہے۔ تریاقِ لانی: لان پہاڑ کا تریاق جو زہر کے ازالہ میں بہت زود اثر ہوتا ہے۔ کوہ: اولیاء اللہ کے پاس تریاق ہے لہٰذا جاہ و رتبہ کا سانپ ان پر اثر نہیں کرتا ہے۔ ندیم: ہم مجلس، ساتھی۔ خصمِ عظیم: بڑا دشمن۔

[2] چون خلاف: جب کوئی کسی عادت کے خلاف اس کو نصیحت کرتا ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ نصیحت کرنے والا اپنی بڑائی اور سرداری جتاتا ہے۔

[3] چون نباشد: اگر انسان میں بری عادت نہیں ہوتی ہے تو نصیحت سے اس کو ناگواری نہیں ہوتی ہے۔ محکم: مضبوط۔ مدارا: خاطر تواضع۔ زانکہ: غصہ کی وجہ یہی ہے کہ تیری بری عادت مستحکم ہوگئی ہے۔ مور: یعنی ادنیٰ نفسانی خواہش۔ مار: یعنی مہلک نفسانی خواہش۔

مارِ شہوت[1] را بکُش در ابتدا — ورنہ اینک گشت مارت اژدہا
نفسانی خواہش کے سانپ کو ابتدا ہی میں مار ڈال — ورنہ تیرا یہ سانپ اژدھا بن جائے گا

لیک ہر کس مُور بیند مارِ خویش — تو ز صاحبدل کُن استفسارِ خویش
لیکن ہر شخص اپنے سانپ کو چیونٹی سمجھتا ہے — تو اپنے بارے میں صاحبدل سے معلومات کرلے

ز ابتدا ایں مارِ شہوت را بکُش — ورنہ اژدرہا شود اے تیز ہُش
نفسانی خواہش کے اس سانپ کو شروع میں کچل ڈال — ورنہ اے تیز ہوش! وہ اژدھا بنجائے گا

تا نہ شد[2] زر مس نداند مَن مِسم — تا نہ شد شہ دل نداند مُفلسم
جبتک تانبا سونا نہیں بنتا وہ نہیں سمجھتا کہ میں تانبا ہوں — جبتک دل شاہ نہ بنجائے وہ نہیں جانتا کہ میں مفلس ہوں

خدمتِ اکسیر کُن مِس وار تو — جور می کش اے دل از دلدار تو
تو تانبے کی طرح اکسیر کی خدمت کر — اے دل! اپنے دلدار کی سختی برداشت کر

کیست دلدار اہلِ دل نیکو بداں — کو چو روز و شب جہانست از جہاں
دلدار کون ہے؟ خوب سمجھ لے اہل دل (ہے) — جو دن اور رات کی طرح دنیا سے گریزاں ہے

عیب کم گو بندۂ اللہ را — مُتّہم کم کُن بدزدی شاہ را
اللہ (تعالیٰ) کے (خاص) بندے کی عیب جوئی نہ کر — بادشاہ کو چوری (کی تہمت) نہ لگا

ورنہ[3] باشی ہیچ ہیچ از ہیچگاں — پس روِ ہر دیو باشی مُشتہاں
ورنہ تو ناچیزوں میں سے ناچیز تر بنجائے گا — اور ہر ذلیل شیطان کا پیرو بنجائے گا

## کرامات آں درویش کہ در کشتی بدزدیش مُتّہم کردند

اس درویش کی کرامات جس پر کشتی میں چوری کرنے کی تہمت لگائی

بود درویشے درونِ کشتئے — ساختہ از رختِ مردی پشتئے
ایک کشتی میں ایک درویش تھا — جو مردانگی کے ساز و سامان کو سہارا بنائے ہوئے تھا

یاوہ شد ہمیانِ زر اُو خفتہ بود — جملہ را جُستند اُو را ہم نمود
اشرفیوں کی ایک ہمیانی گم ہوگئی وہ سویا ہوا تھا — انھوں نے سب کی تلاشی لی اس (مالک) نے ان کو (درویش) دکھا (دیا)

کیں فقیرِ خفتہ را جوییم ہم — کرد بیدارش ز غم صاحب درم
اس سوئے ہوئے فقیر کی بھی ہم تلاشی لیں — اشرفیوں والے نے غم کی وجہ سے اس کو بھی بیدار کیا

کاندریں کشتی چرمداں گم شدہ ست — جملہ را جُستیم نتوانی تو رَست
کہ اس کشتی میں چمڑے کی تھیلی گم ہوگئی ہے — ہم نے سب کی تلاشی لی ہے تو بھی نہ چھوٹ سکیگا

---

[1] مارِ شہوت۔ نفسانی خواہش کو ابتدا ہی دبا دینا چاہیئے ورنہ خطرناک صورت اختیار کر لیتی ہے لیکن ہر بیدار اپنے عیب کو معمولی سمجھتا ہے۔ تو ز صاحبدل کسی شیخ سے اس رذیلہ کا انجام دریافت کرلے۔

[2] تا نہ شد۔ جب انسان کا کوئی رذیلہ زائل ہوتا ہے تب وہ سمجھتا ہے کہ وہ رذیلہ کس قدر خطرناک تھا۔ تا نہ شد۔ ہر چیز ضد کے ذریعہ پہچانی جاتی ہے۔ خدمتِ اکسیر۔ جو شیخ تیری حقیقت بدل دے وہ اکسیر ہے تو اسکے لئے بمنزلہ تانبے کے ہے۔ روز و شب۔ دن رات کو دنیا سے گریزاں مانا جاتا ہے صاحبدل بھی دنیا سے گریزاں اور متنفر ہوتا ہے۔

[3] ورنہ۔ اگر تو اہل اللہ پر تہمت دھریگا تو حقیر ترین بن جائیگا شیطان کا تابع ہو جائیگا۔ کرامات۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ بزرگوں پر تہمت دھرنا ہلاکت کا سبب ہے۔ رختِ مردی۔ اس کا اعتماد و بھروسہ صبر و قناعت پر تھا۔ یاوہ۔ گم، ضائع۔ او را۔ یعنی مالک نے اس سوئے ہوئے فقیر کو بھی لوگوں کو دکھایا۔ صاحب درم۔ یعنی جسکی اشرفیاں گم ہوئی تھیں۔ چرمداں۔ چمڑے کی تھیلی یعنی ہمیانی۔ جملہ را جستیم۔ ہم نے سب کی جامہ تلاشی لی ہے۔

دلق بیروں کن برہنہ شو ز دلق ۔۔۔ تا ز تو فارغ شود اوہامِ[1] خلق
گدڑی اتار دے، گدڑی سے ننگا ہو جا ۔۔۔ تاکہ لوگوں کے شکوک تجھ سے رفع ہوں

گفت یارب مر غلامت را خساں ۔۔۔ متہم کردند فرماں در رساں
اُس (درویش) نے کہا اے خدا! تیرے غلام کو کمینوں نے ۔۔۔ متہم کیا، حکم فرما دے

یا غیاثی عند کلِ کُربۃٍ ۔۔۔ یا معاذی عند کلِ شدۃٍ
اے ہر مصیبت میں میرے فریادرس! ۔۔۔ اے ہر مصیبت میں میری پناہ!

یا مجیبی عند کلِ دعوۃٍ ۔۔۔ یا ملاذی عند کلِ محنۃٍ
اے ہر پکار پر میرے جواب دینے والے! ۔۔۔ اے ہر مشقت میں میرے ملجا!

چوں بدرد آمد دلِ درویش زاں ۔۔۔ سر بروں کردند ہر سو در زماں
جب اس (تہمت) سے درویش کے دل کو تکلیف پہنچی ۔۔۔ فوراً ہر جانب سے سر نکالا

ماہیانِ بے حد از دریا ژرف ۔۔۔ در دہانِ ہر یکے درِ شگرف
گہرے دریا سے بے حد مچھلیوں نے ۔۔۔ ہر ایک کے منہ میں عجیب موتی

صد ہزاراں ماہی از دریائے پُر ۔۔۔ در دہانِ ہر یکے دُرے چہ دُر
بھرے دریا سے لاکھوں مچھلیوں نے ۔۔۔ ہر ایک کے منہ میں موتی، کیسا (اچھا) موتی

ہر یکے[2] درِ خراجِ مملکتے ۔۔۔ کز اِلٰہ ست ایں ندارد شرکتے
ہر ایک موتی ایک سلطنت کی آمدنی ۔۔۔ کیونکہ وہ اللہ کی جانب سے ہے جو شرکت سے پاک ہے

دُرِ چند انداخت در کشتی و جست ۔۔۔ مر ہوا را ساخت کرسی و نشست
چند موتی کشتی میں پھینکے اور جست لگائی ۔۔۔ ہوا کو کرسی بنایا اور بیٹھ گیا

خوش مربع چوں شہاں بر تختِ خویش ۔۔۔ او فرازِ اوج و کشتی اش بہ پیش
اچھی چوکڑی لگا کر بادشاہوں کی طرح اپنے تخت پر ۔۔۔ وہ بلندی کی اونچائی پر اور کشتی اس کے آگے

گفت[3] او کشتی شمارا حق مرا ۔۔۔ تا نباشد با شما دزدِ گدا
اس نے کہا وہ کشتی تمہاری ہے میرا خدا ہے ۔۔۔ تاکہ تمہارے ساتھ چور فقیر نہ رہے

تا کرا باشد خسارت زیں فراق ۔۔۔ من خوشم جفت حق و از خلق طاق
دیکھو اس جدائی سے کس کا نقصان ہو ۔۔۔ میں اللہ کے ساتھ اور مخلوق سے علیحدہ خوش ہوں

نے مرا او تہمتِ دزدی نہد ۔۔۔ نے مہارم را بغماز دہد
وہ نہ مجھ پر چوری کی تہمت لگاتا ہے ۔۔۔ نہ میری نکیل چغلخور کے ہاتھ میں دیتا ہے

---

[1] اوہامِ خلق۔ لوگوں کو تیرے اوپر بھی چوری کا گمان ہے۔ فرماں در رساں۔ کوئی حکم جاری فرما دے۔ غیاث۔ مدد۔ کربۃ۔ مصیبت۔ معاذ۔ جائے پناہ۔ مجیب۔ جواب دینے والا۔ ملاذ۔ جائے پناہ۔ محنۃ۔ مشقت۔ چوں جب فقیر کے دل سے آہ نکلی تو دریا میں چاروں طرف سے مچھلیاں نمودار ہوئیں۔ ژرف۔ گہرا۔ دُرِ۔ موتی۔ شگرف۔ عجیب۔ دُرے چہ دُر یعنی عجیب و غریب موتی۔

[2] مچھلی کے منہ میں ایسا بے مثل اور قیمتی موتی تھا جس کی قیمت ایک ملک کی آمدنی کی برابر تھی۔ چونکہ وہ بے مثل اللہ کی جانب سے تھا اسلئے خود بھی بے مثل تھا۔ درِ چند درویش نے مچھلیوں سے چند موتی لے کر کشتی میں پھینک دیئے اور خود شاہوں کی طرح ہوا میں چوکڑی لگا کر بیٹھ گیا۔ مربع۔ چوکڑی مار کر بیٹھنا۔ فراز۔ اونچائی۔ اوج۔ بلندی۔

[3] گفت۔ ہوا میں معلق ہو کر اُس فقیر نے کہا میں تمہاری کشتی میں نہ بیٹھوں گا تاکہ تم مجھ چور فقیر کے ساتھ نہ رہو۔ تا کرا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جدائی تمہارے لئے مضر ہے یا میرے لئے۔ اب میرا اور اللہ کا جوڑ ہو اور مخلوق سے میں علیحدہ ہوں۔ نے مرا۔ خدا نہ مجھ پر تہمت دھرتا ہے نہ مجھے رسوا کرتا ہے۔ غماز۔ چغلخور۔

بانگ کردند اہلِ کشتی کاے ہمام[1] — از چہ دادندت چنیں عالی مقام
کشتی والے چیخے: اے بزرگ! — تجھے یہ بلند مقام کس وجہ سے دیا ہے؟

گفت از تہمت نہادن بر فقیر — وز حق آزاری پئے چیزے حقیر
اس نے کہا، فقیر پر تہمت لگانے کی وجہ سے — اور معمولی چیز کے لئے اللہ کو ستانے کی وجہ سے

حاش للہ بل ز تعظیمِ شہاں — کہ نبودم بر فقیراں بد گماں
خدا بچائے۔ بلکہ شاہوں کی تعظیم کرنے سے — کہ میں فقیروں پر بدگمان نہ تھا

آں فقیرانِ[2] لطیف و خوش نفس — کز پئے تعظیم شاں آمد عبس
وہ پاکیزہ اور نیک دم فقیر — جن کی تعظیم کیلئے سورۂ عبس نازل ہوئی ہے

آں فقیری بہرِ پیچا پیچ نیست — بل پئے آنکہ بجز حق ہیچ نیست
وہ فقیری اینچ پینچ کے لئے نہیں ہے — بلکہ اسلئے ہے کہ خدا کے علاوہ کچھ نہیں ہے

متہم چوں دارم آنہا را کہ حق — کرد امینِ مخزنِ ہفتم طبق
میں ان کو کیسے متہم بنا سکتا ہوں جبکہ اللہ نے — ساتوں طبقوں کے خزانے کا امین بنایا ہے

متہم نفس ست نے عقلِ شریف — متہم حس ست نے نورِ لطیف
متہم نفس ہے نہ کہ شریف عقل — متہم حس ہے نہ کہ پاکیزہ نور

نفسِ[3] سوفسطائی آمد میزنش — کش زدن سازد نہ حجت گفتنش
نفس سوفسطائی ہے اسکی سرزنش کر — کیونکہ مارنا ہی اسکے لائق ہے نہ اس سے دلیل بیان کرنا

معجزہ بیند فروزد آں زماں — بعد ازاں گوید خیالے بود آں
معجزہ دیکھتا ہے، اس وقت منور ہو جاتا ہے — اس کے بعد کہہ دیتا ہے وہ خیال تھا

ور حقیقت بود آں دیدِ عجب — چوں مقیمِ چشم نامد روز و شب
اگر وہ عجیب نظارہ حقیقت تھا — تو دن رات آنکھ میں کیوں نہ ٹھہرا؟

آں مقیمِ چشمِ پاکاں می بود — نے قرینِ چشمِ حیواں می شود
وہ پاکبازوں کی آنکھ میں ٹھہرتا ہے — حیوان کی آنکھ کا ساتھی نہیں بنتا ہے

---

کے لئے صرف پانچویں کتاب یعنی الامثال کی ہے جب سنیں گے تو اس حقیقت کے قائل ہو جائیں گے۔ معجزہ۔ یہ لوگ معجزہ کو بھی ایک حقیقت نہیں مانتے ہیں بلکہ محض ایک خیال سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر حقیقت ہوتا تو مستقل طور پر نظر آتا رہتا جیسے حضرت موسیٰ کی لاٹھی اگر حقیقتاً سانپ ہی تھی تو ہمیشہ سانپ نظر آتی، چاند اگر حقیقتاً شق ہوا تھا تو ہمیشہ شق ہو کر نظر آتا رہنا چاہئے تھا۔ ایں مقیم۔ مولانا فرماتے ہیں کہ ان کی آنکھیں چونکہ ناپاک ہیں لہٰذا معجزہ جیسی پاک چیز ان کی آنکھ میں نہیں ٹھہرتی ہے پاک نگاہوں میں وہ حقیقت ہمیشہ قائم رہتی ہے کہ موسیٰ جیسا حسین پندرہ تاریک کنویں میں بھی نظر آتا ہے

١ ہمام۔ سردار، بزرگ عالی مقام۔ یہ کرامت کہ ہوا کی کرسی پر بیٹھ گیا۔ گفت از تہمت۔ درویش نے طنزاً کہا یہ مقام فقیروں پر تہمت دھرنے اور معمولی چیز پر اللہ کا دل دکھانے سے ملا ہے۔ حاش للہ۔ پہلی بات تو طنزاً کہی تھی اب کرامت کا صحیح سبب بتایا۔

٢ آں فقیراں۔ جن فقراء کی تعظیم سے یہ مقام حاصل ہوا ہے وہ پاک نفس فقراء ہیں جن کی تعظیم میں سورۂ عبس نازل ہوئی جبکہ آنحضورؐ نے ایسے ہی ایک فقیر سے ذرا بے التفاتی کا معاملہ کیا تھا۔ عبس۔ آنحضورؐ سرداران قریش سے گفتگو فرما رہے تھے اس اثناء میں عبداللہ بن ابن مکتوم نابینا آ گئے اور کچھ سوال کر بیٹھے آنحضورؐ کو ناگوار گزرا اس پر سورۂ عبس نازل ہوئی جس میں اللہ تعالیٰ نے آنحضورؐ پر اپنی ناگواری کا اظہار کیا۔ آں فقری۔ اللہ والوں کی فقیری محض تعلق مع اللہ کے لئے ہے لوگوں کو پھنسانے کیلئے۔ کرد امیں۔ جب اللہ کے نزدیک امین ہیں تو ان پر چوری کی تہمت کیسی۔ متہم۔ یہ بزرگ مجسم عقل اور نور ہیں جو تہمت سے بری ہیں۔

٣ نفس سوفسطائی۔ فلاسفہ کا ایک فرقہ ہے جو اشیاء کی حقیقت کو نہیں مانتا ہے۔ ان میں سے لاادریہ فرقہ ہے جو ہر دلیل کے بارے میں بھی یہ کہہ دیتا ہے کہ میں اس کو نہیں جانتا۔ ان کے بارے میں متکلمین نے کہا کہ ان

کاں عجب نَبوَد حق دارد عار ننگ ۔ کے بود طاؤس اندر چاہِ تنگ
(تو) اِس حق سے ذلّت اور خواری ۔ مور تنگ کنویں میں کب رہتا ہے؟

تانگوئی مر مرا بسیار گو ۔ من ز صد یک گویم و آں ہمچو مُو
تو مجھے ہرگز باتیں بنانے والا مت کہہ ۔ میں سو میں سے ایک کہتا ہوں اور وہ (بھی) بال برابر

## تشنیع صوفیاں پیشِ شیخ براں صوفی کہ بسیار می گوید و می خورد

صوفیوں کا ایک شیخ کے سامنے اُس صوفی کو طعنہ دینا کہ وہ بہت بولتا ہے اور بہت کھاتا ہے

صوفیاں بر صوفیے شنعت زدند ۔ پیشِ شیخِ خانقاہے آمدند
صوفیوں نے ایک صوفی کی بُرائی کی ۔ (اور) ایک خانقاہ کے شیخ کے سامنے آئے

شیخ را گفتند دادِ جانِ ما ۔ تو ازیں صوفی بجُو اے پیشوا
شیخ سے کہا، ہمارا انصاف ۔ اِس صوفی سے کر دیجئے، اے پیشوا!

گفت آخر چہ گلہ است اے صوفیاں ۔ گفت ایں صوفی سہ خُو دارد گراں
اُس نے کہا، اے صوفیو! آخر کیا شکایت ہے؟ ۔ ایک نے کہا، یہ صوفی تین بُری عادتیں رکھتا ہے

در سخن بسیار گو ہمچوں جرس ۔ در خورش افزوں خورد از بست کس
بات کرنے میں گھنٹے کی طرح بکواسی ہے ۔ کھانے میں بیس آدمیوں سے زیادہ کھا جاتا ہے

ور بخسپد ہست چوں اصحابِ کہف ۔ صوفیاں کردند پیشِ شیخ زحف
اگر سو جائے تو اصحابِ کہف کی طرح ہے ۔ صوفیوں نے شیخ کے سامنے تیزی دکھائی

شیخ رُو آورد سُوئے آں فقیر ۔ کہ ز ہر حالیکہ ہست اوساط گیر
شیخ نے اُس فقیر کی طرف رُخ کیا ۔ کہ ہر حالت میں اوسط اختیار کر

در خبر خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَاطُهَا ۔ نافع آمد ز اعتدال اخلاطہا
حدیث شریف میں ہے کہ تمام باتوں میں درمیانی درجہ ۔ خلطوں کا اعتدال مفید ہے

گر یکے خلطے فزوں شد از عرض ۔ در تنِ مردم پدید آید مرض
عرض کی وجہ سے اگر ایک خلط بڑھ جائے ۔ انسان کے بدن میں مرض پیدا ہو جاتا ہے

بر قرینِ خویش میفزا در صفت ۔ کاں فراق آرد یقیں در عاقبت
صفت میں ساتھی سے نہ بڑھ ۔ کیونکہ یہ یقیناً انجام کار جدائی پیدا کر دیتا ہے

نطقِ موسیٰؑ بود باندازہ لیک ۔ ہم فزوں آمد ز گفتِ یارِ نیک
حضرت موسیٰؑ کی گفتگو اندازہ کے مطابق تھی لیکن ۔ نیک دوست کی گفتگو سے بڑھ گئی

---

لہ تانگوئی۔ میری نامساعد تقریروں کی وجہ سے مجھ پر بسیار گوئی کا الزام نہ لگا، اس لئے کہ بسیار گوئی ایک نسبتی چیز ہے، میرے اعتبار سے یہ بسیار گوئی نہیں ہے میں تو سو نصیحتوں میں بقدر ایک نصیحت کے بات کر رہا ہوں۔ تشنیع: بُرائی سے منسوب کرنا۔ اس حکایت کا مقصد بھی یہ ہے کہ اس درویش کی بسیار خوری اور بسیار گوئی اعتراض کرنے والوں کی نسبت سے تھی خود اس کے اعتبار سے نہ تھی۔ شنعت۔ عیب، طعنہ۔ داد۔ انصاف۔

لہ سہ خو۔ یعنی اس فقیر میں تین بُری عادتیں ہیں۔ زیادہ باتیں کرتا ہے، زیادہ کھاتا ہے، زیادہ سوتا ہے۔ اصحابِ کہف۔ بزرگ غار میں صدیوں سے سو رہے ہیں۔ زحف۔ تیزی سے چلنا، حملہ کرنا۔ ہر حالیکہ۔ یعنی ہر معاملے میں درمیانی راہ اختیار کرنی چاہیے۔

سہ در خبر۔ حدیث شریف ہے۔ خَيْرُ الْأُمُوْرِ أَوْسَاطُهَا یعنی ہر معاملہ میں میانہ روی اختیار کرنی چاہیے۔ اخلاطہا۔ بدن کی چاروں خلطیں سودا، صفرا، خون، بلغم اگر اعتدال پر رہتی ہیں تو صحت رہتی ہے ورنہ انسان مریض ہو جاتا ہے۔ عرض یعنی کسی عارضہ کی وجہ سے۔ در صفت یعنی جس طرح ساتھی کوئی کام کرے ویسا ہی تو کر، اس سے بڑھ کر نہ کر ورنہ اختلاف پیدا ہو جائیگا۔ نطق موسیٰ۔ حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ کی گفتگو

آں فزونی با خضرؑ آمد شقاق — گفت تو بگذری ھٰذا فراق
وہ بڑھوتری (حضرت) خضرؑ سے جدائی بن گئی — انھوں نے کہدیا تو زیادہ بات کرتا ہے اب جدائی ہے

موسیا بسیار گوئی درگذر[1] — چند گوئی رو وصال آمد بسر
اے موسیٰؑ! تم بہت بولتے ہو، معاف کرو — کتنا بولو گے؟ جاؤ، ساتھ ختم ہوا

موسیا بسیار گوئی خیز و رد — ورنہ با من گنگ باش و کور شو
اے موسیٰؑ! تم بہت بولتے ہو، اٹھو اور جاؤ — ورنہ میرے ساتھ گونگے اور اندھے بنو

ور نرفتی وز ستیزہ شستۂ — تو بمعنی رفتۂ و بگستۂ
اگر تم نہ گئے، اور ضد سے بیٹھے رہے — تو تم باطنی طور پر چلے گئے ہو اور علیحدہ ہو گئے ہو

چوں حدث کردی تو ناگاہ در نماز — گویدت سوئے طہارت رو بتاز
جب تم اتفاقاً نماز میں ناپاک ہو گئے — وہ نماز تم سے کہتی ہے پاکی کے لئے جاؤ دوڑو

ور نرفتی خشک جنباں می شوی — خود نمازت رفت بنشیں اے غوی
اگر تم نہ گئے تو خالی حرکت کرنے والے ہو — اے گمراہ! جب تیری نماز جاتی رہی بیٹھ جا

رو بر آنہا[2] کہ ہم جفت تو اند — عاشقان و تشنۂ گفت تو اند
اُن کے پاس جا، جو تیرے جوڑ کے ہیں — تمہاری باتوں کے عاشق اور پیاسے ہیں

پاسباں بر خوابناکاں بر فزود — ماہیاں را پاسباں حاجت نبود
پہرہ دار کی سوئے ہوؤں پر بخشش ہے — مچھلیوں کو پہرے دار کی ضرورت نہ تھی

جامہ پوشاں را نظر بر گازرست — جانِ عریاں را تجلی زیورست
کپڑا پہننے والوں کی نظر دھوبی پر ہے — عریاں جان کے لئے تجلی زیور ہے

یا ز عریاناں[3] بیک سو باز رو — یا چو ایشاں فارغ از تن جامہ شو
یا ننگوں سے علیحدہ ہو کر چل — یا ان کی طرح بدن کے کپڑے سے بے نیاز بن

ور نمی تانی کہ کل عریاں شوی — جامہ کم کن تا رہ اوسط روی
اگر تو نہیں کر سکتا کہ بالکل ننگا ہو — تو کپڑے کم کر دے تاکہ تو درمیانی راہ چلے

## عذر گفتن فقیر باں شیخ خانقاہ
خانقاہ کے شیخ سے فقیر کا عذر کرنا

پس فقیر آں شیخ را احوال گفت — عذر را باآں غرامت کرد جفت
پھر درویش نے اس شیخ سے احوال کہے — اس الزام کے ساتھ عذر کو ملایا

[1] درگذر۔ معاف کرو، وصال۔ یعنی ساتھ رہنا۔ ورنہ۔ جو کچھ میں کروں اُنکے بارے میں سوال نہ کرو جو دیکھو اس پر اعتراض نہ کرو بیشتہ۔ نشست کا مخفف ہے۔ بمعنی یعنی میری مرضی کے بغیر ساتھ بھی رہو گے تو بھی باطنی طور پر مجھ سے علیحدہ ہو گئے ہو۔ چوں حدث۔ اگر نماز میں کوئی ناپاک ہو جائے اور رکوع سجدے کرتا رہے تو بیکار ہے محض اٹھک بیٹھک ہے نماز نہیں ہے۔

[2] رو بر آنہا۔ جو تیری طرح بسیار گو ہوں اور تیری طرح بسیار گوئی کے عاشق و مشتاق ہوں انکے ساتھ رہ۔ پاسباں۔ جب افادہ اور استفادہ ختم ہو گیا تو حاضری محض پہرہ داری ہے جس کی اہل اللہ کو ضرورت نہیں پہرہ داری کی ضرورت سونے والوں کو ہوتی ہے اہل اللہ ہر وقت بیدار رہتے ہیں جامہ پوشاں۔ کپڑے پہننے والوں اور دھوبی کا جوڑ ہے ننگے اور دھوبی کا کوئی جوڑ نہیں ہے۔

[3] یا ز عریاناں۔ یا تو تم بھی علائق دنیوی قطع کر کے اہل اللہ کی صحبت اختیار کرو ورنہ اُن سے علیحدگی اختیار کر لو۔ ور نمی تانی۔ گویا کلیۃً دنیا سے غیر متعلق نہیں ہو سکتے ہو تو تعلق کو کم کرو۔ [illegible] اوسط۔ [illegible]

ہر سُوالِ شیخ را داد اُو جواب
شیخ کے ہر سوال کا اُس نے جواب دیا

چوں جواباتِ[1] خضرؑ خوب صواب
(حضرت) خضرؑ کے جیسے اچھے اور صحیح جواب

آں جواباتِ سوالاتِ کلیمؑ
(حضرت موسیٰؑ) کلیم کے سوالوں کے جواب

کِش خضرؑ بنمود از ربِّ علیم
جو اُن کو خدائے علیم کی جانب سے حضرت خضرؑ نے دیئے

گشت مُشکلہاش حل و افزوں زیاد
اُن کی مشکلیں حل ہوگئیں اور مزید (یہ کہ)

از پئے ہر مُشکلش مفتاح داد
اُن کی ہر مشکل کی ایک کنجی دے دی

از خضرؑ درویش ہم میراث داشت
درویش بھی (حضرت) خضرؑ کی میراث رکھتا تھا

در جوابِ شیخ ہمت برگماشت
شیخ کے جواب میں توجہ کی

گفت راہِ اوسط ار چہ حکمت ست
(درویش نے) کہا درمیانی راہ اگرچہ دانائی ہے

لیک اوسط نیز ہم بانسبت ست
لیکن (کسی چیز کا) اوسط ہونا بھی نسبتی ہے

آبِ جُو[2] نسبت بأشتر ہست کم
نہر کا پانی اونٹ کی نسبت سے کم ہے

لیک باشد موش را آں ہمچو یم
لیکن چوہے کے لئے وہ سمندر کی طرح ہے

ہر کرا باشد وظیفہ چار ناں
جس کی یومیہ خوراک چار روٹیاں ہوں

دو خورد یا سہ خورد ہست اوسط آں
دو کھائے یا تین کھائے وہ اوسط ہے

ور خورد ہر چار دور از اوسط ست
اگر وہ چار کھائے اوسط سے دور ہے

اُو اسیرِ حرص مانندِ بط ست
وہ بطخ کی طرح حرص کا قیدی ہے

ہر کہ اُو را اشتہا دہ ناں بود
جس کی بھوک دس روٹی کی ہو

شش خورد میداں کہ اوسط آں بود
وہ چھ کھائے تو سمجھ لے کہ وہ اوسط ہے

چوں[3] مرا پنجاہ ناں ست اشتہے
جب مجھے پچاس روٹیوں کی بھوک ہے

مر ترا شش گردہ، ہمدستیم نے
تجھے چھ روٹیوں کی، ہم برابر ہیں؟ نہیں

تو بدہ رکعت نماز آئی ملول
تو دس رکعت نماز میں تھک جاتا ہے

من بہ پانصد در نہ آیم در نحول
میں پانچ سو سے بھی کمزور نہیں ہوتا

آں یکے تا کعبہ حافی می رود
وہ ایک کعبہ تک ننگے پیر جاتا ہے

ویں یکے تا مسجد از خود می شود
اور یہ ایک مسجد تک بے خود ہو جاتا ہے

---

دس رکعتوں میں تھک جاتا ہے۔ تو دس رکعتیں اس کے اعتبار سے زیادہ ہیں۔ ایک شخص پانچسو رکعتیں پڑھ کر بھی نہیں تھکتا اُسکے اعتبار سے یہ دس رکعتیں کم ہیں۔ آں یکے۔ ایک شخص کعبہ تک ننگے پیر آسانی جاسکتا ہے تو کعبہ تک ننگے پیر جانا اُسکے اعتبار سے افراط نہیں ہے دوسرا شخص جو مدتکی مسجد تک بھی ننگے پیر جائے اُسکے اعتبار سے وہ افراط

[1] جوابات۔ حضرت خضرؑ نے حضرت موسیٰؑ کو تسلی بخش جواب دیئے تھے۔ آں جوابات۔ حضرت موسیٰؑ کلیم اللہ کے سوالات کے جواب اللہ تعالیٰ نے حضرت خضرؑ کی زبان سے دلائے۔ گشت۔ حضرت موسیٰؑ کو جس قدر اشکالات پیش آئے تھے وہ اُن کے لئے یادداشت سے بھی زیادہ حل ہوگئے اور اشکال کے حل کرنے کی کنجی اُنکے ہاتھ آگئی۔ از خضرؑ۔ اُس درویش کو بھی جو اہرات کے میراث حضرت خضرؑ سے حاصل تھی ہمت۔ باطنی توجہ۔ گفت۔ درویش نے جواب میں کہا بیشک درمیانی راہ دانائی کی بات ہے لیکن کسی چیز کا درمیانی ہونا نسبتی بات ہے ہر چیز کسی چیز کے اعتبار سے درمیانی ہے کسی چیز کے اعتبار سے کم اور کسی چیز کے اعتبار سے زیادہ

[2] آبِ جُو۔ پہلے زمانہ میں نہر کا پانی اونٹ کے اعتبار سے کم تھا اور چوہے کے اعتبار سے بہت زیادہ تھا۔ ہر کرا۔ جس کی خوراک چار روٹیاں ہوں اگر وہ دو یا تین کھائے تو درمیانی بات ہے اور اگر چار کھائے تو اوسط اور درمیانی بات نہ ہوگی بطخ کی طرح حرص سے کھاتی ہے ہر کہ۔ جس کی خوراک دس روٹیاں ہیں اگر وہ چھ کھائے تو اوسط اور درمیانی بات ہے

[3] چوں مرا۔ پچاس روٹیاں کھانے والا اور چھ روٹیوں کی خوراک والا برابر نہیں ہیں۔ تو بدہ رکعت۔ ایک شخص نماز کی

آں[1] یکے در پاکبازی جاں بداد ۔ ویں دگر جاں کَند تا یک ناں بداد
ایک نے پاکبازی میں جان دے دی ۔ دوسرے کی جان نکلتی ہے یہاں تک کہ ایک روٹی دی

ایں وَسَط در با نہایت می رَوَد ۔ کہ مَر اُورا اوّل و آخر بُوَد
یہ وسط محدود چیزوں میں چلتا ہے ۔ جن کا اوّل اور آخر ہو

اوّل و آخر بباید تا دراں ۔ در تصور گنجد اوسط یا میاں
اوّل اور آخر چاہیئے تاکہ ان میں ۔ اوسط یا بیچ متصور ہو سکے

بے نہایت چوں ندارد دو طرف ۔ کے بُوَد اُورا میانہ مُنصَرِف
لا محدود چونکہ دونوں کنارے نہیں رکھتا ہے ۔ تو کیسے اس کے لئے (افراط و تفریط کے) ہٹا ہوا درمیان کب ہو سکتا ہے

اوّل و آخر نشانش کس نداد ۔ گفت لَوْ کَانَ لَهُ الْبَحْرُ مِدَادْ
اس کے اوّل اور آخر کا کسی نے پتہ نہیں دیا ۔ فرمایا، خواہ اُس کی روشنائی سمندر ہوں

ہفت دریا گر شود کُلّی مدید[2] ۔ نیست مر پایانِ شدن را ہیچ اُمید
پورے سات سمندر اگر روشنائی بنیں ۔ ختم ہونے کی کوئی اُمید نہیں ہے

باغ و بیشہ گر بُوَد یک سر قلم ۔ زیں سخن ہرگز نگردد ہیچ کم
باغ اور جنگل اگر سب قلم بن جائیں ۔ اِس بات کا ہرگز کچھ کم نہ ہوگا

آں ہمہ حبر و قلم فانی شود ۔ ویں حدیثِ بے عدد باقی بُوَد
سب روشنائی اور قلم فنا ہو جائیں گے ۔ یہ اَن گنت بات باقی رہے گی

حالتِ من خواب را ماند گہے ۔ خواب پندارد مر اُورا گمرہے
کبھی میری حالت نیند کی جیسی ہوتی ہے ۔ اُس کو گمراہ نیند سمجھتا ہے

چشمِ من خفتہ دلم بیدار داں ۔ شکل[3] بیکارِ مرا بر کار داں
میری آنکھ کو سویا ہوا، میرے دل کو بیدار سمجھ ۔ میری بے کار صورت کو باکار سمجھ

گفت پیغمبر کہ عَیْنَایَ تَنَامْ ۔ لَا یَنَامُ قَلْبِیْ عَنْ رَبِّ الْاَنَامْ
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا میری دونوں آنکھیں ۔ میرا دل مخلوق کے پروردگار سے نہیں سوتا ہے

گفت پیغمبر کہ خُسپد چشمِ من ۔ لیک کے خُسپد دلم اندر وَسَن
پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا میری آنکھیں سوتی ہیں ۔ لیکن نیند میں میرا دل کب سوتا ہے؟

---

[1] آں یکے۔ ایک پاکباز کے لئے جان دینا آسان ہے بخیل کی روٹی دینے میں جان نکلتی ہے۔ ایں وسط۔ ابتک تو اس درویش نے یہ سمجھایا تھا کہ میری خوراک اُنکے اعتبار سے زیادہ ہے لیکن میرے اعتبار سے وہ وسط درجہ ہے اب گفتگو کے بارے میں جواب دیتا ہے کہ درمیان اُس چیز کا ہوتا ہے جس کی ابتدا اور انتہا ہو تو اس چیز کا وسط اور درمیان متعین ہو سکتا ہے لیکن لامحدود اور لامتناہی کا وسط متعین نہیں کیا جاسکتا کہ اور کلام لامحدود ہے۔ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا قرآن پاک میں ہے۔ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا یعنی آپ کہہ دیجئے کہ میرے رب کے کلمات لکھنے کے لئے اگر سمندر روشنائی بنے تو سمندر ختم ہو جائیگا قبل اسکے کہ اللہ کے کلمات ختم ہوں۔ اگرچہ اُس جیسا اور سمندر مدد کیلئے لائیں یہ اللہ کے کلمات کے لئے آیت ہے لیکن مولانا نے اس سے مطلق کلام اور کلام مراد لیکر استدلال ذکر کر دیا ہے۔

[2] مدید۔ مداد کا الٹ ہے، روشنائی۔ باغ و بیشہ۔ تمام باغوں اور جنگلوں کی لکڑیوں کے قلم بنائے جائیں۔ حبر روشنائی۔ حدیث بے عدد۔ اللہ کے کلمات۔ حالت من۔ اب اُس درویش نے اپنی نیند کے بارے میں اعتراض کا جواب شروع کیا ہے ـــــ

[3] شکل بیکار۔ یعنی جبکہ میں بظاہر سویا ہوا ہوں اُس وقت بھی دل یادِ خدا میں ہوتا ہے۔ گفت۔ حدیث شریف ہے۔ تَنَامُ عَيْنَايَ وَلَا يَنَامُ قَلْبِيْ میری دونوں آنکھیں سوتی ہیں اور میرا دل نہیں سوتا ہے۔ وَسَن۔ نیند۔

چشمِ تو[1] بیدار و دل رفتہ بخواب ... چشمِ من خفتہ دلم در فتحِ باب

تیری آنکھیں بیدار ہیں اور دل نیند میں ہے ... میری آنکھیں سوئی ہوئی ہیں میرا دل غیب میں مشغول ہے

مر دلم را پنج حسِ دیگرست ... حسِ دل را ہر دو عالم منظرست

میرے دل کے دوسرے پانچ حواس ہیں ... دل کے حس کیلئے دونوں عالم منظر (نظر) ہیں

تو[2] ز ضعفِ خود مکن در من نگاہ ... بر تو شب بر من ہماں شب چاشتگاہ

تو اپنی کمزوریوں سے مجھے نہ دیکھ ... تیرے لئے رات ہے، مجھ پر وہی رات صبح ہے

بر تو زنداں بر من آں زنداں چو باغ ... عینِ مشغولی مرا گشتہ فراغ

تیرے لئے قیدخانہ ہے میرے لئے وہ قیدخانہ باغ جیسا ہے ... تو بالکل مشغول ہے، مجھے فراغت حاصل ہے

پائے تو در گل مرا گل گشتہ گل ... مر ترا ماتم مرا سور و دُہل

تیرا پیر کیچڑ میں ہے، میرے لئے کیچڑ پھول ہے ... تیرے لئے سوگ میرے لئے خوشی اور ڈھول ہو

در زمینم با تو ساکن در محل ... می دوم بر چرخِ ہفتم چوں زحل

میں زمین پر تیرے ساتھ ایک جگہ پر ہوں ... ساتویں آسمان پر زحل کی طرح دوڑتا ہوں

ہمنشینت من نیم سایہ منست ... برتر از اندیشہا پایہ منست

میں تیرا ہم نشین نہیں ہوں، میرا سایہ ہے ... میرا مرتبہ خیالات سے بالاتر ہے

زانکہ من ز اندیشہا بگذشتہ ام ... خارج اندیشہ پویاں گشتہ ام

کیونکہ میں خیالات سے بالاتر ہو گیا ہوں ... میں خیال (کی حد) سے باہر دوڑتا ہوں

حاکمِ[3] اندیشہ ام محکوم نے ... زانکہ بنا حاکم آمد بر بنے

میں خیال پر حاکم ہوں، محکوم نہیں ہوں ... کیونکہ بنانے والا عمارت پر حاکم ہوتا ہے

جملہ خلقاں سخرۂ اندیشہ اند ... زاں سبب خستہ دل و غم پیشہ اند

تمام مخلوق فکر کی محکوم ہے ... اس لئے دل شکستہ اور غمگین ہے

قاصداً خود را باندیشہ دہم ... چوں بخواہم از میانشاں برجہم

میں قصداً اپنے آپ کو فکر کے سپرد کر دیتا ہوں ... جب چاہتا ہوں اُن کے درمیان کود جاتا ہوں

من چو مرغِ اوجم اندیشہ مگس ... کے بود بر من مگس را دسترس

میں بلندی کا پرندہ ہوں، فکر مکھی ہے ... مجھ پر مکھی کی دسترس کب ہو سکتی ہے؟

---

[1] چشمِ تو بیدار۔ درویش نے سترمن سے کہا۔ فتحِ باب۔ یعنی اسرارِ الٰہی کے دروازہ کی کشادگی۔ مر دلم۔ حواسِ ظاہری کے علاوہ میرے دل کے بھی حواس ہیں۔ حواسِ ظاہری عالمِ دنیا کا ادراک کرتے ہیں دل کے حواس کا عالمِ آخرت منظر ہے۔ منظر۔ دیکھنے کی جگہ۔

[2] تو ز ضعف یعنی تو اپنی حالت پر مجھے قیاس نہ کر۔ تیرا دل خوابیدہ ہے میرا دل بیدار ہے تو تیری شب میری صبح ہے دنیاوی مشاغل تیرا قیدخانہ ہیں میں اس دنیا میں بھی باغ میں ہوں مشاغلِ دنیوی سے آزاد ہوں مشاغلِ دنیوی میں تو مشغول ہے میں اُن سے فارغ ہوں۔ پائے تو۔ تو دنیا میں پھنسا ہوا ہے اور یہی دنیا میرے توجہ الی الحق کا ذریعہ ہے تو یہ تیرے لئے سوگ میرے لئے خوشی اور خوشی کا ذریعہ ہے۔ دُہل۔ ڈھول جو عموماً شادیوں میں بجایا جاتا ہے۔ در زمینم۔ میں دنیا میں رہتے ہوئے بھی عالمِ بالا کی سیر کرتا ہوں۔ سایہ منست۔ میرا جسمِ ناسوتی تیرا ہم نشین ہے جو بمنزلہ سایہ کے ہے اور اصل روح ہے جو وحدت کی وجہ سے فکر و اندیشہ سے بالاتر ہے۔

[3] حاکمِ اندیشہ۔ مجھے اپنے خیالات پر پورا قابو ہے جس طرح بنانے والے کو عمارت پر قابو ہوتا ہے۔ جملہ خلقاں۔ عام لوگ اپنے خیالات کے تابع ہوتے ہیں اسی لئے غم و فکر میں مبتلا رہتے ہیں۔ قاصداً۔ اولیاء اللہ اپنے اوپر استغراق وغیرہ کی کیفیات طاری کرتے رہتے ہیں۔ من چو۔ بلند پرواز پرندہ پر مکھی نہیں بیٹھتی ہے۔

قاصدًا زیر آیم از اوجِ بلند ۔۔۔ تا شکستہ پایگاں بر من تنند
میں کبھی قصداً بلند اونچائی سے نیچے آجاتا ہوں ۔۔۔ تاکہ شکستہ پا لوگ میرے چاروں طرف جمع ہو جائیں

چوں ملالم گیرد از سفلی صفات ۔۔۔ بر پرم ہمچوں طیور الصافات
نچلی صفات سے جب میں ملول ہو جاتا ہوں ۔۔۔ الصافات پرندوں کی طرح اوپر اُڑ جاتا ہوں

پرِ من رستست ہم از ذاتِ خویش ۔۔۔ بر نچفسانم دو پرِ من با سریش
میرے پر اپنی ذات سے اُگے ہیں ۔۔۔ میں اپنے دونوں پر سریش سے نہیں چپکاتا ہوں

جعفرِ طیار را پر جاریہ ست ۔۔۔ جعفرِ طرار را پر عاریہ است
(حضرت) جعفر طیارؓ کے پر چالو ہیں ۔۔۔ جعفر طرار کے پر مانگے ہوئے ہیں

نزدِ آنکہ لم یذق دعویست ایں ۔۔۔ نزد سکانِ افق معنیٰ ست ایں
جس نے مزا نہ چکھا ہو اُس کے لئے یہ باتیں (محض) دعویٰ ہیں ۔۔۔ اُفق کے رہنے والوں کے لئے یہ حقیقت ہے

لاف و دعویٰ باشد ایں پیشِ غراب ۔۔۔ دیگ تی و پُر یکے پیشِ ذُباب
کوے کے سامنے یہ (محض) دعویٰ اور ڈینگ ہے ۔۔۔ مکھی کے لئے بھری اور خالی دیگ یکساں ہے

چونکہ در تو می شود لقمہ گہر ۔۔۔ تن مزن چندانکہ بتوانی بخور
جب تجھ میں لقمہ موتی بن جائے ۔۔۔ پہلو تہی نہ کر جتنا ممکن ہو کھا

شیخ روزے بہرِ دفعِ سوئے ظن ۔۔۔ در لگن قے کرد پُر دُر شد لگن
ایک دن شیخ نے بدگمانی رفع کرنے کیلئے ۔۔۔ سلپچی میں قے کر دی اور سلپچی موتیوں سے بھر گئی

گوہرِ معقول را محسوس کرد ۔۔۔ پیرِ بینا بہرِ کم عقلی مرد
عقلی موتیوں کو محسوس کر دیا ۔۔۔ بینا پیر نے (اُس) شخص کیلئے کم عقلی کی وجہ سے

چونکہ در معدہ شود پاکت پلید ۔۔۔ قفل نہ بر حلق و پنہاں کن کلید
چونکہ معدہ میں تیرا پاک ناپاک بن جاتا ہے ۔۔۔ حلق پر تالا لگا لے اور کنجی کو چھپا دے

ہر کہ در وے لقمہ شد نورِ جلال ۔۔۔ ہر چہ خواہد گو بخور اُو را حلال
جس میں لقمہ (اللہ تعالےٰ) کا نور بن جائے ۔۔۔ کہہ دے وہ جو بھی چاہے کھائے اُس کیلئے حلال ہے

---

ق۔ تھی کا مخفف ہے چونکہ جبکہ لذیذ غذائیں شہوانی قوتوں کے اضافہ کا سبب نہیں تو حسبِ خواہش کھائی جاسکتی ہیں ۔۔۔۔۔ ؎ شیخ روزے۔ وہی درویش جو اپنی بسیار خوری کی معذرت کر رہے تھے انہوں نے کھایا ہوا قے کر کے دکھایا۔ گوہرِ معقول۔ کھانے کا گوہر بننا اگرچہ حقیقتاً نہیں ہوتا بلکہ وہ اولیاء کے پیٹ میں پُر انوار بنتا ہے لیکن انہوں نے بطور کرامت معنوی موتی کو ظاہری موتی بھی کر کے دکھا دیا۔ چونکہ۔ عوام اور راہِ سلوک طے کرنے والوں کے معدے میں پاک چیز پہنچ کر بھی ناپاک بن جاتی ہے اس لئے اُن کو کم خوری چاہیئے۔

لہ قاصدًا۔ انبیاء اور اولیاءؑ اپنے مقام سے نزول اختیار کر لیتے ہیں تاکہ عوام اُن سے مستفید ہو سکیں۔ چوں ملالم۔ جب عوام کی سطح اختیار کرنے سے ملال پیدا ہوتا ہے تو پھر وہ رفعت اختیار کر لیتے ہیں۔ پر من۔ میری رفعت میری ذاتی ہے۔ مستعار نہیں ہے۔
؎ جعفر طیارؓ۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی ہیں سنہ ۸ھ میں غزوۂ موتہ میں چند ہزار فوج کے ساتھ تین لاکھ فوج کا مقابلہ کرتے ہوئے دونوں بازو کٹ جانے کے بعد شہید ہوئے تو آنحضور نے بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو جنت میں دو بازو ایسے عنایت کر دیئے ہیں جن کے ذریعہ وہ جہاں چاہتے ہیں اُڑ کر چلے جاتے ہیں اس بشارت کی وجہ سے اُن کا لقب طیار بہت اُڑنے والا اور ذوالجناحین دو بازوؤں والا ہے۔ جعفر طرار۔ جیب تراش جعفر عرب کا بہت چالاک شخص تھا جس نے دو مصنوعی بازو لگا رکھے تھے۔ نزد۔ اسرار کی یہ باتیں اُن لوگوں کے نزدیک محض دعویٰ ہیں جو اس ذوق سے واقف نہیں صاحبِ ذوق کیلئے یہ حقیقت ہیں۔ لاف۔ اسرار غائب ان کا احساس کوا جیسا لالچی نہیں ہوسکتا۔ مشہور ہے۔ دیگ۔ مکھی کے لئے ایک ذرہ خوراک کافی ہے وہ دیگ کے پُر اور خالی ہونے کے فرق کو محسوس نہیں کر سکتی۔

## در[۵۱] بیانِ صدقِ دعویٰ کہ محضِ معنیٰ بُوَد نزدیکِ صاحبِ حال و دُوری بیگانگاں

اُس دعوے کی سچائی کے بیان میں جو صاحبِ حال کے نزدیک حقیقت ہے اور بیگانوں کی اُس سے دُوری

گر تو ہستی آشنائے جانِ من ‖ نیست دعویٰ گفتِ معنیٰ لانِ من

اگر تو میری جان سے واقف ہے ‖ میری حقیقت آشنا گفتگو دعویٰ نہیں ہے

گر بگویم نیم شب پیشِ توام ‖ ہیں مترس از شب کہ من خویشِ توام

اگر میں آدھی رات میں کہوں میں تیرے سامنے ہوں ‖ خبردار رات (ہونے کی وجہ) سے نہ ڈر میں تیرا اپنا ہوں

ایں دُو دعویٰ پیشِ تو معنیٰ بود ‖ چوں شناسی بانگِ خویشاوندِ خود

یہ دونوں دعوے تیرے لئے حقیقت ہونگے ‖ جبکہ تو اپنوں کی آواز کو پہچانتا ہے

پیشی و خویشی دو دعویٰ بود لیک ‖ ہر دُو معنیٰ بود پیشِ فہمِ نیک

سامنے ہونا اور اپنا ہونا دو دعوے ہیں ‖ دونوں دعوے اچھی سمجھ کیلئے حقیقت ہوں گے

قربِ آوازش گواہی می دہد ‖ کایں دَم از نزدیکِ یارے می جہد

آواز کا قرب گواہی دیتا ہے ‖ کہ یہ آواز کسی دوست کے پاس آرہی ہے

لذتِ[۵۲] آوازِ خویشاوند نیز ‖ شُد گوا بر صدقِ آں خویشِ عزیز

اپنوں کی آواز کی لذت بھی ‖ اُس اپنے پیارے کی سچائی پر گواہ بن گئی

باز بے الہامِ احمق کوز جہل ‖ می نداند بانگِ بیگانہ ز اہل

پھر الہام سے محروم احمق جو کہ نادانی سے ‖ غیر کی آواز کو اپنے کی آواز سے نہیں پہچانتا ہے

پیشِ اُو دعویٰ بُوَد گفتارِ اُو ‖ جہلِ اُو شد مایۂ انکارِ اُو

اُس کے سامنے اُس کا دعویٰ (محض) گفتار ہوگی ‖ اُس کا جہل اُس کے انکار کا سرمایہ ہوگا

پیشِ[۵۳] زیرک کاندرونش نورہاست ‖ عینِ ایں آواز معنیٰ بُوَد راست

عقلمند کے سامنے جس کے اندر نور ہیں ‖ بعینہٖ یہ آواز صحیح حقیقت ہوتی ہے

یا بتازی گفت یک تازی زباں ‖ کہ ہمی دانم زبانِ تازیاں

یا کوئی عربی زبان داں عربی میں کہے ‖ کہ میں عربوں کی زبان جانتا ہوں

عینِ تازی گفتنش معنیٰ بُوَد ‖ گرچہ تازی گفتنش دعویٰ بُوَد

اُس کا عربی میں بولنا حقیقت ہوگی ‖ اگرچہ اُس کا عربی میں کہنا دعویٰ ہے

---

[۵۱] در بیان۔ اب چند مثالیں ایسی دیتے ہیں جن میں خود دعویٰ ہی دلیل ہوتا ہے اور وہ دعویٰ دلیل سے مستغنی ہوتا ہے۔ آفتاب آمد دلیلِ آفتاب

گر تو ہستی۔ اگر تو صاحبِ باطن ہے۔ دعویٰ یعنی جو دلیل کا محتاج ہو گفت معنیٰ لان۔ لان مخفف لانہ یعنی آشیانہ ہے معنیٰ لان یعنی لانۂ معنیٰ اور یہ مضاف مضاف الیہ گفت کی صفت ہے۔ گر بگویم۔ یہ ایک دلیل مثال ہے کہ بعض دعوے خود اپنی دلیل ہوتے ہیں کسی دوسری دلیل کے محتاج نہیں ہوتے۔ ایں دو دعویٰ یعنی سامنے ہونا اور رشتہ دار ہونا۔ فہمِ نیک۔ عقلِ سلیم ان دونوں دعووں کو حقیقت سمجھے گی اور ثبوت کی طالب نہ ہوگی۔

[۵۲] لذت۔ رشتہ دار کی آواز کی لذت دعوے کی گواہ ہے۔ باز بے الہام۔ جو اللہ کی جانب سے الہام سے محروم ہیں وہ اپنے اور بیگانہ کی آواز میں تمیز نہیں کر سکتے ہیں ان کے سامنے کسی بزرگ کا کچھ کہنا بیکار ہے وہ اپنی نادانی سے فوراً انکار کر دیتے ہیں۔

[۵۳] پیشِ زیرک۔ جو لوگ عقلمند ہیں اور ان کو حق سے مناسبت ہے وہ خود بزرگوں کی بات پر یقین کر لیتے ہیں اور کسی دلیل کے بھی طالب نہیں ہوتے یا بتازی۔ یہ دوسری مثال ہے کہ عربی داں کا عربی زبان میں دعویٰ خود دعویٰ اور دلیل ہے۔

یا نویسد[1] کاتبے بر کاغذے — کاتب و خط خوانم و من ابجدے

یا کوئی کاتب کاغذ پر لکھے — میں لکھنے والا ہوں اور خط پڑھ لیتا ہوں اور میں ابجد جانتا ہوں

ایں نوشتہ گرچہ خود دعویٰ بود — ہم نوشتہ شاہدِ معنیٰ بود

یہ لکھا ہوا اگرچہ دعوے ہے — لکھا ہوا ہی ثبوت کا گواہ بھی ہے

یا بگوید صوفئے دیدی تو دوش — درمیانِ خواب سجادہ بدوش

یا کوئی صوفی کہے کہ تو نے کل رات دیکھا — خواب میں کندھے پر مصلیٰ ڈالے ہوئے

من بدم آں و آنچہ گفتم خواب در — با تو اندر خواب در شرحِ نظر

وہ میں تھا اور جو میں نے خواب میں کہا — تجھے نظر (وفکر) کی تشریح میں

گوش کن چوں حلقہ اندر گوش کن — ایں سخن را پیشوائے ہوش کن

یاد رکھ، بالے کی طرح کان میں ڈال لے — اس بات کو ہوش کا راہبر بنالے

چوں ترا یاد آید آں خواب ایں سخن — معجزہ نو باشد و رازِ کہن

جب تجھے وہ خواب یاد آئے گا، یہ بات — نیا معجزہ ہوگی اور پرانا راز

گرچہ دعویٰ می نماید ایں ولے — جانِ صاحب واقعہ گوید بلے

اگرچہ یہ دعویٰ نظر آتا ہے، لیکن — صاحبِ واقعہ کا دل، ہاں کہتا ہے

پس[2] چو حکمت ضالۂ مومن بود — آں ز ہر کہ بشنود موقن شود

جبکہ دانائی کی بات مومن کی گم شدہ چیز ہوتی ہے — اسکو جس سے سنتا ہے یقین کرنیوالا ہوجاتا ہے

چونکہ خود را پیشِ او یابد فقط — کے بود شک چوں کند خود را غلط

جبکہ وہ اپنے آپ کو بالکل اسکے سامنے پاتا ہے — شک کب ہوسکتا ہے؟ اپنے آپکو غلط کیسے بناسکتا ہے؟

تشنہ را چوں بگوئی تو شتاب — در قدح آبست و بستان زود آب

جب تو پیاسے کو کہے، دوڑ — پیالے میں پانی ہے، جلد پانی لے لے

ہیچ گوید تشنہ کیں دعویست رو — از برم اے مدعی مہجور شو

کبھی پیاسا کہتا ہے یہ دعویٰ ہے، جا — اے مدعی! مجھ سے دور ہو

یا گواہ و حجتے بنما کہ ایں — جنسِ آبست و ازاں ماءِ معین

یا (یہ کہتا ہے کہ) گواہ اور دلیل لا کہ یہ — پانی کی جنس ہے اور شیریں پانی میں سے ہے

یا[3] بطفلِ شیر مادر بانگ زد — کہ بیا من مادرم ہاں اے ولد

یا دودھ پیتے بچے کو ماں نے آواز دی ہو — کہ اے بچے! آ میں (تیری) ماں ہوں

[1] یا نویسد۔ یہ تیسری مثال ہے اگر کوئی شخص کاغذ پر لکھے کہ میں حروف تہجی سے واقف ہوں اور لکھنا جانتا ہوں تو یہ دعویٰ بھی ہے اور خود دلیل بھی ہے۔ یا بگوید۔ یہ چوتھی مثال ہے اگر کوئی بزرگ کسی سے اس کا رات کا دیکھا ہوا خواب بیان کردے اور یہ کہے کہ تم نے جو خواب میں ایک شخص دیکھا تھا اور اس نے فلاں فلاں نصیحتیں کی تھیں وہ میں ہی تھا تو تم اسکے دعوے کو فوراً مان لوگے اور کبھی مزید دلیل کے طالب نہ ہوگے۔ رازِ کہن یعنی جو خواب میں دیکھا۔ صاحبِ واقعہ یعنی جس نے خواب دیکھا تھا۔

[2] پس چو حکمت۔ حکمت و دانائی کی بات کو مومن کی گم شدہ چیز قرار دیا گیا ہے، اپنی چیز گم کرنے والا جب گم شدہ چیز کو دیکھتا ہے فوراً پہچان لیتا ہے اس کو کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ موقن یقین کرنے والا۔ تشنہ۔ ایک مومن کے حکمت کو پہچان لینے کی مثال یہ ہے کہ اگر پیاسے سے کہا جائے کہ جلد آجا پیالے میں پانی ہے لے لے تو فوراً دوڑ پڑیگا کبھی دلیل کا طالب نہ ہوگا۔

[3] یا بطفل۔ اگر ماں اپنے دودھ پیتے بچے کو کہتی ہے کہ جلد آجا میں دودھ پلا دوں تو وہ بچہ فوراً اس کا دعویٰ مان لیتا ہے اور کبھی دلیل کا طالب نہیں بنتا ہے۔

طفل گوید مادرا حجت بیار | تا کہ با شیرت بگیرم من قرار
(کیا) بچہ کہتا ہے کہ اے ماں! دلیل لا؟ | تاکہ تیرے دودھ سے مجھے چین نصیب ہو

در[1] دل ہر امتی کز حق مزہ است | روی و آوازِ پیمبر معجزہ است
جس اُمتی کے دل میں حق کا ذائقہ ہے | پیغمبر کا چہرہ اور آواز معجزہ ہے

چوں پیمبر از بروں بانگے زند | جانِ اُمت در دروں سجدہ کند
جب پیغمبر باہر سے پکارتا ہے | اُمت کی روح اندر سجدہ کرتی ہے

زانکہ جنسِ بانگِ اُو اندر جہاں | از کسے نشنیدہ باشد گوشِ جاں
اس لئے کہ اُس کی آواز کی مانند دنیا میں | روح کے کان نے کسی کی آواز نہیں سُنی

آں غریب[2] از ذوقِ آوازِ غریب | در سجود آید بحق گردد قریب
وہ مسافر عجب آواز کے ذوق سے | سجدہ میں گر جاتا ہے اور اللہ (تعالیٰ) سے قریب ہو جاتا ہے

چوں کُند سجدہ ز جان و دل غریب | از زبانِ حق شنید انی قریب
جب مسافر دل و جان سے سجدہ کرتا ہے | اللہ (تعالیٰ) کی زبان سے سنتا ہے بیشک میں قریب ہوں

## سجدہ کردنِ یحییٰؑ و مسیحؑ یک دیگر را در شکمِ مادر

حضرت یحییٰؑ و حضرت مسیحؑ کا ماں کے پیٹ میں ایک دوسرے کو سجدہ کرنا

مادرِ[3] یحییٰؑ چو حامل بُود از و | بُود با مریمؑ نشستہ دو بدو
(حضرت) یحییٰؑ کی والدہ جب اُن سے حاملہ تھیں | (حضرت) مریمؑ کے رُوبرُو بیٹھی تھیں

مادرِ یحییٰؑ بمریمؑ در نہفت | پیشتر از وضعِ حملِ خویش گفت
(حضرت) یحییٰؑ کی والدہ نے حضرت مریمؑ سے چپکے سے | اپنے وضعِ حمل سے پہلے — کہا

کہ یقیں دیدم درونِ تو شہے ست | کہ اولوالعزم و رسول آگہے ست
کہ مجھے یقین ہے کہ آپ کے پیٹ میں ایک شاہ ہے | جو کہ بڑے درجہ کا اور باخبر رسول ہے

چوں برابر اوفتادم با تو من | کرد سجدہ حملِ من اے ذوالفطن
جب میں آپ کے برابر آئی | اے عقلمند! میرے حمل نے سجدہ کیا

ایں جنیں مر آں جنیں را سجدہ کرد | کز سجودش در تنم افتاد درد
پیٹ کے اس بچہ نے پیٹ کے اس بچہ کو سجدہ کیا | جس کے سجدے سے میرے بدن میں درد ہوا

گفت مریمؑ من درونِ خویش ہم | سجدہ دیدم ازیں طفلِ شکم
(حضرت) مریمؑ نے کہا میں نے بھی اپنے پیٹ میں | اس پیٹ کے بچہ کا سجدہ دیکھا

---

[1] در دل: جن لوگوں کے دل میں ذوقِ حق ہوتا ہے نبی کا چہرہ اور اس کی آواز ہی ان کے لئے معجزہ ہوتی ہے وہ معجزے کے کبھی طالب نہیں ہوتے ہیں۔ چوں پیمبر: نبی کی دعوت پر لوگوں کی روح سرِ تسلیم خم کر دیتی ہے۔

[2] غریب یعنی دنیا کا مسافر راہِ سلوک کا مسافر آواز غریب یعنی نبی کی عجیب آواز۔ در سجود آید یعنی اطاعت کرلیتا ہے سرِ تسلیم خم کر دیتا ہے۔ انی قریب: بیشک میں نزدیک ہوں قرآنِ پاک میں ہے جب ہمارے بندے تم سے ہمارے بارے میں دریافت کریں تو کہہ دیں میں اُن سے قریب ہوں۔

[3] مادرِ یحییٰؑ یعنی حضرت زکریاؑ کی بیوی یہ حضرت یحییٰؑ کی ماں ہیں۔ مریمؑ حضرت مسیحؑ کی والدہ محترمہ۔ وضعِ حمل: بچہ جننا۔ درونِ تو: تیرے پیٹ میں۔ اولوالعزم: صاحبِ عزم و عزیمت پانچ بڑے رسول ہیں حضرت نوحؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت عیسیٰؑ، آنحضور علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ رسولِ آگاہ: یعنی صاحبِ کتاب رسول۔ ذوالفطن: دانائی والا۔ جنین: وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو۔ کز سجودش: پیٹ کے بچہ کی حرکت سے ماں کو تکلیف ہوتی ہے۔ گفت مریمؑ: حضرت مریمؑ نے فرمایا کہ میرے پیٹ کے بچہ نے بھی تیرے پیٹ کے بچہ کو

## اِشکال آوردنِ نا دانان بریں قصّہ
نادانوں کا اِس قصہ پر اشکال لانا

اَبلہاں گویند ایں[1] افسانہ را — خط بکش زیرا دروغ ست و خطا
بے وقوف کہتے ہیں کہ اِس قصہ پر — لکیر کھینچ دے، کیونکہ جھوٹ اور غلط ہے

زانکہ مریمؑ وقتِ وضعِ حملِ خویش — بُود از بیگانہ دور و ہم زخویش
کیونکہ (حضرت) مریمؑ اپنے وضعِ حمل کے وقت — اپنوں سے بھی دور تھیں اور بیگانوں سے بھی

مریمؑ اندر حمل جُفتِ کس نشد — از بُرونِ شہر اُو واپس نشد
(حضرت) مریمؑ حمل کے دوران کسی کے ساتھ نہ رہیں — وہ شہر کے باہر سے واپس نہ ہوئیں

از برونِ شہر آں شیریں فسوں — تا نشُد فارغ نیامد خود دروں
وہ شیریں دم شہر کے باہر سے — جب تک فارغ نہ ہوئیں اندر نہیں آئیں

چوں[2] بزادش آنگہانش برکنار — برگرفت و بُرد تا پیشِ تبار
جب اُن کو جن لیا، اُس وقت بغل میں — لیا اور خاندان کے سامنے لے گئیں

مادرِ یحییٰؑ کجا دیدش کہ تا — گوید اُو را ایں سخن در ماجرا
(حضرت) یحییٰؑ کی والدہ نے اُنکو کہاں دیکھا تاکہ — قصہ میں اُن سے یہ بات کہیں

## جوابِ اشکال و بیانِ مقصود از قصّہ
اشکال کا جواب اور قصہ کا مقصد

ایں بداند کانکہ اہلِ خاطر ست — غائبِ آفاق اُو را حاضر ست
اِس کو وہ سمجھتا ہے جو صاحبِ دل ہے — غائبِ دنیا اُس کے سامنے حاضر ہے

پیشِ مریمؑ حاضر آید در نظر — مادرِ یحییٰؑ کہ دور ست از بصر
(حضرت) مریمؑ کے سامنے نگاہ میں حاضر ہے — (حضرت) یحییٰؑ کی والدہ جو دیکھنے میں دور ہیں

دیدہ[3] ہا بستہ بہ بیند دوست را — چوں مُشبّک کردہ باشد پوست را
آنکھیں بند کیے ہوئے دوست کو دیکھ لیتا ہے — جبکہ کھال کو چھلنی کر دیا ہو

ور ندیدش نز برون و نز درون — از حکایت گیر معنیٰ اے زبوں
اگر انھوں نے انھیں نہ ظاہری طور پر دیکھا نہ باطنی طور پر — اے عاجز! تو قصہ سے نتیجہ اخذ کر لے

نے چناں کافسانہا بشنیدۂ — ہمچو شیں بر نقشِ اُو چسپیدۂ
کیا ایسا نہیں ہے کہ تو نے قصے سنے ہیں — اور (حرف) شین کی طرح اُنکے نقش سے تو چپٹ گیا ہو

---

[1] ایں افسانہ یعنی دونوں حمل کے ایک دوسرے کو سجدہ کرنے کا قصہ۔ خط بکش قلم پھیر دے۔ زانکہ قرآن پاک میں حضرت مریمؑ کے قصہ میں ہے فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا "اسپر مریمؑ کو حمل رہ گیا وہ حمل لیکر کہیں الگ دُور کے مکان میں ہو گئیں۔" یعنی حضرت مریمؑ کے حالتِ حمل میں اُنکے پاس کوئی دوسرا نہ تھا۔ واپس نشد۔ وہ شہر سے نکل کر چلی گئیں تھیں لہٰذا اب حضرت یحییٰؑ کی والدہ کہاں تھیں۔ شیریں فسوں حضرت مریمؑ

[2] چوں بزادش۔ قرآن پاک میں ہے فَأَتَتْ بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ۔ وہ مریم اُس بچہ کو اُٹھا کر اپنی قوم کے پاس لائیں۔ تبار۔ خاندان، قبیلہ۔ ایں بداند۔ اِس قصہ کو وہ سمجھ سکتا ہے جو ایسا صاحبِ دل ہو کر غائب از نظر چیزیں بھی اُسکے سامنے ہوں۔ پیشِ مریمؑ۔ ایک جواب یہ ہے کہ دونوں میں باہمی روحانی طور پر گفتگو ہوئی ہو۔

[3] دیدہ ہا بستہ۔ جن لوگوں نے مجاہدات کے ذریعہ اپنے بدن کو چھلنی بنا دیا ہو وہ آنکھیں بند کر کے دور کی چیز دیکھ لیتے ہیں۔ ور ندیدش۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر حضرت مریمؑ نے حضرت یحییٰؑ کی والدہ کو نہ ظاہری طور پر دیکھا اور نہ باطنی طور پر اور قصہ غلط بھی ہو تو نتیجہ جو نکلتا ہے اُسپر عمل کرو یعنی اللہ کے نیک بندوں کی تعظیم کرو۔ نے چناں۔ تم نے افسانے سنتے ہوئے ان کا

تا ہمی گفت آں کلیلہ بے زباں | چوں سخن نوشد ز دمنہ بے بیاں
حتّٰی کہ بے زباں اُس کلیلہ نے کہا | اس نے دمنہ سے بغیر کہے بات کیسے سُن لی؟

در بدانستند لحن ہم دگر | فہمِ اُو چوں کرد بے نطق ایں بشر
اگر آپس میں لہجہ جانتے تھے | بغیر گویائی کے یہ انسان کیسے سمجھا!

درمیانِ شیر و گاو آں دمنہ چوں | شد رسول و خواند بر ہر دو فسوں
شیر اور گائے کے درمیان وہ دمنہ کس طرح | قاصد بنا! اور دونوں پر منتر پڑھ دیا

چوں وزیرِ شیر شد گاوِ نبیل | چوں ز عکسِ ماہ ترساں گشت پیل
موٹا بیل شیر کا وزیر کیسے بن گیا! | ہاتھی چاند کے عکس سے کیسے ڈر گیا!

ایں کلیلہ دمنہ جملہ افتریست | ورنہ کے با زاغ لکلک را مریست
یہ کلیلہ اور دمنہ سب جھوٹ ہے | ورنہ کوّے کا لقلق سے کیا اختلاف ہے!

اے برادر قصّہ چوں پیمانہ ایست | اندر و معنٰی مثالِ دانہ ایست
اے بھائی! قصّہ تو ایک پیمانہ ہے | اُس میں معنٰی دانہ کی طرح ہے

دانۂ معنٰی بگیرد مردِ عقل | ننگرد پیمانہ را گر گشت نقل
عقلمند انسان معنٰی کا دانہ لے لیتا ہے | پیمانہ کی طرف دھیان نہیں دیتا اگرچہ وہ منتقل ہو جائے

## در بیانِ ماجرائے شمع و پروانہ و گل و بلبل وغیرہ

شمع اور پروانہ اور گل و بلبل وغیرہ کے قصّے میں بیان

ماجرائے بلبل و گل گوش دار | گرچہ گفتے نیست آنجا آشکار
بلبل اور گل کا قصّہ سُن | اگرچہ گفتگو یہاں بھی نمایاں نہیں ہے

ماجرائے شمع با پروانہ تو | بشنو و معنٰی گزیں ز افسانہ تو
شمع کا پروانے کے ساتھ قصّہ، تو | سُن اور قصّہ سے نتیجہ نکال لے

گرچہ گفتے نیست سرِّ گفت ہست | ہیں بہ بالا پَر مپر چوں جغد پست
اگرچہ بات چیت نہیں ہے گفتگو کی حقیقت ہے، | خبردار! اونچا اُڑ جغد کی طرح نیچے نہ اُڑ

گفت در شطرنج کایں خانۂ رخ ست | گفت خانہ اش کجا آمد بدست
کسی نے شطرنج میں کہا کہ یہ رُخ کا گھر ہے | (دوسرے نے) کہا اسکو گھر کہاں سے مل گیا؟

خانہ را بخرید یا میراث یافت | فرخ آنکس کو سوئے معنٰی شتافت
اُس نے گھر خریدا یا میراث میں پایا | مبارک ہے وہ شخص جو معنٰی کی طرف دوڑا

---

لہ کلیلہ و دمنہ۔ دو فرضی گیدڑوں کے نام ہیں جن کا باہمی مکالمہ وغیرہ اِس کتاب میں درج ہے اُسمیں مذکور ہے کہ کلیلہ نے بغیر زبان کے یہ کہا تو بتاؤ کہ دمنہ کی بات بغیر بتائے اُسنے کیسے سُن لی جو بغیر زبان کے جواب کی نوبت آئی اچھا وہ اگر آپس میں ایک دوسرے کی بات سمجھتے بھی تھے تو یہ انسان صاحب اُس کو کیسے سمجھ گئے جو نقل کر رہے ہیں۔

ٹہ درمیاں۔ اُسمیں لکھا ہے دمنہ، شیر اور بیل کے درمیان ایلچی بنا اور پھر اُس نے دونوں کو دھوکا دیدیا۔ چوں وزیر۔ اُسمیں لکھا ہے کہ ایک بیل ایک شیر کا وزیر تھا اور ایک ہاتھی چاند کے عکس سے بدک گیا۔ ایں کلیلہ۔ غرضیکہ سارا کلیلہ دمنہ کا قصّہ جھوٹ ہے ورنہ کوّے اور لقلق کا کیا جھگڑا اُسکے بعد لیکن ان تمام قصّوں سے نتائج اخذ کر لیے جاتے ہیں لفظوں کی مثال پیمانہ کی سی ہے اور معنٰی کی مثال غلّہ کی سی ہے مقصود غلّہ ہے نہ کہ پیمانہ۔

سٹہ در بیان۔ شمع و پروانہ اور گل و بلبل کے افسانے بھی اسی قبیل سے ہیں کہ اُن سے مقصود معنٰی اور نتائج کا اخذ کرنا ہے۔ گرچہ گفتے۔ گل و بلبل کی آپس میں کبھی باتیں نہیں ہوئیں مگر چہ۔ ان خبر دار ہیں اگرچہ گفتگو اور کلام نہیں ہوتا لیکن مقصدِ کلام جو سمجھ ہے وہ حاصل ہے۔ گفت در شطرنج۔ نقل کج بحثی کی مثال ہے۔

گفت[1] نحوی زید عَمْراً قد ضَرَب — گفت چونش کرد بے جرمے اَدَب

نحوی نے کہا زید نے عمرو کو مارا — (شاگرد نے) کہا اُسکو بے خطا کیوں سزا دی؟

عَمْرو را جُرمش چہ بُد کاں زیدِ خام — بے گناہ اُو را بزد ہمچوں غلام

عمرو کی کیا خطا تھی؟ کہ اُس ناواقف زید نے — اُس کو بے قصور غلام کی طرح پیٹا

گفت ایں پیمانۂ معنیٰ بُوَد — گندمے را کہ پیمانہ است رَد

(نحوی نے) کہا یہ (لفظ) معنی کا پیمانہ ہوتے ہیں — معنی کو لے لے کیونکہ پیمانہ واپس ہو جاتا ہے

زید و عَمْرو از بہرِ اعراب است و ساز — گر دروغ ست آں تو با اعراب ساز

زید اور عمرو اعراب (بتانے کیلئے اور جملہ) بنانے کیلئے ہیں — اگر وہ جھوٹ بھی ہے تو اعراب کو سمجھ لے

گفت نے من آں ندانم عَمْرو را — زید چوں زد بے گناہ و بے خطا

(شاگرد نے) کہا میں یہ نہیں جانتا، عمرو کو — زید نے بلا قصور اور بلا خطا کیوں مارا؟!

گفت از ناچار و لاغے[2] بر کشود — عَمْرو یک واوے فزوں دُزدیدہ بود

(نحوی نے) اُس سے مجبوراً مذاق شروع کر دی — عمرو نے ایک واؤ زیادہ چُرالی تھی

زید واقف گشت دُزدش را بزد — چونکہ از حَد بُرد اُو را حد سزد

زید کو پتہ چل گیا اُس نے اپنے چور کو مارا — چونکہ وہ حد سے بڑھ گیا تھا اِس کیلئے سزا مناسب تھی

## پذیرا[4] آمدنِ سخنِ باطل در دلِ باطلاں

باطل بات کا باطل لوگوں کے دل میں اُتر جانا

گفت اینک راست پذرفتم بجاں — کژ نماید راست در پیشِ کژاں

(شاگرد نے) کہا اب ٹھیک ہے میں نے دل سے مان لیا — ٹیڑھی بات ٹیڑھوں کو سیدھی نظر آتی ہے

گر بگوئی اَحولے را مَہ یکے ست — گویدت ایں دو ست و در وحدت شکے ست

اگر تو بھینگے سے کہے کہ چاند ایک ہے — وہ کہے گا نہیں یہ دو ہیں، ایک ہونے میں شبہ ہے

ور بر و خندد کسے گوید دو است — راست دارد ایں سزائے بدخواست

اور اگر اُس سے کوئی مذاق کرے اور کہے کہ (چاند) دو ہیں — سچ سمجھ لے گا، بدخصلت کی سزا یہی ہے

بر دروغاں[5] جمع می آید دروغ — اَلْخَبِیْثَاتِ الْخَبِیْثُوْنَ زَد فروغ

جھوٹوں کے لئے جھوٹ جمع ہو جاتا ہے — خبیث لوگ خبیث عورتوں کیلئے ہیں، واضح ہے

دل فراخاں را بُوَد دستِ فراخ — چشمِ کوراں را عثارِ سنگلاخ

فراخدلوں کا ہاتھ فراخ ہوتا ہے — اندھوں کے لئے سنگلاخ میں ٹھوکریں ہیں

[1] گفت نحوی۔ عَمْرٌو۔ زیداً عمروًا نحو میں عام طور پر جملہ کی مثال اور فاعل پر پیش اور مفعول پر زبر آنے کی یہ مثال دی جاتی ہے۔ عُمَرْ اور عَمْرٌو میں فرق کیلئے عمرو میں ایک واؤ زیادہ لکھی جاتی ہے۔ مثال کا اصل مقصد سمجھنے کی بجائے یہ سوالات کرنا عقلی کج بحثی ہے گفت ایں۔ اُستاد نے سمجھایا کہ مثال کا اصل مقصد سمجھ لے۔ گر دروغ ست۔ اگر زید نے عمرو کو نہیں مارا اور یہ جھوٹ بھی ہے تو تجھے اس سے کیا بحث تو اصل مقصد سمجھ لے۔ گفت نے۔ شاگرد اصل بات سمجھنے کو تیار نہیں ہوا اور پھر یہی دریافت کرنے لگا کہ زید نے عمرو کو کیوں مارا۔

[2] لاغ۔ مذاق۔ عمرو۔ اسمیں جو واؤ زیادہ لکھی جاتی ہے وہ اُسنے چرالی تھی اِسلئے اسکو مارا ہے۔ حد۔ سزا۔

[4] پذیرا۔ غلط آدمیوں کو غلط باتیں پسند آتی ہیں۔ کژ۔ کج۔ کژاں۔ کج ہیں۔ احول۔ بھینگا چاند کے ایک ہونے کو تسلیم نہ کرے گا چاند کا دو ہونا جو غلط ہے اُسکو تسلیم کر لے گا۔

[5] بر دروغاں۔ یعنی جھوٹے جھوٹ کو فوراً تسلیم کر لیتے ہیں۔ دل فراخاں۔ مطلب بڑے لوگ۔ عثار۔ ٹھوکر، پاؤں پھسلنا۔ سنگلاخ۔ پتھریلی زمین۔

هر کہ اُو جنسِ دروغ ست اے پسر | راست پیش اُو نباشد مُعتبر
---|---
اے بیٹا! جو جھوٹ کا ہم جنس ہے | کہ اُس کے لئے معتبر نہیں ہوتا ہے
هر کرا دندانِ صدقے رُستہ شد | از دروغ و از خباثت رَستہ شد
جس کے سچائی کے دانت نکل آئے ہیں | وہ جھوٹ اور خباثت سے آزاد ہوگیا

## جُستنِ[1] آں درخت کہ ہر کہ میوۂ آں خورد ہرگز نمیرد

اُس درخت کی تلاش کرنا کہ جو بھی اُس کا میوہ کھالے گا کبھی نہیں مرے گا

گفت دانائے برائے داستاں | کہ درختے ہست در ہندوستاں
---|---
ایک عقلمند نے داستان کے طور پر کہا | کہ ہندوستان میں ایک ایسا درخت ہے
ہر کسے کز میوۂ اُو خورد و بُرد | نے شود اُو پیر و نے ہرگز بمُرد
کہ جس کسی نے اُس کا میوہ کھایا اور حاصل کر لیا | نہ وہ بوڑھا ہوا اور نہ وہ کبھی مَرا
بادشاہے ایں شنید از صادقے | بر درخت و میوہ اش شد عاشقے
ایک بادشاہ نے ایک سچے آدمی سے یہ سُن لیا | درخت اور اُس کے میوے کا عاشق ہوگیا
قاصدِ دانا ز دیوانِ اَدب | سوئے ہندُستاں رواں کرد از طلب
ادب کے دفتر میں سے ایک عقلمند قاصد | تلاش کے لئے ہندوستان روانہ کیا
سالہا می گشت آں قاصد از و[2] | گِردِ ہندستاں برائے جستجو
اُس کا وہ قاصد سالوں گھومتا پھرا | تلاش کے لئے ہندوستان کے چاروں طرف
شہر شہر از بہرِ ایں مطلوب گشت | نے جزیرہ ماند نے کوہ و نہ دشت
اس مقصد کے لئے شہر شہر گھوما | نہ کوئی جزیرہ بچا، نہ پہاڑ، نہ جنگل
ہر کرا پُرسید کردش ریشخند | کایں بجوید جز مگر مجنونِ بند
اُس نے جس سے پوچھا اُسنے اُسکی مذاق اڑائی | کہ یہ (درخت) پاگلخانہ کے لائق مجنوں کے سوا کوئی تلاش کریگا
بس کساں صفعش زدند اندر مزاح | بس کساں گفتند کاے صاحب فلاح
بہت سوں نے مذاق میں اس کے چانٹے اڑائے | بہت سوں نے کہا اے نیک بخت!
جستجوئے چوں تو زیرک سینہ صاف | کے تہی ماند کجا باشد گزاف
تجھ جیسے صاف دل ذہین کی تلاش | کب خالی جائیگی؟ کہاں بیکار ہوگی؟
ویں[3] مراعاتش یکے صفعِ دگر | ویں ز صفع آشکارا سخت تر
اس کے ساتھ یہ ہمدردی ایک دوسرا چپت تھی | یہ چپت (اس) کھلے ہوئے چپت سے زیادہ سخت تھا



[1] جُستن۔ اِس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ ظاہر بیں لفظوں سے رغبت رکھتا ہے معانی کی طرف دھیان نہیں دیتا ہے۔ گفت۔ ایک عقلمند نے یہ کہا کہ ہندوستان میں ایک ایسا درخت ہے کہ جو اُس کا میوہ کھائے وہ نہ کبھی بوڑھا ہوتا ہے نہ مرتا ہے۔ بادشاہے۔ بادشاہ نے اِس بیان کے لفظوں کی طرف توجہ کی اور یہ سمجھا کہ حقیقتاً کوئی ایسا درخت ہے جس سے مستقل جوانی اور زندگی حاصل ہوجاتی ہے اور اُس کی تلاش میں ایک صاحب کو روانہ کردیا۔

[2] ازو۔ یعنی بادشاہ کا قاصد۔ جستجو یعنی درخت کی تلاش میں۔ ریشخند۔ مذاق، دل لگی۔ مجنونِ بند۔ وہ پاگل جو قید خانہ میں بند کردینے کے قابل ہو۔ صفع۔ چپت، طمانچہ۔ مزاح۔ مذاق۔ گزاف۔ فضول۔

[3] ویں مراعاتش۔ اِس طرح کی غلط ہمدردی اُس کیلئے چپت بازی سے بھی زیادہ تکلیف دہ تھی۔

گفت شیخا وقتِ رحمت، رافت است | نا امیدم وقتِ لطف این ساعت است

کہا، اے شیخ! رحم و مہربانی کا وقت ہے | میں مایوس ہوں مہربانی کا یہ وقت ہے

گفت وے اگو کز چہ نومیدیستت | چیست مطلوبِ تو رُو با کیستت

(شیخ نے) کہا صاف بتا تیری نا امیدی کس چیز سے ہے؟ | تیرا مقصود کیا ہے؟ کس کی طرف توجہ ہے؟

گفت شاہنشاہ کردم اختیار | از برائے جستنِ یک شاخسار

اُس نے کہا بادشاہ نے مجھے چُنا | ایک درخت کی تلاش کے لئے

کہ درختے ہست نادر در جہات | میوۂ او مایۂ آبِ حیات

کہ اطراف میں ایک ایسا درخت ہے | جس کا پھل آبِ حیات کا سرمایہ ہے

سالہا جستم ندیدم زو نشاں | جز کہ طنز و تسخرِ ایں سرخوشاں

میں نے سالوں تلاش کیا، اُسکا نشان نہ دیکھا | سوائے اُن مستوں کے طنز اور مذاق کے

شیخ خندید و بگفتش اے سلیم | ایں درختِ علم باشد در علیم

شیخ ہنسا اور اُس سے کہا اے بھولے! | یہ درخت علم کا ہے عالم کے اندر

بس بلند و بس شگرف و بس بسیط | آبِ حیوانے ز دریائے محیط

جو بہت بلند اور بہت عجیب اور بہت پھیلا ہوا ہے | محیط سمندر کا، آبِ حیات ہے

تو بصورت رفتۂ اے بے خبر | زاں ز شاخِ معنیٔ بے بار و بر

اے غافل! تو صورت کے پیچھے چل پڑا | اسی لئے (تو) معنیٰ کی شاخ سے بے میوہ اور پھل کے ہے

گہ درختش نام شد گہ آفتاب | گاہ بحرش نام گشت و گہ سحاب

کبھی اُس کا نام درخت بنا کبھی سورج | کبھی اُس کا نام سمندر رہا اور کبھی ابر

آں یکے کش صد ہزار آثار خاست | کمتریں آثارِ او عمرِ بقاست

وہ ایک ایسا (عمل) ہے جس سے لاکھوں نتیجے پیدا ہوئے | اُس کا کم درجہ کا نتیجہ ابدی زندگی ہے

گرچہ فرد است او اثر دارد ہزار | آں یکے را نام شاید بے شمار

اگرچہ وہ ایک ہے ہزاروں نتیجے رکھتا ہے | اُس ایک کے لئے بے شمار نام مناسب ہیں

آں یکے شخصے ترا باشد پدر | در حقِ شخصے دگر باشد پسر

وہ ایک شخص جو تیرا باپ ہے | دوسرے شخص کے اعتبار سے وہ بیٹا ہے

ہزاروں نتیجوں میں، اُنہیں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُسکے ذریعے سے ابدی زندگی حاصل ہوتی ہے لہٰذا وہ آبِ حیات بھی ہے۔
آں یکے۔ انسانوں میں ایک شخص کو مختلف حیثیتوں سے مختلف طریقے تعبیر کیا جاتا ہے، کسی ایک انسان کا باپ بھی ہے
اور بیٹا بھی، چچا بھی ہے اور ماموں بھی ہے، ایک کے اعتبار سے دشمن اور کسی کے دوست ہے۔

لے رافت۔ مہربانی، لطف۔ مہربانی، شفقت۔ تو اگو۔ صاف بتا۔ اختیار۔ پسند کرنا، چننا۔ شاخسار۔ درخت۔ جہات۔ اطراف۔ آبِ حیات۔ وہ پانی جس کو پی کر ابدی زندگی حاصل ہو جائے۔ سرخوشاں۔ مست و بےخود لوگ۔ سلیم۔ بھولا انسان۔ علم۔ باشد علم کے اپنے اوصاف کے اعتبار سے بہت سے نام ہیں چونکہ علم کے سایہ میں انسان راحت سے زندگی گذارتا ہے لہٰذا اُس کو درخت سے بھی تعبیر کر سکتے ہیں تو اُس درخت سے علم مراد ہے۔
کلہ بس بلند۔ وہ علم کا درخت عظیم الشان ہے اور علم باری اُس کا سرچشمہ ہے۔ اور وہ آبِ حیات ہے۔ دریائے محیط یعنی علم باری۔ توبصورت۔ تو نے درخت کے ظاہری اور لغوی معنی مراد لئے ہیں اسی لئے تو معنی کی شاخ سے محروم ہے۔ گہ درخت۔ چونکہ لوگ علم کے ثمرات سے فائدہ اُٹھاتے ہیں لہٰذا اُس کو درخت سے تعبیر کر دیا جاتا ہے۔ گہ آفتاب۔ علم کو آفتاب بھی کہہ دیا جاتا ہے چونکہ لوگ اُس کی روشنی سے مستفید ہوتے ہیں۔ گہ سمندر۔ چونکہ علم ایک بےپایاں چیز ہے اُس کو سمندر سے بھی تعبیر کر دیا جاتا ہے۔ گہ سحاب۔ چونکہ علم بھی شادابی اور سرسبزی کا سبب ہے، لہٰذا اُس کو سحاب کہہ دیا جاتا ہے۔ آں یکے۔ علم ایک ہے لیکن اُس سے نتائج اور

در حقِ دیگر بُود قہر و عدُو
ایک کے حق میں وہ ظلم اور دشمن ہے
در حقِ دیگر بُود لُطف و نکُو
دوسرے کے حق میں وہ مہربانی اور بھلائی ہے

در حقِ دیگر بُود اُو عم و خال
ایک کے حق میں وہ چچا اور ماموں ہے
در حقِ دیگر بُود ہیچ و خیال
دوسرے کے حق میں وہ ناچیز اور خیال ہے

صد ہزاراں نام و اُو یک آدمی
وہ ایک شخص ہے اور لاکھوں نام ہیں
صاحبِ ہر وصفش از وصفے عمی[1]
اُس کا ہر ایک وصف جاننے والا دوسرے وصف سے بے خبر ہے

ہر کہ جوید نام گر صاحب ثقہ است
جو نام کا جویاں ہو اگرچہ بھروسے کا ہو
ہمچو تو نومید و اندر تفرقہ است
تیری طرح ناامید اور پریشانی میں ہے

تو چہ بر چسپی بریں نامِ درخت
تو اس درخت کے نام پر کیوں چپکتا ہے
تا بمانی تلخ کام و شور بخت
خبردار! تو ناکام اور بدنصیب رہے گا

صورتِ ظاہر چہ جوئی اے جواں
اے جوان! تو ظاہری صورت کو کیا تلاش کرتا ہے؟
رَو معانی را طلب اے پہلواں
اے بہادر! جا معانی کو طلب کر

صورتِ ظاہر بُود چوں قشر و پوست
ظاہری صورت چھلکے اور پوست کی طرح ہے
معنیٔ اندر وے چو مغز اے یار و دوست
اے یار و دوست! اس میں معنیٰ گودے کی طرح ہے

در گذر[2] از نام و بنگر در صفات
نام سے ترقی کر اور صفات کو دیکھ
تا صفاتت رہ نماید سوئے ذات
تاکہ صفات ذات تک تیری رہنمائی کریں

گم شوی در ذات و آسائی ز خود
(پھر) تو ذات میں گم ہو جائیگا اور خودی سے نجات پالیگا
چشمِ تو یک رنگ بیند نیک و بد
تیری آنکھ اچھے بُرے کو یکساں دیکھے گی

اختلافِ خلق از نام اُوفتاد
مخلوق میں نام سے جھگڑا پڑا
چوں بمعنیٰ رفت آرام اُوفتاد
وہ جب معنیٰ کی طرف گئی راحت مل گئی

اندریں معنیٰ مثالِ خوش شنو
معنیٰ کے سلسلہ میں ایک اچھی مثال سُن لے
تا نمانی تو اسامی را گرو
تاکہ تو ناموں کا پابند نہ رہے

## بیان[3] منازعت کردنِ چہار کس جہت انگور باہمدگر
انگور کے معاملہ میں چار شخصوں کا آپس میں جھگڑنے کا بیان کیونکہ

## بعلت آنکہ زبانِ یکدیگر را نمی دانستند
وہ ایک دوسرے کی زبان نہیں سمجھتے تھے

[1] عمی۔ اندھے پن، یعنی ہر شخص ایک وصف سے واقف ہے اور دوسرے وصف سے ناواقف ہے غرض کہ صرف نام کے درپے ہونے والا خواہ کتنا ہی بھلا ہو وہ حصولِ مقصد میں ناکام اور مایوس ہوتا ہے۔ ترجمہ پیغمبرؐ کے قصہ سے کہا درخت کے لفظ کو نہ دیکھ۔ صورتِ ظاہر درخت کے لفظ کا بظاہری مفہوم ہے جو قاصد سمجھا تھا۔ معنیٰ اندر سے اُن کی مراد یہ ہے کہ وہ چیز جس کے ثمرات انسان کو حاصل ہوں۔

[2] درگذر۔ جبکہ معانی کے مقابلے میں اسماء کی کوئی وقعت نہیں ہے تو اسماء میں نہ اُلجھ بلکہ صفات کی طرف ترقی کر جو اُن اسماء کے معانی ہیں اور اُن سے تو ذات تک پہنچ جائیگا جو صفات کی حقیقت ہے۔ گم شوی۔ ذات میں گم ہو کر تن پروری سے نجات پا جائیگا اور وحدت کے غلبہ کی وجہ سے تیری آنکھ کے لئے نیک و بد میں یکرنگی پیدا ہو جائیگی۔ اختلاف۔ اسماء کا اختلاف مختلف حیثیتوں کے اختلاف کی وجہ سے ہے تو اسماء کے پابند اپنے اسی اختلاف میں سرگرداں ہیں اُن کی حقیقت تک رسائی نہیں ہے۔

[3] بیان۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ لفظوں کے پابند محض لفظی اختلاف کی وجہ سے باہمی اختلاف کرتے ہیں۔ اگر حقیقت تک پہنچ جائیں تو وحدت پیدا ہو جائے۔

چار کس را داد مردے یک درم — ہر یکے[1] از شہرے افتادہ بہم
ایک شخص نے چار آدمیوں کو ایک درہم دیا — ہر ایک، ایک شہر سے آپس میں مل گئے تھے

پارسی و ترک و رومی و عرب — جملہ باہم در نزاع و در غضب
ایرانی اور ترکی اور رومی اور عربی — سب آپس میں لڑائی اور غصہ میں تھے

پارسی گفتا کہ ایں را چوں کنم — ہیں بیا تا ایں بانگوری دہم
ایرانی نے کہا کہ اس کا کیا کروں! — ہاں، آ تاکہ میں انگور والے کو دیدوں

آں یکے دیگر عرب بد گفت لا — من عنب خواہم نہ انگور اے دغا
ایک دوسرا عرب تھا، اس نے کہا نہیں — اے دغا باز! میں عنب چاہتا ہوں نہ کہ انگور

آں یکے ترکی بد او گفت اے گزم — من نمی خواہم عنب خواہم ازم
ایک ترکی تھا اس نے کہا، اے احمق! — میں عنب کی خواہش نہیں کرتا، میں ازم چاہتا ہوں

آں یکے رومی بگفت ایں قیل را — ترک کن خواہیم استافیل را
اس ایک رومی نے کہا، اس بات کو — چھوڑ، ہم استافیل چاہتے ہیں

در تنازع آں نفر جنگی شدند — کہ ز سرِ نامہا غافل بدند
وہ جماعت جھگڑے میں جنگ باز بن گئی — کیونکہ وہ ناموں کے معنی سے ناواقف تھے

مشت بر ہم می زدند از ابلہی — پر بدند از جہل و از دانش تہی
حماقت سے مکے بازی کرنے لگے — وہ نادانی سے بھرے تھے اور عقل سے خالی تھے

صاحب سرے[2] عزیزے صد زباں — گر بدے آنجا بدادے صلح شاں
معنی کو سمجھنے والا، بزرگ، صد ہا زبانیں جاننے والا — اگر وہاں ہوتا تو ان میں صلح کرا دیتا

پس بگفتے او کہ من زیں یک درم — آرزوئے جملہ تاں را می خرم
وہ کہہ دیتا کہ میں اس ایک درہم سے — تم سب کی تمنا خرید دیتا ہوں

چونکہ بسپارید دل را بے دغل — ایں درم تاں می کند چندیں عمل
جب بغیر کھوٹ کے دل کو تم (میرے) سپرد کر دوگے — تمہارا یہ درہم اتنے کام کر دے گا

یک درم[3] تاں می شود چار المراد — چار دشمن می شود یک ز اتحاد
خلاصہ یہ ہے کہ تمہارا ایک درہم چار بن جائیگا — اتحاد سے چار دشمن ایک ہو جائیں گے

گفت ہر یک تاں دہد جنگ و فراق — گفت من آرد شما را اتفاق
تم میں سے ہر ایک کی بات لڑائی اور جدائی کراتی ہے — میری گفتگو تم میں اتفاق پیدا کر دے گی

[1] ہر یکے۔ اسی وجہ سے ان کی زبانیں مختلف تھیں۔ بانگوری دہم یعنی ہم انگور فروش سے انگور خریدیں اور سب ملکر کھائیں۔ آں یکے۔ عرب نے لا کہا جس کے معنی انکار کے ہیں یعنی میں انگور نہیں خریدوں گا، عنب خریدوں گا جسکے معنی وہی ہیں جو انگور کے ہیں۔ گزم یا احمق۔ ازم یعنی میں عنب نہ خریدوں گا میں ازم خریدونگا جس کے معنی وہی ہیں جو عنب کے ہیں۔ قیل۔ قول، بات۔ استافیل۔ انگور۔ سرِ نامہا یعنی ان ناموں کی حقیقت سے ناواقف تھے۔

[2] صاحب سرے۔ جو ان الفاظ کے معنی اور سینکڑوں زبانوں سے واقف ہو۔ آرزوئے سب جھگڑا کرنے والوں کی آرزو ایک ہی چیز تھی۔

[3] یک درم۔ یعنی اس ایک درہم سے چاروں کا مقصد پورا ہو جائے گا۔ گفت ہر یک چونکہ تم ترک محض لفظوں اور ناموں میں پھنسے ہو تو تمہاری گفتگو اختلاف کا سبب ہے

پس شما خاموش باشید اَنصِتوا[1] — تا زبان تاں می شوم در گفتگو

پس تم خاموش ہو جاؤ، چپ رہو — تاکہ میں بات چیت میں تمہاری زبان بن جاؤں

گر سخن تاں می نماید یک نمط — در اثر مایہ نزاع ست و سخط

اگرچہ تمہاری بات ایک طرح کی نظر آتی ہے — نتیجہ میں غصہ اور جھگڑے کا سرمایہ ہے

گر سخن تاں در توافق موثق ست — در اثر مایہ نزاع و تفرق ست

اگرچہ تمہاری بات باہمی موافقت میں قابل بھروسہ ہے — نتیجہ میں جھگڑے اور تفرقہ کا سرمایہ ہے

گرمیِ عاریتی ندہد اثر — گرمیِ خاصیتی دارد ہنر

عارضی گرمی اثر نہیں کرتی ہے — اصلی گرمی ہنر رکھتی ہے

سرکہ را گر گرم کردی ز آتش آں — چوں خوری سردی فزاید بیگماں

اگر تو سرکہ کو آگ سے گرم کر دیگا — تو جب کھائے گا وہ یقیناً سردی بڑھائیگا

زانکہ گرمیِ او دہلیزی ست — طبعِ اصلش سردی ست و تیزی ست

اس لئے کہ اس کی گرمی عارضی ہے — اس کی اصلی طبیعت سردی اور تیزی ہے

ور بود یخ بستہ دوشاب اے پسر — چوں خوری گرمی فزاید در جگر

اے بیٹا! اگر انگور کا شیرہ جما ہوا برف ہو — جب تو کھائے گا وہ جگر میں گرمی بڑھائیگا

پس ریائے شیخ[2] بہ ز اخلاصِ ما — کز بصیرت باشد آں ویں از عمیٰ

تو شیخ کی ریاکاری ہمارے اخلاص سے بہتر ہے — کیونکہ وہ بصیرت سے ہے اور یہ اندھے پن سے ہے

وز حدیثِ شیخ جمعیت رسد — تفرقہ آرد دمِ اہلِ حسد

شیخ کی بات سے اتفاق حاصل ہوتا ہے — اہلِ حسد کی بات تفرقہ پیدا کرتی ہے

چوں سلیمانؑ[3] کز پئے حضرت بتاخت — او زبانِ جملہ مرغاں را شناخت

جبکہ سلیمانؑ (اللہ کے) دربار کی طرف دوڑے — تو انھوں نے تمام پرندوں کی زبان سیکھ لی

در زمانِ عدلش آہو با پلنگ — انس بگرفت و بروں آمد ز جنگ

ان کے انصاف کے دور میں ہرن تیندوے سے — مانوس ہوگیا اور لڑائی سے برطرف ہوگیا

شد کبوتر ایمن از چنگالِ باز — گوسفند از گرگ ناورد احتراز

کبوتر، باز کے پنجے سے محفوظ ہوگیا — بکری نے بھیڑیے سے بچاؤ نہ کیا

او میانجی شد میانِ دشمناں — اتحادے شد میانِ پرزناں

وہ دشمنوں میں ثالث بن گئے — پرندوں میں اتحاد ہوگیا

---

[1] اَنصِتوا۔ تم چپ رہو۔ تا زبان تاں یعنی وہ زبان جو تم جانتے ہو۔ گر سخن تاں یعنی انگور، عنب، اوزم، استافیل سب کے معنی ایک ہیں۔ گرمی۔ ان چاروں شخصوں میں عارضی اتحاد تھا جو صرف ایک معمولی سی بات پر ختم ہوگیا اسی طرح گرمی اور سردی جو اصلی ہے وہ حقیقی اثر رکھتی ہے عارضی گرمی اور سردی کی کوئی تاثیر نہیں ہے سرکہ سرد ہے اگر آگ پر گرم کر لیا جائے تو یہ عارضی گرمی مؤثر نہ ہوگی۔ دہلیزی۔ باہری، عارضی۔ دوشاب۔ انگور کے شیرے کی تاثیر گرم ہے اسکی عارضی ٹھنڈک مؤثر نہیں ہے۔

[2] پس۔ شیخ کی ریاکاری بھی اصولِ شریعت کے مطابق ہوتی ہے اور انہیں حقیقت اور اصلیت ہوتی ہے عوام کا اخلاص بھی حقیقت سے دور ہے لہٰذا وہ مؤثر نہیں ہے۔ حدیثِ شیخ۔ چونکہ شیخ حقیقت سے واقف ہوتا ہے لہٰذا اس کی بات موجبِ اتحاد ہے۔ مختلف اقسام مریدوں کو ایک لڑی میں منسلک کر دیتا ہے۔

[3] چوں سلیمانؑ۔ حضرت سلیمانؑ حقیقت سے باخبر تھے تمام جانوروں میں اتحاد کا سبب تھے۔ آہو، پلنگ، چیتے اور ہرن کی دشمنی مشہور ہے لیکن وہ دوست ہو گئے تھے۔ شد کبوتر۔ باز کبوتر کا دشمن ہے لیکن ان کے دور میں دونوں متحد ہو گئے تھے۔ او میانجی۔ حضرت سلیمانؑ سب مختلف

| | |
|---|---|
| توچو مورے بہرِ دانہ میدوی | ہیں سلیماںؑ جُو چہ می باشی غوی |
| تو چیونٹی کی طرح دانہ کے لئے دوڑتا ہے | خبردار! سلیمانؑ کی جستجو کر کیوں گمراہ بنتا ہے؟ |
| دانہ جُو را دانہ اش دامے شود | واں سلیماںؑ جُوی را ہر دُو بُوَد |
| دانہ کی تلاش کرنے والے کیلئے اُسکا دانہ جال بنجاتا ہے | اور سلیمانؑ کی تلاش کرنیوالے کیلئے دونوں حاصل ہوتے ہیں |
| مُرغِ جانہا را دریں آخر زماں | نیست شاں زِہمدِگر یکدم اماں |
| اِس آخری زمانہ میں جانوں کے پرندے | انکو ایک دوسرے سے تھوڑی دیر کا بھی امن حاصل نہیں |
| ہم سلیمانؑ ہست اندر دورِ ما | کُو دہد صلح و نماند جورِ ما |
| ہمارے زمانے میں بھی سلیمانؑ موجود ہے | جو صلح کرا سکتا ہے اور ہمارے ظلم باقی نہ رہیں گے |
| قولِ اِنْ مِّنْ اُمَّۃٍ را یاد گیر | تا بہ اِلَّا وَخَلَا فِیْھَا نَذِیْر |
| اِنْ مِّنْ اُمَّۃٍ کا قول یاد کر لے | اِلَّا وَخَلَا فِیْھَا نَذِیْر تک |
| گفت خود خالی نبود ست اُمّتے | از خلیفہ حق و صاحب ہمّتے |
| (اللہ نے) فرمایا کوئی اُمّت خالی نہ ہوگی | صاحبِ باطن اور اللہ کے خلیفہ سے |
| مُرغِ جانہا را چُناں یکدل کُند | کز صفاشاں بیغش و بیغل کُند |
| وہ جانوں کے پرندوں کو ایسا ایک دل بنا دیگا | کہ صفائی کی وجہ سے انکو بے کھوٹ اور بے کینہ کر دیگا |
| مُشفقاں گردند ہمچوں والدہ | مُسلموں را گفت نفسٌ واحدہ |
| والدہ کی طرح مُشفق بن جائیں گے | (اللہ نے) مسلمانوں کو ایک جان فرمایا ہے |
| نفسِ واحد از رسولِ حق شدند | ورنہ ہر یک دشمنِ مُطلق بُدند |
| رسولِ حق کی وجہ سے ایک جان ہو گئے | ورنہ ہر ایک مطلقاً دشمن تھا |
| اتّحادِ خالی از شرک و دوئی | باشد از توحیدِ بے ما و توئی |
| وہ اتحاد جو شرکت اور دوئی سے خالی ہو | "ما و تو" سے خالی، وحدت سے ہوتا ہے |

## برخاستنِ مخالفت و عداوت از میانِ انصار برکتِ

انصار کے درمیان سے مخالفت اور دشمنی کا ختم ہو جانا

## وجودِ پیغمبرِ خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام

پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود کی برکت سے

| | |
|---|---|
| دو قبیلہ کاوس و خزرج نام داشت | یک ز دیگر جان خون آشام داشت |
| دو قبیلے جن کا اوس و خزرج نام تھا | ایک دوسرے کیلئے خون پینے والی جان رکھتا تھا |

لہ سلیماںؑ جو یعنی کسی شیخ کی تلاش کر جو اپنے وقت کا سلیمانؑ ہو۔ دانہ جو یعنی چیونٹی کی طرح جو صرف دانہ جوئی کریگا جال میں پھنسے گا سلیمان کی تلاش کریگا تو دونوں جہان کی دولت ملیگی۔ مرغِ جانہا۔ آخری زمانہ شقاق اور اختلاف کا دور ہے اس میں سلیمان جیسے شیخ کی زیادہ ضرورت ہے۔

ٹہ ہم سلیماں سلیمان صفت بزرگ ہر دور میں موجود ہیں۔ قول یعنی قرآن پاک میں اِنْ مِّنْ اُمَّۃٍ اِلَّا خَلَا فِیْھَا نَذِیْر۔ کوئی ایسی اُمّت نہیں ہے جس میں کوئی ڈرانے والا نہ گزرا ہو لہٰذا ہر دور میں کوئی نہ کوئی نبوّت کی صفات کا حامل مرد ہوگا۔ مرغ جانہا اگر اس کی دستگیری کر لی جائے تو وہ دلوں کو صاف کر کے سب کو یکدل بنا دے گا۔

ٹہ مشفقاں یعنی وہ لوگ اُن بزرگ کی وجہ سے ماں کی طرح ایک دوسرے پر شفیق بنگئے۔ آنحضورؐ نے مسلمانوں کو ایک جان فرمایا ہے۔ از رسول۔ آنحضورؐ نے فرمایا ہے اَلْمُؤْمِنُوْنَ کَرَجُلٍ وَاحِدٍ یعنی سب مسلمان بمنزلہ ایک جان کے ہیں۔ ورنہ اوس اور خزرج کی لڑائیاں مشہور ہیں۔ اتحاد۔ وہ اتحاد جس میں باہمی شرکت و دوئی کی بُو نہ ہو وہ تب حاصل ہوتا ہے جب من و تو کا جھگڑا نہ رہے اور خالص وحدت ہو جائے۔ انصار اوس خزرج کے مسلمانوں کا اسلام کے بعد انصار لقب بنگیا (دو قبیلے)

لہ اوس خزرج دونوں قبیلے باہم لڑتے رہتے تھے ہجرت سے پہلے بھی ان کی جنگ بعاث مشہور ہے۔

کینہائے کہنہ شاں از مصطفیٰ ؐ — محو شد در نورِ اسلام و صفا
آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے انکے پرانے کینے — اسلام کے نور اور صفائی میں محو ہو گئے

اوّلاً[1] اخواں شدند آں دشمناں — ہمچو اعدادِ عنب در بوستاں
پہلے تو وہ دشمن بھائی بنے — جیسا کہ باغ میں انگور کے دانے

وز دمِ اَلْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ بہ پند — در شکستند و تنِ واحد شدند
(پھر) اَلْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ سے (ترقی کرکے) بندش — توڑ ڈالی اور ایک جسم ہو گئے

صورت[2] انگورہا اخواں بود — چوں فشردی شیرۂ واحد شود
انگوروں کی صورت بھائی بھائی کی ہوتی ہے — جب تونے انھیں نچوڑا ایک شیرہ بنگیا

غورۂ و انگور ضدانند ولیک — چونکہ غورہ پختہ شد شد یارِ نیک
کچا انگور اور پکا، انگور ایک دوسرے کی ضد ہیں — جب کچا انگور پک گیا اچھا دوست بنگیا

غورۂ کو سنگ بست و خام ماند — در ازل حق کافرِ اصلیش خواند
کچا انگور جو خشک ہوگیا اور کچا رہ گیا — اللہ تعالیٰ نے اسکو ازل میں اصلی کافر قرار دیا

نے اخی نے نفسِ واحد باشد او — در شقاوت نحس و ملحد باشد او
وہ نہ بھائی اور ایک جان بنتا ہے — وہ نحوست اور بدبختی میں کافر رہتا ہے

گر بگویم[3] آنچہ او دارد نہاں — فتنۂ افہام خیزد در جہاں
اگر میں بتا دوں جو اس میں پوشیدہ ہے — دنیا میں عقلوں کے لئے وہ فتنہ بن جائے،

سرِّ گبرِ کور نامذکور بہ — دودِ دوزخ از ارم مہجور بہ
اندھے کافر کا راز مذکور نہ ہونا بہتر ہے — دوزخ کا دھواں (باغِ) ارم سے دور ہی بہتر ہے

غورہائے نیک کایشاں قابل اند — از دمِ اہلِ دل آخر یک دل اند
اچھے کچے انگور جن میں صلاحیت ہے — اہلِ دل کے دم سے آخر ایک دل ہو جاتے ہیں

سوئے انگوری ہمی رانند تیز — تا دوئی برخیزد و کین و ستیز
وہ انگور بننے کی طرف تیزی سے چلتے ہیں — تاکہ دوئی اور کینہ اور جھگڑا ختم ہو جائے

پس در انگوری ہمی درند پوست — تا یکے گردند وحدت وصفِ اوست
پس انگور بن جانے پر وہ چھلکا پھاڑ دیتے ہیں — تاکہ ایک ہو جائیں اور وحدت اسی کی صفت ہے

دور رہنا بہتر ہے۔ غورہائے نیک۔ وہ لوگ جن میں استعداد اور صلاحیت ہوتی ہے اہلِ دل کی صحبت میں یکجاں ہو جاتے ہیں۔ سوئے انگوری۔ انگور بہت جلد مومنین کے ساتھ یکسانیت حاصل ہو جاتی ہے پس در انگوری۔ یکسانیت کے بعد پھر انکی مومنین سے وحدتِ تامہ ہو جاتی ہے۔

[1] اوّلاً یعنی ابتداءً آنحضورؐ کی برکت سے بھائی بھائی بنگئے ہمچو اعدادِ عنب۔ انگوروں میں باہمی یکسانیت تو ہوتی ہے لیکن تشخص ہر ایک کا علیحدہ ہوتا ہے اسی طرح ابتداءً انصار میں یکسانیت پیدا ہوئی لیکن ہر ایک کا تشخص باقی رہا۔ وز دم یعنی ابتداءً بھائی بندی کی یکسانیت ہوئی پھر اس سے ترقی کرکے وہ یکجان ہو گئے اور ہر ایک نے اپنا تشخص بھی ختم کر دیا اور انگور کے شیرے کی طرح ہو گئے۔

[2] صورت یعنی شروع میں وہ انگوروں کی طرح یکساں بنے جب انگوروں کو نچوڑ دیا جائے تو پھر یکجان شیرہ بن جاتا ہے وہ بھی ترقی کرکے یکجان ہو گئے۔ غورہ۔ کچا انگور، کچے اور پکے انگور میں یکسانیت نہیں ہوتی پکنے کے بعد سب یکساں ہو جاتے ہیں۔ سنگ بست۔ یعنی کچا ہی رہا اور اس میں پختگی کی صلاحیت نہ رہی۔ کافرِ اصلی۔ جیسے عبداللہ بن ابی اور ابو جہل وغیرہ یہ نہ بھائی بنے اور نہ مسلمانوں سے متحد ہوئے۔

[3] گر بگویم۔ کافرِ ازلی کے کفر کا اظہار مصلحتِ شرع کے خلاف ہے پوشیدہ رہنا ہی بہتر ہے کہ کون کافرِ ازلی ہے اور کون مومنِ ازلی۔ سرِّ گبرِ کور۔ کورِ باطن کافر کے باطن کے احوال بھی مسلمانوں کو سنانا بہتر نہیں ہیں وہ دھواں ہے اور مسلمان باغِ ارم ہیں باغ سے دھوئیں کا

دوست[1] دشمن گردد ایرا هم دو است — هیچ یک با خویش جنگے در نه بست

دوست دشمن بن جاتا ہے کیونکہ وہ دو ہیں — کسی نے اپنے ساتھ لڑائی برپا نہیں کی ہے

آفریں بر عشقِ کلِ اوستاد — صد ہزاراں ذرہ را داد اتحاد

عشق کو شاباش ہے جو کامل استاد ہے — جس نے لاکھوں ذروں کو اتحاد عطا کر دیا

ہمچو خاکِ مُفترق در رہگذر — یک سبوشاں کرد دستِ کوزہ گر

جیسا کہ راستہ کی متفرق مٹی — کمہار کے ہاتھ نے اس کو ایک گھڑا بنا دیا

کاتحادِ جسمہائے ماء و طین — ہست ناقص جان نمی ماند بدیں

پانی اور مٹی کے جسموں کا اتحاد — ناقص ہے جان اس کے مشابہ نہیں ہے

گر نظائر[2] گویم اینجا در مثال — فہم را ترسم کہ آرد اختلال

اگر اس جگہ میں مثالیں بتانے لگوں — میں ڈرتا ہوں کہ وہ سمجھ میں خلل ڈال دیں گی

ہم سلیماں ہست اکنوں لیک ما — از نشاطِ دور بینی در عمیٰ

سلیمان اب بھی ہے، لیکن ہم — تمناؤں کی مستی کی وجہ سے اندھے بن رہے ہیں

دور بینی کور دارد مرد را — ہمچو خفتہ در سرا کور از سرا

(دنیاوی) دور بینی انسان کو اندھا کر دیتی ہے — جیسا کہ مکان میں سویا ہوا مکان سے اندھا ہے

میکند از مشرق و مغرب گذر — وز رفیق و ہمنشینش بے خبر

وہ مشرق اور مغرب سے بھی گزر جاتا ہے — اور اپنے ساتھی اور ہمنشین سے بے خبر رہتا ہے

مولعیم[3] اندر سخنہائے دقیق — در گرہہا باز کردن ما عشیق

ہم (دنیا کی) باریک باتوں پر فریفتہ ہیں — ان کی گرہ کشائی کے عاشق ہیں

تا گرہ بندیم و بکشائیم ما — در شکال و در جواب آئیں فزا

تاکہ ہم گرہ لگائیں اور کھولیں — اشکال اور جواب میں قواعد کو بڑھانے والی بنائیں

ہمچو مرغے کو کشاید بند و دام — گاہ بندد تا شود در فن تمام

اس پرند کی طرح جو کبھی جال کی گرہ کھولتا ہو — کبھی لگاتا ہے تاکہ فن میں ماہر ہو جائے

او بود محروم از صحرا و مرج — عمرِ او اندر گرہ کاری ست خرج

وہ جنگل اور چراگاہ سے محروم رہتا ہے — اس کی عمر گرہ بندی میں خرچ ہو جاتی ہے

خود زبونِ او نگردد ہیچ دام — لیک پرّش در شکست افتد مدام

کوئی جال اس سے مغلوب نہیں ہوتا ہے — لیکن اس کے پر ہمیشہ کے لیے شکستہ ہو جاتے ہیں

---

[1] دوست دشمن۔ جب تک دو ہیں تو باہمی اختلاف و نزاع کا امکان ہے اسلئے دوست دشمن بنجاتا ہے لیکن وحدت کے بعد نزاع کا امکان ختم ہو جاتا ہے اسلئے کہ کوئی شخص اپنے آپ کا دشمن نہیں کرتا ہے۔ آفریں بر عشق۔ عشق متحد الوجود بنا دینے میں کامل استاد ہے۔ ہمچو عشق ذروں کو ایسا ہی جوڑ دیتا ہے جیسا کہ کمہار مختلف اجزاء کو ملا کر گھڑا بنا دیتا ہے۔ اتحاد جسمہا۔ کمہار اور ذروں سے ملکر گھڑا بنجانے کی مثال ناقص ہے جانوں کا اتحاد اس سے بہت بڑھا ہوا ہے۔

[2] گر نظائر۔ مومنین کے روحوں کے اتحاد کی مختلف مثالیں اگر سناؤں تو تھک جاؤ گے۔ دور بینی یعنی دنیاوی معاملات میں گہری سوچ بچار نے ہمیں اندھا بنا رکھا ہے۔ ورنہ ہر دور میں سلیمان صفت بزرگ موجود ہیں۔ می کند۔ دنیاوی تفکر میں انسان ایسا محو ہو جاتا ہے کہ اسکو آس پاس کی خبر نہیں ہوتی۔

[3] مولعیم۔ ہم دنیاوی الجھاؤ کو سلجھانے کے عاشق ہیں اور اس میں سوال و جواب کیلئے قواعد تراشتے ہیں۔ ہمچو مرغے۔ دنیاوی دھندوں کی گرہ کشائی میں ہم اس پرند کی طرح ہیں جو جال کی گرہ کھولنے اور باندھنے میں مہارت پیدا کر رہا ہو وہ لامحالہ چمن کی سیر سے محروم رہیگا اور پوری عمر اسی کام پر صرف کر دیگا۔ خود زبوں۔ جال کی گرہ جوڑنے میں مہارت پیدا کر نیوالا پرندہ خود اپنے پر تباہ کر لیگا جال تو اسکے قابو میں نہ آئیگا اسی طرح دنیا کے دھندوں کو سلجھانیوالا اپنے آپکو تباہ کر لیگا دنیا اسکے قابو میں نہ آئیگی۔

باگرہ کم کوش تا بال و پرت
گرہ میں کم مصروف ہو تاکہ تیرے بال و پر

نگسلد یک یک ازیں کرّ و فرت
اس آدمیوں سے ایک ایک کرکے نہ ٹوٹ جائیں

صد ہزاراں[۱] مرغ پرہاشاں شکست
لاکھوں پرندوں کے پَر ٹوٹ گئے

واں کمیں گاہِ عوارض را نہ بست
(لیکن) وہ حوادث کے مورچے کو بند نہ کرسکے

حالِ ایشاں از نُبے خواں اے حریص
اے حریص! ان کی حالت قرآن میں پڑھ لے

نَقَّبُوْا فِيْهَا ببین هَلْ مِنْ مَّحِيْص
غور کر، انھوں نے زمین میں نقب لگائے کہیں چھٹکارا ہے

از نزاعِ ترک و رومی و عرب
ترکی اور رومی اور عربی کی لڑائی سے

حل نشد اشکالِ انگور و عنب
انگور اور عنب کا اشکال حل نہ ہوا

تا سلیمانِ[۲] لسینِ معنوی
جب تک حقیقت پسند زبان داں سلیمان

در نیاید بر نخیزد ایں دوئی
نہیں آتا، یہ دوئی نہیں اٹھتی

جملہ مرغانِ منازع بازوار
سب جھگڑنے والے پرندو! باز کی طرح

بشنوید ایں طبلِ باز شہریار
بادشاہ کی واپسی کے نقارے کو سن لو

زاختلافِ خویش سوئے اتحاد
اپنا اختلاف چھوڑ کر اتحاد کی جانب

ہیں ز ہر جانب رواں گردید شاد
خبردار! ہر جانب سے خوشی سے روانہ ہوجاؤ

حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ
تم جہاں بھی ہو اپنا رُخ موڑ لو

نَحْوَهٗ هٰذَا الَّذِيْ لَمْ يَنْهَكُمْ
اُس کی جانب، یہ وہ ہے جس نے تمہیں نہیں روکا

کور مرغانیم[۳] و بس نا ساختیم
ہم اندھے پرندے ہیں اور بہت اناڑی

کاں سلیماں را دمے نشناختیم
کہ ہم نے تھوڑی دیر کے لئے بھی سلیمان کو نہ پہچانا

ہمچو چغداں دشمنِ بازاں شدیم
ہم چغدوں کی طرح بازوں کے دشمن بن گئے

لاجرم وا ماندہ و ویراں شدیم
لامحالہ پسماندہ اور تباہ ہوگئے

می کنیم از غایتِ جہل و عمیٰ
انتہائی نادانی اور اندھے پن کی وجہ سے ہم کرتے ہیں

قصدِ آزارِ عزیزانِ خدا
اللہ (تعالیٰ) کے پیاروں کو ستانے کا ارادہ

جملہ مرغاں کز سلیماںؑ روشن اند
وہ تمام پرندے جو سلیمانؑ کی وجہ سے روشن دل ہیں

پر و بالِ بے گنہ کے برکنند
وہ بے قصور کے بال و پر کب نوچتے ہیں؟

بلکہ سوئے عاجزاں چینہ کشند
بلکہ وہ عاجزوں کی طرف چینہ (دانہ) لیجاتے ہیں

بے خلاف و کینہ آں مرغاں خوش اند
وہ پرندے بغیر اختلاف اور کینے کے خوش ہیں

---

۱ صدہزاراں۔ جیسے جیسے دنیاداروں کے ساتھ دنیا نے غداری کی ہے۔ آیت قرآن پاک میں ہے وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ۔ اور اُن سے پہلے ہم نے کتنی امتیں ہلاک کردیں جو کہ اُن سے بل بوتے میں بڑھ کر تھیں انھوں نے شہروں کو چھان مارا کہ کہیں بچاؤ کی جگہ ہے یعنی وہ ہلاک ہوگئے۔ ازنزاع۔ ان چاروں شخص کی لڑائی معاملہ کو حل نہ کرسکی تھی۔

۲ تاسلیماں۔ مصرعہ: تا ز غیب بروں آید و کارے بکند۔ یا امام مہدی مراد ہیں۔ لسین بمعنی امین زبان داں۔ طبل باز۔ وہ نقارہ جو باز کو واپس بلانے کیلئے بجایا جاتا ہے۔ زاختلاف۔ رسم و رواج کے اختلافات کو ترک کرکے متحد ہوجاؤ۔ حیث ما کنتم۔ مسلمانوں کو حکم ہے جہاں کہیں بھی ہوں وہ نماز میں قبلہ رُخ ہوجائیں۔ مولانا فرماتے ہیں سب کو متوجہ الی الحق ہو جانا چاہیے۔ یہی چیز اتحاد پیدا کردے گی۔

۳ کور مرغانیم۔ بزرگانِ دین سلیمانِ وقت ہیں۔ ہم ناقص ہیں کہ انکو نہیں دیکھ رہے ہیں۔ ہمچو چغداں۔ چغدوں کی بازوں سے دشمنی کا قصہ گزرا پہلے بیت ہو چکے ہیں۔ بازاں۔ وہ بزرگ جو طائرانِ قدس ہوں۔ عزیزاں۔ یعنی خاصانِ خدا۔ جملہ مرغاں۔ بزرگوں سے تربیت یافتہ لوگ بھی جمع نہیں کرتے ہیں بلکہ مسند رسول کی خدمت کرتے ہیں۔ چینہ کشیدن۔ ایک غلہ ہے جو پرندوں کو کھلایا جاتا ہے۔

**ہُدہُدِ ایشاں پئے تقدیس را** (۱) — **مے کُشاید راہ صد بلقیس را**

ان (میں) کا ہُدہُد تقدیس کے لئے — سینکڑوں بلقیس کی راہ کھول دیتا ہے

**زاغِ ایشاں گر بصورت زاغ بود** — **بازِ ہمت آمد و مَازاغ بود**

ان کا کوا اگرچہ بظاہر کوا تھا — ارادہ کا باز ثابت ہوا اور مازاغ بن گیا

**لکلکِ ایشاں کہ لک لک می زند** — **آتشِ توحید در شک می زند**

ان کا لقلق جو لک لک کہتا ہے — وہ شک میں توحید کی آگ لگاتا ہے

**واں کبوترشاں ز بازاں نشکہد** — **باز سَر پیشِ کبوترشاں نہد**

ان کا کبوتر بھی بازوں سے نہیں ڈرتا ہے — بازان کے کبوتر کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیتا ہے

**بُلبُلِ ایشاں کہ حالت آرد او** (۵) — **در درونِ خویش گلشن دارد او**

ان کی بلبل جو کہ وجد کرتی ہے — وہ اپنے اندر چمن رکھتی ہے

**طوطیٔ ایشاں ز قند آزاد بود** — **کز دروں قندِ اَبد رُویش نمود**

ان کا طوطی بھی قند سے آزاد تھا — کیونکہ اس میں ابدی قند رونما ہو گئی تھی

**پائے طاؤسانِ ایشاں در نظر** — **بہتر از طاؤس پرّانِ دگر**

ان کے موروں کے پیر (بھی) نگاہ میں — دوسروں کے موروں جیسے پروالوں سے بہتر ہیں

**کبکِ ایشاں خندہ بر شاہیں زند** — **در تعلق راہِ علیین زند**

ان کی چکور شاہین کی مذاق اڑاتی ہے — تعلق (مع اللہ) میں علیین کا راستہ اختیار کرتی ہے

**مَنطقُ الطیرانِ خاقانی صداست** (۱۰) — **مَنطقُ الطیر سُلیمانی کجاست**

خاقانی کی "منطق الطیر" ایک آواز ہے — وہ سلیمانی منطق الطیر کہاں ہے؟

**تو چہ دانی بانگِ مُرغاں را ہمے** — **چوں ندیدستی سُلیماں را دمے**

تو پرندوں کی آواز کو کیا جانے؟ — جبکہ تو نے ایک لمحہ کیلئے (بھی) سلیمان کو نہیں دیکھا ہے

**پرِ آں مُرغے کہ بانگش مُطرِبست** — **از بُرونِ مشرق و وز مغربست**

اس پرندہ کا پر جس کی آواز مست کر دینے والی ہے — وہ مشرق و مغرب سے باہر ہے

---

(۱) ہُدہُد۔ چونکہ شیخِ وقت کو سلیمانِ وقت قرار دیا لہٰذا اس کے مُریدین کو ان پرندوں سے تعبیر کیا ہے جو حضرت سلیمان کے جلو میں رہتے تھے۔ تقدیس یعنی سبوح قدوس کا وظیفہ پڑھنا حضرت سلیمانؑ کی ہدہد حضرت بلقیس کے لئے راہنما بنی تھی۔ مَازاغ۔ قرآن پاک میں آنحضورؐ کے بارے میں ہے مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی یعنی آپ کی نظر کسی طرف کو جھکی اور نہ اٹھی یعنی دیدار میں مصروف رہی۔ لکلک۔ لقلق پرندے کے بولنے کی آواز لک لک ہے تو گویا وہ لَکَ الْحَمْدُ لَکَ الثَّنَاءُ = اے پروردگار! تیرے لئے تعریف ہے تیرے لئے ثنا ہے کہتا ہے اور توحید کے گن گاتا ہے۔ واں کبوتر۔ مریدین اور مجازین میں سے جو مسکنت میں کبوتر ہیں دنیا کے سرکش ان کے سامنے سرنگوں ہوتے ہیں۔ نشکہد مضارع منفی ہے شکوہیدن۔ شان و شوکت دکھانا، ڈرنا۔

(۵) بلبل۔ انکی بلبل اپنے اندر گلشن دیکھ کر وجد کرتی ہے۔ طوطی۔ طوطی کو شکر کھلائی جاتی ہے ان بزرگوں کی طوطی کو ظاہری قند کی ضرورت نہیں ان کے باطن خود قند سے معمور ہیں۔ پائے طاؤساں۔ مور کا پیر بدصورتی میں اور اس کا پر حسن میں مشہور ہے یعنی اس شیخ کے مُریدوں کے بعض بر نازیبا اعمال دوسروں کے زیبا اعمال سے زیادہ قابلِ قدر ہیں۔ کبک۔ چکور کا قہقہہ اور رفتار ضرب المثل ہیں۔

(۱۰) منطق الطیر۔ پرندوں کی بولی۔ افضل الدین خاقانی شاعر نے ایک مشہور قصیدہ لکھا ہے جس میں پرندوں کی زبانی گفتگو کی ہے۔ حضرت سلیمانؑ کو بھی منطق الطیر حاصل تھی۔ تو چہ دانی۔ جب تم اہل اللہ سے نہیں ملے تو ان کے متعلقین کے کمالات کو کیا سمجھ سکتے ہو۔ پرِ آں مرغے۔ ان مریدین اور متوسلین کا تعلق عالمِ بالا سے ہے۔

[۵۱] ہر یکے آہنگش ز کرسی تا ثریٰ ست — وز ثریٰ تا عرش در کرّ و فرستے
اس کا ہر ارادہ کرسی سے زمین تک ہے — اور زمین سے عرش تک شان و شوکت میں ہے

مرغ کو بے ایں سلیماں می رود — عاشق ظلمت چو خفاشے بود
وہ پرندہ جو اس سلیمان کے بغیر چلتا ہے — وہ چمگادڑ کی طرح اندھیرے کا عاشق ہوتا ہے

با سلیماں خو کن اے خفاشِ رد — تا کہ در ظلمت نہ مانی تا ابد
اے مردود چمگادڑ! سلیمان کی عادت ڈال — تاکہ ہمیشہ تک کے لئے اندھیرے میں نہ رہے

یک گزے رہ کہ بداں سو می روی — ہمچو گز قطب مساحت می شوی
اگر تو اس کی جانب ایک گز چلے گا — تو گز کی طرح پیمائش کا مدار بن جائیگا

وانکہ لنگ و لوک آں سو می جہی — از ہمہ لنگی و لوکی می رہی
اور جو تو لنگڑا اور لولا اس طرف چل رہا ہے — (اس) تمام لنگڑے اور لولے پن سے نجات پا جائیگا

## قصۂ بط بچگاں کہ مرغ خانگی پروردشاں

بطخ کے اُن بچوں کا قصہ جن کو گھریلو مرغ نے پالا

[۵۲] تخم بطی گرچہ مرغ خانہ ات — کرد زیرِ پر چو دایہ تربیت
تو بطخ کا انڈا ہے اگرچہ تجھے گھریلو مرغی نے — پروں کے نیچے دایہ کی طرح پالا ہے

مادرِ تو بطِ آں دریا بُدست — دایہ ات خاکی بُد و خشکی پرست
تیری ماں تو اس دریا کی بطخ تھی — تیری دایہ خاکی اور خشکی پرست تھی

میلِ دریا کہ دلِ تو اندر ست — آں طبیعت جانت را از مادر ست
دریا کی طرف جھکاؤ جو تیرے دل میں ہے — تیری جان کا وہ مزاج ماں کی جانب سے ہے

میلِ خشکی مر ترا زیں دایہ است — دایہ را بگذار کو بد رایہ است
خشکی کی طرف میلان اُس دایہ کی وجہ سے ہے — دایہ کو چھوڑ کر وہ غلط راہ والی ہے

دایہ را بگذار در خشک و براں — اندر آ در بحرِ معنیٰ چوں بطاں
دایہ کو خشکی پر چھوڑ دے اور دور کر — بطخوں کی طرح حقیقت کے سمندر میں آجا

[۵۳] گر ترا دایہ بترساند ز آب — تو مترس و سوئے دریا راں شتاب
اگر تجھے دایہ پانی سے ڈرائے — تو نہ ڈر اور دریا کی جانب جلد (سواری) ہانک

تو بطے بر خشک و بر تر زندۂ — نے چو مرغ خانہ خانہ کندۂ
تو ایسی بطخ ہے کہ خشکی اور تری پر تو زندہ ہے — نہ کہ گھر کے مرغ کی طرح تو نے گھر کو گریا ہے



---

۵۱ ہر یک۔ یعنی اسکی پرواز زمین سے آسمان تک ہے۔ مرغ۔ یعنی وہ لوگ جو نہ کسی نبی کے پیرو ہیں نہ کسی شیخ سے متعلق ہوں وہ نورِ خداوندی سے محروم رہتے ہیں۔ رد۔ مردود۔ یک گزے رہ۔ شیخ کی زیرِ تربیت تھوڑا مجاہدہ بھی بہت زیادہ مفید ہوتا ہے۔ وانکہ۔ جس قدر عیب شیخ کے پاس لیکر جائیگا سب سے نجات مل جائیگی۔ لنگ۔ لنگڑا۔ لوک۔ گھٹنوں کے بل چلنے والا۔

۵۲ تخم بطی۔ اس قصہ کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر استعداد ہوتی ہے تو تھوڑی سی محنت سے مقصد حاصل ہو جاتا ہے، بطخ کا وہ بچہ جو مرغی کے نیچے نکلا اور پلا ہو اسمیں سمندر میں تیرنے کی استعداد موجود ہے ذراسی محنت سے تیرنا سیکھ سکتا ہے اسی طرح سے روح جو ملاءِ اعلیٰ کی چیز ہے اگرچہ اس کی پرورش خاکی جسم کے زیرِ اثر ہو رہی ہے معمولی محنت سے ملاءِ اعلیٰ کی طرف پرواز کرنے لگتی ہے۔ تخم بط۔ بطخ کا انڈا۔ مرغ خانہ گھریلو مرغی۔ دایہ یعنی گھریلو مرغی۔ میل۔ جھکاؤ۔ بطخ۔ دریائی چیز ہے۔ یعنی دایہ۔ گھریلو مرغی جو خشکی پر رہتی ہے۔

۵۳ گر ترا۔ جسم انسانی روح سے مانع بنتا ہے۔ تو بطے۔ انسان جسم اور روح کا مجموعہ ہے جسم خاکی چیز ہے اور روح ... سے متعلق ہے

**توز کرمنا بنی آدم شہی** | **ہم بخشکی ہم بدریا پا نہی**
تو کرمنا بنی آدم کی وجہ سے شاہ ہے | خشکی میں بھی اور دریا پر بھی قدم رکھتا ہے

**کہ حملناھم علی البحری بجاں** | **از حملناھم علی البر پیش راں**
تو روح کی وجہ سے حملناھم علی البحر کا مصداق ہے | حملناھم علی البر سے آگے چل

**مر ملائک را سوئے بر راہ نیست** | **جنس حیواں ہم ز بحر آگاہ نیست**
فرشتوں کا خشکی کی طرف راستہ نہیں ہے | حیوان کی جنس بھی سمندر سے آگاہ نہیں ہے

**تو بہ تن حیواں بجانے از ملک** | **تا روی ہم بر زمیں ہم بر فلک**
تو جسم کے اعتبار سے حیوان اور روح کے اعتبار سے فرشتہ ہے | تاکہ تو زمین پر بھی چلے اور آسمان پر بھی

**تا بظاہر مثلکم باشد بشر** | **با دل یوحی الی دیدہ ور**
یہاں تک کہ بظاہر تم جیسا بشر ہوتا ہے | لیکن یوحی الی کے دل کے اعتبار سے صاحب بصیرت ہے

**قالب خاکی فتادہ بر زمیں** | **روح او گرداں براں چرخ بریں**
(اس کا) خاکی جسم زمین پر ہے | اس کی روح بلند آسمان پر گردش کرتی ہے

**ما ہمہ مرغابیانیم اے غلام** | **بحر میداند زبان ما تمام**
اے لڑکے! ہم سب پانی کے پرند ہیں | سمندر ہماری سب زبان سمجھتا ہے

**پس سلیماں بحر آمد ما چو طیر** | **در سلیماں تا ابد داریم سیر**
سلیمان سمندر ہے اور ہم پرندوں کی طرح ہیں | ہمیشہ سلیمان میں ہمارا مطالعہ ہے

**با سلیماں پائے در دریا بنہ** | **تا چو داؤد آب سازد صد زرہ**
سلیمان کے ساتھ دریا میں قدم رکھ | تاکہ پانی (حضرت) داؤد کی طرح سینکڑوں زرہیں بنادے

**آں سلیماں پیش جملہ حاضر ست** | **لیک غیرت چشم بند و ساحر ست**
وہ سلیمان سب کے سامنے موجود ہے | لیکن غیرت آنکھ کی پٹی اور جادوگر ہے

**تا ز جہل و خوابناکی و فضول** | **او بہ پیش ما و ما از وے ملول**
یہاں تک کہ نادانی اور غنودگی اور بیہودگی کی وجہ سے | ہم اس سے گھبراتے ہیں حالانکہ وہ ہمارے سامنے ہے

---

جب شیخ کی طرح گھر گئے تو تمہاری حفاظت کے لئے سینکڑوں زرہیں تیار ہو جائیں گی جو ہمیں اس راہ کے خطرات سے محفوظ رکھیں گی۔ دریا میں پیر رکھنے سے نیچے بصورت زرہ پیدا ہوتی ہیں۔ آں سلیمان۔ شیخ وقت موجود ہے لیکن تو اپنی بڑائی کی وجہ سے اس کے ہاتھ میں ہاتھ دینا غیرت کے خلاف سمجھتا ہے اس لئے تجھے وہ نظر نہیں آتا ہے۔

ا؎ کرمنا۔ قرآن پاک میں ہے۔ وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ آدَمَ وَحَمَلْنٰھُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ۔ ہم نے بنی آدم کو عزت دی اور ان کو خشکی اور تری میں سوار کیا۔ مولانا نے یہاں بحر سے بحرِ وحدت مراد لیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ انسان کو مادی زندگی سے گذر کر حَمَلْنٰھُمْ عَلَی الْبَحْرِ والی زندگی حاصل کرنی چاہئے اور اسکو بحرِ وحدت کی سیر کرنی چاہئے۔
۲؎ مر ملائک۔ ملائکہ کا دنیاوی زندگی سے تعلق نہیں ہے۔ حیوان۔ حیوانات کا عالمِ آخرت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ تو۔ انسان میں حیوانیت بھی ہے اور ملکوتیت بھی لہٰذا اس کا دونوں عالم سے تعلق ہے۔ تا بظاہر۔ قرآن پاک میں ہے قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ۔ آنحضورؐ کو خطاب ہے کہ آپ کہدیجئے کہ میں تم جیسا بشر ہوں میری طرف وحی آتی ہے تو جس طرح حضورؐ کا جسم عالمِ دنیا سے متعلق ہے اور دل کا تعلق عالمِ بالا سے ہے اسی طرح شیخِ وقت کا تعلق دونوں عالم سے ہے۔
۳؎ ما ہمہ۔ ہماری اور شیخ کی وہی نسبت ہے جو مرغابی اور دریا کی۔ بحر یعنی اضافی بحر جو کہ شیخ ہے وہ ہماری سب باتیں سمجھ لیتا ہے سلیمان۔ شیخ بمنزلہ بحر کے ہے اور ہم اس سلیمان کے پرند ہیں۔ با سلیماں۔ دریائے معرفت میں

تشنہ[1] را درد سر آرد بانگ رعد
کڑک کی آواز پیاسے کے سر میں درد پیدا کرتی ہے
چوں نداند کو کشاید ابر سعد
جبکہ وہ نہیں جانتا کہ وہ مبارک ابر کو کھولدیگی

چشم او ماندست در جوئے رواں
اس کی آنکھ جاری نہر پر جمی ہوئی ہے
بے خبر از ذوق آب آسماں
وہ آسمان کے پانی کے ذوق سے بے خبر ہے

مرکب ہمت سوئے اسباب راند
اس نے توجہ کی سواری اسباب کیجانب دوڑادی
از مسبب لاجرم محروم ماند
لامحالہ سبب پیدا کرنیوالے سے محروم ہوگیا

آنکہ[2] بیند او مسبب را عیاں
جو شخص سبب پیدا کرنے والے کو کھلا دیکھتا ہے
کے نہد دل بر سببہائے جہاں
وہ دنیا کے اسباب سے کب دل لگاتا ہے؟

از مسبب یابد اندر یک صباح
وہ سبب پیدا کرنیوالے کیجانب سے ایک صبح کو پاجاتا ہے
از نجات و از فلاح و از نجاح
نجات اور فلاح اور کامیابی

آنچہ در صد سال مشت حیلہ مند
وہ جو کچھ کہ تدبیر کرنیوالے کی مٹھی میں سو سال میں آیا
دہ یکے زاں گنج حاصل نادرند
اس خزانہ کا دسواں حصہ حاصل نہیں کرسکتے ہیں

## حیران شدن حاجیاں در کرامات آں زاہد کہ در بادیہ بر ریگ گرم نشستہ

حاجیوں کا اس درویش کی کرامات میں حیران ہونا جو کہ صحرا میں گرم ریت پر بیٹھا ہوا تھا

زاہدے بد درمیان بادیہ
صحرا میں ایک زاہد تھا
در عبادت غرق چوں عبادیہ
عبادان کے رہنے والوں کی طرح عبادت میں غرق

حاجیاں[3] آنجا رسیدند از بلاد
حاجی (مختلف) شہروں سے اسکے پاس پہنچے
دیدہ شاں بر زاہد خشک اوفتاد
ان کی نظر لاغر زاہد پر پڑی

جائے زاہد خشک بود او تر مزاج
زاہد کی جگہ خشک تھی وہ خوش مزاج تھا
از سموم بادیہ بودش علاج
صحراء کی لُو اس کا علاج تھی

حاجیاں حیراں شدند از وحدتش
حاجی اس کی تنہائی سے حیران ہوگئے
واں سلامت درمیان آفتش
اور اس کی مصیبت کے درمیان سلامتی سے

در نماز استادہ بد بر روئے ریگ
وہ ریت پر نماز میں کھڑا تھا
ریگ کز تفش بجوشد آب دیگ
ایسا ریت جس کی گرمی سے دیگ کا پانی ابلنے لگے

ترجمہ کیا ہے۔ تر مزاج خوش مزاج سموم گرم زہریلی ہوا۔ گویا لُو اس کے مرض کا سبب نہ تھی بلکہ صحت کا سبب تھی۔ حیراں شدند۔ اس قدر مہلک صحرا میں اس کا صحیح و سلامت رہنا باعث حیرت بنا۔ آب دیگ یعنی ریت اس قدر گرم تھا کہ اس کی گرمی پانی کو کھولادے۔

[1] تشنہ را۔ اگر انسان کو انجام کی بھلائی پر یقین ہو تو اس کے لئے مقصد کے حصول کی تکالیف آسان ہوجاتی ہیں۔ چشم او۔ انسان اپنی غفلت کی وجہ سے ادنیٰ مطلوب میں لگا رہتا ہے اور اعلیٰ مقصد سے غفلت برتتا ہے۔ مرکب۔ جو لوگ اسباب دنیوی کو ہی سب کچھ سمجھ لیتے ہیں وہ اُن اسباب کے پیدا کرنے والے خدا سے نابلد رہتے ہیں۔

[2] آنکہ۔ جس شخص کو حضرت حق کا مشاہدہ حاصل ہے اور وہ مسبب الاسباب کو دیکھ رہا ہے اسباب اسکی نگاہ میں ہیچ ہوجاتے ہیں سارے مسبب۔ جو لوگ مسبب الاسباب سے تعلق پیدا کرلیتے ہیں وہ تھوڑی سی دیر میں وہ کچھ حاصل کرلیتے ہیں جو اسباب اختیار کرنیوالا سو سال میں بھی حاصل نہیں کرپاتا ہے۔ حیراں شدن کی قصہ سے یہ بتانا مقصود ہے کہ بلا اسباب بھی اللہ تعالیٰ بہت بہت کچھ عطا فرمادیتا ہے۔ بادیہ صحرا جنگل۔ عبادیہ۔ عبادان کی طرف منسوب مانا جائے جو ایک نہایت گرم مقام ہے یعنی عبادان کے رہنے والے یا منسوب بسوئے عبادت۔

[3] حاجیاں۔ وہ صحرا ان حاجیوں کا رہگذر تھا۔ زاہد خشک زہد عبادت گذار جو ذوق عبادت سے محروم ہو لیکن یہاں یہ معنی مراد نہیں اسلئے ہم نے لاغر کا

گفتی[1] سرمست در سبزہ و گل ست — یا سوارہ بر براق و دُلدُل ست

تو یہ کہے گا کہ وہ مست سبزے اور پھول میں ہو — یا براق اور دُلدل پر سوار ہے

یا کہ پایش بر حریر و حلہاست — یا سموم اُورا بہ از بادِ صباست

یا اس کے پیر ریشمیں کپڑے اور لباس پر ہیں — یا اس کے لئے لُو پُروا ہوا سے زیادہ مفید ہے

ایستادہ تازہ رُوی اندر نماز — با خضوع و با خشوع و بر نیاز

تازہ رُو نماز میں کھڑا ہوا — خشوع و خضوع کیساتھ اور عاجزی سے بھرا ہوا

ق

با حبیبِ خویشتن می گفت راز — ماندہ بود استادہ در فکرِ دراز

وہ اپنے دوست سے راز کہہ رہا تھا — لمبے استغراق میں کھڑا رہ گیا تھا

پس بماندند آں جماعت با نیاز — تا شود درویش فارغ از نماز

تو وہ گروہ نیازمندی کے ساتھ کھڑا ہو گیا — تاکہ درویش نماز سے فارغ ہو جائے

چوں ز استغراق باز آمد فقیر — زاں جماعت زندہ روشن ضمیر

جب درویش استغراق سے نکلا — اس جماعت میں سے ایک روشن ضمیر نے

دید[2] کابش می چکید از دست و رُو — جامہ اش تر بود از آثارِ وضو

دیکھا کہ اسکے ہاتھوں اور چہرے سے پانی ٹپک رہا ہے — اس کے کپڑے وضو کے اثر سے بھیگے ہوئے تھے

پس بپرسیدش کہ آب از کجاست — دست را برداشت کز سوئے سماست

تو اس نے اس سے پوچھا کہ تجھے پانی کہاں سے ملا — اس نے ہاتھ اُٹھایا کہ آسمان سے

گفت ہر گہے کہ خواہی می رسد — بے ز چاہ و بے ز حبلٍ من مسد

اس نے کہا جب بھی تو چاہتا ہے مل جاتا ہے — بغیر کنوئیں اور بغیر مونج کی رسّی کے

مشکلِ ما حل کن اے سلطانِ دیں — تا ببخشد[3] حالِ تو مارا یقیں

اے دین کے بادشاہ! ہماری مشکل حل کر دے — تاکہ تیری حالت ہمیں یقین عطا فرمادے

وانما سرّے ز اسرارے بما — تا ببریم از میاں زنّارہا

اپنے رازوں میں سے ایک راز ہم پر کھول دے — تاکہ ہم کمر سے جنیو توڑ ڈالیں

چشم را بکشود سوئے آسماں — کہ اجابت کن دعای حاجیاں

اس نے آسمان کی جانب آنکھ اُٹھائی — کہ حاجیوں کی دُعا قبول فرمائے

رزق جوئی را ز بالا خُو گرم — چوں ز بالا بر کشودستی درم

میں (عالمِ) بالا سے رزق کی تلاش کا عادی ہوں — چونکہ تو نے میرے لئے (عالمِ) بالا کا دروازہ کھولدیا

[1] گفتی۔ اس قدر تکلیف دہ مقام پر وہ عبادت میں اس قدر خوش تھا جیسا کہ کوئی سبزہ و گل میں مسرور ہو یا دُلدُل اور براق کی سواری میں مسرور ہو۔ پاکہ۔ یعنی گرم ریت اس کے لئے ریشمیں کپڑا تھا۔ حریر۔ ریشمی کپڑا۔ حلہا۔ قیمتی لباس۔ بادِ صبا۔ پُروا ہوا ٹھنڈی اور خوشگوار ہوتی ہے۔ راز۔ نماز کی حالت کو مناجات یعنی اللہ کے ساتھ سرگوشی کہا گیا ہے۔ استغراق۔ وہ کیفیت ہوتی ہے جس میں بزرگ ماسوا اللہ سے غافل ہوتا ہے۔ ضمیر۔ قلب۔

[2] دید۔ یعنی وضو کا پانی ہاتھوں اور چہرے سے ٹپک رہا تھا اور کپڑوں پر بھی وضو کے پانی کا اثر تھا۔ سما۔ آسمان۔ حبلٌ من مسد۔ کھجور کے پتے کے ریشے کی رسّی اور مونج کی رسّی۔

[3] تا ببخشد۔ یعنی آپ کی کرامات دیکھ کر ہمارے یقین کے مراتب میں اضافہ ہو جائے۔ زنّارہا۔ یعنی شکوک و شبہات۔ اجابت۔ قبولیت۔ بالا۔ عالمِ بالا۔

اے نموده تو مکان[1] از لامکاں — فِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ کرده عیاں
اے وہ! کہ تونے مکان (والے)، کو لامکان دکھا دیا ہے — "فی السماء رزقکم" کا تونے مشاہدہ کرا دیا ہے

درمیانِ ایں مناجات ابرِ خوش — زود پیدا شد چو پیلِ آبکش
اس دعا کے دوران ایک گہرا ابر — پانی بھرنے والے ہاتھی جیسا بہت جلد رونما ہوگیا

ہمچو آب از مشک باریدن گرفت — در گو و در غارہا مسکن گرفت
اُسنے مشک کے پانی کی طرح برسنا شروع کردیا — جو گڑھوں اور غاروں میں ٹھہر گیا

ابر[2] می بارید چوں مشک اشکہا — حاجیاں جملہ کشادہ مشکہا
ابر مشک کی طرح آنسو برسا رہا تھا — سب حاجیوں نے مشکیں کھول رکھی تھیں

یک عجائب در بیاباں وا نمود — ابر چوں مشکے دہن را بر گشود
جنگل میں ایک عجیب کرشمہ ظاہر ہوا — بادل نے مشک کی طرح دہانہ کھول دیا

یک جماعت زاں عجائب کارہا — می بریدند از میاں زنارہا
ایک جماعت اِن عجیب معاملوں کیوجہ سے — کمر سے جنیؤ کاٹ رہی تھی

قومِ دیگر را یقیں در ازدیاد — زیں عجب[3] وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالرَّشَادِ
دوسرے لوگوں کے یقین میں زیادتی ہو رہی تھی — اس تعجب خیز واقعہ کیوجہ سے اور خدا ہدایت کے معاملہ کو زیادہ جانتا ہے

قومِ دیگر ناپذیرا ترش و خام — ناقصانِ سرمدی تَمَّ الْکَلَام
کچھ لوگ متاثر نہ ہونیوالے کھٹے اور کچے تھے — (یہ) ابدی ناقص تھے بات ختم ہوئی

ختم شد

---

[1] مکاں یعنی وہ مخلوق جو مکانی ہے۔ لامکاں۔ عالمِ بالا جو مکانیت سے منزہ ہے۔ وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ۔ قرآن پاک میں ہے "اور آسمانوں میں ہے تمہارا رزق" مناجات۔ سرگوشی، دعا۔ گو۔ گڑھا۔ مسکن۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

[2] ابر۔ جو ابر نمودار ہوا اُس نے اس طرح برسنا شروع کیا جس طرح پانی مشک سے گرتا ہے۔ زنارہا۔ یعنی ان لوگوں کے شکوک و شبہات زائل ہوگئے۔

[3] عجب۔ یعنی بارش کی کرامات۔ ناقصانِ سرمدی۔ جو ازلی ناقص تھے اور اُن میں حق کو قبول کرنے کی صلاحیت نہ تھی۔

# فہرست مضامین مثنوی مولانائے روم رحمۃ اللہ علیہ دفتر دوم


| نمبر | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ١ | مقدمہ | ١ |
| ٢ | مدتے ایں مثنوی تاخیر شد | ١٥ |
| ٣ | ہلال پنداشتن آں شخص خیال را در عہد امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ | ٢٥ |
| ٤ | دزدیدن مارگیرے مارے را از مارگیرے دیگر | ٢٧ |
| ٥ | التماس کردن ہمراہ عیسیٰ زندہ کردن استخوانہا از عیسیٰ | ٢٨ |
| ٦ | اندرز کردن صوفی خادم را در تیمار داشت بہیمہ | ٢٩ |
| ٧ | مشورت کردن خدا تعالیٰ با فرشتگان در ایجاد خلق | ٣٠ |
| ٨ | بستہ شدن تقریر معنی حکایت بسبب میل مستمع باستماع صورت ظاہر حکایت۔ | ٣٢ |
| ٩ | التزام کردن خادم تعہد بہیمہ را و تخلف نمودن | ٣٤ |
| ١٠ | گمان بردن کاروانیاں کہ بہیمہ صوفی رنجور ست | ٣٧ |
| ١١ | یافتن بادشاہ باز گم کردہ را بخانۂ پیرزن | ٤٤ |
| ١٢ | حلوا خریدن شیخ احمد خضرویہ از جہت غریماں | ٤٩ |
| ١٣ | ترسانیدن شخصے زاہدے را کہ کم گری | ٥٥ |
| ١٤ | تمامی قصۂ زندہ شدن استخوانہا بدعائے عیسیٰ علیہ السلام | ٥٦ |
| ١٥ | خاریدن روستائی در تاریکی شیر را بظن آنکہ گاو است | ٦٠ |
| ١٦ | فروختن صوفیان بہیمۂ صوفی مسافر را جہت سماع | ٦١ |
| ١٧ | تعریف کردن منادیان قاضی مفلس را گرد شہر | ٦٧ |
| ١٨ | شکایت کردن اہل زندان پیش وکیل قاضی از دست آں مفلس | ٦٥ |
| ١٩ | تتمۂ قصۂ آں مفلس | ٧٣ |
| ٢٠ | فی المناجات | ٧٦ |
| ٢١ | حکایت در معنی ایں بیت کسے اگر با حرم جفت کردند- از ایشان بحیہ آمد کاشکے نام | ٨٠ |
| ٢٢ | ملامت کردن مردم شخصے را کہ مادر را کشت بتہمت | ٨٤ |
| ٢٣ | امتحان بادشاہ آں دو غلام کہ نو خریدہ بود | ٨٩ |
| ٢٤ | رواں کردن بادشاہ یکی را ازاں دو غلام | ٩١ |
| ٢٥ | قسم غلام در صدق و وفائی یار خود | ٩٥ |
| ٢٦ | باز پرسیدن حال آں غلام | ١٠٥ |
| ٢٧ | حسد کردن حشم بر غلام خاص | ١٠٦ |
| ٢٨ | گرفتار شدن باز میان جغداں بویرانہ | ١١٧ |
| ٢٩ | کلوخ انداختن تشنہ از سر دیوار در جوئے آب | ١٢٢ |
| ٣٠ | فرمودن والی آں مرد را کہ ایں خار بن کہ نشاندۂ از سر راہ بر کن۔ | ١٢٦ |
| ٣١ | آفت تاخیر خیرات بفردا | ١٣٠ |
| ٣٢ | مثل خواندن آب آلودگاں را بپاکی | ١٣٨ |
| ٣٣ | آمدن دوستاں بہ بیمارستان جہت پرسش ذوالنون مصری رح | ١٤٠ |
| ٣٤ | فہم کردن مریداں کہ ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ دیوانہ نشدہ | ١٤٣ |
| ٣٥ | رجوع کردن بحکایت ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ | ١٤٥ |
| ٣٦ | امتحان کردن خواجہ لقمان زیرکی لقمان را | ١٤٧ |
| ٣٧ | ظاہر شدن فضل و زیرکی لقمان پیش ممتحنان [illegible] | ١٥١ |
| ٣٨ | حسد بردن حشم بر آں غلام خاص سلطان | ١٥٠ |
| ٣٩ | عکس تعظیم پیغام سلیمان علیہ السلام در دل بلقیس از صورت حقیر ہدہد | ١٦٠ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۰ | انکارِ فلسفی بر قرآن اِنْ اَصْبَحَ مَاءُکُمْ غَوْرًا | ۱۶۲ |
| ۴۱ | انکار کردن موسیٰ علیہ السلام بر مناجات شبان | ۱۷۰ |
| ۴۲ | عتاب کردنِ حق تعالیٰ با موسیٰ علیہ السلام از بہر شبان | ۱۷۳ |
| ۴۳ | وحی آمدنِ بموسیٰ علیہ السلام در عذر خواستنِ آن شبان | ۱۷۵ |
| ۴۴ | پرسیدنِ موسیٰ علیہ السلام از حق تعالیٰ از سرِ غلبۂ ظالمان | ۱۷۹ |
| ۴۵ | رنجانیدنِ امیرے آن خفتہ را کہ مار در دہانش رفتہ بود | ۱۸۴ |
| ۴۶ | اعتماد کردنِ شخصے بر تملق و وفائے خرس | ۱۸۵ |
| ۴۷ | گفتنِ نابینائی سائل با مردم کہ من دو کوری دارم | ۱۹۲ |
| ۴۸ | تتمہ حکایتِ خرس و آن ابلہ کہ بر وفائی خرس اعتماد کردہ بود | ۱۹۶ |
| ۴۹ | گفتنِ موسیٰؑ گوسالہ پرست را کہ آن خیال اندیشی وحزم تو کجا رفت | ۱۹۸ |
| ۵۰ | ترک کردنِ آن مردِ ناصح بعد از مبالغہ پندِ مغرورِ خرس را | ۲۰۰ |
| ۵۱ | تملق کردنِ دیوانہ جالینوس را و ترسیدنِ جالینوس از وے | ۲۰۳ |
| ۵۲ | سبب پریدن و چریدن مرغے با مرغِ دیگر کہ جنسِ اُو نبود | ۲۰۴ |
| ۵۳ | تتمہ قصۂ اعتمادِ آن مغرور بر تملقِ خرس | ۲۰۶ |
| ۵۴ | بعیادت رفتنِ حضرت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم بر صحابی رنجور و فائدۂ عبادت | ۲۰۷ |
| ۵۵ | وحی آمدن از حق تعالیٰ بموسیٰ علیہ السلام کہ چرا بعیادتِ من نیامدی | ۲۰۸ |
| ۵۶ | جدا کردنِ باغبان صوفی و فقیہ و علوی را از یکدگر و ادب کردن۔ | ۲۰۹ |
| ۵۷ | رجعت بقصۂ مریض و بعیادت رفتنِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم | ۲۱۳ |
| ۵۸ | گفتنِ شیخے مر بایزیدؒ را کہ کعبہ منم گردِ من طواف کن | ۲۱۴ |
| ۵۹ | حکایت خانہ ساختنِ مریدی و امتحانِ پیر مرید را | ۲۱۵ |
| ۶۰ | دانستنِ پیغمبرؐ کہ سبب رنجوری آن شخص گستاخی بودہ است در دعا۔ | ۲۱۷ |
| ۶۱ | عذر گفتنِ دلقک باسید کہ چرا قحبہ را نکاح کردی | ۲۲۴ |
| ۶۲ | بحیلت در سخن آوردنِ سائل آن بزرگ را کہ خود را دیوانہ ساختہ بود | ۲۲۵ |
| ۶۳ | حملہ کردنِ سگ بر کور | ۲۲۶ |
| ۶۴ | خواندنِ محتسب مست خراب افتادہ را بسوئے زندان | ۲۲۹ |
| ۶۵ | دوم بارے در سخن آوردنِ سائل شیخ را تا حالِ باقی معلوم تر گردد | ۲۳۰ |
| ۶۶ | تتمہ نصیحت حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آن بیمار را | ۲۳۵ |
| ۶۷ | ذکرِ دشواریِ عذابِ آخرت و سختیِ آن | ۲۳۶ |
| ۶۸ | ذکرِ قومِ موسیٰ علیہ السلام و پشیمانیِ ایشان | ۲۳۸ |
| ۶۹ | مثال در معنی اَنْ تُوْمِنَ بِالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ | ۲۴۲ |
| ۷۰ | وصیت کردنِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بیمار را و دعا آموزیدن | ۲۴۴ |
| ۷۱ | بیدار کردنِ ابلیس حضرت امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ | ۲۴۸ |
| ۷۲ | جواب گفتن مر حضرت امیر المومنین معاویہ رضی اللہ عنہ را | ۲۴۹ |
| ۷۳ | جواب گفتنِ ابلیس لعین بار دوم حضرت امیر المومنین معاویہؓ را | ۲۴۵ |
| ۷۴ | باز تقریر کردنِ امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ابلیس را | ۲۵۳ |

| | | |
|---|---|---|
| ۷۵ | جواب گفتنِ ابلیسِ لعین امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ را | ۲۵۴ |
| ۷۶ | عنف کردن امیر المومنین حضرت معاویہ با ابلیس علیہ اللعنۃ | ۲۵۷ |
| ۷۷ | نالیدنِ امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ | ۲۵۷ |
| ۷۸ | باز تقریرِ ابلیس تلبیسِ خود را با امیر المومنین | ۲۵۸ |
| ۷۹ | باز جُستنِ حضرت معاویہ حقیقتِ غرض را از ابلیس | ۲۶۰ |
| ۸۰ | شکایتِ قاضی از آفتِ قضا و جوابِ نائبِ اُو را | ۲۶۱ |
| ۸۱ | باقرار آوردنِ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ابلیسِ لعین را | ۲۶۲ |
| ۸۲ | راست گفتنِ ابلیس ضمیرِ خود را با حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ | ۲۶۳ |
| ۸۳ | فضیلت حسرت خوردنِ آن شخص بر فوتِ نمازِ جماعت | ۲۶۳ |
| ۸۴ | تتمۂ اقرارِ ابلیس با حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مکر و فریبِ خود را | ۲۶۴ |
| ۸۵ | جواب گفتنِ امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ابلیس را | ۲۶۵ |
| ۸۶ | فوت شدنِ دزد بآواز دادنِ آن شخص صاحبِ خانہ را کہ نزدیک شدہ بود | ۲۶۵ |
| ۸۷ | حکایت وزیریکہ بادشاہ اُو را از وزارت معزول کردہ | ۲۶۷ |
| ۸۸ | قصۂ منافقان و مسجدِ ضرار ساختنِ ایشان | ۲۶۸ |
| ۸۹ | فریفتن منافقان پیغمبر علیہ السلام را کہ تا بمسجدِ ضرار برد | ۲۷۰ |
| ۹۰ | اندیشیدن یکی از اصحاب بانکار کہ حضرت رسالت چرا ستاری نمیکند | ۲۷۴ |
| ۹۱ | قصۂ آن شخص کہ اشترِ ضالۂ خود را می جُست و نشان می پرسید | ۲۷۶ |
| ۹۲ | متردد شدن درمیانِ مذاہبِ مختلفہ و بیرون شدن و مخلص یافتن | ۲۷۷ |
| ۹۳ | امتحان کردنِ ہر چیزے تا ظاہر شود خیرے و شرے کہ در ویست | ۲۷۹ |
| ۹۴ | شرح فائدہ حکایتِ آن شخص شُتر جوئندہ | ۲۸۱ |
| ۹۵ | دربیانِ آنکہ درہر نفسے فتنۂ مسجدِ ضرار است | ۲۸۴ |
| ۹۶ | حکایتِ ہندو کہ با یارانِ خود جنگ میکرد کہ بدکارید | ۲۸۵ |
| ۹۷ | قصد کردنِ غزان بکشتنِ یک مردے | ۲۸۷ |
| ۹۸ | بیانِ حالِ خود پرستان و ناشکران در نعمتِ وجود انبیاء و اولیاء رح | ۲۸۸ |
| ۹۹ | شکایت کردنِ پیر پیشِ طبیب از رنجوریہا و جوابِ طبیب اُو را | ۲۹۱ |
| ۱۰۰ | قصۂ کودکی کہ در پیشِ تابوت پدر می نالید و سخن جوحی | ۲۹۴ |
| ۱۰۱ | ترسیدنِ کودکی از آن شخص صاحبِ جثہ | ۲۹۷ |
| ۱۰۲ | قصۂ تیراندازی و ترسیدنِ اُو از سواریکہ در بیشہ می رفت | ۲۹۸ |
| ۱۰۳ | قصۂ اعرابی و ریگ در جُوال کردن | ۲۹۹ |
| ۱۰۴ | کراماتِ سلطان ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ برلبِ دریا | ۳۰۲ |
| ۱۰۵ | آغازِ منور شدنِ حواسِ عارف بنورِ غیب بیں | ۳۰۵ |
| ۱۰۶ | طعنہ زدنِ بیگانہ بر شیخے و جواب گفتنِ مرید شیخ آن بیگانہ را | ۳۱۰ |
| ۱۰۷ | بقیۂ قصۂ ابراہیم ادہم قدس سرہ برلبِ دریا | ۳۱۴ |
| ۱۰۸ | دعوی کردنِ آن شخص کہ حق تعالی مرا نمیگیرد بگناہ | ۳۱۶ |
| ۱۰۹ | بقیۂ قصۂ طعنہ زدنِ آن مرد بیگانہ بر شیخ و جوابِ مریدِ اُو را | ۳۱۹ |
| ۱۱۰ | گفتنِ عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ را کہ تو بے مصلی بہر جا کہ بر سی نماز می کنی | ۳۲۱ |
| ۱۱۱ | کشیدنِ موش مہارِ شتر را و مُعجب شدنِ موش در خود | ۳۲۲ |
| ۱۱۲ | کراماتِ آن درویش کہ در کشتی بدزدیش متہم کردند | ۳۲۶ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۳ | تشنیع صوفیاں پیش شیخ براں صوفی کہ بسیار می گوید و می خورد | ۳۲۹ |
| ۱۱۴ | عذر گفتن فقیر باآں شیخ خانقاہ | ۳۳۰ |
| ۱۱۵ | در بیانِ صدقِ دعوی کہ محض معنی بود نزدیک صاحب حال و دوری بیگانگاں | ۳۳۵ |
| ۱۱۶ | سجدہ کردن یحییٰ در شکم مادر عیسیٰ را | ۳۳۷ |
| ۱۱۷ | اشکال آوردن ناداں بریں قصہ | ۳۳۸ |
| ۱۱۸ | جواب اشکال دربیانِ مقصود از قصہ | ۳۳۸ |
| ۱۱۹ | در بیانِ ماجرائے شمع و پروانہ و گل و بلبل وغیرہ | ۳۳۹ |
| ۱۲۰ | پذیرا آمدنِ سخنِ باطل در دلِ باطلاں | ۳۴۰ |
| ۱۲۱ | جستنِ آں درخت کہ ہر کہ میوۂ آں خورد ہرگز نمیرد | ۳۴۱ |
| ۱۲۲ | شرح کردن شیخ سرِ آں درخت را باآں طالب مقلد | ۳۴۱ |
| ۱۲۳ | بیانِ منازعت کردن چہار کس جہت انگور با ہمدگر | ۳۴۴ |
| ۱۲۴ | برخاستن مخالفت و عداوت از میان انصار ببرکتِ وجود پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام | ۳۴۷ |
| ۱۲۵ | قصۂ بط بچگان کہ مرغ خانگی پرورد شاں | ۳۵۲ |
| ۱۲۶ | حیران شدن حاجیان در کراماتِ آں زاہد کہ در بادیہ برگ گرم نشستہ | ۳۵۴ |


تمام شد